بعض فوجداری مقدمات کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ عرصہ مدت تک زیر تجویز پڑے رہتے ہیں جس کی وجہ سے ملزمین کو قبل اس کے کہ جرم اُن پر ثابت ہو ایک مدت دراز تک حوالات کی مصیبت برداشت کرنی پڑتی ہے۔ اور یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ فیصلہ کے بعد اُن کے نقول بہت دیر کو اُن کو دی جاتی ہیں لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے :۔

(۱) صدر عدالتیں و عدالت ہائے اضلاع ذمہ دار ہیں کہ اپنی ماتحت عدالت ہائے فوجداری کی کارروائی کو دیکھتی رہیں اور ماہانہ نقشے میں جس کے بھیجنے کا مجلس نے حکم جاری کیا ہے ان مقدمات کا حال بھی لکھیں۔

(۲) فوجداری کے مقدمات جس قدر جلد ممکن ہو فیصلہ ہو جایا کریں اور بہت احتیاط رہے کہ ملزمین عرصۂ دراز تک بیکار حوالات میں نہ رہا کریں۔

(۳) دوم و سیوم تعلقداروں کو و تحصیلداروں کو عدالت ہائے اضلاع کے ذریعہ سے اطلاع دیجائے کہ اگر کسی مقدمہ میں آئندہ یہ حالت پائی جائے گی تو مجلس اُس سے چشم پوشی نہ کرے گی۔

(۴) گو ابھی ضابطۂ فوجداری اس ملک میں نہیں ہے لیکن اب عنقریب جاری ہونے والا ہے جبتک کہ

وہ طریقہ موقوف کرنا نگرانی کے واسطے بہت مفید ہے۔ لہذا تمامی عدالت ہائے فوجداری ممالک محروسہ سرکار عالی کو حکم دیا جاتا ہے کہ جہاں ایسا طریقہ جاری ہو کہ جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے فوراً موقوف کیا جائے اور جس وقت باقاعدہ عرضی استغاثہ داخل ہو یا پولیس سے چالان مقدمہ کا باقاعدہ داخل کیا جائے اُس وقت مقدمہ کو نمبری مقدمات میں شامل کرکے تحقیقات اور کارروائی کیجائے کہ جس سے آیندہ کل کارگزاری حکام فوجداری کی معلوم ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{۱ فوجداری}}{\text{۱ دیوانی}}$ مورخہ ۱۶ آذر ۱۲۹۵ف

مضمون (۴) جو کام عاجلانہ ہونا ضروری اُس کے کرنے میں تعطیل وعدم تعطیل کا خیال عدالتوں کو نہ کرنا چاہئے	مجلس عالیہ عدالت کو محکمہ عدالت جناب مدارالمہام سرکار عالی سے اطلاع دی گئی ہے کہ ایک مقدمہ سنگین فوجداری میں جو

ضلع رائچور کی مجلس سے متعلق تھا اور جسکی تحقیقات فوراً لازمی تھی عدالت ضلع رائچور نے مدراس اور کا بیتی کیا کہ جن ایام میں واقعہ ہوا وہ ایام تعطیل کے تھے اور مدعی نے عدالت مذکوراس (؟) میں مشکل کی دریافت سے مار رہی۔ چونکہ یہ بے مناسبت تھا اور مجلس عالیہ عدالت کو اندیشہ ہوتا ہے کہ اس قسم کا اشتباہ دیگر حکام ماتحت کو بھی ساید ہو لہذا واسطے پابندی اور ہدایت تمامی عدالت ہائے ماتحت کے حکم دیا جاتا ہے کہ اگرچہ معمولی ایام تعطیل میں جو منظوری سرکار درج جریدہ اعلامیہ سرکار عالی ہوچکے ہیں فیصلہ مقدمات کا ذکر کرنا جائز ہے لیکن جو کام عاجلانہ ہونا اس قسم کا ہو کہ بلحاظ ضرورت ومناسبت وقت بلالحاظ ایام تعطیل اُس کا انجام ضروری ہو اُس کے کرنے میں تعطیل وعدم تعطیل کا خیال عدالتوں کو نہیں کرنا چاہئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{۲ فوجداری}}{\text{۲ دیوانی}}$ مورخہ ۱۶ آذر ۱۲۹۵ف

مضمون (۵) درباب تعمیل اُن سمنوں کے جو کورٹ سوپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر دربار رزیڈنسی سے عدالتہائے سرکار عالی میں واسطے تعمیل کے آویں۔	حسب سطر وصول روبکار محکمہ معتمد مدارالمہام سرکار عالی علاقہ عدالت نشان (۴۱) واقع ۳ ذیحجہ ۱۲۹۵ھ مع نقل روبکار دفتر ملکی سرکار عالی نشان (۵۹۵) واقع ۲۴ ذیقعدہ سنہ

صدر مجلس عالیہ عدالت جملہ عدالت ہائے ماتحت کو ہدایت کرتی ہے اور حکم دیتی ہے کہ جن عدالتوں میں سمن و حکمنامجات بنام طلبی فریقین مقدمات وگواہان وغیرہ سوپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر دربار رزیڈنسی سے بغرض تعمیل موصول ہوں اُن عدالتوں سے تعمیل واجرا اُن حکمنامجات کا بکمال احتیاط وتعجیل بروقت مناسب کیا جاکر ورنہ بصورت غفلت وبروقت نہ تعمیل ہونے حکمنامجات موصولہ کے سخت بازپرس ہوگی۔

ضابطہ جاری ہو عدالت ہائے فوجداری کو ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار سے بہت کچھ امداد مل سکتی ہے

(۵) بہت جرائم کے جو جرائم کہ ضابطہ مذکور میں قابل ضمانت لکھے ہیں اُن میں لازم ہے کہ اگر ملزم ضمانت کافی دے تو وہ تا فیصلہ مقدمہ ضمانت پر رہا رہے ۔

(۶) عدالت ہائے اسمات و اضلاع کو لازم ہے کہ ماہواری نقشہ جات کے ذریعہ سے عدالتہائے ماتحت کی کارروائی کو دیکھتی رہیں اور اگر کوئی مقدمہ اُن کو ایسا معلوم ہو جسمیں جرم قابل ضمانت نتھا لیکن ضمانت لیگئی یا مقدمات بہت دنوں سے ملتوی رہے تو فی الفور اُس کی کیفیت طلب کر کے ضروری ہدایتیں دیا کریں ۔

(۷) نقول کے نسبت عدالتوں کو اطلاع دیجاتی ہے کہ جس وقت درخواست نقل گذرے فی الفور بلا تعویق نقول کا عطا دیجایا کریں مجلس کو خوب معلوم ہے کہ ہر عدالت فوجداری میں کس قدر کام ہے اور اس وجہ سے آیندہ اگر نقول دینے میں کسی عدالت فوجداری سے دیر ہوگی تو کوئی عذر اُس کا سنا نہیں جائیگا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۵) فوجداری مورخہ ۵ آبان ۱۲۹۴ف

مضمون (۴) ہدایات قیام مقدمہ بروقت ادخال عرضی استغاثہ ۔

عدالت ہائے فوجداری کی نگرانی سے معلوم ہوا کہ بہت سی عدالتوں نے ایک صیغہ متفرق قائم رکھا ہے اور جب عرضی استغاثہ داخل ہوتی ہے بعد اُس کو رجسٹر نمبری مقدمات قائم کرنے کی کارروائی شروع کیجاتی ہے ۔ اور گواہ وغیرہ طلب کئے جاتے ہیں اور جب سامان فیصلہ کا مہیا یا مکمل ہو جاتا ہے اُس وقت مقدمہ رجسٹر نمبری میں داخل کر کے کارروائی فیصلہ کی کیجاتی ہے علاوہ میں چونکہ اکثر امرا وغیرہ کی مزاحمتوں سے عدالتوں کے احکام کی تعمیل پورے پورے وقت پر نہیں ہوتی تھی اور ضلع میں چونکہ اکثر کارروائی کوتوالی کے ذریعہ سے ہوتی تھی اور کوتوالی سے عدالت کے حکم کی پوری پوری تعمیل نہیں ہوتی تھی اس واسطے طریقہ مندرجہ بالا اختیار کیا گیا تھا کہ دوران مقدمہ کا کم ظاہر ہووے لیکن درحقیقت یہ طریقہ کچھ فائدہ مند نہیں ہے نہ اس سے صحیح حال دوران کا معلوم ہو سکتا ہے کہ مستغیثین کی عدالت نے کہاں تک انصاف سے مدد دی اور کتنے عرصہ تک اُن کو تکلیف اُٹھانی پڑی ۔

(۲) اب عدالت ہائے اضلاع میں کوتوالی کے دستور العمل نے کوتوالی اور عدالت کے تعلقات کو علحدہ بنا دیا ہے ۔ اور علاوہ میں سرکاری اعانتوں نے اُن مزاحمتوں کو بہت کم کر دیا ہے اور اس لئے اب

(۳) ۔ پس جبتک ایسی صورت ہو جس کا ذکر دفعہ بالا میں ہوا تو ضرور ہے کہ اُسکا گوشوارہ زبان اردو میں اُسیطرح تیار کریں جس طرح کہ ہمیشہ ہوا کرتا تھا۔

(۴) ۔ گوشوارہ کے موقوف کر دینے سے منشا صرف اسی قدر ہے کہ حکام متعہدوں کے صرف سمجھنے پر اپنی رائے کو قایم نہ کریں بلکہ خود اپنے فیصلہ جات میں بالتفصیل اُن اظہارات کے وجہ سرسری خلاصہ درج کیا کریں جس پر انکا فیصلہ مبنی ہے ۔

(۵) ۔ پس مجلس اس امر کو جائز نہ رکھیگی کہ حکام ایسے دو سطری فیصلہ لکھ دیا کریں جس کے پڑھنے سے نہ فریق کے بیانات کا حال نہ شہادت کا حال ظاہر ہو بلکہ فیصلہ ایسے ہونا چاہئے جس کی وجہ سے ترتیب گوشوارہ کی ضرورت باقی نہ رہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۵ فوجداری ۹ دیوانی مورخہ ۲۴ بہمن سنہ ۱۲۹۵ف

مضمون (۷) دورہ کی غرض صرف تنقیح دفاتر ہے اور مقدمات مستقر پر ہی فیصل ہوا کریں باستثناء بعض مقدمات کے جنکا فیصلہ دورہ پر کرنا آسان ہے	اس وقت تک کوئی قاعدہ اور حکم خاص نہیں تھا کہ جس وقت حکام دورہ پر جایا کریں تو مقدمات دورہ پر فیصلہ کریں یا کیا طریقہ اختیار کیا جاوے ۔

مجلس عالیہ عدالت نے بمنظوری محکمہ مدار المہام سرکار عالی علاقہ عدالت طے کیا ہے کہ دورہ کی غرض صرف تنقیح دفاتر ہے اور مقدمات کا علی العموم بجائے مستقر عدالت ہی پر پیش اور فیصل ہونا چاہئے ۔ مگر بالخصوص بعض مقدمات جن کو غیر مستقر پر فیصل کرنا آسان ہوئے اور فریقین اور گواہان کو بھی غیر مستقر پر حاضری میں دقت ہو مصلحۃً بہتر ہے کہ ایسے مقدمات غیر مستقر پر بحالت دورہ پیش اور فیصل ہوا کریں لہذا واسطے پابندی اس امر کے تمامی عدالت ہائے ماتحت کو ہدایت کیجاتی ہے کہ آیندہ سے موافق حکم اس گشتی کے عمل ہوا کرے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۸ فوجداری ۱۰ دیوانی مورخہ ۱۹ فروردی سنہ ۱۲۹۵ف

مضمون (۸) تاریخ جائزہ سے مجلس عالیہ عدالت کو اطلاع ہونا چاہئے ۔	محکمہ عدالت جناب مدار المہام سرکار عالی کی خواہش ہے کہ جو عہدہ دار بمنظوری محکمہ ممدوحہ منصرانہ یا بالاستقلال مقرر ہوتے

ہیں اور مستقر پر پہنچکر اپنی خدمت معوضہ کا جائزہ لیتے ہیں یا رخصت پر جاکر بعد واپسی یا بحالت تبدیل بجائے متبدلہ پہنچکر اپنی خدمت معوضہ کا جائزہ لیتے ہیں ایسے تمام عہدہ داران کی تاریخ جائزہ لینے سے محکمہ ممدوحہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت اضلاع محروسہ سرکار عالی نشان (۴) فوجداری مورخہ ۲؍آذر ۱۲۹۵ ف

مضمون (۲) مقدمات فوجداری میں ترتیب گوشوارہ ملتوی ہو کر سب حکام اپنی تحریر میں خلاصہ بیانات فریقین شہادت خود لکھا کریں۔

مقدمات فوجداری میں ایک مدت سے قاعدہ یہ تھا کہ ختم تحقیقات کے بعد اہلکار منشی ایک گوشوارہ لکھتا تھا جسمیں فریقین کے بیانات اور گواہوں کی شہادت مفصل شامل ہوتی تھی اور اُس کے بعد حاکم اپنا فیصلہ لکھتے تھے۔ پس جو حکام کہ لائق اور عمدہ فیصلہ لکھنے والے تھے وہ اُن تمام بیانات و شہادت کو خود مفصل اس طور سے اپنے فیصلہ میں تحریر فرماتے تھے کہ گوشوارہ کی کل تحریر بیکار ہو جاتی تھی۔ اور جو لوگ مفصل اور مشرح فیصلہ لکھنے کے عادی نہ تھے وہ بالکل ایک منشی پیشی کے مرتب کئے ہوئے گوشوارہ پر سرسری طور کا فیصلہ لکھدیا کرتے تھے۔

رمضان ۱۳۰۳ء میں مجلس نے مناسب سمجھا کہ منتسبان پیشی کا دخل مقدمہ اور ترتیب فیصلہ جات میں اُن حکام کے یہاں جو فیصلہ مشرح و مفصل نہیں لکھتے کم کر دیا جائے اور اس نظر سے ایک گشتی نمبر (۲) فوجداری کی جاری کی گئی اس گشتی میں یہ حکم دیا گیا کہ حکام خود اپنے فیصلہ میں اظہارات فریقین و شہادت کا خلاصہ اسطرح لکھا کریں کہ ترتیب گوشوارہ کی کچھ ضرورت ہی نہ رہے۔ مگر اب تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ حکام ماتحت نے اس گشتی کے مقاصد کو بالکل نہیں سمجھا۔ ایک فیصلے تجندر ور ہوئے کہ مجلس کی نظر سے گذرا جس میں حاکم ماتحت نے بالکل نہ خلاصہ بیانات فریقین اپنے فیصلہ میں لکھا نہ شہادت کا کچھ ذکر لکھا۔ صرف اپنی رائے چند سطور میں لکھکر فیصلہ کر دیا اس واسطے ضرور ہے کہ اب اس گشتی کی بابت تشریحات ذیل لکھی جائیں

(۱)۔ گشتی اُن مقدمات سے متعلق تھی جنمیں ناظم نے خود اپنے ہاتھ سے اظہارات فریقین وشہود قلمبند کئے ہوں اور اُس کے بعد اُسکا فیصلہ لکھا ہو۔ اور وجہ اسکی یہ تھی کہ جو حاکم کہ اظہار لکھتا ہے وہی اُن اظہارات کو اچھی طرح سمجھتا ہے۔

(۲)۔ اس میں شک نہیں ہے کہ اب اس امر کا حکم قطعی طور سے دیا گیا ہے کہ حکام اظہارات اپنے ہاتھ سے لکھیں لیکن ایسی صورت میں جبکہ ناظم اُس زبان کو نہیں سمجھ سکتا جس زبان میں کہ ایسا فریق یا گواہ اظہار دیتا ہے جو کہ زبان حاکم میں گفتگو نہیں کر سکتا تب اس امر کی ضرورت ہوتی ہے کہ ایسے فریق یا گواہ کا اظہار اُسی زبان میں لیا جائے جس زبان میں کہ وہ اظہار دیتا ہے۔ اور صرف ایک خلاصہ اظہار کا حسب حکم گشتی سابقہ حاکم اسیوقت اپنے ہاتھ سے لکھتا جائے۔

جو حسب اطمینان عدالت بوقوع جرم اسقاط حمل کا پایا جاوے تو عدالت کو اختیار ہے کہ بعد انفصال سابق وقوع جرم اسقاط حمل کی حسب ضابطہ تحقیقات کرے

۱۲۹۵ ف
گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱۰) فوجداری مورخہ ۱۳ خردادی

مضمون (۱) اظہار افسوس بسبب اُن عدالتوں کے جہاں سے تختہ جات حسابات ششماہی ۱۲۹۴ ف دیر سے وصول ہوئے	سنہ ۱۲۹۴ ف کے اختتام پر تختہ جات حسابات عدالت ہائے متعلقہ بہت دیر سے آئے اور ان

مجلس عالیہ عدالت کو رپورٹ سالانہ کی ترتیب میں بہت وقت اٹھانی پڑی اور باوجود وقت اٹھانے کے کسی قدر دیر بھی واقع ہوئی۔

مجلس عالیہ عدالت اُن عدالتوں کی نسبت جہاں سے ایسی غفلت واقع ہوئی افسوس ظاہر کرتی ہے اور مجلس عالیہ عدالت آئندہ ہرگز ایسی تاخیر کو جائز نہ رکھیگی اور جن لوگوں سے ایسا ہوگی اُن کے نسبت تدارک سخت ہوگا تختہ جات حسابی کا ہمیشہ بروقت مقررہ آنا چاہیئے۔

تفصیل ان عدالتوں کی جہاں سے تختہ جات بھیجنے میں دیر ہوئی ہے

(۱) منصف قندھار (۲) منصف بیڑ (۳) عدالت ضلع ملدرگ (۴) تعلقدار اورنگ آباد (۵) دار القضا
(۶) فوجداری بلدہ (۷) ضلع اطراف بلدہ (۸) تعلقدار رائچور (۹) تعلقدار بالا گھاٹ۔

۱۲۹۵ ف
گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۴/۱۵ فوجداری مورخہ ۷ اردی بہشت

مضمون (۱) نگہداشت دفاتر تحقیقات دوم و سیوم تعلقداران نزد عدالت ہائے ضلع	قبل اس کے مدار المہام سرکار نشان ۹ واقع ۲۹ ۱۲۹۴ ف مجلس سے ہر چہار اسمائے کو اطلاع بھیجی گئی کہ مقدمات

منفصلہ تحقیقات بعد تین ماہ کے دفتر عدالت ضلع میں واسطے نگہداشت کے بھیجے جائیں مگر بعض اضلاع کے استدعا کی بنا پر مجلس نے بطریقہ انتظامی یہ بھی طے کیا کہ دفاتر دوم و سیوم تعلقداران کا بھی عدالت ضلع کے دفتر کے ساتھ رہنا چاہیئے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ بعد انفصال مقدمات کے تین مہینے تک تو مقدمات منفصلہ دوم و سیوم تعلقداران صاحبان کے دفتر میں رکھے جائیں اور بعد تین مہینے کے جملہ مقدمات منفصلہ واسطے نگہداشت کے دفتر عدالت ضلع میں بھیجدیئے جائیں۔

[illegible] عدالت ماتحت مجلس عالیہ عدالت کو ہدایت کرتی ہے
[illegible] عہدہ داران ماتحت جائزہ سے مجلس عالیہ عدالت کو مطلع کیا کریں۔
[illegible] عالیہ عدالت بعوض وصول اطلاع [illegible] صدارت المہام سرکار عالی کو اُس جائزہ کی اطلاع کریگی
(۲)۔ ذیل میں اُن تاریخوں کی تصریح کیجاتی ہے جنکی اطلاع مجلس عالیہ میں آجانا چاہئے۔
(۱) [illegible] اُس تاریخ سے اطلاع دیجاوے جس تاریخ کوئی عہدہ دار [illegible] اسکا جائزہ لے
(۲) [illegible] ایضاً
(۳) [illegible] } ایضاً
[illegible] تنخواہ۔
(۴) رخصت ہر قسم سوائے رخصت اتفاقی تاریخ استفادہ رخصت سے اطلاع ہونا چاہئے۔ اور واپسی کے
بعد تاریخ جائزہ [illegible]۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۹) مجریہ ۲۴ فروردی ۱۲۹۵ف

مضمون (۹) درباب بند کرنے طریقہ تحقیقات استقاط حمل | [illegible] صوبہ جنوبی کی اطلاع سے مجلس عالیہ عدالت
کو معلوم ہوا ہے کہ صلع [illegible] میں یہ طریقہ مروج ہے کہ جب کوئی بیوہ عورت یا ایسی عورت جسکو اُس کے
شوہر نے ترک کردیا [illegible] اُنکی نسبت حاملہ ہونے کا خیال ہوتا ہے کہ پولیس پٹیل یا اور کوئی
محرر عدالت تحقیقات میں اس حمل کے ہونے کا خیال کیا جاتا ہے اطلاع کرتا ہے اور عدالت متعلق سے اُس عورت
کی [illegible] کی تحقیقات ہوتی ہے اور بوجہ اکثر اس کارروائی کا یہ ہوتا ہے کہ اطلاعات پولیس پٹیل یا
[illegible] ہوتی ہیں اور اگر وقوع حمل صحیح ثابت ہوتا ہے تو ایسی عورت سے واسطے عدم
استقاط حمل کی ضمانت لیجاتی ہے۔

مجلس عالیہ عدالت نے اس طریقہ کارروائی پر با جلاس انتظامی غور کیا اور بدانست مجلس عالیہ عدالت
یہ طریقہ بالکل ناواجبی اور تکلیف دہ رعایا اور خطرناک ہے لہٰذا مجلس عالیہ عدالت باجرائے گشتی ہذا تمامی عدالتہائے
فوجداری ممالک محروسہ سرکار عالی کو مطلع کرتی ہے کہ جن جن مقامات میں ایسا طریقہ جاری ہو فوراً مسدود
[illegible] اور عورات بیوہ یا ایسی عورات کے حمل کی جنکو اُن کے شوہروں نے ترک کردیا ہو قبل وقوع
[illegible] استقاط حمل کے کوئی تحقیقات کسی محرری یا اطلاع کی بنا پر نہ کیجایا کرے۔ اگر کسی اطلاع یا مخبری پر

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱ فوجداری ۲۰ دیوانی مورخہ ۱۳ خورداد ۱۲۹۵ف

مضمون (۱۳) تعمیل گشتیات محکمہ صدر المہام عدالت نشان دیوانی (۲۰) و فوجداری (۲۲) مورخہ ۱۵ شوال ۱۲۹۵ھ و گشتی دیوانی ۲۰ فوجداری ۲۲ مورخہ ۱۵ شوال ۱۲۹۵ھ کامل طور پر ہونی چاہئے در بارۂ اجرت النقول و فیس مقابلہ	مجلس عالیہ عدالت کو بدریافت حالات تمامی اضلاع و اسمات کے معلوم ہوا ہے کہ گشتیات متذکرہ صدر کے عنوان کی تعمیل مختلف عدالتوں میں مختلف طور پر ہوتی ہے۔ حالانکہ ایسے احکام کی جو کہ عام ہوں تعمیل یکساں تمامی عدالتوں میں ہونی چاہئے

لہذا مجلس عالیہ عدالت ہدایت کرتی ہے کہ بپابندی گشتی محکمہ صدر المہام عدالت نشان دیوانی (۲۰) و فوجداری (۲۲) واقع ۲۷ شوال ۱۲۹۳ھ اجرت النقول و مقابلہ حسب ذیل تمامی عدالتوں میں لیجایا کرے۔ اجرت نقل و مقابلہ بابت ہر سو لفظ یا اُس کے جزو کی ۔

۳ر۔ ایضاً سو سے زاید الفاظ کی بابت۔ بابت ہر ایک سو لفظ یا اُس کے جزو کی ۲ر۔

یعنی اگر سو الفاظ یا اُس سے کم ہوں تو ۳ر لئے جاویں اور اگر سو سے ایک لفظ بھی زاید ہو تو دو سو تک ۵ر لئے جاویں گے ۳ر بابت سو الفاظ صدی اول کے اور ۲ر بابت صدی دوم کے وقس علیٰ ہذا

ف ۲ ۔ معائنہ اشلہ کی فیس حسب گشتی محکمہ صدر المہامی عدالت نشان دیوانی (۲۰) و فوجداری (۲۲) مورخہ ۱۵ شوال ۱۲۹۵ھ حسب تصریح ذیل لیجاوے گی جس میں سے تین ربع حق معائنہ کرانیوالے کا ہوگا اور ربع حق سرکار خیال کیا جاویگا اور آمدنی سرکاری شمار ہو کر داخل خزانہ کیجائے گی۔ بابت معائنہ کاغذات ہر ایک ساعت کے لئے یا اُس کے جزو کیلئے ۴ر

ف ۳ ۔ قبل نفاذ گشتی ہذا مختلف طریق عمل جو مختلف عدالتوں میں ہر دو گشتیات مصرحہ بالا کے بابت جاری تھے وہ بعد نفاذ گشتی ہذا قطعاً موقوف کئے جاویں اور آیندہ سے اسی گشتی کے موافق عمل ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱۸) فوجداری مورخہ ۲۹ خورداد ۱۲۹۵ف

مضمون (۱۴) مقدمات تصحیح صمیمہ تحریر رائی کی ہونی ہو واسطے ملاحظہ مجلس کے آیا کریں	گشتی نشان فوجداری

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (فوجداری) نمبر ۱ مورخہ ۵ رخورداد سنہ ۱۲۹۵ف

مضمون (۱۲) عنوان تجاویز فوجداری میں وہ مراتب درج ہوا کریں جو اسناد گوشوارہ کے عنوان میں درج ہوتے تھے۔	ہر چند کہ مجلس عالیہ عدالت سے بذریعہ گشتی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۲۸ رمضان سنہ ۱۳۱۲ھ و نیز بذریعہ گشتی نشان فوجداری (۴) واقع ۲ محرم سنہ ۱۳۱۳ھ ممانعت ترتیب

گوشوارہ مقدمات فوجداری ہو چکی ہے مگر اسکا منشا یہ نہیں ہے کہ عنوان گوشوارہ میں جو مراتب درج ہوتے تھے وہ متروک کئے جاویں چونکہ عدالت ہائے ماتحت نے بخیال ممانعت ترتیب گوشوارہ عنوان تجاویز میں اُن مراتب کا درج کرنا ترک کر دیا ہے جو سابق سے معمولاً عنوان گوشوارہ جات میں درج ہوتے تھے اور اُن مراتب کے ترک کر دینے سے بعض اوقات اُس مراتب متروکہ کی دریافت میں دقت ہوتی ہے۔ لہذا تمامی عدالت ہائے فوجداری کو حکم دیا جاتا ہے کہ عنوان تجاویز میں ہمیشہ مراتب ذیل کو تحریر کر دیا کریں جو سابق سے معمولاً عنوان گوشوارہ میں درج ہوتے تھے اور بروقت عطائے نقل وہ مراتب نقل میں بھی مندرج کر دیئے جایا کریں۔ مراتب حسب ذیل کا درج ہونا عنوان تجاویز میں ضروری ہے

۱	۲	۳	۴	۵
نشان رجوع	تاریخ رجوع	مدعیان	مدعی علیہم	خلاصہ علت بتصریح امور ضروری

۶	۷	۸
تاریخ در ورگرفتاری خود یا ملزمین	تاریخ وقوع اگر بتصریح معلوم نہو تو تخمیناً درج ہو	مقام واردات

۹

کیفیت اس امر کی کہ ملزم یا ملزمین تاریخ گرفتاری سے مقید ہیں یا مچلکہ یا ضمانت پر رہا ہیں۔

۱۰	۱۱
اسمائے گواہان جانب مدعی یا مدعیان	اسمائے گواہان جانب مدعی علیہ یا مدعی علیہم

۱۲	۱۳
تاریخ تکمیل دریافت معہ نام حاکم تکمیل کنندہ	تاریخ تجویز مقدمہ معہ نام حاکم فیصل کنندہ

۱۴

کیفیت - اس خانہ میں خانہ (۹) کی تفصیل بتلانا چاہیئے کہ ملزمین کس وقت تک کس حالت میں ہے تا روز تجویز مقدمہ

بعض ملزمین و برارت بعض خواہ برارت تمامی ملزمین بالاتفاق رائے عدالت ضلع وصدر عدالت صادر ہوئی ہو مجلس عالیہ عدالت میں واسطے تصحیح کے آنا ضروری ہے۔ اور مجلس عالیہ عدالت کو اُس تجویز برارت میں جو بالاتفاق عدالت ضلع وصدر عدالت ہوئی ہو اختیار دست اندازی کا بحیثیت نگرانی کے حاصل رہے گا۔

نسبت کارروائی صیغہ ابتدائی فوجداری مجلس عالیہ عدالت کے یہ ارشاد ہوا کہ صیغہ ابتدائی فوجداری مجلس عالیہ سے بھی ایسے مقدمات قتل وہلاکت جن میں تجویز برارت ملزم یا ملزمین کی صادر ہوئی ہو واسطے تصحیح کے مجلس عالیہ عدالت میں آیا کریں گے اور صیغہ ابتدائی کو اختیار ہوگا کہ درصورت تجویز برائت کے ملزم یا ملزمین کو رہا کردے۔

تصحیح کے صیغہ سے مقدمہ کی یکسوئی کے انتظار کی ضرورت نہ ہوگی۔ لہٰذا مجلس عالیہ عدالت تمامی عدالت ہائے ماتحت فوجداری کو اس حکم سے مطلع اور آئندہ کے لئے اُس کے موافق عمل کرنے کے واسطے ہدایت کرتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان (۱۹) فوجداری مورخہ ۲۱ خورداد ۱۲۹۵ف

مضمون (۱۵) مقدمات فوجداری میں عورات پردہ نشین کا اظہار جبکہ وہ گواہ ہوں بذریعہ کمیشن لیا جاوے	صدر عدالت صوبہ شرقی سے بحوالۂ روبکار عدالت ضلع ناگر کرنول یہ خواہش ہوئی ہے کہ پردہ نشین

عورات کا اظہار مقدمات فوجداری میں جبکہ وہ گواہ ہوں بذریعہ کمیشن جاری کردیا جاتا ہے۔

لہٰذا بذریعہ اس گشتی کے تمامی حکام عدالت کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مقدمات فوجداری میں بھی مثل مقدمات دیوانی عورات پردہ نشین کا حسب طریقہ مندرجہ گشتی نشان (۲) ۱۳۰۲ھ اظہار کمیشن کے ذریعہ سے ہونا چاہئے جہاں حاکم مجوز کو وقت ہو لیکن بہت احتیاط کے ساتھ اور کمیشن کے تقرر میں کافی احتیاط چاہئے اور اظہار لینے والے کو لازم ہوگا کہ عورت مذکورہ کی پردہ داری کا خوب لحاظ رکھے مگر اسبات کی نسبت گواہان مناسب یا اصیلوں کے ذریعہ سے اُس کو اطمینان کرلینا ہوگا کہ جو عورت گواہ ہے وہی عورت اظہار دینے آئی ہے یا نہیں۔

۱۲۹۵ف بہ تحریر محکمہ صدر المہام عدالت ہائے سرکار عالی کے الفاظ کے صاف و صریح نہ ہو سکنے سے شبہ پیدا ہوتا ہے کہ اُن امثلہ مقدمات قتل و ہلاکت کا جن میں تجویز رہائی ملزم یا ملزمین کی با تفاق رائے عدالت ضلع و صدر عدالت و صدر تعلقدار کے ہوئی ہو واسطے تصحیح کے مجلس عالیہ میں آنا ضرور ہے یا نہیں اور اسی سبب کی وجہ سے مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ اس گشتی کی تعمیل میں مختلف طریق پر عمل جاری ہے لہذا مجلس عالیہ عدالت نے بغرض رفع شبہ بذریعہ روبکار نشان فوجداری مرافعہ (۱۲۴) واقع ۲۱۔ ربیع الاول ۱۲۹۸ھ محکمہ عدالت جناب مدار المہام سرکار عالی سے حسب ذیل استصوابات کئے۔

(۱) ایسے مقدمات قتل و ہلاکت کے جن میں تجویز رہائی ملزم تا ملزمین کی ہوئی ہو مجلس عالیہ عدالت میں واسطے تصحیح کے آیا کریں گے۔ یا یہ کہ ایسے مقدمات بصورت اتفاق رائے صدر عدالت و عدالت ضلع صدر عدالت سے ختم ہو جایا کریں گے مجلس تک ایسے مقدمات کے آنے کی ضرورت نہ ہوگی۔

(۲) ایسے مقدمات جن میں نسبت بعض ملزمین کے عدالت ضلع و صدر عدالت سے بالاتفاق رہائی اور نسبت بعض ملزمین کے سزا تجویز ہو صدر عدالت سے نسبت رہائی کے قطعی و مختتم سمجھے جاویں گے یا مجلس عالیہ کو اختیار دست اندازی کا نسبت ملزمین رہائی یافتہ کے بھی باقی رہے گا۔

(۳) صیغۂ ابتدائی فوجداری مجلس عالیہ سے اگر نسبت کسی ملزم کے رہائی تجویز ہو تو ایسا مقدمہ واسطے تصحیح کے مجلس عالیہ میں آیا کریگا یا نہیں اور ملزم تا یکسوئی مقدمہ کے صیغہ تصحیح سے مقید رہا کریگا۔ یا حسب تجویز رہا کر دیا جایا کریگا۔

بجواب استصوابات مذکورۂ محکمۂ عدالت جناب مدار المہام سرکار عالی سے بذریعہ روبکار نشان فوجداری مرافعہ (۱۳۰) واقع ۲۱ ربیع الثانی ۱۳۰۱ھ کے ارشاد ہوا کہ از روئے گشتی نشان (۱۲) ۱۲۹۴ھ جو حکم نسبت بھیجنے امثلہ مقدمات قتل و ہلاکت کے واسطے تصحیح کے مجلس عالیہ عدالت میں عام اس سے کہ اُن میں ملزمین سزایاب ہوئے ہوں یا بری و رہا ہوئے تھے کوئی عبارت گشتی ہائے مابعد کی ناسخ اُس حکم کی نہیں ہے۔ اور اس روبکار میں ارشاد ہوا کہ تمامی امثلہ مقدمات قتل و ہلاکت کا خواہ اُن میں تجویز سزائے

ف ۲۔ جملہ رقم حق ہراج جو وضع ہوگی خزانہ سرکار میں حسب دستور بھیجدی جایا کرے گی۔ ناظم یا حاکم ہر محکمہ کو چاہئے کہ خزانہ سرکاری سے راست خود یا ضمنی ناظر یا اہلکار عامل ہراج کے ہر ماہ یا سہ ماہی کے اخیر پر جیسی کہ صورت ہو طلب کرلیا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{۲۵ \text{ فوجداری}}{۲۹ \text{ دیوانی}}$ مورخہ ۳۰ شہریور ۱۲۹۵ف

مضمون	
(۱۸) معائنہ مثل قبل از دو یوم تاریخ پیشی کرایا جائے بعد اسکے بغیر حکم خاص فریقین یا وکلاء و مختار مجاز معائنہ مثل کے نہوں گے۔	معائنہ اثسلہ جو حسب نشا گشتی صدارالمہام نشان دیوانی (۲) محررہ ۱۲۹۵ف کرایا جاتا ہے اُس کے متعلق اکثر دقتیں پیش آتی ہیں۔ اکثر وکلاء و دیگر

اشخاص درخواست معائنہ دیکر خاموش ہو رہتے ہیں اور جب خاص تاریخ پیشی ہوتی ہے یا اُس کے ایک دو روز پیشتر وہ مشتعل ہوتے ہیں کہ ان کو مثل کا معائنہ کرایا جائے حالانکہ اسوقت نہایت دقت ہوتی ہے ایکطرف تو وکلاء یا دیگر اشخاص یا خود فریقین کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کو فوراً معائنہ مثل کا کرایا جائے۔ اور دوسرے طرف اہلکار پیشی کوشش اس امر کی کرتا ہے کہ اُس کو مثل ملجاوے تاکہ وہ ضروری کاغذات کی یادداشت یا کوئی اور کارروائی متعلق اپنی خدمت کے کرے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے ہر ایک ایسا معائنہ (۲) یوم تاریخ پیشی سے قبل کرایا جائیگا۔ اور اس کے بعد کوئی بلا حکم خاص حاکم عدالت جن کے سامنے مقدمہ ہے مثل کا معائنہ نہ کرسکے گا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۲۶) فوجداری مورخہ یکم مہر ۱۲۹۵ف

مضمون	
(۱۹) اموات لاوارث کے مصارف تجہیز و تکفین و خوراک گواہان فوجداری کے لئے ایک رقم بطور الاونس کے ہر عدالت میں جمع رہا کرے۔	ف ۱۔ چونکہ اموات لاوارث کے مصارف تجہیز و تکفین و نیز خوراک گواہان فوجداری کے واسطے کوئی رقم پیشگی عدالت میں بطور الاونس

کے جمع نہیں رہی ہے اسوجہ سے بروقت ضرورت نہایت درجہ دقت واقع ہوتی ہے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایسی مصارف کے واسطے صادر سے بطور بہادلہ کے لیکر خرچ کرنا ہوتا ہے لہذا مجلس عالیہ عدالت نے محکمہ عدالت جناب مدارالمہام سرکار عالی میں اس

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۲۳) فوجداری مورخہ ۲۷ تیر سنہ ۱۲۹۵ف

مضمون (۱) عطائے اقتدارات منصفین واسطے جرمانہ عملہ کے۔

چونکہ منصفان تعلقات صوبہ غربی کو اُس کے عمال ماتحت کے نسبت کسی قسم کا جرمانہ کرنے کا تذکرہ صاف طور پر دستور العمل منصفان میں نہیں ہے مگر بلحاظ اُس عام اصول کے جیسا کہ دوران اضلاع کو اپنے عملہ ماتحت پر جرمانہ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے منصفین کو بھی اپنے ماتحت عملہ کی نسبت جرمانہ کرنیکا اختیار دیا نہ محض بجا و درست ہوگا بلکہ تا وقتیکہ کسی قسم کا اقتدار عملہ کی نسبت اُس کو حاصل نہ ہو عمال پر وقعت منصفان اور انکا رعب قائم نہ ہوگا نظر براں مناسب ہے کہ آیندہ منصفین بھی اپنے عملہ ماتحت کی نسبت ایک ماہ کی نصف تنخواہ تک جرمانہ کرنے کے مجاز و مقتدر سمجھے جائیں۔

اور شخص ناراض کو بارری قواعد علی التسلسل مرافعہ اور عرض حال کرنے کا اختیار ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۲۴ فوجداری / ۲۴ دیوانی مورخہ ۸۔ امرداد سنہ ۱۲۹۵ف

مضمون (۲) حق ہراج جو بحساب فیصدی (ص) وضع و داخل خزانہ سرکاری ہوتا ہے اوسمیں فیصدی (ص) حق ناظر قرار دیا گیا ہے۔

حق ہراج جو جائداد ہراج شدہ بہ حکم عدالت بحساب صہ فیصدی حسب روبکار محکمہ عدالت مدار المہام سرکار عالی موسومہ مجلس عالیہ عدالت نشان انتظامی (۲۴۱) مورخہ ۲۵۔ فروردی سنہ ۱۲۹۵ف مطبوعہ جریدہ اعلامیہ مورخہ غرہ خورداد ماہ آلہی سنہ ۱۲۹۵ف وضع و داخل خزانہ سرکاری ہوتا ہے۔ اسکی بابتہ مجلس عالیہ عدالت نے سرکار میں تحریک کی تھی کہ حق ہراج یافتنی سرکار سے فیصدی یا تجرویہ بطور کمیشن ناظر یا اہلکار عامل ہراج کو دئے جایا کریں۔ چنانچہ محکمہ عدالت مدار المہام سرکار عالی سے بہ منظوری رائے مجلس کے اطلاع بذریعہ روبکار نشان انتظامی (۸۷۴) واقع ۲۱ تیر سنہ ۱۲۹۵ف صادر ہوئی۔ لہذا مجلس عالیہ عدالت حکم دیتی ہے کہ آیندہ سے صہ فیصدی کمیشن حق ہراج سے ناظر یا اہلکار عامل ہراج کو دئے جایا کریں مثلاً اگر سو روپیہ حق ہراج ہوں تو اُس میں سے للعہ سرکاری خزانہ میں جمع ہوں گے اور صہ ناظر یا اہلکار عامل ہراج کو ملیں گے۔

تین ہی ثرہ گواہاں کے باعتبار خوراک کے مقرر ہوئے ہیں۔ لہٰذا عدالت ہائے فوجداری کو چاہئے کہ نقشہ مذکورہ میں تاکرر انطباع اُن کے خانہ ہائے (۱۳ تا ۱۶) میں صرف دید باکریں کیونکہ اُن خانوں میں جس مقدار خوراک کا لگانا چاہئے وہ سرکار نے قایم نہیں رکھی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱۷) فوجداری مورخہ ۲ ر مہر ۱۲۹۵ف

مضمون (۲۰) ہدایت تحریر وجوہ عطائے مہلت بہ کوتوالی بہ قلم حاکم وارسال چالاں بطور تکمیل۔

گزشتہ ششماہی ۱۲۹۵ف کی بابتہ مجلس عالیہ عدالت نے تختہ جات مقدمات تفویضی عدالت ہائے اضلاع و اسمات سے بطور خاص طلب کر کے ملاحظہ کئے جن کے ملاحظہ سے امور ذیل دریافت ہوئے۔

اوّل۔ یہ کہ کوتوالی کو منجانب عہدہ داران عدالتی واسطے چالان مقدمات فوجداری کے ایک نامناسب مہلت دیجاتی ہے جس کی وجہ سے اکثر ملزمین بلا وجہ حوالات کوتوالی میں رہتے ہیں۔

دوم۔ یہ کہ اہالیان کوتوالی بعض اوقات بلا اجازت عدالت و بعض حالتوں میں باوجودیکہ عدالت مہلت دینے سے انکار بھی کرتی ہے۔ ملزمین کو اپنی حوالات میں رکھتے ہیں۔

سیوم۔ اکثر مقدمات کی تحقیقات عدالت ابتدائی ضلع سے نہایت درجہ ناکمل اور ناکافی ہوتی ہے جسکی وجہ سے صدر عدالتوں کو اور نیز مجلس عالیہ عدالت کو بھی مقدمات کے واپسی کی ضرورت ہوتی ہے اور صرف یہ تخفیفات اور اطمینان کا حکم دینا پڑتا ہے اور اس نقصان کیوجہ سے بھی ملزمین کو بامید و انتظار حکم قطعی مدتوں زیر حوالات رہنا پڑتا ہے۔

چہارم۔ بحیثیت ناظم عدالت ضلع یا سمت کے جو مقدمات تعلقدار یا صوبہ دار صاحبان کے پاس بغرض اخذ رائے آتے ہیں۔ اکثر اُن میں رائے بدیر لکھی جاتی ہے

لہٰذا۔ مجلس عالیہ عدالت بغرض رفع قباحتہائے مذکورہ ہر ہر امر کے متعلق بذریعہ گشتی ہذا حسب ذیل احکام جاری کرتی ہے۔

امر اوّل۔ کی نسبت ضرور ہے کہ جب کوئی عدالت فوجداری پولیس کو اجازت یا مہلت دے حاکم عدالت خود اپنے قلم سے مثل میں وجوہات اس امر کے لکھے کہ خاص جس مدت کی اجازت دیجاتی ہے اُسکی مدت معطیہ میں کس تکمیل کی کس وجہ سے امید ہے۔

امر دوم کی بابت واضح ہو کہ پولیس کو کبھی اختیار نہیں ہے کہ مدت معینہ قانون سے

امر کے تصفیہ کے لئے ذریعہ قطعی تعین مقدار خوراک گواہان فوجداری کے لئے جو سرکار سے بیجا دے تحریک کی جس کی منظوری محکمۂ ممدوح سے بذریعۂ روبکار نشان انتظامی (۴۸۷) مورخہ ۵ بہمن شہریور ۱۲۹۵ف صادر ہوئی اور نقل اس حکم محکمۂ ممدوح کا واسطے تعمیل کے دفتر صدر محاسبی سرکار عالی میں بھی بھیجا گیا ہے۔ لہذا مجلس عالیہ عدالت بغرض پابندی تمامی عدالت ہائے فوجداری ماتحت کے بابت حصول منظوری احکام ذیل جاری کرتی ہے۔

ف ۲۔ بلدہ میں عدالت ہائے فوجداری بلدہ و اضلاع میں تعلقداران اضلاع مجاز ہیں کہ بلحاظ ضرورت و وسعت ہر ایک موقع کے جس قدر رقم کا خاص ضروریات مذکورہ بالا کے لئے مد پیشگی جمع رکھنا مناسب خیال کریں اُسیقدر رقم اندرون موازنہ بطور پیشگی ہر ایک عدالت میں جمع رکھا کریں۔ لیکن یہ رقم کسی صورت میں موازنہ کے ششم حصہ سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے۔

عدالت فوجداری ضلع یا عدالت ہائے فوجداری بلدہ سے ہر ماہ کے آخر پر بقدر مصارف واقعی کے برات جاری ہو کر تکملہ رقم پیشگی کیا جایا کرے و بغرض تصفیہ حساب کے ضرور ہے کہ ہر سال کے آخر پر قبل بند ہونے کردی کے تتمہ رقم پیشگی جو خرچ ہونیسے باقی رہ گئی ہو سرکار میں واپس کر دیا جایا کرے۔ اور دوسرے سال کے شروع پر کارروائی اخذ رقم پیشگی کی کیجایا کرے۔

ف ۳۔ عالیجناب مدارالمہام سرکار عالی نے اُن گواہان فوجداری کے لئے جنکو حسب قواعد جاریہ سرکار سے خوراک ملنا چاہئے باعتبار مدارج گواہان کے حسب تعداد ذیل کے خوراک کا دیا جانا منظور فرمایا ہے جسکی تعمیل عدالت ہائے فوجداری سے ہونی چاہئے۔ درجہ گواہ کا قرار دینا خود عدالت فوجداری کی رائے پر منحصر ہے۔

گواہ درجہ اول کے لئے۔ روزانہ عہ/۸ حالی۔ گواہ درجہ دوم کے لئے۔ روزانہ ۴/-
گواہ درجہ سوم کے لئے۔ روزانہ

ف ۴۔ ہر چند گشتی نشان (۱۱ و ۱۲) ۱۲۹۴ف مجریہ مجلس عالیہ ہذا کے نقشہ نشان (۵) سہ ماہی و سالانہ فوجداری کی روسے پانچ درجہ گواہان فوجداری کے باعتبار مدارج خوراک کے قرار دئے گئے تھے۔ مگر چونکہ اب حسب صدور منظوری جناب مدارالمہام سرکار عالی صرف

اس امر کو بھی گوارا نہ کیا جاتا ہے جب تک کہ اس معاملہ میں اجازت محکمۂ اعلیٰ کی صرورت ہونا چاہیئے۔ اختیارات محکمہ جات عدالت ماتحت مرافعہ میں تمام مسودے جرمانہ قابل ہے تو واپسی جرمانہ کو اوپر بموجب اُسی امر کے قاعدہ وغیرہ سے ہر حال سوال ہے چنانچہ اجلاس اسٹامپ کی یہ تجویز واسطے منظوری محکمہ عالیہ سرکار میں پیش کی اور محکمہ ممدوح سے بذریعہ روبکار نمبر (۱۰۹۷) مورخہ ۱۰ آبان ۱۲۹۵ ف منظوری اس کی صادر ہوئی لہذا مجلس عالیہ عدالت واسطے ہدایت تمامی عدالت ہائے فوجداری ماتحت کے بذریعہ گشتی ہذا حکم دیتی ہے کہ آئندہ جب کسی محکمہ عدالت ماتحت مرافعہ سے جرمانہ کسی مقدمہ فوجداری کے منسوخ کیا جائے۔ اور اس مبلغ کو جو پیشتر ادا ہو چکا ہے اُس رقم جمع شدہ کی واپسی لازم آوے تو اس حالت میں کوئی ضرورت جرمانہ جمع ہو کر گزری ہو اُس جرمانہ کی واپسی کے لیے منظوری محکمہ اعلیٰ کی ضرورت نہیں ہے اسواسطے کہ جس محکمہ عدالت مرافعہ کو اختیار منسوخ کرنے حکم جرمانہ حاصل ہے تو یہی اختیار ضمناً واسطے اُس کی واپسی کرانے کے بھی کافی ہے

نمبر ۲ گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی۔ متان فوجداری (۱۱ محرم ۱۲۹۶ھ)

مضمون (۲۳) جو مقدمات سپرد ہوتے ہیں اُن کا بیان بذریعہ ناظم صاحب کوتوالی کو اطلاع دی جاتی ہے۔

بر سرکار عالی نمبر (۳۳۹) واقع ۱۴ ذی الحجہ ۱۲۹۵ھ

ملفوفہ روبکار محکمۂ عدالت سرکار نظامی انتظامی (۸۱۶) واقع ۱۸ آبان ۱۲۹۵ ف معلوم ہوا کہ مقدمات فوجداری منفصلہ عدالت ہائے بلدہ عدالتوں سے نتیجہ اخیر مقدمات سے مہتمان کوتوالی کو اطلاع نہیں دیجاتی اور بدین وجہ مہتمان کوتوالی کیفیت کارگزاری اہل بیان کوتوالی سے لاعلم رہتے ہیں لہذا مجلس عالیہ عدالت حسب منشا سرکار عالی عدالتہائے فوجداری اضلاع کو حسب ذیل ہدایت کرتی ہے۔

(۱) جو نتیجہ کارروائی کوتوالی کا بیان کوتوالی کے پاس بعد ختم مقدمہ فوجداری کے پاس بھیجا جاتا ہے آیندہ سے اُسکی ایک نقل مہتمان کوتوالی اضلاع کے پاس بھی بھیجی جایا کرے

(۲) ضرور ہے کہ اس نقل میں کیفیت اس امر کی بھی درج ہوا کرے کہ آیا امین کوتوالی نے مقدمہ کو اندر میعاد معینہ قانون کے چالان کیا تھا یا نہیں وبصورت ثانی کیا عدالت سے

زیادہ کسی شخص کو اپنی حراست میں بلا اجازت عدالت رکھے۔ اگر کبھی کسی فوجداری عدالت کو معلوم ہو کہ پولیس نے کسی شخص کو بتجاوز اپنے اختیارات کے بلا اجازت عدالت حوالات میں بلا وجوہ قید رکھا ہے تو اُس عدالت کو جہاں مقدمہ چالان ہووے اختیار ہوگا کہ ایسے حالات میں بمتابعت احکام گشتی نشان (۳) فوجداری محکمہ صدر المہام عدالت بابتہ ۱۲۹۵ف اُس افسر کو زوال کا جس نے حراست ناجائز کا استعمال کیا تدارک کیا جائے۔

امر سیوم کی بابت ہر عدالت ابتدائی فوجداری کو لازم ہے کہ تحقیقات مقدمات کی بموجب قواعد مقررہ کے نہایت ہی جانچ اور حزم و احتیاط سے کیا کرے تاکہ عدالتہائے مافوق کو مقدمات کی واپسی کی بغرض مزید تحقیقات کی ضرورت نہ ہوا کرے۔ مجلس عالیہ عدالت ہر سال کی رپورٹ سالانہ میں خاص اس امر پر غور کرکے کہ کس حاکم کے کتنے مقدمات ناکمل تحقیقات کی وجہ سے واپس ہوئے ہر حاکم کی نسبت اپنی رائے سرکار میں ظاہر کیا کریگی

امر چہارم کی بابت تاکیدی حکم دیا جاتا ہے کہ ہرگاہ اس قسم کے مقدمات بغرض اخذ رائے وصول ہوا کریں تاریخ وصول مثل سے ایک ہفتہ سے زیادہ عرصہ اظہار رائے میں صرف نہوا کرے۔ اگر کوئی خاص وجوہ دیر کی ہوں تو ایسے وجوہ کا تجویز کے تحت میں بیان کیا جانا ضروری ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان (۲۸) فوجداری مورخہ ۱۶ آبان ۱۲۹۵ف

مضمون (۲۱) جو جرمانہ بحکم مرافعہ منسوخ کیا جاوے اُسکی واپسی کیلئے محکمہ اعلیٰ کی منظوری کی ضرورت نہیں ہے۔	جو جرمانہ مقدمات فوجداری میں مدعی علیہم پر کیا جاتا ہے اور محکمۂ مجاز سماعت مرافعہ سے بہ تنسیخ تجویز

عدالت مرافعہ عنہا حکم واپسی و استرداد وجرمانہ صادر ہوتا ہے۔ ایسے جرمانہ کی واپسی کے لئے اگر تاریخ وصول وجمع ہونے جرمانہ سے زاید از دو سال منقضی ہو جاتے ہیں تو صدر عدالت ہائے اضلاع سے مجلس عالیہ میں ایک تحریک واسطے منظوری استرداد جرمانہ کے پیش ہوتی ہے اور بار بار اُسکی عدالت ہائے ماتحت نے گشتی محکمہ صدر المہام عدالت نشان (۱۰) ۱۲۹۵ف کو قرار دیا تھا۔ جب اس قسم کی تحریرات متواتر مجلس عالیہ میں وصول ہوئیں تو یہ معاملہ مجلس کے اجلاس انتظامی میں پیش کیا گیا اور اجلاس انتظامی نے

ف ۴۔ جن مقدمات میں رہائی و برارت بعض و سزائے بعض عدالت ضلع سے تجویز ہو ایسے مقدمات براہ راست ضلع سے مجلس عالیہ میں تفویض ہوا کریں گے۔

ف ۵۔ عدالت ضلع اطراف بلدہ و صیغۂ ابتدائی فوجداری مجلس عالیہ عدالت سے ایسے مقدمات کا بھی جن میں رہائی و برارت کل اشخاص متعلقہ کے تجویز ہوئی ہو مجلس عالیہ عدالت میں بغرض حکم اخیر سپرد کیا جانا ضروری ہے۔

ف ۶۔ اس گشتی کے احکام مصدرہ کی رو سے بہت بڑا حصہ کام کا جو صدر عدالتوں میں ہوتا تھا وہ صدر عدالتوں میں نہ رہا اور صدر عدالتوں کے کام میں تخفیف ہو گئی۔ لہذا مجلس عالیہ عدالت امید کرتی ہے کہ صدر عدالتیں اون مقدمات میں جن میں اونکی تجویز ختم ہو گی نہایت احتیاط سے کارروائی کیا کریں گے اور عدالت ہائے ماتحت کی صحیح و دیگر امور انتظامی کے طرف زیادہ متوجہ ہو سکیں گے اور بعض اوقات مجلس عالیہ مناسب خیال کرے گی خاص خاص مقدمات یا خاص اقسام کے مقدمات صدر عدالت میں اُن عدالت ہائے ضلع سے جہاں کام زیادہ ہوگا بحکم عام یا خاص منتقل کئے جا سکیں گے۔ اس گشتی کا کوئی حکم احکام گشتی صدر المہام عدالت نشان (۴۴) فوجداری بابتہ سنہ ۱۲۹۷ف پر موثر نہ ہوگا۔

ف ۷۔ عدالت ہائے اضلاع و صدر عدالتوں کو لازم ہے کہ جب مقدمات قابل تصحیح مجلس عالیہ میں تفویض کریں اشخاص متعلقہ کو حکم و اطلاع دیں کہ تاریخ اطلاع سے ایک مہینہ کے بعد اُس تاریخ کو اور اگر وہ تعطیل ہو تو بہ یوم افتتاح عدالت وہ مقدمہ مجلس عالیہ میں واسطے سماعت کے پیش و متصل ہوگا اور اُن کے دستخط اطلاع یابی لے لیا کریں اور اس تاریخ معینہ سے مجلس کو اطلاع دیدیا کریں تاکہ دوبارہ ابتدائی اطلاع ناموں کی ضرورت نہ ہوا کرے کہ مجلس عالیہ میں اُسی تاریخ وہ مقدمہ پیش ہوگا۔

ف ۸۔ صیغہ ابتدائی فوجداری مجلس عالیہ سے اجلاس متعلقہ میں جو مقدمہ تصحیحاً معروض ہوگا وہ تاریخ تفویض سے پندرہ دن روز بشرائط دفعہ (۷) پیش ہوگا۔ اس امر کی اطلاع اشخاص متعلقہ کو صیغہ ابتدائی سے دیجایا کرے تاکہ دوبارہ اجرا سے اطلاع نامہ کی ضرورت نہ ہو۔

ملزم کو مدت معینۂ قانون سے زیادہ اپنی حراست میں رکھنے کی اجازت حاصل کی نہیں یا نہیں

(۲۳) عدالتوں کو چاہیے کہ اگر اُن کو کارروائی ملازمان ماتحت کو توالی کے متعلق کوئی اعتراض ہو تو اُس اعتراض کو اوس نقل میں درج کر دیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی سال فوجداری (۱) مورخہ ۱۲ بہمن ۱۲۹۶ف

مضمون (۲۳) مقدمات تصحیح جو اب تک بواسطہ عدالت مجلس میں آتے تھے اب راہ راست اضلاع سے مجلس میں آیا کریں گے۔

اب تک یہ عمل درآمد ہے کہ جو مقدمات فوجداری بصیغہ تصحیح یا تجویز اضلاع سے مجلس میں آتے ہیں وہ بواسطۂ صدر عدالت ہائے اسبات آتے ہیں اور ابتدائی تحقیقات اُس مقدمات کی عدالت ضلع میں ہوتی ہے اس طریقہ سے ایام دوران مقدمات میں زیادتی ہوتی ہے اور اشخاص متعلقہ مدتوں بانتظار حکم اخیر حوالات کی تکالیف برداشت کرتے ہیں بغرض رفع قباحتہائے موجودہ مجلس عالیہ بمنظوری مدار المہام سرکار عالی صیغہ عدالت جو بذریعہ روبکارنستان انتظامی (۱۱۹) ۶۔ بہمن ۱۲۹۶ف صادر ہوئی احکام ذیل جاری کرتی ہے۔

دفعہ ۲۔ جن مقدمات میں صدر عدالت یا عدالت ضلع اطراف بلدہ یا صیغہ ابتدائی فوجداری مجلس عالیہ حکم قطعی صادر کرنے کی مجاز نہیں ہے کل عدالت ہائے اضلاع و صیغہ ابتدائی فوجداری مجلس عالیہ سے راہ راست بلا توسط صدر عدالت مجلس عالیہ میں واسطے حکم اخیر کے باظہار رائے کے آیا کریں گے۔

دفعہ ۳۔ علاوہ ضلع اطراف بلدہ اگر کسی ضلع میں کسی مقدمۂ قتل یا ہلاکت میں کل اشخاص متعلقہ کے تجویز رہائی یا برات کے باتفاق تعلقدار ضلع ہو تو ایسے مقدمات حسب سابق صدر عدالت میں تفویض ہوا کریں گے۔ لیکن اگر صوبہ دار تعلقدار ضلع کی رائے رہائی یا برات سے اتفاق کریں تو ایسے مقدمات صوبہ دار کی عدالت سے بطور قطعی ختم ہو جایا کریں گے۔ مجلس عالیہ میں اُن کے تفویض کی ضرورت نہ ہوگی لیکن اگر تعلقدار صوبہ دار کی آرا میں درباب سزا و رہائی اختلاف ہو تو ایسے مقدمات کا مجلس میں آنا چاہیئے۔

لکھی گئی تھیں۔

(۳) آیا عرضی پر دستخط مدعی کی اور بصورت وکیل یا مختار ہونے کے اُس وکیل یا مختار کے ہیں۔

(۴) آیا نام فریقین اور ولدیت و سکونت و دیگر تفصیل درج ہیں اور آیا حاضر ہر کام معمولی عرضی دعوے سے تعلق لازمی معاملات پایا جاتا کل سے مرتب ہیں۔

(۵) آیا سے متدعویہ کی کافی تصریح و کیفیت درج ہے اور علیحدہ طور پر دعاوے مختلف الغیار شامل نہیں کئے گئے ہیں۔

(۶) آیا بلحاظ واقعات مندرجہ عرضی مدعی کو استحقاق نالش حاصل اور دعوے قابل سماعت عدالت ہے۔

(۷) آیا تاریخ و مقام ظہور بنا دعوی درج ہے

(۸) آیا دستاویزات بنائے نالش منسلک ہیں یا نہیں۔

(۹) آیا عرضی دعوے کافی قیمت کے کاغذ مہور پر تحریر ہے اور رقعات تکملہ کا غذ بلا وجہ تو زائد نہیں ہیں۔

یادداشت تنقیح درخواست ہائے اجرائے ڈگری۔

(۱) آیا درخواست پیش کرنے والا مجاز اُس کے پیش کرنے کا ہے اور بصورت مختار ہونے کے لازمہ اقرار نامہ ڈگری دار کا ہے۔

(۲) آیا درخواست پر دستخط ڈگری جاری کرانے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

نمبر ۲۹ مورخہ ۵ اسفندارمذ ۱۲۹۶ف مطابق ۲۳ شوال ۱۳۰۵ھ

مضمون (۳۴) — نمونہ جات سلسلہ گشتی ہذا کے بموجب تنقیح عرائض کی ہر ... متذکرہ محاذی سوالات کے جوابات لکھے جایا کریں اور بعد ملاحظہ جوابات سررشتہ کے احکام و سررشتہ حکم دیا کریں۔

عرائض ابتدائی دیوانی و اجرائی ڈگری و مرافعہ دیوانی و مرافعہ فوجداری و ... دیوانی جو مجلس عالیہ میں پیش ہوتی ہیں بغرض ... مضامین اور نفس امور کی بابت کیفیت درج کی جاتی تھی اور اکثر امور ضروری کی تنقیح لازمی خیال کی جاتی تھی فروگذاشت ہو جاتے تھے۔ چنانچہ مجلس عالیہ عدالت نے گذشتہ سہ ماہی میں بغرض ... ایسے سوالات تنقیح عرائض مجلس عالیہ میں جاری کئے اور حکم دیا کہ ہر قسم کے عرائض علحدہ علحدہ کے جوابات سوالات مندرجہ نمونہ جات کے محاذی درج کئے جایا کریں چنانچہ اس انتظام سے مجلس عالیہ میں بہت بڑی کامیابی ہوئی لہذا مجلس عالیہ عدالت ان تمام قطعہ نمونہ جات تنقیح عرائض کو واسطے پابندی عدالت ہائے ... جاری کرتی ہے

ف ا — ضرور ہے کہ عدالت ہائے مذکور نمونہ جات مطبوعہ تعداد کافی طبع کرا کر موجود رکھیں۔ سوالات بصفت ... درج ہوں اور محاذی ہر ایک سوال کے جواب لکھا جایا کرے تاکہ عرائض ناقص نہ لیجایا کریں اور کارروائی میں ... واقع ہوا کرے

ف ۲ — عدالت ہائے تحصیل و دوم تعلقداران و ... وغیرہ کے متعلق ... بعد تحریر مزید حکم مناسب دیا جاوے گا

یادداشت تنقیح عرائض دعوی ابتدائی دیوانی۔

(۱)۔ آیا عرضی پیش کرنے والا اُس کے پیش کرنے کا ہے اور بصورت مختار ہونے کے ملازم یا قرابتدار مدعی کا ہے۔

(۲)۔ آیا عرضی زبان مروجہ عدالت میں فقرہ وار بعبارت صاف بلا طوالت و دلائل

یادداشت تنقیح درخواست ہائے مرافعہ دیوانی

(۱) آیا درخواست پیش کرنے والا مجاز اُسکے پیش کرنیکا ہے اور بصورت مختار ہونے کے ملازم یا قرابتدار مرافعہ کنندہ کا ہے۔

(۲) آیا درخواست پر دستخط مرافعہ کرنے والے کے اور بصورت وکیل یا مختار ہونے کے اُس وکیل یا مختار کے ہیں۔

(۳) درخواست مرافعہ کا غذ مہردار کافی قیمت ہے۔

(۴) آیا بعد منہائی اُس عرصہ کے جو نقل لینے میں صرف ہو درخواست مرافعہ اندرون مدت مقررہ ہے اور اگر نہیں تو کس قدر ایام زائد گزر چکے ہیں اور وجہ تاخیر درج ہے یا نہیں۔

(۵) آیا فیصلہ جات عدالت ہائے تحت و نقل منتخب شامل ہیں۔

(۶) آیا کل اشخاص فریق مقدمہ ابتدائی درخواست مرافعہ میں فریق بنائے گئے ہیں اور اگر نہیں تو کوئی وجہ فروگذاشت کی درج ہے۔

(۷) آیا مرافعہ علیہ کا پتہ و سکونت و ملازمت وغیرہ کافی صراحت سے درج ہے۔

(۸) آیا درخواست مرافعہ میں وجوہات ناراضی فیصلہ فقرہ وار بعبارت صاف بلا طوالت و بلا اظہار دلائل لکھی ہوئی ہیں۔

(۹) آیا حسب قواعد معمولی مرافعہ اُس عدالت میں ہو سکتا ہے

کے اور اگر وہ مختار یا وکیل کی معرفت پیش ہو۔ وکیل یا مختار کی دستخط ثبت ہیں۔

(۳) ۔ آیا نسخہ فیصلہ شامل ہے۔

(۴) ۔ آیا نقشہ حسب نمونہ مقررہ ہے اور جاری اُس کی صحیح ہے۔

(۵) ۔ آیا کوئی مضمون مندرجہ درخواست و تفریح وصولباقی کی (اگر تعمیل سابق میں ہو چکی ہو) خلاف رودادہیں ہے۔

(۶) اگر کل اصلی ڈگریدار ونکی جانب سے کل اصلی مدیونان پر اجرا کی درخواست نہ ہو تو آیا کوئی وجہ فردگذاشت یا اختلاف ناموں کی درخواست میں درج ہے۔

(۷) ۔ آیا بند وبستاں و سکوت اُن اشخاص کی جنپر تعمیل کرنی ہو بصراحت کامل درج ہے۔

(۸) ۔ کسی جائداد کی ضبطی کی استدعا ہے تو آیا اُسکا کمیہ قیمت اور بیان اُس صراحت سے درج ہے کہ اُس کا تعین بآسانی کیا جاسکے اور آیا وہ جائداد قابل ضبطی احاطہ اقتدار عدالت کے اندر ہے

(۹) آیا حسب قواعد عامہ درخواست تعمیل اُس عدالت میں ہیں ہو سکتی ہے جسمیں وہ پیش ہوئی ہے

(۱۰) آیا بلحاظ کا عذ مہور درخواست یا میعاد گزرنے درخواست کے درخواست بطور خاص قابل لحاظ ہے۔

(۲) - آیا اندر میعاد اُس عرصہ کے جو نقل لینے میں صرف ہو درخواست مرافعہ اندرون مدت مقررہ ہے اور اگر نہیں تو کس قدر ایام گزر چکے ہیں اور وجہ تاخیر درج ہے یا نہیں۔

(۳) - آیا فیصلہ جات عدالت ہائے ماتحت شامل ہیں۔

(۴) - آیا درخواست مرافعہ میں وجوہات ناراضی فیصلہ فقرہ وار بعبارت صاف و بلا طوالت و بلا اظہار دلائل لکھی ہوئی ہیں۔

(۵) - آیا درخواست پر دستخط مرافعہ کی اور بصورت وکیل یا مختار کے دعوے پیش ہونے کے اُس کے وکیل یا مختار کے ثبت ہیں۔

(۶) - آیا حسب قواعد عامہ مرافعہ اُس عدالت میں ہو سکتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۶) مورخہ ۵ اسفندار ۱۲۹۶ ف

مضمون (۲۵) بعض رعایات اُن اشخاص کے ساتھ جنکی نسبت حکم سزائے موت ہو گیا ہو کی جا سکتی ہیں۔

بعض اضلاع میں بعض اوقات ایسے اشخاص کو جنکی نسبت حکم سزائے موت صادر ہوا تھا اُنکی درخواست پر قبل تعمیل سزائے موت سرکار سے بغرض خیرات روپیہ دیا گیا۔ لہذا مجلس عالیہ عدالت حسب روبکار مدار المہام سرکار عالی نمبری (۳۹) مورخہ ۹ بہمن ۱۲۹۶ ف احکام ذیل جاری کرتی ہے جو تاریخ صدور ہذا سے واجب التعمیل ہوں گے۔

الف - آئندہ کسی قیدی کو خیرات کرنے کے لئے سرکار سے روپیہ نہ دیا جائے۔

ب - اگر قیدی چاہے تو اُس کے پاس کوئی پیشوا مذہبی بغرض ادائی مراسم معتقدات مذہبی بلا دیا جاوے۔

ج - جن رشتہ داروں یا دوستوں یا مشیر قانونی سے ملاقات کرنا چاہے اُن سے

یادداشت تنقیح درخواستہائے دیوانی و مرافعہ عکسی -

(۱) آیا درخواست پیش کرنے والا مجاز اُسکے پیش کرنے کا ہے اور بصورت مختار ہونے کے ملازم یا قرابتدار مرافعہ کا ہے -

(۲) آیا درخواست پر دستخط مرافعہ کرنیوالے کی اور بصورت مختار ہونے کے اُس وکیل یا مختار کے ثبت ہیں -

(۳) آیا درخواست مرافعہ کاغذ مہر کی پر مع ...

(۴) آیا درخواست سماعت اوّل متقدمہ کی دو ہفتہ کے اندر میں کیجائی ہے -

(۵) آیا اصلی مرافعہ کرنے والے یا اُس کے وکیل یا مختار کو اطلاع درخواست کی کیجا چکی ہے اور اُسپر دستخط بہ تصدیق اطلاعیابی ثبت ہیں -

(۶) آیا درخواست مرافعہ میں وجوہات ناراضی فیصلہ فقرہ وار بعبارت صاف بلا طوالت و بلا اظہار دلائل لکھی ہوئی ہیں -

(۷) آیا درخواست مرافعہ میں کوئی امر خلاف روئداد نہیں ہے -

یادداشت تنقیح درخواست مرافعہ فوجداری

(۱) آیا درخواست پیش کرنے والا مجاز اُسکے پیش کرنے کا ہے اور بصورت مختار ہونے کے ملازم یا قرابتدار مرافعہ کا ہے -

جانا چاہئے حکم دیا جاتا ہے کہ رہائی قیدیوں کی بہ یوم اختتام جلسہ اول، وقت اجلاس عدالت ہوا ہوئی چاہئے۔

ہ (۷) - جب تاریخ رہائی تعطیل میں واقع ہونے والی ہو قیدیوں کا اُس ہی روز کہ جس کے دوسرے دن جلسہ شروع ہوتی ہو چھوڑ دیا جانا چاہئے۔

ش (۸) - اس گشتی کا کوئی عمل خلاف اُس حکم کے نہ سمجھا جاوے [illegible] ذریعہ سے نادار رہا شدہ کو دواتہ پومیہ [illegible] اُن کے مکان تک پہنچنے کو دیا جاتا ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی سال فوجداری نمبر ۹ مورخہ ۱۴ خورداد ۱۲۹۷ فصلی

مضمون (۴۳) عدالت ہائے ماتحت سے مقدمات معروضہ میں بلحاظ اجلاس کامل وجلسہ منعقدہ کے ادعائی کی ایک ہائے پیشی مقرر ہوا کریں۔

ہ (۱) - ہر چند کہ عدالت ہائے ماتحت سے اُن مقدمات میں جو بصیغہ تصفیہ یا تجویز مجلس عالیہ عدالت میں تفویض ہوتے ہیں بپابندی فقرہ (۸۹) گشتی نشان (۲) فوجداری سنہ ۱۲۹۶ ف تاریخ پیشی مقرر کر دی جاتی ہے مگر اس قسم کے مقدمات مجلس عالیہ عدالت میں حسب ذیل اجلاسوں میں پیش ہوتی ہیں۔

الف) - جن مقدمات میں حکام ماتحت رائے قصاص کی اور کرتے ہیں ایسے مقدمات مجلس عالیہ عدالت کے اجلاس کامل میں پیش ہوتے ہیں۔

ب) - جن مقدمات میں علاوہ قصاص کے اور کوئی رائے ہو ایسے مقدمات جلسہ میں پیش ہوتے ہیں۔

ہ (۲) - چونکہ جلسہ منعقدہ ہر روز بجز ایام تعطیل و روز پنجشنبہ کے جاری ہے لہذا جو مقدمات جلسہ منعقدہ میں حسب تفریح مد (ب) فقرہ (۱) گشتی ہذا پیش ہوتے ہیں اُن میں تاریخ پیشی عدالت ہائے ماتحت سے بپابندی فقرہ (۸۹) گشتی نشان (۲) سنہ ۱۲۹۶ ف مقرر ہونی چاہئے

ہ (۳) - اجلاس کامل مجلس عالیہ کا ہر ماہ الٰہی میں ہر پنجشنبہ ہفتہ اول و پنجشنبہ ہفتہ ثالث ہوتا ہے جن مقدمات میں رائے قصاص کی ہو ایسے مقدمات چونکہ اجلاس کامل میں پیش ہوتے ہیں لہذا اُن میں تاریخہائے پیشی بلحاظ تاریخہائے اجلاس کامل عدالت ہائے ماتحت سے مقرر ہونی چاہئیں۔

ملاقات کرادی جاوے۔

ھ۔ اگر کم حیثیت کی کوئی بیشی معمولی سکی نسبت ایک ... زیادہ نہ ہو سکتا ہو تو سرکاری خرچ سے ... اگر اسکی ... درست ہو ... کھانے کی ... گشتی مجلس عالیہ عدالت عالیہ وسرکار عالی ... مورخہ ۱۲۹۷ ف

مضمون (۴۶) بابت محسوبی ایام حوالات ... تاریخ رہائی قیدیان بحساب ایام قید کے متعلق قواعد ... طریق پر عمل جاری ہے ... عدالت ... حکم ... بذریعہ ... سرکار ... نمبر (۳۴۴) واقع ... ۱۲۹۶ ف ... صادر ہوا بغرض پابندی تمامی عدالت ہائے فوجداری کے حسب ذیل احکام جاری کئے جاتے ہیں۔

ف (۱)۔ روز صدور حکم قید سے تاریخ قید شمار کیجائے گی سوائے اُس صورت کے کہ تجویز میں کوئی شرط دربارہ شمار ایام حبس لگائی گئی ہو کہ اُس حالت میں تو حکم یا ابتدائی سے مدت قید کا شمار ہوگا مثلاً اگر کسی قیدی کی نسبت قید ایک ماہ ۱۰ آذر ۱۲۹۶ ف کو تجویز ہو تو وہ ۹ دے ۱۲۹۶ ف کو رہائی پاویگا اور اگر اُسی تاریخ میں اُسکی نسبت قید ایک سال کی تجویز ہوتی تو وہ ۹ آذر ۱۲۹۷ ف کو پاتا۔ اور اگر اُسی تاریخ اُسکی نسبت (۳۰) یوم کی حبس کا حکم ہوتا تو وہ ۱۲ آذر ۱۲۹۶ ف کو رہائی پاتا۔

ف (۳)۔ اگر کسی قیدی کی نسبت متعدد مقدمات میں علی التسلسل قید کی تجویز ہو تو تاریخ رہائی اُسیطرح شمار کیجائے گی جیسے کہ بصورت اجمالہ قید کے ایک ہی مقدمہ میں تجویز ہونے کی حالت میں شمار کیجاتی مثلاً اگر کسی قیدی کی نسبت ۲۱ آذر ۱۲۹۶ ف کو ایک مقدمہ میں قید ایک سال اور ایک مقدمہ میں قید چھ مہینے کی تجویز ہو تو وہ تاریخ ۲ خورداد ۱۲۹۸ ف کو رہا کیا جائیگا نہ کہ ۱۹ خورداد ۱۲۹۷ ف کو۔

ف (۴)۔ بغرض تسہیل تعمیل احکام فقرات (۲ و ۳) گشتی ہذا مہینہ کے لئے (۳۰) دن اور سال کے لئے (۳۶۰) دن محسوب ہوں گے۔

ف (۵)۔ نسبت اس امر کے کہ رہائی قیدی کی روز اختتام مدت حبس کس وقت کیجاوے

الف ۔ وہ لوگ جو نا عدالت ضلع میں وکالت کرتے ہیں گو وہ خاص طور سے ... صدر میں بھی چلے جاتے ہوں ۔

ب ۔ عموماً صدر عدالت میں وکالت کرتے تھے ۔

ف ۳ ۔ ایسے لوگوں کے لئے بلحاظ درجہ کے اُسی درجہ کے وہ ... سمجھے جاویں گے جہاں کہ وہ عموماً وکالت کرتے تھے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۲) مورخہ ۲۲ تیر ۱۲۹۱ف

مضمون (۳) عدالت ہائے فوجداری کو لازم ہے کہ سزا بلحاظ وقعت جرم دیا کریں ۔	محکمہ عدالت سرکار کو توالی کی تحریک ... صوبہ شمالی میں وارداتہائے ڈاکہ کا وقوع بکثرت

ہوا ہے اور عدالت ہائے اضلاع سے سست طرح ڈاکے کے باوجود ثبوت جرم کے کم مدت سزائیں تجویز ہوئیں جس سے آیندہ اور زیادہ احتمال اس قسم کے جرائم کے وقوع کا ہے لہذا مجلس عالیہ عدالت بصدور حکم محکمہ عدالت سرکار عالی نمبر سلسلہ انتظامی (۱۳۵) واقعہ ۱۲ تیر ۱۲۹۱ف حسب ذیل ہدایت صادر کرتی ہے ۔

ف ۱ ۔ عدالت ہائے فوجداری کو ہمیشہ لازم ہے کہ سزا بلحاظ وقعت جرم دیا کریں اور یہ طریقہ جو بعض تجاویز میں دیکھا گیا ہے کہ وہ لوگ لکھتے ہیں کہ چونکہ شہادت کافی نہیں ہے اس وجہ سے سزا کم دیگئی بالکل متروک کیا جاوے ۔

ف ۲ ۔ ہر الزام کے نتیجہ دو ہی ہوسکتے ہیں یا وہ ثابت ہوتا ہے یا نہیں شہادت کی وقعت کا لحاظ قبل ثابت کرنے جرم کے کیا جاتا ہے جب اُس شہادت کی بنیاد پر مجسٹریٹ نے جرم کو ثابت قرار دیدیا اب یہ کہنا کہ کافی شہادت نہیں ہے بے معنی چیز ہے ۔

ف ۳ ۔ اسیوجہ سے ضرور ہے کہ جب جرم ثابت ہوجائے تو جو سزا کہ دیجاوے وہ بلحاظ وقعت جرم ہونی چاہئے ۔ ڈاکہ زنی ایک سخت جرم ہے اور اُس میں قلیل سزا کبھی نہ دینا چاہئے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) مورخہ ۲۱ خورداد ۱۲۹۶ ف

مضمون (۲۸) تعداد مستاجروں کی عدالتی کارروائی کے نتیجہ جات مجلس عالیہ میں آیا جائیں۔	چونکہ ایسے مستاجروں وغیرہ کی کارروائی عدالتی کی نگرانی جن کو اختیارات عدالتی مثل

اول تعلقداران دوم و سوم تعلقداران وغیرہ عطا ہوئے ہیں۔ اور جن کا مرافعہ عدالت ہائے مجاز سماعت مرافعہ علاقہ سرکار عالی میں ہونا ضروری ہے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے۔

دفعہ ۱ ۔ صدر عدالت ہائے اسمات و ضلع اطراف بلدہ کو ضرور ہے کہ جو مستاجران اُن کے علاقہ میں واقع ہیں اور جن کو جوڈیشل اختیارات سرکار سے عطا ہوئے ہیں اور جن کے مقدمات کی اراضی سے مرافعہ عدالت ہائے مجاز سماعت مرافعہ مقرر کردہ سرکار عالی میں ہوا ہے۔ اُن سے نتیجہ جات ماہوار محکومہ گشتی نشان (۱۱) و (۱۲) ۱۲۹۵ ف طلب کیا کریں اور جس طرح دوسری عدالت ہائے سرکار عالی کے نتیجہ جات مجلس عالیہ عدالت میں وقتاً فوقتاً آتے رہتے ہیں ایسے مستاجروں کے نتیجہ جات بھی مجلس عالیہ میں روانہ کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) مورخہ ۱۷ مہر ۱۲۹۶ ف
دیوانی ۹

مضمون (۲۹) آئندہ سے مشروط الامتحان سند نہیں دی جائے گی	چونکہ سرکار عالی کو مقصود ہے کہ آئندہ سے مشروط الامتحان سندہائے وکالت کا دینا بالکل

بند کر دیا جائے اور قدیم سے اب تک جو لوگ بحیثیت وکالت مقدمات میں پیروی کرتے رہے ہیں عام اس سے کہ وہ بحصول اجازت وکالت مشروط ہو یا بربنائے عام اجازت وکالت کے اُن کے ساتھ رعایت کار آمد ہو۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے۔

دفعہ ۱ ۔ جو لوگ ۱۲۹۴ ف کے قبل سے یعنی جب سے کہ باضابطہ امتحان وکالت کا مجلس عالیہ عدالت نے مقرر کیا ہے بلدہ میں بحصول سند وکالت مشروط الامتحان وکالت کرتے ہیں وہ سب لوگ امتحان آئندہ سے معاف کئے گئے۔ اُن لوگوں کے پاس جس درجہ کی سند مشروط الامتحان ہے وہ اُس درجہ کے لئے مستقل کر دئے جاویں گے۔

دفعہ ۲ ۔ جو لوگ اضلاع میں ۱۲۹۴ ف کے قبل سے وکالت کرتے ہیں اُنکی دو حالتیں ہیں۔

دوسری عورت تیار کی جائے اس عورت کے جسکا اظہار لینا مقصود ہے اظہار دہندہ ہے
اور اس لئے ضرور ہے کہ دو عورات معتبر جو صورت شناس ملزمہ کی ہوں وقت اخذ
اظہار کے موجود رکھی جائیں ایسی عورتوں کی تصدیق متعلق اظہار کے تحت میں لکھا جانا
چاہئے کہ وہ اُس عورت کو جسکا اظہار لکھا گیا پہچانتی ہیں اور وہ عورت وہی تھی جسکا
اظہار لیا جانا مقصود و منشاء اظہار بانی مطہرہ کے کمشنر یا حاکم قلمبند کرنے والے کا لیکن اگر بہ لحاظ
رواج ملک اور رسم اُس عورتوں کا اور سنا نامناسب ہو تو اور کسی عورت کی زبانی دو
بیانات وہیں مطہرہ کے قریب قلمبند کریں ایسی تصدیقوں کے ساتھ اور احتیاط کامل سے
کہ دوسرے الفاظ دوسرے کے بیان میں شامل ہونے کا احتمال نہ رہے ۔

ف ۶ ۔ سوال بحث امر اسکی ہو کہ ملزمہ مخدرات سے ہے یا نہیں تو ایسی بحث
کو قبل آغاز دیگر قسم کارروائی متعلقہ مقدمہ طے کردینا ضروری ہے اور تاوقتیکہ کوئی
شخص کسی عورت کا مخدرہ ہونا کافی طور پر باطل نہ کریگا وہ عورت مخدرہ ہی سمجھی جائیگی
اور اس بات میں بیان اُس عورت کا مشعر مخدرہ ہونے کے صحیح سمجھ کر تسلیم کر لیا جائیگا

ف ۷ ۔ اگر کوئی فریق کسی عورت مخدرہ کو مقدمہ فوجداری میں گواہ قرار دے
پس تاوقتیکہ کوئی ضرورت شدید اُسکی گواہی کی حسب اطمینان عدالت کے ثابت نہ ہو
طلبی اُسکی عدالت سے نہ کیجاوے گی ۔

ف ۸ ۔ جبکہ کوئی فریق ضرورت اخذ شہادت زن مخدرہ کی باطمینان عدالت
ثابت کردے تو اظہار ایسی عورت کا بذریعہ اہل کمیشن کے بپابندی فقرات (۴ و ۵) کے
لیا جانا چاہئے ۔

ف ۹ ۔ جبکہ عدالت کسی فریق کی درخواست مشعر اخذ اظہار زن مخدرہ
کو نامنظور کردے تو یہ حکم عدالت کا قطعی سمجھا جائیگا اسکی بابت مرافعہ ناجائز ہوگا ۔

ف ۱۰ ۔ عورات مخدرات جنکی نسبت جرم ثابت ہو اُنکی نسبت حکم سزا کی تعمیل
تا انقضائے مدت مرافعہ کے ملتوی رہنا چاہئے بشرطیکہ وہ ضمانت قابل اطمینان مجسٹریٹ
داخل کریں ۔

ف ۱۱ ۔ اگر دوران مقدمہ میں معلوم ہو کہ ملزمہ کہیں فرار یا روپوش ہو جائے گی

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

بسلسلہ (۱۱۰) مورخہ ۱۰ امرداد ۱۲۹۱ ف

مضمون (۳) کارروائی تجویز مرافعہ ومال وہ نسبت مقدمات فوجداری۔

ف ۱۔ اراساکر زنان پردہ نشین کی طلبی وتجویز مرافعہ واظہار شہادت بمقابلہ فوجداری کے متعلق کوئی خاص قواعد مقرر نہیں ہیں۔ اور دیہہ عدم موجودگی ایسے قواعد کے بعض اختیارات جو مخصوص عورات پردہ نشین کے لئے ہیں متروک ہوجاتے ہیں لہذا مجلس عالیہ عدالت بعد منظوری محکمہ عدالت سرکار عالی اس باب میں حسب ذیل احکام واسطے پابندی تمامی عدالت ہائے فوجداری کے جاری کرتی ہے۔

ف ۲۔ جب کبھی بصیغہ فوجداری کوئی الزام کسی عورت پردہ نشین پر قائم کیا جاوے تو لازم ہے کہ اولاً اوس الزام کے وجوہات اور اُس کے متعلقہ قراین کی واقعیت پر نظر کرلیجاوے تا وقتیکہ وجوہات اور قراین کافی سے واقعیت اُس الزام کی پائی نہ جاوے مقدمہ کے قائم کرنے میں ہمیشہ احتیاط کیجاوے۔

ف ۳۔ ہرگاہ مدعی یا مخبر الزام کو شہادت سے ثابت کردے اور عدالت کی رائے میں وقوع جرم بالشہادت پیش شدہ سے اثبات جرم معلوم ہونے تعین تاریخ پیشی ملزمہ کو اطلاع دیجاوے کہ وہ بذریعہ وکیل یا اپنے کسی عزیز قریب کے جوابدہی الزام عائد کی کرے اور جب کوئی ایسی ملزمہ کسی عزیز قریب کو نامزد کرسکے اور نہ استطاعت تقرر وکیل کی رکھتی ہو تو حکم ہے کہ اُسکا اظہار عدالت میں بحاضری اُس کے لیا جاوے اسطرح کہ وہ میانہ وغیرہ میں آکر اظہار دیدے لیکن مقدمات سنگین میں اگر مجسٹریٹ ضرور سمجھے تو کسی ملزمہ کو بلاضمانت حاضری سے معاف نہ کرے۔

ف ۴۔ درصورتیکہ الزام کسی جرم سنگین کا ہو اور صرف وکیل یا مختار کی جوابدہی پر اکتفا نامناسب ہو اور ایسی عورت کا کچہری میں حاضر کیا جانا بھی خلاف مصلحت ہو اور خاص اسی اُن مخدرہ کے اظہار لینے کی ضرورت ہو تو ایسی صورت میں اظہار ایسی عورت کا بذریعہ کمیشن کے لیا جاوے۔

ف ۵۔ بہ وقت قلمبندی اظہار کے اہتمام ونگرانی اس امر کی کیجاوے کہ کوئی

واقعہ ۱۲ آبان سنہ ۱۲۹۳ ف جاری کیجاتی ہے اور ہدایت ہوتی ہے کہ آیندہ ہر عدالت ہائے ماتحت اسکا بہت خیال رکھیں اور ہر ایک عدالت کو چاہئے کہ رجسٹر پیشی روبکار مقدمات کی خانہ کیفیت میں جو مقدمات ایک تاریخ کی پیشی سے دوسری تاریخ کے واسطے ملتوی ہوں انکی تمام مفصل وجہ التوا درج کریں کہ کس وجہ سے التوا عمل میں آئی اور یہ وجہ التوا افسر جلیس زار کردہ اپنی روبکاری التوا مقدمہ اپنے قلم سے تحریر کرے اور جو افسر اعلی کی عدالت ماتحت کو ملاحظہ کرے اور اسکا فرض ہے کہ وہ اس رجسٹر کو بخصوصیت سے ملاحظہ کرے اور دیکھے کہ گشتی کی تعمیل عدالت ہائے ماتحت میں ہوتی ہے یا نہیں اور نتیجہ رپورٹ تنقیح میں اس گشتی کی تعمیل کا حال درج کرے اور جس عدالت سے اس کے برخلاف عمل ہوگا اسکی نسبت خاص رپورٹ عدالت عالیہ سرکار میں ہوگی مفتی مجلس عالیہ کا کام ہے کہ جب ماہواری نقشہ کارروائی کا آوے اس وقت دیکھیں کہ کس قدر ایسے مقدمات متواتر ملتوی ہوئے اور اگر ضرورت ہو تو ایسے مقدمات طلب کرکے بعد معائنہ رپورٹ کریں کہ التوا بلا وجہ موجہ تو عمل میں نہیں آئی ہے اور جس عدالت کی نسبت ایسی بے ضابطگی پائی جاوے تو فوراً اسکی رپورٹ مجلس میں پیش کریں۔

گشتی نمبر مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی سنہ ۱۲۹۹ ف مسل فوجداری نمبر ۵ مورخہ ۱۰ امرداد

مضمون (۳۴) مقدمات فوجداری میں حکام ابتدائی تجویز میں بحالت سزائے قید کی تصریح اسکی [illegible] کریں۔	بملاحظہ تجاویز مقدمات فوجداری عدالتہائے ماتحت کے مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا کہ بحالت تجویز سزائے قید کے حکم میں تصریح کردیتے

[illegible] با مشقت ہوگی یا بلا مشقت چونکہ یہ تصریح حکام کی بحیثیت افسر عدالتی کے ضروری تھی لہذا مجلس عالیہ نے محکمہ عدالت سرکار سے اس بارے میں استصواب کیا محکمہ موصوف سے بذریعہ روبکار انشاء نمبر (۱۲۱) واقعہ ۴ امرداد سنہ ۱۲۹۲ ف جو حکم صادر ہوا وہ بغرض اطلاع تمامی عدالتہائے فوجداری کے ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

نقل۔ بعض عدالتوں میں بحالت تجویز سزائے قید کے نوعیت قید یا مشقت و بلا مشقت کی تصریح ضرور ہے مجرمین کو بابہ زنجیر رکھنا یا نہ رکھنا جیل کے قواعد سے تعلق ہے عدالت سے اس کو تعلق نہیں لہذا آیندہ سے تجاویز میں تصریح اسکی کہ قید بابجولانہ ہوگی یا بغیر

اور جو مقدمات فوجداری متعلق ہوں تو جائز ہے کہ بعد وصول اسناد و قرار یابی دوبستی کا ما حذ ضمانت کیا جائے

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۴۴) مورخہ ۵ امرداد ۱۲۹۶ف

چونکہ اکثر حکام مال کے مقدمات عدالت ہائے فوجداری میں تفویض کرتے ہیں اور کچھ کارروائی	فقرہ (۳۶) حکام عدالتی صیغہ مال کی مرتبہ اظہارات کے پابند نہیں رہیں۔

نقل تفویض مقدمہ کے صیغہ مال سے ہوتی ہے اُس کے کاغذات کبھی صیغہ عدالت میں روانہ کرتے ہیں حکام عدالت کو شبہ ہوتا ہے کہ آیا وہ اُن اظہارات وغیرہ کے پابند ہیں جو سررشتہ مال میں مرتب ہوئے تھے۔ یا اُن کا کام ہے کہ عدالتی حیثیت سے از سر نو مقدمہ کی کارروائی شروع کریں لہذا بالحکم سرکار نشان مراسلہ فوجداری (۱۴۴) واقع ۲۴ تیر ۱۲۹۶ف مرادر ہے یہ حکم دیا جاتا ہے کہ عدالتی حکام کو اظہارات مرتبہ سررشتہ مال پر اکتفا نہ کرنا چاہئے بلکہ جب کبھی کوئی مقدمہ سررشتہ مال سے تفویض ہو مجدداً اسکی تحقیقات سررشتہ فوجداری میں مثل دوسرے عام مقدمات کے ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۱۵}}{\text{دیوانی ۱۳}}$ مورخہ ۹ امرداد ۱۲۹۶ف

چونکہ نسبت کارروائی عدالت ہائے ماتحت اس امر کی شکایت ہے اور ملاحظہ نقشہ جات ماہانہ سے بھی ظاہر ہے کہ عدالت ہائے	فقرہ (۳۳) رجسٹر پیشی مقدمات کی جانچ خاص طور پر ہوا کرے۔ اور رجسٹر مذکور حاکم خود اپنے قلم سے لکھا کریں۔

ماتحت میں مقدمات تاریخ مقررہ پر پیش نہیں ہوتے اور بلا وجہ موجہ مقدمات دوسری تاریخ پر ملتوی ہوتے ہیں جس سے یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ اہل مقدمات کو بلا وجہ حاضری عدالت سے تکلیف ہوتی ہے کارروائی عدالت بسبب عدم انفصال مقدمات اور زیادہ عرصہ تک دائر رہنے مقدمہ کے لائق اعتراض ہے۔ چونکہ سابق میں بھی اس عدالت سے عدالت ہائے ماتحت کو متواتر توجہ اس بارہ میں دلائی گئی۔ اور تاکیدی احکام جاری ہو چکے مگر کچھ تعمیل نہیں ہوئی اسلئے یہ گشتی تاکیدی اس بارہ میں حسب منشاء [illegible] عدالت سرکار نشان انتظامی (۱۵۵

ونگہداشت دستاویزات متعلقہ فریقین مقدمہ کی نسبت حکم ہو چکا ہے مگر بلا لحاظ انتظام مرحلہ عدالت ہائے ماتحت جو بعد تجدید اپیل مجلس عالیہ عدالت میں آتی ہیں معلوم ہوا کہ عدالتہائے ماتحت نے مضامین دفعات (۳۲ و ۳۸) گشتی نشان (۲) متفرقہ سنہ ۱۲۹۴ف پر بخوبی لحاظ نہیں کیا ہے لہٰذا بہ توضیح ہر دو دفعات مذکورۂ بالا مجلس عالیہ عدالت حسب اقتدارات رفعہ (۲۴) دستور العمل اقتدارات مجلس مصدرہ سنہ ۱۲۹۴ف قواعد ذیل بغرض پابندی تمامی عدالتہائے ماتحت کے مشتہر کرتی ہے۔

نسبت ترتیب مثل

ف ۳۔ عدالتہائے ماتحت میں نمونہ جات مختلف فہرست کاغذات مقدمہ کے لئے مستعمل ہیں بہ تبیح اُن سب نمونہ جات کے نمونہ ذیل واسطے فہرست کاغذات مثل کے جاری کیا جاتا ہے۔ اِس ہی نمونہ کی فہرست مقدمات ابتدائی و اپیل و دیوانی و فوجداری میں لگائی جایا کرے اور نہ بہ تبدیل الفاظ تبدیل طلب کے یہ نمونہ ہر ایک عدالت میں چھپوا کر مہیا رکھا جاوے۔

فہرست مثل مقدمہ

نمبر مقدمہ۔ مدعی مرافع ڈگریدار مستغیث۔ مدعا علیہ مرافع علیہ مدیون مستغاث علیہ۔ تاریخ ارجاع مقدمہ۔ تاریخ فیصلہ نام حاکم۔ تعداد قطعہ۔

(۱) دعوے دلاپانے (صہ) بروئے تمسک۔ (۲) علت ضرب شدید۔ (۳) مرافعہ نارضی فیصلہ بحال رکھنے مورخہ درباب اخراج دعوے مدعی یا منزا (۴) انفصال (ضمیمہ ۱) ڈگری متصدرہ

نقشہ الف | نقشہ ب

نمبر شمار	قسم کاغذ	تعداد قطعہ	مع ضمیمہ	نمبر شمار	قسم کاغذ	تعداد قطعہ	قیمت کاغذ
۱	فہرست مثل	۱	۰	۱	طلب نامہ مدعا علیہ	۱	

اُس کے بعد ضروری ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۸) مورخہ ۲۹ شہریور ۱۲۹۶ف

مضمون (۳۵) مقدمات میں خلاصہ یادداشت قلمی مورد سے تحریر اظہار اصلی لکھا جایا کرے

ف ۱ ۔ ملاحظہ مقدمات فوجداری جو بغرض تصحیح مجلس عالیہ کے اجلاس کامل میں پیش ہوتے ہے

معلوم ہوا کہ بصورت مغایرت زبان مظہر کے یادداشت خلاصۂ اظہار کی حاکم کے ہاتھ سے لکھی جانے کا جو حکم ہے اُسکی تعمیل بدیں طور کیجاتی ہے کہ ایک علحدہ کاغذ پر یادداشت خلاصہ اظہار جو لکھی جاتی ہے اُسی کے آخر میں تجویز بھی لکھدی جاتی ہے ۔

ف ۲ ۔ علاوہ یادداشت اظہار مرتبہ حاکم پر تاریخ تحریر اُس یادداشت کی نہیں لکھی جاتی ہے جس سے معلوم ہو سکے کہ آیا وہ خلاصہ اُسی وقت اور اُسی تاریخ لکھا گیا ہے جس وقت اور جس تاریخ کہ وہ اصلی اظہار لیا گیا یا بوقت تحریر تمہید و تجویز کے وہ خلاصہ مرتب کر لیا گیا ۔

ف ۳ ۔ بہ نظر رفع قباحتہائے متذکرہ فقرہ (۱ و ۲) حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے حکام عدالت جو خلاصہ یادداشت اظہارات کے اپنے ہاتھ سے لکھا کریں اُس کو علحدہ کاغذ پر اسطرح لکھیں کہ وہ ہر ایک اظہار اصلی کے ساتھ جہاں کہ وہ اظہار ہوا اُس جگہ تحریر کیا جاوے اور اُسکے بعد صراحت اپنے دستخط اور تاریخ لکھکر یہ مضمون ذیل تصدیق درج کیا کریں ۔

عبارت تصدیق

میں فلاں حاکم تصدیق کرتا ہوں کہ تفصیلی اظہار مسمی ولد کا میں نے اپنے ہاتھ سے بوجہ نہیں لکھا اور خلاصہ اُسکا بطور یادداشت کے اُسی وقت اور اُسی تاریخ جبکہ اظہار اصلی لیا گیا میں نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہے تحریر تاریخ ماہ الہی سنہ ۱۳ ف

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۹ دیوانی ۱۷ مورخہ ۱ مہر ۱۲۹۶ف

مضمون (۳۶) قواعد ترتیب مثل و شمول و تاریخ در سلسلہ فریقین

ف ۱ ۔ ہر چند کہ دفعہ ۳۶ و ۳۸ گشتی نشان (۲) مشرقی سنہ ۱۲۹۳ف کی رو سے قواعد ترتیب مثل

۵۵۔ ہر شمار [illegible] ہر ایک کاغذ شمولہ مثل [illegible] بالا سرکے پر درج ہوگا اگر اسی کاغذ کے چند اوراق ہوں [illegible] ہر ایک پر [illegible] جو نمبر کاغذ کا ہوگا وہی نمبر اس کاغذ کے ہر ایک ورق [illegible] بالا پر درج کر دیا جاوے گا مثلاً فرض کرو کہ کاغذ کا نمبر شمار فہرست الف پر اگر (۵) [illegible] (۵) [illegible] تو ہر ایک ورق [illegible] لکھ کر [illegible] دہی نمبر (۵) درج ہوگا اور اس کے نیچے نمبر تعداد اوراق کا مثلاً ۵/۱ ۵/۲ ۵/۳ ۵/۴ ۵/۵

۵۶۔ کاغذات مثل الف پر جو نمبر شمار فہرست درج ہوں گے ان کے ساتھ لفظ الف مثلاً الف نمبر (۱) الف نمبر (۲) الف نمبر (۳) ب نمبر (۱) ب نمبر (۲) [illegible]

۵۷۔ یہاں (ج) تو فہرست کے نکتے اور کاغذات مثل الف و ب کی ترتیب [illegible] ذکر ہوا اب فقرہ (۸) میں یہ تصریح بیان کی جاتی ہے کہ کاغذات الف کے کون کون کاغذات ہیں۔

۵۸۔ [illegible] مثل کاغذات مثل الف کے کاغذات ہیں۔

(۱) فہرست کاغذات [illegible] احکام سلسل۔ (۲) عرضی دعوے [illegible] عرضی دعوے و بیان تحریری و جواب دعوے۔ (۳) عرضی [illegible] یا [illegible] یا اور کوئی حکم جس کی بنا پر مقدمہ فوجداری قائم ہو۔ (۴) ثبوت تحریری داخل [illegible] اصلی فہرست کے (۵) شہادت [illegible] (۶) [illegible] اور رپورٹ [illegible] [illegible] [illegible]

(۸) تجویز حاکم [illegible] (۹) [illegible] لکھے ہوں (۱۰) درخواست اجرائے ڈگری و تجویز فیصلہ مسلکہ و خواست [illegible] (۱۱) فرد وصول باقی رقم اجرائے ڈگری۔ (۱۲) [illegible] اجرائے ڈگری۔ (۱۳) [illegible] اور رپورٹ متعلقہ اجرائے ڈگری [illegible] کے اجراء و عدم اجراء [illegible] (۱۴) حکم [illegible] درخواست اپیل معہ مسلکات لقول فیصلہ مرافعہ [illegible] وغیرہ۔ (۱۵) اور جو کاغذات متعلق [illegible] یا تجویز مقدمہ کے ہوں۔ (۱۶) درخواست نظر ثانی معہ کاغذات مسلکہ۔

۵۹۔ ان کاغذات کے علاوہ جتنے کاغذات مثل اطلاعنامہ وغیرہ ہوں وہ سب مثل ب کے

۲	خلاصہ فرد اقدام	۱	۲	اور طلب سامان	۱
۳	۔۔۔ وغیرہ	۱ ۔ ۳	۳	درخواست طلبی گواہان	۱
۴	فہرست اسنادو	۱	۴	طلب نامہ بنام گواہ	۱
۵	۔۔۔	۱	۵	ہال ۔۔۔	
۶	جواب دعوے	۱ ۔ ۸			
۷	روبکار ۔۔۔	۱			
۸	اظہار ۔۔۔	۱			
۹	۔۔۔	۱			
۱۰	روبکار حکم ۔۔۔	۱			
۱۱	۔۔۔	۸			

صیغہ دار

۳۔ اس فہرست میں کاغذات متعلق ۱۱ – ۱۱ ۔۔۔ کاغذات ۔۔۔ مناسب جاے درج ہوں گے۔

نقص القدیم کاغذات بلحاظ ترتیب مثل مقدمہ ۔۔۔ ہونا چاہیے

مثال اسکی حسب ذیل ہے

۔۔۔ الف	کاغذات متفرق
۔۔۔	درخواست طلبی گواہان ۔
دستاویزات ۔۔۔ دعوے	درخواست تبدیل تاریخ ۔
جواب ۔۔۔ مدعا علیہ	درخواست نقل فیصلہ

دستاویزات اگر کچھ مدعا علیہ ۔۔۔ کی ہوں ۔

رپورٹ کمیشن معہ اظہارات ۔ فیصلہ ثالثان (اگر ہو) ۔ اظہار گواہان مدعی جو عدالت نے قلم بند کیے ۔۔ اظہار گواہان مدعا علیہ جو عدالت نے قلم بند کیے ۔ تجویز حاکم منتخب فیصلہ

الغرض مثل کی ترتیب ایسی ہو جس سے مفصل کارروائی جو وقتاً فوقتاً ہوتی رہے ترتیب آسانی کے ساتھ مثل کے دیکھنے والے کو معلوم ہوسکے ۔

۴۔ فہرست میں نشان شمار کا ہر ایک جدید کاغذ کی بابت ڈالا جاویگا اگر کسی کاغذ کے چند اوراق ہوں تو تعداد انکی اوراق کے خانہ (۳) میں درج کر دیا کرے ۔

فہرست کاغذات

نمبر و نام	[illegible]	تاریخ وصول کاغذ یا جاری ہونے کاغذ کے	تعداد اوراق	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵

۱۵۸۔ ایک اور غلطی عدالت ہائے ماتحت سے ہوتی ہے عدالتیں فرد احکام مسلسل اور فرد کارروائی مسلسل میں کچھ فرق نہیں کرتی ہیں اس لئے بتایا جاتا ہے کہ فرد احکام مسلسل جو مقدمہ میں بعد فہرست کے شامل ہوتی ہے وہ گویا ایک لسٹ احکام عدالتی کی ہے جو وقتاً فوقتاً صادر ہوتے رہتے ہیں اور فرد کارروائی مسلسل دو کاغذات ہیں جنہ سلسلہ وار کارروائی عدالتی مفصل تحریر ہونا چاہئے۔ کل عدالتوں کو چاہئے کہ مقدمہ کے آغاز ہونے کے ساتھ ہی وہ اپنی کارروائی کو سلسلہ وار ایک کاغذ پر لکھتی رہیں جس کے داہنی جانب حاشیہ بقدر دو انچہ کے چھوڑا جاوے حاشیہ پر بطور سرخی کے وہ جامع الفاظ و عبارات مادہ الاتیار کو لکھا کریں مثلاً فرد کارروائی مسلسل میں جس جگہ پر اظہارات گواہان مدعی شروع ہو وہاں حاشیہ پر شہادت گواہان مدعی تحریر کریں اور اسیطرح پر اگر وہ گواہ اول کی شہادت ہو تو الفاظ اظہار گواہ اول لکھدیں وقس علیٰ ہذا اور اگر گواہ بجواب سوال فریق ثانی کچھ بیان کرے تو اُس بیان کے سلسل تحریر میں حاشیہ پر بجواب سوال فریق ثانی لکھا کریں۔ اس فرد کارروائی مسلسل پر احکام طلبی طرف ثانی و گواہان و احکام منظوری التوائے مقدمہ و اظہارات مدعی و مدعا علیہ و گواہان و تجویز مقدمہ و دیگر قسم کی کارروائیات جو وقتاً فوقتاً عدالت کرے درج ہوتی ہیں اور خلاصہ اُن احکام کا فرد احکام مسلسل میں لکھا جایا کرے۔

۱۵۹۔ تقطیع امثلہ کی بھی اکثر عدالتوں میں ناموزوں ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے تقطیع امثلہ کی کل عدالتوں میں بقدر (۹) انچہ طولاً و عرضاً بقدر ۵ ½ انچہ ہوا کرے۔

کاغذات شمار ہو کر فہرست کی بائیں جانب تحت مد ب درج ہوں گے۔

۱۰ - فہرست کاغذات کے بعد دوسری مسل میں جو کاغذ ہوگا وہ فرد احکام مسلسل ہے جس کا نمونہ درج ذیل ہے اور جس میں وقتاً فوقتاً خلاصہ احکام کا تاریخ وار درج ہو کر اس پر حاکم کے دستخط کرائے جائیں گے اور وہ مثل فہرست کے دوسری مسل کاغذات الف کی جز میں رہیگا۔ اس میں جو احکام ہوں وہ ضرور ہے کہ صاف خوشخط لکھے ہوں اور سلسلہ وار ہوں اس پر خلاصہ کارروائی کے اظہارات وغیرہ کا لکھا جانا ضرور ہے اس کاغذ کا مقصود یہ ہے کہ اس کے دیکھنے سے ابتدا سے انتہا تک مقدمہ کا حال معلوم ہو کہ کتنی پیشیاں ہوئیں اور کن کن وجوہ سے مقدمہ ملتوی رہا۔

۱۱ - فرد احکام مسلسل متذکرہ فقرہ (۱۰) مقدمات ابتدائی مرافعہ دیوانی و فوجداری و اجرائے ڈگری و تجویز ثانی سب میں شامل رہا کریں گے۔

۱۲ - دیگر قسم معاملات انتظامی وغیرہ میں تفریق کاغذات الف و ب کی غیر ضروری ہے اس قسم کے مثلوں میں فرد احکام مسلسل کا بھی لگایا جانا لازم نہیں ہے ان مثلوں کی فہرست بموجب ذیل ہوگی مگر ضرور ہے کہ کاغذات مشمولہ مثل کے گوشہ بالا پر وہ نشان شمار درج کر دیا جایا کرے جو نشان شمار اس کاغذ کا فہرست میں ہو۔ نوٹ فقرہ ۱۲ [illegible] ترمیم [illegible] کیا گیا ہے

نمونہ فہرست

فہرست مثل مقدمہ انتظامی یا متفرق عدالت دیوانی یا فوجداری مقام اجلاس سنہ ۱۳

[illegible]	[illegible]	خلاصہ مضمون	[illegible]	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵

تتمہ صفحہ (۳۹) پر ہے

شامل مثل رہے اور اس پر تاریخ اور اپنے دستخط ثبت کرے اگر مدعا علیہ دستاویز سے انکار
کرے اور دستاویز بشہادت پیش کردہ مدعی سے ثابت ہوئی تو اس حالت میں اُسی دستاویز
کی پشت پر حاکم مجوزہ تحریر کرے کہ بمقابلہ مدعا علیہ ثابت قرار پائی شامل مثل رہے جب
کوئی دستاویز بوقت ادخال عرضی دعوے گزرے اُس وقت صرف دستاویز حسب ذیل
تحریر ہونا چاہیئے۔

نمبر مقدمہ نام داخل کنندہ۔ قسم مقدمہ نام مدعی۔ نام مدعی علیہ تاریخ ادخال کیفیت
انڈکس فرد احکام وکلی فارم ایک تقطیع پر اور جو کاغذات واسطے تحریر اظہارات و فیصلہ
استعمال ہوویں وہ انڈکس وغیرہ کی تقطیع کے برابر ہوں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان نوجداری ۲ / دیوانی ۱۳ — گشتی ۹۶ف مورخہ ۲۸

ف ۱ - بتتبع اس کے بذریعہ مراسلہ مجلس ۱۰۹/۱ انتظامی واقع ۲۱ شہریور ۱۲۹۵ف تمامی عدالتوں کو	مضمون (۳۷) بیرسٹروں سے بعد انرول ہو جانے کے وکالت نامہ لینے کی ضرورت نہیں ہے

اطلاع دی گئی ہے کہ بیرسٹران ممالک سرکار عظمت مدار بھی بدون انرول ہونے و حصول سند
مجلس عالیہ عدالت کے کسی مقدمہ کی پیروی کے مجاز نہ سمجھے جائیں۔ اور علاوہ بیرسٹر ایٹ
ایڈوکیٹ جنرل سرکار عالی کے جو شخص اپنے کو بیرسٹر ظاہر کرے اُس سے بعد دریافت
و ثبوت انرول کرانے کے مجلس عالیہ میں پیروی و وکالت کی اجازت دیجایا کرے

ف ۲ لیکن بیرسٹروں کے انرول ہونے کی نسبت کچھ قواعد مقررہ نہ تھے الحال بنظر
ورود روبکار محکمہ عدالت سرکار عالی نشان (۶۸ب) مورخہ ۲۵ - مہر ۱۲۹۶ف اس گشتی کے ذریعہ
سے حسب ذیل قواعد نسبت انرول ہونے کے بیرسٹروں کے جاری کئے جاتے ہیں

ف ۳ - ہر بیرسٹر جس نے حسب قواعد مروجہ انگلستان کسی ان ممالک متحدہ گریٹ
برٹن سے سند بیرسٹری حاصل کی ہو وہ مجاز ہوگا کہ مجلس عالیہ عدالت میں ایک درخواست
اس مضمون کی دے کہ اُس کا نام رجسٹر ہائیکورٹ ممالک محروسہ سرکار عالی میں انرول کیا جائے

ف ۴ - اگر مجلس عالیہ عدالت کو اس امر کا اطمینان ہو جائے کہ وہ بیرسٹر ہے جیسا کہ
وہ ظاہر کرتا ہے اور کوئی خاص امر بلحاظ اُس کے چال چلن کے اُس کے انرول ہونے کا مانع

نسبت ادخال دستاویزات

دفعہ ۱۷ — باوجودیکہ دفعہ (۱۳۸) گشتی نشان متفرقہ (۲) ۱۲۹۴ء میں طریق ادخال دستاویزات کا بتلا دیا گیا ہے۔ مگر بہنوز دستاویزات کے ادخال کی کارروائی جیسی کہ چاہئے قابل اطمینان نہیں ہے لہذا عدالت ہائے ماتحت کی توجہ دفعہ ۱۱۹ - ۱۲۱ - ۱۲۲ گشتی نشان دیوانی (۲) ۱۳۰۲ء کی طرف دلائی جاتی ہے دفعہ ۱۱۹ - ۱۲۲ کی رو سے امر لازم قرار پایا ہے کہ صرف وہی دستاویزات قابل ادخال مثل رہیں جو متعلق کسی امر تکراری [illegible] اور اُن دستاویزات کو طرف ثانی نے قبول کر لیا ہو یا بموجب قاعدہ شہادت کے وہ ثابت کی گئی ہوں۔

دفعہ ۱۸ — عدالت ہائے ماتحت کو چاہیئے کہ بپابندی دفعہ (۱۲۳) گشتی نشان دیوانی (۲) ۱۳۰۲ء کے اُن دستاویزات [illegible] شامل مثل نہ کیا کریں جو متعلق کسی امر تکراری مقدمہ کے نہوں یا جن کو فریق ثانی نے [illegible] قبول نہ کیا ہو یا بموجب قاعدہ شہادت کے اُن کا ثبوت نہ ہوا ہو ایسی دستاویزات بموجب دفعہ [illegible] ناقابل واپسی ہیں۔

دفعہ ۱۹ — [illegible] دفعہ ۱۱۹ گشتی نشان دیوانی (۲) بابت ۱۳۰۲ء کے قابل ادخال [illegible] اور وقت واحد میں [illegible] اور اسیطرح مدعا علیہ کی دستاویزات بشرط [illegible] فہرست بنمونہ ذیل لگائی جائے اور اسکی [illegible] داخل کنندہ دستاویز کے [illegible] کریں

صحیح طریقہ یہ ہے کہ جب کوئی فریق کوئی دستاویز [illegible] پیش کرے تو فریق ثانی کو دستاویزات دکھلا کر پوچھا جائے کہ وہ اس دستاویز کو صحیح تسلیم کرتا ہے یا نہیں اگر تسلیم کرے تو وہ دستاویز بلا کسی اور ثبوت کے لیجاوے گی اور اگر وہ تسلیم نہیں کرتا تو اس دستاویز کے پیش کرنے والے کو حکم دیا جائیگا کہ اُسکو ثابت کرے۔

وقت پیشی مقدمہ اگر مدعا علیہ دستاویز متعلقہ دعوے کو تسلیم کرے تو اُسوقت عدالت محور مقدمہ اُسکی پشت پر بموجب ذیل تحریر کرے گی (مدعا علیہ نے اس دستاویز کو تسلیم کیا

رسیدات جو عدالت میں بابت اخذ زر یا مال کے داخل ہوں وہ کس مقدار کے کاغذ مہور پر تحریر ہوا کریں اور اس قسم کے عدم قرار داد سے ہمیشہ دقت اور خلجان واقع ہوتا تھا مجلس عالیہ عدالت نے محکمہ عدالت سرکار میں واسطے قرار قاعدہ مذکور کے تحریک کی چنانچہ بصدور منظوری سرکار جو بذریعہ روبکار نشان انتظامی (۲۰۶) مورخہ ۲۰ اسفندار ۱۲۹۷ف حاصل ہوئی۔ واسطے پابندی تمامی عدالت ہائے ملک سرکار عالی کے حسب ذیل احکام جاری کئے جاتے ہیں۔

ف ۲۔ صیغہ فوجداری میں رسیدات بالکل سادہ کاغذ پر معمول ہوا کریں گی بلالحاظ اس امر کے کہ روپیہ یا مال کی مقدار کس قدر ہے۔

ف ۳۔ صیغہ دیوانی میں (۱۶ عـــہ) کی مالیت تک کی رسید سادہ کاغذ پر قبول ہوگی (۱۶ عـــہ) سے زاید سو کی مالیت تک ایک آنہ کے کاغذ پر رسید داخل ہوگی۔ اور ایک سو سے زاید جہاں تک ہو بلالحاظ مقدار یا مالیت کے (۴) آنے کے کاغذ پر رسید لیا کریگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

نمبر فوجداری ۴، دیوانی ۱۱ مورخہ ۴ اردی بہشت ۱۲۹۷ف

مضمون (۴) تعین وقت واسطے تبدیل اسناد وکالت کے | اب تک عمل درآمد یہی ہے کہ وکلاء کو ہر سال وکالت کے لئے اپنی محصلہ اسناد کا تبدیل کرانا ضروری ہے۔ لیکن تبدیل اسناد کے لئے کوئی تعین زمانی نہیں ہے اور چونکہ عدم تعین زمان تبدیل سند کی وجہ سے قباحتیں پیدا ہوتی ہیں لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے

ف ۲۔ جن وکلاء کو آیندہ سال وکالت کرنا منظور ہو اُن کو ضرور ہے کہ ختم سال کے ایک ماہ پیشتر درخواست مشعر تبدیل سند سال آیندہ کے مجلس عالیہ میں براہ راست بانسلاک کاغذات مندرجہ حاشیہ کے بھیجدیا کریں کہ اس عرصہ میں سند اُنکی بعد ترتیب کے اُن کو ملجایا کرے اور شروع سال دیگر سے وہ بروئے اُس سند کے مجاز وکالت کے سمجھے جاویں۔

(حاشیہ: سند وکالت سال گزشتہ / کاغذ مہر واسطے تبدیل سند / اقرار نامہ حلفی۔)

ف ۳۔ جو وکلاء کسی وجہ سے سال کے ختم ہونے کے ایک ماہ پیشتر درخواست مندرجہ فقرہ (۲) پیش نہ کرسکیں وہ دوسرے سال کے شروع سے تاوقتیکہ سند تجدید

ہیں یا سند تو اوہ لیکن (دفعہ) حالی ڈیفنس کے ایسے بیرسٹر کا نام اترول کر لیا جائیگا۔ اور ایسا اترول ہونا بذریعہ جریدہ اعلان کے شایع ہوگا۔

(دفعہ ۵)۔ جب کوئی بیرسٹر اس طرح انرول ہو جائے تو وہ مجاز ہوگا کہ مجلس عالیہ عدالت یا اُس کے ماتحت کی عدالت میں بلا داخل کرے وکالت نامہ یا دکھانے صداقت نامہ کے کسی مقدمہ میں پیروی و جوابدہی یا بحث کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) / دیوانی (۱) مورخہ ۲ آذر ۱۲۹۷ ف

مضمون (۱۴۸) کوئی وکیل استحقاقاً زبان انگریزی میں گفتگو نہیں کر سکتا ہے۔	مجلس عالیہ کے اجلاس کامل میں یہ مسئلہ پیش ہوکر آیا کوئی وکیل بطور حق کے عدالت ہائے ملک

سرکار عالی میں بزبان انگریزی گفتگو کر سکتا ہے یا نہیں۔

(دفعہ ۲)۔ اجلاس کامل اُس تمام قواعد پر لحاظ ہوا جو گورنمنٹ انگریزی کے اُن ممالک میں جاری ہیں جو ممالک مثل حیدرآباد کے ہیں اور جہاں کہ اس وقت تک زبان عدالت زبان اردو سمجھی گئی ہے مثل اودہ اور ممالک مغربی و شمالی کے اُن ممالک میں اب تک کسی وکیل کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ زبان انگریزی میں گفتگو کرنے پر اصرار کرے اس ملک میں جہاں کہ زبان انگریزی زبان عدالت نہیں ہے۔ فریقین مقدمہ اور نیز وکلاء فریقین و خود حکام عدالت اکثر زبان انگریزی سے ناواقف ہیں۔ اگر عموماً وکلاء کو یہ حق دیا جائے کہ وہ زبان انگریزی میں گفتگو کریں تو لوگوں کے حقوق کو عام طور سے نقصان پہونچنے کا خوف ہے۔

(دفعہ ۳)۔ ان تمام وجوہ پر لحاظ کر کے مجلس عالیہ حکم دیتی ہے کہ کسی وکیل کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ زبان انگریزی میں گفتگو کرے بجز اس کے کہ حاکم عدالت نے جس کے سامنے کہ مقدمہ پیش ہو ایسی اجازت دی ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۳ / دیوانی ۱۰ مورخہ ۲۱ فروردی ۱۲۹۷ ف

مضمون (۹۰) اقرار ادعا کا ندھو در سیاہات	اب تک اس باب میں قواعد صریح موجود نہ تھے کہ

ماموریہ کیا جاوے ہے اگر کوئی عہدہ دار اس حکم کے خلاف کسی کو مقرر کرے گا وہ مستوجب باز پرس ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ملک محروسہ سرکار عالی نشان نمبر (۱) مورخہ فروردی ۱۲۹۸ف

مضمون (۴۲) عطائے کرایہ ریل گواہان مقدمات فوجداری | مقدمات فوجداری میں جو گواہ و چالان گواہ اور پیچ جو حاضر عدالت کئے جاتے ہیں ان کو کرایہ ریل جہاں ریل ہو ورنہ خرچہ سواری ملنے کے لئے کوئی حکم صریح نہ تھا حسب تحریک عدالت ضلع اطراف بلدہ بذریعہ مراسلہ مجلس نشان انتظامی (۱ ۵۸۸) مورخہ ۲۲ آذر ۱۲۹۸ف سرکار سے منظوری چاہی گئی اور حسب منظوری سرکار بوصول مراسلہ دفتر سرکار عالی متعلقہ عدالت مورخہ ۲۰ اسفندار ۱۲۹۸ف نشان (۱۲۴) انتظامی حسب ذیل احکام اسباب میں جاری کئے جاتے ہیں۔

الف۔ عموماً سوم درجہ کی ریل کا خرچ گواہ کو مقدمہ فوجداری سرکار سے دیا جاسکے گا۔ اور وہ ایسے ہی گواہ کو ملیگا جو خرچ خوراک کا سرکار سے مستحق تھا۔ یہ خرچ سواری ریل سوائے خرچ خوراک کے ہوگا۔

ب۔ اس سے زیادہ درجہ کا کرایہ ریل کسی کو نہ مل سکیگا جب تک کہ عدالت کے نزدیک یہ ثابت نہ ہو جائے کہ وہ شخص درجہ سوم سے اعلیٰ درجہ کی سواری کا مستحق تھا اور اس درجہ میں اس نے سفر کیا۔

ج۔ جن لوگوں کے لئے سواری کا کوئی درجہ سرکار سے مقرر ہے اُن کو اُس درجہ کا کرایہ دیا جائے گا بشرطیکہ اس سفر کے لئے اور کسی قاعدہ سرکاری کی رو سے اُنہوں نے اُس سفر کا کوئی خرچہ پایا ہو۔

د۔ سوائے ریل اگر مسافت اور کسی طرح طے کیجاوے تو اُس سواری کا خرچہ بجز عورت پردہ نشین کے اور کسی کو نہیں دیا جائے گا۔ عورت پردہ نشین کو بھی وہی خرچہ دیا جائے گا جو حقیقت میں ہوا ہو اور واجبی طور پر ہوا ہو اسکا تصفیہ عدالت خرچہ دہندہ کرے گی۔

نہ کرالیں مجاز انجام دہی خدمت وکالت کے نہ ہوں گے

ھ۔ ۴۔ جو لوگ سند وکالت کو اضلاع پر انجام دیتے ہیں اُن کو ضرور ہے کہ ہر اپیل کی درخواست کے ساتھ علاوہ کاغذات متذکرہ فقرہ (۲) کے فیس محصول ٹپہ و رجسٹری کی غرض روانگی سند تک بھیجا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

نمبر ۵ مورخہ ۱۳ آذر ۱۲۹۷ف

مضمون (۳۱) ایسا کوئی شخص مضافات میں جو کہ زبان اردو یا ملکی نہ جانتا ہو ملازم نہ ہو۔	مضافات کی عدالتوں کے کار پردازان جہاں کہ زبان عدالت وہی زبان ہے جو آئین ملکیہ میں

عموماً بولی جاتی ہے زبان اردو یا زبان ملکی سے ناواقف ہے اور باوجودیکہ سرکار سے سابقاً احکام جاری ہو چکے تھے کہ زبان اردو اور زبان ملکی سے واقف ہونا کہا گیا تھا مگر اُس کی کوئی تعمیل نہیں ہوئی تھی۔

عدالت ہائے ماتحت سے متواتر شکایات ان احکام کی عدم تعمیل کے نسبت موصول ہوئیں اور مجلس عالیہ عدالت میں یہ مسئلہ مدت سے زیر تجویز تھا کہ ایسے کارکنان کے باب میں کیا حکم ہونا چاہئے جنھوں نے باوجود اجرائے احکام کے اُن احکام کی تعمیل نہیں کی ہے اور اس مسئلہ کے طے کرنے میں زیادہ تر خیال اس امر کا تھا کہ ایسا حکم دیا جائے جس سے کار سرکاری میں بھی ہرج واقع نہ ہو اور کارکنان کا بھی زیادہ نقصان نہ ہو۔

اب بوصول حکم سرکار نشان انتظامی (۳۱۴) مورخہ ۱۱ خورداد ۱۲۹۷ف اس معاملہ کے متعلق حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

الف۔ مضافات کی عدالتوں کے کل ملازمین جو صرف زبان ملکی یا زبان اردو جانتے ہیں اور جو آخر اردی بہشت ۱۲۹۷ف تک ملازم ہو چکے ہیں وہ لزوم امتحان اردو اور امتحان زبان ملکی سے معاف کئے جاتے ہیں لیکن آئندہ اُن کی ترقی نہ ہوگی جب تک کہ وہ خود اردو یا زبان ملکی میں امتحان دیکر کامیابی حاصل نہ کریں۔

ب۔ سخت تاکید کے ساتھ حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ کوئی شخص جو صرف زبان ملکی یا صرف زبان اردو یا فارسی جانتا ہو کسی عدالت ماتحت واقع اضلاع میں کسی دفتری کام پر

اچھی طرح تنقیح کر کے سخت ممانعت کریں کہ اعتراض اور باز پرس سے بچیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ / دیوانی ۱ مورخہ ۸ مہر ۱۲۹۸ف

مضمون (۴۴) متعلق گشتی نشان (۳) دیوانی و فوجداری ۵ ۱۲۹۶ف ارسالی عدالت ہائے ماتحت عدالت	بسلسلہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان دیوانی (۳) و فوجداری ۵ مرقومہ ۲۹ بہمن ۱۲۹۶ف فدویہ، لہذا

گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ احکام گشتی مذکور کے دیگر اُس عدالتوں سے بھی متعلق کئے جاتے ہیں جنکا استثنا بحسب منشاء فقرہ (۳) گشتی مذکور کے، واقعا اور آیندہ سے وہ گشتی کل عدالتوں سے یکساں متعلق ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۷ / دیوانی ۷ مورخہ ۱۴ مہر ۱۲۹۸ف

مضمون (۴۵) سند وکالت اصالتاً مجلس عالیہ عدالت میں حاضر ہوکر بمطابق اُس قاعدہ کے حواستی میں بیان ہوا ہے بذریعہ ٹپہ حاصل کرنا چاہئے۔	دیکھا گیا کہ جو لوگ امتحان وکالت میں کامیاب ہوتے ہیں اکثر انہیں کی درخواست حصول سند وکالت کی بذریعہ ٹپہ مجلس عالیہ عدالت میں روانہ کرتے

ہیں حالانکہ بلا تحقیق اور شناخت کسی شخص کے سند وکالت کا دیا جانا مناسب نہیں ہے اور بذریعہ ٹپہ اسکی تحقیق ہونا دشوار۔

لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے جو لوگ کہ امتحان میں کامیاب ہوکر سند کے خواہاں ہوں اُن کو چاہئے کہ اصالتہً مجلس عالیہ عدالت میں حاضر ہوکر سند لیں۔

ف ۲۔ اگر کسی وجہ سے ایسے لوگ مجلس عالیہ عدالت کی حاضری سے معذور ہوں تو اُن کو لازم ہے کہ درخواست حصول سند وکالت کی ایسی عدالت کی معرفت مجلس عالیہ عدالت میں ارسال کریں جس عدالت کی تحریک و ذریعہ سے وہ شریک جلسہ امتحان کئے گئے تھے یا اُس ضلع کے ذریعہ سے جہاں وہ بروقت موجود ہوں اور اُس عدالت پر لازم ہوگا کہ کسی ایسی درخواست کے مجلس میں بھیجنے کے قبل اپنے طور پر اطمینان اس امر کا کرلے کہ عرضی گزار وہی شخص ہے جو امتحان میں پاس ہوا ہے۔

ف ۳۔ اسیطرح تجدید سند کی بھی درخواستیں اکثر ٹپہ پر آتی ہیں اور اُسکی

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

سال فوجداری ۵ / دیوانی ۵ مورخہ ۸ ر مہر ۱۲۹۸ف

مضمون (۴۴) تحتہ جات رخصت بصحت مرتب کریں

تحتہ جات رخصت جو منظوری کے لئے مجلس عالیہ عدالت میں آتے ہیں وہ نہایت درجہ ناقص ہوتے ہیں اور اسیوجہ سے درستی کے لئے تحتہ جات کا واپس کرنا ضروری ہوتا ہے ایک طرف تو تحتہ جات کی درستی میں دیر ہوتی ہے دوسرے طرف رخصت خواہ کا تقاضا ہوتا ہے کہ استفادۂ رخصت کی اجازت دیجاوے حالانکہ قاعدۃً ایسی حالت میں کہ تحتہ کی ترتیب ہی صحیح نہ ہو آیندہ کی رخصت کے لئے کوئی رائے قایم نہیں ہوسکتی ہے۔ لہٰذا بالتصریح حکم دیا جاتا ہے کہ تحتہ جات رخصت میں مراتب ذیل کے اندراج کا التزام کیا جائے۔

ف ۲۔ تحتہ کے خانہ (۷) میں تاریخ ختم رخصت درج نہیں کیجاتی ہے بعض مرتبہ صرف سنہ کے لکھدینے پر اکتفا کیا جاتا ہے کہ آیندہ سے ضرور ہے کہ ہر دفعہ کی رخصت متصلہ سابق کی تاریخ ختم بقید سنہ کے لکھی جایا کرے ایک ہی قسم کی متعدد اوقات کی رخصتوں کا ایک جا درج کرنا بھی قابل اعتراض ہے ہر ہر مرتبہ کی رخصت متصلہ کی تاریخ ختم بقید سنہ کے لکھی جایا کرے۔

ف ۳۔ خانہ (۸) میں جہاں تعداد رخصت درج ہوتی ہے لکھنا چاہئے کہ یہ رخصت کب سے کب تک کے لئے چاہی جاتی ہے۔ اور اُس کا آغاز کب ہو کر کس تاریخ رخصت ختم ہوگی۔

ف ۴۔ مجلس عالیہ عدالت کی گشتی نشان فوجداری (۲۲) دیوانی (۲۳) سنہ ۱۲۹۵ف کے فقرہ دوم کی تعمیل کمتر ہوتی ہے۔ لہٰذا اُس فقرہ کی تعمیل کے طرف عدالتیں متوجہ کیجاتی ہیں کہ رخصت خواہ اور اُس کے منصرم کے وطن کی تصریح تحتہ رخصت میں بخانہائے متعلقہ ضرور ہوا کرے۔

ف ۵۔ آیندہ سے ایسی غلطیوں کے اوپر مجلس سخت نظر سے دیکھی گی کہ اُس سے بہت ہی ہرج اور تضیع اوقات ہوتا ہے۔ اور رخصت خواہ کا بھی ہرج ہوتا ہے۔ پس آیندہ سے ایسی غلطیاں قابل تدارک ہونگی۔ اور افسروں کو بھی چاہئے کہ

فارمی اور واقعاتی تنقیحات ہوں اُن کا فیصلہ جداجدا کافی وجوہ اور دلائل کے ساتھ بحوالہ احکام شرعی و مسائل قانونی کیا کریں۔

دفعہ ۳۔ علی ہذا عدالت ہائے مرافعہ کو ضرور ہے کہ جملہ وجوہات مرافعہ ہر وجہ کی نسبت دلائل منظوری یا نامنظوری مفصلاً بحوالہ احکام شرعی و مسائل و احکام قانونی لکھا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۴۴}}{\text{دیوانی ۴۴}}$ مورخہ ۲۹ اسفندار ۱۲۹۹ف

مضمون گشتی (۴۴) دربارۂ دورہ۔ صدر عدالتہائے و عدالتہائے اضلاع	چونکہ دورہ و تنقیح عدالت ہائے اضلاع کی کارروائی عمدہ اصول پر نہیں ہے یعنی کسی عدالت کی تنقیح

صدر عدالت اور عدالت ضلع دونوں کیطرف سے ہوتی ہے اور کسی عدالت کی تنقیح کی نوبت ہی نہیں آتی اس لئے اُس کے متعلق ایک حکم مصرح جاری کرنا ضرور ہے تاکل عدالتوں کی تنقیح عمدہ طور پر ہوا کرے۔ لہٰذا اراکین مجلس عالیہ عدالت اس باب میں حسب ذیل احکام نافذ کرتے ہیں۔

الف۔ ہر صدر عدالت صوبہ کو لازم ہے کہ سال میں ایک مرتبہ عدالت ہائے ذیل کا معائنہ کیا کرے۔

(۱)۔ ہر عدالت ضلع واقع صوبہ خواہ وہ خالص فوجداری ہو یا خالص دیوانی عدالت یا دیوانی و فوجداری کی مشترک عدالت ہو۔

(۲) ایسی مصفی یا تحصیل کی عدالت جسکا معائنہ بلا ہرج وقت بحالت دورہ ممکن ہو۔

ب۔ صدر عدالت غربی کو یہ لازم ہوگا کہ ہر سال چند مصفوں کی کچہریوں کی بالالتزام تنقیح کیا کریں

ج۔ صوبہ غربی میں تعلقداران اضلاع کو اور دوسرے صوبوں میں مددگاران عدالت ہائے اضلاع اور نیز عملدار سر رشتہ ٹانڈور کو لازم ہے کہ سال میں یک مرتبہ عدالتہائے تحصیل و نائب تحصیل کا معائنہ کیا کریں تعلقداران اضلاع صوبہ شرقی و شمالی اور جنوبی بھی اپنے دورہ کے زمانہ میں تحصیلدار و نائب تحصیلداروں کی کچہریوں کی تنقیح کر سکتے ہیں۔ جن تحصیلدار و نائب تحصیلداروں کی کچہریوں کی تنقیح تعلقدار ضلع کرلیں تو پھر اُس ضلع کے

کارروائی کے نسبت بھی وہی احتمالات ہیں جو اوپر ذکر کیے گئے۔ لہذا اس کے نسبت بھی حکم دیا جاتا ہے کہ کسی ایسی درخواست پر جو اصالتاً پیش نہ ہو اور بالائے ٹپہ یا بتوسط عدالت کے آوے کوئی لحاظ نہ ہوگا۔

۴۔ جو شخص درخواست حصول یا تجدید سند کی روانہ کرے وہ سند کی درخواست کے ساتھ کاغذات ذیل معہ اُس قدر ٹکٹ ٹپہ کے (بصورت جواز کارروائی ٹپہ حسب منشاء فقرات بالا) مجلس میں روانہ کرے گا۔ جو واسطے محصول ٹپہ و رجسٹری روانگی سند کے کافی ہوں۔

الف۔ کاغذ مہور واسطے تجدید یا لکھے جانے سند کے۔

ب۔ اقرار نامہ حلفی و دستخطی درخواست گزار۔ (ج) سند سال گزشتہ جو سائل نے واپس کی ہو۔

۵۔ مجلس سے سند مرتب ہو کر درخواست گزار دل کو اُس عدالت کی معرفت بھیجی جاوے گی جس عدالت کی معرفت درخواست مجلس میں آئی ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی فوجداری/دیوانی نمبر ۲ ماہ ۔۔۔ ۱۲۹۹ف

مضمون (۴۶) فیصلے عدالتی مفصل لکھے جایا کریں ہر چند کہ محکمہ صدر المہام عدالت سے گشتی نمبر فوجداری (۱۵) دیوانی (۱۲) سنہ ۱۲۹۴ء میں جاری ہوئی تھی بدیں غرض کہ حکام عدالت فیصلہ جات عدالتی بالتصریح لکھا کریں لیکن دیکھا جاتا ہے کہ اُس گشتی کی پوری پابندی جیسے کہ چاہیئے نہیں ہوتی۔

لہذا حسب ایماء ارباب مجلس عالیہ عدالت تمام حکام عدالت کی توجہ گشتی مذکور الصدر کی تعمیل کے طرف مائل کیجاتی ہے اور حکم دیا جاتا ہے کہ گشتی مذکور کی بہ نہایت توجہ اور احتیاط سے بطور کامل تعمیل ہوا کرے۔ اگر آئندہ کسی عہدہ دار کا کوئی فیصلہ اس کے خلاف مجلس کے ملاحظہ میں آئے گا تو ایسا عہدہ دار نہ صرف مستوجب مواخذہ خیال کیا جائیگا بلکہ یہ سمجھا جائیگا کہ ایسا عہدہ دار اس عہدہ کے قابل نہیں ہے جس پر وہ مامور ہے۔

۲۔ تمام عدالت ہائے ابتدائی کو ضرور ہے کہ مقدمہ میں جس قدر امور

ہی باقی نہ رہے اور بعض امور جو ترک طریقہ گوشوارہ سے دریافت طلب باقی رہجاتے تھے اس کے لئے بذریعہ گشتی نشان فوجداری (۱۶) ۱۲۹۵ف یہ بھی حکم دیا گیا کہ عنوان تجاویز میں وہ مراتب درج ہوا کریں جو اُس گشتی کی رو سے بتادئے گئے ہیں لیکن ان اقدامات کے ملاحظہ سے جو فوجداری کی عدالت ہائے ماتحت کے مجلس عالیہ عدالت میں پیش ہوتی ہیں معلوم ہوتا ہے کہ اصل منشاء گشتی نشان (۱۶) ۱۲۹۵ف کے سمجھنے میں کسی قدر غلط فہمی ہوئی ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے تمام مقدمات فوجداری میں گوشوارہ بلحاظ ہدایت بالا مرتب ہوا کرے اور جو مقدمات فوجداری عدالت ہائے ماتحت سے مجلس عالیہ عدالت یا کسی ایسی عدالت میں جو مقتدر ایسے مقدمہ کی سماعت کی ہو بغرض تصفیہ یا تجویز کے سپرد کئے جاویں ایسے مقدمات میں گوشوارہ کی ایک نقل بھی مرتب ہوا کرے جو عدالت مافوق کی مثل میں شامل کرلی جایا کرے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان فوجداری (۷) مورخہ ۱۹ اردی بہشت ۱۲۹۹ف

مضمون (۱۹) ترمیم گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۷) بابتہ ۱۲۹۹ف دربارہ تعطیل کی تاریخ تک رہائی۔	بعض عدالتوں نے مجلس عالیہ عدالت کو اس جانب متوجہ کیا کہ مجلس عالیہ عدالت کی گشتی

نشان فوجداری (۷) ۱۲۹۶ف کی ترمیم کیجاوے اور ضرورت ترمیم کی بابت فقرہ (۲) و (۴) گشتی مذکورہ بیان کی گئی اور نیز فقرہ (۶) گشتی مذکورہ کا عدم مطلب تھا لہذا ترمیم گشتی نشان (۷) ۱۲۹۶ف بذریعہ گشتی ہذا احکام ذیل جاری کئے جاتے ہیں

الف فقرہ (۴) گشتی نشان (۷) ۱۲۹۶ف بالکل حذف کیا جاتا ہے

ب۔ فقرہ (۶) گشتی نشان (۷) ۱۲۹۶ف اس عبارت سے بدل کیا جاتا ہے اگر کسی قیدی کی میعاد قید جمعہ کو یا کسی اور ایسے روز جو تعطیل کو ختم ہونے والی ہو تو قیدی حکمنامہ کے ذریعہ سے اس روز کے ایک روز قبل عدالت میں حاضر کیا جائیگا اور رہا کیا جائے گا۔ اگر کسی قیدی کی میعاد کسی ایسی تعطیل میں ختم ہونے والی ہو جو ایک روز سے زیادہ ہو تو قیدی آغاز تعطیل کے پہلے عدالت میں بھیجا جاوے اور حاکم عدالت اُس کی رہائی کی تاریخ و وقت مقرر کردیں گے اور قیدی کا محبس میں واپس ہوگا۔

و دیگر عدالت کو اُن تحصیلدار اور نائب تحصیلدارونکی کچہری نویسی کی تنقیح کرنا ضرور نہ ہوگا۔

(۲) جن عدالتوں پر حسب مذکورہ بالا معائنہ عدالت ہائے ماتحت کا لازمی قرار دیا گیا ہے اُن کو چاہیئے کہ بر وقت روانگی دورہ کے مجلس عالیہ عدالت کو اطلاع دیں کہ کس تاریخ وہ عدالتیں دورہ کی غرض سے روانہ ہوئیں اور تاریخ آغاز دورہ تاریخ ختم دورہ تک ان عدالتوں کو چاہیئے کہ اپنی روزانہ کارروائی کا نقشہ ہفتہ واری حسب نمونہ ذیل منسلکہ گشتی ہٰذا مرتب کر کے مجلس میں بھیجتے رہیں تاکہ مجلس اُن کے دورہ کی کیفیت و کارروائی معلوم کر سکے

(۳) رپورٹ معائنہ بعد ختم معائنہ ہر ایک عدالت کی فوراً مرتب کیا کرے اور بعد ترتیب کے بعد صرف تین یوم صاف ہو کر مجلس عالیہ عدالت کے ملاحظہ کے لئے بھیجدی جایا کرے۔

نمونہ (۱) ۔ کارروائی روزانہ دورہ عدالت فلان بابتہ ہفتہ ( ) من ابتدائے

نام حاکم دورہ کنندہ	تاریخ ماہ و سنہ و روز	کیفیت کارروائی روزانہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت محکمۂ محروسۂ سرکار عالی

نشان فوجداری (۵) مورخہ ۵ سر فروردی سنہ ۱۲۹۹ ف

مضمون (۱) ترتیب گوشوارہ مقدمات فوجداری

مجلس عالیہ عدالت سے بذریعہ گشتی نشان فوجداری (۲) سنہ ۱۳۰۲ ہ و نشان فوجداری (۴) سنہ ۱۳۰۲ ہ بعدم ترتیب گوشوارہ کے متعلق احکام صادر ہوئے ہیں اُن کا منشاء صرف اسی قدر ہے کہ جس طرح قبل ان احکام کے گوشوارہ میں کسی محرر کے قلم سے خلاصہ بیانات فریقین و شہادت کا مع موجودہ مثل کے لکھے جانے کا طریقہ جاری تھا وہ طریقہ مسدود ہوا اور حکام عدالت اپنی تجویز میں ایسے مصرح اور بسیط خود اپنے قلم سے لکھا کریں جن میں بیانات فریقین و شہادت پیش شدہ کی ایسی شرح و بسط سے تذکرہ ہوا کرے کہ علیحدہ خلاصہ مرتب و شامل کرنے کی ضرورت

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

سالِ فوجداری ۱۳ / دیوانی ۱۱ مورخہ ۵ شہریور ۱۲۹۹ف

مضمون (۵۲) تمامی عدالتوں میں رجسٹر رخصت رکھا جاوے

مجلس عالیہ عدالت کو بملاحظہ تخمینہ جات رخصت ایسے حکام و عمال کی جنکی رخصت کی منظوری مجلس عالیہ عدالت یا اُس کے ذریعہ سے چاہی جاتی ہے معلوم ہوا کہ تحویات رخصت اکثر غلط طور پر مرتب ہوتے ہیں اور سنین گذشتہ کی رخصتوں کا پورا پورا حال درج تخمینہ نہیں ہوتا ہے جسکی زیادہ تر وجہ یہ ہے کہ عدالتوں میں کوئی رجسٹر رخصتوں کا نہیں رکھا جاتا ہے اور عندالضرورت تحویات حاضری وصول سے یا صرف زبانی یاد سے کام لیا جاتا ہے حالانکہ ہر عدالت میں ایک رجسٹر سالانہ رخصتوں کے متعلق رکھا جانا ضروری ہے لہذا بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ ہر ایک عدالت میں ایک رجسٹر سالانہ نمونہ ذیل کا رکھا جایا کرے تا جب کبھی رخصت کے حصول کی ضرورت ہو تو اسی رجسٹر سے رخصت ہائے سابقہ کی حالت دریافت کر کے منظوری یا نامنظوری رخصت کی نسبت رائے قائم کیا کرے۔

یہ رجسٹر ایک مجلد کتاب ہوگی اور جسطرح اعمال نامہ کی کتاب میں ہر شخص کے لیے چند اوراق چھوڑے جاتے ہیں اس میں بھی ہر شخص کے لئے چند اوراق چھوڑے جائیں گے اور جو لوگ جدید آتے جائیں گے اُن کے نام بڑھائے جائیں گے۔ جب کوئی عہدہ دار یا اہل عملہ اس محکمہ سے تبدیل ہو تو اس کے اصل حالات رخصت کے اس محکمہ میں جہاں وہ بہ تبدیل محکمہ یا ترقی پا کر گیا ہو بھیجدئے جائیں گے اور وہاں کی کتاب میں اُس کا نام درج ہو کر یہ عبارت داخل کیا کرے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

سالِ فوجداری (۱۵) مورخہ ۲۵ آذر ۱۲۹۹ف

مضمون (۵۳) تمامی عدالت ہائے فوجداری تعمیل حکم ریزولیوشن نمبر (۱/۱۴) مصدرہ ہوم ڈپارٹمنٹ صیغہ عدالت مصدرہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مطبوعہ ۲۱ امرداد ۱۲۹۹ف (دربارہ اجرت تشخیص طبی)

بمنظر ریزولیوشن ہوم ڈپارٹمنٹ نمبر (۱/۱۴) صیغہ عدالت مصدرہ ۴ اسفندار ۱۲۹۹ف دربارہ اجرت تشخیص طبی جو مندرجہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مطبوعہ ۲۱ فروردی ۱۲۹۹ف منتشر ہوا ہے کہ لکھا جاتا ہے کہ جہاں تک اس ریزولیوشن کا تعلق کارروائی صیغہ عدالت سے ہو

ج۔ بلدہ میں صدر مہتمم محبس بلدہ اپنے روبرو اور اضلاع میں مہتمم محبس اپنے روبرو اُس قیدی کو وقت مقررہ پر رہا کر دیں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نمبر $\frac{\text{فوجداری } ۱۰}{\text{دیوانی } ۸}$ مورخہ ۲۰ امرداد ۱۲۹۹ف

مضمون	
(۵۰) تعلقداران اضلاع اپنے اور دوم وسوم تعلقداروں کے عملہ کے نسبت کی منظوری کے مجاز ہیں	ابتک تعلقہ داران اضلاع کو اسٹا ف پیر دوم اور سوم تعلقہ داران کے عملہ کے بھرتی کی منظوری کا اختیار حاصل نہیں تھا جسکی وجہ سے بھرتی کی

منظوری میں تعویق ہوتی تھی اس لئے مجلس عالیہ عدالت نے سرکار میں تحریک کی کہ تعلقہ داران اضلاع کو یہ اختیار عطا ہونا چاہیئے چنانچہ وہ تحریک بذریعہ روبکار دفتر سوم سکریٹری لنتان انتظامی (۹ ۱۳۹) واقع ۱۱ تیر ۱۲۹۹ف سرکار سے منظور ہوئی لہذا بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تاریخ وصول گشتی ہذا سے تعلقہ داران اضلاع عملہ عدالتی متعلقہ عدالت ضلع دوم وسوم تعلقہ داران کے بھرتی کی منظوری باختیار خود کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نمبر فوجداری (۱۳) مورخہ ۱۶ شہریور ۱۲۹۹ف

مضمون	
(۵۱) تعمیل ہدایات رزولیوشن محکمہ جوڈیشل پالیٹکل نمبر $\frac{۲۷}{۱۱}$ مورخہ ۲۳ اردی بہشت ۱۲۹۹ف قواعد استعمال سیاحات	رزولیوشن عالیجناب مدار المہام سرکار عالی علاقہ جوڈیشل پارٹمنٹ صیغہ عدالت نمبر $\frac{۲۷}{۱۱}$ مورخہ ۲۳ اردی بہشت ۱۲۹۹ف نقل جو سہ سرکار

اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۱۱ تیر ۱۲۹۹ف میں طبع ہو چکا ہے عامی عدالتوں کو توجہ اس کی طرف دلائی جاتی ہے کہ جس قدر اسکا تعلق عدالت کے صیغہ سے ہے اسکی تعمیل عدالتہائے محروسہ کرینگے۔

یہ بھی معلوم رہے کہ رزولیوشن مذکور میں پہلے یہ حکم دیا گیا تھا کہ تاریخ نفاذ سے اس کا عملدرآمد ہو مگر مجلس عالیہ کی تحریک کے موجب حکم سرکار نمبر $\frac{۴۲}{۱۹}$ مورخہ ۱۱ امرداد ۱۲۹۹ف صادر ہوا ہے کہ اسکا عملدرآمد ۳۱ امرداد ۱۲۹۹ف مطابق ۹ جولائی ۱۸۹۰ء سے ہوگا۔

الف ۔ سزائیں جو مذکورہ دستور العمل افیون میں جو پانچسو روپیہ جرمانہ یا چھ مہینے کی قید یا دونوں سزائیں انتہائی قرار دی گئی ہیں اُن میں بغیر کسی خاص اور شدید ضرورت کے مجرمین کے لئے تخفیف نہ کیجایا کرے ۔

ب ۔ مخبرین اور گرفتار کرنے والوں کو عام اس سے کہ وہ سرکاری ملازمین سے ہوں یا غیر ملازمین سے دستور العمل افیون کے فقرہ (۲۹) کا انعام بھی عدالت سے دیا جایا کرے ۔

ج ۔ دستور العمل افیون کے فقرہ (۲۹) میں سرکار نے توضیح فرمائی ہے تاکہ انعام کی تجویز کرنے میں آسانی ہو بغرض مزید توضیح نقل فقرہ مذکور اس جگہ پر درج کیجاتی ہے ۔

نقل فقرہ (۲۹) دستور العمل افیون

جس عدالت میں مقدمہ رجوع ہوگا اُس عدالت کو اختیار ہوگا کہ جو شخص خواہ ملازم سرکار ہو یا غیر افیون ناجائز کی درآمد و برآمد اور فروخت ناجائز کی مخبری یا مجرم کی گرفتاری کا باعث ہو یا مال یا مجرم دونوں کو گرفتار کر کے لا دے تو وہ کل زر جرمانہ و قیمت مال بشرطیکہ مال ضبط ہو کر ہراج کرنے کا حکم صادر ہوا ہو اُس کو بطریق انعام دیا جائے گا ۔ جو کہ دوسری صورتوں میں سرکار کا حق ہو بشرطیکہ اس کی مقدار پانچسو روپیہ سے زاید نہ ہو ۔ پس جب کہ پانچسو روپیہ سے زاید ہو تو عدالت مجاز ہے کہ پانچسو روپیہ فی الفور دلا دے اور اگر باقی رقم بھی دینے کے لئے مناسب سمجھے تو اس کے لئے سرکار کی اجازت طلب کرے ۔

د ۔ اُن مقدمات کی بابت ایسے مقدمات مذکورہ منفصلہ کے دو نقشے حسب نمونہ ذیل ہر عدالت فوجداری ضلع سے اور نیز عدالت فوجداری بلدہ سے کمشنر صاحب آبکاری کے دفتر میں بھیجے جایا کریں جہاں سے صدر نقشہ مرتب ہو کر سرکار کے ملاحظہ کے لئے دفتر مالگذاری میں بھیجا جایا کرے گا ۔

(نوٹ مؤلف) ملاحظہ ہو دفعہ ۱۶ قانون افیون مجریہ ۱۳۰۸ف

اُس کی تعمیل جملہ عدالتوں کو کرنی چاہیے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان فوجداری ۱۶ مورخہ ۱۱ آبان ۱۲۹۹ ف
نشان ذیرالی ۱۵

(مضمون ۵۴) رزولیوشن نمبر $\frac{37}{14}$ مورخہ ۹ مہر ۱۲۹۹ ف کے صفحہ (۴) کی آٹھویں سطر کے آخیر میں بجائے لفظ نہوں کے لفظ ہین طبع ہو گیا ہے اور صحیح لفظ نہ ہوں ہے درست کرا لیا جائے۔

بوصول ضمیمہ رزولیوشن دفتر ہوم سکریٹری سرکار عالی نشان ($\frac{37}{14}$) صیغہ عدالت مورخہ ۹ مہر ۱۲۹۹ ف حکم دیا جاتا ہے کہ محکمہ موصوف کے رزولیوشن ($\frac{37}{14}$) مورخہ ۹ مہر ۱۲۹۹ ف کے صفحہ (۴) کی آٹھوین سطر کے آخیر میں بجائے لفظ نہ ہون کے ہین طبع ہو گیا ہے جسکی وجہ سے غلط فہمی ہو رہی ہے اس لیے لکھا جاتا ہے کہ صفحہ (۴) سطر (۸) کے اخیر میں بجائے لفظ ہین کے لفظ نہ ہون صحیح کر لیا جائے جس سے یہ منشا ہے کہ جن لوگوں کے پاس ۱۲۹۴ ف کے قبل سے احکام اجازت وکالت کے باسناد متروط الامتحان ہوں گی اور جنہوں نے مجلس عالیہ عدالت کے اشتہار مورخہ ۲۴ آبان ۱۲۹۷ ف کی تعمیل کی ہوں گے وہ بموافق امتحان رعائتی سند وکالت پانے کے مستحق ہوں گے۔ جو لوگ قبل ازیں سرمایہ وکالت سابقہ سند پا چکے ہیں اُن سے یہ حکم متعلق نہیں ہے البتہ آئندہ بوجہ صدور اس رزولیوشن کے اُن لوگوں کو سندیں ملیں گی جن کے پاس کوئی حکم متعلق اجازت وکالت نہو اور بسند محض قدیم سے وکالت کرنے کی بناء پر طلب کرتے ہوں

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان فوجداری (۲) مورخہ ۲۷ مردی ۱۳ ف

مضمون ۔ (۵۵) متعلق افیون کے مجرمین کو پوری سزا دیجایا کرے۔

سررشتہ مالگزاری کی شکایت سے معلوم ہوا کہ افیون کے متعلقہ جرائم کے مجرمین کو عدالت ہائے فوجداری سے بہت ہی کم اور ہلکی سزائیں دیجاتی ہیں جس سے کوئی اثر حاصل نہیں ہوتا ہے اور اُس کے متعلق جرائم کی ترقی ہوتی جاتی ہے۔ لہذا اطلاعاً عدالت ہائے فوجداری کی اطلاع کے لئے عالیجناب مدار المہام سرکار عالی کے حکم صیغہ مال کا اقتباس ذیل میں درج کیا جاتا ہے تا عدالت ہائے فوجداری آئندہ اُس کی تعمیل پورے طور پر ملحوظ رکھیں۔

عالیجناب نواب مدارالمہام سرکار عالی جو بذریعہ ویکارہ گلستان انتظامی (۲۹۱) مورخہ ۱۲۔ آبان ۱۲۹۹ف صادر ہوا واسطے تمامی عدالتہائے فوجداری کے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

الف۔ جب کہ گولکنڈہ برگیڈ کا کوئی سپاہی وغیرہ مقابلہ رعایا مرتکب کسی جرم کا ہو تو پولیس کو اختیار حاصل ہے کہ اگر وہ سپاہی حدود لین سے باہر ہے تو اسکو اپنے علاقہ میں لیکر فی الفور اس رجمنٹ کے سرگروہ کو اطلاع دیں اور اگر وہ سپاہی حدود لین میں ہے تو اولاً سرگروہ رجمنٹ کو اطلاع دیں اور بعدہ اُس کے اُس کی گرفتاری کریں۔

ب۔ عدالتوں کو اختیار ہے کہ اگر بنا سبب سمجھیں تو اسی رائے سے کسی خاص مقدمہ میں اُس سپاہی یا افسر کو کمیانڈنگ افسر برگیڈ کی تحریر یا اہیں کے سپرد رکھیں اس شرط سے کہ ضرورت کے وقت عدالت میں ملزم بلا تامل حاضر کیا جائیگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۶) مورخہ ۲۲ بہمن ۱۳۰۰ف

مضمون (۵۷) افسران فوج کو نقل فیصلہ عدالت متعلقہ سپاہیان فوج کے دیا کریں۔	یہ امر معلوم ہوا ہے کہ بعض اوقات افسران فوج نے جن کا تعلق ایسے فوجی اشخاص سے ہوتا ہے جن پر کوئی الزام

فوجداری عدالتہائے فوجداری سرکار عالی میں قایم کیا جاتا ہے نقل فیصلہ عدالت کی طلب کی ہے جو درباب اُن فوجی اشخاص کے عدالت سے صادر ہوا ہے لیکن عدالتوں نے اس خیال سے کہ اس نقل کے حاصل کرنیکا حق صرف اُس شخص کو ہے جس کے متعلق کوئی حکم عدالت سے ہوا ہو یا وہ کوئی فریق مقدمہ کا ہو نقل کے دینے سے افسران فوج کو انکار کیا ہے اس لئے بذریعہ گشتی ہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ اگر کسی مقدمہ فوجداری میں فوج کے سپاہی ملزم ہوں تو افسران فوج مجاز ہیں کہ اُن ملزمین کی طرف سے نقل ایسے مقدمہ کے فیصلہ کی حاصل کریں جن میں اُن کے ماتحت سپاہی ملزم ہوں اس لئے آیندہ عندالطلب افسران فوج کو نقل فیصلہ عدالتی کی بصورت مذکرہ بالا دیجایا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۷ (۶) دیوانی مورخہ ۲۸۔ امرداد ۱۳۰۱ف

مضمون (۵۸) پیشکاران تحصیل بطور منصرم عدالت کے کام کیا کریں۔	ایک مدت سے یہ مسئلہ زیر تجویز تھا کہ تحصیلات میں مالی اغراض کے لئے پیشکار جو مقرر ہوتے ہیں اُن کو سررشتہ

نمونہ الف متعلق مقدمات متدائرہ -

متدائرہ				منفصل امسال	باقی	تفصیل باقی جات (۶)				کیفیت
[illegible]	[illegible]	[illegible]	جملہ			[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱

نمونہ ب متعلق مقدمات منفصلہ -

[illegible]	نوعیت جرم	مقدار ضرر اشیاء مسروقہ		[illegible]	کیفیت
		[illegible]	[illegible]		
۱	۳	۲	۴	۵	۶

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵) مورخہ ۱۲ امین سنہ ۱۳ف

مضمون (۵۶) دربارہ گرفتاری ملزمین گولکنڈہ گارڈ | چونکہ گولکنڈہ گارڈ کے کمانڈنگ آفسر کو شکایت ہے کہ اُس کے افسراں و جوانان براہ راست عدالتوں میں گرفتار ہو آتے ہیں اور اُن کے ساتھ رعایت مرعی نہیں ہوتی جو ایک باقاعدہ فوج کے ساتھ ہیں ۔ لہذا بصدور حکم

بحالت عدم موجودگی تحصیلدار

۱۔ وصول طلب کا جواب دینا جہاں تک کہ دفتر اور سررشتہ کی کارروائی سے متعلق ہو۔

۲۔ سائل ارزش عرضی کا حکم دینا۔

۳۔ رہائی ڈگریدار یا واپسی زر واصل مدیون کا حکم دینا جبکہ وہ روپیہ ادا ... ہو

حصہ فوجداری

وہ خدمات جو بحالت موجودگی و عدم موجودگی پیشکار کو کرنی چاہییں۔

۱۔ دستکاری اور مال لاوارث کے متعلق جائداد کا تحویل میں لینا اور حکم اشتہار کا جاری کرنا

۲۔ ملزموں کے حوالات میں بھیجے جانے کے حکم کا عدالت سپردگی پر دستخط کرنا۔

۳۔ وصول جرمانہ کی کارروائی کے احکام اجرا کرنا۔

بحالت عدم موجودگی تحصیلدار مستقر

۱۔ چالان کا لینا اور مدعی و گواہ کی حاضری کے لئے مچلکہ یا ضمانت لینے کا حکم دینا اور ملزموں کی نسبت حوالات میں بھیجے یا جرم قابل ضمانت میں ضمانت پر رہنے کا حکم دینا بشرطیکہ کسی وجہ سے تحصیلدار اپنے علاقہ تحصیل سے باہر گئے ہوں ایسی حالت میں درخواست استغاثہ کا لینا اور تحصیلدار کے آنے پر اس کو پیش کر دینا۔

۲۔ درخواست ہائے عدم روادی حکاری یا مال لاوارث کی لینا اور تحصیلدار کے سامنے حکم کے لئے پیش کر دینا۔

خدمات مشترکہ متعلقہ دیوانی و فوجداری جو پیشکار کو کرنا چاہئے

خواہ تحصیلدار مستقر پر ہوں یا نہ ہوں

۱۔ کسی قسم کا روپیہ اگر داخل ہوتا ہو تو اس کے جمع ہونے کا حکم دینا۔

۲۔ تختہ جات ماہانہ و سالانہ کی جانچ و روانگی۔

عدالتوں میں بھی کچھ دخل ہونا چاہئے جس سے وہ عدالتی کام میں واقفیت حاصل کرسکیں اور عندالضرورت بشکیہ تحصیلدار شہر حاضر ہوں پیشکار خصلی کے طور پر عدالت کا کام کرسکے کم سے کم بھی سفر کیتے وانکی رہنگا کیونکہ علاقوں کی عدالت کا کوئی ناعدہ صاف نہیں ہے صرف ایک عادت قدیم ہوسکی ہے اسکا اندرونی عمل آمد کام چلا جاتا ہے اور نعتی بھی ایک متن نہیں آئی اور تحصیل کے پیشکاروں کو بہا کام سپرد ہوتا ہے لہذا بعد غور سرکار سے بذریعہ روبکار مہوم ثوبانہ خدمت بشان آنرلیبل (۲۱۷) مورخہ ۲ آبان ۱۲۹۹ ف ملتمس کردہ بالا کے لئے منظوری صادر فرمائی ہے کہ جملہ معاملات میں پیشکار تحصیل بطور منتظم سررشتہ کے عدالتی کام انجام دیا کریں اس لئے اس کے متعلق قواعد حسب ذیل نافذ کیے جاتے ہیں۔

حصہ دیوانی

وہ خدمات جو پیشکار تحصیل کو انجام دینا چاہئے خواہ تحصیلدار سفر پر موجود ہوں یا نہ ہوں۔

نمبر ۱۔ عرائض دعویٰ کا لینا تاریخ مقرر کرکے فریق ثانی کے نام طلب نامہ کا جاری کرنا اور اگر عرضی دعویٰ قابل نامنظوری یا واپسی کے ہو تو اپنی رپورٹ کے ساتھ تحصیلدار کے سامنے حکم اخیر کے لئے پیش کرنا یا عرائض دعویٰ اگر ترمیم کے لائق اور مدعی کو اس ترمیم میں عذر نہ ہو تو ترمیم کرلینا بحالت عذر حکم اخیر کے لئے تحصیلدار کے سامنے پیش کرنا۔

نمبر ۲۔ عرائض طلبی ثبوت کا لینا اور ایسے طلب نامجات جاری کرنا۔

نمبر ۳۔ تمام طلب نامجات و حکمنامجات و اشتہارات پر (جن کے اجرا کا تحصیلدار حکم دے چکے ہوں) دستخط کرنا اور ایسے احکام کے لئے جو طلبانہ وغیرہ مطلوب ہو اس کے ادخال کے لئے تاریخ مقرر کرنا۔

نمبر ۴۔ بیانات تحریری کا لینا اور تحصیلدار کے سامنے مثل کے ساتھ پیش ہونے کا حکم دینا۔

نمبر ۵۔ درخواست ہائے تعمیل کا لینا اور اسکی جانچ کرکے حکم حسب درخواست ڈگریدار کے دینا مگر یہ احکام بعد منظوری تحصیلدار کے جاری ہوا کریں گے۔

نمبر ۶۔ درخواست ہائے عذرداری کا صیغہ تعمیل میں لینا اور فریق ثانی کی طلبی کا حکم دینا اور تاریخ مقرر کرکے تحصیلدار کے سامنے پیش کرنا۔

نمبر ۷۔ عطاء نقول و معائنہ مثل کا بلحاظ ضابطہ حکم دینا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ دیوانی ۱ مورخہ ۲۰ مہر سنہ ۱۳۰۱ف

مضمون (۶۱) عمل یا علم منصبی کی بابت کوئی عہدہ دار سوالات کے جواب دینے پر مجبور نہ کیا جاوے گا۔

مجلس عالیہ عدالت میں یہ مسئلہ پیش ہوا ہے کہ حکام دیوانی یا فوجداری عمل یا علم منصبی کی بابت سوالات کے جوابات دینے پر مجبور کئے جا سکتے ہیں یا نہیں اور ایسی مجبوری اگر جائز رکھی جاوے تو کس شرائط کے ساتھ۔

اس مسئلہ کو مجلس عالیہ عدالت نے اپنی رائے کے ساتھ سرکار میں پیش کیا اور سرکار سے بذریعہ روبکار معتمدی ڈپارٹمنٹ دیوان اسٹامپ (۸۵۸) مورخہ ۱۷ آذر سنہ ۱۳۰۱ف مجلس عالیہ عدالت کی رائے کو منظور فرمایا لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ کوئی حاکم عدالت دیوانی یا فوجداری ماتحت مجلس عالیہ عدالت واسطے دینے اظہار کے بابت کسی اپنے عمل کی جو اس نے عدالت میں بمنصب ایک حاکم عدالت دیوانی یا فوجداری کے کیا ہو یا بابت کسی ایسے امر کے جو اسی حیثیت سے عدالت میں اس کو معلوم ہوا ہو طلب اور کسی ایسے سوالات کے جواب دینے پر مجبور نہ کیا جاوے گا تاوقتیکہ حکم خاص مجلس عالیہ عدالت صادر نہ ہوا ہو۔

توضیح کے لئے ان احکام کی تمثیلیں بیان کی جاتی ہیں۔

الف۔ زید ملزم نے مجلس عالیہ عدالت کے روبرو بصیغہ تصحیح اپنے مقدمہ کی تجویز ہونے کے وقت کہا کہ عمرو ناظم فوجداری ضلع نے اظہار غلط طور پر نامناسب لیا تھا پس عمرو ناظم فوجداری ضلع بغیر حکم خاص کے اس باب میں سوالات کے جوابات دینے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔

ب۔ زید پر عدالت صوبہ کے روبرو الزام اسناد کا لگایا گیا کہ اس نے روبرو عمرو ناظم عدالت فوجداری ضلع کے جھوٹی شہادت دی تھی عمرو ناظم فوجداری ضلع سے بغیر حکم خاص کے اس امر کی بابت جو زید نے کہا کوئی سوال نہیں کیا جا سکتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۱۲ آبان سنہ ۱۳۰۱ف

مضمون (۶۲) جو حکام سزائے تازیانہ دیتے ہیں وہ اس کا استعمال ایک حد تک ضرور کیا کریں

سنہ ۱۲۹۹ف کے نقشہ جات فوجداری کے ملاحظہ سے معلوم ہوا کہ اس سال عدالت ہائے فوجداری سے صرف (۹۹) اشخاص کے نسبت سزائے تازیانہ تجویز کی جس میں (۱۷) اشخاص کو یہ سزا فوجداری بلدہ سے دی گئی اور صرف ۲۸ اشخاص دوسری کل عدالتوں سے اس سزا کے مستوجب قرار پائے جس سے صاف

۳۔ مثلہائے عاریہ پر دستخط کرنا۔
۴۔ کاغذات و اشتہارات مطلوبہ عدالت ہائے مرافعہ کا بھیجنا۔
۵۔ طلب نامجات موصولہ محکمہ جات و عدالت ہائے دیگر کی تعمیل کا حکم دینا۔
۶۔ حضرہائے متعلقہ عدالت کی اجیر مہینے پر جانچ کرنا۔

یہ بات خوب ذہن نشین رہے کہ جو ہدایتیں پیشکار کے متعلق لکھی گئی ہیں اُن سے یہ مطلب نہیں ہے کہ تحصیلدار اُن کاموں کو نہیں کر سکتے یا اُن میں اُن کو دست اندازی نہ کرنی چاہیئے اور تحصیلداران کی نگرانی نہیں کر سکتے بلکہ ان قواعد سے صرف یہ مطلب ہے کہ تحصیلدار چھوٹی چھوٹی کارروائی عدالتوں سے سبکدوش رہ سکیں اور پیشکاروں کو عدالتی کام دیکھنے اور اس میں دروکرنے کا موقع ملے جس سے فریقین کو بھی آسانی ہوگی۔ اور پیشکار بھی آئندہ کو بخوبی خدمت کے انجام دینے کی لیاقت پیدا کر سکیں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت و مال سرکار عالی نشان فوجداری (۸) دیوانی ۸ مورخہ ۲۸ امرداد ۱۳۱۰ف

مضمون (۵۹) گواہوں کے لینے سے بعد تعداد گواہان انکار نہ کرنا چاہیئے۔	ایک عدالت نے ایک مقدمہ میں فریق پیش کنندہ گواہ کو مجبور کیا کہ وہ نصاب سے زیادہ گواہ پیش نہ کرے یہ طریقہ

نامناسب ہے لہٰذا ہدایت کیجاتی ہے کہ عدالتوں کو گواہان پیش کردہ کسی فریق کے اظہار کے قلمبند کرنے سے بدیں وجہ انکار نہ کرنا چاہیئے کہ گواہان بہ تعداد زائد پیش ہوتے ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت و مال سرکار عالی نشان فوجداری (۹) مورخہ ۱۴ شہریور ۱۳۱۰ف

مضمون (۶۰) نتیجہ مقدمات فوجداری سے پولیس کو اطلاع دیجانا چاہیئے۔	ناظم صاحب کوتوالی اضلاع کی تحریر سے معلوم ہوا کہ جو مقدمات فوجداری جو پولیس سے عدالت میں چالان ہوتے ہیں

اکثر عدالتوں سے اُن مقدمات کے نتیجہ اخیر سے پولیس کو اطلاع نہیں دیجاتی ہے لہٰذا بذریعہ گشتی ہذا حکم تاکیدی دیا جاتا ہے کہ جملہ عدالت ہائے فوجداری ان مقدمات کے نتیجہ اخیر سے جو پولیس سے عدالت میں چالان ہو کر فیصلہ ہوا کریں بعد فیصلہ پولیس کو بالالتزام اطلاع دیا کریں۔

۸ ۔ نام سفارش کنندہ کے ہمراہ جن کے حدود کے اندر وقوع جرم کا ہوا ہو معہ نام اس تھانہ کے جس کے حدود کے اندر ملزم رہتا ہو ۔

۹ ۔ فقرہ وار مختصر بیان واقعات متعلقہ جرم کا ۔

۱۰ ۔ دستخط مستغیث مع قید تاریخ ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان نمبری ۱۵ / دیوانی ۱۵ مورخہ ۲۶ آبان سنہ ۱۳۰۰ف

مضمون (۱) فہرست پیشی مقدمات جسکا کسی برائے ملاحظہ عام بر عدالت آویزاں ہوا کرے ۔	رپورٹ ہائے معائنہ کے ملاحظہ سے مجلس کو معلوم ہوا ہے کہ

اکثر عدالت ہائے ماتحت میں کوئی فہرست مقدمات پیشی کی (کاز لسٹ) آویزاں نہیں کیجاتی حالانکہ ایسی ایک فہرست کا جس میں ایک ہفتہ کے مقدمات تاریخوار درج ہوا کریں اہل مقدمات اور وکلاء کی اطلاع کی غرض سے در عدالت پر آویزاں ہونا بہت ہی ضروری ہے ۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے ایک فہرست مقدمات پیشی ہفتہ وار حسب نمونہ ذیل برائے ملاحظہ عام عدالت بغرض اطلاع اہل مقدمات و وکلاء آویزاں کیا جایا کرے ۔

(۱) یہ فہرست جو ہر ہفتہ کے اول روز تیار ہو کر شائع کیجاویگی اس میں دوسرے ہفتہ کے جملہ مقدمات درج کئے جاویں گے مثلاً جو فہرست کسی مہینے کے ہفتہ اول کو آویزاں کیجاویگی اس میں اس مہینے کے جملہ مقدمات ہفتہ دوم درج کئے جاویں گے اسیطرح جو فہرست دوسرے ہفتہ کے اول روز آویزاں کیجاویگی اس میں جملہ مقدمات ہفتہ سوم اس ماہ کے درج کئے جاویں گے اور چوتھے ہفتہ کی فہرست میں مقدمات ہفتہ اول میں ابتدا ماہ آئندہ درج ہوں گے اور جو سلسلہ مقدمات کی سماعت کا اس فہرست میں قرار دیا جاویگا وہ بطور عام متروک نہ کیا جاویگا ۔

(۲) اس فہرست میں ہر ہر روز کے مقدمات کے ساتھ ہی کافی گنجایش اس کے لئے چھوڑ دیجاویگی کہ بعد میں اگر اور کسی مقدمہ کی تاریخ پیشی اس روز قرار دیجاوے تو وہ بسہولت اسپر چڑھایا جاسکے

(۳) خانہ (۶) نمونہ مندرجہ ذیل میں ہر ہر مقدمہ کے مقابلہ میں یہ بتلایا جاوے گا کہ اس روز مقدمہ کی پیشی کس غرض سے قرار پائی ہے آیا مقدمہ اس روز بغرض امور تنقیح طلب قرار دئے جانے کے پیش ہوگا یا اس روز مقدمہ میں ثبوت لیا جاویگا یا صرف بغرض فیصلہ سنانے کے اس روز تاریخ پیشی قرار دیگئی ہے ۔

ثابت ہے کہ عدالت ہائے فوجداری اضلاع نے اس سزا کا بہت کم استعمال کیا۔
لہٰذا بذریعہ گشتی ہذا اُن کل افسروں کو جو سزائے تازیانہ کے مجاز رہیں ہدایت کیجاتی ہے کہ
اُن جرائم میں جنکی تصریح گشتی محکمہ مدارالمہام سرکار عالی نشان فوجداری (۳) ۱۲۹۵ف میں ہوئی ہے کہ
ایک مناسب حدتک سزائے تازیانہ کا استعمال کیا کریں بالخصوص کمسن مجرموں کے حق میں اور نیز دیگر
ایسے اشخاص کے حق میں جو کہ جرائم قابل سزائے تازیانہ کا ارتکاب کرکے مجرم ثابت ہوئے ہوں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۴) مورخہ ۲۳ آبان ۱۳۱۳ف

مضمون (۱۴) اجرائی نمونہ استغاثہ فوجداری | استغاثہ فوجداری کے لئے کہ کس طرح پر تحریر کیا جاوے ابتک
کوئی نمونہ مقرر نہ تھا اور اسکی وجہ سے مختلف عدالتوں میں مختلف طور پر استغاثہ ہائے فوجداری تحریر
ہوکر داخل ہوتے ہیں جس سے دقت ہوتی ہے لہذا بذریعہ گشتی ہذا نمونہ استغاثہ فوجداری کا تعین
کیا جاتا ہے اور حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے استغاثہ ہائے فوجداری نمونہ ذیل کے بموجب ہی کر کے عدالتہائے
فوجداری میں داخل ہوا کریں اور اگر کسی امر کا متعلقہ امور مصرحہ ذیل کے لکھا جانا بوجہ لاعلمی مستغیث کے
عرضی میں ترک کیا جاوے یا گشتی نشان (۳) فوجداری ۱۲۹۵ف کی فہرست کے نمبر کے حوالہ میں
غلطی ہووے تو محض اسوجہ سے عرضی نامنظور نہ ہوگی۔

نمونہ استغاثہ فوجداری کا

۱ - نام عدالت جہاں استغاثہ داخل کیا جاتا ہے۔
۲ - نام و ولدیت و قومیت و سکونت و پیشہ و عمر مستغیث۔
۳ - نام و ولدیت و قومیت و سکونت و پیشہ و عمر مستغاث علیہ
۴ - نام جرم جسکا الزام لگایا جاتا ہے بحوالہ نمبر جرم مصرحہ گشتی نشان (۳) ۱۲۹۵ف یا بحوالہ دیگر قانون یا حکم مختص الامر یا مقام
۵ - تاریخ وقوع جرم۔
۶ - مقام وقوع جرم
۷ - نام گواہان مستغیث (اگر کسیوجہ سے نام گواہان نہ لکھا جائے تو وجہ اسکے نہ لکھے جانے کی)

کہا جائے ملکی کا غذ پر تحریر کے لئے بھی کی سیاہی مناسب ہے انگریزی سیاہی اس کے لئے مناسب نہیں ہے جب ملکی کاغذ استعمال کیا جائے تو انگریزی سیاہی کا استعمال نہ ہونا چاہئے اس موقع پر یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ عملوں کو بھی تمام دفتری تحریرات میں ان ہدایات کا پورے طور پر لحاظ رکھنا ضرور ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) - مورخہ ۵ فروردی سنہ ۱۳۰۱ف

مضمون (۶۶) نابالغ مجرمین کو بجائے قید کے حتی الامکان سزائے مار بید دیا کریں۔

ملاحظہ رپورٹ محکمہ جیل ہائے محابس ممالک بابتہ سنہ ۱۳۰۰ف لکھا جاتا ہے کہ نابالغ مجرمین کو عدالت ہائے فوجداری سے اکثر قید کی سزا دیجاتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایسے نابالغ لڑکے بوجہ اس کے کہ ان کی قید کے لئے دوسرے قیدیوں سے علیحدہ کوئی مکان نہیں ہے۔ قدیم قیدیوں کی بری صحبت سے متاثر ہوتے ہیں لہذا اس خرابی کے رفع کرنے کی غرض سے حکام خاص عالیہ عدالت ایما فرماتے ہیں کہ تاوقتیکہ کوئی مکان علیحدہ ایسے نابالغوں کی قید کے لئے تیار نہ ہو تمام حکام فوجداری جہاں تک ممکن ہو نابالغ مجرموں کو صرف تازیانہ کی سزا دیجائے بجائے سزائے قید کے دیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی شان فوجداری (۴) مورخہ ۲۶ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۱ف

مضمون (۶۷) ناظمان عدالت فوجداری حکم ضبطی اموال اشخاص متوفی لاوارث کا بعد کامل تحقیقات کے دیا کریں۔

بوصول مراسلہ محکمہ سرکار دستان (۳۰) مورخہ ۸ اسفندار سنہ ۱۳۰۱ف کل ناظمان عدالت ہائے فوجداری کی توجہ اس امر کے طرف دلائی جاتی ہے کہ جب کوئی مال بصیغہ لاوارثی ضبط ہو کر کسی عدالت فوجداری میں آئے اور کوئی شخص اس بیان سے کہ وہ شخص متوفی کا وارث ہے اس کا دعویدار ہو تو اس کے دعوے کی عدالت فوجداری کو پوری تحقیقات کرنی چاہیے اور جب تک پورے طور سے ثابت نہ ہو جائے کہ متوفی کا کوئی وارث مستحق مال متروکہ نہیں ہے تب تک ضبطی متروکہ کا حکم نہ دیا جایا کرے بلا تحقیق کامل ضبطی کا حکم دینا یا شخص دعویدار کو صیغہ دیوانی میں رجوع ہونے کی ہدایت کرنا بالکل نامناسب ہے سرکار کا ہرگز یہ منشا نہیں ہے کہ ان اشخاص کا متروکہ بھی جنکے

نمونہ فہرست پیشی مقدمات ہفتہ

(اول۔ یا دوم وغیرہ جیسی کہ صورت ہو۔)

مہر اجلاس   دستخط حاکم

۱ ۔ تاریخ پیشی مقدمات تقیید روز دوسرے۔
۲ ۔ نشان مقدمہ ۔
۳ ۔ نام فریقین ۔
۴ ۔ تاریخ رجوع مقدمہ ۔
۵ ۔ نوعیت دعوے یا علت ۔
۶ ۔ کس غرض سے مقدمہ اس تاریخ میں پیش ہوا ۔
۷ ۔ کیفیت

(۴) اس نمونہ سے نمونہ نمبر (۳) منسلکہ گشتی مجلس عالیہ نشان دیوانی (۲۱) سنہ ۱۲۹۵ف منسوخ سمجھا جاویگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{صداری (۱)}}{\text{دیوانی ۳}}$ مورخہ ۲۹ بہمن سنہ ۱۳۰۱ف

مضمون (۶۵) فیصلہ جات و اظہارات بخط صاف لکھے جایا کریں۔

اشتملہ مقدمات کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض حکام ماتحت اظہارات و فیصلے اور دوسرے احکام ایسی بے پروائی سے لکھتے ہیں جس سے ان کے فیصلہ جات و اظہارات اور احکام کے پڑھنے میں سخت دقت واقع ہوتی ہے بلکہ بعض الفاظ باوجود کوشش کے بھی پڑھے نہیں جا سکتے اور یہ دقت ان صورتوں میں اور بھی زیادہ ہوجاتی ہے کہ حاکم ملکی کاغذ پر انگریزی سیاہی سے لکھتے ہیں لہذا حکام ماتحت کی توجہ اس امر کی طرف دلوائی جاتی ہے امید ہے کہ آئندہ سے حکام ماتحت اسکا بخوبی لحاظ رکھیں گے ۔

واضح ہو کہ اس سے یہ منشا نہیں ہے کہ خط بالکل نستعلیق ہو لیکن یہ ضرورت ہے کہ خط ایسا ہو جو

مقرر کر کے فریقین کو دوسری تاریخ مقررہ سے مطلع کر دے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۷) مورخہ ۱۹ مہر ۱۳۰۱ف

مضمون (۹) القرتاریخ مقامات فوجداری موجبہ مجلس	بہ تسلسل گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۹)

مورخہ ۱۴ ار خورداد ۱۲۹۶ف اطلاع دیجاتی ہے کہ حسب قرار داد سالیہ مقامات فوجداری جلسہ منصفی میں روزمرہ و سہ شنبہ پیش ہوا کریں گے لہذا مقدمات فوجداری جو حسب منشاء گشتی نشان (۲) فوجداری ۱۲۹۶ف مجلس عالیہ عدالت میں عدالت ہائے ماتحت سے تفویض ہوں باستثنائے ان مقدمات کے جن میں تجویز قصاص کی ہو ان کی تاریخ عدالت ہائے ماتحت سے روز ہائے شنبہ و سہ شنبہ مقرر کیا کرے اور جن مقدمات میں تجویز یا رائے قصاص کی ہو ایسے مقدمات چونکہ اجلاس کامل میں پیش ہوتے ہیں اور اجلاس کامل علاوہ یکشنبہ اول و سوم کے ہر یکشنبہ کو بھی ہوتا ہے لہذا ایسے مقدمات فوجداری میں جن میں رائے قصاص کی ہو تاریخ پیشی علاوہ یکشنبہ اول و سوم کے ہر یکشنبہ بھی مقرر کیجا سکتی ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) دیوانی (۹) مورخہ ۲۴ آبان ۱۳۰۱ف

مضمون (۷) حکام اپنے دستخط کے ذیل میں اپنے اقتدارات کی بھی صراحت کر دیا کریں ۔	اکثر دیکھا گیا ہے کہ جو فیصلہ جات و احکام عدالت ہائے ماتحت کے حکام مجلس عالیہ عدالت کے ملاحظہ میں پیش

ہوتے ہیں اُن کے ملاحظہ سے یہ نہیں معلوم ہوتا ہے کہ اس حاکم مجوزہ کو بر وقت کہ اس نے وہ حکم یا فیصلہ صادر کیا کس حیثیت کا اقتدار تھا ممکن ہے کہ من بعد اس حاکم کے اقتدارات میں کمی یا زیادتی ہو جائے لیکن وہ اقتدارات حکم سابقہ پر موثر نہ ہو سکتے جبکہ اقتدارات منحصر عہدہ پر نہ ہوں بلکہ اختیارات شخصی ہوں تو اُن کا اندراج بجائے عہدہ کے ہونا لازم ہے لہذا احکام مجلس عالیہ عدالت اجلاس اسلامی سے حکم صادر فرماتے ہیں کہ جب کوئی مجوزہ بحیثیت اپنے اقتدارات عدالتی کے کوئی حکم یا تجویز صادر کرے تو اُس مجوزہ کو لازم ہے کہ اپنی دستخط کے تحت میں اُن اقتدارات کی بھی تصریح کر دے کہ جس حیثیت و اقتدار سے وہ حکم یا تجویز صادر کیا ہو مثلاً تعلقدار وہ اپنی دستخط کے ذیل میں یہ صراحت کر دے کہ اُس کو اقتدارات نظامت فوجداری درجہ اول یا دوم یا سوم کے حاصل

وارث جائز موجود ہوں بصیغہ لاوارثی ضبط کیا جائے بلکہ اس قسم کے مدعیان کو کامل آزادی دیا کریں کہ وہ اپنے دعوے کے اثبات میں کوئی چارہ کار متروک نہ کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵) مورخہ ۹ خورداد سنہ ۱۳۰۱ف

مضمون: [illegible] مقدمات فوجداری عدالت ضلع سے صدر عدالت میں تفویض ہوں اُن کی تجویز سے اہل مقدمات کو اطلاع دیا کرے۔

بملاحظہ امثلہ معلوم ہوا ہے کہ فریقین کو ایسے مقدمات فوجداری میں جو بوجہ خارج الاقتدار ہونے کے عدالتہا ضلع سے صدر عدالت ہائے صوبہ میں واسطے تجویز کے سپرد ہوتے ہیں، عدالت ہائے ضلع کی رائے سے کوئی اطلاع نہیں دیجاتی ہے جس کی وجہ سے اُن کو بہت کچھ دقتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے خصوصاً ملزمین اپنے مقدمہ کی واجبی پیروی سے بوجہ لاعلمی معذور رہتے ہیں اور چونکہ اس قباحت کا رفع کرنا ضرور ہے لہذا احکام مجلس عالیہ عدالت حسب ذیل احکام صادر فرماتے ہیں۔

الف۔ جب کوئی مقدمہ فوجداری عدالت سے تجویز کے لئے صدر عدالت صوبہ میں تفویض ہو عدالت ضلع کو لازم ہے کہ عدالت ضلع کی رائے سے فریقین مقدمہ کو مطلع کرے اُنکی دستخط اطلاعیابی کی لیا کرے اور اگر کوئی فریق خواہش کرے تو اُس کو بہ لحاظ ضابطہ مقررہ عدالت ضلع کی رائے کی نقل بھی دیا کرے۔

ب۔ علیٰ ہذا عدالت ضلع کو لازم ہے کہ جس طور پر مقدمات مفوضہ مجلس میں تاریخ پیشی مقدمہ بہ مجلس مقرر کردی جاتی ہے اسی طور پر ان مقدمات مفوضہ میں کوئی تاریخ پیشی مقدمہ بہ صدر عدالت مقرر کردیا کرے یہ تاریخ اس لحاظ سے مقرر ہوگی کہ اُس مدت میں فریقین بآسانی صدر عدالت میں پیروی کے لئے حاضر ہوسکیں۔

ج۔ اس تاریخ پر فریقین کے دستخط عدالت ضلع سے لئے جاویں گے اور یہ حکم تقرر تاریخ کا جس پر فریقین کے دستخط ہوں گے شامل مثل ہوکر صدر عدالت میں مقدمہ کے ساتھ بھیجدیا جایا کریگا۔

د۔ صدر عدالت جس میں مقدمہ تفویض ہوا ہے رجسٹر پیشی مقدمات میں مقدمہ کی پیشی کی وہی تاریخ رکھیگی جو عدالت ضلع نے مقرر (کی) ہے لیکن اگر مقدمہ کسی وجہ سے اُس تاریخ پر پیش یا فیصل نہ ہوسکے تو صدر عدالت کو اختیار ہوگا کہ تاریخ بدل دے اور دوسری تاریخ

گشتی نشان (۱۰) ۱۲۹۹ف اول تعلقدار عملہ عدالت ضلع اور محکمہ دوم و سوم تعلقداران کے بھتہ کی منظوری کے مقتدر ہیں اسیطرح اول تعلقدار اخراجات بار سرداری عدالت ضلع و محکمہ دوم و سوم تعلقداروں کی منظوری کے مقتدر ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴) مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۰۲ف

مضمون (۴) مدکشتی کوئی جرم فوجداری نہیں ہے

معلوم ہوا ہے کہ پولیس سے اکثر مقدمات بجرم مدکشتی عدالتہائے فوجداری میں چالان ہوتے اور عدالتوں سے ملزمین کو بجرم مدکشتی سزا دیجاتی ہے اور بنا اُس کارروائی کی ایک روبکار صدر تعلقدار سمت شمالی غربی کا نشان (۳۸۲) مورخہ ۸ صفر ۱۲۹۵ہ ہے جسکی رو سے صدر تعلقدار مذکور نے حکم دیا ہے کہ مدکشتی بجرم مدکشتی پولیس سے چالان اور عدالتوں سے سزایاب ہوا کریں چونکہ صدر تعلقدار کو اس قسم کی گشتی کے اجرا کا اقتدار نہ تھا مع ہذا کوئی نص مدکشتی کو کوئی جرم فوجداری نہیں ہے لہذا بذریعہ گشتی ہذا تمام عدالتہائے فوجداری کو اطلاع دیجاتی ہے کہ مدکشتی کوئی جرم فوجداری نہیں ہے اس میں دست اندازی پولیس سے اور عدالتوں سے ملزمین کو سزا پانا نادرست ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵) مورخہ ۳۰ آبان ۱۳۰۲ف

مضمون (۵) کورٹ انسپکٹر مسل و اظہارات کے مجاز نہیں ہیں۔

بعض امثلہ فوجداری موصولہ کے ملاحظہ سے معلوم ہوا کہ کورٹ انسپکٹر جو محض مقدمات کی پیروی کے لئے عدالتوں میں بطور محافظ حق سرکار کے مقرر ہوئے ہیں وہ علحدہ بطور خود مستقل کارروائی کرتے ہیں اُنکی کارروائی صرف اُن حالات اور افعال پر محدود نہیں ہے جو محض پیروی کے لئے ضروری ہوں بلکہ کورٹ انسپکٹر علحدہ مثل مرتب کرتے اور اشخاص متعلقہ کے اظہارات بھی لیتے ہیں اور یہ سب کارروائی عدالت میں پیش کرتے ہیں اور عدالت میں دوبارہ اظہارات اور دوسری کارروائی ضروری ہوتی ہے لہذا اسواسطے ہدایت کورٹ انسپکٹران اور اطلاع تمامی عدالتہائے فوجداری کے بذریعہ گشتی ہذا احکام ذیل منظوری عالیجناب نواب مدارالمہام سرکار عالی جو بذریعہ روبکار رسالہ انتظامی (۱۰۹) مورخہ ۱۹ آبان ۱۳۰۲ف صادر ہوئی نافذ کئے جاتے ہیں۔

ہیں یا ناظم ضلع سے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۲۳ آذر سنہ ۱۳۰۲ ف

مضمون (۱۷) گشتی نشان (۵) فوجداری سنہ ۱۳۰۱ ف چھاؤنی سکندرآباد میں بھی متعلق ہے بارہ گردواری وغیرہ

بوصول روبکار ہوم ڈپارٹمنٹ نشان انتظامی (۱۴) مورخہ ۱۳ آذر سنہ ۱۳۰۲ ف تمام عدالت ہائے فوجداری کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ مجلس عالیہ عدالت کی گشتی نشان (۵) فوجداری محررہ ۱۳ بہمن سنہ ۱۳۰۱ ف کے احکام جمعیت چھاؤنی سکندرآباد سے بھی اسیطرح متعلق سمجھے جائیں گے جسطرح کہ گولکنڈہ بریگیڈ سے متعلق ہیں ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۱۹ اسفندار سنہ ۱۳۰۲ ف

مضمون (۲۰) موقوفی ارسال رپورٹ مقدمات فوجداری زائد از یکماہ ۔

بذریعہ روبکار گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری ۳ مورخہ ۲ بہمن سنہ ۱۲۹۹ ف حکم دیا گیا تھا کہ جو مقدمات فوجداری تاریخ رجوع سے ایکماہ کے اندر فیصل نہ ہوں اُن کی رپورٹ ہر مہینہ کے سلخ کو مرتب ہوکر عدالت ہائے متذکرہ گشتی مذکور میں بھیجی جایا کرے چونکہ اب بعد تجربہ اس قدر مدت کے ایسی رپورٹ کی ترتیب و ارسال کی ضرورت باقی نہیں رہی لہذا بذریعہ گشتی ہذا گشتی نشان (۳) سنہ ۱۲۹۹ ف کا اس قدر حصہ جو ترتیب ارسال رپورٹ سے متعلق ہے منسوخ کیا جاتا ہے ۔

۲ ۔ ماہوار نقشہ جات نشان (۱) متفرق میں جو وجوہ التوائے مقدمات فوجداری و نوعیت زائد کیا کے درج کئے جاتے ہیں وہ اُن اغراض کے لئے کافی ہیں جن اغراض کے لئے گشتی نشان (۳) فوجداری سنہ ۱۲۹۹ ف جاری ہوئی تھی ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳ / دیوانی ۳ مورخہ ۷ خورداد سنہ ۱۳۰۲ ف

مضمون (۲۱) اول تعلقداران و صاحبان مددگاری محکمہ عدالت ضلع و محکمہ دوم و سوم تعلقداروں کی منظوری کے مجاز ہیں ۔

بسلسلہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۱۰) دیوانی (۸) سنہ ۱۲۹۹ ف بمنظوری عالیجناب نواب مدارالمہام سرکار عالی جو بذریعہ روبکار معتمد صاحب عدالت سرکار نشان انتظامی (۵۴۸) مورخہ ۲۳ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۲ ف حاصل ہوئی بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جسطرح حسب منشائ

۹۔ جو فیس اندراج سالانہ مقرر کی ہوگی وہ خزانہ سرکار میں بمد متفرقات عدالت جمع کیجاویگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۲۷ دی سنہ ۱۳۰۳ ف

مضمون (۲۷) محبوسین کا مرافعہ عدم پیروی میں خارج نہ کیا جایا کرے۔

بعض مثلات فوجداری کے ملاحظہ سے جو مجلس عالیہ عدالت میں پیش ہوئے معلوم ہوا کہ عدالت ہائے ماتحت مقدمات مرافعہ فوجداری کو جو محبوسین کیطرف سے داخل ہوتے ہیں بوجہ انکی غیر حاضری کے عدم پیروی میں خارج کر دیتی ہیں حالانکہ محبوسین کے لئے یہ سختی کا باعث ہے اور مجلس عالیہ عدالت میں بھی عملدرآمد ہے کہ محبوسین کیطرف سے جو مرافعہ فوجداری داخل ہوتا ہے وہ باوجود انکی غیر حاضری کے روداد پر فیصلہ کیا جاتا ہے اور محبوسین کیجانب سے عدم پیروی کی حالت میں مقدمہ خارج نہیں کیا جاتا لہذا واسطے ہدایت تمامی عدالت ہائے مرافعہ فوجداری کے بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ مقدمات مرافعہ فوجداری جو محبوسین کیطرف سے ہوں وہ بحالت انکی غیر حاضری کے بعدم پیروی خارج نہ کئے جایا کریں بلکہ روداد موجودہ پر انکا فیصلہ کیا جایا کرے۔ یہ بھی ملحوظ رہے کہ محبوسین کو یہ اختیار ہے کہ وہ بذریعہ داروغہ محبس یا اپنے کسی قرابتدار و مختار کے اصالتاً حاضری کی درخواست جوابدہی کے لئے پیش کریں ایسی صورت میں اُن کو جوابدہی و حاضری اصالتاً کا موقع دیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳) مورخہ ۴ بہمن سنہ ۱۳۰۳ ف

مضمون (۲۸) دربارہ معافی تکلیف رسانی گواہان فوجداری

صدر عدالت صوبہ شمالی کی تحریر سے معلوم ہوا کہ جن مقامات میں پولیس سے پنچنامہ مرتب کیا جاتا ہے اُن مقدمات کے پنچوں کو حاضری عدالت کی غرض سے پولیس مجبور کرتی ہے اور بجا تشدد کرتی ہے اور پنچ لوگ عرصہ بعید تک حاضر پولیس رہتے ہیں لہذا اس خرابی کے رفع کرنے کی غرض سے کہ پنچ اور دوسرے گواہ جن کو پولیس عدالت میں حاضر کرنا چاہئے اُن لوگوں پر کوئی دقت اور تکلیف نہ پہنچنے پائے بعد منظوری عالیجناب نواب مدارالمہام سرکار عالی جو بذریعہ روبکار نشان اختلامی (۱۷۲) مورخہ ۵ بہمن سنہ ۱۳۰۳ ف حاصل ہوئے حسب ذیل احکام وضع کئے جاتے ہیں

الف۔ جب کوئی افسر پولیس کسی مقدمہ قابل دست اندازی پولیس کسی حاکم فوجداری کے

(۱) کورٹ انسپکٹروں کا صرف یہی کام ہے کہ جو چالان پولیس سے انکی معرفت عدالت میں پیش ہونیکے لئے آوے اُسپر غور کریں اگر کوئی امر پولیس سے متروک ہوگیا ہو تو اسکی تکمیل بطور خود بلا اطلاع عدالت پولیس سے کراکے مقدمہ کو مکمل کرکے عدالت میں پیش کریں۔

(۲) کارروائی تکمیل کی جسکا ذکر فقرہ ملحقہ بالا میں ہے پولیس ہی کی معرفت ہونی چاہئے کورٹ انسپکٹر اس کارروائی کے کرنے کے بھی مجاز ہوں گے مگر اس کے کہ وہ حسب رائے خود پولیس سے اُسکی تکمیل کراویں۔ (۳) جو اظہار کہ پولیس میں درج کئے گئے علاوہ ازیں دوبارہ کورٹ انسپکٹروں کو اظہار لینے اور علیحدہ مثل بنانیکی ضرورت نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱) دیوانی / (۱) فوجداری مورخہ ۵ آذر ۱۳۳۰ف

مضمون (۷۶) قواعد محرران وکلاء | تمہید۔ حسب تجویز مجلس عالیہ عدالت منظوری عالیجناب مدارالمہام بہادر جو بذریعہ روبکار دفتر معتمدی عدالت سرکار نشان (۱۱۸) واقع ۲۷ آبان ۱۳۳۰ف صادر ہوئی بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جن محرروں کی معرفت وکلاء عدالت اپنے دستخطی کاغذات داخل کرنا چاہیں یا نقول حاصل کرنا چاہیں یا فیس طلبانہ ادا کرنا چاہیں اُن کا اندراج ایک کتاب عدالت میں حسب قواعد ذیل کرایا جاویگا

(۱) جب کسی محرر کا اندراج کتاب عدالت میں کسی وکیل کو مطلوب ہو تو اُسپر لازم ہوگا کہ ایک درخواست تحریری پیش کرے۔ (۲) اُس درخواست میں محرر کا نام ولدیت قومیت پیشہ سکونت عمر چال چلن اور استعداد کی کیفیت مفصل درج کرے۔ (۳) محرر کی کارروائی کی ذمہ داری خود وکیل قبول کرے (۴) جب اندراج رجسٹر میں کسی محرر کے کوئی امر مانع نہ ہو تو فی محرر فیس داخلہ بعد (عہ) بطور سالانہ وکیل ادا کرے (۵) اخراج نام محرر کیواسطے بھی درخواست تحریری دینا لازم ہے (۶) رجسٹر محرران سالانہ آغاز ماہ آذر میں تیار ہوگا اور جس محرر کی فیس سالانہ داخل نہ ہوگی اسکا نام درج رجسٹر نہ ہوگا۔ (۷) ہر عدالت مجاز ہوگی کہ بربنائے وجہ معقول کسی محرر کا نام درج رجسٹر کرنے سے انکار کرے یا درصورت بدوضعی کسی محرر کے اسکا نام رجسٹر سے خارج کرے۔

(۸) ہر محرر رجسٹر شدہ مجاز ہوگا کہ اپنے آقا کی جانب سے کوئی دستخطی کاغذ اسکا داخل کرے یا نقول مطلوبہ اپنے آقا کے حاصل کرے یا کوئی فیس یا طلبانہ منجانب اپنے آقا کے عدالت میں داخل کرے یا کسی مقدمہ کی تاریخ سماعت یا انفصال دریافت کرے لیکن اس کو اجلاس عدالت پر کسی کارروائی کا اختیار حاصل نہ ہوگا۔

کہ مجلس عالیہ عدالت سے ۲۷ شہریور ۱۳۰۳ف میں صدر محبس بلدہ واقع چنچل گوڑہ کو جو ملاحظہ کیا تو معلوم ہوا کہ اکثر
عہدہ داران ... جو محبس سے عدالتیں طلب کرتی ہیں اُن کو بلا اطلاع محبس عدالتیں رہا کر دیتی
ہیں جس کی وجہ سے محبس کے رجسٹرات کی جانچ بالکل رہ جاتی ہے لہٰذا واسطے اطلاع تمامی عدالتہائے
فوجداری کے بہ اجازت عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی جو بذریعہ روبکار دفتر معتمدی
عدالت (نشان ۱۲۱۱) مورخہ ۲۴ آبان ۱۳۰۳ف موصول ہوا تمامی عدالت ہائے فوجداری کو حکم دیا جاتا ہے کہ
جو قیدی زیر تحویل ... محبس میں رہتے ہیں وہ جب عدالت سے ضمانت پر رہا کر دیئے جاویں تو بعد
... تاکہ محبس اُنکی اطلاع اُسی روز مہتمم محبس کو عدالت دیا کرے۔ علاوہ اس کے
جب کبھی ... محبس سے طلب ہوں اور منجملہ اُن کے کوئی قیدی رہا یا بری کیا جاوے اور کوئی
واپس کیا جاوے تو واپسی کے وقت محبس کو لکھا جایا کرے کہ کتنے قیدی آئے منجملہ ان کے کتنے
بری یا رہا ہوئے یا ضمانت پر چھوڑے گئے اور کتنے واپس کئے جاتے ہیں اور انکی ... کا مقابلہ محبس کی
فہرست سے کر لیا جایا کرے جس کے ذریعہ سے قیدی عدالت میں آیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ / دیوانی ۳ مورخہ ۲۹ فروردی ۱۳۰۳ف

(۸) تعین اُجرت نقل کاغذات زبان انگریزی و دیگر زبانہائے ملکی۔

چونکہ اکثر اوقات اسکی ضرورت ہوتی ہے کہ کاغذات جو زبان انگریزی ہوں ان کا ترجمہ اردو میں یا اردو کا ترجمہ زبان انگریزی کیا جاوے یا نقل کاغذات انگریزی کی ضرورت واقع ہوتی ہے علی ہذا دوسری زبانوں کے متعلق بھی اس قسم کے کام کی ضرورت ہوتی ہے اور ترجمہ بلحاظ حیثیت کے علاوہ اگر ... بھی اسکی ضرورت ہو تو اس کے لئے کسی قسم کے معاوضہ کا اب تک کسی قاعدہ کی رو سے تعین نہیں ہوا ہے لہٰذا بذریعہ گشتی ہذا اس کے معاوضہ کا تعین منظوری عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی جو بذریعہ روبکار نشان (۳۵۹) مورخہ ۹ فروردی ۱۳۰۳ف حاصل ہوئی کیا جاتا ہے۔

فیس ترجمہ زبان انگریزی سے اردو یا اردو سے انگریزی میں۔
- فی صد لفظ اول یا جزو صد لفظ ۔ ۸ر
- مابعد ہر پچاس لفظ یا اُس کے جزو کے لئے ۔ ۴ر

فیس نقل انگریزی اور قیمت معاملہ بحساب ذیل فی روپیہ اجرت نقل پر
- فی صد لفظ اول یا جزو صد کے لئے ۔ ۴ر
- فی صدی مابعد یا جزو صدی کے لئے ۔ ۴ر

پاس چالان کرے اور اُس مقدمہ میں جبکہ مچلکہ مرتب ہوا ہو تو افسر مذکور کو لازم ہے کہ منجملہ اُن اشخاص کے جنھوں نے مچلکہ پر دستخط کئے ہوں اور جن گواہوں کا پیش کرنا عدالت میں ضرور ہو اُس قدر اشخاص کو جنکی اُس کے نزدیک حاضر عدالت ہونے کی ضرورت ہو واسطے لکھنے مچلکہ کے حکم دے اس مضمون سے کہ اشخاص مذکور فلاں حاکم فوجداری کے روبرو جہاں مقدمہ چالان ہوا ہے فلاں تاریخ حاضر رہیں گے تعداد ایسے مچلکہ کی کسی حالت میں (پانچ ۵) سے زیادہ نہ ہوگی ۔

ب ۔ تاریخ حاضری جو مچلکہ مذکورہ ضمن الف گشتی ہذا میں مقرر ہوگی وہ تاریخ ہوگی جس تاریخ کا غالباً مقدمہ فوجداری حاکم عدالت فوجداری کی عدالت میں پیش ہو سکیگا ۔

ج ۔ افسر پولیس جس کے روبرو مچلکہ تکمیل پایا ہو اُسکی نقل اُن اشخاص میں سے ہر ایک کو حوالہ کریگا جو اُسکی تکمیل میں شریک رہے ہوں اور اسکی اصل دستاویز چالان کے ساتھ عدالت میں بھیجیگا

د ۔ افسر پولیس پر لازم ہوگا کہ جب گواہوں اور ملزموں کی دستخط مچلکہ پر ہو جاویں تو اُن لوگوں کو رخصت کر دے ۔

ھ ۔ اگر کوئی شخص یا گواہ مطابق ہدایت گشتی ہذا کے مچلکہ لکھنے سے انکار کرے تو افسر پولیس کو اختیار ہوگا کہ اُس کو حراست میں کر کے حاکم فوجداری کے روبرو جہاں مقدمہ چالان ہو بھیجدے اور حاکم فوجداری مجاز ہوگا کہ جب تک وہ مچلکہ نہ لکھے یا مقدمہ کی سماعت نہ ہو اسکی حراست میں رکھے

جب مقدمہ عدالت میں پہونچ جائے تو جس روز کی حاضری کا پولیس نے ملزموں اور گواہوں سے مچلکہ لیا ہو اگر عدالت اُس تاریخ میں مقدمہ پیش نہ کر سکے یا پیش کرنے کے بعد ختم نہ کر سکے تو جن ملزموں اور گواہوں سے جنکا اظہار ختم نہ ہو گیا ہو مچلکہ حسب مضمون مذکورہ بالا (اگر مناسب ہو) آئندہ تاریخ مقررہ کی حاضری کا لے لے ۔ واضح ہو کہ گواہوں کو مقدمہ کے ساتھ چالان نہ کرنے اور اُن سے مچلکہ لینے کی نسبت پہلے محکمہ معتمدی عدالت سرکار عالی سے مراسلہ نشان (۲۱۹) مورخہ ۳۱ تیر ۱۲۹۶ف موسومہ صوبہ دار صاحب صوبہ شمالی جسکا نقل دوسرے صوبہ دار صاحبوں کی خدمت میں اور نیز مجلس عالیہ عدالت میں ارسال ہوا جاری ہو چکا ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی ۔ نشان فوجداری (۵) مورخہ ۴ اسفندار ۱۳۰۳ف

مضمون (۹۲) محض جو ہیدیاں زیر دریافت حسب الطلب عدالت میں آیا کریں اُنکی واپسی یا رہائی کی اطلاع محض کو نہ دیا ایک فہرست کے دکھایا کرے ۔	مولوی محمد نظام الدین خان صاحب

دوم و سوم تعلقداران، واقع ضلع عدالت ہائے فوجداری صلع متعلقہ کو اور عدالت ہائے منصفین اور عدالت تحصیل یا بہ لحاظ عدالت دیوانی ضلع متعلقہ کو اپنی اپنی عدالت کے متعلق اندراجات کی غلطیوں سے اطلاع دیں گے۔ جملہ عدالت ہائے اضلاع جس قدر ممکن ہوگا ان غلطیوں کا مشمول اپنی عدالت غلط اندراج کے ایک صدا ہستہ فہرست کر کے مجلس عالیہ، الخ میں روانہ کریں گے۔

(۳) مجلس عالیہ عدالت ترتیب فہرست ہر سہ ماہی کے وقت ان کیفیتوں اور تختہ جات سے ضروری تصحیح کر لیا کرے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) دیوانی (۷) مؤرخہ ۲۴ر تیر ۱۳۲۴ف

مضمون (۸۲) ایک عدالت دوسری عدالت کا حسٹر اکثر مقدمات میں ایک عدالت کو دوسری عدالت کے معائنہ کی غرض سے طلب کر سکتی ہے | مرتبہ و متعلقہ اصل رجسٹرات کے معائنہ کی ضرورت واقع ہوتی ہے اس صورت میں یہ بحث پیدا ہوتی ہے کہ آیا عدالت خود ہی رجسٹر کو طلب کر کے معائنہ کر لیا کرے یا جس فریق نے رجسٹر پر استدلال کیا ہو یا جس کا فائدہ معائنہ رجسٹر سے متعلق ہو اسی پر بار اس امر کا ڈالا جائے کہ وہ ماضابطہ نقول مصدقہ رجسٹرات کی عدالت متعلقہ سے حاصل کر کے پیش کرے چونکہ یہ مسئلہ ہنوز غیر طے شدہ ہے۔ لہذا مجلس عالیہ عدالت واسطے پابندی تمامی عدالت ہائے سرکار عالی کے بذریعہ گشتی ہذا اس باب میں احکام ذیل نافذ کرتی ہے۔

دفعہ (۱) ایک عدالت کو دوسری عدالتوں کے رجسٹروں کا طلب کرنا اس وقت جائز رکھا جا سکتا ہے کہ جب عدالت کو خاص طور پر اُس اصل رجسٹر کا دیکھنا بطور خود یا بدرخواست کسی فریق کے ضروری معلوم ہو اور ایسی حالت میں عدالت طلب کنندہ کو صاف وجہ لکھنا چاہئے کہ فلاں ضرورت سے اصل رجسٹر مطلوبہ کا دیکھنا ضرور ہے۔

دفعہ (۲) اگر ایسی صورت نہ ہو تو جس فریق کو کسی رجسٹر پر استدلال ہو وہ نقل ماضابطہ رجسٹر اُس مقام کی جس پر اس کو استدلال ہو حاصل کر کے پیش کر سکتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) دیوانی (۸) مؤرخہ ۲۱ر امرداد ۱۳۲۴ف

مضمون (۸۳) بصد و رمنظوری نواب | عہدہ داران پیشکاران تحصیل بطور منتظم احکام دینے کے مجاز ہیں دست تحصیلات منتظم عدالت و تسرر دار یا اعلیٰ مجسٹریٹ عدالت کا مشاہرہ جس سو روپیہ ہو احکام دینے کے مجاز ہیں۔

مطابقت نہیں ترجمہ انگریزی اگر ترجمہ پیش کرکے خواہش مطابقت کیجائے ۔	بقدر ایک ثلث اجرت اصل ترجمہ کی ہوگی
نہیں مطابقت انگریزی نقل اگر نقل پیش کرکے خواہش مطابقت کیجائے ۔	بحساب (۱) فی روپیہ اصل اجرت نقل نویسی

(۳) ۔ زبان عربی سے ترجمہ بنقل تطبیق ترجمہ ۔ نقل کی وہی اجرت ہوگی جو زبان انگریزی سے متعلق اوپر بیان ہوئی دوسری زبانہائے ملکی مرہٹی تلنگی کنڑی کے متعلق اجرت ترجمہ و تطبیق ترجمہ کی بعد وضع نصف اجرت انگریزی کے ترجمہ و تطبیق ترجمہ کے ہوگی اور اجرت نقل و تطبیق بقدر ہوگی جس قدر کہ زبان اردو کے لئے سابق سے مقرر ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی نشان فوجداری ۷ / دیوانی ۴ مورخہ ۲۴ فروردی ۱۳۱۲ف

چونکہ یہ سماہی معلوم ہوتا ہے کہ عہدہ داران و عمال صیغہ عدالت کی سہ ماہی فہرست مرتب و شایع ہوا کرے اسلئے	موسومہ (۸۱) عہدہ داران و عمال عدالتہائے سرکار عالی کی سہ ماہی فہرست مجلس عالیہ سے مرتب و شایع ہوا کریگی

مجلس عالیہ عدالت نے اہتمام کیا ہے کہ ہر سہ ماہ کو ایسی فہرست مجلس سے مرتب و شایع ہوا کریگی اس غرض کی تکمیل کے لئے جو نمونہ تجویز ہوا ہے اسکی خانہ پری کے لئے کوئی مواد کامل اس وقت مجلس میں موجود نہ تھا بالفعل سالانہ تختہ جات عہدہ داران و عمال سے جو مجلس میں وصول ہوتے ہیں فہرست سہ ماہی دوم کی خانہ پری کی گئی ہے مگر یہ فہرست بہت ہی ناقص ہے اور اکثر خانوں کی خانہ پری نہ ہوسکی لہذا بخیال اس امر کے کہ جو فہرست آیندہ مرتب و شایع ہو وہ ہر طرح سے صحیح و کامل ہو حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں

(۱) بعد فہرست مطبوعہ سہ ماہی کے وصول ہونے کے عدالت ہائے بلدہ اور صدر عدالتہائے ہر چہار صوبہ جات بعد ملاحظہ فہرست کے جو مراتب اس میں انکی عدالت کے افسر یا عمال کی نسبت غلط طبع ہوں اُن کی تصحیح کی درخواست براہ راست مجلس عالیہ عدالت سے کریں گے ۔

(۲) عدالت ہائے تحصیل و دوم و سوم تعلقداران و صفان واقع صوبہ ہائے گلبرگہ بیدر و ورنگل ضلع اطراف بلدہ بعد ملاحظہ اپنی اپنی عدالتوں کے افسر یا عملہ کے اندراجات کی نسبت جو غلطی پاویں گے اس سے فوراً عدالت ضلع متعلقہ کو اطلاع دیں گے اسیطرح صوبہ اورنگ آباد میں عدالت ہائے تحصیل

سرکار عالی ۔ بہ حسب الارشاد اعلیٰحضرت مدظلہم العالی اٹھا لیا ہے آیندہ سے استثناء مذکورہ قائم نہ رہے گا اور اس استثناء کے متعلق اس وقت تک جس قدر احکام نافذ تھے وہ سب منسوخ کر دئے گئے آیندہ سے ہر ایک کو موجب جو احکام مذکورہ حال کا غذ مختوم سے معاف تھے کاغذ مختوم داخل کرنا ہوگا اور اس امر کا حکم سرکار نشان (۵۲) مورخہ ۱۱ تھیر یور سنہ ۱۳۰۲ف مشمولہ مجلس عالیہ عدالت مطبوعہ جریدۂ علاقہ مورخہ ۱۲ تھیر یور سنہ ۱۳۰۳ف سے واجب العمل ہوگا ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۴) مورخہ ۱۸ مہر سنہ ۱۳۰۳ف

مضمون (۸۶) مقدمات قابل دست اندازی پولیس راضی نامہ قابل مصالحت میں بحالت ضرورت مستغیث سے محلکہ بطور گواہ لیا جایا کرے ۔

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ سنگین مقدمات فوجداری میں مستغیث پیروی نہیں کرتے ہیں اور مجبوراً ایسے سنگین مقدمات کو بعدم پیروی خارج کرنے کے لئے عدالتیں مجبور ہوتی ہیں لہٰذا اس قباحت کے رفع کرنے کی غرض سے بحسب منظوری سرکار عالی جو بذریعہ مراسلہ معتمد عدالت سرکار نشان (۱۸۸) مورخہ ۱۱ مہر سنہ ۱۳۰۳ف حاصل ہوئی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے ۔

(۱) مقدمات قابل دست اندازی پولیس میں جو نا قابل مصالحت ہوں مستغیث سے محلکہ بطور گواہ کے بحالت ضرورت لیا جایا کرے ۔

(۲) دیگر مقدمات میں جو مستغیث کی غیر حاضری پر خارج ہو سکتے ہیں ایسا محلکہ لینا ضروری نہیں ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۵ / دیوانی ۱۴ مورخہ ۲۸ مہر سنہ ۱۳۰۳ف

مضمون (۸۷) دستور العمل کاغذ مختوم مصدرہ سنہ ۱۳۰۲ف ان عدالتوں سے متعلق ہے جو متعلقہ یا ماتحت عدالتی ہیں ۔

صدر عدالت صوبۂ غربی کی رپورٹ سے ظاہر ہوا کہ جو جاگیرات متعلقہ یا ماتحت عدالتی اور ماتحت صدر عدالت یا مجلس عالیہ عدالت بحیثیت ایک جوڈیشل محکمہ کے ہیں منجملہ اُن کے اکثر جاگیرات میں عملدرآمد دستور العمل کاغذ مختوم مصدرہ سنہ ۱۳۰۲ف کا نہیں ہے حالانکہ دستور العمل مذکور کل ممالک محروسہ سرکار عالی سے متعلق ہے جس میں جاگیرات بھی داخل ہیں اور جاگیرات میں بھی عدالت ہائے سرکار عالی کے عملدرآمد دستور العمل کاغذ مختوم سنہ ۱۳۰۲ف سرکا ہونا چاہئے چونکہ صدر عدالت کی رائے درست تھی مجلس عالیہ عدالت نے با اتفاق رائے مذکورہ سرکار میں عام حکم

متعلق المہام بہادر صیغہ عدالت جو بذریعہ مراسلہ نمبری عدالت نشان ۱۳۱ ۔ مورخہ ۱۴ تیر ۱۲۹۹ف
صادر ہوئی بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ حسب گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۲)،
دیوانی (۶) مورخہ ۲۷ تیر ۱۲۹۳ف جو مدارات پیشکاران تحصیل بطور منتظم احکام دینے کے مجاز ہیں وہ
سب مدارات بحیثیت منتظم عدالت … یا اعلیٰ عہدہ عدالت جسکا منشا ہو درخواست سے
راجع ہو احکام دینے کے مجاز ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ / دیوانی ۱۱ مورخہ ۲۷ شہریور ۱۳۰۲ف

مضمون (۴۸) ترمیم گشتی نشان فوجداری (۱۵) دیوانی (۱۳) ۱۲۹۶ف دربارہ کیفیت رجسٹر پیشی

مجلس عالیہ عدالت کی گشتی نشان فوجداری (۱۵)، دیوانی (۱۳) مصدرہ ۹ امرداد ۱۲۹۶ف میں حکم ہے کہ
جب کوئی مقدمہ ملتوی اور بتاریخ مقررہ فیصلہ نہ ہوسکے تو رجسٹر پیشی مقدمات میں وجہ التوا حاکم
بقلم خود لکھا کرے۔

اب بعد تجربہ کے معلوم ہوا کہ حاکم کو وجہ التوا رجسٹر پیشی مقدمات میں بقلم خود لکھنا ضروری نہیں
حکام وجہ التوا بقلم خود مسل میں لکھدیتے ہیں یہ کام جو صیغہ دار کا ہے کہ رجسٹر پیشی میں اُس حکم کو
جو حاکم نے مسل میں بقلم خود تحریر کیا ہو نقل کردے۔

لہٰذا بذریعہ گشتی ہذا سے گشتی نشان فوجداری (۱۵)، دیوانی (۱۳) ۱۲۹۶ف کا اس قدر
جزو منسوخ سمجھا جائے جو رجسٹر پیشی مقدمات میں وجہ التوا کی بقلم خاص حکام کے لکھنے سے متعلق ہے
آیندہ سے یہ کام صیغہ دار یا اہلکار متعلقہ کا ہے کہ وہ حاکم کے اس حکم کی نقل جو دربارہ التوا مقدمہ
اس نے مسل میں لکھا ہو رجسٹر پیشی مقدمات میں محاذی مقدمہ ملتویہ کے خانہ کیفیت میں لکھدیا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۳ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۷ ۔ مہر ۱۳۰۳ف

مضمون (۸۵) جو معاملے بغرض اعادہ حال کاغذ مہر سے معاف تھے وہ اب کاغذ مہر سے معاف نہیں ہیں۔

بموجب جز (۸) قاعدہ ششم دستور العمل کاغذ مہر
عدالت مصدرہ ۱۳۰۲ف عرضی یا درخواست
یا دیگر کاغذات منجانب یا مقابلہ صاحبزادگان و مرتدزادگان اور اسیطرح مقدمات متعلقہ قصابان کے
عرضیات جو بموجب احکام سابقہ کاغذ مہر عدالتی سے مستثنیٰ تھے اس استثنا کو عالیجناب نواب مدار المہام

میں ہوتی ہے (۶) مقدمات مرافعہ جنکی کہتاؤنی رجسٹر نمبر (۴) دیوانی ملفوفہ گشتی مذکور الصدر میں ہوتی ہے
(۷) مقدمات نگرانی دیوانی

ف ۴ ۔ اور مقدمات فوجداری کے اقسام حسب ذیل ہیں ۔

(۱) مقدمات ابتدائی فوجداری جنکی کہتاؤنی رجسٹر نمبر (۱) فوجداری ملفوفہ گشتی قانون فوجداری سنہ ۱۳۰۰ ف میں ہوتی ہے ۔

(۲) مقدمات متفرق فوجداری جنکی کہتاؤنی رجسٹر نمبر (۶) فوجداری ملفوفہ گشتی مذکور الصدر میں ہوتی ہے ۔ (۳) مقدمات مرافعہ فوجداری جنکی کہتاؤنی رجسٹر نمبر (۷) فوجداری گشتی مذکور الصدر میں ہوتی ہے ۔ (۴) مقدمات مرجوعہ عدالت پولیس پٹیل جنکی کہتاؤنی رجسٹر نمبر (۸) فوجداری میں ہوتی ہے ۔ (۵) مقدمات مرافعہ فیصلہ پولیس پٹیل جنکی کہتاؤنی رجسٹر نمبر (۹) فوجداری میں ہوتی ہے (۶) مقدمات درآمد برآمد جانوران جنگاری جنکی کہتاؤنی رجسٹر نمبر (۱۰) فوجداری میں ہوتی ہے
(۷) مقدمات مال لاوارث و دفینہ جنکی کہتاؤنی رجسٹر نمبر (۱۱) فوجداری میں ہوتی ہے ۔
(۸) مقدمات نگرانی فوجداری ۔

ف ۵ ۔ مقدمات متفرق انتظامی وغیرہ صرف وہی ہیں جنکی کہتاؤنی رجسٹر نمبر (۱۱) متفرق میں ہوتی ہے

ف ۶ ۔ جب تفصیل مذکورۂ بالا معلوم ہوچکی تو جاننا چاہیئے کہ رجسٹر نمبر (۵۵) و (۵۶) کے خانہ (۸) میں نوعیت مقدمہ کی بہ حسب حالت حسب ذیل لکھی جاوے گی ۔

الف ۔ دیوانی میں بدیں تفصیل ۔

(۱) مقدمہ نمبری دیوانی (۲) مقدمہ متفرق دیوانی ۔ (۳) مقدمہ اجرائے ڈگری دیوانی
(۴) مقدمہ مرافعہ دیوانی ۔ (۵) مقدمہ مرافعہ احکام متفرق دیوانی ۔ (۶) مقدمہ متفرق مرافعہ
(۷) مقدمہ نگرانی دیوانی ۔

ب ۔ اور فوجداری کی بدیں تفصیل ۔

(۸) مقدمہ ابتدائی فوجداری (۹) مقدمہ متفرق فوجداری (۱۰) مقدمہ مرافعہ فوجداری
(۱۱) مقدمہ ابتدائی مرجوعہ عدالت پولیس پٹیل ۔ (۱۲) مقدمہ مرافعہ فیصلہ پولیس پٹیل متصل تحصیلدار
(۱۳) مقدمہ درآمد و برآمد جانوران جنگاری (۱۴) مقدمہ مال لاوارث و دفینہ (۱۵) مقدمہ نگرانی فوجداری ۔

جاری کرنے کی درخواست کی سرکار نے بذریعہ مراسلہ معتمد صاحب عدالت سرکار نشان (۱۱) (۹) مورخہ ۲۱ مہر ۱۳۰۲ ف مجلس کی رائے کو پسند فرمایا لہذا اشاعت مراسلہ مذکورۃ الصدر بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ دستور العمل کاغذ مختوم مصدرہ ۱۳۰۲ف منسلکہ عدالت ہائے سرکار عالی اُن حاکمات سے بھی متعلق ہے جو مختار با فتدار عدالتی ہیں ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۶ دیوانی ۱۵ مورخہ ۲۹ مہر ۱۳۰۲ ف

مضمون (۸۹) قواعد نگہداشت مسلہ و دیگر کاغذات قواعد نگہداشت مسلہ و دیگر کاغذات بہ محافظ خانہ و نمونہ بہ محافظ خانہ و نمونہ رجسٹرات محافظ خانہ ۔ رجسٹرات محافظ خانہ ابھی تک کسی حکم کے ذریعہ سے

مرتب و مشتہر نہیں ہوئے ہیں اور بدیں وجہ مختلف عدالتوں میں مختلف طور پر عمل ہوتا ہے لہذا مجلس عالیہ عدالت بروئے اقتدار حاصلہ از روئے دفعہ (۳۹) دستور العمل اقتدارات مجلس عالیہ عدالت بذریعہ گشتی ہذا قواعد مذکورہ واسطے پابندی جملہ عدالتوں کے مشتہر کرتی ہے ۔

ف ۱ ۔ محافظ خانوں میں رجسٹرات ذیل رکھے جائیں گے ۔

(۱) رجسٹر نمبر (۵۵) کھتاؤنی مقدمات داخلہ محافظ خانہ (۲) رجسٹر نمبر (۵۶) ردیف وار مقدمات داخلہ محافظ خانہ (۳) رجسٹر نمبر (۵۷) برآمد مسلہ یا کاغذات دیگر از محافظ خانہ ۔

ف ۲ ۔ چونکہ محافظ خانہ میں مقدمات عدالت وار بہ حسب ضرورت حاکم وار و قسم وار رکھے جاویں گے لہذا ضرور ہے کہ اقسام مقدمات دیوانی و فوجداری و متفرق و انتظامی وغیرہ کی تصریح اس جگہ کر دی جائے ۔

ف ۳ ۔ واضح ہو کہ بالفعل مقدمات دیوانی کے اقسام حسب ذیل ہیں ۔

(۱) مقدمات دیوانی جنکی کھتاؤنی رجسٹر نمبر (۱) دیوانی ملفوفہ گشتی نشان دیوانی (۱۱) سنہ ۱۳۰۱ف میں ہوتی ہے (۲) مقدمات متفرق دیوانی جن کی کھتاؤنی رجسٹر نمبر (۵) دیوانی ملفوفہ گشتی نشان دیوانی (۱۱) سنہ ۱۳۰۱ف میں ہوتی ہے (۳) مقدمات اجرائے ڈگری جنکی کھتاؤنی رجسٹر نمبر ۶ دیوانی ملفوفہ گشتی نشان دیوانی (۱۱) سنہ ۱۳۰۱ف میں ہوتی ہے ۔ (۴) مقدمات مرافعہ دیوانی جنکی کھتاؤنی رجسٹر نمبر (۱۲) دیوانی ملفوفہ گشتی نشان دیوانی (۱۱) سنہ ۱۳۰۱ف میں ہوتی ہے ۔ (۵) مقدمات مرافعہ احکام متفرق دیوانی جنکی کھتاؤنی رجسٹر نمبر (۱۳) دیوانی ملفوفہ گشتی نشان دیوانی (۱۱) سنہ ۱۳۰۱ف

جنہیں ابتدا و انتہا نمبر رجوع مقدمات کے جس قدر کہ اُس بستہ میں بند ہوں اور نام حاکم یا عدالت و سنہ رجوع مقدمات و قسم مقدمات درج ہوگا۔ مثلاً اگر عدالت دیوانی بلدہ میں تین حاکم ملازم سرکاری اور دو آنریری جج ہیں اور ہر حاکم کے مقدمات کا نمبر رجوع علحدہ ہے تو ہر حاکم کے مقدمات قسم وار علحدہ رکھے جاویں گے اور بستہ جات جن میں یہ مقدمات رکھے جاویں با نمبر حسب ذیل لکھا جاویگا۔ مثلاً مقدمات ابتدائی دیوانی منفصلہ ناظم صاحب عدالت دیوانی بلدہ نشان رجوع (۱ تا ۵۰) بابتہ ۱۳۱۹ف (مقدمات ابتدائی منفصلہ نائب اول عدالت دیوانی بلدہ از نشان رجوع (۵۱ تا ۱۰۰) بابتہ ۱۳۱۹ف) مقدمات متفرق دیوانی منفصلہ نائب دوم عدالت دیوانی بلدہ از نشان رجوع (۱ تا ۱۵) بابتہ ۱۳۱۹ف۔ مقدمات انتظامی اجلاس ناظم صاحب دیوانی بلدہ از نشان رجوع (۵۱ تا ۱۰۰) بابتہ ۱۳۱۹ف۔ مقدمات ابتدائی دیوانی منفصلہ اول آنریری جج عدالت دیوانی بلدہ از نشان رجوع (۱ تا ۵) ۱۳۱۹ف) ۔ ۱۲ف۔ بستہ جات پر سنہ رجوع کا دہی لکھا جاویگا جس سنہ کے مرجوعہ مقدمات بستہ جات میں رکھے گئے ہوں۔ ۱۳ف۔ بستہ جات میں صرف مقدمات رکھے جاویں گے جس قدر مقدمات کے رکھنے کی ایک بستہ میں گنجائش ہو۔ ۱۴ف۔ بستہ جات پر نمبر بھی ڈالے جاویں گے اور یہ نمبر مقدمات کے شروع نمبر کے لحاظ سے ڈالے جاویں گے اور مقدمات کے نمبر جس طرح تجاوز کرتے جائیں گے اسی طرح بستہ جات کے نمبر بھی تجاوز کرتے جاویں گے۔ مثلاً ایک بستہ میں مقدمات منفصلہ عدالت دیوانی بلدہ کے ناظم کے رکھے جانے شروع ہوئے اور صرف (۲۵) مقدمات کی گنجائش اس بستہ میں تھی تو اس بستہ کا نمبر (۱) ہوگا اور اس بستہ میں مقدمات نمبر رجوع ۱ تا ۲۵ رکھے جاویں گے اور (۲۶) نمبر رجوع سے دوسرا بستہ شروع ہوگا اور مقدمات نمبر سابق پر قائم ہوئے ہوں وہ اس بستہ میں باندھے جاوینگے جن میں انکا اندراج بلحاظ ان کے نمبر رجوع سابق کے کیا گیا ہو۔ ۱۵ف۔ مقدمات اجرائے ڈگری و عذرداری اجرائے ڈگری اُسی مقدمہ کے ساتھ رکھے جاویں گے جس مقدمہ کی اجرائے ڈگری ہوئی ہو یا جس اجرائے ڈگری میں عذرداری ہوئی ہو۔ ۱۶ف۔ مقدمات دیوانی زرد رنگ کے بستہ جات میں اور فوجداری سرخ رنگ کے بستہ جات میں اور متفرق و انتظامی وغیرہ سیاہ رنگ کے بستہ جات میں باندھے جاویں گے۔ ۱۷ف۔ ہر مقدمہ پر جب وہ داخل ہو نمبر شمار دفتر کا سرخ روشنائی سے لکھدیا جایا کریگا۔ ۱۸ف۔ مقدمات جب محافظ خانہ میں داخل ہوں تو رجسٹر متعلقہ پر دستخط محافظ دفتر کے لیے جایا کریں گے اور اگر کسی وجہ سے رجسٹر کا بعوض دستخط محافظ دفتر کے پاس بھیجا جانا ناممکن ہو تو مقدمات بہ تحریر ایک فہرست کے داخل محافظ خانہ ہوں گے اور اس فہرست کے دو قطعات ہوں گے ایک قطعہ پر محافظ دفتر دستخط کرکے واپس کریں گے اور دوسرا قطعہ اپنے پاس رکھ لینگے نمونہ فہرست مذکور حسب ذیل ہے۔

نشان شمار۔ نمبر مقدمہ[1]۔ تعداد بستہ[2]۔ نام فریقین[3] یا خلاصہ۔ مضمون[4] مقدمہ۔ نام حاکم و عدالت[5]۔ تعداد[6] قطعات۔ دستخط محافظ دفتر۔ کیفیت۔ ۱۹ف۔ محافظ دفتر کو چاہیئے کہ جب مقدمات داخل محافظ خانہ ہوں تو ان میں امور ذیل کی تنقیح کریں۔

(۱) فہرست میں جس قدر کاغذات درج ہیں وہ سب شامل مثل ہیں یا (۲) احکام صادرہ کی تعمیل ہوئی (۳) آیا مقدمہ بلحاظ حکم اخیر کے داخل دفتر ہونے کے قابل ہے (۴) احکام پر حاکم مجاز کے دستخط ہیں (۵) کاغذات کی تفریق بہ لحاظ تحقیق الصدو سید کے درست ہے (۶) اُن احکام کا جن کی نسبت طلبانہ واجب الوصول ہے اسٹامپ طلبانہ لگایا ہے (۷) کاغذات محتوم و اسٹامپ طلبانہ میں باضابطہ سوراخ کرکے ان کا اسٹامپ منسوخ کیا گیا ہو (۸) ترتیب مثل کی حسب منشاء گشتی نمبر (۱۵) دیوانی (۱۵) فوجداری (۱۹) فصلی ۱۲۹۶ف ہوئی ہے۔ ۲۰ف۔ اور اگر کوئی سقم ہو تو مقدمہ مع رجسٹر نمبر (۵۷) متفرق واپس کردیا کریں اور اگر وہ عدالت جہاں مقدمہ قابل واپسی کے ہے دوسری عدالت ہو جہاں کے مقدمات محافظ دفتر کے پاس داخل ہونے کی غرض سے آتے ہیں تو یہ واپسی بھیج رجسٹر مذکور بذریعہ مراسلہ ہوگی اور رجسٹر نمبر (۱۴) متفرق میں بجائے (۸) حوالہ نمبر و تاریخ مراسلہ کا بجائے دستخط کے درج ہوگا جب کوئی مقدمہ محافظ خانہ

ج ۔ اور متفرق کی نوعیت خود صیغہ سے فہرست اصلیہ پر لکھی جاوے گی اس کے مطابق درج جانے (۸) رجسٹر نمبر (۵۵) و (۵۶) ہوگی اور اسکی نوعیت حسب ذیل ہو سکتی ہے ۔

(۱۶) تقرر ۔ (۱۷) اضافہ ۔ (۱۸) تنزل (۱۹) تعطیل ۔ (۲۰) تبدیلی

(۲۱) شکایات ۔ (۲۲) وظیفہ ۔ (۲۳) انعام ۔ (۲۴) رخصت ۔ (۲۵) دورہ ۔

(۲۶) انعام شیر کشی (۲۷) اسٹراک قانونی (۲۸) منظوری رقوم ۔ (۲۹) تجویز و تعیین لاوارث

(۳۰) دیگر امور ۔

ف۷ ۔ جب مقدمات محافظ خانہ میں داخل ہوں تو محافظ دفتران کو رجسٹر نمبر (۵۵) میں کھتاونی کریں گے اور یہ کھتاونی بہ ترتیب تاریخ ادخال کاغذات در محافظ خانہ ہوگی اس کے بعد ردیف کے لحاظ سے ان مقدمات کی کھتاونی رجسٹر نمبر (۵۶) میں ہوگی ۔

ف۸ ۔ رجسٹر نمبر (۵۶) میں ردیف فریقین کے نام یا قصبوں کے لحاظ سے لکھے جائیں گے ۔ مثلاً ایک مقدمہ ابتدائی دیوانی ہے جس کے فریقین امیر چند مدعی بنام گلاب سنگھ مدعا علیہ ہیں تو امیر چند کے لحاظ سے مقدمہ ردیف الف میں اور گلاب سنگھ کے لحاظ سے ردیف کاف میں درج ہوگا اور اگر کسی مقدمہ میں متعدد فریقین متعدد قصبوں میں داخل ہو سکتے ہوں تو ہر ایک کے نام کی ردیف کے لحاظ سے مقدمہ متعلقہ ردیفوں میں درج ہوگا ۔ اور صورت میں ضرور ہے کہ جس فریق کی ردیف کے لحاظ سے مقدمہ درج ہونے لگے تو اس ردیف میں اس فریق کا نام کل فریقین کے نام سے پہلے لکھا جاوے

مثلاً ایک مقدمہ میں امیر چند و گلاب سنگھ و تارا چند مدعی ہیں تو جب گلاب سنگھ کے نام کے لحاظ سے مقدمہ درج ردیف کاف ہوگا تو اسطرح پر لکھا جاویگا ۔

گلاب سنگھ و امیر چند و تارا چند اسیطرح جب تارا چند کے لحاظ سے مقدمہ ردیف التا میں لکھا جاوے تو تارا چند کا نام پہلے لکھا جاوے یعنی اسیطرح تارا چند و امیر چند و گلاب سنگھ ۔

ف۹ ۔ جو مقدمات نمبر سالانہ پر قایم ہوں رجسٹر کھتاونی میں انکا نمبر رجوع ابتدائی بطور مسند لکھا جاوے اور اس کے تحت میں اس کا وہ نمبر رجوع بھی لکھدیا جایا کرے جو دوبارہ بر سلسلہ کا ہو ۔

ف۱۰ ۔ مقدمات محافظ خانہ میں نمبر رجوع کے سلسلہ کے لحاظ سے لکھے جاینگے اور اس میں لحاظ قسم مقدمہ و عدالت کا بھی ہوگا اور حسب ضرورت اختلاف اجلاس کا بھی لحاظ کیا جاویگا ۔

ف۱۱ ۔ مقدمات بستہ جات میں باندھے جاینگے اور بستہ جات پر چٹھیاں تیار کیجاویں گی

اور اس سے کہ بحالت رخصت کس نے صیغہ عدالت کا کام انجام دیا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۴ دے ۱۳۲۴ ف

مضمون (۹) جرمانہ وصول شدہ کی رسید دیا کرے	چونکہ بابت اس جرمانہ کے جو مقدمات فوجداری داخل کیا جاتا ہے داخل کنندہ کو کوئی رسید نہیں دی جاتی تھی۔

حالانکہ رسید کا دیا جانا مناسب ہے لہذا منظوری عالیجناب نواب مدارالمہام سرکار عالی جو ذریعہ مراسلہ نشان ۹۹۵ مورخہ ۱۵ آبان ۱۳۲۳ ف حاصل ہوئی بذریعہ گشتی ہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

دفعہ ۱۔ جو شخص جرمانہ داخل کرے اس کو ایک رسید جرمانہ کی حسب نمونہ ذیل دیا کرے۔

دفعہ ۲۔ رسید جرمانہ کی ایک کتاب مطبوعہ رکھی جاویگی جس کا نمونہ حسب ذیل ہوگا اور اس کتاب کے ہر ورق کے تین جز ہوں گے۔ بعد خانہ پری کے ایک جز داخل کنندہ جرمانہ کو دیا جائیگا اور مثنی شامل مثل کیا جاویگا اور مثلث کتاب رسیدات میں قائم رکھا جاویگا۔

سے برآمد ہو تو مقدمہ کے فیصلہ کے بعد جاری رکھا جاوے گا جس سے معلوم ہو کہ مقدمہ کس کے پاس کس تاریخ بھیجدیا گیا ہے۔ ف۲۱ بموجب گشتی مجلس نشان فوجداری (۱۴) دیوانی (۱۵) ۱۲۹۵ف صاحبان عدالتوں کو ہدایت ہر ماہ کی بغرض ادخال اسنلہ کے محافظ خانہ میں بھیجتے ہیں علاوہ اس کے تمام عدالتوں کو چاہیئے کہ بعد فیصلہ کے متفرقات بعرصہ ایک ہفتہ داخل محافظ خانہ کر دیا کریں۔

ف۲۲ جب کوئی مقدمہ جو محافظ خانہ سے باہر جاوے تین ماہ تک واپس نہ ہو تو محافظ خانہ سے اسکی واپسی کیلئے تقاضا کرنا لازم ہے۔ ف۲۳ سال کے ختم کے بعد کل رجسٹرات مستعملہ داخل محافظ خانہ کر دئیے جایا کریں محافظ دفتر رجسٹر ایک سلسلہ کے لحاظ سے دفتر میں رکھیں گے اور سلسلہ دیوانی کے رجسٹر ایک جگہ اور سلسلہ فوجداری کے ایک جگہ اور سلسلہ متفرق کے ایک جگہ علیحدہ علیحدہ بستہ جات میں باندھے جاویں گے اور بستہ جات پر نمبر رجسٹروں کے اور یہ کہ وہ دیوانی کے ہیں یا فوجداری کے یا متفرق اور نام عدالت متعلقہ کا بعد سنہ جسکی بابتہ رجسٹر میں لکھا جاویگا اسیطرح دو سہ کا عدالت یعنی جو اول ہوں برابر لکھا جاویگا جس سے آمدی کا تلاش میں سہولت ہو۔ ف۲۴ اسنلہ کی فرد کیس بھی جاویگی اور ہر ایک اسنلہ کی سر پر ساتھ کر اسنلہ میں لگائی جایا کرے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۷ / دیوانی ۱۶ مورخہ ۲۲ آبان ۱۳۰۴ف

حصولی (۸۹) عہدہ داران مشترکہ مال و عدالت کی تاریخ جائزہ سے اطلاع ہوا کرے	عہدہ داران مشترکہ عدالت و مال جب اپنے صیغہ عدالت کا کسی کو جائزہ دیتے یا لیتے ہیں تو اسکی اطلاع

مجلس عالیہ عدالت کو نہیں دی جاتی جس کی وجہ سے عدالت العالیہ کو معلوم نہیں ہوتا ہے کہ عدالت کے کام کا جائزہ عہدہ داران صیغہ مال نے کب لیا ہے یا کب جائزہ دیا ہے لہذا بہ تسلسل گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۸) دیوانی (۱۰) مصدرہ ۱۹ فروردی ۱۲۹۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ بصراحت ذیل ہر ایک سے عہدہ داران مشترکہ عدالت و مال مجلس عالیہ عدالت کو بتوسط اپنے افسر اعلیٰ کے اطلاع دیا کریں۔

بحالت تقرر مستقل ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اس عہدہ دار کے نام سے اور اس تاریخ سے اطلاع دیجاوے جس تاریخ اس نے کسی خدمت صیغہ عدالت کا جائزہ لیا ہو یا جائزہ دیا ہو۔

بحالت تقرر منصرمانہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ایضاً

بحالت تبدل ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ایضاً

بحالت رخصت ہر قسم سوائے رخصت اتفاقی۔ تاریخ استفادہ رخصت سے معہ نام عہدہ و عہدہ دار کے اطلاع ہونا چاہئے اور واپسی کے بعد تاریخ جائزہ خدمت سے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مؤرخہ ۹ بہمن ۱۳۰۴ف

مضمون (۹۱) مقدمات قابل دست اندازی پولیس میں ہمیشہ گواہوں کو خوراک کا قاعدہ دیا جاتا ہے۔

مجلس عالیہ عدالت کو بعض امور سے جو ہائے تحقیق سے دریافت ہوا کہ مقدمات فوجداری میں گواہوں کو خوراک نہیں دلائی جاتی ہے اور اسکا انتظام کامل طور پر نہیں ہے۔ اسلئے جملہ عدالتہائے فوجداری کو حکم دیا جاتا ہے کہ تمام مقدمات فوجداری قابل دست اندازی پولیس میں ہمیشہ گواہوں کو خوراک دیا جاتا ہے اگر عدالت کسی گواہ کو اپنی رائے سے یا کسی فریق کی درخواست پر طلب کرے تو بھی خوراک کا قاعدہ ...

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۸ / دیوانی ۱۱ مورخہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۰۴ف

مضمون (۹۲) مکان عدالت میں عہدہ دار سرکار کا سکونت اختیار کرنا ممنوع ہے۔

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ بعض ملازمین سرکاری مکان عدالت کے ایک حصہ میں بود و باش رکھتے ہیں اور اس سے عدالت کی ضروریات میں حرج واقع ہوتا ہے اسلئے بعد منظوری نواب مدار المہام سرکار عالی کے جو ذریعہ روبکار نشان (۳۶۴) مورخہ ۱۹ اردی بہشت ۱۳۰۴ف صادر ہوئی آیندہ کیلئے یہ حکم دیا جاتا ہے کہ کوئی حاکم کسی عدالت کا مکان عدالت کے کسی حصہ میں بود و باش اختیار نہ کرے اور اس وقت کوئی حاکم کسی مکان عدالت میں سکونت پذیر ہو تو اسکو لازم ہوگا کہ بعد وصول اس گشتی کے ایک مہینہ کے اندر اپنے قیام کیلئے دوسرا مکان تجویز کرلے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۰۴ف

مضمون (۹۳) ترمیم گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۶) دیوانی (۸) فوجداری مورخہ ۲۸ امرداد ۱۳۰۳ف اور گشتی مجلس نشان ۸ دیوانی و (۱۱) فوجداری مورخہ ۲ امرداد ۱۳۰۳ف۔

بصدور روبکار محکمہ سرکار عالی حلاوہ عدالت کوتوالی وامور عامہ نشان (۲۹۳) مورخہ ۲۲ فروردی ۱۳۰۴ف حکم دیا جاتا ہے کہ جو قدمات پیشکاران تحصیل و سررشتہ داران عدالت اور اعلی محرران عدالت بحیثیت منتظم انجام دینے کے مجاز ہیں اُن میں اسعد اصلاح کی جاتی ہے کہ محکمہ جات سرکار کے نام جو مراسلات جاری ہوں انپر پیشکاران تحصیل و سررشتہ داران اور اعلی محرران عدالت دستخط کرنیکے مجاز نہیں ہیں کیونکہ اسکی مطابق ...

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ / دیوانی ۱۴ مورخہ ۹ خورداد ۱۳۰۴ف

مضمون (۹۴) آیندہ سے دو چند اجرت لیکر درخواست گزار کو فوراً نقل دیجا سکتی ہے۔

اہل مقدمات کی درخواست پر بعض عدالتہائے ماتحت سے یہ تحریک ہوئی تھی کہ دو چند اجرت نقل داخل کرنیکی صورت میں فیصلہ جات وغیرہ کاغذات کے نقول فی الفور تیار کرکے دیجایا کریں جس پر درخواست عطائے نقل عدالت میں پیش ہو جیسے جواب میں مجلس نے اجازت دی تھی مگر حکم مذکور عام طور پر جاری نہیں ہوا تھا اسلئے اس گشتی کے ذریعہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ درخواست گزار کی خواہش پر دو چند اجرت نقل لینے کے بعد اسے فوراً نقل دیجا سکتی ہے جس روز کہ درخواست عطائے نقل پیش ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۲) مورخہ ۴ شہریور ۱۳۰۴ف

مضمون (۹۵) تعمیل پروانہ پولیس محکمہ متعلق عدالت سرکار عالی مورخہ ۸ اردی بہشت ۱۳۰۴ف بسلسلہ جملہ عدالتہائے فوجداری کی توجہ کیلئے پیروکار سرکار۔

نمونہ رسید جرمانہ متعلقہ عدالت

(منسلکہ گشتی محکمہ نشان فوجداری (۱) دیوانی (۲) مورخہ ۱۴۔ دے ۱۳۳۰ف)

مثلث رسید

نمبر	عنوان	
۱	نشان شمار	
۲	تاریخ وصول جرمانہ	
۳	مقدار جرمانہ وصول شدہ	
۴	نمبر مقدمہ تنقیح شدہ و نام عدالت	
۵	نام فریقین	
۶	نام اس شخص کا جس کی طرف سے جرمانہ داخل ہوا	
۷	نام داخل کنندہ جرمانہ	
۸	نام عہدہ دار وصول کنندہ جرمانہ	
۹	کیفیت	

مثنیٰ رسید

نمبر	عنوان	
۱	نشان شمار	
۲	تاریخ وصول جرمانہ	
۳	مقدار جرمانہ وصول شدہ	
۴	نمبر مقدمہ تنقیح شدہ و نام عدالت	
۵	نام فریقین	
۶	نام اس شخص کا جس کی طرف سے جرمانہ داخل ہوا	
۷	نام داخل کنندہ جرمانہ	
۸	نام عہدہ دار وصول کنندہ جرمانہ	
۹	کیفیت	

رسید

نمبر	عنوان	
۱	نشان شمار	
۲	تاریخ وصول جرمانہ	
۳	مقدار جرمانہ وصول شدہ	
۴	نمبر مقدمہ تنقیح شدہ و نام عدالت	
۵	نام فریقین	
۶	نام اس شخص کا جس کی طرف سے جرمانہ داخل ہوا	
۷	نام داخل کنندہ جرمانہ	
۸	نام عہدہ دار وصول کنندہ جرمانہ	
۹	کیفیت	

ف ۵۔ یہ رجسٹر مطبوعہ جو عدالت کے سررشتہ عمارت میں رہیں گے اور جو قیمت مناسب عدالت مقرر کرے اس قیمت پر ضرورتمند کو دئے جائیں اور عرضیگذاران ایسے رجسٹر کو ہمراہ عرضی کے عدالت میں داخل کریں گے۔

ف ۶۔ رجسٹر کے خانہ (۱) تا (۵) کی خانہ پری خود عرضیگذاران یا اُن کے وکلاء و مختاران کیا کریں اور خانہ (۶) کی خانہ پری اس شخص کے متعلق رہے جو عرائض لے۔

ف ۷۔ بعد گذرنے عرضی کے رجسٹر بعد دستخط حوالہ عرضی گذار کردیا جایا کرے جس کو عرضیگذاران اپنے پاس بطور سند ادخال عرائض رکھا کریں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۴) مورخہ ۱۱۔ مہر ۱۳۰۴ف

مضمون (۹۷) مستغیث و گواہ مستغیث سے دربارہ شناخت ملزمین توضیح سوال کرنا چاہئے۔

مجلس عالیہ عدالت کو بعض مقدمات فوجداری کے ملاحظہ سے واضح ہوا ہے کہ اکثر حکام فوجداری عدالت ہائے اضلاع فقرہ (۳) دستور العمل قلمبندی اظہارات متخاصمین و گواہان فوجداری مصدرہ ۱۲ جمادی الاول ۱۲۸۵ھ کی پابندی پورے طور پر نہیں کرتے ہیں جس میں یہ حکم ہے کہ جب شہادت ثبوت جرم ملزم کے مواجہہ میں قلمبند ہو تو گواہ سے ملزم کی شناخت کرائی جائے۔

اس لئے مجلس عالیہ عدالت منظوری عالیجناب نواب مدارالمہام سرکار عالی جو بذریعہ مراسلہ دفتر معتمد عدالت نمبری (۹۶۶) مورخہ ۳۔ مہر ۱۳۰۴ف حاصل ہوئی تمامی حکام عدالت ہائے فوجداری کی توجہ حکم مندرجہ فقرہ مذکور کی طرف معطوف کرتی ہے اور ہدایت کرتی ہے کہ آئندہ سے ایسے مقدمات فوجداری میں جن میں شناخت ملزمین کی ایک امر ضروری ہے ان میں تمامی عدالت ہائے فوجداری کو ضرور ہے کہ مستغیث و گواہان مستغیث سے دربارہ شناخت ملزمین توضیح سوال کریں اور مستغیث یا گواہان مستغیث جن جن ملزمین کو شناخت کریں اُن ملزمین کا نام اظہار میں مستغیث یا گواہ مستغیث کے بہ تفصیل درج کریں۔ اگر منجانب ملزمین کوئی وکیل نہ ہو تو خود عدالت کو لازم ہے کہ وہ شناخت ملزمین کی مستغیث یا گواہ مستغیث سے پوچھ لیوے تاکہ خود عدالت کو اور عدالت ہائے مرافعہ کو موقع اس امر کی تجویز کا ملے کہ فی الحقیقت گواہ یا مستغیث کو وجہ کافی شناخت کی تھی یا نہیں اور وہ شناخت اسکی قابل اعتماد ہے یا نہیں۔

محکمہ بندوبستی عدالت سرکار عالی مجریہ ۸ اردی بہشت ۱۳۱۳ف کیطرف معطوف کیجاتی ہے اور بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ اسکی تعمیل عند الضرورت عدالتہائے فوجداری سے ہوا کرے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۳ / دیوانی ۱۶ مورخہ ۱۳ شہریور ۱۳۰۴ف

مضمون (۹۶) عرائض عموماً اول وقت اجلاس عدالت لئے جایا کریں اور عرضی گذاروں کو واجبی ہدایتیں دی جایا کریں ۔

مجلس عالیہ عدالت کو مختلف ذرایع سے معلوم ہوا ہے اور مجلس عالیہ عدالت میں شکایت بھی پہونچی ہے کہ اکثر عدالتوں میں عرائض دعاوے و دیگر قسم کے عرائض لینے کے لئے کوئی وقت معین نہیں ہے اور نہ کسی افسر سررشتہ یا اہلکار کی نسبت کوئی خاص حکم دیا جاتا ہے کہ وہی ہر قسم کے عرائض لیا کرے اور نہ عرضی گذاروں کو کوئی ایسا کاغذ دیا جاتا ہے جو ان کے پاس بطور دلیل داخل عرضی عدالت کے رہا کرے اور ان قواعد کے نہ ہونے سے اکثر دقت ہوتی ہے لہذا ان قباحتوں کے رفع کی غرض سے احکام ذیل واسطے پابندی تمامی عدالتوں کے جاری کئے جاتے ہیں ۔

ف ۱ ۔ کل عدالتوں کو چاہئے کہ عرائض لینے کے لئے عموماً اول وقت اجلاس کا مقرر کریں خاص حالت میں بوقت اجلاس عدالت جس وقت حاکم مناسب سمجھے اس وقت کوئی عرضی لیوے ۔

ف ۲ ۔ بذریعہ اشتہار عام کے اطلاع دیں کہ عرائض فلاں وقت سے فلاں وقت تک لی جایا کریں گی ۔

ف ۳ ۔ حاکم عدالت اگر عرائض کا لینا خود پسند کرے تو اشتہار مذکورہ فقرہ (۲) گشتی ہذا میں تصریح کر دے کہ عرائض حاکم خود لیا کریگا اور اگر کسی افسر سررشتہ یا اعلیٰ اہلکار عدالت کو اسکا مجاز کرے تو اس افسر سررشتہ یا اعلیٰ اہلکار کا نام اور عہدہ کی تصریح اشتہار میں کر کے لکھے کہ فلاں افسر سررشتہ یا اعلیٰ اہلکار کے پاس عرائض پیش ہوا کریں گے ۔

ف ۴ ۔ عرضی گذاروں کو چاہئے کہ عرائض کے ساتھ ایک پرچہ کاغذ کا بنمونہ ذیل منسلک کیا کریں

۱	۲	۳	۴	۵
نام عرضی گذار ۔	نام فریقین مقدمہ	دعوی یا مضمون عرضی ۔	تاریخ ادخال ۔	تعداد و تصریح منسلکات اگر ہوں

۶

حکم جو عرضی پر ہوا ہو بقید تاریخ و دستخط عہدہ دار یا اہلکار ۔

ملازمت ہو۔ امیدوار جو کار آموز مقرر ہو اور خدمت سرکاری کو انجام دے وہ ذمہ داری تکمیل ملازمت سرکاری کے قبول کرے۔

دفعہ ۲۔ ہر عدالت میں رجسٹر کار آموزان حسب نمونہ ذیل رکھا جائے۔

دفعہ ۳۔ جب کوئی عدالت کسی امیدوار کو کار آموز مقرر کرے تو ضرور ہے کہ کار آموز کی صحت جسمانی کا سرٹیفکیٹ صدر طبابت یا ڈاکٹر ملازم سرکاری حاصل کر کے اُس کو کار آموز مقرر کرے۔

دفعہ ۴۔ جب کوئی جگہ خالی ہو تو کار آموز کو بمقابلہ غیر کار آموز کے نظر رہیں فوقیت اور ترجیح ہوگی۔

دفعہ ۵۔ کار آموزوں کے تقرر میں اگر چند کار آموز ہوں اُنکی تاریخ ابتدائے کار آموزی اور لیاقت اور عمر اور عام ہوشمندی کا لحاظ رکھا جائے۔

دفعہ ۶۔ اگر علاوہ کار آموزان موجودہ مندرجہ رجسٹر کے کسی لائق امیدوار کا تقرر مطلوب ہو تو حاکم متعلقہ کو لازم ہوگا کہ اس کے تقرر کے وجوہ خاص قلمبند کر کے اُس کو مقرر کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت اضلاع محروسہ سرکار عالی نشان ۱۸ فوجداری / ۱۹ دیوانی مورخہ ۱۳ مہر ۱۳۰۴ف

مضمون (۱) ہر ایک عدالت میں جمع و خرچ سامان صادر کا ایک رجسٹر بہ نمونہ منسلکہ رکھا کرے۔

اب تک عام طور پر مجلس عالیہ عدالت سے کوئی نمونہ رجسٹر جمع و خرچ سامان صادر کا جاری نہیں ہوا تھا جس سے عدالتوں میں مختلف نمونوں کے رجسٹر رکھے جاتے تھے اور اُس سے پوری کیفیت بھی ظاہر نہیں ہوتی تھی اور بعض عدالتوں میں تو اسکا کوئی رجسٹر ہی نہیں رکھا جاتا تھا اسلئے نمونہ رجسٹر مذکور کا اس کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔ حاکم عدالت کو لازم ہے کہ مطابق نمونہ منسلکہ کے رجسٹر اپنی عدالت میں مرتب رکھے اور سررشتہ دار کی سپردگی میں سامان صادر ہوا اُس سے رجسٹر مذکور کی ترتیب متعلق کردے اور ختم ماہ پر حاکم عدالت بعد تنقیح کے اُس پر اپنی دستخط کیا کریں اور سررشتہ دار یا مہتمم عدالت پر بھی لازم ہوگا کہ ماہوار اس رجسٹر پر بعد تنقیح کے اپنے دستخط کیا کرے اور حتی الوسع واقعی خرید و مصارف سامان کی جانچ ماہیہ میں ایک دفعہ کر لیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت اضلاع محروسہ سرکار عالی نشان ۱۹ فوجداری / ۲۰ دیوانی مورخہ ۱۸ مہر ۱۳۰۴ف

مضمون (۱) ملازمان انتظامی کی سماعت مقدمات کیلئے تاریخ پیشی مقرر کیا کرے۔

معلوم ہوا ہے کہ مقدمات انتظامی کی سماعت

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۶ / دیوانی ۱۷ مورخہ ۱۴ - مہر ۱۳۰۴ف

مضمون (۹۸) رجسٹر مستعملہ عدالت زبان اردو میں لکھے جایا کریں

عدالت ہائے مفصل کی تنقیح سے معلوم ہوا کہ بعض عدالتہائے مفصل میں رجسٹر مستعملہ عدالت زبان اردو میں رکھے جاتے ہیں اور اکثر جگہ خلاف اس کے بزبان مروجہ مقامی لہذا اس اختلاف کے رفع کرنے کی عرض سے بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ چونکہ عام زبان تمام عدالتوں کی حسب قرار داد سرکار عالی اردو قرار پائی ہے لہذا تمام عدالتوں میں رجسٹر زبان اردو رکھے جایا کریں اگر کسی مقام میں کسی وجہ سے رجسٹر کا زبان اردو رکھا جانا ممکن ہو تو اجازت ہے کہ رجسٹر زبان وجہ مقامی میں رکھے جایا کریں لیکن ہر ایسے مقام پر جہاں حاکم و اہلکار اردو داں ہوں تو تمام رجسٹر زبان اردو میں رکھے جایا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۷ / دیوانی ۱۸ مورخہ ۱۳ مہر ۱۳۰۴ف

مضمون (۹۹) تقرر کارآموزان بعدالتہا و اتحاب کارآموزان واسطے خدمات سرکاری کے۔

تفصیل۔ عدالت ہائے سرکار عالی میں جب کوئی جگہ منجملہ ان جگہوں کے خالی ہوتی ہے جن کے لئے جوڈیشیل ڈپارٹمنٹ کے امتحان کی کامیابی کی ضرورت نہیں ہے تو اس جگہ کی ماموری کے لئے وقت ہوتی ہے۔ نئے لوگ جن کے تقرر کے لئے خالی شدہ جگہ بصرف مڈل کلاس کے امتحان کی شرط ہے بھرتی ہونے کی درخواست کرتے ہیں اور ان لوگوں کے تقرر سے بوجہ ان کے کام سے اجنبی ہونے کے کام میں سخت دقت پیدا ہوتی ہے اور تجربہ سے معلوم ہوا ہے اور عدالتوں نے بھی اطلاع دی ہے کہ ایسے نئے بھرتی شدہ لوگ بالکل ناقابل کام ہوتے ہیں لہذا بدیں غرض کہ اس قسم کے لوگ متقر بھی ہو سکیں اور کام بھی عمدگی کر سکیں بذریعہ گشتی ہذا قواعد ذیل جاری کئے جاتے ہیں۔

دفعہ ۱۔ ہر عدالت ماتحت کو اختیار دیا جاتا ہے کہ بعد حصول منظوری مجلس عالیہ عدالت کے اپنی عدالت کی خدمات اہلکاران کے لئے کارآموزان کو متقرر کرے بشرائط ذیل۔

شرط اول۔ امیدوار کارآموزی کا مڈل پاس شدہ ہوا اور اگر مفصلات کی عدالتوں میں کسی جگہ کا امیدوار ہو تو امتحان زبان ملکی میں کامیاب ہو۔

شرط دوم۔ امیدوار کو سررشتہ کی اہلکاری کے کسی قسم کے کام کی انجام دہی میں عمدہ نہ ہو

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۲۱ مذہبی / ۲۲ دیوانی مورخہ ۱۰ آبان سنہ ۱۳۲۴ ف

مضمون (۳) اطلاع مطابقت موجودات خزانہ ہر ماہ عدالتہائے ماتحت | عدالتوں کے معائنہ سے معلوم ہوا کہ خزانہ عدالت کے موجودات کی تنقیح مقابلہ رجسٹر جمع وخرچ عام کیا یا نہ تمام عدالتیں نہیں کرتے ہیں حالانکہ موجودات خزانہ کی جانچ اور مقابلہ بار رجسٹر کے اندراجات سے ماہانہ ضروری ہے لہٰذا بذریعہ گشتی ہذا حسب ذیل احکام بغرض پابندی تمام عدالتوں کے جاری کئے جاتے ہیں۔

دفعہ ۱۔ ہر عدالت کو چاہئے کہ ہر ماہ الٰہی کی پہلی تاریخ کو اور اگر اُس روز کوئی تعطیل ہو تو بروز اول افتتاح عدالت کے موجودات خزانہ عدالت کی تنقیح اور تاریخ مطابقت رجسٹر نمبر مسلسل (۴۸) جمع وخرچ عام عدالت کے کیا کرے اور رجسٹر نمبر ۴۸ میں تصدیق اس امر کی لفظ تاریخ تنقیح لکھدیا کرے کہ موجودات خزانہ کی تنقیح مطابقت رجسٹر نمبر ۴۸ کے کی گئی اور مطابق رجسٹر کے زر نقد خزانہ میں موجود ہے اگر فرق پایا جاوے تو کس قدر فرق ہے اور اسکی کیا وجہ ہے لکھنا چاہئے۔

دفعہ ۲۔ اس تنقیح کی اطلاع بنمونہ ذیل ہر عدالت کو اُس عدالت میں دینا چاہئے جو اُس کے نام کے مقابل درج ہے۔

نمونہ تنقیح موجودات خزانہ

ریورٹ تنقیح خزانہ عدالت ... مقام ... ضلع ... صوبہ ... بابتہ ... ماہ الٰہی سنہ ۱۳ ف

۱ تاریخ تنقیح بتفصیل ماہ و سنہ	۲ تفصیل انواع زر نقد موجودہ خزانہ معہ مقدار موجودہ	۳ کیفیت

نام عدالت جسکو ریورٹ بھیجا جائے	نام عدالت جہاں ریورٹ بھیجنا چاہئے
عدالت دیوانی بلدہ بیرون بلدہ دارالقضا بلدہ فوجداری بلدہ صوبہ اطراف بلدہ صدر عدالت ہائے صوبہ	عدالت العالیہ حیدرآباد دکن میں ایضاً
عدالت ہائے ضلع وکلہ از تعلقات سرکار ناظم و دوم وسوم تعلقداران تحصیلداران و نائب تحصیلداران	صدر عدالت صوبہ متعلقہ میں عدالت ضلع میں۔

دفعہ ۳۔ جن عدالتوں میں یہ ریورٹ پہونچے اُس کو دیکھنا چاہئے کہ آیا تنقیح تاریخ مقررہ ہوئی ہے اور قابل اطمینان درست ہے یا نہیں۔

کے لئے حسب وجہ التوا لکھنے کے لئے بذریعہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان دیوانی (۱۷) و فوجداری (۱۸) مورخہ ۲۴ آبان ۱۳۲۰ف حکم ہوا ہے تاریخ پیشی مقرر نہیں کیجاتی ہے اور اُنکا اندراج رجسٹر پیشی مقدمات میں ہوا ہے اور بدیں وجہ عدالت کے پورے کام کی مقدار رجسٹر پیشی سے معلوم نہیں ہوتی لہذا بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تمام مقدمات انتظامی و متفرق کی سماعت و تجویز کے لئے تاریخ پیشی مقرر کیجایا کرے۔ اور ان مقدمات کا اندراج رجسٹر پیشی میں ہو کر ان پر تاریخ مقررہ جو تجویز لکھنا یا حکم دینا ضروری ہو کیا کرے اور اگر تاریخ مقررہ کوئی مقدمہ ملتوی ہوا کرے تو حکم التوا مثل مقدمہ میں لکھکر دوسری تاریخ مقرر کیجایا کرے

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۰) مورخہ ۸ آبان ۱۳۲۰ف

مضمون (۲۰) اموات اتفاقی یا مشتبہ اور اُس صورت میں جسکہ ہلاک مصروب ہو کر مرا ہو پابندی قواعد رزولیوشن نمبر ۱/۴۴ع ۱۲۹۹ف امتحان طبی نعش متوفی کا عموماً کرایا جاوے۔

ہر چند کہ رزولیوشن ہوم ڈپارٹمنٹ نمبر ۱/۴۴ع محررہ ۳ اسفندار ۱۲۹۹ف کے ذریعہ سے پوسٹ مارٹم اور اسکی فیس کا قرار داد ہوا ہے مگر عدالت فوجداری بلدہ کی اطلاع سے معلوم ہوا کہ ورثاء متوفی عمل پوسٹ مارٹم پر اکثر رضامندی ظاہر نہیں کرتے ہیں اور بدیں وجہ عمل پوسٹ مارٹم ملتوی رہتا ہے اور تحقیقات مقدمہ اور دریافت جرم ہونے میں بڑی دقت واقع ہوتی ہے لہذا اس دقت کے رفع کرنے کی غرض سے کہ منشاء رزولیوشن نمبر ۱/۴۴ع ۱۲۹۹ف کا کماحقہ حاصل ہو بذریعہ گشتی ہذا احکام ذیل دئے جاتے ہیں۔

دفعہ ۱ ۔ کل موت اتفاقی یا مشتبہ ہو یا ہلاک مصروب ہو کر مرا ہو ضرور ہے کہ پابندی قواعد رزولیوشن نمبر ۱/۴۴ع ۱۲۹۹ف کے امتحان طبی نعش متوفی کا عموماً کرایا جاوے اور طبیب کو اختیار ہے کہ خواہ عمل پوسٹ مارٹم کا کرے یا بغیر اس کے امتحان خارجی نعش کا کرکے سارٹیفکٹ لکھے۔

دفعہ ۲ ۔ پولیس مقامی کو لازم ہے کہ عموماً نعش کو امتحان طبی کی غرض سے ڈاکٹر خانہ میں پہونچاوے یا مقام موجودگی نعش پر ڈاکٹر کو طلب کرے اور یہ سب کارروائی پولیس کو جس قدر جلد ہو سکے کرنا چاہئے تاکہ ڈاکٹر کو موقع عمل پوسٹ مارٹم یا دوسری قسم کی تشخیص کا باقی رہے۔

دفعہ ۳ ۔ جس نعش کا امتحان طبی ہونا ممکن ہو چاہئے کہ اسکی تدفین بلا کسی سبب اور وجوہ قلمبند ہو کر تساہل نہ کیا جاکرے۔

اور ایسا مال بہ فیصلہ عدالت کے عہدہ داران مال کے تفویض کر دینا چاہیئے لہذا اس قباحت کے رفع کرنے کی غرض سے حسب منظوری سرکار عالی جو مدینہ بمراسلہ دفتر معتمدی عدالت سرکار عالی (۴۴۴۵ ۳۳) مورخہ ۱۲ دربور ۱۳۲۴ف موسومہ دفتر مال دفنانس سرکار عالی صادر ہوئی حسب ذیل احکام نافذ کیئے جاتے ہیں۔

ف ۱ ۔ صوبہ ہائے کمشنری میں مال باجائداد لاوارث یا متروکہ المیتی یا نابالغ و دیہہ کی نسبت تحصیلداران اور اُس سے بالا بالیت کی نسبت صاحبان اول تعلقداران اطلاع فیصلہ اس امر کا کر دیا کریں کہ وہ مال لاوارث یا بیمدعو ہے اور اُس پر سرکار عالی کو حق مالکانہ حاصل ہوگیا ہے تو ایسا مال بضبط فہرست صیغہ مال کے تفویض کر دیا کریں۔

ف ۲ ۔ صوبہ بیدر و گلبرگہ و ورنگل میں اس قسم کے مال کی نسبت تحصیلداران و مددگاران عدالت ہائے ضلع و اول تعلقداران حسب اپنے اختیارات کے تجویز مصرحہ فقرہ (۱) گشتی ہذا صادر کریں تو بعد اس تجویز کے وہ مال صیغہ مال میں بعد تحریر فہرست تفویض کر دیا کریں۔

ف ۳ ۔ عہدہ داران مال یعنی تحصیلداران و اول تعلقداران بعد اس کے کہ وہ مال متعلقہ عہدہ داران مال کے ان کے تفویض کر دیا جاوے وہ تمام کارروائی اس کے انتظام و حفاظت کی بابت مثل مال سرکار کے کریں گے اور ضروری کارروائی انتظام و حفاظت یا ہراج مال مذکور کے جو ضروری ہو سرکار کی عمل میں لاویں گے۔

ف ۴ ۔ اس وقت پر یہ بھی ضرور ہے کہ مال لاوارث و بیمدعو کے معنی بیان کئے جاویں واضح ہو کہ مال لاوارث وہ مال ہے جس کا مالک فوت ہو جائے اور کوئی وارث موجود نہ ہو اور بیمدعو وہ مال ہے جس کی ملکیت کا کوئی مدعی موجود نہ ہو اور دیانتاً وہ جائز طور پر کسی شخص کی ملکیت نہ ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی۔ نشان ۳۴ مورخہ ۲۰ آبان ۱۳۲۴ف

گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان دیوانی وفوجداری (۱) مورخہ آبان ۱۳۲۴ف متعلق جواب محرران و وکلا۔	چونکہ مجلس عالیہ عدالت کی گشتی نشان دیوانی و فوجداری (۱) مورخہ ۲۸ آذر ۱۳۲۳ف میں تصریح کی گئی ہے کہ اگر ایک محرر جس کا اندراج ایک عدالت کے

رجسٹر میں ہو جائے وہ اس عدالت میں بطور محرر کے کام کر سکتا ہے یا دوسری عدالت میں بھی بہ شرائط اندراج مذکور کے کام کر سکتا ہو گا۔ اور جو لوگ خود محرر کے درجہ رکھتے ہوں ان کے پاس کوئی نوشتہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۲۳ فوجداری / ۲۴ دیوانی مورخہ ۱۴ آبان ۱۳۴۲ف

خلاصہ گشتی (۱۰۴) ہر تعلقدار ضلع و صوبہ دار کو لازم ہے کہ ہر سہ ماہی میں اقل مرتبہ ایک بار اپنی عدالت کی تنقیح بذات خود کیا کریں ۔

بہ تعمیل گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۸) دیوانی (۵) مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳۳۲ف اضلاع صوبہ بیدر و گلبرگہ و ورنگل و صدر عدالت ہائے صوبہ جات مذکورہ سے جو رپورٹ تنقیح سہ ماہی عدالت کی آتی ہے وہ مرتبہ مددگاران عدالت ہائے ضلع یا معتمدان دفاتر عدالت صوبہ کی ہوتی ہے۔ حالانکہ عدالت ہائے ضلع کے ناظم اول تعلقدار و صدر عدالت کے ناظم صوبہ دار ہیں اور ان احکام کو بذات خود اپنی عدالتوں کی تنقیح کرنا چاہئے۔ لہذا بذریعہ گشتی ہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے ۔

دفعہ ۱ ۔ بہ تعمیل گشتی نشان فوجداری (۸) دیوانی (۵) ۱۳۳۲ف مذکورہ بالا ہر تعلقدار ضلع و صوبہ دار کو لازم ہے کہ ہر سہ ماہی میں اقل مرتبہ ایک مرتبہ اپنی عدالت ضلع و صدر عدالت کی تنقیح بذات خود کیا کریں۔

دفعہ ۲ ۔ اول تعلقداران اضلاع صوبہ بیدر و گلبرگہ و ورنگل و ناظران صوبہ جات مذکور ترتیب و ارسال رپورٹ سہ ماہی میں اب ہیں تو اس کے پابند ہوں گے جیسا کہ گشتی نشان فوجداری (۸) دیوانی (۵) ۱۳۳۲ف میں متعلق تنقیح سہ ماہی عدالت ہیں ہوا ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۳) مورخہ ۱۵ آبان ۱۳۴۲ف

خلاصہ (۱۰۵) مال یا جائداد لاوارث یا غیر دعوہ بعد فیصلہ عدالت فوجداری کے محکمہ مال کے تفویض کر دی جایا کرے ۔

مال لاوارث یا غیر دعوہ کی نسبت [illegible] روپیہ کی مالیت تک تحصیلداروں کی عدالتوں [illegible] اور اس سے زائد مالیت تک مددگاران اضلاع اور [illegible] اول تعلقداران اضلاع کی عدالت سے حسب منشاء مراسلہ مجلس عالیہ عدالت نشان انتظامی ۱۰/۵ مورخہ ۹ بہمن ۱۳۳۲ف موسومہ صدر عدالت صوبہ ورنگل ہوئی ہے اب تک یہ عملدرآمد ہے کہ ایسے مال کے ہراج کی کارروائی بھی بعد فیصلہ اس امر کے کہ ایسا مال لاوارث یا غیر دعوہ ہے انہیں عدالتوں سے بصیغہ فوجداری ہوتی ہے حالانکہ یہ امر اصول کے خلاف ہے۔ مال لاوارث یا غیر دعوہ کی بابت عدالت فوجداری کا صرف یہ کام ہے کہ وہ اس امر کا تصفیہ کر دے کہ وہ مال لاوارث یا غیر دعوہ ہے اور اب سرکار عالی کو حق حاصل ہو گیا ہے۔ اور اس کے بعد جس قدر کارروائی ہراج یا وصول حاصل کی ہو وہ اصولاً عہدہ داران مال کے ذریعہ سے ہونا چاہئے

بابت جو سررشتہ مال وصول کرے وہ بمد آمدنی مال بقاعدات سرکاری میں بتائی جایا کرے بلکہ ایسا محاصل بابت بوجہ اس کے کہ ایسے مال یا جائداد کا فیصلہ بصیغہ عدالت سے ہوتا ہے کاغذات سرکاری میں تحت آمدنی صیغہ عدالت بتائی جایا کریگی جس کے لئے علیحدہ نقل اس گشتی کی مجلس مالگذاری سرکار عالی میں ص اطلاع وتعمیل عہدہ داران مال کے بھیجی بھیجی گئی ہے۔

دفعہ ۲ - عہدہ داران مال جو انتظام مال یا جائداد لاوارث یا غیر دعوہ کا کریں اُن کو لازم ہوگا کہ بہ معاملہ یا مال کے ختم کے بعد عدالت ہائے متعلقہ کو محصول سے ال یا جائداد لاوارث وغیرہ دعوہ اُن کے سپرد کی ہو مال یا جائداد لاوارث وغیر دعوہ کے محاصل یا قیمت سے اطلاع دیدیا کریں تاکہ عدالتیں نقشہ جات سہ ماہی وسالانہ میں اس کی مدنی کو بمد آمدنی عدالت دکھلا سکیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ~~۵~~ فوجداری / دیوانی مورخہ ۵ ربیع الثانی ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۸) مراتب مکتوبہ گشتی ہذا نقول مطلوبہ پر لکھے جایا کریں | نقول کاغذات کی جو یاد داشت مرافعہ و نگرانی وغیرہ متعلقہ سابقہ مجلس عالیہ عدالت میں پیش ہوئی ہیں اُن کے ملاحظہ سے واضح ہوا کہ نقول پر مراتب ضروری کی تصریح نہ ہونے سے اکثر معلوم نہیں ہوتا کہ وہ نقل کس کاغذ یا حکم کس عدالت کے کس منصب اور کس طبقہ سے ہے۔ لہذا بدیں غرض کہ نقل کے دیکھنے سے مراتب مندرجہ بالا کا انکشاف ہوا کرے بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ نقول میں مراتب مفصلہ ذیل اپنے اپنے مقامات پر لکھے جایا کریں۔

(۱) نام و مقام عدالت یا محکمہ مرافعہ یا ابتدائی (۲) نشان مثل متعلقہ معہ سنہ بعد نوعیت صیغہ

(۳) نوعیت کاغذ کی جسکی نقل ہو۔ (۴) اگر کاغذ مختوم بہ مہر اصل ہو تو صراحت کاغذ مختوم

(۵) نام فریقین مقدمہ (۶) تاریخ کاغذ کی جسکی نقل دی گئی ہو۔

دفعہ ۲ - جس افسر یا اہلکار کے متعلق اہتمام نقول کا ہو اُن کو چاہئے کہ جب دستخط کے لئے اُس کے سامنے پیش ہو تو دیکھ لیا کرے کہ آیا اُس پر مراتب مکتوبہ گشتی ہذا مندرج ہیں۔

دفعہ ۳ - ضرور ہے کہ نقل ہمیشہ مطابق اصل کے لکھی جایا کرے۔ اور وہ نقل تمام امور متعلقہ کے مکمل طور پر ہو۔

اس امر کا نہ ہوتا تھا کہ وہ لوگ بطور محرر کے درج رجسٹر ہوئے ہیں۔

لہذا ان دقتوں کے رفع کرنے کی غرض سے بمنظوری عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی بذریعہ مراسلہ دفتر معتمدی عدالت نشان انتظامی (۱۱۰۸) مورخہ ۴ آبان ۱۳۰۴ف حاصل ہوئی گشتی مسبوق الذکر میں حسب ذیل ترمیم کیجاتی ہے

ف ۱ گشتی مذکورہ میں فقرہ (۱۰ و ۱۱) اور ایک شرح بعبارت ذیل زیادہ کیجاتی ہے۔

فقرہ (۱۰) جب کسی محرر کا اندراج ایک اعلیٰ عدالت کے رجسٹر میں کیا جائے تو اس محرر کا کسی دوسری عدالت ماتحت میں اندراج جداگانہ لازم نہ ہوگا وہ محرر تمام ماتحت عدالتوں میں اسیطرح کام کر سکیگا جسطرح عدالت اعلیٰ میں کرتا۔

فقرہ (۱۱) ہر محرر کو ایک سند کاغذ سادہ پر مہری اور دستخطی اُس عدالت سے ملیگی جس عدالت نے اسکا نام درج رجسٹر سالانہ اپنی عدالت میں کیا ہو اور ایسی سند جب کسی عدالت ماتحت میں پیش کیجاوے تو اُس بنا پر یہ عدالت اُس محرر کو باضابطہ کارروائی کی اجازت دیگی۔

نمونہ سند کا حسب ذیل ہوگا۔

سند محرری وکیل علیہ (یہاں عدالت معلی کا نام لکھنا چاہئے) بابتہ سنہ ۱۳ف نشان شمار رجسٹر سالانہ میں (یہاں نام حاکم عدالت لکھنا چاہئے) تصدیق اس امر کی کرتا ہوں کہ مسمی ولد ساکن نے بطور محرر (یہاں وکیل کا نام لکھنا چاہئے) کے اپنا اندراج مہری عدالت کے محرر وکلا کے رجسٹر میں بپابندی گشتی نشان وپواتی و فوجداری (۱) سنہ ۱۳۰۴ف کے تاریخ ماہ الٰہی سنہ ۱۳ف کروایا۔

آج بتاریخ ماہ الٰہی سنہ ۱۳ف یہ سند بدستخط میرے اور مہر عدالت کے دیگئی۔

دستخط حاکم عدالت　　مہر عدالت

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۷ آذر سنہ ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۰،۷) مال یا جائداد لاوارث اور غیر دعوہ کا محاصل بابت عدالتی آمدنی متصور نہ کیا جایا کرے گی۔

بسلسل گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۲۳) مورخہ ۵ آبان سنہ ۱۳۰۴ف بذریعہ گشتی ہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ ہر چند کہ مال یا جائداد لاوارث اور غیر دعوہ کا انتظام سپرد نسبہ مال کے تفویض کیا گیا ہے مگر اس سے یہ مقصد نہیں ہے کہ مال یا جائداد لاوارث اور غیر دعوہ کا محاصل

خدمات سررشتہ دیوانی و فوجداری کا یہ اعتبار ہے کہ طلب نامجات و اشتہارات عدالتی و حکمنامجات سررشتگی ملزمان
و معتبات محاربہ پر پیشکاران متعلقہ دستخط کیا کریں اس حکم کی تعمیل بہ اسباب وسعت سے ہو سکی اور
محکمہ جات مافوق سے خط و کتابت عدالت ہائے ماتحت سے کی باوجودیکہ وہ خط و کتابت امور انتظامی
متعلق بھی ہوتی تھی تاہم اس سررشتہ داران و اعلیٰ اہلکاران عدالت کے دستخط ہوتے رہے ہیں ابتدا
گشتی نشان دیوانی (۱۲) فوجداری (۹) سنہ ۱۳۰۴ف جاری ہوئی اور حکم دیا گیا کہ محکمہ جات سرکار سے کام
جو مراسلت ہوا پیشکاران متعلقہ و سررشتہ داران و اعلیٰ محرران عدالت حسب اسناد و پارٹ گشتیات
نمبر سنہ ۱۳۰۱ف و سنہ ۱۳۰۳ف دستخط کرنے کے مجاز نہیں ہیں لیکن یہ احکام کافی نہیں ہیں اور صاف پیشہ
کہ نوعیت مکتوبات مجاز سے کہ جن پر دستخط اہلکاران مذکورہ کیے بادرستی بیان کر دی جاوے —

لہذا منظوری عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی جو بذریعہ مراسلہ نشان انتظامی (۹۹) مورخہ
۲۶ آذر سنہ ۱۳۰۵ف حاصل ہوئی حسب ذیل احکام نافذ کیے جاتے ہیں —

(۱) محکمہ جات ماتحت محکمہ جات مافوق سے جو خط و کتابت متعلق امور انتظامی یا امور اہم و سررشتگی کریں اُس کی
خط و کتابت پر ناظمان عدالت یا اُن کے مددگاران کے دستخط ہوں گے پیشکار یا سررشتہ دار یا اعلیٰ اہلکار عدالت
اُس پر دستخط کرنے کے مجاز نہیں ہیں —

(۲) جس خط و کتابت پر پیشکار یا سررشتہ دار یا اعلیٰ اہلکار عدالت از روئے گشتیات سنہ ۱۳۰۱ف
و سنہ ۱۳۰۳ف دستخط کے مجاز ہیں وہ صرف عدالتی مکتوبات ہیں جیسے کہ اجرائی سمن و طلبی ملزمین و طلبی مثل
و اشتہارات و احکام اندرونی عدالت جو معمولی و عدالتی کام سمجھے جاتے ہیں —

(۳) جو انتظامی کام کہ ناظم عدالت کو انجام دینا پڑتا ہے اور جس کے لیے اُن کو دفاتر مافوق اور
دوسرے سررشتوں سے خط و کتابت کرنی پڑتی ہے اُن سے پیشکاران تحصیل اور اعلیٰ محرران عدالت کو
کوئی تعلق نہیں ہے —

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) مورخہ ۹ اسفندار سنہ ۱۳۰۵ف

مضمون (۱) اموات اتفاقی اور مشتبہ کے وقوع کی اطلاع دینے کا طریقہ —

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ اموات اتفاقی اور مشتبہ کے اطلاع دینے کا طریقہ عدالت ہائے ماتحت میں یکساں نہیں ہے بعض اضلاع میں اموات اتفاقی اور مشتبہ کی رپورٹ پولیس سے عدالت،

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) دیوانی (۹) مورخہ ۱۹ دے ۱۳۰۵ف

دستخط (۱۰۹) اور درخواست نقول جو گشتی ہذا کرے نقل کے حاصل کرنے کے لئے جو درخواستیں پیش ہوتی ہیں ان کے متعلق کوئی فارم مقرر نہ تھا اور اس وجہ سے ضروری امور ان میں درج نہیں ہوتے تھے اور [illegible] کرنے میں دقت اور [illegible] ہوتی ہے

لہذا بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ فارم درخواست نقول کا حسب نمونہ ذیل ہوا کرے اور کوئی درخواست نقل کی جب تک کہ اسکا فارم مطابق گشتی ہذا نہ ہو پیش نہ کیا جایا کرے۔

نمونہ درخواست نقل

(۱) نام و مقام عدالت جس میں کہ مقدمہ حالت ابتدائی ہے یا مرافعہ۔

(۲) نمبر سال رجوع مقدمہ و نوعیت و ضمیمہ متعلقہ۔

(۳) نوعیت اور تاریخ اُس کاغذ کا جس کی نقل مطلوب ہے۔

(۴) نام فریقین مقدمہ۔

(۵) دستخط سائل معہ تاریخ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری (۷) دیوانی (۱۰) مورخہ ۲۰ دے ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۰۱) ترمیم گشتی نمبر ۶ دیوانی ۷ فوجداری ۱۳ ف و نمبر ۸ دیوانی ۱۱ فوجداری ۱۳۲۳ف متعلق اختیارات پیشکاران و اعلیٰ محرران عدالت۔

سنہ ۱۳ف میں بذریعہ مراسلہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نمبر فوجداری (۷) دیوانی (۶) پیشکاران تحصیل مجاز کئے گئے تھے کہ وہ بطور منتظم عدالت کے کام کیا کریں اور اُن کے کاموں کی تصریح مفصل طور پر گشتی مذکور میں کر دی گئی تھی اس کے بعد بذریعہ گشتی نشان دیوانی (۸) فوجداری (۱۱) ۱۳۱۳ف جو خدمات پیشکاران تحصیل سے متعلق تھے وہی خدمات سررشتہ داران عدالت و اعلیٰ محرران عدالت صاحب صوبہ یا تعلقدار سے بھی متعلق کرے گئے اجرائی ہر دو گشتیات کی اجرائی کی غرض صرف سہولت اور آسانی کارروائی اندرونی عدالت تھی۔

گشتی نشان فوجداری (۷) دیوانی (۹) سنہ ۱۳ف میں بہ ضمن (۳) ضمیمہ دیوانی و (۲) ضمیمہ فوجداری (۳)

متصدیان تحصیل کو جانوران جوکاری کے نیلام اور انکی واپسی کا اختیار نہیں ہے اور اشتہار نیلام ایسے جانوروں کا صرف ایک ہفتہ کا میعادی ہوتا ہے اکثر نیلام جانوروں کا تاریخ مقررہ پر نہیں ہوتا اور مصارف انکی خوراک کے زیادہ عائد ہوتے ہیں لہذا ان قباحتوں کے دفع کرنے کی غرض سے بذریعہ گشتی ہذا حسب منظوری عالیجناب نواب مدار المہام سرکار جسکی منظوری بذریعہ مراسلات دفتر معتمد عدالت سرکار نشان (۱۳۵) مورخہ ۵ دے ۱۳۳۵ف و نشان (۳۰۲) مورخہ ۱۲ بہمن ۱۳۳۵ف حاصل ہوئی ہے حکم ذیل نافذ کیا جاتا ہے۔

دفعہ ۱ ۔ تمامی تحصیلات کے پیشکاران بصیغہ تحصیلداران مجاز ہیں کہ اگر ضرورت ہو تو جانوران جوکاری کو نیلام کریں اور ان کے نیلام کے قطعی ہونے کی منظوری دیں۔ اور جانوران جوکاری ان کے مالکوں کو واپس کریں۔

دفعہ ۲ ۔ فقرہ (۱) گشتی ہذا بطور ضمن (۲۳) ضمیمہ فوجداری تحت عبارت در بحالت عدم موجودگی تحصیلدار کے بعد گشتی نشان فوجداری (۷) سنہ ۱۳۳۱ف کے بڑھا دیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری } ۱۳}{\text{دیوانی } ۱۴}$ مورخہ ۱۱ اسفندار ۱۳۳۵ف

مضمون (۱۴۳) مراسلہ محکمہ سرکار نشان ۷۹۲ مورخہ ۱۱ امرداد ۱۳۳۲ف محکمہ صیغہ تعلیمات ان اہلکاروں کی ترقی کا مانع نہیں ہے جنکا تقرر مراسلہ مذکورہ کے اجرا سے قبل ہوا ہے۔

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ اکثر حکام عدالت ہائے ماتحت کو مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۷۹۲) مورخہ ۱۱ امرداد ۱۳۳۲ف محکمہ صیغہ تعلیمات کے (جو تقرر اشخاص مڈل پاس شدہ کے بارہ میں نافذ ہوا ہے) سمجھنے میں غلط فہمی ہوتی ہے۔ اس حکم سے یہ نتیجہ نکالا جاتا تھا کہ اہلکاران مامورہ سابق جنکا تقرر نفاذ حکم مذکور سے قبل ہوا ہے بباعث عدم کامیابی امتحان مڈل بر وقت حلول کسی جائداد کے مستحق ترقی نہیں ہیں اس نتیجہ سے دو قباحتیں پیدا ہوئی تھیں۔

اول ۔ یہ کہ اہلکاران سابق جنکا تقرر قبل نفاذ حکم سرکار مندرجہ مراسلہ مذکورہ ہوا ہے جب سمجھ لیں گے کہ انکی ترقی اب ناممکن ہے تو کام میں ان کو بیدلی پیدا ہوگی۔

دوم ۔ یہ کہ ناکردہ کار لوگ اونچے عہدہ پا لیں گے اور اس سے کارروائی میں قصور واقع ہوگا اس لئے اب مجلس عالیہ عدالت اس غلط فہمی اور دیگر قباحتوں کے رفع کے لئے مراسلہ محکمہ سرکار نشان ۷۹۲

تحصیل میں ہوا کرتی ہے اور عدالت تحصیل سے بعد اطمینان اور تحقیقات اسکی رپورٹ عدالت ضلع میں کیجاتی ہے اور بعض جگہ براہ راست عدالت ضلع میں ۔

لہذا مجلس عالیہ عدالت اس غرض سے کہ جملہ عدالت ہائے فوجداری ممالک محروسہ سرکار عالی میں ایک طریقہ سے کارروائی ہوا کرے منظوری جناب نواب مدارالمہام سرکار عالی جو بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان ۱۷۵ مورخہ ۱۶ اردی بہشت ۱۳۰۵ ف حاصل ہوئی ہے احکام ذیل بذریعہ اس گشتی کے نافذ کرتی ہے ۔

دفعہ ۱ ۔ ہر گاؤں کے مکھیا اور گاؤں کے پٹواری اور گاؤں کے چوکیدار اور گاؤں کے اہلکار پولیس یا مالک یا قابض اراضی اور اُس مالک یا قابض کے کارندہ کو اور ہر اہلکار تحصیل مالگزاری یا مالکان اراضی کو جو جانب سرکار یا کورٹ آف وارڈز مامور ہو لازم ہے کہ قریب تر ناظم فوجداری یا قریب تر تھانہ پولیس کے اہلکار مہتمم کو جو اُن میں سے قریب تر ہو اور امور مفصلہ ذیل کی بابت جو خبر اس کو معلوم ہو فوراً پہونچائے

(۱) گاؤں یا اُسکے مضافات میں کسی موت اتفاقی یا باسباب خارج الطبیعت ہونے کی بابت یا ۔

(۲) کسی ایسی موت کی بابت جو مشتبہ حالتوں کے ساتھ وقوع میں آئی ہو ۔ قریب تر ناظم فوجداری اور تھانہ کوتوالی پر لازم ہوگا کہ جب اُس کو اطلاع ہو تو ناظم فوجداری ضلع یا ناظم فوجداری حصہ ضلع کو فوراً اس سے مطلع کرے اور اُس ناظم فوجداری کو جائز ہوگا کہ اپنے ماتحت ناظم فوجداری کے سپرد ایسا مقدمہ کرے جس میں اُس کو شبہ ہو اور اُسکی تحقیقات ہونا ضروری سمجھے ۔

دفعہ ۲ ۔ پابندی اُن قواعد کے جو اس بارہ میں جناب نواب مدارالمہام بہادر سرکار عالی وضع کریں ناظم فوجداری ضلع کو جائز ہوگا کہ کسی گاؤں میں جہاں کوئی ایسا مکھیا کسی دوسرے قانون کی رو سے مقرر نہ ہوا ہو ان اغراض کے لئے ایک یا ایک سے زاید اشخاص کو گاؤں کا مکھیا مقرر کریں ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) مورخہ ۹ ۔ اسفندار ۱۳۰۵ ف

مضمون (۱۲) پیشکاران تحصیل کو نسبت نیلام جانوران حکاری کے نیلام اور اُن کی واپسی کا اختیار ہے ۔

ہر چند کہ مجلس عالیہ عدالت کی گشتی نشان فوجداری (۷) مورخہ ۲۸ امرداد ۱۳۰۰ ف کے ضمن (۱) صیغہ فوجداری کی رو سے پیشکاران تحصیل کو اختیار ہے کہ جانوران حکاری کو تحویل میں لیکر اُن کے نیلام کا اشتہار جاری کریں مگر اُن کو جانوران مذکور کے نیلام اور اُنکی واپسی کا کوئی اختیار نہیں ہے ۔ اور بوجہ اس کے تحصیلداران مالی اغراض کی وجہ سے مستقر تحصیل پر اکثر نہیں رہتے ہیں اور

اقسام رقوم

نام عدالت	وصیت		قیمت مال لاوارث یا عین بڑوہ		قیمت مویشی آوارہ		قیمت مال قند ماں	
	مقدار رقم	[illegible]	مقدار رقم	[illegible]	مقدار رقم	[illegible]	مقدار رقم	[illegible]
ناظم عدالت فوجداری ضلع	تا صد ر	تا یکسال	تا صد ر	تا یکسال	تا صد ر	تا یکسال	تا صد ر	تا یکسال
ناظمان عدالت صوبہ اورنگ آباد و بیدر و گلبرگہ و صوبہ دار ورنگل	زائد از یکصد تا دو ہزار	تا دو سال	زائد از یکصد تا دو ہزار	تا دو سال	زائد از یکصد تا دو ہزار	تا دو سال	زائد از یکصد تا دو ہزار	تا دو سال
ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ	تا صد ر	تا یکسال	تا صد ر	تا یکسال	تا صد ر	تا یکسال	تا صد ر	تا یکسال
اجلاس نظامتی مجلس عالیہ عدالت	بلا تعین مقدار	تا پنجسال	بلا تعین مقدار	تا پنجسال	بلا تعین مقدار	تا پنجسال	بلا تعین مقدار	تا پنجسال

ف ۲ ۔ نظماء عدالت ہائے صوبہ اورنگ آباد و بیدر و گلبرگہ و صوبہ دار ورنگل رقوم زائد دو ہزار و مجتمعہ زائد از دو سال کی نسبت اور ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ رقوم زائد از یکصد و مجتمعہ زائد از یکسال کی واپسی کے لئے مجلس عالیہ عدالت سے بالاظہار وجوہ منظوری مجلس عالیہ عدالت کی طلب کریں گے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۵ / دیوانی ۱۶ مورخہ ۴ امرداد ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۱۵) ناظم عدالت کو حکم دہ حیثیت کمشنر کے اظہار قلمبند کرنے میں نہیں ملیگی ۔

ایک مدت سے اس امر میں مباحثہ ہو رہا ہے کہ اگر کسی ناظم عدالت دیوانی یا فوجداری یا کسی دفتر درجہ کے خود لیتل افسر کے نام کمیشن بغرض قلمبندی اظہار گواہان یا دوسرے اشخاص کے جاری ہو تو آیا ایسے ناظم یا حاکم کو فیس قلمبندی اظہار کی بابتہ دلائی جاویگی یا نہیں مختلف مواقع پر مختلف عمل ہوا ہے کبھی تو فیس لی گئی ہے اور کبھی مباحثہ ہو کر فیس واپس کردی گئی ہے ۔ اور ان سب مباحث کا وقوع بدیں وجہ ہوا ہے کہ اس باب میں کوئی صاف حکم موجود نہیں ہے لہذا بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جب کبھی

مورخہ ۱۱۔ امرداد ۱۳۰۲ ف محریہ صیغہ تعلیمات کی توضیح منظوری عالیجناب نواب مدارالمہام سرکار عالی جو بذریعہ مراسلۂ محکمۂ سرکار نشان (۲۹۱) مورخہ ۸ بہمن ۱۳۰۵ ف حاصل ہوئی ہے حسب ذیل کرتی ہے۔

شقِ ۱ مراسلۂ محکمۂ سرکار نشان (۴۹۶) مورخہ ۱۱۔ امرداد ۱۳۰۲ ف محریہ صیغہ تعلیمات ایسے اہلکاروں کی ترقی کا مانع نہیں ہے جو اس مراسلہ کے اجرائی سے قبل ہوا ہے بلکہ مقصود اس حکم کا یہ ہے کہ آئندہ جو امیدوار جدید بحیثیت ملازم مقرر کیا جائے وہ مڈل پاس ہو۔

شقِ ۲ فقرہ (۱) گشتی ہذا کا اثر مجلس عالیہ عدالت کی محریہ گشتی نشان فوجداری (۵) و دیوانی (۱۳) ۱۲۹۷ ف کے ضمن الف پر نہ پڑے گا یعنی اُن اہلکاروں کی ترقی جن کا ذکر اس گشتی کے فقرہ (۱) میں ہوا ہے جب تک کہ اردو زبان ملکی میں امتحان دیکر کامیابی حاصل نہ کریں نہ ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۴) مورخہ ۱۲۔ اسفندار ۱۳۰۵ ف

مضمون (۱۱۴) واپسی اموال لاوارث وغیرہ کے اقتدارات صیغہ فوجداری کی رقوم قابل استرداد کے منجملہ جرمانہ کے نسبت مجلس عالیہ عدالت نے بذریعہ گشتی نشان فوجداری (۲۸) مورخہ ۱۶۔ آبان ۱۲۹۵ ف تصفیہ کر دیا ہے کہ جس صورت میں کہ محکمہ ہائے مجاز سماعت مرافعہ سے حکم جرمانہ نسبت کسی ملزم فوجداری کے منسوخ کیا جاوے اور اس تنسیخ کی وجہ سے جرمانہ جمع شدہ کی واپسی لازم آوے تو ایسی حالت میں گو کسی ہی مدت جرمانہ جمع ہو کر گزری ہو اُس جرمانہ کی واپسی کے لئے منظوری محکمۂ اعلیٰ کی ضرورت نہیں ہے۔ اور باقی رقوم و قیمت اموال لاوارث وغیرہ مدعوہ یا اموال مدعا ... رقم جائداد کی نسبت بذریعہ مراسلہ معتمدی عدالت سرکار نشان انتظامی (۷۱۰) مورخہ ۸ ارتبہشت ۱۲۹۶ ف موسومہ مجلس عالیہ عدالت صرف یہ حکم ہوا ہے کہ ایسی رقمیں اول ہی سے سرکار میں بمد یکجنسہ جمع کر دیا کریں اور موازنہ میں واپسی کے نام سے ایک رقم درج رہے اور اس کی گنجایش سے وقتاً فوقتاً موجب اقتدارات حکام واپس کیجایا کرے لیکن اقتدارات کی نسبت اسوقت تک کوئی تصریح نہیں ہوئی تھی اب بوصول مراسلۂ محکمۂ معتمدی عدالت سرکار نشان (۱۱۵) مورخہ ۲۹۔ آذر ماہ الٰہی ۱۳۰۵ ف تصریح اقتدارات واپسی کی حسب نقشہ ذیل کیجاتی ہے اور حکم دیا جاتا ہے کہ بموجب نقشہ ذیل کے عدالتیں واپسی رقوم ذیل کی مجاز ہیں۔

بھی کہ جرمانہ مقدمات فوجداری بد خلہ عدالت کی رسید داخل کنندہ جرمانہ کو دیجایا کرے لیکن معلوم ہوا کہ محض
جرمانہ کی رسید دینے پر منحصر نہیں ہے مختلف قسم کی رقوم عدالتوں میں داخل ہوتی ہیں جنکی کوئی رسید داخل کنندہ
کو نہیں دیجاتی ہے حالانکہ ہر ایک قسم کی رقم جو داخل عدالت ہو اسکی رسید کا داخل کنندہ کو دیا جانا لازم ہے
لہذا بہ توسیع گشتی نشان فوجداری (۱) سنہ ۱۳۲۳ف مذکورہ بالا بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ ہر ایک قسم کی
رقم بد خلہ عدالت کی رسید بلفور داخل رقم کے داخل کنندہ کو عدالت سے بدستخط عہدہ دار بہ داخل کنندہ
رقم اور بتصدیق سر رشتہ دار دیجایا کرے ۔

۲ ۔ نمونہ رسید کا گشتی ہذا ہیں دیا جاتا ہے ۔ اس نمونہ کی رسید عدالت میں طبع کرا کے رکھی
جائیں جن کے تین حصص ہوں گے ایک حصہ بعد جاری کے کتاب مجلد میں رکھا جاویگا اور دوسرا حصہ
بعد دستخط انچارج عہدہ دار کے جس کے پاس رقم داخل ہوئی بہ تصدیق سر رشتہ دار اُس شخص کو دیا جاویگا جس نے
رقم داخل عدالت کی ہو اور نمبر ۳ حصہ شامل مثل کیا جائیگا ۔

کسی ناظم دیوانی یا فوجداری یا دوسرے درجہ کے جوڈیشل افسر کے نام کمیشن بغرض قلمبندی اظہار کے جاری ہو اور ایسا ناظم یا حاکم ایسے اظہارات قلمبند کرے تو ایسے حاکم کو بعوض قلمبندی اظہارات کے کوئی فیس بنام کمیشن یا کسی دوسرے نام سے نہ دیجاوے گی۔۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۷ / دیوانی ۱۹ مورخہ ۴ امرداد ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۱۶) تعداد ضمانت نائبان و مددگاران ناظم

نائبان و دیگر اہلکاران سے جن سے تعلق نظامت کے کام کا ہوتا ہے بذریعہ گشتی نشان دیوانی (۶) و فوجداری (۶) مورخہ سلخ ماہ محرم ۱۳۰۳ھ مطابق یکم دے ماہ الہی ۱۲۹۵ف حکم اخذ ضمانت کا ہو گیا ہے مگر بیشتر عدالتوں میں بنام نائب و مددگار ناظم کے جو اہلکار مقرر ہیں ان سے ضمانت کے لینے کا اور یہ کہ کس مقدار کی ضمانت اُن سے لیجاوے کوئی حکم نہیں ہے حالانکہ جبکہ اہلکاران مذکور کا دخل کار نظامت سے ہے تو اُن سے بھی ضمانت کا لینا امر لازم ہے لہذا بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جس نائبین یا مددگاران ناظم کی تنخواہ بیس روپیہ ماہانہ تک ہو اُن سے ضمانت نقدی (ما) روپیہ کی لیجایا کرے اور اس سے زائد تنخواہ پانے والوں سے (صہ) روپیہ کی ضمانت لیجایا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ / دیوانی ۲۳ مورخہ ۱۲ مہر ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۱۷) منظوری رخصت کی اطلاع فوراً رخصت خواہ کو دیجایا کرے۔

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ منظوری رخصت کی اطلاع خواہان رخصت کو بدیر دیجاتی ہے اور بدیں وجہ خواہان رخصت کو توقف ہوتی ہے لہذا واسطے آسانی اشخاص رخصت خواہ کے بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جب کسی ملازم سرکاری کی رخصت افسر مجاز منظور کرے تو اسکی اطلاع سائل رخصت کو باضابطہ بلا توقف دیجایا کرے اور اگر سائل رخصت خرچ پیغام تار برقی کا ادا کرے تو بصورت ہونے تار برقی کے منظوری رخصت کی اطلاع بذریعہ جواب تار برقی کے دیجایا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۱ / دیوانی ۲۴ مورخہ ۲۰ مہر ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۱۸) ہر ایک قسم کی رقم جو داخل عدالت کی رسید داخل کنندہ رقم کو دیجایا کرے۔

مجلس عالیہ عدالت سے گشتی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۴ دے ۱۳۰۴ف میں مضمون جاری ہوئی

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۳) مورخہ ۳ مہر سنہ ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۱۹) دربارہ قلم بندی اظہار ڈاکٹر معائنہ کنندہ نعش یا ایسے ڈاکٹر کا جسنے امتحان طبی نعش کا کیا ہو

امتحان طبی نعش کی نسبت بحالت موت اتفاقی یا مشتبہ ہونے کے یا جسکہ مہلوک مضروب ہو کر مرا ہو اور ڈاکٹری سارٹیفکیٹ کے ارسال اور ایسے بوقت تجویز مقدمہ لحاظ ہونے کی بابت سے گشتی محکمہ صدرالمہام عدالت نشان (۸) مورخہ ۲۹ ربیع الاول سنہ ۱۲۹۶ھ و گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۲۰) مورخہ ۱۸ آبان سنہ ۱۳۰۴ف موجود ہے مگر دیکھا جاتا ہے کہ باوجود ڈاکٹری سارٹیفکیٹ کے داخل ہونے کے عدالت ہائے فوجداری کو اکثر ضرورت اس امر کی داعی ہوتی ہے کہ وہ ڈاکٹر معائنہ کنندہ نعش یا ایسے ڈاکٹر کا جسنے امتحان طبی نعش کا کیا ہو اظہار لیں اور ایسے اشخاص کو جن کے مفید یا خلاف وہ اظہار ہو موقع جرح کا دیں لہذا واسطے حصول ان اغراض کے حکم دیا جاتا ہے کہ ایسی حالت میں عدالت ہائے فوجداری دفعہ ۵۰۹ ایکٹ نمبر (۱۰) سنہ ۱۸۸۲ء علاقہ سرکار عظمت مدار سے مدد لیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ / دیوانی ۳۶ مورخہ ۲۳ مہر سنہ ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۲۰) تنقیح دفاتر رجسٹری بذریعہ حکام عدالت بایام دورہ

انسپکٹر جنرل رجسٹریشن نے محکمہ سرکار کو اور محکمہ سرکار نے مجلس عالیہ عدالت کو اس جانب متوجہ کیا ہے کہ اب انتظام جدید کی رو سے صوبہ جات اورنگ آباد اور بیدر اور گلبرگہ میں ناظم دیوانی ضلع و ناظم فوجداری ضلع دو جداگانہ عہدہ دار مقرر ہوئے ہیں اور دفاتر رجسٹراران ماتحت واقع معاملات کی تنقیح کم سے کم سال میں ایک مرتبہ ضروری ہے اس کام کو اگر سال میں ایک مرتبہ بھی کسی وجہ خاص سے ناظم دیوانی ضلع انجام نہ دیسکیں تو ضرور ہے کہ بوقت دورہ تنقیح دفاتر رجسٹراران ماتحت کے ناظم فوجداری ضلع ہی کر لیا کریں اسواسطے کہ اغراض سرکاری کے لحاظ سے کوئی تخصیص اس امر کی نہیں ہے کہ دفاتر رجسٹراران ماتحت کی تنقیح ناظم دیوانی ضلع ہی پر منحصر سمجھا جاوے اور انہیں تک محدود رہے۔

لہذا بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ اگر ناظم دیوانی ضلع کو کسی وجہ خاص سے تنقیح دفاتر رجسٹراران ماتحت کا موقعہ سال میں ایک مرتبہ کے لئے بھی نہ مل سکے تو وہ اسکی اطلاع ناظم فوجداری ضلع کو دیا کریں تاکہ بوقت دورہ دفاتر رجسٹراران ماتحت کے تنقیح کر کے ناظم فوجداری اس کی اطلاع ناظم صاحب دیوانی ضلع کو دیدیا کریں اور ناظم دیوانی اسپر باضابطہ ہدایات و احکام ضروری جاری کر دیا کریں۔

نمونہ

نمبر ... رسید ادخال رقم ہر قسم بدخلہ عدالت (ملحقہ گشتی مجلس نفاذ صوبہ داری (۱) دیوانی (۲۴) مورخہ ۲ مہر ۱۳۱۵ف)

نقل ثانی رسید ادخال رقم علیہ عدالت	نقل اول رسید ادخال رقم علیہ عدالت	رسید ادخال رقم علیہ عدالت
۱ - مثال شمار	۱ - مثال شمار	۱ - مثال شمار
۲ - تاریخ ادخال رقم	۲ - تاریخ ادخال رقم	۲ - تاریخ ادخال رقم -
۳ - نمبر مقدمہ بقید سنہ	۳ - نمبر مقدمہ بقید سنہ	۳ - نمبر مقدمہ بقید سنہ
۴ - نام فریقین مقدمہ	۴ - نام فریقین مقدمہ	۴ - نام فریقین مقدمہ -
۵ - نام داخل کنندہ رقم معہ نام اس کے جس کی طرف سے اس نے رقم داخل کی -	۵ - نام داخل کنندہ رقم معہ نام اس کے جس کی طرف سے اس نے رقم داخل کی -	۵ - نام داخل کنندہ رقم معہ نام اس کے جس کی طرف سے اس نے رقم داخل کی
۶ - غرض ادخال رقم -	۶ - غرض ادخال رقم -	۶ - غرض ادخال رقم -
۷ - مقدار رقم مدخلہ	۷ - مقدار رقم مدخلہ	۷ - مقدار رقم مدخلہ -
۸ - دستخط عہدہ دار جس کے پاس رقم داخل ہوئی بقید عہدہ و تاریخ ادخال معہ تصدیق سررشتہ دار	۸ - دستخط عہدہ دار جس کے پاس رقم داخل ہوئی بقید عہدہ و تاریخ ادخال معہ تصدیق سررشتہ دار -	۸ - دستخط عہدہ دار جس کے پاس رقم داخل ہوئی بقید عہدہ و تاریخ ادخال معہ تصدیق سررشتہ دار

محفوظ رکھا کرے اور وہ کاغذ جو بغرض سند شہادت گواہان ملفوف کیا کرے صرف عبارت تصدیق و دستخط حاکم و مہر کی عبارت نمونہ مطبوعہ میں نہ لکھی جایا کرے مگر مطابق نمونہ کے اظہار پر عبارت تصدیق لکھ کر دستخط حاکم و مہر کئے جایا کریں کہ اگر گواہ شہادت مرقومہ میں ترمیم کرے تو لازم ہے کہ اظہار سنا کر لکھا جائے کہ گواہ کس الفاظ در عبارت میں کیا ترمیم یا اضافہ کرتا ہے اور وہ عبارت ذیل میں لکھنا چاہئے اگر ضرورت سمجھیں تو گواہ کی حالت اور اس کے طرز بیان کی نسبت شخص مجاز اخذ شہادت اپنی یادداشت لکھ دیا کرے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۸) مورخہ ۲۳ آبان ۱۳۰۵ف

مضمون (۱۴۳) ریلوی پولیس کو اگر خانہ تلاشی کی ضرورت ہو تو باجازت پولیس سرکار عالی یا اجازت ناظم فوجداری خانہ تلاشی ہوگی ۔

بوصول مثل مراسلہ دفتر معتمدی عدالت سرکار عالی نمبری ۵۲۹۹ مورخہ ۳ مہر ۱۳۰۵ف موسومہ ناظم صاحب کوتوالی و اضلاع سرکار عالی معلوم ہوا کہ اگر ریلوے پولیس کو علاقہ سرکار عالی پر خانہ تلاشی کی ضرورت لاحق ہوتی ہے تو وہ پولیس سرکار عالی سے اس کی خواہش کرتی ہے مگر پولیس سرکار بغیر اس کے کہ اس باب میں قریب تر ناظم فوجداری سے اجازت حاصل کرے خانہ تلاشی میں مدد دیتی ہے چونکہ یہ امر بے ضابطہ ہے ۔

لہذا حسب الحکم سرکار بذریعہ گشتی ہذا احکام ذیل نافذ کئے جاتے ہیں ۔

ف ۱۔ ریلوی پولیس کو اگر علاقہ سرکار عالی میں کسی کی خانہ تلاشی کی ضرورت ہو تو اس کو پولیس سرکار عالی سے اسکی درخواست کرنی چاہئے ۔

ف ۲۔ جب اس قسم کی درخواست پولیس علاقہ سرکار عالی سے کیجاوے تو پولیس علاقہ سرکار عالی کو چاہئے کہ مقدمات غیر قابل دست اندازی کوتوالی میں قریب تر ناظم فوجداری سے اسکی اجازت حاصل کر کے خانہ تلاشی کرا دے ۔

ف ۳۔ لیکن تمام جرائم فوجداری میں جب ریلوی پولیس سرکار عالی کے اہلکاران کوتوالی کی معرفت کوئی کارروائی کرے تو بلا واسطہ قریب تر ناظم فوجداری کے کوئی شخص یا مال حوالہ ریلوی پولیس نہ کیا جاوے لازم ہے کہ بعد کارروائی ضروری کے اول اطلاع ناظم فوجداری قریب تر کے پاس پیش کرے اور سابق کے احکام مصدرہ ناظم متعلقہ کے کارروائی آئندہ ہونا چاہئے ۔

دفعہ ۲ - ناظمان دیوانی ضلع اپنے رجسٹراران ماتحت کی تنقیح کی درخواست ناظمان فوجداری ضلع سے کریں تو ضرور ہے کہ وہ اس درخواست کے ساتھ ناظمان فوجداری کی خدمت میں فہرست اُن دفاتر رجسٹراران ماتحت کے بھیجدیں جن کے دفاتر کی تنقیح اُس سال ضروری ہو اور جن کے دفاتر کی تنقیح سے وہ بوجہ خاص مجبور رہوں۔

دفعہ ۳ - فہرست مذکورہ دفعہ ۲ گشتی ہذا کے وصول ہونے پر ناظم فوجداری دفاتر رجسٹراران ماتحت مندرجۂ فہرست کی تنقیح کریں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۵) مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۳۵ف

مضمون (۱۲۱) ناظمانِ فوجداری کو مقدمات فوجداری میں خاص شہادت قلمبند کرکے تحریر لکھنا چاہئے۔	مقدمہ تصحیح نمبر (۶۰) ۱۳۳۵ف عدالت فوجداری ضلع ورنگل سے معلوم ہوا کہ بعض ناظمان فوجداری باوجودیکہ

خود مقدمہ کی تحقیقات نہیں کرتے اور نہ کوئی شہادت باضابطہ خود قلمبند کرتے ہیں صرف مددگاران عدالت ضلع کی قلمبند کی ہوئی شہادت پر منحصر تجویز باتفاق یا اختلاف رائے مددگاران عدالت کے صادر کردیتے ہیں چونکہ یہ امر بے ضابطہ ہے لہذا بذریعہ گشتی ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ کوئی ناظم فوجداری اس قسم کی قلمبند کی ہوئی شہادت پر فیصلہ صادر نہ کیا کرے۔ ہر ایک ناظم فوجداری جو کسی مقدمہ کی سماعت کرے اُس کو چاہئے کہ خود شہادت باضابطہ قلمبند کرکے تحریر لکھا کرے درصورت تبادلہ حاکم تحقیقات کنندہ کے البتہ بلا خاص سبب کے اعادہ شہادت مندرجہ مثل کی ضرورت نہیں ہے لیکن ملزم مستدعی ہو یا حاکم جدید کو ضرورت معلوم ہو تو اعادہ شہادت اس صورت میں بھی لازم ہوتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۶ / دیوانی ۲۷ مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۳۵ف

مضمون (۱۲۲) شہادت گواہان کا عنوان مطابق نمونہ منسلکہ گشتی ہذا قلمبند ہوا کرے۔	مقدمات دیوانی و فوجداری میں شہادت گواہان کی جو قلمبند ہوتی ہے اُس کے عنوان میں اکثر مراتب ضروری کا

قلمبند کیا جانا عدالتوں سے متروک ہوجاتا ہے اور اس کا اثر موازنہ شہادت پر پڑتا ہے۔ لہذا بذریعہ گشتی ہذا بغرض بامدی عمل انتخاص محارامند شہادت گواہان کے حکم دیا جاتا ہے کہ تاریخ نفاذ گشتی ہذا سے شہادت گواہان کا عنوان مطابق نمونہ منسلکہ گشتی ہذا کے قلمبند کیا جایا کرے ہر عدالت کو چاہئے کہ بحسب ضرورت نمونہ عنوان کا طبع کراکے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ / دیوانی ۴۰ مورخہ ۲۳ آذر ۱۳۲۶ ف

مضمون (۱۲۶) ترمیم فہرست سہ ماہی ملازمین صیغہ عدالت منذکرہ گشتی نشان دیوانی (۴) و فوجداری (۷) بابتہ ۱۳۲۳ ف اور موقوفی ترتیب و ترسیل سیرت ملازمین صیغہ عدالت

اب تک عدالت العالیہ میں حسب گشتی نشان دیوانی (۴) و فوجداری (۷) بابتہ ۱۳۲۳ ف حکم عدالت العالیہ مورخہ ۲۱ خورداد ۱۳۲۵ ف فہرست سہ ماہی و سیرت ملازمین صیغہ عدالت کی علحدہ علحدہ عدالت ماتحت سے آیا کرتی تھی اس سے نہ صرف فضول دفتر کا کام بڑہتا تھا بلکہ ہر ایک کی ترتیب و ترسیل میں اہلکاران عدالت کا بے انتہا وقت صرف ہوتا تھا تاہم فہرست و سیرت مذکور عدالت العالیہ میں بروقت نہیں پہونچتی تھی اسلئے حکام اجلاس انتظامی عدالت العالیہ بغرض تسہیل کارروائی نمونہ فہرست سہ ماہی ملازمین منذکرہ گشتی نمبری دیوانی (۴) و فوجداری (۷) بابتہ ۱۳۲۳ ف کی ترمیم فرماتے ہیں اور حکم دیا جاتا ہے کہ نمونہ فہرست سہ ماہی ملازمین صیغہ عدالت کے خانہ (۲) میں مع القاب و نام عہدہ دار معہ ولدیت بڑہا دئے جاویں اور خانہ ۱۵ کے بعد خانہ ۱۶ اضافہ کرلیا جاوے اس خانہ میں کیفیت کامیابی امتحانات زبان دانی و قوت تحریر و تقریر و خاص حالات کارگزاری درج کئے جائیں گے اس ترمیم سے ترتیب سیرت ملازمین صیغہ عدالت کی غرض بخوبی حاصل ہوجاتی ہے اور علحدہ سیرت ملازمین کی ترتیب ترسیل کی ضرورت باقی نہیں رہتی ہے آیندہ سے ترتیب سیرت ملازمین موقوف کیجائے امید ہے کہ حکام عدالت ماتحت اسکی تعمیل کے طرف کافی توجہ فرماویں گے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱ / دیوانی ۱ مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۲۴) ملازمین کروڑگیری کے موسومہ اطلاعنامہ جات کی تعمیل اُن کے افسروں کے ذریعہ سے ہونی چاہئے۔

بوصول مراسلہ مجلس مالگذاری سرکار عالی مورخہ صدر دفتر کروڑگیری سرکار عالی ملفوفہ مراسلہ معتمدی عدالت سرکار عالی ۱۹/۱۷ مورخہ ۲۱ آبان ۱۳۰۵ف معلوم ہوا کہ عدالتہائے سرکار عالی ملازمین کروڑگیری کے ذاتی مقدمات میں اُن ملازمین کی طلبی بذریعہ صدر دفتر کروڑگیری کیا کرتے ہیں چاہے وہ ملازم متوسل صدر دفتر کروڑگیری کا ہو یا مضافات کے دفاتر کا اور اس سے تعمیل اطلاعنامہ جات و حکمنامہ جات صادرہ عدالتہائے میں توقف ہوتا ہے لہذا اس قباحت کے رفع کرنے کی غرض سے حکام عدالت العالیہ جلسہ انتظامی حسب ذیل احکام صادر کرتے ہیں۔

شق ۱۔ ملازمین کروڑگیری کے متعلقہ مقدمات میں جب اُن ملازمین کے نام کوئی طلبنامہ یا حکمنامہ جاری کیا جایا کرے تو وہ اُس افسر کی معرفت جاری کیا جایا کرے جس کی ماتحتی میں وہ ملازم کام کرتا ہو مثلاً جو ماتحتین ڈپٹی کمشنران اور نہماں ہیں اُن کی نسبت تمام کارروائی تعمیل جو اُن کے ذریعہ سے ہو سکتی ہے اور جو ماتحتین ایمان کروڑگیری ہیں اُنکی تعمیل اُمناء کی معرفت ہوگی۔

شق ۲۔ درمیانی افسروں کو فروگذاشت کر کے مراسلت صدر دفتر کی معرفت نہ کرنی چاہئے جس سے تعمیل میں توقف ہوتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ / دیوانی ۲ مورخہ ۱۳ آذر ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۲۵) اجرت معائنہ مثل آحاد پر تقسیم ہوا کرے۔

جس اہلکار کے اہتمام سے اور اسکی نگرانی میں معائنہ مسل کرایا جاتا ہے اسکی نسبت معلوم ہوا ہے کہ عدالتوں میں یہ عملدرآمد ہے کہ بعوض معائنہ کے فی معائنہ اہلکار معائین کو دیدیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ امر نامناسب ہے اور اسکی نسبت حکام عدالت العالیہ حسب ذیل حکم نافذ کرتے ہیں۔

(۱) فیس معائنہ بعد معائنہ کے حسب قواعد مجریہ جس قدر وصول ہو وہ رجسٹر نمبر ۱۶ متفرق میں جمع کر دیا جایا کرے (۲) بعد ختم ماہ کے اہلکار معائین کا جس قدر حق ہو وہ اُس کو ایصال کیا جایا کرے۔ اور جس قدر حق سرکار ہو وہ بھی سرکار بعد وصول حکم حاکم عدالت کے جمع کیا جایا کرے۔ درمیان ماہ میں کبھی کوئی فیس معائنہ کسی اہلکار کو نہ دیا جایا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵) مؤرخہ ۲۳ آذر سنہ ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۲۷) جبکہ شہادت ملزم غیر حاضر کے اثبات جرم کے متعلق قلمبند کی جائے تو گواہ سے سوالات متعلق تعریف و تشخص ملزم کرنا چاہئے۔

ہر چند کہ عدالت العالیہ سے گشتی نشان ۱۴ فوجداری مؤرخہ ۱۱ مہر سنہ ۱۳۰۴ف بحوالہ دفعہ ۵۱۲(۱) متوالعمل قلمبندی اظہارات شخاصیں و گواہان مقدمات فوجداری مؤرخہ ۲۵ جمادی الاول سنہ ۱۲۸۵ھ جاری ہو چکی ہے مگر دیکھا جاتا ہے کہ اب بھی عدالت ہائے فوجداری سے پابندی احکام گشتی مذکور کی نہیں کی جاتی ہے لہذا بذریعہ گشتی ہذا تمام عدالت ہائے فوجداری کی توجہ گشتی نشان فوجداری ۱۴ سنہ ۱۳۰۴ف کی طرف معطوف کی جاتی ہے اور تاکید کی جاتی ہے کہ اس گشتی کے احکام کی پوری پابندی کیا کریں اور نیز جب تا کسی ایسے گواہ کا اظہار لیا جاتا ہو جس کی شہادت ملزم غیر حاضر کے اثبات جرم کے متعلق ہو تو ضرور ہے کہ عدالتیں ایسے گواہ سے سوالات متعلق تعریف و تشخص ملزم جہاں تک کہ ممکن و ضروری ہوں کر لیا کریں تاکہ ملزم کا باعتبار تعریفات مندرجہ کے تعیین و تشخص ہو سکے اور کوئی شبہ اُس کے تعین و تشخص میں باقی نہ رہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱ / دیوانی ۵ مؤرخہ ۴ دے سنہ ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۲۸) اہل کمیشن یا گواہ ملازم سرکار کو فیس کمیشن یا خوراک بذمہ فریق مقدمہ دیا جایا کرے۔

عدالتوں سے جب ملازمین سرکار کے نام کمیشن بغرض قلمبندی اظہار یا دیگر اغراض قانونی کے لئے جس کمیشن کے جاری کرنے کا حکم صادر ہوتا تھا یا جب کسی ملازم سرکار کی طلبی بحیثیت گواہ کے ہوتی تھی تو فیس یا خوراک بذمہ فریق مقدمہ ان لوگوں کو دلائی جاتی تھی اور یہ معاملہ غور طلب تھا کہ ایسی فیس یا خوراک اُن گواہوں کو دلائی جاوے یا نہیں لہذا یہ مسئلہ سرکار کے ملاحظہ میں واسطے تصفیہ کے پیش کیا گیا اور حسب منظوری سرکار بذریعہ گشتی ہذا حکم سرکار نشان (۱۷) مؤرخہ ۲۱ آذر سنہ ۱۳۰۶ف کا اعلان بہ تفریع ذیل کیا جاتا ہے (۱) جب اہل کمیشن یا گواہ ملازم سرکار عالی ہو تو اسکی فیس اور خوراک تنخواہ خاصیں سے وصول ہو کر خزانہ سرکاری میں جمع کی جاوے۔

(۲) ایسے کمیشن یا گواہ کو سفر خرچ اور بھتہ حسب قواعد مروجہ سفر خرچ اور بھتہ کے دیا جایا کرے۔

(۳) اس گشتی کے احکام اُن مقدمات فوجداری سے متعلق نہ ہوں گے جو قابل دست اندازی اور ناقابل مصالحت کے ہوں۔

نمونہ

فہرست سہ ماہی ملازمین علاقہ عدالت

(متعلقہ گشتی عدالت العالیہ نمبر ۸ فوجداری، حوالہ نمبر ۳ سنہ ۱۳۰۳ ف و مرمتہ گشتی نمبر ۷ فوجداری مورخہ ۴ دی سنہ ۱۳۰۶ ف)

نقشہ متعلقہ فقرہ (۱۵) فہرست ملازمین عدالت

نمبر	خانہ	
۱	نشان شمار	
۲	نام عہدہ دار معہ ولدیت	
۳	نام عہدہ	
۴	تاریخ و سنہ ولادت بحساب ماہ الٰہی۔	
۵	تاریخ تقرر ابتدائی بحساب ماہ الٰہی۔	
۶	تاریخ تقرر بعہدۂ حالیہ بحساب ماہ الٰہی۔	
۷	اگر کسی عہدہ کے ملحاظ تفاوت تنخواہ چند مدارج ہیں تو اُس تنخواہ پہ کس تاریخ و سنہ الٰہی سے مقرر ہے۔	
۸	سکونت مقبوضہ ملک۔	
۹	اصل تنخواہ منصبی	
۱۰	گشتہ دوامی	
۱۱	تنخواہ دار الاونس دیگر اقسام۔	
۱۲	جملہ	
۱۳	مقام مستقر عدالت جہاں یہ شخص کارگزار ہے۔	
۱۴	ملازم کس تاریخ و سال سے اس مقام پہ مامور ہے۔	
۱۵	کیفیت کامیابی امتحانات و دریافت ذاتی و قوت تحریر و تقریر و خاص حالات کارگزاری	
۱۶	کیفیت	

نشان انتظامی (۱۸۱۳) مورخہ ۱۰ اردیبہشت ۱۳۲۶ف حاصل ہوئی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

۱۔ فقرہ (۱۳۱) دستور العمل مدد و بست سرحدات کی صراحت کی رو سے ضرور ہے کہ بموجب انکے کام نافذہ جرم متذکرہ فقرہ مذکور کی سماعت اور تجویز بالطور فوجداری درجہ دوم یا اس سے اعلیٰ ناظم کیا کرے۔

۲۔ بلحاظ فقرہ (۳۲) دستور العمل مدد و بست سرحدات کی اس کوئی صورت محکمہ جات مذکورہ فقرہ مذکور سے کسی حکم کے حسب ذیل کی نہیں ہے گشتی نشان (۳) فوجداری ۱۲۹۵ف کی رو سے یہ امر طے شدہ ہے کہ اگر کسی ملازم سرکاری سے کوئی جرم بسبب عہدہ سرزد ہو تو اسکی نسبت تحقیقات اور تجویز اس وقت تک نہیں ہو سکتی ہے کہ جبتک وہ عہدہ دار جو اس ملازم کے تقرر و موقوفی کا مجاز ہے اسکی اجازت نہ دے پس اگر ذیل یہ جرم متذکرہ قانون مذکورہ فقرہ (۳۲) قائم کیا جائے تو ضرور ہے کہ اسکی منظوری قبل از سزا تعلقدار اضلاع سے یا اس عہدہ دار سے حاصل کر لیا کرے جو اس کے تقرر و موقوفی کا مجاز ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ / دیوانی ۹ مورخہ ۳۰ بہمن ۱۳۰۶ف

مضمون: (۱۳۱) تمامی عدالتوں میں حتی الوسع باضابطہ نقل نویس بلحاظ کار عدالت مقرر کئے جائیں اور جن عدالتوں میں کسی وجہ سے باضابطہ نقل نویس مقرر نہیں ہو سکتے ہیں وہاں نقلیں بذریعہ اہلکار سرکار تیار کرائی جائیں اور اسکی حق نگار جمع ہو۔

جناب مولوی محمد نظام الدین حسن خان صاحب بی۔ اے بی۔ ایل رکن عدالت العالیہ ممالک آصفیہ کی رپورٹ دورہ سے معلوم ہوا کہ بعض عدالتوں میں بوجہ کمی آمدنی یا کسی دوسری وجہ سے نقل نویس مقرر نہیں ہیں اور بدیں وجہ نقل کے حاصل کرنے میں اہل معاملہ کو دقت ہوتی ہے لہذا اس دقت کے رفع کے لئے منظوری محکمہ سرکار جو بذریعہ مراسلہ نمبری (۵۱۷) مورخہ ۶ خورداد ۱۳۰۶ف صادر ہوئی ہے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۱) ہر ایک عدالت میں حتی الوسع بلحاظ کار عدالت باضابطہ نقل نویس مقرر کئے جاویں۔

(۲) جن عدالتوں میں نقل نویس نہ ہوں وہاں نقلیں بذریعہ اہلکار سرکاری تیار کرائی اور دیا کریں

(۳) ایسی نقلوں کی بابتہ اجرت مطابق طریقہ مروجہ کے وصول کیا کرے اور یہ اجرت حق سرکار متفرق آمدنی عدالت کے ذیل میں درج کیا کرے

(۴) فقرہ (۲ و ۳) میں جو یہ ہدایت کی گئی ہے کہ جہاں نقل نویس نہ ہوں وہاں اہلکار سرکار نقل دینا لازم ہے اور نہیں برائے سرکار جمع کیا جاوے اسکا مقصود صرف یہی ہے کہ ہر عدالت میں نقل نویس مقرر کرنے کا لحاظ رہ کر انتظام ہو سکے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری و دیوانی ۸ مؤرخہ ۱۴ بہمن ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۲۶) نمونہ جات سیاہہ نقدی روزنامہ و ارسال رقوم خزانہ جو ہر عدالت میں رکھی جاتی ہیں۔

ف ۱۔ عدالت ہائے ممالک آصفیہ سے خزائن سرکاری میں اوقات مختلف رقوم امانت رکھی جاتی ہیں اور طلب کرکے خرچ کی جاتی ہیں لہذا نمونہ جات سلسلہ سیاہہ نقدی روزنامہ و ارسال رقوم کے شایع کئے جاتے ہیں ارسال رقوم کا چالان حسب نمونہ مجریہ صدر محاسب صاحب سرکار عالی ہے ہدایت کیجاتی ہے کہ حسب نمونہ جات سلسلہ سیاہہ عدالتیں مطبوعہ مسیح تیار کرلیکے حسب ضرورت مجلد کرالیں اور اُن میں بروقت اندراجات ہوا کریں۔

ف ۲۔ نمونہ نشان (۹۴) سیاہہ نقدی روزنامہ عدالت کا ہے اس میں تاریخ وار تفصیل جمع و خرچ اور رہائی کی ہوگی اور اسکی تصدیق ثمنی چالان موصولہ مہتمم خزانہ سرکاری سے کیجائیگی اور ابواب آمدنی و مصارف میں علاوہ دیگر تفصیل کے حوالہ اس چالان کا بھی لکھا جائیگا۔

ف ۳۔ نمونہ نشان (۹۵) چالان یعنی ارسال رقوم کا ہے اسکا اصل و ثمنی خزانہ سرکاری میں روانہ کیا جائیگا اصل چالان خزانہ سرکاری میں رہیگا اور ثمنی اسکا بعد تصدیق مہتمم خزانہ کے مثل متعلقہ عدالت میں منسلک کیا جائیگا تاکہ معلوم ہو کہ کس تاریخ کس قدر رقم مرسلہ عدالت خزانہ سرکاری میں جمع ہوئی اور یہ کہ وہ رقم کن ابواب سے متعلق ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۹) مؤرخہ ۲۷ بہمن ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۲۷) تشریح مضامین دفعات ۳۱ و ۳۲ دستور العمل بندوبست سرحدات۔

دستور العمل بندوبست سرحدات نافذہ ۲۹ شوال ۱۲۹۶ھ مطابق ۱۴ آبان ۱۲۸۹ف مشہرہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مطبوعہ ۱۸ آبان ۱۲۸۹ف جلد اول صفحات ۸۱ تا ۸۶ میں بہ فقرات ۳۱ و ۳۲ سزا ہائے جرائم قانون مختص الامر مذکور کو بیان کیا ہے۔ فقرہ (۳۱) میں جس ترک فعل کو جرم قرار دیا ہے اسکی انتہائی تعداد سہ ماہ سزا قید قرار دی گئی ہے اور فقرہ (۳۲) میں تعلق حیثیت سے جرم کی تخفیفات کا طریقہ بیان کرکے صدر المہام کوتوالی و صدر المہام عدالت کے محکموں سے اصدار سزا کا حکم دیا گیا ہے لیکن گشتی نشان (۳) فوجداری ۱۲۹۵ف و دیگر احکام نافذہ ما بعد کی رو سے لازم آیا ہے کہ بغرض تسہیل کارروائی دفعات ۳۱ و ۳۲ دستور العمل بندوبست سرحدات بذریعہ گشتی ہذا احکام سرکار کی ترمیم اور تشریح کردیجاوے۔ لہذا بعد منظوری عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی جو بذریعہ مراسلہ

(۳) اضلاع میں پولیس ملزم کو چوبیس گھنٹہ سے زیادہ بہ تفتیش بلا منظوری کسی ناظم فوجداری کے نہیں رکھ سکتی ہے پولیس کو لازم ہے کہ اس میعاد کے اندر جس قدر جلد ممکن ہو ملزم کو عدالت فوجداری میں روانہ کردے اگر معلوم ہو کہ تفتیش مقدمہ کی اندرون چوبیس گھنٹہ ختم نہیں کیجا سکتی تو پولیس کو لازم ہوگا کہ فی الفور ایک نقل کارروائی تفتیش کی جو اس وقت تک ہوئی ہو قریب ترین مجسٹریٹ کے روبرو پیش کرے اور اس باب میں تمامتر حسب قواعد مندرجہ ضابطہ فوجداری برطانیہ ہند عمل کریں ۔

۴ ۔ جب تحقیقات مقدمہ فوجداری میں پایا جاوے کہ کوتوالی نے تفتیش میں غلطی کی ہے تو ناظم فوجداری تحقیقات کنندہ کو چاہیئے کہ ایک یادداشت اُن غلطیوں کی مرتب کرکے شامل مثل کرے اور ایک نقل اسکی معرفت ناظم صاحب کوتوالی ضلع کے پولیس متعلقہ میں روانہ کرے تاکہ پولیس متنبہ ہوکر آیندہ اصلاحات ضروری کرسکے بہترین طریقہ تفتیش کا اختیار کرے ۔

۵ ۔ جرائم کے انسداد کی غرض سے جب بدچلن یا اشخاص جرائم پیشہ عدالت میں حاضر لائے جاویں تو حاکم فوجداری منفذہ کو چاہیئے کہ اُن سے ضمانت نیک چلنی بعد تحقیقات باضابطہ کے لیا کرے دفعات ۱۰۹ و ۱۱۰ ضابطہ فوجداری برطانیہ ہند سے ان امور میں مدد لینا مناسب ہے ۔

۶ ۔ جب مقدمات فوجداری میں کوئی مال پیش ہو تو وقت تصفیہ مقدمہ یہ تجویز کرنا لازم ہے کہ مال متعلقہ مقدمہ کیا ہو اگر ملزم سزایاب ہو تو مال دستیاب شدہ مالک مال کو دینا چاہیئے اگر فیصلہ قابل مرافعہ ہو تو وقت واپسی قبل فیصلہ مرافعہ آخر کے مالک مال سے ضمانت کافی لینا ضرور ہے تاکہ حکم مرافعہ کی تعمیل میں اگر وہ خلاف تجویز ابتدائی کے ہو دقت واقع نہ ہو ۔

اگر ملزم رہا یا بری ہو تو مال مدخلہ اُس شخص کو واپس کرنا چاہیئے جس کے قبضہ سے بوقت رجوع عدالت میں داخل ہوا ہو اگر مال مشتبہ اور غیر مدعوہ ہو تو بصیغہ لاوارث سپرد حاکم مجاز کیا جائے اور اسکی نسبت تصفیہ حسب قانون متعلقہ کیا جاوے ۔ جائز نہیں ہے کہ مال متعلقہ مقدمہ بعد صدور تجویز کے عدالت میں بغیر حکم حاکم کے پڑا رہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ دیوانی ۱۰ مورخہ ۱۶ اردی بہشت ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۳۴۷) صرافوں سے ضمانت لینے کے قواعد | چونکہ بعض عدالتوں میں صراف مامور ہیں جنکی تحویل میں نقدی اور سرکاری مال رہتا ہے گو اس وقت تک ان صرافوں سے مختلف عدالتیں مختلف مقدار کی

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) مورخہ ۱۲ فروردی سنہ ۱۳۰۶ ف

مضمون (۱۲۰) مقدمات فوجداری کے متعلق تصفیہ وغیرہ کے متعلق ہدایات ۔	ناظم صاحب کوتوالی اضلاع ممالک محروسہ نے عدالت العالیہ کو اس جانب متوجہ کیا ہے اور نیز

عدالت العالیہ کو بملاحظہ نقشہ جات ماہانہ مقدمات فوجداری موصولہ عدالت ہائے اضلاع معلوم ہوا ہے کہ عدالتہائے فوجداری میں مقدمات فوجداری کے فیصلہ میں اکثر تعویق ہوتی ہے اور استغاثہ تفتیش سے کوتوالی کو باضابطہ اطلاع نہیں دیجاتی ہے اور انسداد جرائم کے لئے مدعلیہ اور جرائم پیشہ اشخاص سے ضمانت لینے کا جو اختیار اول تعلقداران ضلع ناظمان عدالت ہائے فوجداری ضلع کو از روئے گشتی نشان (۳) فوجداری ۱۲۹۵ ف عطا ہوا ہے وہ اس کو ان اغراض کے لئے بہت ہی کم استعمال میں لاتے ہیں یہ بھی معلوم ہوا کہ مقدمات فوجداری میں بوقت فیصلہ مقدمہ اموال متعلقہ مقدمہ کی نسبت اکثر تجویز کرنا فروگذاشت ہو جاتا ہے جس سے مال مسروقہ کی واپسی میں دشواری لاحق ہوتی ہے اور نزاعات پیدا ہوتے ہیں لہذا ان سب قباحتوں کے رفع کرنے کی غرض سے بذریعہ گشتی ہذا احکام ذیل شایع کئے جاتے ہیں۔

(۱) ناظما فوجداری کو جائز نہیں ہے کہ کسی مقدمہ فوجداری کی تاریخ پیشی آیندہ پندرہ روز سے زائد عرصہ کے لئے مقرر کریں یا اس سے زاید عرصہ کے لئے تبدیل کریں اور مقدمات فوجداری کی تحقیقات جب شروع ہو جاوے تو عموماً انکی تحقیقات روز روزانہ کرنی چاہئے اور جب کبھی عرصہ کے لئے مقدمہ کے التوا کی ضرورت ہو تو ناظم فوجداری کو خود تجویز کرنا چاہئے کہ آیندہ پندرہ روز کے کس قدر عرصہ میں دوبارہ مقدمہ پیش ہو وجوہ التوا حاکم کو خود اپنے قلم سے لکھنا اور شامل مثل کرنا چاہئے۔ حاکم خود ذمہ دار اسکا ہے کبھی یہ کام عمال سررشتہ کے سپرد نہ کیا جائے۔ اگر حاکم تحقیقات کنندہ موجود نہ ہو تو مقدمہ دوسرے ناظم فوجداری کے روبرو پیش کیا جایا کرے تا کہ وہ احکام مناسب صادر کر سکے۔

(۲) جب ناظم فوجداری کے اجلاس پر علاوہ مقدمہ فوجداری کے کوئی دوسرا دیوانی مقدمہ ہو تو بہ نسبت فوجداری کو مقدم رکھنا لازم ہے معمولی انتظامی کام پر بھی مقدمات فوجداری کو ترجیح دینا لازم ہے۔ البتہ اگر کوئی سنگین اور اہم انتظامی کام پیش ہو جسکا انجام دینا فی الفور لازم ہو تو مقدمہ فوجداری کو بہ تحریر وجوہ منفصلہ ملتوی کیا جا سکتا ہے لیکن ضرور ہے کہ بغیر اہم اور ضروری مجبوری کے جسکی صراحت روبکار مذکور میں کرنی لازم ہوگی کسی دوسری وجہ سے مقدمہ فوجداری کو ملتوی نہ کیا جاوے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{۱۳}{۱۲}$ فوجداری دیوانی مورخہ ۷ خورداد ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۳) جو نقل داخل کرنے میں مادی ایام مرافعہ میں محسوب نہ ہوں اُن کا شمار حصول نقل سے مرافعہ میں نہ ہوگا ۔	گشتی صدر المہام صاحب دیوانی (۸) و فوجداری (۹) بابتہ ۱۲۹۵ف کے موجب بعد نفاذ قانون مجوزہ ۱۳۰۳ف اکثر عدالت النوپیں غلطی سے یہ عملدرآمد جاری ہے کہ اکثر فریقین اندرون میعاد

مرافعہ بذریعہ درخواست مرافعہ استامپ کامل الفیس بہ پیش کر کے مہلت مزید کے باسوا اُس مہلت کے جو قانوناً دی گئی ہے بعوض پیش کرنے نقول فیصلہ جات عدالت ہائے مرافعہ چاہا کرتے ہیں وجوہ مزید طلب کرتے ہیں اور پھر درخواستیں منظور کیجاتی ہیں اور ظاہر ہے کہ ان اعراض کے لئے دفعات ۱۰ و ۲۱ قانون مجوزہ بصدرہ ۱۳۰۳ف میں موجود ہیں ۔

دفعہ (۲۱) کا منشا ہے کہ ضروری ایام جو حصول نقل فیصلہ جات ڈگری و احکام میں فی الواقع منقضی ہوں وہ اصلی مدت مرافعہ میں محسوب نہ ہوں گے ۔

دفعہ (۱۰) کا یہ منشا ہے کہ بعد انقضائے مدت مرافعہ کے بوجوہ معقول مرافعہ مسموع ہو سکیگا ۔

اس تقدیر میں کوئی ضرورت مہلت مزید طلب کرنے کی اور حکام کو ایسی مہلت دینا تصیب وجوہ طلب مدت ۔ دینے کی باقی نہیں ہے اور درحقیقت یہ کارروائی صرف از قسم تحصیل حاصل ہی نہیں ہے بلکہ خلاف انصاف ہے کیونکہ یہ کارروائی یکطرفہ بغیر حاضری مرافعہ علیہم ہوا کرتی ہے حالانکہ اسکا تصفیہ کہ جو درخواست بعد میعاد پیش ہوئی وہ وجہ معقول ہے یا نہیں فریق ثانی کے مقابلہ میں بحث ہونا چاہیئے ۔ لہذا اس مسئلہ پر حکام عدالت العالیہ نے باجلاس انتظامی غور فرمایا اور حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے کوئی درخواست عطائے مہلت مزید کی کسی عدالت میں منظور نہ کیجائے اور مسائل مادی ایام کا فیصلہ بلا سماعت عذرات فریق ثانی اُس کے خلاف کبھی نہ کیا جائے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{۱۵}{۱۴}$ فوجداری دیوانی مورخہ ۸ خورداد ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۳) اجرت نقول جو عدالت میں جمع کیا کریں	عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ اجرت نقول کے بابت عدالتیں

مختلف طور پر عمل کرتی ہیں بعض عدالتوں میں محافظ دفتر اجرت لیکر روزانہ خزانہ سرکار میں جمع کرا دیتا ہے بعض عدالتوں میں یہ رقم محافظ دفتر ہی کے پاس جمع رہتی ہے ۔ گشتی صدر المہام صاحب دیوانی (۲۰) و فوجداری (۲۲)

ضمانت لیتے رہے ہیں مگر اتبک کوئی عام حکم اُن سے ضمانت لینے کے بارہ میں جاری نہیں ہوا ہے الا ایکہ ایسے حکم کی سخت ضرورت ہے لہذا مجلس عالیہ عدالت باجلاس انتظامی حسب ذیل احکام صادر کرتی ہے

(۱) تمام صرافان عدالت سے اُس قدر مقدار کی ضمانت لیجاوے جو ایک ہزار روپیہ عالی سے کم نہ ہو ـ

(۲) ہر ضمانت میں جائداد غیر منقولہ کافی قیمت کی مکفول ہوگی اور ضمانت نامہ اُسی نمونہ کا لکھا جاویگا اور اُسکی نگہداشت اور تصدیق سالانہ کا طریقہ وہی ہوگا جسکا ذکر گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان دیوانی (۷) نشان فوجداری (۱) ۱۳۰۳ف میں بصراحت درج ہے

(۳) امر ملحوظ یہ ہے کہ صراف کی ضمانت سے ناظر یا نائب ناظر یا محاسب یا کسی دوسرے کارکن یا اہلکار کی ذمہ داری میں کسطرح کا فرق نہیں آتا ہے ـ

عہدہ داران مذکور ذمہ دار ہیں کہ تمام نقد او مال اپنی تحویل میں باضابطہ رکھیں تمامی عدالت اپنے ماتحت کی توجہ اسطرف بھی مبذول کیجاتی ہے کہ کسی اہلکار کی تحویل میں رقم حساب سے زائد روپیہ یا مال کبھی رہا کرے

(۴) عموماً صراف کا کام تعداد اور جنس کی صحت کی تنقیح کرنا اور حسب الحکم عدالت عہدہ دار مجاز کے حوالہ کرنا یا ایک محکمہ سے دوسرے محکمہ میں لیجاکر سپرد عہدہ دار مجاز کرنا ہے جو عہدہ دار تحویل کا بدستخط صراف تمام نقد او جنس اپنی امانت میں رکھیگا ـ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۶ خورداد ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۲۶) جن مقدمات خفیف میں ملزم مستوجب سزا قید یا سزائے بید ہوا اُن میں عدالتوں کو سزائے قید پر سزائے بید کو ترجیح دینا چاہیئے ـ	ناظم صاحب محاسب اضلاع سرکار عالی بذریعہ مراسلہ نشان ۱۲۴ واقع ۲۸ اسفندار ۱۳۰۶ف محکمہ سرکار میں یہ تحریک کی جن مقدمات میں ملزم مستوجب خفیف سزا کے ہوں اُن میں

اُن کو صرف سزائے تازیانہ دیجایا کرے محکمہ سرکار نے اس بارہ میں عدالت العالیہ کی رائے دریافت کی اور یہ مسئلہ جلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش ہوا اور بموجب تجویز اجلاس انتظامی عدالت العالیہ حکم دیا جاتا ہے کہ جن جرائم میں سزائے قید یا سزائے بید قانوناً ہوسکتی ہے اُس میں عدالتوں کو حتی الامکان سزائے قید پر سزائے بید کو ترجیح دینا اور اختیار کرنا چاہیئے بشرطیکہ بلحاظ حالات مجرم قابلیت سزائے بید کی رکھتا ہو اور اس باب میں عدالتوں کو ایکٹ نمبر (۲) ۱۸۹۶ء اور ایکٹ نمبر (۳) ۱۸۹۵ء سرکار عظمت مدار سے مدد لیا جانا چاہیئے ـ

برخاست اجلاس سے دو گھنٹہ قبل جمع و خرچ نظارت بند کر دیا جائے اور بعد ورتی حسابات کے حاکم عدالت یا معتمد عدالت العالیہ قبل برخاست روزانہ صحیح اور تصدیق اُس حساب کی کیا کرے۔

(۳) اگر بسبب استدعا ضروری ہونے کے حاکم عدالت کو کسی رقم کا دینا یا وصول کرنا بعد گذرنے اوقات معینہ کے ساسنے معلوم ہو تو بربائے حکم تحریری ایسی رقم ادا یا وصول ہو کر دوسرے روز کے حساب میں مندرج ہوگی اور حوالہ حکم عدالت کا دیا جائے کہ جس سے واقعی اندراج رقم کا بہ معلوم ہو سکے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۹ دیوانی ۱۷ مورخہ ۵ ا خورداد ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۳۹) کسی سرکاری ملازم کو بلا حاصل منظوری سرکار عالی چند خدمات کے انجام دینے کی ممانعت ہے	صدر عدالت صوبہ اورنگ آباد نے عدالت العالیہ سے اس باب میں استدراک کیا کہ صیغہ دار عدالت تحصیل بلولی بحصول

رخصت اپنے وطن گیا اور وہاں اُس نے بزمانہ رخصت خدمت پولیس پٹیلی کو انجام دیا جو اُسکی خدمت عدالت سے ایک جداگانہ خدمت بھی آیا ایسی حالت میں یہ فعل صیغہ دار کا جائز سمجھا جاوے گا اور وہ زمانہ رخصت کی نسبت صدر عدالت سے تنخواہ پانیکا مستحق ہے۔ یہ مسئلہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش ہوا اور بموجب تجویز اجلاس انتظامی حکم ذیل دیا جاتا ہے۔

۲۔ کوئی ملازم سرکاری بلا حاصل منظوری سرکار عالی چند خدمات کے کام کو انجام نہیں دے سکتا ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۰) مورخہ ۱۶ خورداد ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۴۰) جب کوئی ملازم اہل قلم یا اہل سیف کسی مقدمہ فوجداری میں زیر تفتیش در حوالات کوتوالی یا زیر تحقیقات ہو تو اُس ملازم کے افسر کو اس سے اطلاع دیجایا کرے۔	(۱) ملاحظہ نقل چٹھی انگریزی کرنل نیول صاحب کمانڈر فوج باقاعدہ ملفوفہ مراسلہ سرکارنشان (۲۷۳۱) واقعہ ۲۵ ماہ بہمن ۱۳۰۶ف عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ کوتوالی بلدہ نے دو گولندازان توپخانہ کو بجرم سرقہ گرفتار کرکے اپنی

حراست میں رکھا اور کمانڈر فوج کی درخواست پر اُن کو تخویل نہ کرکے عدالت فوجداری بلدہ میں چالان کر دیا اور باوجودیکہ دو مرتبہ کمانڈر صاحب نے ناظم صاحب عدالت فوجداری بلدہ سے دربارہ قید درخواست کی مگر ناظم صاحب نے کوئی جواب ادا نہیں کیا برنا حکم سرکار یہ مسئلہ عدالت العالیہ کے اجلاس انتظامی میں پیش ہوا اور بموجب تجویز اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے۔

مورخہ ۲۷ شوال سنہ ۱۲۹۳ ہجری موسومہ جمیع نظماء عدالت ہائے اضلاع و بلدہ کے فقرہ (۸) میں یہ لکھا ہوا ہے کہ اجرت النقل محافظ دفتر کے پاس جمع ہوگی لیکن اسکا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ رقم اسکی ہی تحویل میں رہے محافظ دفتر کے پاس نہ صندوق خزانہ ہوتا ہے اور نہ اُس سے ضمانت لیجاتی ہے یہ مسئلہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش ہوا حسب تجویز اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے کہ یہ رقم محافظ دفتر کی تحویل میں ہرگز نہ رکھی جائے اور عدالت کے محافظ دفتر کو لازم ہے کہ روزانہ اجرت نقول جمع خزانہ عدالت کردیا کرے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۶ / دیوانی ۱۴ مورخہ ۹ خورداد سنہ ۱۳۰۶ ف

مضمون (۱۳۷) نظماء صوبہ دو سال میں اور نظماء اضلاع ایک سال میں تمام اپنے ماتحت عدالتوں کی تنقیح کریں ۔

(۱) گشتی فوجداری نمبر (۴) دیوانی نمبر (۳) مورخہ ۲۹ اسفندار سنہ ۱۲۹۹ ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش ہوئی ۔ تجربہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نظماء عدالت ہائے صوبہ تمام ماتحت اضلاع عدالتوں کی تنقیح سالانہ نہیں کرسکتے ہیں لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آئندہ نظماء کم از کم فی دو سال میں تمام عدالت ہائے اضلاع واقع صوبہ کی تنقیح بالضرور ختم کیا کریں ورنہ عدالت العالیہ میں اطلاع تحریری دیں کہ اس سے زیادہ تعویق کی کیا وجہ ہے اور اسکی نسبت حکم مناسب اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حاصل کریں ۔ لیکن اضلاع میں حکام ضلع اور اُن کے شریک یا مددگار حکام موجود ہیں کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہر سال میں اقل مرتبہ ایک دفعہ تمام عدالت ہائے ماتحت کی تنقیح یہ دونوں حاکم ضلع اور اُن کے شریک یا مددگار حاکم کیوں نہ ختم کریں جس ضلع میں تمام عدالتوں کی تنقیح ہر سال میں نہ ختم ہو اُس کے حاکم ضلع کو چاہیئے کہ معرفت اپنے افسر اعلیٰ کے عدالت العالیہ کو وجوہ مانع سے تحریری اطلاع دے تاکہ اُس کی نسبت عدالت العالیہ سے ہدایت مناسب کیجائے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۷ / دیوانی ۱۵ مورخہ ۱۰ خورداد سنہ ۱۳۰۶ ف

مضمون (۱۳۸) جمع و خرچ نظارت عدالت

(۱) چونکہ عدالت پر لازم ہے کہ بیاہہ روزانہ کے جمع و خرچ کی تصدیق کرے اور عہدہ [illegible] کے سپرد ہے لہذا بغرض سہولت تیاری حساب حکم ذیل صادر کیا جاتا ہے ۔

(۲) نظارت میں جمع و خرچ روزانہ کا بروقت اندراج ہونا ضرور ہے لہذا لازم ہے کہ اوقات

اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ اُس جرم کا ارتکاب بوجہ کسی اشتعال طبع کے محض اتفاقی طور پر ہوا ہو بلکہ مقدمات اس نوع کے مقدمہ کے جس میں جرم اتفاقی یا ناگہانی کا ارتکاب ہوا ہو تو تجویز میں اُس کی تصریح درج کر دینا چاہئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۵) مورخہ ۲۲ خورداد ۱۳۰۶ف

مضمون لکھ (۱۷/۲) حکم امتحان کیمیائی دینا ناظم فوجداری کی صوابدید پر منحصر ہے۔	(۱) اگرچہ دروکیوش محکمہ سرکار نشان ۱۳۰۶ف میں اکثر مقدمات کی نسبت امتحان کیمیائی کا حکم

دیا گیا ہے جن میں ضرورت جانے کے گمان کی تائید ہوئی ہے اب بوصول مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۱۸۷) مورخہ ۱۰ اسفندار ۱۳۰۶ف حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) امتحان کیمیائی کا حکم دینا ناظم فوجداری کی صوابدید پر منحصر ہے اور ہر حکم ناظم فوجداری کو بلحاظ حالات مقدمہ مدعیہ کی بابت اور ہر صورت میں دینے کا اختیار ہے جس میں تحقیق کیمیائی کی ضرورت پائی جاوے مگر ناظمان عدالت کو ضرور ہے کہ اس احتیاط ضروری کو اسطرح کام میں لاویں کہ اُس سے فیصل مقدمات میں آسانی ہو اور خزانہ سرکاری پر فضول بار عاید نہ ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۶) مورخہ ۲۳ خورداد ۱۳۰۶ف

مضمون (۴/۴۴) بعض مدت التوائے مقدمات فوجداری و طریقہ تحریر وارنٹ ملزمین زیر تحقیقات۔	(۱) بعض حکام فوجداری ملزمین زیر حوالات کا مقدمہ بعد روبرو رہنے زائد عرصہ کے لئے ملتوی کر دیتے ہیں

یہ کسی صورت میں جائز نہیں ہے کہ کبھی فوجداری مقدمہ زاید عرصہ کے واسطے ملتوی نہ کیا جائے اگر ملتوی شدہ مقدمہ کا التواء زاید کی ضرورت لاحق ہو تو حسب حالات مقدمہ اور بلاحظہ حشر مستی و بلحاظ کارروائی روزانہ عدالت پندرہ روز سے کم وسعت کی جدید تاریخ مقرر کیجائے۔

(۲) حکمنامہ جات دونوں کے صحیح طور پر جاری ہوں اگر ملزم زیر تحقیقات کے حوالات کا حکمنامہ بھیجا جائے تو اُس میں تاریخ منتہی آمد بالتصریح درج ہو۔

(۳) حکام متوسط کنندہ حکمنامہ اپنی ذاتی توجہ اس جانب مبذول کریں۔

(۲) جب کوئی امر سرکاری یا انتظامی ہو یا اسپیشل کسی مقدمہ فوجداری میں زیر تفتیش و حراست کوتوالی یا تحصیل عدالت ہو تو لازم ہے کہ اُس کے ملازم کے افسر کو اُسکی تفتیش یا تحقیقات کی اطلاع دیجائے اور بعد تصفیہ یا جبر کے نتیجہ مقدمہ سے بھی اُس ملازم کے افسر کو اطلاع دیجائے۔

(۳) اگر ضرورت معلوم ہو تو حاکم مجوز کو ایسی تجویز اور فیصلہ کی نقل اُس ملازم کے افسر یا اہلکار بالادست کے پاس اطلاعاً روانہ کرنا لازم ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۲۱}}{\text{دیوانی ۱۹}}$ مورخہ ۱۷ خورداد ۱۳۰۶ف

مضمون (۱) اگر عرضی گذار عرضی کے ساتھ حسب قاعدہ یا نقل دیوانی (۱۹)، فوجداری (۲۱) امر مشتبہ پیش نہ کرے تو عدالت درخواست کو واپس کرنے کی بجائے اُس درخواست کی دستخط کر کے رکھ لیگی

(۱) گشتی عدالت العالیہ نمبری دیوانی (۱۹) و فوجداری (۲۱) بابتہ ۱۳۰۴ف میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ عرضی گذار عرضی کے ساتھ ایک پرچہ حسب نمونہ مندرجہ گشتی مذکور پیش کیا کرے اور اگر گذرانے عرضی کے افسر عدالت یا وہ اہلکار جس کے متعلق ہو پرچہ مرتبہ عرضی گذار کردیا کریگا جس کو عرضی گذار استدلال ادخال کے التوا تک پاس رکھیگا۔ عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ اس حکم کی بناء پر بعض عدالتیں ایسی درخواستوں کو جنکے ساتھ پرچہ مذکور شامل نہیں ہے واپس کردیتی ہیں یہ طریقہ کارروائی کا غلط ہے۔ گشتی مندرجہ صدر کا ہرگز یہ منشاء نہیں ہے۔ یہ مسئلہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش ہوا اور حسب تجویز اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) جب کوئی سائل ہمراہ درخواست کے پرچہ اطلاع یابی حکم منسلک نہ کرے تو اُس فرد گذاشت کا اندراج بوقت ادخال درخواست اُسکی پشت پر کردینا لازم ہے ایسی درخواست بار ادخال پرچہ واپس نہ ہوگی لیکن جو حکم مناسب حاکم عدالت صادر کریگا وہ درخواست پر لکھدیا جاویگا ایسی درخواست فوراً اجلاس حاکم پر پیش ہونا لازم ہے اور رشتہ سے کوئی حکم ایسی درخواست پر نہیں لکھا جاوے گا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۴) مورخہ ۱۳ خورداد ۱۳۰۶ف

مضمون (۲۴) تعریف جرم اتفاقی و ناگہانی۔ تمامی عدالت ہائے فوجداری کی توجہ تعریف جرم اتفاقی و ناگہانی مندرجہ صدر رزولیوشن محکمہ سرکار نمبر ۲ مورخہ ۱۶ شہریور ۱۳۰۵ف مطبوعہ جریدہ اعلامیہ صفحہ ۵۵۷ مورخہ ۲۴ رجب ۱۳۰۵ف کی طرف دلائی جاتی ہے واضح ہو کہ کسی جرم کا باتفاق ناگہانی و اتفاق واقع ہونا صرف

میں روانہ کریں

نمونہ نمبر ۳۵ گوشوارہ پیشگی مثل

نشان سلسلہ	واقعات استدلالیہ متعلقہ مقدمہ سپرد شدہ	رائے حاکم سپرد کنندہ
۱	۲	۳
۱	تاریخ وقوع جرم	
۲	تاریخ استغاثہ	
۳	الزام معہ دفعہ تعزیرات ہند	
۴	نام شخص متضرر کا معہ پتہ کے	
۵	تاریخ گرفتاری ہر ملزم کی اگر ضمانت ہو تو تاریخ ضمانت	
۶	موقع واردات	
۷	نام گواہان جو عدالت بالادست میں حاضر ہونگے	
۸	خلاصہ واقعات متعلقہ مقدمہ جو ہر گواہ کے بیان سے ثابت ہیں ۔	
۹	گواہان ملزم اگر اُس نے پیش کئے ہوں ۔	
۱۰	واقعات جو برأت میں ثابت کرنا مقصود ملزم ہے	
۱۱	تفصیل آلات یا سامان متعلقہ جرم	
۱۲	اگر ہلاکت واقع ہوئی ہو تو ورثہ متوفی کا نام اور اُسکا معہ اُن کی اسمہ ناکے ۔	
۱۳	کیفیت	

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۱ مورخہ ۶ تیر ۱۳۰۶ ف دیوانی ۲۵

مضمون ۱۳۸ - اجرت معاینہ ہمامہ جمع و خرچ عام روزنامہ میں درج کیا جاتا ہے اور انکا متعلقہ کا حصہ اجرت معاینہ سے بعد ختم ماہ کے تقسیم کرنا چاہیے ۔	دیکھو گشتی صدر المہام دیوانی نمبر (۲۰) و فوجداری ۲۲

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۷) مورخہ ۲۴ خورداد ۱۳۰۱ فصلی

مضمون (۴۳۰) طریقہ تعمیل اطلاعنامجات وحکمنامہ جات۔ | (۱) بذریعہ گشتی اسان فوجداری (۳) مورخہ ۲۲ آذر ۱۳ فصلی عدالت ہائے فوجداری کو حکم دیا گیا تھا کہ مقدمات فوجداری میں اطلاعنامہ جات کی تعمیل علی العموم بذریعہ کوتوالی ہوا کرے تا ظم صاحب کوتوالی اضلاع کی تحریک پر مسئلہ اجلاس انتظامی میں مکرر غور اور تجویز کی گئی مبیں ہوا اور بموجب تجویز اجلاس انتظامی یہ ترمیم گشتی مندرجہ صدر حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) مقدمات فوجداری میں اطلاعنامجات کی تعمیل معرفت مذکوربان اور چپراسان کے کرائی جایا کرے اگر کوئی چپراسی مذکوری عدالت میں نہ ہو تو ایسی صورت میں تعمیل بذریعہ اہلکاران کوتوالی کرائی جایا کرے۔ حکمنامہ وارنٹ کی تعمیل عموماً معرفت اہلکاران کوتوالی کے ہونا چاہئے۔

(۳) تعمیل اطلاعنامجات اور حکمنامجات میں ہدایات مندرجہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی سے امداد لینا مناسب ہے۔ دیکھو دفعات ۶۸ و ۷۰ ضابطہ فوجداری سرکار عالی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۸ / دیوانی ۲۲ مورخہ ۴ تیر ۱۳۰۶ فصلی

مضمون (۴۳۹) مختار عام اور وکیل کی حیثیت میں کیا فرق ہے | (۱) جب کوئی شخص بحیثیت مختار عام کے پیروی کرے تو بحیثیت مختاری تمام امور جو قائم مقامی آقا کے بہ اختیارات مندرجہ مختارنامہ ادا کر سکتا ہے لیکن اس کو بحیثیت وکیل کے نہ کوئی مختارنامہ لکھ سکتا ہے اور نہ احکام متعلقہ وکلاء عدالت اس سے متعلق ہوں گے۔

(۲) جو وکیل بلحاظ اپنے درجہ وکالت کے پیروی کا مجاز ہو اور بنا بر مختارنامہ عام حسب اختیارات مندرجہ مختارنامہ کے کسی وکیل مجاز کے نام وکالت نامہ دے سکتا ہے اور ایسے وکیل کو با ضابطہ جس پاسے کا حق ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۰ / دیوانی ۲۴ مورخہ ۵ تیر ۱۳۰۶ فصلی

مضمون (۴۴۷) مقدمات سپرد شدہ میں گوشوارہ ذیل ہمراہ مثل کے روانہ کرنا چاہئے۔ | اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ جب کوئی عدالت کسی مقدمہ فوجداری کو عدالت بالادست میں تفویض کرے تو اس مقدمہ کے ساتھ عدالت سپرد کنندہ کو چاہئے کہ گوشوارہ نمونہ ذیل عدالت بالادست

معمولاً اور عدالت ہائے ماتحت میں کسی اہلکار غیر مقدر کو ایسے حکمنامجات عدالت پر دستخط کرنیکی اجازت نہیں ہے اور نہ ایسا حکمنامہ جس پر دستخط حاکم مجاز نہ ہو قانوناً صحیح ہوسکتا ہے۔

(۴) اگر حاکم صادر کنندہ حکم دورہ پر ہو اور عدالت میں اجلاس نہ کرسکے تو مقدمہ دوسرے حاکم مجاز کے روبرو پیش ہونا چاہیئے تاکہ وہ حکم مناسب اس بارہ میں صادر کرسکے حسب ضوابط مد جو اُس کو جاری کرسکے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۳) مورخہ ۸ تیر ۱۳۲۶ف

مضمون (۱ و ۱۱) دوم سوم تعلقداران کے محکمہ کے پیشکار متعلق پیشکاران عدالت ہائے تحصیل بطور منتظم کے سررشتہ عدالت کام انجام دینے کے مجاز نہیں ہیں

(۱) رو سے گشتی نشان (۲۷) فوجداری (۱۶) دیوانی ۱۳۱۵ف پیشکاران عدالت ہائے تحصیل بطور منتظم کے بحالت موجودگی و عدم موجودگی تحصیلداران سررشتہ عدالت کے خاص خاص کام انجام دینے کے مجاز کیے گئے تھے پھر بعد روسے گشتی نشان (۸) دیوانی و (۱۱) فوجداری بابتہ ۱۳۱۶ف حکم دیا گیا ہے کہ سب گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۷) و دیوانی (۶) ۱۳۱۵ف جو جو ماتحت پیشکاران کی بطور منتظم انجام دینے کے مجاز ہیں وہ سب خدمات بحیثیت منتظم عدالت سررشتہ داران یا اعلیٰ محرر عدالت متعلقہ انجام دینے کے مجاز ہیں یہ تحریک پیش ہوئی کہ پیشکاران محکمہ دوم و سوم تعلقداران کو بھی مثل پیشکاران تحصیل کے بطور منتظم سررشتہ عدالت کے کام انجام دینے کے مجاز کئے جاویں یہ مسئلہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں تصفیہ کے لئے پیش ہوا۔

(۲) حسب رائے اجلاس انتظامی کی رائے میں اولاً دوم و سوم تعلقداروں کے پاس اس قدر زیادہ کام نہیں ہے کہ وہ عدالت کے کام کی طرف پوری توجہ کرنے سے معذور ہوں۔ ثانیاً پیشکاران دوم و سوم تعلقداران کی تنخواہ اس قدر قلیل ہے کہ ان کو اس قسم کے اختیارات عدالتی دینا مناسب معلوم نہیں ہوتا ہے اور حکم دیا جاتا ہے

(۳) پیشکاران محکمات دوم و سوم تعلقداران مثل پیشکاران عدالت ہائے تحصیل عدالتی کام کے انجام دینے کے مجاز نہیں ہیں اور جس عدالت ہائے دوم و سوم تعلقداران میں پیشکاران کو عدالتی کام میں دخل دیا جاتا ہے وہ موقوف کیا جائے۔

مورخہ ۱۵ شوال ۱۲۹۵ھ

(۲) جس اہلکار کی نگرانی میں معائنہ مثل کی اجازت دیجائے اسپر لازم ہے کہ تمام فیس معائنہ وصول کرکے خزانہ عدالت میں جمع کردے اور رجسٹر مع درج نمبر (۲۸) میں اسکا اندراج کیا جائے گا۔

(۳) بعد ختم ماہ بوقت تقسیم تنخواہ ایک نقشہ حسب نمونہ منسلکہ اجرت معائنہ کا مرتب کیا جائے گا اس اجرت کا چہارم حصہ تو سرکار میں جمع کیا جاوے اور باقی تین ربع اجرت کے اُن تمام اہلکاروں میں تقسیم کر دیئے جائیں گے جن کے ذریعہ سے مسلیں متعلقہ کو با ضابطہ معائنہ کرایا ہے۔

(۴) اس نقشہ پر بعد منظوری حاکم عدالت کے تقسیم اجرت کی جائے گی اور اگر کسی سررشتہ کی تعطیل کا حاکم عدالت حکم دے تو وہ حصہ بھی سرکار میں بمد متفرق عدالت جمع کیا جائیگا۔

نمونہ نقشہ نمبر ۵۵ معائنہ مثلہ عدالت متفرقہ ضلع صوبہ بابتہ ماہ ۱۳۰ ف

نمبر شمار	اسماء اہلکاران متعلقہ	اجرت وصول شدہ		کیفیت
		حصہ سرکار	حصہ اہلکاران متعلقہ	
۱	۲	۳	۴	۵
	میزان			
	تصدیق ناظر			حاکم

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۳) مورخہ ۱۳۳۶ ف

مضمون (۳۹ ا) اجرائی حکمنامجات عدالت بدستخط حاکم مجاز

(۱) بعض عدالتوں میں یہ عملدرآمد ہے کہ حکمنامجات فوجداری جن کے ذریعہ سے ملزمین یا گواہ ہائے مجلس میں بھیجے جاتے ہیں بدستخط اہلکاران غیر مقتدر مجلس کے نام جاری ہوتے ہیں یہ مسئلہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش ہوا اور بمنظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) تمام حکمنامجات فوجداری بدستخط حاکم عدالت جاری کئے جانے چاہئیں اور صادر ہونا چاہئے عدالت العالیہ

سررشتہ میں نہ رہے۔ جب حاکم عدالت مقدمہ کے نمبر ریعے کا حکم صادر کر دے تو اس کو رجسٹر ہائے مذکور
سے خارج کر کے رجسٹر اشتمالی میں درج کر لیا جائے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۶ / دیوانی ۲۸ مورخہ ۷ تیر ۱۳۰۶ ف

مضمون ۱۴۳ ۔ ہر عدالت میں سیاہہ روزانہ اور کھاتہ (۱) اگرچہ درخواست ہائے اور ضروری مراتب متعلقہ ادخال جزنا
آمدنی و خرچ نقول کی بابت رہا کرے ۔ | وعطائے نقول کے اندراج کے واسطے موجب گشتی فوجداری
نشان (۱۲) دیوانی نشان (۱۱) ۱۳۰۳ ف رجسٹر کا نمونہ مقرر کیا گیا ہے مگر اس وقت تک نقول کی بابت سیاہہ روزانہ
اور اس کے متعلق کھاتہ درخواست گذاروں کے رکھنے کا حکم نہیں ہے نہ اس وقت تک کوئی نمونہ سیاہہ
اور کھاتہ کا عدالت العالیہ سے شایع ہوا ہے لہذا منظوری اجلاس انتظامی نمونہ جات سیاہہ روزانہ کھاتہ کیلئے
جو مقرر کئے گئے ہیں وہ منسلک گشتی ہذا ہیں عدالت کے دفتر میں یہ رجسٹر رکھے جاویں تاکہ آمدنی نقول اور ہر
شخص کی رقم فاضل یا باقی کا پتہ مل سکے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۷ / دیوانی ۲۹ مورخہ ۱۹ تیر ۱۳۰۶ ف

مضمون (۱۴۴) تشریح دفعہ (۱۱۲) گشتی نشان ۲ دیوانی ۱۳۰۲ء | نقشہ جات ماہانہ کے ملاحظہ سے عدالت العالیہ کو
معلوم ہوا ہے کہ اکثر عدالت ہائے ماتحت میں قلمبندی اظہارات گواہان وقتاً فوقتاً ملتوی کیا جاتا ہے اور عذر یہ پیش
ہوتا ہے کہ کل گواہان چونکہ حاضر نہیں ہوئے اس لئے گواہان حاضر کا اظہار قلمبند نہیں کیا گیا اس سے کارروائی بیجا
ہر بارہ اہل معاملہ کو اور تکلیف گواہان کو متعدد اوقات حاضری عدالت کی ہوتی ہے حتی صدر المہام عدالت
نشان اصلاع (۳۴) مورخہ ۱۲ رمضان ۱۲۹۸ء کا مضمون یہ ہے کہ ہر ایک مقدمہ میں خواہ دیوانی کا ہو یا فوجداری
کا ایک امر کے گواہان کا اظہار دفعات مختلف میں قلمبند نہ کیا جاوے بلکہ جلسہ واحد میں لکھا جاوے اس گشتی
میں جو لفظ جلسہ واحد کا ہے اسکا یہ مضمون نہیں ہے کہ ایک نشست میں کل گواہوں کا اظہار قلمبند ہو جاوے
کیونکہ یہ امر عملاً اکثر قریب ناممکن کے ہے مثلاً یہ بھی ممکن ہے کہ اگر گواہ اہم ہو تو اس کی جرح پورے ایک دن
میں ختم ہو بلکہ اس سے بھی زیادہ اس میں وقت صرف کرنا پڑے پس مفہوم اس گشتی کا یہ ہے کہ جس کی توضیح
دفعہ (۱۱۲) گشتی نشان (۲) دیوانی ۱۳۰۲ء میں کی گئی ہے اور اس دفعہ کی عبارت یہ ہے ۔

عبارت دفعہ (۱۱۲) گشتی نشان دیوانی (۲) ۱۳۰۲ ف

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۴ / دیوانی ۲۶ مورخہ ۹ مہر سنہ ۱۳۰۶ ف

مضمون (۱۵۱) سادہ کاغذ پر کسی مقدمہ کی وکالت لینے کے بعد اُس پر وکالت نامہ یا دوسری دستاویز لکھنا جائز نہیں ہے۔

(۱) مسل انتظامی نمبر (۹) سنہ ۱۳۰۶ ف عدالت العالیہ کے صیغہ انتظامی میں مشتبہ ہوئی اور پایا گیا کہ مدعی کی دستخط سادہ کاغذ پر لی گئی اور پھر بعد اُس سادہ کاغذ پر وکالت نامہ تحریر ہوا۔

(۲) اس قسم کا وکالت نامہ کسی وکیل کو پیروی کا مجاز نہیں کرتا ہے اور عام ہدایت کی جاتی ہے کہ حکام عدالت لحاظ رکھیں کہ بعد تحریر وکالت نامہ کے موکلوں کے دستخط لیے جاویں۔

(۳) بعض مقامات پر مطبوعہ نمونہ جات وکالت نامہ رکھے جاتے ہیں اور موکلوں کو اُن کے مضمون پر عبور حاصل کرکے وکالت نامہ دینے میں سہولت ہوتی ہے۔

(۴) اگر ایسا وکالت نامہ کا عام مہور پر طبع کرا لیا جائے تو اُس کے مصارف کا حساب مابین وکیل و موکل ہونا آسان ہے ورنہ قلمی نمونہ پر موکل کے دستخط لینے میں بھی کوئی دشواری لاحق نہیں ہوتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۵ / دیوانی ۲۷ مورخہ ۱۰ مہر سنہ ۱۳۰۶ ف

مضمون (۱۵۲) اندراج جملہ عرائض دعوے و استغاثہ فوجداری در رجسٹر متعلق۔

اگرچہ عرائض دعوے یا استغاثہ فوجداری اُس وقت کہ حاکم اُن کے نمبر پر لینے کا حکم دیتا ہے درج رجسٹر نمبر (۱) دیوانی و نمبر (۲) فوجداری کیے جاتے ہیں مگر عدالت العالیہ کو رپورٹ ہائے دورہ کے ملاحظہ سے معلوم ہوا ہے کہ عموماً عدالت ہائے ماتحت میں ایسے حکم کے دیئے جانے میں توقف غیر ضروری ہوتا ہے اور اُس وقت تک یہ عرائض بلا کسی رجسٹر میں درج ہونے کے پڑی رہتی ہیں یہ مسئلہ تصفیہ کے واسطے اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش ہوا اور بمنظوری اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے کہ حتی الوسع جس روز عرضی دعوے یا استغاثہ داخل عدالت ہو اُسی روز بعد تنقیح اور حکم حاکم اُن کو درج رجسٹر کر لیا جائے اگر اُس روز بھی بعد تنقیح حکم نہ دیا جا سکے تو ایسی صورت میں استغاثہ فوجداری کا درج رجسٹر نمبر (۶) فوجداری و عرائض دیوانی کا درج رجسٹر نمبر (۱۸) دیوانی کیا جانا لازم ہے اور اس غرض کے حاصل ہونے کے لئے ہر دو رجسٹرات مقدمات متفرق فوجداری و دیوانی متذکرہ صدر میں ایک ایک خانہ استغاثہ و عرائض دعاوی مزید کار کیا جاوے تاکہ کوئی استغاثہ یا عرضی دعوے بلا درج رجسٹر ہونے کے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۸ دیوانی ۳۰ مورخہ ۲۰ تیر ۱۳۱۶ف

مضمون (۱۴۳) درخواست طلبی شہود کی بابت ہدایات	(۱) چونکہ اسوقت تک طلبی شہود کی درخواستوں کا کوئی نمونہ مقرر نہیں ہے اور جو درخواستیں اہل مقدمات

کی طرف سے پیش ہوتی ہیں ان میں اکثر ضروری امور چھوٹ جاتے ہیں جن سے ... ۔۔۔
میں بہت دشواری واقع ہوتی ہے اور اس امر کی ... تاریخ ... ضرورت ہے لہذا
بسطور ذیل اطلاع اہل اسلامی عدالت العالیہ نمونہ مسلکہ ذیل درخواست ہائے طلبی شہود کے لئے شائع کیا جاتا ہے
اور حکم دیا جاتا ہے کہ ہر عدالت میں بہ نمونہ ہدایات کے مطبوعہ تیار رکھے جاویں ... قیمت ... سکے
۲ ملوں بہ فروخت کئے جائیں

(۲) اہل مقدمات کو نمونہ مطبوعہ پر درخواست پیش کرنا لازم نہیں ہے مگر ضروری ہے کہ درخواست
بموجب نمونہ مندرجہ گشتی ہذا لکھی ہو اور اگر درخواست کاغذ معمولی پر پیش کیا جاوے تو اس میں مراتب مندرجہ نمونہ
عنوان قائم کر کے قلمی لکھے جاسکتے ہیں یا نمونہ بعد خانہ پری کے اس کے ساتھ منسلک کیا جا سکتا ہے

نمونہ نمبر (۵۲) درخواست طلبی شہود عدالت ... مقام

(ملحقہ گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی ۳۰ و فوجداری ۳۸ مورخہ ۲۰ تیر ۱۳۱۶ف)

نمبر مقدمہ ... ۱۳ف فریق اول نام فریق ثانی ۔ نوعیت مقدمہ تاریخ حاضری ماہ ۱۳ف

نمبر شمار	نام و تفصیلی پتہ ہر شاہد کا جسکا طلب کرنا مقصود ہو				مسافت تخمینی		زر مقدمہ جو ادا کیا گیا		امر و نشان جس کی نسبت شہادت لی جاوے	دستخط
	نام مع ولدیت	قوم	پیشہ یا عہدہ	سکونت	فاصلہ بہ میل	اندرون سرحد	سفرخرچ	خوراک		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
					بیرون ضلع ثانی					
					بیرون صوبہ					
					حملہ سرکار					

مورخہ ... ماہ ... ۱۳ف سائل

اگر کسی مقدمہ میں ایک مرتبہ اظہار گواہوں کا شروع ہو جاوے تو سماعت مقدمہ کی اس وقت تک برابر جاری رہنے کی جب تک کل گواہان حاضرین کا اظہار قلمبند ہو جائے لیکن اس حالت میں بھی اگر عدالت کی دانست میں مقدمہ کو ملتوی کرنا بوجوہ ضروری مناسب معلوم ہو تو مقدمہ ملتوی ہو سکتا ہے اور وہ وجوہ ضروری تحریر ہو کر شامل مسل کئے جائیں گے پس اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عدالت کو لازم ہے کہ جب کسی مقدمہ کے اظہارات گواہان کو قلمبند کرنا شروع کرے اور روزانہ اس میں کارروائی کرے جب تک کہ اظہار ختم نہ ہو جاوے مقدمات میں اکثر مختلف امور تنقیح طلب ہوتے ہیں اور اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ مختلف امور کے لئے مختلف گواہ پیش کئے جاتے ہیں پس اگر ایک امر سے متعلق فرض کیجئے کہ کل گواہان حاضر ہوں اور دوسرے امر کے متعلق گواہان حاضر نہ ہوں تو جس امر کے متعلق حاضر ہیں ان کا اظہار قلمبند ہو جانا چاہئے دوسری حالت یہ ہے کہ ایک امر کے متعلق چند گواہ نامزد کئے گئے ہیں ان میں سے اکثر حاضر ہیں ایسی حالت میں بھی مناسب ہے کہ جو کہ اکثر گواہ حاضر ہیں ان کا اظہار قلمبند کر لیا جائے تیسری حالت یہ ہے کہ ایک امر کے چند گواہ ہیں ان میں سے قلیل گواہ حاضر ہیں اور اکثر التعداد گواہ غیر حاضر ہیں ایسی حالت میں عدالت کی اختیار تمیزی پر ہے حاضرین کا اظہار لینا یا ملتوی کرنا ضروری ہے چوتھی صورت یہ ہے کہ امور تنقیح طلب کی نسبت ہر امر سے متعلق بعض بعض گواہان حاضر ہیں اور بعض نہ حاضر ہیں ایسی حالت میں بھی عدالت کو اسی اختیار تمیزی سے کارروائی کرنا چاہئے اختیار تمیزی جوڈیشل ڈسکریشن ہے اور اس کے استعمال کرنے کے لئے کل حالات ہر مقدمہ اور گواہان کے نظر کرنا چاہئے ممکن ہے کہ ایک گواہ ایسا معزز ہے کہ بار بار حاضری میں اس کو تکلیف دینا ہے یا گواہ فاصلہ بعید سے آتا ہے یا ایسا اہل حرفہ ہے کہ بار بار آنے میں اس کو نقصان عظیم پہنچتا ہے یا اس کو دوسرے وجوہ سے بار بار آنے میں ہرج یا نقصان ہے تو ایسے گواہ کو بلا قلمبندی واپس کر دینا خلاف جوڈیشل ڈسکریشن ہے جو مثالیں اور بیان ہوئی ہیں وہ اس غرض سے ہیں کہ عدالت کا خیال ان کے حالات کی طرف متوجہ رہے ان کا انحصار نہیں ہو سکتا ہے ایسے اور حالات بھی پیش آ سکتے ہیں کہ جن کی بنا پر گواہ بلا قلمبندی اظہار واپس کرنا مناسب ہو چونکہ مقدمات فوجداری میں بھی اس قسم کی تکلیفیں پیش آ سکتی ہیں اور گواہوں کا بلا قلمبندی اظہار واپس ہونا باعث تکلیف گواہان اور اہل مقدمہ ہو سکتا ہے مقدمات مذکورہ میں بھی عدالت کو اپنے اختیار تمیزی کو اسی اصول پر استعمال کرنا چاہئے ۔

نظر بحالات متذکرہ صدر جملہ ماتحت عدالت کو حکم دیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ سے حسب ہدایت ہذا عمل کریں

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۰ دیوانی ۱۳ مورخہ ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۱) کوئی مال مسروقہ یا مال مقدمات دیوانی و فوجداری | چونکہ اس وقت تک مقدمات دیوانی و فوجداری میں جو مال عدالت میں آتا ہو کر کیا جاتا اور بطور امانت رکھا جاتا ہے

اس کے واسطے کوئی باضابطہ فہرست کا انتظام نہیں رہا ہے اور اس سے اخفا اور تغلب کا احتمال ہے مال کی تحویل میں بھی بے احتیاطی ہوتی ہے اس کے رفع کرنے کی غرض سے بموجب منظوری اجلاس [illegible] العالیہ یہ حکم دیا جاتا ہے عدالت کو لازم ہوگا کہ ہر مال متعلقہ مقدمات دیوانی و فوجداری کی فہرست اس نمونہ کے مطابق رکھی جائے

نمونہ رجسٹر نمبر (۱۱) فہرست اشیاء متعلقہ مقدمات دیوانی ۱۳ فوجداری ۳۰ نمبر ۱۳۰ عدالت [illegible]

نمبر شمار	نام مال	تعداد	تعداد: وزن یا پیمائش و نشان	تعداد: قیمت تخمینی	عدالتی حکم نمبر و تاریخ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۱	کرسی	۹	۹	صہ	[illegible]	
۲	گندم	عرصہ ہونے سے صحیح وزن درج کردیا گیا ہے	ایک من	صہ	عمرو	۱

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۱) مورخہ ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۰۶ف

مضمون (۱) امور متعلقہ (۱۵) دستور العمل صدر (وکلا عدالت ۱۲۸۵ف) مجلس عالی کے اندر سرکار عالی سے بابت ۱۲۹۰ف [illegible] پیش کی کہ عدالت ہائے فوجداری سرکار عالی سے جرائم جلا صادر ہوں احکام دستور العمل [illegible] وغیرہ بذریعہ گشتی صدر محکمہ مال نمبر (۲۲) مورخہ ۱۰ ربیع الاول ۱۲۸۵ف میں کسی سزا کی نسبت [illegible] ادا صادر کیا جاتا ہے اس بارے کے احکام میں کوئی صراحت ایسی سزاؤں کی نہیں ہے اس سے اس بارے میں محکمہ سرکار سے مجلس عالیہ سے رائے طلب کی گئی عدالت العالیہ سے قرار دے اس بارے میں ناصری اس کو سرکار سے بذریعہ مراسلہ متعلقہ عدالت نشان اسلامی (۲۲) ۵ مورخہ ۹ ۱۲۹ عدالت ۱۳۰۶ف منظور فرمایا لہذا واسطے پابندی تمامی عدالت ہائے فوجداری ممالک آصفیہ کے بذریعہ گشتی ہذا احکام ذیل نافذ کئے جاتے ہیں

در سلسلہ

سنہ ۱۳ [illegible]

[illegible] نظامت عدالت

مبلغ [illegible] آنہ [illegible] مالی [illegible] نمبر [illegible] سنہ [illegible] ناظم

ہدایات (۱) درخواست طلبی گواہ [illegible] ہوا چاہئے ورنہ [illegible] ہو کر۔

(۲) [illegible] گواہ [illegible] ہیں اگر [illegible] ایکساں ہو تو طلبی ہونا کافی ہے

(۳) اگر کوئی [illegible] ولدیت [illegible] کالم [illegible] سب الاعلی درج کرے۔

(۴) ہر گواہ کا نام اور اس کے متعلق [illegible] خانوں میں بخط صاف درج ہونی چاہئے

(۵) اگر کوئی [illegible] کالم (۴) میں زبان انگریزی صحیح ہونا چاہئے اور [illegible]
[illegible] ہونے چاہئیں۔

(۶) خانہ [illegible] (۲) تا (۵) [illegible] کے ساتھ مکمل لکھی جایا کرے [illegible]
[illegible] کوئی [illegible] خانہ (۵) میں مکمل [illegible] موضع تعلقہ ضلع درج ہونی چاہئے۔

(۷) خانہ ہائے (۶) تا (۹) [illegible] کی ممکن صحت کے ساتھ اور مکمل لکھی جایا کرے۔

(۸) [illegible] اصل [illegible] عدالت [illegible] کی کارروائی [illegible] درخواست [illegible]
[illegible] اور [illegible] عدالت [illegible] اصل [illegible] درخواست [illegible] عدالت [illegible] ہوگی۔

(۹) ناظم درخواست [illegible] سائل کو کچھ تحریر نہیں کرنا چاہئے اگر [illegible] کیا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری نمبر (۲۹) مورخہ ۲ آذر [illegible] ۱۳۰۶ ف

(مضمون گشتی (۱۶) [illegible] ۱۲ [illegible]) | (۱) عدالت [illegible] فوجداری کی [illegible] ریزولیوشن [illegible]
محکمۂ سرکار [illegible] (۵ [illegible] ۱۳ ف) کی طرف مبذول کرائی ہے اور بہ نظر توضیح ریزولیوشن ہائے مذکور حسب ذیل
احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۲) بموجب شرع اسلام [illegible] امتحان طبی نعش کا تعرض معدلت و تصفیہ مقدمات فوجداری
جب ناظم فوجداری امتحان طبی کرانا چاہے کسی طرح ممنوع نہیں ہے اور جب ایسا امتحان بلحاظ معدلت ضرور ہو تو
ناظم فوجداری کو چاہئے کہ حکم مناسب صادر کرے اگر ورثہ متوفی کو کوئی عذر ہو تو اسکا تصفیہ بھی حاکم مذکور کریگا

(۳) بلا ضرورت معقول امتحان طبی نعش سے ورثہ متوفی کو کبھی زحمت نہیں پہنچایا جائے

خانہ کیفیت رجسٹر نمبر (۳۷) میں اس امر کا اندراج کر دینا چاہئے کہ دستخط گیرندہ کے لئے علیحدہ کتاب نمبر قابل ملاحظہ ہے ۔

(۳) عدالت ہائے ماتحت کو جب اس قسم کے کتب رسداں کے جداگانہ رکھنے سے کام میں سہولت ہوتی ہو تو اُن کو ایسے رجسٹرات کے رکھنے کی اجازت دیجاتی ہے تاکہ اصل رجسٹرات کے جو مختلف محکموں یا محکموں میں ہوں گشت کرانے کی ضرورت لاحق نہ ہو ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۳) مورخہ ۲ اسفندار ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۴۸) پولس کے متعلق جرائم کی تحقیقات یا اطلاع مہتمم کوتوالی ضلع ہونا چاہئے ۔

اہلکاران یا عہدہ داران کوتوالی کے نام جب اطلاعنامجات یا حکمنامجات کسی مقدمہ فوجداری میں بحیثیت ملزم جاری ہوں تو اسکی تعمیل بذریعہ مہتمم کوتوالی ضلع کرانا لازم ہے تاکہ اسکی تعمیل کے بعد امور متعلقہ اجرائی کار سرکار کا انتظام مناسب کریں اور اُس میں کسی طرح کا ہرج واقع نہ ہو ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۴ / دیوانی ۳۳ مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۴۹) ملازمین سرکاری کی ضمانت میں عموماً جائداد غیر منقولہ مکفول ہونا چاہئے ۔

(۱) حسب تحریک صدر عدالت صوبہ گلبرگہ یہ مناسب معلوم ہوا کہ ایک عام حکم بہ توضیح قاعدہ دوم و قاعدہ ستم گشتی نشان دیوانی (۶) و فوجداری (۶) مورخہ سلخ محرم ۱۳۰۲ھ شائع کر دیا جائے لہذا بعد منظوری اجلاس نظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے ۔

(۲) ملازمین سرکاری کی ضمانت میں عموماً جائداد غیر منقولہ مکفول ہونا چاہئے اور اُس کی قیمت بارار آورد بیت ضامن کی تصدیق حاکم تصدیق کنندہ ضمانت کریگا ۔ مال منقولہ کی کفالت ایسے ضمانتنامہ ملازمین سرکاری میں کافی نہیں ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۵) مورخہ ۲ شہریور ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۵۰) اگر ناظمان عدالت فوجداری کو اہالیان کوتوالی کی نسبت مقدمات فوجداری کی رپٹ حالات وغیرہ میں غفلت کی شکایت ہو تو بغرض تدارک اولاً ناظم کوتوالی ضلع کے پاس تحریک کریں ۔

بہ نظر وصول مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۲۷) مورخہ ۸ اسفندار ۱۳۰۶ف بہ تنسیخ گشتی عدالت عالیہ

(۱) فقرہ (۱۵) دستور العمل اپیول (؟) کتابچہ ذخیرہ بحیثیت مدد گشتی صدر محکمہ مال بسال (۱۳۳) مورخہ ۱ ربیع الاول ۱۳۱۵ھ کے بموجب عدالت ہائے فوجداری بجرم خلاف ورزی احکام فقرہ مذکور اسی حد تک مراد ہیں کہ مجاز نہیں حکمی تصریح فقرہ مذکور میں ہے۔

(۲) فقرہ (۱۶) کورہ (الاجیر) لفظ افیون کے بعد لفظ وغیرہ میں کل اسیار مسکرہ داخل ہیں جن کے لئے دستور العمل مذکور وضع کیا گیا ہے۔ پس سوائے متاجروں کے دوسرے اشخاص کو ہر قسم کی اسیار مسکرہ کی فروخت بموجب دستور العمل مذکور ممنوع ہے اور اس کی خلاف ورزی کی بابت وہ لوگ بموجب فقرہ (۱۵) مستوجب سزا ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۲) مورخہ ۱۳ امرداد ۱۳۰۶ف

مددگار معتمد عدالت العالیہ کی کیفیت سے معلوم ہوا ہے کہ محکمہ کلیات عدالت العالیہ میں جو رجسٹرات موصولہ نمبر (۳۶) و مجاریہ نمبر (۳۷) وغیرہ و عرائض نمبر (۴۵) رکھے گئے ہیں	مضمون باب (۴۷۱) رجسٹرات مجاریہ و موصولہ و عرائض کے متعلق پائندہ کا عدکی دستخط لینے کے واسطے ہر سررشتہ کے رجسٹر علاحدہ علاحدہ رکھنے کی اجازت ہے۔

ان میں بدیں وجہ کہ عدالت العالیہ میں سررشتہ جات مختلف ہیں اور موصولہ و مجاریہ و کھتاؤنی عرائض کا کام بکثرت ہوتا ہے موصولہ و مجاریہ اور عرائض کی تقسیم کے وقت دستخط گیرندہ کا عد کے لینے میں سخت دشواری ہوتی ہے اس دشواری کے دفع کرنے کے واسطے حسب تجویز اجلاس انتظامی حکم ذیل دیا جاتا ہے۔

(۲) عدالت العالیہ میں بلحاظ آسانی ہر سررشتہ کی کتاب رسیدات گیرندہ کا عد کی دستخط لینے کے واسطے علاحدہ علاحدہ مرتب کر لئے جائیں۔ مثلاً

(۱) کتاب رسید محکمہ سرکار عالی ۔ علاوہ عدالت ۔ (۲) کتاب رسید ۔ ۔ ۔ سررشتہ انتظامی ۔

(۳) کتاب رسید سررشتہ ابتدائی (۴) کتاب رسید سررشتہ مرافعہ ۔

(۵) کتاب رسید ۔ نظارت ۔ (۶) کتاب رسید ۔ محافظ خانہ ۔

(۷) کتاب رسید ۔ کتب خانہ ۔

ہر رسید کی کتاب پر نمبر حسب ذیل ثبت کئے جائیں گے ۔

رجسٹر نمبر (۳۶)	رجسٹر نمبر (۳۷)	رجسٹر نمبر (۴۵)
سررشتہ انتظامی نمبر ۲	سررشتہ انتظامی نمبر ۲	سررشتہ انتظامی نمبر ۲

اور رجسٹر نمبر ۳۶ و ۳۷ و ۴۵ میں ان کتب کا حوالہ دینا کافی ہے اور نمبر شمار (۸) رجسٹر نمبر ۳۶ و ۴۵ و

دادرسی... کا اثر آ گیا ہو اور ملزم فوت ہو جائے اور دیگر جملہ مراقعات میں حسب ملزم مرافعہ فوت ہو جائے ... کسی اور صورت میں مرافعہ فوجداری کا اخراج بوجہ عدم حاضری جائز نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۷ / دیوانی ۴۴ مورخہ ۹ شہریور ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۲) (۱۲) ... | (۱) موخذ نمونہ فہرست مقدمات پیشی کا در گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۱۵) فوجداری (۱۵) مورخہ ۲۶ آبان ۱۳۰۳ف جاری ہوا ہے اور اُس میں ... کی ضرورت پائی گئی ہے لہٰذا ... اجلاس انتظامی عدالت العالیہ حسب ذیل نمونہ شائع کیا جاتا ہے۔

(۲) آئندہ ... عدالتوں ... نمونہ مسلکہ فہرست پیشی مقدمات رکھی جائے اور نمونہ ... گشتی نشان دیوانی (۱۵) فوجداری (۱۵) ۱۳۰۳ف منسوخ کیا جاتا ہے بموجب گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی ۴۴ / فوجداری (۴۷) مورخہ ۹ شہریور ۱۳۰۶ف

نمونہ نمبر ۱ پیشی مقدمات بعدالت　مستقر　تعلقہ　ضلع

تفصیل اجلاس عدالت	نام فریقین: فریق ثانی مدعا علیہ یا مرافع علیہ یا ملزم	نام فریقین: فریق اول مدعی یا مرافع یا مستغیث	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۹ / دیوانی ۳۶ مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۶۵) نمونہ رجسٹر محرران و وکلاء۔ | (۱) حسب گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۱) فوجداری (۱) مورخہ ۵ آذر ۱۳۰۳ف قواعد محرران و وکلاء شائع کئے گئے ہیں لیکن جس رجسٹر کا اُس میں ذکر ہے اُسکا نمونہ شائع نہیں کیا گیا ہے۔ بغرض ہدایت آئندہ نمونہ مسلکہ شائع کیا جاتا ہے تاکہ تمام عدالتوں میں ایک ہی قسم کا رجسٹر نشان (۷) رکھا جائے۔

نشان (۴۳) فوجداری بابتہ ۱۳۱۰ف جملہ حکام فوجداری ماتحت عدالت العالیہ کو ہدایت کیجاتی ہے کہ اگر آئندہ عدالت فوجداری کو اہالیان کوتوالی کی نسبت مقدمات فوجداری کی ترتیب یا چالان وغیرہ میں غفلت کی شکایت ہو تو بطور خود عدالت فوجداری جاطمو... کے لئے کسی تدارک کا ہونا ضروری تصور کریں تو اہلکاران کوتوالی ضلع کے پاس تحریک کریں ناظم ضلع تو پیدا ہونے حالات مقدمہ حالی کی نسبت بصورت اقتدار خود منزا کی تجویز کریں گے اور بصورت خارج الاقتدار ہونے کے محکمہ نظامت کوتوالی اصلاع میں مع رائے کے برائے تجویز احکام بھیجدیں گے اور وہاں سے حکم آخر ہو گا۔

تشریح۔ اس گشتی کا تعلق ان جرائم فوجداری سے نہیں ہو گا جس میں اہالیان کوتوالی کسی جرم فوجداری کے مرتکب ہوئے ہوں بلکہ اس کا تعلق محض عاملانہ کارروائی سے ہے اور ایسی جا... صورت میں افسران کوتوالی کو تدارک کا اختیار دیا گیا ہے ورنہ وقوع جرم میں حسب ہدایت احکام گشتی نشان ۱۲ فوجداری ۱۲۹۵ف کے مطابق عمل ہو گا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۶) مورخہ ۸ شہریور ۱۳۰۶ف

مضمون (۱) مرافعات فوجداری کا بعدم پیروی مرافعہ خارج کرنا جائز نہیں ہے بلکہ روئداد مثل پر فیصلہ کرنا لازم ہے۔	(۱) بذریعہ گشتی فوجداری نشان (۲) بابتہ ۱۲۹۶ف اس امر کی ہدایت کی گئی تھی کہ مرافعات فوجداری

جو بیلا... محبوسین دائر ہوں وہ بحالت ان کی عدم حاضری کے بعدم پیروی خارج نہ ہوا کریں بلکہ روئداد موجودہ مثل پر ان کا فیصلہ کیا جایا کرے۔ اس گشتی میں ان مرافعات کی نسبت کوئی طریقہ کارروائی نہیں بتلایا گیا تھا جو علاوہ محبوسین کے دیگر اشخاص کی طرف سے دائر کئے جائیں اور اسی وجہ سے مختلف عدالت ہائے مرافعہ اس بابت میں مختلف طور پر عامل تھیں اکثر عدالتیں ایسی حالت میں مرافعہ کو بعدم پیروی خارج کر دیتی ہیں اور بعض عدالت حکم اخراج کو صحیح نہ خیال کر کر روئداد مثل پر فیصلہ کیا کرتی ہیں۔

(۲) یہ مسئلہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں تصفیہ کے لئے پیش ہوا اور بطور مجلس انتظامی حکم دیا جاتا ہے۔

(۳) مرافعات فوجداری بوجہ غیر حاضری مرافعان خارج نہ کئے جایا کریں بلکہ روئداد موجودہ مثل پر ان میں فیصلہ صادر کرنا لازم ہے۔ عدم پیروی مرافعین باعث سقوط مرافعہ فوجداری نہیں ہو سکتا ہے سقوط مرافعہ انہیں صورتوں میں ہو گا جنکا ذکر دفعہ ۴۳۱ ضابطہ فوجداری برطانیہ ہند میں ہے سیکشن

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵۳) مورخہ ۷ مہر ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۶۷) مقدمات فوجداری میں جب ملزم کو فرد جرم سنائی جائے تو اس میں تعزیرات ہند یا قانون تعزیری کے دفعہ متعلقہ سزا کا حوالہ دیا جایا کرے۔

(۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بعض عدالتوں میں جو عملدرآمد ہے کہ فرد جرم تحریر کرنے کے وقت مالالزام و دفعہ تعزیرات ہند یا قانون تعزیری کی دفعہ متعلقہ سزا کا حوالہ نہیں دیا جاتا ہے صرف تعریف جرم کے دفعہ کا حوالہ دیا جاتا ہے جو کافی نہیں ہے۔ (۲) چونکہ سرکار عالی نے تا نفاذ قانون تعزیرات مملکت آصفیہ اجازت دی ہے کہ قانون برطانیہ ہند سے مدد لیجائے اسلئے بمنظوری اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے۔ (۳) ملزم کو فرد جرم مرتب کرکے جب سنائے تو اس دفعہ کا حوالہ ضرور دیا جائے جس کے مطابق وہ برطانیہ ہند میں مستوجب سزا ہوتا یا مملکت آصفیہ میں بصورت ثبوت جرم کے مستوجب سزا کا ہوگا محض تعریف جرم کا حوالہ دینا کافی نہیں ہے کیونکہ مختلف انواع جرائم کے کوائف سے ان کی مقدار تعزیر میں کمی و بیشی ہوتی ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵۴) مورخہ ۸ مہر ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۶۸) چکاری جانور یعنی مویشیان آوارہ کے نیلام کے لئے کبھی ایسی تاریخ مقرر نہیں کرنا چاہئے جو یوم تعطیل ہو۔

(۱) دیکھو قلم ششم دستور العمل جانوران چکاری مجموعہ قوانین فوجداری متفرق دکن طبع چہارم دفعہ ۵ صفحہ ۳۱۱ ۔ (۲) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا کہ بعض حکام کو قلم ششم دستور العمل جانوران چکاری یعنی مویشیان آوارہ کے سمجھنے میں مغالطہ ہوا ہے اسلئے مناسب معلوم ہوا کہ بوضاحت قاعدہ مذکور ان کا ایک عام حکم جاری کیا جاوے لہذا بمنظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے (۳) جانوران چکاری یعنی مویشیان آوارہ کے نیلام کے واسطے اصل میعاد قانون میں مصرح کیگئی ہے اکثر میعاد اختیاری پر عہدہ داران نیلام کرتے ہیں اس سبب قانون جانوران چکاری یعنی مویشیان آوارہ کے ہراج کیلئے تاریخ نیلام ایک ایسی تاریخ مقرر کیجایا کرے جو یوم تعطیل نہو اور کبھی تاریخ نیلام اسطرح پر نہ مقرر ہو جو روز تعطیل عدالت ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵۶) مورخہ ۱۰ مہر ۱۳۰۶ف

مضمون (۱۶۹) کاغذ مہور رسوم عدالت یا طلبانہ باثیہ کے جمع و خرچ کا طریقہ

(۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ کاغذ رسوم عدالت و طلبانہ و بحث ڈپہ کے جمع و خرچ کا طریقہ مختلف عدالتہائے ماتحت کا یکساں نہیں ہے اس اختلاف کے رفع کرنیکے لئے بمنظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔ (۲) جب کوئی اہلکار عدالت اسٹامپ فروخت کرتا ہو تو بحیثیت اسٹامپ فروش کے اس کو جداگانہ رجسٹرات رکھنا چاہئے روزانہ سیاہہ عدالت رجسٹر نمبر ۴۰ سے اسکو کچھ تعلق نہیں ہے۔ (۳) اگر کوئی فریق کسی قسم کا اسٹامپ بجائے زر نقد کے روانہ کرے تو اسکا سیاہہ روزانہ رجسٹر نمبر ۴۰ میں اندراج ضرور ہے تاکہ اس کے جمع و خرچ کا اندراج کھاتہ متعلقہ فریق ارسال کنندہ میں آسان ہو۔ (۴) اسٹامپ طلبانہ جو وصول کیا جاتا ہے اسکا اندراج رجسٹر نمبر ۲۹ میں کیا جائے سیاہہ عام روزانہ نمبر ۴۰ سے اس کو کچھ تعلق نہیں ہے۔

(نمونہ منسلکہ نقل عدالت العالیہ نشان دیوانی ۳۲ مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۱۳ ف)

رجسٹر نشان (۷۰) مہران و وکلا بعدالت متعلقہ ضلع صوبہ ممالک آصفیہ ۱۳۱۰ ف

۱ [illegible]	۲ [illegible]	۳ [illegible]	۴ [illegible]	۵ [illegible]	۶ [illegible]	۷ [illegible]	۸ کیفیت

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵۰) مورخہ ۱۳ شہریور ۱۳۱۶ ف

مضمون ۱۵۴ - نعش کا امتحان طبی اور اُسکی تدفین یا اتلاف کی اجازت

(۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ کوتوالی کو رزولیوشن محکمہ سرکار نمبر ۱۴ بابتہ ۱۲۹۹ ف میں غلط فہمی ہوئی ہے لہذا بغرض توضیح رزولیوشن مذکور حسب منظوری صدر بعد مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۱۰۴۲) مورخہ ۲۲ خورداد ۱۳۰۶ ف حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۲) اگر ناظم فوجداری کسی نعش کے امتحان طبی کا حکم دے تو اس نعش کو طبیب ممتحن کے پاس پیش کرنا لازم ہے۔

(۳) کیفیت اُس طبیب ممتحن کی ناظم فوجداری متعلقہ کے پاس روانہ کرنا چاہئے اور تا صدور حکم ناظم فوجداری مذکور نعش ممتحنہ کو دفن یا تلف کرنے کی اجازت نہیں دینا چاہئے۔

(۴) لیکن یہ حکم اُس نعش سے متعلق نہیں ہے کہ جس کو بوجہ بعد مسافت کسی ناظم فوجداری نے ملاحظہ نہیں کیا ہے ایسی صورت میں موقعہ واردات پر معززین موقعہ محضر یعنی پنچنامہ تیار کرکے یہ رائے قائم کریں گے کہ نعش کی ایسی حالت ہے یا نہیں کہ امتحان طبی اسکا ہو سکے۔

(۵) درصورتیکہ اشتباہ جرم ہو اور نعش قابل امتحان ہو تو اہالیان کوتوالی پر لازم ہے کہ نعش بغرض امتحان طبی کے روانہ کریں اور ناظم فوجداری قریب تر سے اُس نعش کی تدفین یا اتلاف کی نسبت باضابطہ حکم حاصل کریں۔

آیندہ اردو قرار دی گئی ہے مگر اس گشتی کی رو سے حسب ذیل امور اس عام قاعدہ سے مستثنیٰ کئے گئے تھے

الف۔ جو لوگ کہ اردو نہیں جانتے اُن کے اظہارات بدستور انہیں زبانوں میں قلمبند ہوں گے جن میں وہ اظہار دیتے ہیں۔

ب۔ تمام وہ خط و کتابت جو ایسے لوگوں سے ہو جو صرف ملکی زبان جانتے ہیں وہ اسی زبان میں ہوگی جو اُس ضلع یا مقام کی ملکی زبان ہے۔

تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ اس گشتی کے احکام کی تعمیل پوری طور سے نہیں ہوتی لہذا احکام ذیل ابھی جاری کی جاتی ہیں۔

فا۔ اُن اضلاع یا اُن تعلقات یا اُن مقامات میں جہاں کہ عموماً زبان ملکی عدالت کے معاملات ہے وہاں ضرور ہے کہ حکمنامجات و اطلاعنامجات وغیرہ سب زبان ملکی یا دونوں زبانوں میں ہوں۔

فٹ۔ کل اظہارات اُن لوگوں کے جو زبان اردو میں دلی مقصد کو بیان نہیں کرسکتے اُس زبان میں بموجب دفعہ ۲۶۴ گشتی نشان (۲) بابتہ ۱۳۰۲ف کے لینا چاہئے جن میں وہ اظہار بخوبی دے سکیں لیکن اگر حاکم عدالت اُس زبان میں اظہار نہیں لکھ سکتا ہو تو ضرور ہے کہ دفعہ ۲۶۸ گشتی نشان ۲ ۱۳۰۲ف کے بموجب اسیوقت اپنے ہاتھ سے اُسکا خلاصہ لکھے۔

فٹ۔ فیصلہ ہمیشہ اُس زبان میں بموجب دفعہ (۲۶۲) گشتی نمبر ۲ ۱۳۰۲ف لکھا جاویگا جس میں حاکم عدالت خود لکھنے کی مہارت رکھتا ہے۔ لیکن اگر وہ زبان خلاف زبان عدالت کے ہے تو بموجب دفعہ ۲۷۰ گشتی مذکورہ کے اُسکا ترجمہ زبان عدالت میں ہو کر شامل مثل کیا جائیگا۔

فٹ۔ منتخب فیصلہ کا ترجمہ ہمیشہ زبان ملکی میں بدستخط و مہر عدالت مثل میں لگانا چاہئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۰ مورخہ ۱۴ آبان ۱۳۰۶ف

مضمون (۲،۱) پیروی مقدمات فوجداری کے لئے منجانب سرکار انتظام مناسب ناظم فوجداری صلع کریں۔	(۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ اضلاع میں جہاں صرف ایک ہی کورٹ انسپکٹر اور عدالتیں

متعدد ہیں ان مقدمات فوجداری میں جن میں سرکار مستغیث ہوتی ہے کورٹ انسپکٹر حاضر نہیں رہتے اور مقدمات بلا پیروی منجانب سرکار فیصل کرنا پڑتے تھے لہذا یہ سلسلہ اس انتظامی پیش کیا گیا بعد منظوری احکام ذیل صادر ہوئے۔

(۲) مقدمات فوجداری میں اس قسم کا انتظام کرنا چاہئے کہ کورٹ انسپکٹر خود پیروی مقدمات فوجداری کر سکیں لیکن اگر وہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵۷ / دیوانی ۴۱ مورخہ ۱۱ مہر ۱۳۰۶ ف۔

مضمون (۲۷) اطلاع نامجات جو بزبان اردو بہ علاقہ سندیا ممالک بالائی حیدرآباد میں بھیجے جائیں تو ضرور ہے کہ ان کا ترجمہ زبان انگریزی یا زبان مروجہ ملک روانہ کیا جائے۔ | (۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ اس وقت جو اطلاع نامجات تعمیل کیواسطے احاطہ مدراس بھیجی جاتی ہیں ان کے ساتھ جو زبان اردو لکھے ہوئے ہیں کوئی ترجمہ ان کا زبان انگریزی یا زبان مروجہ اس ملک کے جہاں اطلاع نامجات کی تعمیل منظور ہوتا ہے روانہ نہیں کیا جاتا ہے اس سے تعمیل میں دشواری ہوتی ہے لہذا حسب منشاء سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۴۲) ۱۲ مورخہ ۲۹ امرداد ۱۳۰۶ ف یہ حکم دیا جاتا ہے۔ (۲) جب اطلاع نامجات بزبان اردو بہ علاقہ سندیا ممالک بالائی حیدرآباد میں بھیجے جائیں تو ضرور ہے کہ ان کا ترجمہ زبان انگریزی یا زبان مروجہ اس ملک کے جہاں کہ مکتوب الیہ مقیم ہو روانہ کیا جاتے تاکہ ان کی تعمیل میں دقت نہ ہو اگر مترجم انگریزی وہاں موجود ہو تو بہتر ہے کہ انگریزی ترجمہ روانہ کیا جائے تاکہ عدالت ہائے تعمیل کنندہ کو زیادہ تر سہولت ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵۹ / دیوانی ۴۳ مورخہ ۱۵ مہر ۱۳۰۶ ف۔

مضمون (۱۸) جو مسل عدالت ہائے ماتحت کے عدالت العالیہ میں پیش ہوں ان کے شمولہ کاغذات کا ترجمہ زبان اردو شامل ہونا لازم ہے۔ | (۱) بعض اوقات یہ دشواری لاحق ہوتی ہے کہ عدالت ہائے ماتحت سے جو مسلہ وصول ہوتے ہیں وہ بحکام عدالت العالیہ اجلاس پر بلا شمول اردو ترجمہ کے پیش ہو جاتے ہیں اور اس وقت مقدمہ کو ملتوی کرنا پڑتا ہے اس کے بعد یہ مسئلہ اجلاس انتظامی میں پیش کیا گیا اور بعد منظوری حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔ (۲) فوجداری مقدمات میں جب مجرم مقید ہو تو تمام کاغذات مسل معہ ترجمہ اردو کے عدالت العالیہ میں سرکاری مترجم کے ذریعہ سے ترجمہ ہو کر پیش ہونا چاہئے۔ (۳) نیز تمام مقدمات فوجداری و دیوانی میں جب مقدمہ عدالت العالیہ میں پیش ہو تو تمام کاغذات کا ترجمہ بصرف فریق متعلقہ کرکے اجلاس پر پیش ہونا چاہئے۔ (۴) حکام مجوز کو چاہئے کہ اس امر پر لحاظ رکھکر مسل کو مرتب دیا کریں۔ (۵) جو کاغذات بزبان اردو نہ ہوں اور عدالت العالیہ میں پیش کئے جائیں تو حاکم مجوز کو چاہئے کہ معتمد عدالت العالیہ کو مطلع کریں کہ کون کاغذات معہ ترجمہ اردو شامل مسل نہ ہو سکے تاکہ قبل پیشی مقدمہ بصرف فریق متعلق عدالت العالیہ میں اردو ترجمہ شریک مسل ہو کر مسل مرتب کر دیجائے اور بوقت سماعت مقدمہ اجلاس عدالت العالیہ میں بوجہ نقص مسل کے ضرورت التوائے مقدمہ کی داعی نہ ہو۔ (۶) عدالت ہائے ماتحت کو بہ لحاظ روبکار نمبر ۳۱ مورخہ ۲۴ آبان ۱۲۹۵ ف جسکی نقل منسلک ہے عمل کرنا چاہئے۔

روبکار گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان دیوانی (۳۱) واقع ۲۴ آبان ۱۲۹۵ ف

برائے اطلاع جملہ عدالت ہائے دیوانی و فوجداری ماتحت مجلس عالیہ عدالت } حسب الحکم مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی۔

تمام حکام عدالتی دیوانی و فوجداری کی توجہ گشتی محکمہ مدار المہام سرکار عالی علاقہ عدالت نشان (۱) بابت ۱۳۰۱ ف کی طرف مبذول کیجاتی ہے اس گشتی کی رو سے یہ حکم دیا گیا تھا کہ زبان عدالت اس ملک کی

بابت کو لفظ "محسوب" مندرجہ گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۱۲) فوجداری (۱۴) مورخہ ۷ خورداد ۱۳۰۶ف کے معنی سمجھنے میں غلط فہمی ہوتی ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے

(۲) گشتی عدالت العالیہ نمبری دیوانی (۱۲) فوجداری (۱۴) مورخہ ۷ خورداد ۱۳۰۶ف میں جہاں دفعہ ۱۲ قانون محوسہ مصدرہ سنہ ۱۳۰۱ھ کا منشا لکھا گیا ہے وہاں بجائے اس عبارت کے "دفعہ ۱۲ کا منشا یہ ہے کہ ضروری امام جو حصول نقول فیصلہ جات وڈگری واحکام میں فی الواقع منقضی ہوں وہ اصلی مرافعہ میں محسوب نہ ہوں گے" عبارت حسب ذیل قائم کیجائے۔

دفعہ ۱۲ کا منشا یہ ہے کہ وہ عرصہ جو تجویز اور فیصلہ یا حکم کی نقل حاصل کرنے میں گزرے جس کی ناراضی سے مرافعہ یا درخواست تجویز ثانی کیجائے شمار نہ کیا جائے گا"

یعنی معیاد منقضیہ سے وہ زمانہ وضع ہوکر میعاد معینہ مرافعہ یا تجویز ثانی شمار کیجائے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۶۵) مورخہ ۷ آبان ۱۳۰۶ف

(۱) بمنظوری سرکار عالی مندرجہ مراسلہ نشان (۱۶۱۸) صیغہ عدالت مورخہ یکم آبان ۱۳۰۶ف موصول تاریخ یکم آبان ۱۳۰۶ف حکم ذیل دیا جاتا ہے۔	مضمون: (۱۷۵) فوجداری مقدمات میں جب کوئی سرکاری ملازم مجرم قرار پائے تو اسکے تعطل او عزل کی نسبت کیا تجویز ہونا چاہیئے۔

(۲) جب کوئی سرکاری ملازم کسی فوجداری مقدمہ میں بہ پاداش ارتکاب جرم مستوجب سزائے قرار دیا جائے تو ایک نقل اُس تجویز کی اُس مجرم کے افسر اعلیٰ کے پاس جس قدر جلد ممکن ہو روانہ کیجائے۔

(۳) اگر وہ جرم غیر قابل ضمانت ہو یا جرم کے اخلاق پر اس قدر موثر ہو کہ وہ بعداز ارتکاب اسطرح کے جرم کے قابل ملازمت سرکاری نہ ہو تو اُس کے افسر اعلیٰ پر لازم ہوگا کہ تاقطعی ہونے فیصلہ کے اُس ملازم سرکاری کو معطل کرے اور بعد قطعی ہونے اُس فیصلہ کے اُس ملازم سرکاری کو معزول کرے۔

(۴) یہ امر بلحاظ واقعات مندرجہ تجویز افسر اعلیٰ اُس ملازم کو طے کرنا چاہیئے کہ جس جرم کی پاداش میں ملازم سرکاری نے سزائے قید پائی ہے اور وہ قابل ضمانت نہیں ہے اور وہ اخلاق انسانی پر اس قدر موثر ہے کہ بنظر مصلحت عامہ درصورت قطعیت فیصلہ کے مجرم قابل معزول ہونے کے ہے یا نہیں۔

کسی ایک اجلاس پر پیروی کرتے ہوں تو کسی اہلکار پولیس کو بغرض پیروی مقدمات فوجداری غیر قابل دست اندازی کے مامور کریں جن میں پولیس سے چالان ہوا ہو اور ضرور ہو تو بذریعہ ناظم فوجداری ضلع پیروی مقدمہ فوجداری کی نسبت انتظام مناسب کریں ۔ (۳) اگر بار سخات سماعت مقدمات فوجداری کورٹ انسپکٹر اس لحاظ سے مقرر کرائیں کہ مختلف اجلاسوں پر وہ پیروی کر سکیں تو بھی ممکن ہے لیکن اس کارروائی سے کوئی ملزم بحوالات میں نہ رکھا جائے ۔ (۴) حسب تجویز ناظم فوجداری ضلع پیروکار مقدمات چالانی اور غیر ضروری کا انتظام مناسب کیا جائے ۔ (۵) علاوہ تصنیف کنندہ اہلکاران کوتوالی بغرض پیروی مقدمہ فوجداری کے مامور ہو سکتا ہے لیکن بوجہ عدم موجودگی پیروکار کے تحقیقات مقدمات فوجداری میں تعویق کسیطرح جائز نہیں ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹۱ / دیوانی ۴۵ مورخہ ۱۵ مہر سنہ ۱۳۰۶ ف

مضمون (۱۴۳) ہر عدالت ضلع میں ایک فہرست جاگیرداران با اقتدار مطابق نمونہ منسلکہ گشتی ہذا مرتب رہا کرے

موجب تجویز اجلاس انتظامی و بعد منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۱۴۰۹) مورخہ ۴ مہر سنہ ۱۳۰۶ ف ہر عدالت ضلع دیوانی و فوجداری و مشترک دیوانی و فوجداری کو حکم دیا جاتا ہے کہ ہر عدالت کی حدود ارضی کے اندر جس قدر جاگیرداران کو امدادات عدالتی حاصل ہوں انکی کارروائی عدالتی کے متعلق ایک فہرست بموجب نمونہ منسلکہ مرتب رہا کرے ہر سال کے آغاز پر یہ فہرست بعد اصلاح و ترمیم ضروری کے مجددا تیار ہوا کرے اور اسکی ایک نقل ہر ہر عدالت ضلع سے عدالت العالیہ میں اور عدالت صوبہ میں بھیجی جایا کرے اور اب بعد وصول گشتی ہذا کے یہ فہرست مرتب کیجائے ۔

نمونہ نمبر ۳ محکومہ گشتی نشان دیوانی ۴۵ / فوجداری ۹۱ مورخہ ۱۵ مہر سنہ ۱۳۰۶ ف

نمونہ نمبر ۳ فہرست جاگیرداران صاحب اقتدار ممالک آصفیہ

نشان تعداد	نام جاگیردار معہ ولدیت و سکونت	تفصیل مواضع جاگیر بصراحت حدود ارضی ۔	اقتدار جاگیردار و تفصیل بحوالہ حکم عطائے اقتدار اور منظوری سرکار ۔	نام ناظم عدالت جاگیر معہ ولدیت و سکونت و پیشہ و عمر	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹۳ / دیوانی ۴۷ مورخہ ۱۸ مہر سنہ ۱۳۰۶ ف

ہدایت

مضمون (۱۴۴) میعاد معینہ مرافعہ یا نگرانی میں جو نقل حاصل کیجائے اسکے حصول میں جس قدر عرصہ صرف ہو وہ زمانہ مقررہ سے وضع ہو کر بقیہ زمانہ میعاد معینہ میں شمار کیا جائے گا ۔

(۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بعض حکام

(۲) اجلاس انتظامی سے بحکم ۳۰ مہر ۱۲۹۹ ف کو دوبارہ پیشی درخواستہا ئے متعلقہ مقدمات مرافعہ و نگرانی بصیغہ دیوانی و فوجداری صادر ہوا تھا کہ حاکم واحد کے اجلاس پر پیش ہو کر ان پر حکم صادر ہو سکیگا

(۳) لیکن اس کے بعد سرکار عالی نے تجویز فرمایا ہے کہ جلسہ متعلقہ میں جس حاکم کی رائے عدالت ماتحت سے متفق ہو وہ نافذ ہوگی ۔

(۴) دستور العمل عدالت العالیہ میں صاف درج ہے کہ حاکم ابتدائی عدالت العالیہ کے خلاف کوئی حکم رکن واحد صادر نہ کر سکے گا

(۵) چونکہ بحالات موجودہ وضاحت احکام سابقہ کی ضرورت داعی ہوئی ہے لہذا بعد میں اطلاع عام گشتی ہذا منظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ شایع کیجاتی ہے ۔

تنسیخ احکام سابقہ | (۶) حکم مورخہ ۲۴ مہر ۱۲۹۹ ف مطبوعہ جریدہ ۱۲ آذر ۱۳۲۰ ف صفحات ۴۴ تا ۴۷ منسوخ کیا جاتا ہے

اختیارات ممبر مجلس عدالت العالیہ | (۷) ممبر مجلس صاحب عدالت العالیہ بوقت تقسیم کام کے تحریر فرمائینگے کہ جن درخواستوں کے ملاحظہ ابتدائی کی ضرورت ہے وہ کس رکن عدالت العالیہ کے اجلاس پر پیش ہوں گی ۔

تحت پیشی اجلاس رکن واحد | جو درخواستیں اجلاس پر رکن واحد کے پیش ہوں گے انکا اندراج فہرست مقدمات پیشی میں باضابطہ ہو کر تختہ پیشی میں در عدالت پر شایع ہوگی ۔

تصفیہ مصارف | ۹ ۔ جو درخواستیں بالائے ڈاک یا از طور پر باضابطہ آئیں مگر ان کے ساتھ ضروری مصارف نہ ہوں تو حکم مناسب کے لئے اجلاس پر حاکم واحد کے پیش ہوگی ۔

تصفیہ مسلکات | (۱۰) جو درخواستیں از طور پر باضابطہ ہوں لیکن اُن کے ساتھ نقول ضروری نہ ہوں تو بغرض حکم مناسب اجلاس پر رکن واحد کے پیش کیجائیں گی۔

درخواستہائے خارج المیعاد | (۱۱) جو درخواست بادی النظر میں خارج المیعاد ہو یا بعد انقضائے میعاد مرافعہ پیش ہو اُسکی منظوری یا نامنظوری آخری جلسہ مرافعہ متعلقہ سے ہوگی لیکن جلسہ واحد میں اس غرض سے پیش ہوگی کہ فریق ثانی کی طلبی کی ضرورت ہے یا نہیں اگر حاکم واحد فریق ثانی کی طلبی لاحاصل خیال کرے تو مقدمہ جلسہ مرافعہ متعلقہ میں بغرض فیصلہ پیش ہوگا اگر حاکم واحد صاحب تجویز کرے کہ بغرض تصفیہ تمادی ایام فریق ثانی کی طلبی مناسب ہے تو بعد صدور حکم اجرا مقدمہ بعد اندراج رجسٹر بمواجہہ فریقین جلسہ مرافعہ متعلقہ میں پیش ہوگا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶۶ / دیوانی ۴۹ مورخہ ۷ آبان ۱۳۰۶ف

مضمون نمبر (۱۷۵) اطلائے رخصت ملازمین عازمین حج و زیارت | (۱) گشتی فنانس نمبر ۹ مورخہ ۲۱ تیر ۱۲۹۸ف کی توضیح مزید بعد ہم اصل محکمہ مذکور نستعلیق صادرہ ۸۷۹۴/۱۹۷ مورخہ ۱۳ شہریور ۱۲۹۹ف ہو چکی ہے مگر معلوم ہوتا ہے کہ عام طور پر ملازمین متعلقہ عدالت اس توضیح سے واقف نہیں ہوئے ہیں اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ بغرض اطلاع عام یہ توضیح احکام سابقہ ایک گشتی جاری کردیجائے تاکہ ہر ملازم سرکار سرکار کی اُس رعایت سے جو عازمین حج و زیارت کے ساتھ مرعی ہے مستفید ہو سکے ۔ لہذا امور متعلقہ کی اطلاع انتظامی حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں ۔

(۲) جو ملازمین سرکاری بغرض حج و زیارت کے رخصت رعایتی لیں تو درصورت ملازمت شش سالہ اُن کو چھ ماہ کی رخصت ملسکتی ہے بشرطیکہ انہوں نے مدت مذکور سال سے رخصت حاصل نہ لی ہو۔

(۳) اس عرض سے زیادہ تر مقدار رخصت شش ماہ کی رکھی گئی ہے کہ سفر حج و زیارت باطمینان ہو جائے اگرچہ ان ایام میں بوجہ سرعت روانی جہازات ملازم اس سے کم عرصہ میں حج اور زیارت سے واپس آسکتا ہے اور اگر کسی ملازم سرکاری کو بوجہ رخصت درمیانی کے زیادہ تر مقدار رخصت کے پانے کا حق باقی نہ رہا ہو تو وہ اُس قدر رخصت پانے کا حقدار ہوگا جسکا اُس کو اور طور پر حق حاصل ہو ۔ مثلاً اگر کسی ملازم نے ۶۶ ماہ سے رخصت نہ لی ہو تو وہ زیادہ تر مقدار رخصت رعایتی چھ ماہ کا حقدار ہوتا ہے پس اگر اس کو چھ ماہ کی رخصت کا حق بوجہ رخصت درمیانی حاصل نہ ہوا اور اس نے ۵۵ ماہ سے کوئی رخصت حاصل نہ لی ہو تو اس کو ۵ ماہ کی رخصت رعایتی کا حق ہوگا علیٰ ہذا القیاس تمام صورتوں میں گیارھواں حصہ زمانہ کارگذاری کے لئے رخصت حاصل درصورت نہ ہونے کسی مانع دیگر کے مل سکے گی ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶۷ / دیوانی ۵۰ مورخہ ۹ آبان ۱۳۰۶ف

مضمون نمبر (۱۷۶) عرضی درخواست ہائے مقدمات مرافعہ دیگرانی — | دیکھو جریدہ سرکاری مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۰۰ف جلد اول صفحات ۴۴ تا ۴۷ و مثل عدالت العالیہ صیغۂ انتظامی متفرق و نمبری (۱۳۶۸) ۱۲۹۹ف ۔

حکم مناسب کے مثل ہوگی لیکن اُسکی منظوری بلا حکم جلسہ مرافعہ متعلقہ کے ہو سکے گی ۔

چارہ و تعمیل عدالت | (۲۴) درخواست مرافعہ جبکہ فیصلہ مرافعہ قطعی ہو لیکن خاص صورتوں میں اسکی نسبت مرافعہ جائز ہو تو بغرض موازنہ وقعت عدالت درخواست ایک حاکم کے روبرو پیش ہوگی اگر ریویو ثانی کی قطعی ضرورت ہو تو مقدمہ مکمل اجلاس مرافعہ متعلقہ میں بغرض فیصلہ آخر کے پیش ہوگا البتہ رکن واحد لحاظ وقعت عدالت کے ریویو ثانی اور بصیغہ تاریخ سماعت مقدمہ کا حکم دے سکے گا ۔

درخواست ہائے ضمانت | (۲۵) درخواست ضمانت و دیگر [illegible] اجلاس رکن واحد کے پیش ہوگی اگر حاکم واحد ریویو ثانی کی ضرورت خیال نہ کرے تو درخواست یکطرفہ جلسہ مرافعہ متعلقہ میں پیش ہوگی ورنہ درخواست مذکورہ بغرض ریویو ثانی جلسہ مرافعہ متعلقہ میں بغرض صدور حکم آخر پیش ہوگی ۔

متعلق گشتی صیغہ دیوانی و فوجداری | (۲۶) یہ احکام درخواست ہائے مرافعہ و نگرانی صیغہ دیوانی و فوجداری سے متعلق ہوں گے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۰ آذر ۱۳۱۷ف

مضمون (۱۲۸) ہر درجہ کا ناظم فوجداری بیانات اور اقبالات متعلقہ جرائم فوجداری باضابطہ لکھ سکتا ہے | (۱) گشتی عدالت العالیہ مملکت آصفیہ صیغہ فوجداری (۴) مورخہ ۱۲ ارمہن ۱۳۱۳ف جو دربارہ طریقہ قلمبندی اقبالات ملزمین نافذ ہوئی ہے اُس کے فقرہ (۲) میں یہ شرط ہے کہ ناظم تحریر کنندہ اقبال کا ناظم درجہ دوم سے کم درجہ نہ رکھتا ہو ۔

(۲) اس شرط سے جو دشواریاں پیش ہوئیں انپر کافی غور کرنے کے بعد اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بعد منظوری محکمہ سرکار عالی جو بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکاری نمبری (۱۰۱۴۳) مورخہ ۲۹ خورداد ۱۳۱۶ف صادر ہوئی احکام ذیل صادر کئے جاتے ہیں ۔

(۳) دفعات ۲ و ۴ گشتی فوجداری عدالت العالیہ نمبر (۴) مورخہ ۱۲ ارمہن ۱۳۱۳ف منسوخ کئے جاتے ہیں ۔

(۴) ہر ناظم فوجداری جو عہدہ دار کوتوالی نہ ہو مجاز ہے کہ ایسے بیان یا اقبال متعلقہ جرم فوجداری کو باضابطہ تحریر کرے جو کسی وقت ایام تفتیش کوتوالی یا کسی زمانہ مابعد میں قبل تحقیقات عدالت یا بعد اُس کے حسب قواعد فوجداری نافذہ روبرو اُس حاکم فوجداری کے کیا جائے ۔

تکمیل کاغذ مہور (۱۲) جب کوئی درخواست کاغذ مہور ناقص القیمت پر داخل ہو تو بغرض عطائے مہلت تکمیل کاغذ مہور حاکم واحد کا حکم با ضابطہ صادر ہوگا اور بصورت عدم تکمیل اشاعت مدت معینہ کے درخواست جلسہ مرافعہ متعلقہ میں بغرض فیصلہ آخر پیش ہوگی۔

تصفیہ کمی کاغذ مہور (۱۳) کمی اشٹامپ کو وجہ معقول نہ تھی اسکا فیصلہ بھی جلسۂ مرافعہ متعلقہ سے ہوگا۔

احکام متعلق تعمیل فیصلہ (۱۴) درخواست ہائے متعلقہ تعمیل فیصلہ میں رکن واحد حکم صادر کرسکے گا لیکن صیغہ عدالت ہائے ابتدائی مجالس عدالت العالیہ ماتحت کے حکم میں ترمیم یا منسوخ یا التوا مقصود ہو تو وہ جلسہ مرافعہ متعلقہ میں بغرض صدور حکم کے پیش ہوں گی۔

واپسی کاغذ مہور (۱۵) درخواست واپسی قیمت کاغذ مہور جسکی نسبت جلسہ مرافعہ متعلقہ نے حکم صادر کیا ہے اسکی پیشی اجلاس پر رکن واحد کے ہوگی۔

درخواست التوا (۱۶) درخواست تبدیل تاریخ پیشی و عطائے مہلت بعد سماعت بحث بغرض حکم مناسب کے اجلاس پر رکن واحد کے پیش ہوگی۔

درخواست افلاس (۱۷) درخواست مرافعہ منجانب اس شخص کے جو عدالت ماتحت میں مفلس قرار نہ پایا ہو بغرض حکم مناسب کے حاکم واحد کے روبرو پیش ہوگی لیکن نامنظوری اسکی جلسہ مرافعہ متعلقہ سے ہو سکے گی۔

درخواست نگرانی (۱۸) درخواست نگرانی بغرض حکم مناسب کے حاکم واحد کے روبرو پیش ہوگی لیکن احکام ترمیم نگرانی میں ترمیم یا تنسیخ یا حکم جلسہ مرافعہ متعلقہ کے نہ ہو سکے گی۔

درخواست قائم مقامی (۱۹) درخواست قائم مقامی بجائے فریق متوفی یا فاترالعقل یا مجنون کے جبکہ قائم مقام متنازع ہو تو بعد تحقیقات عدالت مرافعہ عنہا کے مقدمہ جلسہ مرافعہ متعلقہ میں پیش ہو۔

درخواست اخراج فریق (۲۰)۔ درخواست بغرض اخراج نام کسی فریق کے جب متنازعہ ہو جلسہ مرافعہ متعلقہ میں پیش ہوگی۔

درخواست نگرانی بشرکت فریق (۲۱)۔ درخواست بغرض شرکت نام کسی فریق کے ایک حاکم کے اجلاس پر پیش ہو کر حکم مناسب صادر ہو سکے گا۔

درخواست طلبانہ (۲۲) انقضائے مہلت معینہ کے بعد داخلی طلبانہ کی درخواست بغرض حکم مناسب ایک حاکم کے روبرو پیش ہو سکے گی لیکن اسکی نامنظوری جلسہ مرافعہ متعلقہ سے ہوگی۔

درخواست اخذ ضمانت (۲۳) درخواست اخذ ضمانت مرافعہ بعد رخرچہ مرافعہ علیہ اجلاس رکن واحد پر بغرض

رکھا جائے یا ضمانت کافی تفویض کیا جائے تاکہ تصفیہ مقدمہ فوجداری تک کسی قسم کی دشواری لاحق نہ ہو اور شخص متعلقہ کو مال یہ ضمانت کافی تفویض ہو سکتے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵) مورخہ ۱۵ آذر ۱۳۰۷ف

مضمون (۱۸۱) جاگیرداران خود مختار ساعت ان مقدمات کے نہیں جن میں کوئی فریق متوطن خالصہ سرکار عالی ہو۔	(۱) دیکھو گشتی نشان فوجداری (۴) مورخہ ۱۲ بہمن ۱۲۹۹ف سرکار عالی صیغہ عدالت۔ (۲) دیکھو مراسلہ سرکار عالی صیغہ عدالت نشان (۱۹)

مورخہ ۵ رسر ۱۲۹۶ف۔

(۳) رہنمائے استدراک ناظم صاحب عدالت ہائے صوبہ گلبرگہ بغرض توضیح احکام اور گشتی ہدایات یہ کی جاتی ہے۔

(۴) حسب الحکم حضرت اقدس و اعلیٰ یہ قاعدہ نافذ ہے کہ جب جرم علاقہ پائیگاہ یا کسی دوسری جاگیر مستثنیٰ میں مسکا مرافعہ عدالت ہائے خالصہ میں نہیں ہوتا ہے سرزد ہو تو توطن ملزم کا ریکوبہ ہوتا ہے۔

(۵) اگر کوئی ملزم علاقہ خالصہ کا ساکن ہو اور جرم علاقہ پائیگاہ یا کسی دوسری جاگیر خود مختار میں سرزد ہو تو اُس جرم کی تحقیقات بمقابلہ ملزم ساکن خالصہ کے عدالت ہائے خالصہ میں ہوگی۔

(۶) اس حالت میں بمقابلہ متوطن علاقہ خالصہ یا صرف خاص کے کسی امیر پائیگاہ یا جاگیردار خود مختار کو اختیار نہیں ہے کہ مقدمہ فوجداری کی سماعت بمقابلہ ایسے ملزم کے کرسکے۔

(۷) در صورتیکہ وہ ملزم کسی ایسی جاگیر کا متوطن ہو جس کے احکام کا مرافعہ عدالت ہائے خالصہ ممالک آصفیہ میں ہوتا ہے تو جاگیردار متعلقہ کو سماعت مجاز ہے کہ اُس کے مقابلہ میں تحقیقات جرم منسوبہ کرے۔ اور اُس جاگیردار کے حکم کا مرافعہ عدالت خالصہ بالادست میں باضابطہ دائر ہو سکے گا۔

(۸) اصطلاح جاگیردار خود مختار میں تمام امراء علاقہ پائیگاہ اور دیگر جاگیرداران مستثنیٰ داخل ہیں جن کے احکام کا مرافعہ بجز مقدمات تصحیح کے عدالتہائے خالصہ میں پیش نہیں ہوتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۶) مورخہ ۱۵ آذر ۱۳۰۷ف

مضمون (۱۸۲) مقدمات چالانی میں اہلکاران کو توالی اگر کاغذات متعلقہ مثل نقل کریں تو بعد عرضیات و سماعت ان کی تصدیق کر دیجائے۔	(۱) رہنمائے استدراک

(۵) ناظم فوجداری کے اختیارات کی قید باقی نہیں رکھی ہے لیکن حکام فوجداری کو لازم ہے کہ قلم بندی بیانات اور اظہارات متعلقہ جرائم فوجداری میں تمام قواعد جاریہ پر لحاظ کامل رکھیں کہ کسی قسم کی بے قاعدگی بجز رپورٹ متعلقہ سررشتہ فوجداری میں کوئی خلل واقع نہ ہو دیکھو دفعات ۱۶۴ و ۱۶۳ و ۳۶۴ ضابطہ فوجداری سرکار عالی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳ دیوانی ۳ مورخہ ۱۰ آذر ۱۳۳۰ف

مضمون (۱۸۹) طریقہ واپسی رسوم عدالت مرافعہ۔

(۱) حسب تحریک انتقل العلماء نواب سر بلند جنگ بہادر اس مسئلہ پر غور ہوا کہ جب عدالت مرافعہ واپسی رسوم عدالت کا حکم دے تو اسکی واپسی کا کیا طریقہ اختیار کرنا چاہئے چونکہ اس باب میں قانون کوئی صحیح طریقہ نہیں ہے لہذا طریقہ ذیل آمدہ سے تمام عدالت ہائے مرافعہ میں مرعی رہنا لازم ہے۔

(۲) جو عدالت مرافعہ واپسی رسوم کا حکم صادر کرے وہ ایک سند واپسی رسوم عدالت کی باضابطہ عطا کرے گی۔

(۳) اگر عدالت مرافعہ واقع اضلاع ممالک آصفیہ ہو تو سند واپسی رسوم عدالت نام حاکم ضلع جاری ہوگی اور اگر عدالت واقع بلدہ حیدرآباد ہو تو سند بنام اکونٹنٹ جنرل اسٹامپ ہوگی حاکم ضلع ہر بنائے اس کے مرافعہ متعلقہ کو رسوم عدالت بقدر رقم مندرجہ سند باضابطہ عطا کرے گا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴) مورخہ ۱ آذر ۱۳۳۰ف

مضمون (۱۸۰) بشرط معروضہ بعد ملاحظہ عدالت بلا نسویں غیر ضروری ضبط فہرست اہالیان ٹپہ کے حوالہ کیا جاتے۔

(۱) حسب تحریک ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی نے بذریعہ مراسلہ نشان (۴۷۶۹) مورخہ ۱۰ اردیبہشت ۱۳۳۶ف تحریر فرمایا کہ عدالت العالیہ حکام عدالت کے نام اس بارہ میں احکام نافذ کرے لہذا بعد منظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ احکام ذیل صادر کئے جاتے ہیں۔

(۲) جب ٹپہ مسروقہ میں سے کوئی سامان دستیاب ہو تو جو سامان تحقیقات فوجداری میں بطور شہادت کے پیش ہونے کے قابل نہ ہو وہ بلا توقف اہلکاران ٹپہ کے رسید باضابطہ لیکر سپرد کر دیا جائے۔

(۳) البتہ جس سامان دستیاب شدہ سے تحقیقات جرم میں مدد ملے اس کو باحتیاط تمام محفوظ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۸) مورخہ ۱۷ آذر سنہ ۱۳۲۴ف

مضمون (۱۵۳) تحصیلدار عموماً مجاز نہیں ہیں کہ اعلیٰ کوتوالی سے عام امور کی نسبت بلا واسطہ ناظم فوجداری صلع کے مراسلت کریں۔

(۱) بربناء مراسلہ سرکار عالی صیغہ کوتوالی تسال (۱۰۶۸۰) مورخہ ۸ ماہ آبان سنہ ۱۳۲۱ف ہدایات ذیل شائع کیجاتی ہیں۔

(۲) تحصیلداروں کو اجازت بھیجنے دفاتر کوتوالی کی نہیں ہے لہذا تحصیلدار ناظم فوجداری جو معاملہ ان کے اجلاس پر پیش ہو اسکی نسبت وہ راست بلا واسطہ احکام ملازمین کوتوالی کو دے سکتے نہیں اور ضروری امور متعلقہ معاملہ کا استفسار کر سکتے ہیں۔

(۳) دیگر عام امور متعلقہ تعیین و کارروائی کوتوالی قابل اصلاح ان کے روبرو پیش ہوں تو ان کی نسبت وہ مجاز ہیں کہ بوساطت ناظم فوجداری ضلع کے جس کو نظامت کوتوالی ضلع کے بھی اختیارات حاصل ہیں با ضابطہ کارروائی کریں تحصیلدار مجاز نہیں ہیں کہ عام امور متعلقہ کوتوالی میں بلا وساطت ناظم کوتوالی ضلع کے کسی ماتحت ملازم کوتوالی سے کوئی مراسلت کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ / دیوانی ۸ مورخہ ۲۶ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۷ف

مضمون (۱۵۴) نگران امتحان وکالت غیر ملازم سرکاری کو معاوضہ خدمت دیا جائے۔

(۱) اب تک غیر ملازم سرکاری نگرانی امتحان کو معاوضہ عطا کرنے کے متعلق کوئی قاعدہ مقرر نہیں تھا لہذا حسب تجویز اجلاس انتظامی ہدایات ذیل صادر کئے جاتے ہیں۔

(۲) جو غیر ملازم سرکاری نگران امتحان ہوں ان کو معاوضہ خدمت دیا جائے۔

(۳) ناظمان عدالت ہائے صوبہ کو چاہئے کہ بلحاظ آمدنی کے ہر سال میں تجویز فرمائیں کہ ہر مقام کے باب نگران امتحان کو کس قدر معاوضہ دیا جائے۔

(۴) ہمیشہ لحاظ رہے کہ آمدنی جو خزانہ سرکار میں جمع ہوتی رہتی ہے جملہ مصارف امتحان ½ حصہ آمدنی سے کسی حالت میں زائد ہونا جائز نہ ہوگا ہمیشہ اقل مقدار ہی ملحوظ رکھی جائے تاکہ عام مصارف سرکاری کا کافی معاوضہ ہو سکے۔

کوتوال صاحب اندرون و بیرون بلدہ حیدرآباد دکن مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہدایت ذیل شائع کی جائیں۔

(۲) جب اہالیان کوتوالی کسی حالاتِ متعلق فوجداری کے کاغذات کی نقول کریں تو اہلکار متعلقہ پولیس پر لازم ہے کہ ایسی تحریرات و سماعت کے بعد تصدیق یا مقابلہ کرے۔

(۳) اس سے لازم نہ آئیگا کہ کسی دوسری مثل کے معائنہ یا نقل کی اجازت اہالیان کوتوالی کو بلا حاصل کئے حکم ناظم عدالت کے عطا کی جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۷ / دیوانی ۶ مورخہ ۱۵ آذر ۱۳۳۰ف

مضمون (۱) ملازمین عدالت کے اختیارات شخصی کا ایک رجسٹر رکھا جاوے۔

چونکہ ابتک کوئی رجسٹر ڈیپارٹمنٹ وار ملازمین عدالت سرکار عالی کا ایسا نہیں رکھا گیا ہے جس میں اُن کے شخصی اختیارات درج ہوتے ہوں اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ ایک رجسٹر اندراج اختیارات شخصی کے لئے مرتب کیا جائے۔ لہذا بمنظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) ہر عدالت میں جس میں کسی عہدہ دار کو شخصی اختیارات عطا ہوئے ہوں ایک رجسٹر اختیارات شخصی ملازمین عدالت حسب نمونہ منسلکہ رکھا جائے اور خانہ پری کی جائے۔

(۳) ناظمان و صدر عدالت ہائے صوبہ میں تمامی عہدہ داران متعلقہ صوبہ کی نسبت جن کو شخصی اختیارات حاصل ہوں اور عدالت ہائے اضلاع میں تمامی ایسے عہدہ داران عدالت ہائے ضلع متعلقہ کی نسبت اندراج ہوا کرے۔

(۴) جو رجسٹر عدالت العالیہ میں مرتب ہوگا اُس میں تمامی عہدہ داران عدالت ہائے ممالک محروسہ کی نسبت اندراج ہوا کرے گا اور اس اشاعت موقت کی نسبت حکم مناسب دیا جائیگا۔

(متعلق گشتی مجریہ عدالت العالیہ نمبر فوجداری (۷) و دیوانی (۶) مورخہ ۱۵ آذر ۱۳۳۰ف)

(رجسٹر نمبر ۶۸ دربارہ اختیارات شخصی ملازمین سرکاری صیغۂ عدالت)

پتہ عہدہ دار بلحاظ ردیف نام	عطائے اختیارات شخصی		تفصیل اختیارات محصلہ
	تاریخ	حوالہ حکم	
۱	۲	۳	۴

ہدایت۔ ردیف میں لحاظ اصل نام کا رکھا جانا چاہئے۔ خطابات اور قومیت اور پتہ بھی بعد درج کرنا چاہئے۔

میں دونوں قسم کے کاغذات مخلوط کر رہا ہے ۔

(۴) نمبر شمار لحاظ اس ترتیب کے رکھا جانا چاہئے کہ جو تاریخ اوخال کاغذ سے مسلسل طور پر شمار ہو سکے خانہ ہائے نمبر ۷ و ۸ میں اندراج اس وقت لکھا جائیگا جب کاغذ متعلقہ مثل حسب الحکم عدالت خارج کیا جائے ۔

(۵) آیندہ تمام اشلہ ز سر رکھی جائیں اور تمونہ منسلکہ طبع ہو کر بوقت ابتدائی مثل اس میں منسلک کر دی جائیں تاکہ جو کاغذات مثل میں اضافہ ہوتے جائیں وہ اس فہرست میں درج کئے جائیں ۔

فہرست گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۱۲) فوجداری (۱۲) مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳ ف

فہرست مثل نمبر عدالت تحصیل ضلع صوبہ بابتہ سنہ ۱۳ ف

نمبر مقدمہ ابتدائی سنہ	نمبر رجسٹر	نام فریقین — اول	ثانی	نوعیت مقدمہ	تاریخ ماہ و سنہ — ارجاع	انفصال	نام مجوز و حکم آخر جو ... ضلع ... ہو مثل کے صادر ...
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

سلسلہ (   )

[illegible]	تفصیل کاغذ	تاریخ کاغذ	مقدار کاغذ ممہور	تاریخ اوخال کاغذ	تعداد اوراق	اخراج — تاریخ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

(محکومہ گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۱۲) فوجداری (۱۲) مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳ ف

تتمہ فہرست مثل عدالت صیغہ نمبر مقدمہ سنہ ۱۳ ف نمبر رجسٹر

سلسلہ (   )

نمبر شمار	تفصیل کاغذ معہ منسلکات	تاریخ کاغذ	مقدار کاغذ ممہور	تاریخ اوخال کاغذ	تعداد اوراق	اخراج — تاریخ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ / دیوانی ۱۰ مورخہ ۲۶ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۰ف

مضمون (۱۸۲) ہر امیدوار وکالت لازم ہے کہ اسناد ماضیا قطعہ انتی نیک چلنی کے پیش کرے۔	(۱) دیکھو گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۳) دیوانی (۱۴) مورخہ ۵ ماہ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۹ف دفعہ (۵)

(۲) دیکھو مراسلہ سرکار عالی صیغہ عدالت نشان (۵۰) مورخہ ۱۲ اسفندار سنہ ۱۳۱۹ف۔

(۳) منظوری سرکار عالی اجلاس نظامی عدالت العالیہ سے ہدایات ذیل شائع کئے جاتے ہیں۔

(۴) ہر امیدوار وکالت پر لازم ہے کہ اسناد مفصلہ ذیل دربارہ اپنی خوش چلنی کے پیش کرے۔

(۵) جہاں امیدوار کا وطن یا عام مسکن ہو وہاں کے مجسٹریٹ کی سند جو درجہ اول سے کم نہ ہو یا جج دیوانی کی سند جو ضلع جج سے کم رتبہ نہ رکھتا ہو۔

(۶) اگر امیدوار نے کسی کالج یا اسکول میں تعلیم پائی ہے تو علاوہ سند مندرجہ دفعہ ماسبق کے اس پر لازم ہوگا کہ کالج کے پرنسپل یا اسکول کے ہیڈ ماسٹر کی سند دربارہ اپنی نیک چلنی کی جہاں اس نے تعلیم پائی ہے حاصل کرکے پیش کرے۔

(۷) قواعد بالا تمام امیدواران وکالت متوطن ممالک غیر و ممالک آصفیہ سے یکساں متعلق ہوں گے

(۸) سنہ ۱۳۲۰ف میں جو امیدواران وکالت کامیاب ہوں گے اُن کو تا وقتیکہ وہ اسناد مذکور الصدر پیش کریں سند وکالت عطا نہ کی جائے گی اور آئندہ میں کسی امیدوار وکالت کی درخواست داخلہ امتحان بلا انسلاک ہونے اسناد مذکور الصدر کے منظور نہ ہو سکے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۲۶ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۰ف

مضمون (۱۸۷) فہرست امثلہ عدالت کی پشت پر منسلکہ ہونا چاہئے۔	(۱) دیکھو گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۱۵) مورخہ ۱۲ مہر سنہ ۱۲۹۶ف مع ترمیمات منقولہ نقل سررشتہ انتظامی نمبر ۱۳ سنہ ۱۳۰۶ف سررشتہ ابتدائی۔

(۲) فہرست امثلہ کا نمونہ ناقص ہے لہذا عدالت ہائے دیوانی و فوجداری کو چاہئے کہ تمام امثلہ سپردی و متفرق خواہ دیوانی ہوں یا فوجداری اُن پر فہرست حسب نمونہ منسلکہ ہمیشہ لگائی جائے۔

(۳) مسلک الف کی فہرست ایک ہوگی اور مسلک ب کی فہرست دوسری ہوگی ایک ہی فہرست

صادر نہ کیا گیا ہو ۔ بنا بریں اگر معاملہ واصل رکی ہوتو فوراً معطل کریگا اور درصورتیکہ حاکم عدالت مصدر عزل بالفعل کا مجاز ہو تو ہر روز افسر اعلیٰ کے اُس افسر کی خدمت میں گذارش بھیج کر انکا حسن کو ملازم مذکور کے عزل بالفعل کا اعتبار ہو لیکن یہ گذارش بعد تکمیل الملاعنامہ جات انشاءاللہ کے بیشں ہوگی تاکہ حاکم مصدر رہا ان مزید اُسکی نسبت حکم باضابطہ صادر کر سکے ۔

دیکھو جریدۂ سرکارعالی مورخہ ۲۲ ماہ آبان ۱۳۰۵ف جلد اول صفحہ ۵۸۶ ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکارعالی نشان فوجداری ۱۵ دیوانی ۱۴ مورخہ ۲ اردی بہشت ۱۳۰۷ف

مضمون (۱۶۰) نقد او مال عدالت کے محفوظ رکھنے کا طریقہ	(۱) برنا بر استدراک ناظم عدالت فوجداری ضلع بر بھنی

دربارۂ تحفظ نقد و مال عدالت مجلس انتظامی سے حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں ۔

(۲) جو نقد یا مال عدالت کا ہو وہ ہمیشہ تحویل میں عدالت کے رہتا ہے ناظم عدالت اُس کے تحفظ باضابطہ کا ذمہ دار ہے چونکہ قلیل نقد او مال کا روزانہ داخل اور برآمد کرنا ضرور ہوتا ہے لہذا اہلکاران ماتحت بہ ضمانت کافی مامور ہوتے ہیں کہ بقدر ضمانت مال اُنکی تحویل میں رہے ۔

(۳) زاید نقد او مال دو ہرے خزانہ میں مقفل رہنا چاہئے تاکہ بلا موجودگی حاکم عدالت یا حاکم خزانہ کے اُسکا افتتاح نہ ہو سکے گا ۔

(۴) ایک دوہرے مقفل خزانہ یا مال خانہ کی کلید حاکم عدالت کے پاس رہنا چاہئے اور دوسری کلید ناظر عدالت یا دوسرے اہلکار ذمہ دار کے پاس جو خدمت نظارت کو انجام دیتا ہو رہنا چاہئے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکارعالی نشان فوجداری ۱۶ دیوانی ۱۵ مورخہ ۲۹ اردی بہشت ۱۳۰۷ف

مضمون (۱۹۱) گشتیات عدالت العالیہ بہ قیمت فروخت ہوتی ہیں ۔	(۱) بغرض سہولت عامۂ خلائق کے حکم دیا جاتا ہے کہ تمام

گشتیات عدالت العالیہ صیغہ دیوانی و فوجداری جو جریدۂ اعلامیہ میں شایع ہوتی ہیں بہ قیمت مناسب معرفت ناظر عدالت العالیہ کے فروخت کیجائیں گی ۔

(۲) جو لوگ ان گشتیات کو بعد اشاعت خرید کرنا چاہیں اُن کو نظارت عدالت سے خرید کرلیں ۔

(۳) جو لوگ سالانہ چندہ دیکر تمام گشتیات خرید نا چاہیں اُنکی نسبت چندۂ سالانہ کی مقدار آیندہ تجویز کیجائے گی لیکن جو چندہ دینے والے مبلغ عہ علی الحساب خزانۂ عدالت العالیہ میں جمع کر دیں گے انکو

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۲۹ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۷ ف

خلاصہ	حوالہ
مضمون (۱۰۵) مال مسروقہ کی قیمت وصول کرنا عدالت فوجداری کو جائز نہیں ہے لیکن وہ مجاز ہے کہ جرمانہ وصول شدہ سے معاوضہ مناسب دلائے ۔	(۱) دیکھو دفعہ ۵۴۵ ضابطہ فوجداری رطابہ بند اور مقدمہ نگرانی فوجداری نمبر (۲۶) سنہ ۱۳۰۶ ف حلسہ منعقدہ عدالت العالیہ ۔

۲۔ جبکہ ملزم مقدمہ فوجداری میں سزا پاتا ہو تو رقم جرمانہ وصول شدہ سے معاوضہ مستغیث کو در بارۂ مال مسروقہ کے دلانا صوابدید عدالت پر منحصر ہے لیکن علاوہ جرمانہ کے مال مسروقہ کی قیمت ملزم سے وصول کرنا جائز نہیں ہے ۔

(۳) حکم صدر المہام عدالت نشان فوجداری (۲۳) مورخہ ۱۱ اسفندار سنہ ۱۳۲۹ ف مطبوعہ دفعہ (۱۰۹) مجموعہ گشتیات فوجداری طبع چہارم منقض و کن منسوخ کیا جاتا ہے آئندہ حسب دفعہ (۵۴۵) ضابطہ فوجداری رطابہ بند عمل کیا جائے اور علاوہ رقم جرمانہ کے کوئی زاید رقم مجرم سے وصول نہ کیجائے اور مستغیث کو عدالت فوجداری سے دلائی جائے اگر مستغیث زاید معاوضہ کا مستحق ہو تو عدالت دیوانی میں چارہ جوئی با ضابطہ نسبت معاوضہ کی نسبت کر سکتا ہے لیکن عدالت فوجداری کو اس سے تعلق نہیں ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۴ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۲ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۷ ف

خلاصہ	حوالہ
مضمون (۱۸۹) ملازمین عدالت سے ضمانت لیا جانا چاہئے ایک چہارم تنخواہ وضع کرنا کافی نہیں ہے ۔	(۱) دیکھو گشتی سرکار عالی علاوہ فنانس نمبر ۲۷ مورخہ ۱۶ آبان سنہ ۱۳۰۵ ف ۔ (۲) گشتی مذکورۃ الصدر سے گشتی نمبر ۲۶ سنہ ۱۳۰۲ ف

مندرجہ دفعہ ۲۶۸ مجموعہ قوانین مالگذاری جلد سوم مدونہ نواب عزیز جنگ بہادر منسوخ ہوگئی لہذا بغرض ہدایت عدالت ہائے ممالک آصفیہ کے حکم ذیل اجلاس انتظامی سے صادر کیا جاتا ہے ۔

(۱) تمام ملازمین سرکاری جن کو ضمانت داخل کرنا لازم ہے اگر انہیں چھ ماہ کے کافی ضمانت داخل نہ کریں تو ان کے نام ایک اطلاعنامہ جاری کرنا چاہئے کہ انہیں ایک ماہ کے اگر ضمانت کافی داخل نہ ہوگی تو خدمت ماموره سے برطرف کئے جائیں گے ۔

(۲) اگر حاکم عدالت متعلقہ تعطل یا عزل ملازم مذکور ہوگا تو بعد ختم میعاد مذکور اس اہلکار کو جبر نے

حکم ذیل صادر کیا جاتا ہے

(۲) مقدمات فوجداری میں تمام مال جو پولیس نے لیا ہو خواہ ملزم کا ذاتی ہو یا متعلقہ جرم ہو وہ عدالت میں روانہ کرنا لازم ہے پولیس کو کوئی حق نہیں ہے کہ بعد ختم تفتیش کوئی مال اپنے قبضہ میں رکھے۔

(۳) مقدمہ سرکار عالی خام سالم نمبر ۱۳ سنہ ۱۳۰۶ف عدالت العالیہ صیغہ ابتدائی میں ملزم کا مال کوتوالی نے بوقت تفتیش اپنے قبضہ میں لیا تھا لیکن مال مذکور نہ ناظم فوجداری سرکشندہ کے اجلاس پر حاضر کیا گیا اور نہ بعد سپردگی اجلاس ابتدائی عدالت العالیہ میں پیش ہوا بعد برات ملزم کو اپنا مال واپس پانے میں بہت طول ہوا ہوئی۔ امید ہے کہ آیندہ ایسی کارروائی سررشتہ کوتوالی سے نہ ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۹ / دیوانی ۱۷ مورخہ ۲۹ اردی بہشت ۱۳۰۷ف

مضمون (۱۹۴) خاص ملازمین حضرت اعلیٰ واقدس مدظلہ العالی کے خانگی ملازمین حاضری عدالت سے معاف نہیں ہیں

(۱) دیکھو مراسلہ سرکار عالی صیغہ عدالت نمبر (۱۴۵) مورخہ ۲۷ آذر ۱۳۰۷ف۔

(۲) خاص ملازمین حضرت اعلیٰ واقدس مدظلہ العالی کے خانگی ملازمین کو حاضری عدالت سے معاف کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے تمام مقدمات دیوانی و فوجداری میں عموماً حسب ضابطہ انکی حاضری عدالت کا حکم دیا جائز ہے اور بلا وجہ کافی کبھی حاضری عدالت سے معاف نہ کئے جائیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۰ / دیوانی ۱۸ مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳۰۷ف

مضمون (۱۹۵) تصحیح رجسٹر جاریہ نمبر ۳۔

(۱) معلوم ہوتا ہے کہ صیغہ جاریہ میں یہ عملدرآمد جاری ہے کہ ایک مراسلہ کے جس قدر نقول جاری ہوتے ہیں ان سب پر ایک ہی نمبر ثبت کیا جاتا ہے چونکہ یہ عملدرآمد صحیح نہیں ہے لہذا بعد منظوری اجلاس انتظامی حکم ذیل صادر کیا جاتا ہے۔

(۲) تمام مراسلات کے جو نقول جاری ہوں انپر مسلسل نمبر ثبت کئے جایا کریں۔

(۳) رجسٹر جاریہ نمبر ۳ کا نمونہ منسلکہ ہذا رکھا جاوے۔

نوٹ:۔ نمونہ رجسٹر نمبر ۳ حسب گشتی ۲۰/۱۸ بابتہ ۱۳۲۸ف اجرا ہوا ہے۔

۱۳۲۶ ف و ۱۳۲۷ ف کے تمام کتبات بوقت اشاعت دکھائیں گی وہ ابتداء سررشتہ عدالت العالیہ
میں زیر جمع دہندگان سالانہ درج کرائیں بعد ختم سال کیفیات ماندہ کا اساس ہوکر واقعی تعین طلب
کا عدم ... دہندگان کے حساب میں درج ہوکر اُن سے وصول کیجائے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۷ / دیوانی ۱۶ مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳۲۸ ف

مضمون (۹۲) فرد جائزہ مرتب کیا جانا چاہئے۔	(۱) افراد جائزہ سے وقت اور مقام تبدیل جائزہ کا ٹھیک

طور معلوم نہیں ہوتا ہے لہٰذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم ذیل شائع کیا جاتا ہے

(۲) ہر فرد جائزہ کے نقول مطبوعہ ہر عدالت میں رہنا ... اگر مطبوعہ نہ ہوں تو قلمی افراد ... رکھنا لازم ہے۔

(۳) جس وقت جائزہ تبدیل ہو اُسوقت ان افراد کی خانہ پُری کرکے حاکم جائزہ دہندہ اور جائزہ گیرندہ کے دستخط ہوکر بلاتوقف محکمات ذیل کو روانہ کرنا لازم ہے۔

(۱) ناظم صلع (۲) عدالت العالیہ (۳) صدر محاسب سرکار عالی

(۴) محکمہ کو بوقت جائزہ ملاحظہ کرلینا چاہئے کہ افراد کی خانہ پُری صحیح ہے کیونکہ انکی صحت کے وہ خود ذمہ دار رہیں گے۔

نمونہ نمبر ۶۲ فرد جائزہ۔

میں ... ناظم ... منتفر ... تحصیل ... صلع ... صوبہ ... نے عہدہ ... کا جائزہ
ناظم ... منتفر مذکور سے بتاریخ ... ماہ ... ۱۳ ف کو بوقت ... قبل ظہر / بعد ظہر بمقام ... تحصیل
... ضلع ... صوبہ ... لیا مورخہ ... ماہ ... ۱۳ ف مقام ... تحصیل ... صلع ... صوبہ

دستخط حاکم جائزہ دہندہ — دستخط حاکم جائزہ گیرندہ

هدایت۔ اس کے نقول ہر عدالت میں موجود رہنا چاہئے اور بعد خانہ پُری ایک نقل حاکم ضلع اور ایک نقل عدالت العالیہ اور ایک نقل صدر محاسب سرکار عالی کے پاس بوقت تبدیل جائزہ روانہ کرنا لازم ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۸) مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳۲۸ ف

مضمون (۹۳) ملزم کا تمام مال چالان کے ساتھ عدالت میں روانہ کرنا لازم ہے۔	(۱) منظوری اجلاس انتظامی

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۲) مورخہ ۲۴ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۱ف

مضمون	حوالہ
مضمون (۱۹) جاگیرات میں کوتوالی پٹیلوں کے دفاتر کی ترتیب و تہذیب —	(۱) دیکھو گشتی سرکار عالی مال و مالگزاری نمبر (۸) ۵ مورخہ ۳۰ آبان سنہ ۱۲۹۹ف —

(۲) دیکھو جریدہ سرکار عالی مورخہ ۱۳ فروردی سنہ ۱۳۰۱ف نمبر ۱ اول صفحہ (۱۸) حکم سرکار عالی صنعہ (؟) الف

(۳) بعض مواضع جاگیرات میں پولیس پٹیل اپنے رجسٹرات مرتب و مہذب نہیں رکھتے ہیں اور اس باعث سے تصفیہ حقوق اور تحفظ جان و مال میں دشواری ہوتی ہے۔

(۴) تمام جاگیرات میں کوتوالی دفتر متعلقہ پولیس پٹیل مرتب و مہذب رکھنا ضرور ہے تاکہ انسداد جرایم اور تحفظ جان و مال عایا (رعایا) میں آسانی ہو۔

(۵) تمام عہدہ داران پولیس کو ہدایت کی گئی ہے کہ وقت اپنے دورہ کے نگرانی رکھیں کہ تمام مواضع میں پولیس پٹیل کا دفتر مرتب اور مہذب رکھا جاتا ہے یا نہیں۔

(۶) تمام حکام عدالت فوجداری کا فرض منصبی ہے کہ وہ بھی نگرانی رکھیں کہ پولیس پٹیلوں کا دفتر مرتب و مہذب رہے لہذا تمام حکام عدالت فوجداری کو حکم دیا جاتا ہے کہ بوقت اپنے دورہ کے حتی الامکان مواضع کے دفاتر پولیس پٹیلان کی تنقیح کرلیا کریں۔

(۷) اگر کسی موضع میں بوجہ جاگیر ہونے کے کوئی شخص پولیس پٹیلی کی خدمت ادا کرتا ہو تو ناظم فوجداری ضلع متعلقہ کو اطلاع کریں تاکہ وہ جاگیردار موضع کو ہدایت کریں کہ پولیس پٹیل کی خدمت نائب جاگیردار یا مالی پٹیل یا پٹواری یا کسی دوسرے شخص مجاز سے باقاعدہ لی جائے۔

(۸) اگر جاگیردار موضع اسکا انتظام بروقت نہ کریں تو ناظم فوجداری ضلع کو چاہیئے کہ اسکی خدمت بجاآوری کے لئے کوئی لائق عہدہ دار موضع مامور کریں اور اسکا خرچ جاگیردار یا وطن دار پٹیل موضع سے حسب الحکم سرکار عالی باضابطہ وصول کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ / دیوانی ۱۹ مورخہ ۲۶ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۱ف

مضمون	حوالہ
مضمون (۸) (۹) اجازت کتابیں اپنی رکھنے کے تمام مجالس اور عدالت ہائے دیوانی و فوجداری کو خزانہ سرکار عالی میں —	(۱) عدالت العالیہ نے دفتر صدر محاسبی سرکار عالی کو لکھا تھا کہ عدالتوں اور مجالس میں اس قدر

گشتی مجلس عالیہ عدالت محکمہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۱) مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳[illegible]ف

مضمون (۹۶) سرکار فوجداری میں اشیاء مشتبہ قوت مصفی یعنی میتھی لیٹڈ یا رکٹی فائڈ اسپرٹ کے ذریعہ سے محفوظ رکھی جایا کریں۔	(۱) بربنائے تحریک ریذیڈنسی سرجن سرکار عالی سے بذریعہ مراسلہ نمبر (۱۵۰۳) مورخہ ۷ مہر ۱۳۰۶ف صدر عدالت اشارہ فرمایا ہے کہ اس بارہ میں ایک عام حکم جاری

کر دیا جاوے لہٰذا بعد منظوری اجلاس انتظامی احکام ذیل صادر کئے جاتے ہیں۔ دیکھو مراسلہ ناظم معالجات ممالک آصفیہ نمبر ۲۱۲/(ای) مورخہ ۱۸ شہریور ۱۳۰۷ف۔

(۲) عدالت ہائے فوجداری کو اکثر جرائم دریافت مقدمات فوجداری اشیاء مشتبہ کی حفاظت کی ضرورت لاحق ہوتی ہے اس لئے ضرور ہے کہ ہر عدالت فوجداری میں پانچ سیر یا دو گیلن قوت مصفی یعنی میتھی لیٹڈ یا رکٹی فائڈ اسپرٹ کے مصارف سے خرید کر کے رکھی جائے جو بروقت کارآمد ہو۔

(۳) قوت مصفی مذکورۂ بالا عبدالرزاق کمپنی ٹھیکہ داران سرکار عالی کی معرفت خرید کی جائے گی اور طبیب ضلع یا تعلقہ کی تحویل میں رہے گی جب عدالت حکم دے گی تو طبیب مذکور اشیاء مشتبہ کو طبی ترکیب سے بذریعہ قوت مصفی مذکور محفوظ کر کے سپرد عدالت کر دیگا۔

(۴) کمپنی مذکورہ سے ہر ایک عدالت فوجداری کیلئے چھ بڑے چینی کے ظروف جن میں سربند کے ڈاٹ ہوں یا چھ مرتبان جن میں مضبوط کارک کے ڈاٹ ہوں خرید کر کے طبیب متعلقہ کے حوالہ کئے جائیں گے تاکہ اشیاء مشتبہ اُن میں بند کر کے بذریعہ قوت مصفی مذکور عمدہ طور پر محفوظ رکھ سکیں۔

(۵) ہر ایک ظرف کی بندش قبل از روانگی (خواہ بذریعہ ریل یا بذریعہ [illegible]) ضرور ہے اس لئے طبیب ہر پارسل کے تحفظ کی غرض سے ہر مرتبہ اشیاء ذیل کا ایک تخمینہ پیش کرے گا اور حاکم عدالت یا تو خود اُن کو خرید کریگا یا نقد رقم طبیب کے پاس بھیج دیگا۔

(۱) لکڑی یا ٹین کا مضبوط صندوق۔ (۲) پارسل میں رکھنے کی روئی۔

(۳) ہر ایک صندوق کے غلاف کے لئے موٹا دیسی کپڑا۔

(۴) ظرف کے منہ پر باندھنے کے لئے چمڑا [illegible] (۵) ہر ایک صندوق پر مہر کرنے کے لئے لاکھ۔

(۶) جب قوت مصفی مذکور میں سے نصف صرف ہو جائے گی تو طبیب حاکم عدالت فوجداری کے روبرو پیش کرے گا اور حاکم عدالت فوجداری مد صادر فوجداری سے اُن کے خرید کرنے کی منظوری دے گا

کوتوالی بجویز او فیصلہ حاکم مجوزہ ضروری کریں —

(۵) عدم وقوع جرم کی نسبت حاکم مجوز کی رائے قطعی نہیں ہے۔ اہلکاران کوتوالی پر لازم ہے کہ حاکم مجوز کے فیصلہ کو ناظم کوتوالی ضلع کے پاس پیش کریں اگر ناظم کوتوالی ضلع متفق الرائے ہو تو اخراج اردات کا حکم ناظم کوتوالی ضلع صادر کریگا اگر برات بوجہ عدم ثبوت جرم متعلق ہے اور دوسری دفعہ قانون کے موجود صورت شہادت مزید دستیاب ہوسکے اگر کسی دوسری دفعہ قانون کا جرم ثابت ہو تو پولیس مجاز ہے کہ جدید چالان بر بنائے شہادت دستیاب شدہ روانہ کرے لیکن جس جرم سے مجرم بری ہوگیا ہے اسکی نسبت جدید چالان نہیں ہوسکتا ہے لیکن اگر ملزم رہا ہوا ہے اور جدید شہادت دستیاب ہو تو ملزم کا جدید چالان ہوسکتا ہے۔ دیکھو دفعہ (۴۳۷) ضابطہ فوجداری سرکار عالی ہند ایکٹ نمبر ۱۰ ۱۸۸۲ء و نمبر ۵ ۱۸۹۸ء

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نمبر شان فوجداری ۲۶ / دیوانی ۲۱ مورخہ ۴ اردی بہشت ۱۳۰۶ف

مضمون (۲۰۰) صیغہ رجسٹری کے مصارف ہمیشہ مد رجسٹری سے ہونا چاہئے صیغہ عدالت سے کبھی کوئی رقم خرچ نہ کیجائے —	(۱) دیکھو مراسلہ ناظم صاحب عدالت ہائے صوبہ جات بگڈ نشان انتظامی ۲۶۴۳۴ مورخہ ۱۹ اردی بہشت ۱۳۰۶ف مثل نمبر ۱۳۱ ۹ سنہ ۱۳۰۶ف اور مراسلہ نمبر (۱۴۴۵) مورخہ ۲۴ اسفندار ۱۳۰۶ف مثل مذکور —

(۲) بعض رجسٹراران ماتحت کی بے ضابطگی سے پایا گیا ہے کہ صیغہ رجسٹری کے مصارف صادر مفروضہ عدالت سے کرکے من بعد رقم بازگشت نہیں کرتے ہیں —

(۳) جو حکام عدالت رجسٹرار ضلع یا رجسٹرار ماتحت ہیں اُن کو تاکید کیجاتی ہے کہ صادر عدالت کی رقم یا اسکا سامان کبھی دفتر رجسٹری میں صرف نہ کریں —

(۴) اگر بوقت ضرورت لاحق ہو کہ کوئی رقم یا سامان صیغہ عدالت سے مستعار لیا جائے تو اُسکا بازگشت کرنا لازم ہے —

(۵) رجسٹراران اضلاع اور رجسٹراران ماتحت کو رجسٹری سے فیس ملی ہے اگر مصارف رجسٹری کافی نہ ہو تو اپنی فیس سے ضروری مصارف کریں —

حتی الوسع صیغہ عدالت سے عموماً روپیہ یا سامان قرض یا مستعار لینا بھی مناسب نہیں ہے آیندہ تمام عدالت لحاظ رکھیں —

روپیہ آتا ہے کہ ناظر عدالت اور تحویلدار محبس کی رقم ضمانت سے مقدار میں بہت زیادہ ہوتا ہے ایسی حالت میں لازم ہے کہ حسب ضرورت رقم تحویل میں تحویلدار محبس اور ناظر عدالت کے رہے اور باقی تمام رقم خزانہ سرکاری میں مدد بذریعہ پاس بک یعنی کتاب تحویل جمع کرا دیجائے اور بربنائے حکم عدالت یا مہتمم محبس سے وہ رقم حسب ضرورت اجرا کیجائے دیکھو مراسلہ $\frac{۵۲۱}{۵۶۷۹}$ ۱ مورخہ ۱۹ خورداد ۱۳۲۵ف ۔

(۲) صدر محاسب صاحب سرکار عالی نے بذریعہ مراسلہ نشان نشان شاخ عام (۳۲) کلیات مورخہ ۲۳ خورداد ۱۳۲۵ف بخدمت جملہ تعلقداران اضلاع و عملداران سرحد و نانڈیر اطلاع دی کہ عہدہ داران عدالت و محابس اگر رقوم امانتی کا کھاتہ کھولنا چاہیں تو کھاتہ کھولا جائے اور حسب گشتی دفتر کوتوالی نشان (۱۴۱) مورخہ ۲۸ اسفندار ۱۳۲۳ف عمل ہو اور پاس بک کا نمونہ وہی ہو جو گشتی مذکور میں درج ہے ہر ایک تعلقدار ضلع سے امید ہے کہ اس کے داخلہ سے تحصیلات کو بھی آگاہ کیا جائے ۔

(۳) بربنائے اس حکم کے اگر کسی اول تعلقدار ضلع کو عذر ہو تو عدالت یا محبس متعلقہ کو چاہئے کہ صدر محاسب سرکار عالی کے پاس بلاتوقف درخواست روانہ کریں تو ہدایت ضروری صادر فرمادیں گے ۔ دیکھو مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی نشان (۳۰۴۷) مورخہ ۹ خورداد ۱۳۲۵ف ۔

(۴) اس سے صاف ظاہر ہے کہ خزانہ سرکار عالی میں رقوم امانتی جمع کرنے کیلئے حکام عدالت کو خواہ دیوانی کے ہوں یا فوجداری کے کسی قسم کی دشواری نہ ہونا چاہئے اگر کسی حاکم عدالت نے مقدار ضمانت سے کبھی کسی اہلکار کے پاس زاید رقم رکھنے کی اجازت دے تو اسکا تدارک وہ ذمہ دار ہوگا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۵) مورخہ ۲۷ اردی بہشت ۱۳۲۷ف

مضمون (۹۹)، بعد انفصال مقدمہ نقل حکم آخری یعنی فیصلہ رو مدعلیہ کو دوائی میں درج کر دینا ضرور ہے ۔

(۱) دیکھو گشتی انسپکٹر جنرل پولیس اضلاع ممالک آصفیہ دورہ نشان (۳۵۵) مورخہ ۲ ماہ اسفندار ۱۳۱۳ف ۔

(۲) بعد انفصال مقدمہ ناظم فوجداری پر لازم ہے کہ اول تجویز قلمبند کرے اور بعدہٗ فیصلہ لکھے ۔

(۳) فیصلہ بربنائے تجویز کے ہوگا اور فیصلہ میں اگر حکم رہائی ہو تو لکھنا چاہئے کہ بوجہ عدم وقوع جرم ملزم رہا ہوا۔ اگر جرم سرزد ہوا لیکن ملزم کی نسبت ارتکاب جرم ثابت نہیں تو لکھنا چاہئے کہ ملزم بوجہ عدم ثبوت رہا کیا گیا

(۴) اگر ملزم بری ہو تو لکھنا چاہئے کہ ملزم کس دفعہ قانون کی رو سے بری کیا گیا اور وقوع جرم کا سرزد ہونا پایا نہ جاتا ہو تو عدم وقوع جرم کی نسبت رائے دینا مناسب ہے تاکہ آیندہ تفتیش کے وقت اہالیان

(۲) عاملین قرقی و نیلام کے تعلقات مال مقروقہ ذریعہ مراسلہ سے اس قسم کے ہیں کہ اُن کے لئے انہیں شرائط کے بموجب حساب لیا جاتا ہے کہ جیسے ناظرین عدالت سے ضمانت لیجاتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۹) مورخہ ۵ خورداد ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۳) بچے لوگوں کو مقدمات فوجداری کے ساتھ پیش کرنے کی اجازت نہیں ہے۔	(۱) دیکھو مراسلہ انسپکٹر جنرل صاحب پولیس اضلاع ممالک آصفیہ نشان (۲۷۶) مورخہ ۲۲ اردی بہشت ۱۳۲۶ف

(۲) جب مقدمات فوجداری چالان کئے جاتے ہیں تو پولیس کو معلوم نہیں ہو سکتا ہے کہ فوجداری مقدمہ کس تاریخ بغرض تحقیقات و تصفیہ حاکم عدالت کے روبرو پیش ہوگا لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ کبھی بچے لوگ مقدمات فوجداری کے چالان کے ساتھ روانہ کئے جائیں۔

(۳) جن لوگوں کے روبرو واردات برآمد ہوتا ہے یا معائنہ نعش ہوتا ہے اُن کو فضول تکلیف دینا سخت مضر عامہ خلائق ہے وہ پریشان ہو جاتے ہیں اور شہادت دستیاب ہونا دشوار ہوتا ہے۔

(۴) بچنامہ یعنی محضر کے بچے یعنی شہود ہمیشہ معززاور پیے لوگ اشخاص ہونا چاہئے اُن کو روزانہ خوراک دینا درست ہے۔

(۵) اُن معزز اشخاص کو مقدمہ سے کوئی ذاتی تعلق نہیں ہوتا ہے تمام عدالتوں کو ہدایت کیجاتی ہے کہ اہلکاران پولیس کو بخوبی آگاہ کریں کہ کبھی کسی مقدمہ میں بچوں کو چالان کے ساتھ پیش نہ کیا کریں۔

(۶) جس مقدمہ میں بچوں کی ضرورت ہو تو شہادت متعلقہ قلمبند کرنے کے بعد حاکم کو تجویز کرنا چاہئے کہ بلحاظ حالات مقدمہ و تکمیل تحقیقات کن بچوں کو بطور شہود محضر کے طلب کرنا لازم ہے اور حاکم عدالت کا فرض منصبی ہے کہ تاریخ اور وقت و مقام اظہار بالتصریح مقرر کرکے باضابطہ اطلاعنامہ روانہ کرے۔ اور بوقت حاضری بچے بلا توقف اُسکا اظہار لیکر بچے مطلوبہ کو رخصت کرے۔

(۷) لحاظ رکھنا چاہئے کہ عدالت میں تعویق ناجائز کی وجہ سے عامہ خلائق کو تکلیف پہونچانا کسیطرح جائز نہیں ہے۔

(۸) شہود کو جلد رخصت دینا اور اُنکی خوراک درصورت بلا توقف ادا کرنا فرض منصبی ہر حاکم عدالت کا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۸) مورخہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۲۰ف

مضمون (۱) اشخاص بدچلن و جرائم پیشہ کی ضمانت دہی بسلسلہ انسداد جرائم لابد ضروری ہے۔	(۱) دفعات ۱۰۹ و ۱۱۰ ضابطہ فوجداری برطانیہ ہند ایکٹ نمبر ۱۰ ۱۸۸۲ء و نمبر ۵ ۱۸۹۸ء قابل ملاحظہ

ہیں۔ دفعات مذکورۃ الصدر بغرض انسداد جرائم نافذ کئے گئے ہیں اور حکام عدالت کا فرض منصبی ہے کہ اگر کوئی بدچلن شخص حسب دفعات ۱۰۹، ۱۱۰ اُن کے سامنے پیش ہو یا کوئی جرائم پیشہ ان کے روبرو حاضر لایا جائے اُس کی نسبت تجویز مناسب کریں۔

(۲) بعض مقدمات میں پایا جاتا ہے کہ ناظمان فوجداری غیر مجاز سے اہلکاران کوتوالی استدعائے ضمانت کرتے ہیں لیکن اگر ناظم فوجداری درجہ دوم یا سوم بوجہ اپنے غیر مقتدر ہونے کے جو حکم ضمانت کا نہیں دے سکتا ہے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ در صورتیکہ بدچلن ملزم یا عادی مجرم ہونا ثابت پایا جاوے تو مقدمہ ناظم فوجداری مجاز کی سماعت کے لئے ناظم ضلع کے پاس کیوں نہ منتقل کر دے لہذا حسب ذیل انتظامی حکم دیا جاتا ہے۔

(۳) عہدہ داران کوتوالی کو چاہئے کہ اگر بدچلن یا عادی مجرم ہونا کسی شخص کا پایا جائے تو شہادت کافی بہم پہنچا کر حاکم مجاز کے روبرو مقدمہ حسب دفعات ۱۰۹ و ۱۱۰ پیش کیا کریں۔

(۴) حسب دفعہ ۱۱۰ قانون مذکورۃ الصدر کسی شخص کا عادی مجرم ہونا عام شہرت یا دوسرے طریقہ سے ثابت ہو سکتا ہے بوقت شہادت تجویز کرنے میں ناظمان فوجداری کو لحاظ رکھنا چاہئے کہ کسی خاص جرم کے ارتکاب کی تحقیقات نہیں ہوتی ہے بلکہ عادتاً جرائم پیشہ ہونے کی تحقیقات حسب دفعہ ۱۱۰ قانون مذکور ہوتی ہے اور مسوارہ شہادت میں بہت احتیاط کر کے حکم مناسب دینا چاہئے تاکہ نیک چلن آدمیوں پر سختی نہ ہو اور بدچلن اشخاص بوجہ عدم ثبوت کسی خاص جرم کے بلا ضمانت کافی رہا نہ ہو جائیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۹ / دیوانی ۲۳ مورخہ یکم خورداد ۱۳۲۰ف

مضمون (۲۰۲) عاملین قرقی و نیلام کی ضمانت لینا ضروری ہے۔	(۱) دیکھو مراسلۂ نظامت عدالت ہائے صوبہ اورنگ آباد مسل انتظامی (۲۱۴۸) ۱۳۱۷ف مجاریہ نمبر (۳۱) مورخہ

۲۴ بہمن ۱۳۱۷ف دربارۂ ضمانت عاملین قرقی و نیلام۔

مسلسل نمبر ... مسمی ... ولد ... قوم ... عمر ... سال ... متوطن ... ساکن ... تحصیل ... ضلع ... جو بہ بیتہ کے متعلق بیان کیا گواہ کے بیان سماعت کر کے لکھا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۵) مؤرخہ ۱۲ خورداد ۱۳۰۷ ف

مضمون (۲۰۶) دفاتر پولس پٹیلاں کی تنقیح ۔ | (۱)۔ عدالت العالیہ کو تنقیح اضلاع سے معلوم ہوا ہے کہ عہدہ داران عدالت و کوتوالی دفاتر مواضع کی بہت کم تنقیح کرتے ہیں ۔

(۲)۔ حکام فوجداری و کوتوالی پر بخوبی واضح ہے کہ اگر واقعات متعلقہ جرائم کا اندراج دفاتر مواضع میں سروقت ہوتا رہے تو انسداد اور تفتیش اور تحقیقات جرائم فوجداری میں اہالیان کوتوالی اور عدالت کو بہت مدد ملتی ہے

(۳)۔ عہدہ داران سرکاری صیغہ عدالت و کوتوالی کا فرض منصبی ہے کہ جب کسی موضع مملکت آصفیہ میں بخاص کار سرکار یا وقت دورہ وارد ہوں تو بلحاظ حالات موجودہ تنقیح کرتے رہیں کہ مواضع میں کوتوالی پٹیلاں اپنے رجسٹرات میں ضروری واقعات کا سروقت اندراج کرتے ہیں تاکہ دفاتر مواضع سے تحقیقات واقعات متعلقہ معاملات میں دشواری لاحق نہ ہو ۔

(۴)۔ تمام ملازمین سرکار عالی صیغہ عدالت و کوتوالی سے امید کی جاتی ہے کہ اپنی توجہ اس جانب مبذول کریں ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۶ / دیوانی ۲۸ مؤرخہ ۱۲ خورداد ۱۳۰۷ ف

(۱)۔ دیکھو گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۳۴ دیوانی (۲۱) مثل نمبر (۱۲۲۱) ۱۳۰۹ ف	مضمون (۲۰۷) ہر مال مسارقہ کو نمبر سے علحدہ درج کرنا چاہئے ۔

صیغہ انتظامی مورخہ ۳۰ تیر ۱۳۰۶ ف ۔

(۲) عدالت فوجداری یا دیوانی میں جو مال داخل ہو اور اسکا تشخص متنازع ہو تو ہر مال پر جداگانہ نمبر ثبت کر کے اسکی تفصیل نمونہ نمبر ۶۱ میں علحدہ لکھنا چاہئے دیکھو نمونہ منسلکہ ۔

(۳) نمونہ منسلکہ میں درصورتیکہ مال کی شناخت متنازع نہ ہو تو اس کو یکجا لکھنے میں کوئی امر مانع نہیں ہے لیکن درصورتیکہ کوئی شئے متنازع ہے تو اسپر نمبر جداگانہ ثبت کرنا ضرور ہے تاکہ تحریر اظہارات اور تجویز میں اسی نمبر کے حوالہ سے واقعات متعلقہ کا اندراج ہو سکے اور مال کے تشخص اور تعین میں آسانی ہو ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۱) مورخہ ۵ ماہ خورداد ۱۳۱۰ف

مضمون (۲۰۴) مقدمات فوجداری میں جب وکیل سرکار پیروکار نہ ہو تو مجاز افسر کوتوالی حسب الحکم عدالت پیروی کر سکتا ہے۔	(۱) دیکھو دفعہ ۴۹۵ ضابطہ فوجداری برطانیہ ہند ایکٹ (۱) ۱۸۸۲ء و ایکٹ ۵ ۱۸۹۸ء
	(۲) مقدمات فوجداری میں سرکار کی جانب سے پیروکار

اگر وکیل سرکار نہ ہو تو حاکم عدالت مجاز ہے کہ کسی عہدہ دار کوتوالی کو جس نے تفتیش واقعات مقدمہ کی نہ کی ہو اس کو اجازت پیروی کی دے۔

(۳) عہدہ داران فوجداری کو اپنے اختیار تمیزی کے کام میں لانے کی غرض سے لحاظ رکھنا چاہیئے کہ افسر کوتوالی ایسے فرائض بخوبی ادا کر سکتا ہو اور اس نے جرم منسوبہ کی تفتیش خود نہ کی ہو۔

(۴) افسر کوتوالی مجاز اگر دستیاب نہ ہو تو ناظم فوجداری پر لازم ہے کہ کاغذات تفتیش معائنہ کرکے شہادت باضابطہ لیکر تصفیہ کرے۔ ناظم فوجداری کو بوجہ عدم موجودگی پیروکار کے اشخاص متضرر سے بہت واقعات متعلقہ کا پتہ چل سکتا ہے۔ ایسی حالت میں عہدہ داران فوجداری کو تحقیقات و تصفیہ مقدمات فوجداری میں کسی قسم کی دشواری لاحق نہیں ہو سکتی ہے اور بوجہ عدم موجودگی پیروکار سرکار کبھی مقدمہ کو ملتوی کرنا جائز نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۲ / دیوانی ۲۵ مورخہ ۱ خورداد ۱۳۱۰ف

مضمون (۲۰۵) نمونہ شہادت گواہان کا حسب ذیل منسلکہ ہونا چاہیئے۔	(۱) دیکھو گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۲۶ دیوانی ۲۷ مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۰۵ف

(۲) نمونہ منسلکہ گشتی مذکور میں نمبر مسلسل اور ولدیت اور مقام سکونت و تحصیل و ضلع و صوبہ گواہ کا درج نہیں ہے اور نمونہ مطبوعہ میں عمر کے آگے ہندسہ کی جگہ معہ رکھکر لفظ سال کبھی طبع کرا دینا مناسب ہے لہذا بترمیم نمونہ سابقہ جدید نمونہ شائع کیا جاتا ہے تاکہ بوقت تحریر اظہارات بسہولت ضروری واقعات کا اندراج آسان ہو۔

نمبر ۲۵ - نمونہ شہادت بعدالت ... تحصیل ... ضلع ... صوبہ ... مستقر

(ملحوظہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۳۲ دیوانی ۲۵ مورخہ ۱ خورداد ۱۳۱۰ف متعلق ۸۶ شمسہ ۱۳۱۰ اصطلاحی)

مقدمہ نمبر ... ۱۳۱۰ف باجلاس حاکم ... رجسٹر نمبری ... ۱۳۱۰ف مورخہ ... ماہ ... ۱۳۱۰ف منجانب ... گواہ نمبر ...

ہوا ہے کہ بعض اشتہار با وجودیکہ عدالت مرافعہ میں روانہ کردی جاتی ہیں تاہم عدالت مرافعہ عنہا میں بحالت متدائرہ دکھائی جاتی ہیں

(۲) درصورتیکہ کسی حکم کی بنا پر عدالت مرافعہ مثل طلب کرے تو عدالت مرافعہ عنہا اُس میں زائد کارروائی کرنے کی مقتدر نہیں رہتی کیونکہ مثل اُس کے پاس موجود نہیں ہوتی ۔

(۳) جب کوئی مثل بصیغہ مرافعہ یا نگرانی عدالت بالادست میں حسب الحکم حاکم مقدمہ روانہ کی جائے تو فہرست مقدمات زیر تحقیقات سے اُسکا اخراج لازم ہے ۔

(۴) نقشہ جات سوم میں ایسی مثل بخانہ مقصلہ درج ہونا چاہیئے اور اخراج بر بنائے روانگی عدالت مرافعہ ہوگا ۔

(۵) جب وہ مثل واپس آئے گی اور عدالت مرافعہ نے اُس کے اخراج کا حکم نہ دیا ہوگا تو لازم ہے کہ وہ مثل بازنمبر سابق قائم کیجائے ۔

(۶) اُن مقدمات کا بازنمبر سابق قائم کرنا اُسطرح پر ضرور ہوگا کہ جیسے مقدمات یکطرفہ بازنمبر سابق قائم کئے جاتے ہیں کیونکہ حاکم مقدمہ اپنی کارروائی ختم کرچکتا ہے اور حاکم مرافعہ کے حکم پر آئندہ کارروائی منحصر ہو جاتی ہے اور دوران مرافعہ میں حاکم مرافعہ عنہا تحقیقات و تکمیل مقدمہ سے معذور ہوتا ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکارعالی نشان فوجداری ۴۲ / دیوانی ۳۳ مورخہ ۵ امرداد ۱۳۰۷ف

مضمون (۲۱۰) نمونہ رجسٹر امیدواراں ۔ | (۱) ۔ رجسٹر امیدواران سے عموماً پتہ نہیں معلوم ہوتا ہے لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے

(۲) تمام عدالتوں میں رجسٹر نمبر (۹۵) سالانہ رکھا جائے اور ہر امیدوار کی نسبت جداگانہ مثل مرتب ہو اور حاکم عدالت جس روز امیدوار کے اندراج کی نسبت حکم دے اسی روز واقعات ضروری امیدوار سے دریافت ہوکر درج رجسٹر کئے جائیں ۔

(۳) جب امیدوار فوت ہو جائے یا کسی خدمت مستقل پر مامور ہو جائے تو حاکم عدالت کو چاہیئے کہ اسکا نام خارج کرکے خانہ (۱۰ و ۱۱) میں اُنکا اندراج اسی روز کرے ۔

(۴) کارآموزان عدالت کا بھی نام اسی رجسٹر میں درج کیا جائے ۔

(۵) کارآموزان کے اختیارات محصلہ رجسٹر اختیارات شخصی حکام ملک آصفیہ میں درج کرنا چاہیئے ۔

[نمب]ر ۶۱ فہرست مال متعلقہ مقدمہ دیوانی / فوجداری نمبر ... بست ... عدالت ... مستقر تحصیل

(محکومہ گشتی عدالت العالیہ سرکار فوجداری ۳۶ و دیوانی ۲۸ مورخہ ۱۲ امرداد ۱۳۱۱ ف)

[نمب]ر شمار	تفصیل مال	مقدار: تعداد	وزن	قیمت تخمینی	واپس مال نوشتہ برآمدگی یا قرقی	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

[ہد]ایات۔ (۱) ہر مال مسروقہ پر جداگانہ نمبر ثبت کرنا چاہئے۔

(۲) تشخیص مال کے واسطے وزن ضرور ہو تو وزن بھی درج کرنا لازم ہے۔

(۳) قیمت تخمینی عموماً سکہ حالی میں درج کرنا چاہئے۔

[گش]تی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۹) مورخہ ۴ خورداد ۱۳۰۷ ف

[دفعہ] (۲۰۸) گواہ سے حلف لینے پہ تعین [تاریخ] و مقام لیا جائے۔ | (۱) دیکھو نمونہ مچلکہ حسب دفعہ (۱۰۰) ضابطہ فوجداری ضمیمہ پنجم ایکٹ (۱۰) سنہ ۱۸۸۲ء و ۵ سنہ ۱۸۹۸ء۔

(۲) گواہ کے مچلکہ میں تعین تاریخ و مقام لینا چاہئے اس میں یہ لکھنا جائز نہیں ہے کہ تاریخ [مقرر]ہ پر حاضر ہوگا۔

(۳) گواہ کو کبھی بھی تکلیف دینا جائز نہیں ہے اُن کو تاریخ و وقت و مقام بتلا کر مچلکہ لینا چاہئے۔

(۴) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بعض حکام بوقت دورہ تعین مقام نہیں کرتے ہیں جو خلاف [منا]سب ہے کیونکہ عہدہ داران کے دورہ کی تاریخ مقامات سے واقف نہیں۔

(۵) ہمیشہ لازم ہے کہ تعین مقام و نام موضع و تحصیل و ضلع کیا جائے۔

(۶) امید ہے کہ آئندہ ناقص مچلکہ نہ لئے جائیں گے اور اطلاعنامہ جات بھی بہ تصریح تاریخ و وقت [و مقا]م جاری ہوں گے۔

[گشت]ی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۱ / دیوانی ۱۳۱ مورخہ ۴ خورداد ۱۳۰۷ ف

[دفعہ] (۲۰۹) در صورتیکہ مثل ملزمین روانہ ہوجائے (در عدالت ابتدائی اُس میں [کارروا]ئی سے مصدور ہو تو مقدمہ کا اخراج لازم ہے۔ | (۱) دورہ عدالت العالیہ میں معلوم

(۳) یہی عمل برطانیہ ہند میں حسب قواعد مندرجہ سول سروس رگیولیشن کیا جاتا ہے۔

(۴) ملازمین میونسپل جب کسی مقدمہ میں بطور شاہد کے طلب کئے جائیں تو اُن کو خوراک وغیرہ جو عدالت دلاجائے وہ سرکاری خزانہ متعلق میونسپل میں جمع ہونا چاہئے۔

(۵) حسب قواعد عدالت ملازمین میونسپل کو ہر مقدمہ میں عدالت خوراک اور بھتہ کی نسبت باقاعدہ تجویز کرے گی اور وہ رقم خزانہ سرکار شاخ میونسپل میں جمع کردیجائے گی۔

(۶) میونسپل کو چاہئے کہ اپنے ملازمین کو علاوہ تنخواہ کے جو خرچ سواری وخوراک تجویز کرے وہ حسب قواعد نافذۂ میونسپل اُن کو ادا کرے۔

(۷) کوئی عدالت مجاز نہیں ہے کہ کسی ملازم سرکاری کو بلا اجازت سرکار کوئی رقم بطور مصارف یا گذارہ کے ادا کرے۔ کیونکہ ملازم سرکاری کا وقت جو صرف ہوتا ہے اُس کے عوض میں اُس کو تنخواہ اور بھتہ سررشتہ متعلقہ سے ملتا ہے۔ دیکھو دفعات ۱۲۴۴ - ۱۲۴۵ سول سروس رگیولیشن برطانیہ ہند۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۷) مورخہ ۱۱ آبان ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۱۲) موازنہ شہادت طبیب اور افسر کے سند کی وقعت	(۱) بعض مقدمات صفائی بلدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ تعلقات فوجداری عدالت ہائے بلدۂ مذکور کو طبیب افسر

کے سرٹیفکٹ پر موازنہ شہادت میں مغالطہ ہوتا ہے لہٰذا ہدایات ذیل شایع کی جاتی ہیں۔

(۲) طبیب حفظ صحت یعنی ہلتھ افسر جب اسسٹنٹ ضلع کے درجہ کا ہو تو اسکی سند یعنی سرٹیفکٹ افسر مذکور جن اشیا کی نسبت جو اُس نے معائنہ کیے ہوں بادی النظر میں ثبوت طبی موجود ہونا عدالت تجویز کرسکتی ہے اس سے زیادہ وقعت طبیب مذکور کے سند کی نہیں ہے۔

(۳) اگر کوئی ثبوت اس کے مخالف پیش نہ ہو تو عدالت اسکی صحت تسلیم کرنے کی مجاز ہے۔ (۴) اگر فریق مقدمہ چاہیں تو اسکے خلاف یا اسکے تائید میں حسب صوابدید خود شہادت پیش کرسکتے ہیں یا بذریعہ عدالت کی اُس شہادت کو طلب کراسکتے ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۸) مورخہ ۱۱ آبان ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۱۳) فیس سول سرجن ضلع	(۱) مقدمات صفائی بلدہ حیدرآباد کے معائنہ

سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر احمد مرزا صاحب ہلتھ آفیسر صفائی بلدہ کے فیس کے تقرر کی ضرورت ہے لہٰذا تمام حکام عدالت کو ہدایت کیجاتی ہے کہ ہلتھ آفیسر صفائی بلدہ جو سول سرجن ضلع کے درجہ کے ہوں ان کو فیس جب

(۶) کارآموزان اور امیدواران سابقہ کا اندراج بھی اس رجسٹر میں بوقت آغاز رجسٹر کر دیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۴ / دیوانی ۳۶ مورخہ ۲۶ امرداد سنہ ۱۳۰۷ف

مضمون (۲۱۱) تعین اوراق دستاویز۔ | دستور العمل اوراق نامنظوری حسب یادداشت جناب نواب مرحم الدولہ بہادر سالار جنگ ۱۲۳۵ مورخہ ۱۵ شعبان سنہ ۱۲۹۳ھ مجلس نظام امور مالگزاری بذریعہ گشتی نشان (۱۰) مورخہ ۷ شعبان سنہ ۱۲۹۲ھ جاری ہوا ہے لیکن چونکہ اس کے اجرا کو عرصہ ہوا اور یہ زبان فارسی میں ہے لہذا اس کا ترجمہ زبان اردو میں واقفیت عام جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۲ ۔۔۔ سنہ ۱۳۰۷ف ۔۔۔ حصہ اول صفحہ ۴۸ تا ۵۱ میں تحت احکام نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی (ملاحظہ فہرس) شائع کیا گیا ہے پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۵) مورخہ ۹ شہریور سنہ ۱۳۰۷ف

مضمون (۲۱۲) اضلاع میں اہالیان کوتوالی پر حبس بیجا کے مقدمات کی اجازت۔ | (۱) منشاء مدار المہام سرکار عالی جو جریدہ مورخہ ۲۱ امرداد سنہ ۱۳۰۷ف صفحات ۲۲ و ۲۳ حصہ اول میں شائع کیا ہے وہ بغرض اطلاع عام گشت کرایا جاتا ہے۔

(۲) اضلاع میں صرف اول تعلقدار و ناظم عدالت فوجداری ضلع اس امر کے مجاز ہوں گے کہ اہالیان پولیس پر حبس بیجا کے مقدمات قائم کریں۔

(۳)۔ اگر کسی دوم یا سوم تعلقدار یا تحصیلدار کو حبس بیجا کے مقدمہ کسی عہدہ دار پولیس پر قائم کرنا منظور ہو تو باظہار واقعات اول تعلقدار و ناظم عدالت فوجداری ضلع کے پاس کارروائی منتقل کردیں اول تعلقدار و ناظم عدالت ضلع بعد غور اسکی تحقیقات کی نسبت باختیار خود یا بحصول اجازت محکمہ بالا حسب ضابطہ کارروائی کرنیکے مجاز ہونگے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۶ / دیوانی ۳۷ مورخہ ۱۱ آبان سنہ ۱۳۰۷ف

مضمون (۲۱۳) ملازمین میونسپل تعریف عہدہ داران سرکاری میں داخل ہیں | (۱) تمام ملازمین سرکاری کو تنخواہ اور بھتہ خزانہ سرکاری سے ملتے ہیں۔

(۲)۔ تمام ملازمین میونسپل کو خزانہ سرکاری تا فنڈ میونسپل سے مشاہرہ اور خوراک اور بھتہ ملنا چاہئے۔

حسب صوابدید اُس کے نیلام کا باضابطہ حکم دے سکتا ہے تاکہ بلا توقف غیر ضروری اسکا نیلام کر دیا جائے۔

(۴) اگر کسی مقدمہ کا مال زیر بحث ایسا ہو کہ وہاں نیلام میں سامان کی معقول قیمت وصول ہونے کی امید ہے تو حاکم عدالت خاص حکم دے سکتا ہے کہ بمقام بازار کسی مقدمہ میں کوئی مال نیلام کیا جائے

(۵) ایسی خاص حالتوں سے جو صوابدید عدالت پر منحصر ہیں گشتی سابقہ متعلق نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ / دیوانی ۱ مورخہ ۱۶ آذر ۱۳۰۸ف

مضمون	حوالہ
مضمون (۲۱۸) حکام عدالتی پر دوران دورہ دفاتر رجسٹری کی تنقیح لازم ہے۔	(۱) فقرہ (۹) مراسلہ معتمد عدالت نشان (۱۳۰) مورخہ ۳ فروردی ۱۳۰۸ف ریویو رپورٹ رجسٹریشن بابتہ ۱۳۰۵ف

ملاحظہ ہوا۔

(۲) مراسلہ مذکور میں شکایت کی گئی ہے کہ رجسٹراران اضلاع اندور، محبوب نگر، میدک، اورنگ آباد، گلبرگہ، رائچور نے سال زیر ریویو میں مطلق دورہ نہیں کیا ہے باوجودیکہ سال ماقبل ۱۳۰۴ف میں اس طرف توجہ دلائی گئی تھی۔

(۳) عدالت العالیہ اس شکایت کو مخصوصاً حکام عدالتی کی نسبت بالکل ناپسند کرتی ہے۔

(۴) بغرض پابندی و تعمیل حکام عدالتی کے بذریعہ گشتی ہذا بمنظوری اجلاس انتظامی حکم ذیل جاری کیا جاتا ہے۔

(۵) تمامی عدالتی حکام جو عدالتوں کی تنقیح کے لئے مصروف دورہ ہوں اُنکو لازم ہے کہ عدالتوں کے ضمن میں دفاتر رجسٹری ماتحت کی تنقیح بھی کر لیا کریں۔

(۶) اس غرض سے کہ عدالت العالیہ کو اطمینان ہو کہ حکام عدالتی نے دفاتر رجسٹری کی بھی تنقیح کی ہے عدالت العالیہ حکم دیتی ہے کہ روزنامچہ دورہ میں حکام عدالتی کو صراحتہً لکھنا چاہئے کہ کن دفاتر رجسٹری کی تنقیح کی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳) مورخہ ۱۶ آذر ۱۳۰۸ف

مضمون	حوالہ
مضمون (۲۱۹) اہل کوتوالی پر مقدمات حسن چال قائم کرنے کے لئے حاکم مجاز کی منظوری۔	(۱) دیکھو جریدہ سرکاری مورخہ ۱۲ امرداد ۱۳۰۵ف نمبر ۲۰ اوّل صفحہ (۲۲۳)

(۲) حسب الحکم مدارالمہام تمام عہدہ داران عدالت مطلع کئے جاتے ہیں کہ بلا منظوری حکام ذیل کے

بطور گواہ کے طلب ہوں تو بذریعہ حاکم کے دلائی جائے ۔

(۲) ہلتہ افسر صفائی بلدہ ملازم سرکار ہیں اور انکی فیس میونسپل کے حساب میں بخزانہ سرکار جمع ہونا چاہئے ۔

(۳) ڈاکٹر احمد مرزا صاحب ایم ۔ بی ۔ سی ۔ ایم ۔ بی ۔ ایس ۔ سی ۔ ہلتہ افیسر جن ضلع کے درجہ کے ہیں اور جب وہ شہادت میں طلب کئے جائیں تو انکی فیس بھی بذریعہ حاکم ہر مقدمہ میں وصول ہو کر خزانہ میونسپل میں جمع کیجائے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۹) مورخہ ۱۱ آبان ۱۳۰۷ف

مضمون (۱۶) ۲ ، مقدمات فوجداری میں جو جنگل مسروقہ حتی الوسع عہدہ دار جنگلات کی معرفت نیلام ہوا کرے ۔	(۱) ۔ حسب ایماء سرکار جس کی اطلاع بذریعہ مراسلہ نشان (۱۴۴۲) مورخہ ۲۴ شہریور ۱۳۰۶ف ہوئی یہ مسئلہ عدالت العالیہ کے اجلاس انتظامی میں پیش کیا گیا ۔ اور

بعد منظوری سرکار جو بذریعہ مراسلہ تحریری (۱۲۰) مورخہ ۳۱ ہیر ۱۳۰۷ف صادر ہوئی ہے حکم ذیل صادر کیا جاتا ہے ۔

(۲) جب مال مسروقہ بحق سرکار ضبط ہوتا ہے تو حسب قواعد نیلام مندرجہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی اُس ذریعہ سے سامان نیلام کرنا چاہئے جو بہترین طریقہ ہو ۔

(۳) درصورت چوب جنگلہ سرکاری کے عمدہ طریقہ یہ ہے کہ اگر عہدہ دار دفتر چوب بینہ موجود ہو تو بجائے ناظر عدالت کے اُسکی معرفت چوب بینہ مسروقہ نیلام کیا جائے تاکہ آسانی اندازہ قیمت ہو کر عہدہ دار سررشتہ جنگلات چوب بینہ مسروقہ با ضابطہ نیلام کر کے قیمت خزانہ سرکار میں جمع کر سکے اس صورت میں امید ہے کہ کفایت خرچ ہو اور مناسب قیمت وصول ہو سکے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۶ آذر ۱۳۰۸ف

مضمون (۱۶) ۲ ، آوارہ مویشی کا نیلام کب ہو سکتا ہے	(۱) دیکھو گشتی عدالت العالیہ فوجداری نمبر ۴ ۵ مورخہ

۸ مہر ۱۳۰۶ف مثل نمبر ۱۶۵۱ ۱۳۰۶ف صیغہ انتظامی ۔

(۲) عام طور پر کوئی مال بروز تعطیل نیلام کرنا جائز نہیں ہے لیکن خاص صورتوں میں مال کا نیلام بحکم حاکم متقدر حسب الحکم اُس کے ہمیشہ عمل میں آسکتا ہے ۔

(۳) اگر مال خراب جاتا ہو یا اُس کے مصارف اسکی قیمت سے زاید ہوتے ہوں تو ناظم عدالت

ہو گئے ہیں اُنکے اتلاف کی کارروائی ہر سال فصلی کے ماہ خورداد میں عمل میں آیا کرے گی۔

نگرانی اتلاف کاغذات سرکار

دفعہ (۲) عدالت العالیہ میں زیر نگرانی معتمد یا مددگار معتمد جس کو اعلاحضرت نظامی نامزد کرے اور دیگر عدالتوں میں خاص زیر نگرانی ناظم اُس عدالت کے اتلاف کی کارروائی عمل میں آئے گی۔

سوخت کردہ کاغذات مہر کا

دفعہ (۳) قبل اتلاف کے اہلکار یا ناظم نگران کار اتلاف کو اس امر کا اطمینان کر لینا چاہئیے کہ کاغذات مختوم اور ٹکٹ مستعملہ حسب ضابطہ سوخت ہو چکے ہیں یا نہیں۔ اگر با ضابطہ سوخت نہ ہوتے ہوں تو چاہئیے کہ اُنکو اسی موقعہ میں سوخت کر دے۔

طریقہ اتلاف کاغذات

دفعہ (۴) اتلاف کاغذات بذریعہ پھاڑ ڈالنے کاغذات کے ہوگا بجز اُن کاغذات کے جو کاغذات مختوم پر ہوں کہ یہ کاغذات جلا دئے جایا کریں گے اور جن کاغذات پر ٹکٹ طلبانہ یا رسیدات چسپاں نہ ہوں گے ایسے کاغذات کے وصل سے ٹکٹ جلا دئے جایا کریں گے۔

نیلام عام کاغذات کا ہو کر زر ثمن بطور آمدنی عدالت جمع ہوگا۔

دفعہ (۵) بعد پھاڑ ڈالنے کے چاہئیے کہ کاغذات بذریعہ نیلام عام عدالت میں فروخت کئے جاویں اور اُنکی آمدنی مد متفرق عدالت خزانہ سرکار عالی میں جمع کیجاوے۔ نیلام کیلئے اُن قواعد کی پابندی ہوگی جو ضابطہ دیوانی میں درج ہیں۔

باغراض گشتی ہذا کاغذات مسلک الف و ب کی تعریف بطور کامل کی گئی ہے

دفعہ (۶) ہر چند کہ گشتی عدالت العالیہ سلسلہ دیوانی (۱۵) و فوجداری (۱۹) مورخہ ۱۰ مہر ۱۲۹۶ف میں اسلہ کی تفریق مسلک الف و ب میں کرنے کا حکم ہے اور اُس میں تصریح اس کی کی گئی کہ کون کاغذات مسلک الف کے ہیں اور کون مسلک ب کے ہیں موجود ہے مگر باغراض گشتی ہذا ضرور ہے کہ مسلکات الف و ب کی تصریح بطور کامل کر دیجائے تاکہ اتلاف کے وقت کوئی شبہ یا شک باقی نہ رہے۔

۱۲۹۶ف کے قبل کی مرتبہ اسلہ کی تفریق بھی الف و ب میں کر لی جانی چاہئے۔

دفعہ (۷) گشتی مذکورہ کے فقرہ (۲) کے قبل امثلہ تفریق مسلکات الف و ب میں نہیں ہوئی ہے اہلکار یا ناظم عامل اتلاف کاغذات کو چاہئیے کہ باغراض گشتی ہذا ۱۲۹۶ف کے قبل کی مرتبہ اسلہ کی تفریق مسلکات الف و ب میں حسب تصریح فقرہ (۹) گشتی ہذا کرا دے اور بعد اُس کے کاغذات شمولہ امثلہ کے اتلاف کا حکم بپابندی قواعد مذکورہ گشتی ہذا کے صادر کرے۔

اسلہ دیوانی و فوجداری کی تفریق علیحدہ علیحدہ مسلک الف و ب میں ہوگی۔

دفعہ (۸) تمامی امثلہ دیوانی و فوجداری مسلکات الف و ب میں علیحدہ علیحدہ مرتب

کسی اہل کو توالی رجسٹر ہا کا مقدمہ قائم نہ کیا جائے۔

(۳) اضلاع میں صرف ناظم فوجداری ضلع اس امر کا مجاز ہے کہ اہالی کو توالی پر جس بجا کے مقدمات قائم کرنے کی منظوری عطا کرے۔

(۴) اگر کسی ناظم فوجداری درجہ دوم یا سوم کو حبس بجا کا مقدمہ کسی اہلکار کو توالی پر قائم کرنا ضروری معلوم ہو تو بالہیاد واقعات ناظم فوجداری ضلع کے پاس مقدمہ منتقل کرے۔

(۵) ناظم فوجداری ضلع بعد ملاحظہ مسل اسکی تحقیقات کی نسبت باختیار خود یا بحصول منظوری افسر اعلیٰ حسب ضابطہ عمل کرنیکے مجاز ہوں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ / دیوانی ۴ مورخہ ۴ / ۱۲ اسفندار ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۱۸) قواعد اتلاف اسناد و کتب و دیگر کاغذات بیکار محکمہ عدالت۔

باب اول

مراتب ابتدائی۔

تمہید ۔ چونکہ ابتک قواعد متعلق اتلاف اسناد و کتب و دیگر کاغذات عدالتی مرتب اور نافذ نہیں ہوئے ہیں اور بدیں وجہ کاغذات بیکار کی وجہ سے محافظ خانوں میں کاغذات ضروری محفوظ رکھنے کے لئے کافی گنجائش نہیں رہی ہے لہذا عدالت العالیہ بروئے اختیارات حاصلہ دفعہ ۴ قانون تلف کاغذات بیکار مصدرہ ۱۹ اسفندار ۱۳۰۵ف نشان (۳۲) ۱۳۰۵ف مطبوعہ جریدہ ۸ فروردی ۱۳۰۵ف جلد ۲۷ نمبر ۲ قواعد ذیل بعرض پابندی تمام عدالت ہائے ممالک آصفیہ کے بعد منظوری عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی جو بذریعہ مراسلہ سرکار عالی صیغہ عدالت نشان (۳۳۱) مورخہ ۴ اسفندار ۱۳۰۸ف حاصل ہوئی بذریعہ گشتی ہذا نافذ و مشتہر کرتی ہے۔

باب دوم

تام عام

تلف شدنی کاغذات	دفعہ (۱) پابندی قواعد مجوزہ کسی نہ کسی مدت مقررہ تک کتب یا دیگر کاغذات قابل تلف

جائداد و جرمانہ گواہان ۔

(۱۴) فیصلہ یا دیگر حکم اخیر عدالت ۔

(۱۵) صحت فیصلہ مرتبہ عدالت ۔

(۱۶) دیگر جملہ یادداشت ہائے عدالت دستخطی و تحریری حاکم عدالت ۔

(۱۷) درخواست ہائے تجویز ثانی ۔ فیصلہ معہ احکام عدالت ۔

(۱۸) فیصلہ جات و صحت فیصلہ عدالت ہائے مرافعہ اگر کوئی ہو ۔

(۱۹) ۔ تمام احکام جو کارروائی تعمیل فیصلہ میں صادر ہوں معہ تمام درخواست ہائے تعمیل و عذرداریہائے متعلقہ تعمیل و حکمنامہ ہائے تعمیل شدہ و اطلاعنامہ جات و کیفیت و جوابات متعلقہ ۔

(۲۰) تمام رسیدات وصول زر یا جائداد و اقرارات مسمولہ کارروائی تعمیل فیصلہ

الف (۲) مقدمات مرافعہ میں یہ کاغذات ہوں گے ۔

(۲۱) ۔ فہرست کاغذات ۔

(۲۲) فرد احکام مسلسل و فرد صفحہ ۔ روبکار یا چہ طلبیانہ ۔

(۲۳) یادداشت موجبات مرافعہ ۔

(۲۴) نقول تجویزات و صحت فیصلہ عدالت ہائے ماتحت جو موجبات مرافعہ کے ساتھ داخل ہوں ۔

(۲۵) کوئی عذرات المقابل جو مدعا علیہ نے مطابق دفعہ (۴۹۲) گشتی نشان دیوانی (۲) ۱۳۰۳ف کے داخل کئے ہوں ۔

(۲۶) امور تنقیح و تجویز طلب جو عدالت مجاز سماعت مرافعہ نے واسطے تجویز کے عدالت ماتحت میں بھیجے ہوں معہ شہادت کے جو عدالت ماتحت نے بربنائے حکم عدالت مرافعہ لی ہو وہ تجاویز عدالت ہائے ماتحت نسبت امور مذکورہ کے ۔

(۲۷) کارروائی اپیل کمیٹی محکومہ عدالت مرافعہ و کیفیات اپیل کمیٹی ۔

(۲۸) شہادت مزید زبانی یا تحریری جو عدالت مرافعہ نے جو مطابق دفعہ (۵۰۰) گشتی نشان دیوانی (۲) ۱۳۰۳ف کے لی ہو ۔

(۲۹) درخواست ہائے تقرری ثالثان معہ عدالت مرافعہ حکم تقرری ثالثان صادرہ عدالت مرافعہ فیصلہ ثالثان یا دیگر قطعی جوابات ثالثوں کے معہ کارروائی و اظہارات و دستاویزات مرسلہ و مدخلہ ثالثان درخواست

کی جاوہیں گی۔

باب سوم

تقسیم مسلکات مسلہ۔

مسلہ دیوانی کے مسلک (الف و ب) کے کاغذات کی تفصیل | دفعہ (۹) مسلہ دیوانی کی صورت میں حصہ الف مشتمل کاغذات ذیل پر ہوگی۔

(الف) ۔مقدمات ابتدائی میں۔

(۱) ۔ فہرست کاغذات۔

(۲) ۔ فرد احکام مسلسل و تنقیح ۔ روزنامچہ مسلسانہ۔

(۳) عرضی دعوی معہ کسی فہرست کے جو اُس کے ساتھ مسلک ہو اور تمام اصل یا نقل دستاویزات جو ہمراہ عرضی دعوے کے داخل عدالت ہوئے ہوں۔

توضیح (۱) مقدمات متفرق میں سوال یا درخواست تحریری اُس فریق کی جس نے عدالت میں اوّلاً تحریک کی ہو بجائے عرضی دعوے متصور ہوگی۔

(۴) ۔ بیانات تحریری و عذرات فریقین۔

(۵) درخواست ہائے اشخاص غیر متعلقہ نالش معہ احکام عدالت جو اُن پر صادر ہوں۔

(۶) یادداشت اقرار یا امور تنقیح طلب مرتبہ یا مرتبہ اگر کوئی ہوں۔

(۷) ۔ اظہارات گواہان۔

(۸) ۔ دیگر تمام دستاویزات جو منتخب اوّل یا بعد وقت تجویز بطور شہادت فریقین عدالت میں لئے گئے ہوں

(۹) حکم تقرر ال کمیشن معہ کارروائی بروئے احکام مذکور کیفیت پیش کردہ اہل کمیشن۔

(۱۰) کیفیت گذرانندہ محافظ خانہ

(۱۱) درخواست ہائے تقرر ثالثان ۔ احکام تقرر ثالثان فیصلہ ثالثان یا دیگر جوابات و کیفیات ثالثان یا کارروائی و اظہارات و دستاویزات مرسلہ ثالثان درخواست منسوخی فیصلہ ثالثان (اگر گذرانی گئی ہو۔) معہ احکام عدالت

(۱۲) باز دعوے ۔ صلحنامہ ۔ راضی نامہ ۔ اقبال دعوے ۔ درخواست دخال زر دعوہ بدوران مقدمہ۔

(۱۳) احکام امتناعی و گرفتاری و قرقی قبل فیصلہ معہ تمام کاغذات متعلقہ اُس کارروائی کے جو احکام قرقی

(۱۱) حکمنامہ جات جو بعد تعمیل حکم سزا واپس آئے ہوں ۔ (۱۲) کل کارروائی متعلق وصول جرمانہ ۔

الف (۲) تحقیقات و تجاویز عدالت ابتدائی فوجداری میں یہ کاغذات ہوں گے ۔

(۱۳) فہرست کاغذات (۱۴) فرد احکام مسلسل ۔

(۱۵) چالان پولیس معہ حیانامہ یا عرضی استغاثہ مدعیان منصت ۔

(۱۶) جملہ اظہارات گواہان و بیانات ملزم ۔

(۱۷) کل شہادت تحریری و احکام اجرائی کمیشن معہ شہادت قلمبند شدہ و رپورٹ اہل کمیشن ۔

(۱۸) فرد قرارداد جرم جبکہ مرتب ہو ۔ (۱۹) ۔ حکم اخیر عدالت ۔

(۲۰) ۔ جملہ یادداشت ہائے قلمی و دستخطی حاکم ۔

(۲۱) حکم عدالت معہ دراں مقدمات میں جو واسطے منظوری سزا بالا رائے کے ارسال کئے گئے ہوں ۔

(۲۲) تجویز عدالت مرافعہ (اگر کوئی ہو) (۲۳) فیصلہ عدالت مشترک بعسہ نگرانی (اگر کوئی ہو)

(۲۴) وارنٹ جو بعد تعمیل حکم سزا کے واپس آ گئے ہوں ۔ (۲۵) کل کارروائی متعلقہ وصول جرمانہ

(۲۶) محلکہ و ضمانت نیک چلنی و حفظ امن جو لئے گئے ہوں ۔

(۲۷) کارروائی مشمولہ اظہارات و حوالات و دیگر کاغذات متعلقہ مقدمہ و تجویز حاکم بعدالت سفری خود بعدالتی مصرحہ نقشہ (۲) فوجداری سالانہ ۔

الف (۳) ۔ مقدمات مرافعہ میں یہ کاغذات ہوں گے ۔

(۲۸) فہرست کاغذات ۔ (۲۹) فرد احکام مسلسل فرد تنقیح ۔

(۳۰) موجبات مرافعہ ۔ (۳۱) نقول تجویز و احکام عدالتی مرافعہ عنہا ۔

(۳۲) کوئی شہادت مزید زبانی یا تحریری جو عدالت مرافعہ لے ۔

(۳۳) حکم اخیر عدالت ۔ (۳۴) جملہ یادداشت ہائے قلمی و دستخطی حاکم عدالت (۳۵) تجویز و حکم اخیر عدالت عالی مرافعہ ...

سلک ب میں وہ تمام کاغذات ہوں گے جو حسب متذکرہ بالا سلک الف میں شامل ہونے کے قابل ...

باب چہارم

میعاد تحفظ کاغذات

دفعہ (۱) ۔ مثل و کاغذات ذیل وہ اختتام رکھے ... اسنادو کاغذات جو دائماً محفوظ رہیں گے

مسودہ فیصلہ یا مثل معہ احکام عدالت کے جو اُس پر صادر ہوئے ہوں ۔

(۳۰) بار دعوی راضی یا صلحنامہ یا اقبال دعوی جو عدالت مرافعہ میں داخل ہو ۔

(۳۱) تجویز یا دیگر حکم اخیر مصدرہ عدالت مرافعہ ۔

(۳۲) مسودہ فیصلہ عدالت مرافعہ ۔

(۳۳) حکمنامہ وانسب ہائے دستخطی و تحریری حاکم مرافعہ ۔

(۳۴) درخواست ہائے تجویز ثانی فیصلہ معہ احکام عدالت ۔

(۳۵) کوئی تجویز رونقل فیصلہ اعلیٰ عدالت مرافعہ ۔

(۳۶) درخواست دیگر اشخاص کی مضمون اس کے کہ وہ مقدمہ مرافعہ میں فریق قرار دیئے جائیں ۔

توضیح (۲) مقدمات متفرق میں سوال یا درخواست تحریری اُس فریق کی جس سے سوال شامل اول تحریر کیا گیا ہو سکاتے موجبات مرافعہ کے مستور ہوگی

سلک (ب) میں وہ تمام کاغذات شامل ہوں گے جو حسب صدر کردہ بالا سلک الف میں شامل ہونے کے قابل نہیں ہیں ۔

مسل فوجداری کے سلک الف کی کاغذات کی تفصیل | دفعہ (۱) امثلہ فوجداری میں سلک الف مشتمل کاغذات ذیل پر ہوگی ۔

الف ۔ (۱) مقدمات ابتدائی محورہ عدالت میں جہاں مقدمہ فوجداری واسطے تجویز اصل یا تصحیح کے تفویض کیا جائے ۔

(۱) فہرست کاغذات ۔ (۲) فرد احکام مسل ۔

(۳) فرد قرارداد جرم قرارداد عدالت ابتدائی یا قرارداد مرتبہ حاکم عدالت تجویز اجرا یا تصحیح ۔

(۴) تمام اظہارات گواہان و بیانات ملزمین معہ اُن اظہارات و بیانات کے جو حاکم فوجداری ابتدائی نے منتقل یا تفویض کئے ہوں ۔

(۵) کل شہادت تحریری و احکام اجرائی کمیشن معہ رپورٹ کمیشنر و شہادات ملحقہ ۔

(۶) حکم اخیر ۔ (۷) فیصلہ متعلق عدالت اگر لیا گیا ہو ۔ (۸) تعمیل یادداشت ہائے نقلی و دستخطی حاکم عدالت

(۹) ۔ تجویز عدالت مرافعہ ۔ (اگر کوئی ہو)

(۱۰) ۔ حکم مصدرہ عدالت العالیہ یا دیگر عدالت مرافعہ بحیثیت عدالت مستدرک عنہ یا نگرانی کے ۔

پانچ سال کے بعد انہی جھاؤ کمان کے اتلاف کا حکم دیسکتے ہیں جو محض ضابطہ کی یا جبدر دوزہ قسم کی ہو اور افسر موصوف قبل اصدار حکم ہر ایک کاغذ کی نسبت جس کے اتلاف کا حکم دیا جائے بذات خود اطمینان کرلیں کہ اسکا قائم رکھنا آئندہ کوئی ضروری تو نہیں ہے۔

توضیح (۲) ضرور ہے کہ ایک فہرست کل ایسے کاغذات کی تیار کیجاوے جنکی نسبت حسب ضمن ہذا اتلاف کی تجویز ہوا اور واسطے منظوری کے اُن محکمہ جات میں بھیجی جاوے جنکا ذکر استثناء مذکورۂ بالا میں ہوا ہے اور بعد منظوری کے اتلاف کی کارروائی عمل میں آوے مگر فہرست ہذا علی الدوام قائم رکھی جاوے گی۔

دفعہ ۱۳ ۔ اسلحہ جو ساٹھ سال تک قائم رکھی جاوینگی۔

اسلحہ ذیل ساٹھ سال تک قائم رکھی جاوینگی اور بعد ازاں تلف کیجاوینگی۔

(۱) امسلۂ انتظام جائداد و لاوارثہ۔

(۲) سلک (الف) ایسے جرائم کے مقدمات کی جسکی اطلاع سرکار میں دینا ہر ایک شخص پر فرض ہے اور جن میں سب اشخاص میں سے کوئی شخص گرفتاری سے بچ گیا ہو۔

استثناء۔ جب کبھی یہ معلوم ہو کہ وہ مجرم یا مجرمان جن کے امسلہ مذکور مرتب کئے گئے ہوں فوت ہوگئے ہیں تو ایسے امسلہ تلف کئے جاسکتے ہیں۔

(۳) سلک (الف) ایسے مقدمات فوجداری کی جن میں جرم مرتکبہ کی سزا موت یا حبس دوام ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ مجرم کون ہے۔

توضیح۔ (۱) امسلہ مندرجہ ضمن (۲) و (۳) جب وہ وقت آجاوے کہ وہ معمولی حالات میں قابل اتلاف کے ہوجائیں تو علیحدہ بستہ مقدمات مجرمان مفرور و نامعلوم الاسم میں رکھے جائیں گے۔

(۴) سلک (الف) مقدمات فوجداری کی جن میں کوئی شخص مجنون متعلق ہو بجز اُس صورت کے کہ شخص مذکور کی نسبت بعد میں تجویز مقدمہ کی کیجائے یا وہ فوت ہوجاوے۔

دفعہ ۱۴ ۔ اسلحہ جو تیس سال تک قائم رکھے جاوینگے۔

اسلحہ ذیل تیس سال تک قائم رکھے جاوینگے اور بعد ازاں تلف کئے جاوینگے بجز اُس صورت کے کہ اُن کا قائم رکھنا وجوہ خاص مندرجہ ذیل میں سے کسی وجہ کی بناء پر ضروری ہو۔

(۱) سلک (الف) اُن مقدمات کی جنکی تجویز عدالت فوجداری مقدمہ نے بدیں صیغۂ منظوری سزا یا تجویز بصیغۂ تصحیح کی ہو مگر جس حال میں کہ حکم سزا کی پوری تعمیل نہ ہوئی ہو تو مثل تا وقتیکہ حکمنامہ قائم رکھی جاویگی

جانیں گے بعد درگیبی تلف نہ کئے جاویں گے ۔

(۱) مثل الف ۔ کل ناشنات ابتدائی و مقدمات مرافعہ کے جو جائداد غیر منقولہ کے استحقاق کے متعلق ہوں ۔

نوٹ ۔ (۱) نالشات بقایا پن یا حصہ پیداوار بھی جبکہ تنازع نسبت استحقاق جائداد غیر منقولہ کے ضمن (۱) دفعہ (۱۵) سے متعلق ہو گا ۔

(۲) مثل (الف) کل ایسی نالشات یا مقدمات مرافعہ کی جو کسی منصب کے وراثتاً پانے یا تعین کے اثبات یا تصحیح یا بطور دیگر کسی شخص کا منصب تجویز کرنے کے متعلق ہوں ۔

(۳) مثل الف ۔ کل ایسی نالشات و مقدمات مرافعہ کی جو امامت یا اوقاف مذہبی سے متعلق ہوں ۔

(۴) مثل الف ۔ مقدمات انفکاک رہن یا اس کے قائم مقام حاکم کی نام مرتہن یا اس کے قائم مقام حاکم کے واسطے فک رہن جائداد غیر منقولہ کے ۔

(۵) مثل الف ۔ مقدمات میراث ۔

(۶) مثل الف ۔ مقدمات استقرار حق پاپنا یا استقرار یا انفکاک حقوق زوجیت یا اثبات و بطلان یا فسخ نکاح کے یا خلع کے ۔

(۷) امثلہ قرقی و نیلام و حوالگی جائداد غیر منقولہ بصیغہ تعمیل فیصلہ بشمول جملہ عذرات و کارروائی و احکام جو ان عذرات پر صادر ہوں ۔

(۸) مثل الف مقدمات انفکاک رہن جائداد غیر منقولہ بجانب مرتہن یا مقدمات تکمیل معاہدہ جائداد غیر منقولہ ۔

(۹) مثل الف ۔ مقدمات متعلق حفاظت و علحدگی جائداد و بیعنامہ و تعین وصیتی ۔

(۱۰) امثلہ متعلق ضبطی و علحدگی و انتظام جائداد مجرم کی سزا موت یا حبس دوام وغیرہ کی وجہ سے بحکم عدالت ضبط ہوئی ہو ۔

(۱۱) وہ خط و کتابت جو دیگر محکمہ جات سے دربارہ معاملات متعلقہ دادگستری ہوئی ہو اور امثلہ انتظامی معہ رپورٹہائے سالانہ و نقشہ جات منسلکہ رپورٹہائے مذکور ۔

استثناء ۔ مگر شرط یہ ہے کہ ناظم دیوانی ضلع سے کمتر درجہ کے عہدہ دار بمنظوری ناظم ضلع اور ناظم ضلع بمنظوری ناظم صوبہ یا صوبہ دار اور ناظم عدالت صوبہ یا صوبہ دار بمنظوری عدالت العالیہ اور عدالت ہائے بلدہ و ضلع اطراف بلدہ بمنظوری عدالت العالیہ اور عدالت العالیہ بمنظوری اجلاس انتظامی

(۲) سلک (الف) ان مقدمات مرافعہ فوجداری کی جو بنا راضی احکام مصدرۂ ناظم فوجداری کے گزریں

(۱) سلک (الف) اسل مقدمات محلکہ جات تحفظ امن وضمانت نیک چلنی وتنقیح عدالت و دیگر متفرق کارروائی فوجداری سرسری کواہان وتراع قبضہ و امور یا مت تکلف عام ۔

(۲) کل خط وکتابت مابین ناظم فوجداری و دیوانی ماتحت و عدالت العالیہ و دیگر کاغذات و نقشہ جات و تمام مذکور معمتہ و رپورٹ ہائے کارروائیات و درخواست وغیرہ جنکی نسبت کوئی صریح حکم کسی بابت نہ ہو مگر شرط یہ ہے کہ ادارہ انلاف کاغذات کے بارہ میں قرار دیل میں آوے اعلیٰ افسر محکمہ کو یا اخصار تجویزی کام میں لانا چاہیے اور دیکھ لینا چاہیے کہ آیا ایسے کاغذات کے آئندہ مفید ہونے کا احتمال ہے یا نہیں ۔ اگر احتمال مفید ہو سکنا پایا جاوے تو مدت خاص تک قایم رکھنے کا حکم دیوے اور بعد ازاں تلف کرا دے ۔

اسلا جو ایک سال تک محفوظ رکھے جائیں گے ۔ | دفعہ ۱۷ ۔ اسل ذیل ایک سال تک قایم رکھے جاوینگے اور بعد ازاں تلف کئے جاویں گے ۔

(۱) سلک (ب) کل دیوانی و فوجداری مقدمات ابتدائی و مرافعہ کی باستثنا مقدمات منفصلہ ایکطرفہ کے جنکا تحفظ اسوقت تک لازم ہو گا کہ ڈگری یکطرفہ منسوخ یا نا قابل تعمیل ہو جائے یا انفاذ کامل ہو جائے ۔

(۲) کارروائی ہائے ارسال و وصول اطلاع نامجات و اشتہارات و طلبی اسناد وغیرہ ۔

میعاد تحفظ کب سے شمار ہو گی ۔ | دفعہ ۱۸ ۔ میعاد ہائے مندرجہ بالا سوائے مقدمات ذیل کے تاریخ حکم آخر عدالت ابتدائی سے یا در صورت اپیل تاریخ فیصلہ اپیل سے یا در صورت دیگر قسم کے مقدمات یا کاغذات کے تاریخ حکم داخل دفتر ہونے مقدمہ یا کاغذ سے شمار ہو گی ۔

(۱) ان مقدمات گذارہ میں جو بصیغہ فوجداری تجویز ہو کر دلایا گیا ہو میعاد اس آخری حکم کی تاریخ سے شمار ہو گی جو علیہ گذارہ کے نفاذ کی بابت صادر ہوا ہو ۔

(۲) کارروائی ہائے مقدمات دیوالیہ حسب مجموعہ ضابطہ دیوانی میں میعاد عدالت کی اس حکم سے شروع ہو گی جسکی رو سے دیوالیہ کو ذمہ داری قرضہ مندرجہ فہرست سے آیندہ کے لئے بری کیا جائے ۔

یادداشت تلف مسل رجسٹر متعلقہ میں درج کیجا دیگی ۔ | دفعہ ۱۹ ۔ ایک یادداشت ہر مثل کی جو روئے قواعد ہذا تلف کیجاوے ۔ اس کے اتلاف کے وقت اس رجسٹر میں جس میں مقدمہ درج ہو تحریر کیجاوے گی اور اس پر افسر ذمہ دار کے دستخط ثبت ہوں گے ۔

فہرست تلف شدہ کاغذات کی دواماً محفوظ رہیگی ۔ | دفعہ ۲۰ ۔ فہرست کاغذات ہر ایک مثل تلف شدہ کی

اور بعد واپسی حکمنامہ تعمیل ہر ایک کے سامنے لکھا جاوے گی ۔

(۲) فرد قرار داد جرم اور تجویز و حکم سزا ایسے مقدمات میں جن میں کوئی ایسا جرم ثابت قرار پایا ہو جس کے دوبارہ ثابت قرار پانے کی صورت میں [illegible] مابعد کی سزا کا [illegible] ہو باعث اس کے لئے سزا مزید تجویز ہو سکتی ہو

(۳) سلک (الف) ایسے مقدمات کی جن میں کسی عہدہ دار سرکاری کی نسبت تجویز ہوئی ہو عام اس سے کہ نتیجہ اس مقدمہ کا کچھ ہی کیوں نہ ہوا ہو ۔

اسلہ جو بارہ سال تک محفوظ رکھے جاویں گے | دفعہ ۱۴ ۔ اسلۂ ذیل بارہ سال تک محفوظ رکھے جاویں گے اور بعد ازاں تلف کئے جاویں گے ۔

(۱) سلک (الف) ایسے مقدمات کی جن میں بذریعہ [illegible] فوجداری کے [illegible] سال کا دلایا ہو ۔

(۲) کارروائی مقدمات دیوانی حسب دفعات ۱۲۴ و ۱۲۶ گشتی نشان (۲) سنہ [illegible] ۔

اسلہ جو چھ سال تک قائم رکھے جاویں گے ۔ | دفعہ ۱۵ ۔ اسلۂ ذیل چھ سال تک قائم رکھے جاویں گے اور پھر تلف کئے جاویں گے بجز اس صورت کے کہ انکار کرنا وجوہ خاص مندرجہ ذیل میں سے کسی وجہ کی بنا پر ضروری ہو

(۱) سلک (الف) تمام ناتمام شدہ مقدمات [illegible] کی سوائے اُن ناتمام شدہ مقدمات [illegible] کے جو دفعہ ۱۱ کے ذیل میں آئیں مگر شرط یہ ہے کہ اگر ڈگری کا اجرا بہ تعمیل کامل نہ ہوا ہو یا وہ قابل اجرائے مزید از روئے قانون میعاد کے نہ ہو گئی ہو تو ضرور ہے کہ سلک (الف) اس وقت تک قائم رکھی جاوے جب تک کہ ڈگری کا اجرا بطور کامل نہ ہو جاوے تا کہ وہ قابل اجرائے مزید نہ ہو جاوے ۔

(۲) سلک (الف) اُن مقدمات کی جن میں حاکم فوجداری نے حسب ضمن (۷) گشتی نشان فوجداری (۶) مورخہ ۲۱ محرم سنہ ۱۳۰۳ھ تجویز کیا ہو مگر شرط یہ ہے کہ اگر حکم سزا کی پوری تعمیل نہ ہوئی ہو تو مثل تا واپسی حکمنامہ قائم رکھی جاوے گی اور پھر تلف کیجاوے گی ۔

(۳) اسلہ متعلقہ ادائے زر جرمانہ مجوزہ عدالت ہائے فوجداری و دیگر رقوم جو مثل جرمانہ وصول کیجاتی ہیں

اسلہ جو تین سال تک محفوظ رکھے جاویں گے ۔ | دفعہ ۱۶ ۔ اسلۂ ذیل تین سال تک محفوظ رکھے جاویں گے اور بعد ازاں تلف کئے جاویں گے ۔

(۱) اسلۂ مقدمات فوجداری جن کی تحریر یا تحقیقات ناظمائے فوجداری نے کی ہو اور جن کی نسبت گشتی ہذا میں اور طرح پر حکم نہ ہو ۔

نمبر شمار	مضمون رجسٹر متعلقہ صیغہ	نمبر سابق	نمبر حال	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵
۱	کتاؤنی مقدمات ابتدائی فوجداری	۱	۱	دواماً
۲	″ جرائم رپورٹ شدہ	۲	۲	″
۳	″ حکمنامجات قید -	۵	۵	″
۴	″ مقدمات مرافعہ فوجداری -	۷	۷	″
۵	″ مال لاوارث و دفینہ داخل شدہ سرکار	۱۱	۱۱	″
۶	″ مقدمات ابتدائی دیوانی -	۱	۱۴	″
۷	″ مقدمات متفرق دیوانی -	۵	۱۸	″
۸	″ مقدمات مرافعہ نمبری دیوانی -	۱۲	۲۵	″
۹	″ مقدمات مرافعہ احکام متفرق	۱۳	۲۶	″
۱۰	″ مقدمات متفرق مرافعہ -	۱۴	۲۷	″
۱۱	″ کاغذات موصولہ	۴	۳۶	″
۱۲	″ کاغذات مجاریہ -	۵	۴۰	″
۱۳	″ ارسال رقوم عدالتی بخزانہ	۹	۴۱	″
۱۴	″ نقل بند کارروائی انتظامی وغیرہ	۱۱	۴۳	″
۱۵	″ عرایض	۱۳	۴۵	″
۱۶	″ جمع و خرچ عام عدالت	۱۶	۴۸	″
۱۷	″ ردبہ عمال عدالت -	۱۷	۴۹	″
۱۸	″ مال سرکاری	۲۱	۵۳	″
۱۹	″ کتب قوانین -	۲۲	۵۴	″
۲۰	″ کاغذات مدخلہ محافظ خانہ عدالت	۰	۵۵	″
۲۱	″ ردیف کاغذات محافظ خانہ	۰	۵۶	″
۲۲	″ برآمد اسلحہ	۰	۵۷	″

دواماً قائم رکھی جاے گی اور ہر ایک کاغذ کے محاذی جو کسی ہدایت کے بموجب تلف کیا جاوے۔ فہرست کاغذات میں جو دواماً قائم رکھی جاوے گی ایک یادداشت متعلق تلف کرنے اس کاغذ کے لکھی جاوے گی

یادداشت مذکورہ وہ اہلکار یا حاکم تحریر کرسکتا ہے جو کاغذات کو فی الواقع تلف کرے اور افسران کارروائی اتلاف کو اس امر میں کہ یادداشت مذکور حسب ضابطہ تحریر کیگئی ہے اپنا اطمینان کرلینے کے لئے مناسب تدابیر اسی طور پر کرنے چاہئیں جسطرح معمولاً وہ اپنا اطمینان اس بارہ میں کرتا ہے کہ اس کے ماتحتین نے دیگر احکام گشتی ہذا کی تعمیل باضابطہ کی ہے۔

قبل اتلاف کے دستاویزات علحدہ کرلئے جاویں گے | دفعہ ۲۱ - قبل تلف کرنے مسل الف کسی کارروائی صیغہ عدالت کے اس امر میں احتیاط رکھنی ضرور ہے کہ مسل سے وہ تمام دستاویزات علحدہ کر دیجاویں جو غیر سرکاری اشخاص یا فریق مقدمہ یا گواہ کے یا خود سرکار کے بحیثیت فریق مقدمہ یا گواہ کے ہوں اور جو اس مقدمہ میں جس میں وہ پیش ہوئے ہوں بذریعہ ڈگری منسوخ یا ضبط آئندہ کے لئے بیکار نہ ہوئے ہوں یہ دستاویزات بحال رکھے جاویں گے اور یہ بہ تحریر فہرست و نمبر و تاریخ و سنہ رجوع مقدمہ و نام فریقین و تصریح اس کے کہ کس کے متعلق ہیں علحدہ رکھے جاویں گے اور فوراً اسکی اطلاع ان اشخاص کو جنھوں نے انہیں عدالت میں پیش یا داخل کیا ہو بدیں حکم دیجائیگی کہ وہ تاریخ اطلاع سے چھ ماہ کے اندر بادخال رسید انہیں واپس لیویں اور اطلاعنامہ میں صاف طور پر لکھا جاویگا کہ دستاویزات مذکور صرف انکی ذمہ داری پر عدالت میں رکھے جاویں گے اور یہ کہ عدالت کسیطرح پر انکی ذمہ دار نہیں ہے نقل اس اطلاعنامہ کی عدالت مجوزہ مقدمہ کے منظر عام پر اور نیز اس عدالت کے منظر عام پر جس کے محافظ خانہ میں وہ دستاویزات موجود ہوں آویزاں ہوگی اور اگر وہ علاقہ جو پارٹی نیچے کسی دوسری ایسی عدالت میں آویزاں ہوگی جیسے وہ عدالت تجویز کرے جس نے اطلاعنامہ متضمن واپسی دستاویزات جاری کیا ہو ضرور ہے کہ تدابیر مناسب واپسی دستاویزات کے لئے عمل میں لائے جاویں۔

باب پنجم

تحفظ رجسٹرات

تحفظ رجسٹرات دفعہ ۲۲ - تمام رجسٹرات دیوانی و فوجداری و دیگر قسم مصرحۂ ذیل تاریخ اندراج اخیر سے اس عرصہ تک محفوظ رکھے جاویں گے جسکا ذکر ذیل میں کیا گیا ہے اور بعد ازاں تلف کئے جاویں گے۔

الف رجسٹرات جو دواماً محفوظ رہیں گے۔

۳۷	ملزمان زیر حوالات	۱۳	۱۳	چھ سال
۳۸	تقسیم ماہوار۔	۸	۴	"
۳۹	آمد و صرف ٹکٹ	۱	۴۲	"

الف ۴ دفترات جو تین سال تک محفوظ رہیں گے

نمبر شمار	مضمون رجسٹر	سابقہ نمبر	نمبر حال	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵
۴۰	حاضری و عدم حاضری گواہان فوجداری ۔	۳	۳	تین سال
۴۱	کارروائی متفرقہ فوجداری ۔	۶	۶	"
۴۲	کمساوئی درخواست ہائے متفرق درمیانی مقدمہ دیوانی	۲	۱۵	"
۴۳	حاضری و غیر حاضری گواہان دیوانی ۔	۳	۱۶	"
۴۴	کمساوئی طلب نامہ جات اجرا شدہ ۔	۱۵	۲۸	"
۴۵	" عرائض واپس شدہ	۱۸	۳۱	"
۴۶	" عرائض نامنظور شدہ	۱۹	۳۲	"
۴۷	" درخواست ہائے نقول	۱	۳۳	"
۴۸	" معائنہ مثل ۔	۲	۳۴	"
۴۹	" آمد روزانہ کاغذ مختوم	۱۵	۴۰	"
۵۰	" اجرائے کمیشن ۔		۶۱	"
۵۱	" جائداد منضبط	۹	۲۳	"
۵۲	" آمد و خرچ طلبانہ ۔	۱۲	۲۹	"

۲۳	کھاونی نامراست سرداران		۵۹	دوازدہ سالہ
۲۴	، مقدمات مرجوعہ عدالت پولیس پٹیلان -	۸	۸	،
۲۵	، مراسلہ پولیس پٹیلان -	۹	۹	،
۲۶	، رخصت	۲۰	۵۲	،

الف/۲ رجسٹرات جو بارہ سال تک محفوظ رہیں گے

نمبر شمار	مضمون رجسٹر	نمبر سابق	نمبر حال	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵
۲۷	کھاونی مقدمات اجرائے ڈگری -	۹	۱۹	۱۲ سال
۲۸	آمد و خرچ مرحب ملداری بابت سرکار	۱۷	۳	
۲۹	کھاونی باقیات دیگر علاوہ مال الف -	۱۴	۴۶	
۳۰	ہراج درآمد و برآمد جانوران بیکاری -	۱	۱۰	
۳۱	ہراج مال مقدمات فوجداری	۱۲	۱۲	
۳۲	آمد و خرچ ڈگری داران -	۷	۲	
۳۳	کھاتہ ڈگری داران -	۸	۲۱	

الف/۳ رجسٹرات جو چھ سال تک محفوظ رہیں گے -

نمبر شمار	مضمون رجسٹر	نمبر سابق	نمبر حال	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵
۳۴	جرمانہ مجوزہ وصول شدہ	۴	۴	چھ سال
۳۵	دستاویزات کاغذات سادہ ناقص القیمت -	۴	۱۷	،
۳۶	ضمانت نامہ اہلکاران	۱۹	۵۱	،

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۶) مورخہ ۳ فروردی ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۲۰) محضر واقعات یعنی پنچنامہ تیار کرنے کا طریقہ۔ (۱) بجواب مراسلہ انسپکٹر جنرل پولیس اضلاع سرکار عالی نمبر (۲۲۱) مرقومہ بہمن ۱۳۰۷ف متعلقہ مثل نمبر (۱۸۳) سنہ ۱۳۰۶ف

(۲) معلوم ہوتا ہے کہ واقعات متعلقہ فوجداری کے پنچنامہ مرتب کرنے میں اہلکاران کوتوالی کو دشواری ہوتی ہے اور شہود محضر یعنی پنچنامہ کو اُن کے واقعات کا پورا علم معلوم نہیں ہوتا ہے۔

(۳) جب کسی واقعہ کا محضر یعنی پنچنامہ تیار کرنا مقصود ہو تو پولیس پٹیل کا فرض منصبی ہے کہ موقع پر دوسرے معتبر شخص سے یا خود پنچنامہ مرتب کرائے اور جو صحیح واقعات بروقت مشاہدہ میں آئیں ان کو پنچنامہ میں درج کرے۔

(۴) پنچنامہ پر صرف وہی شہود اپنے دستخط ثبت کریں گے جنہوں نے کہ واقعات مندرجہ محضر کو معائنہ کیا ہو۔

(۵) اگر کسی شاہد کو واقعات مندرجہ پنچنامہ سے اختلاف ہو تو اُس کو چاہیئے کہ جن واقعات کو اُس نے خود مشاہدہ کیا ہو اُن کو محضر کے نیچے درج کر دے تاکہ واقعات متعلقہ کی تحقیقات میں عدالت کو آسانی ہو

(۶) کسی طرح جائز نہیں ہے کہ کوئی کارسرکار محضر میں غلط واقعات درج کرے تاکہ کوئی شاہد غلط واقعات کی بابت شہادت ثبت کرے۔

(۷) اس گشتی کا ایک نسخہ تمام پولیس پٹیلان مواضع سرکار عالی کے پاس بذریعہ ناظم فوجداری ضلع ارسال روانہ کیا جائے تاکہ اسکی خلاف ورزی سرزد ہونے نہ پائے ... ہو سکے اور عہدہ داران سرکاری کو تاکید ہے کہ اس گشتی کی تعمیل کی نسبت نگرانی کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۷ / دیوانی ۵ مورخہ ۳ فروردی ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۲۲) اہلکاران کے تقررات میں منظوری حاصل کرنا کس حالت میں ضرور ہے۔	دفعہ (۱) دستور العمل عدالت العالیہ اظہارات عدالت ہائے ماتحت کے چند دفعات

دربارہ تقرر و عزل و تبدل و منظوری احکام صادرہ قابل توضیح ہیں لہذا ہدایات ذیل بغرض وضاحت احکام مذکورہ شائع کرنا قرین مصلحت ہے۔

الف ۵ رجسٹرات جو ایک سال تک محفوظ رہیں گے

نمبر شمار	مضمون رجسٹر	نمبر باب	نمبر فارم	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵
۵۲	ہراج جائداد منقولہ	۱	۲۳	ایکسال
۵۳	محبوس دیوانی	۱۱	۲۴	"
۵۵	حوالۂ متفرق	۳	۳۵	"
۵۶	آمدنی وخرچ صادر مقررہ	۶	۳۸	"
۵۷	آمدنی وخرچ صادر سوائے تقرر	۷	۳۹	"
۵۸	کھتاؤنی مقدمات پیشی ۔	۱۲	۴۳	"
۵۹	مراسلات متفرق	۸	۵۰	"
۶۰	جمع وخرچ سامان صادر ۔	۰	۵۸	"
۶۱	حاضری وبرخاست حکام وعمال	۰	۶	"
۶۲	محرراتِ وکلاء ۔	۰	۶۲	"

رجسٹر مستعملہ سابقہ مطابق اغراض مصرحۂ گشتی ہذا تلف کئے جائیں گے ۔

دفعہ ۲۳ ۔ رجسٹرات متذکرہ دفعہ ۲۲ و ۵ رجسٹرات میں جن کے لئے بالفعل احکام تیار ہی واستعمال کے جاری ہیں اور جس قدر رجسٹرات پیشتر سے عدالتوں میں مستعمل تھے اُن کے اغراض کو رجسٹرات محرریہ حال متذکرۂ گشتی ہذا سے مطابق کرکے اُن کے اتلاف کا حکم اسی مطابق دیا جائیگا ۔

اس اسلحہ و رجسٹرات کے لئے قواعد ہذا میں کوئی حکم نہیں ہے وہ تلف نہ کئے جائیں گے ۔

دفعہ ۲۴ ۔ جن رجسٹرات و اسلحہ و کاغذات کی نسبت ان قواعد میں کو حکم نہیں ہے وہ کبھی تلف نہیں ہو سکیں گے ۔

دفعہ ۹ - دفعات مذکورالصدر سے کوئی بات ہے کہ جس پر عمل ہونا چاہیے -

دفعہ ۱۰ - جب کسی ماتحت عدالت میں سررشتہ دار یا ناظر یا محافظ دفتر کا تقرر یا عزل یا تبادل منظور ہو تو حاکم عدالت متعلقہ اہلکار پسندیدہ کو نامزد کر کے ناظم عدالت یا صدر صوبہ کو اگر وہ عدالت براہ راست عدالت العالیہ کے ماتحت ہوں تو عدالت العالیہ کو مطلع کریں اور ناظم موصوف تقرر یا عزل یا تبدیل کر کے بغرض منظوری عدالت العالیہ اپنے احکام روانہ کریں تا منظوری عدالت العالیہ تقرر یا عزل و تبدیل حسب الحکم ناظم عدالت یا صدر صوبہ یا عدالت مذکور نافذ رہیگا -

دفعہ ۱۱ - عدالت العالیہ کو تقرر یا عزل و تبدیل مذکور الصدر میں اگر کچھ اختلاف ہوگا تو ناظم عدالت یا صدر صوبہ یا دیگر عدالت ماتحت کو مطلع کریگی اور تاریخ رسید حکم عدالت العالیہ سے احکام مجریہ عدالت العالیہ کی تعمیل کیجاویگی -

دفعہ ۱۲ - رخصتوں کے بارہ میں عام قاعدہ ہے کہ جو شخص مجاز تقرر ہے وہی مجاز عطائے رخصت ہے لیکن لحاظ رہے کہ جس رخصت سے ... قسم کی ہو کہ اس سے خزانہ سرکاری پر اثر مترتب ہوتا ہو تو بہتر ہے عدالت العالیہ کی منظوری اہلکاران ماسبق کے متعلق حاصل کر لیا جائے بلا منظوری عدالت العالیہ کوئی ایسی رخصت عطا کرنا جائز نہیں ہے کہ جس کا اثر خزانہ سرکاری پر مترتب ہوتا ہو -

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی آصف جاہی ذیشان فوجداری (۸) مورخہ ۷ فروردی ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۲۳) جائداد غیر منقولہ لاوارث اور مطالبات درمتوفی کی تحصیل و علاقہ و مداری ادا کرانا لازم ہے -	(۱) معائنہ ہوئے -
	(۱) مراسلہ سرکار عالی صیغہ عدالت نمبر (۲۹۲)

مورخہ ۲ ر دے ۱۳۰۸ف ... بنام عدالت العالیہ -

(۲) مراسلہ محاسب الکاری نمبر (۲۱۹) مورخہ ۲۳ اردی بہشت ۱۳۰۸ف -

(۳) گشتی عدالت العالیہ شان فوجداری ۶۴ مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳۰۱ف -

(۲) - مکتوبہ بالا سے سرکار عالی معلوم ہوا ہے کہ جائنٹ مجسٹریٹ ضلع ... کے ذمہ مطالبہ کو محکمات مذکور کے وائمہ کو ہدایت ادخال ... دیوانی کر دی اور ... خزانہ سرکاری پر جواب دینے کا بار عاید کیا بغرض انسداد ایسی غلطی کے ہدایات ذیل شائع کیجاتی ہیں -

(۳) جب عدالت فوجداری میں بمقدمہ کسی غیر منقولہ لاوارث کوئی معاملہ پیش ہو تو ناظم فوجداری کا فرض

دفعہ ۲۔ دستور العمل عدالت العالیہ سرکار عالی کی دفعہ (۵۴) سے واضح ہے کہ سررشتہ دار ناظر و محافظ دفتر کا تقرر اور عزل اور تبدیلی باختیار عدالت ہائے ہوگی دفعہ مذکورہ میں لیکن احکام مذکور الصدر کی نسبت منظوری عدالت العالیہ حاصل کرنا لازم ہے۔

دفعہ ۳۔ اہلکاران مذکور کی رخصت حسب قواعد ماہ وار اجرا ہوتی ہے بر بنائے دفعہ (۵۴) دستور العمل عدالت العالیہ منظور کر سکتے ہیں اور یہ قواعد حسب وقتاً فوقتاً ترمیم ہوتے رہتے ہیں۔

دفعہ ۴۔ حسب دستور العمل ناظم عدالت ہائے ماتحت مجریہ ۲۴ ربیع الثانی ۱۳۰۲ھ مطابق ۷ فروری ۱۲۹۴ف یہ قاعدہ مقرر کیا گیا ہے کہ جن رخصتوں کی تنخواہ منہا ہوتی ہے اُن کی منظوری عدالت العالیہ سے حاصل کرنا لازم ہے باقی رہیں رخصتیں حسب دستور العمل عدالت العالیہ بلحاظ دفعہ ۵۴ منظوری عدالت العالیہ کے بلحاظ اختیارات تقرر ناظم عدالت خود منظوری رخصت دے سکتا ہے اور عدم صراحت کا باعث ہے کیونکہ ان رخصتوں سے خزانہ سرکاری پر کچھ اثر مترتب نہیں ہوتا۔

دفعہ ۵۔ دفعہ (۲۴) دستور العمل ناظمان عدالت ہائے ماتحت میں ناظم عدالت ضلع کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ باستثنائے سررشتہ دار اپنے محکمہ کے باقی دیگر اہلکاران کا تقرر اور عزل کرے، اور اس بنا پر یہ حکم دفعہ ۵۴ دستور العمل عدالت العالیہ کے ہے اور اسکا نتیجہ یہ ہے کہ ناظر و محافظ دفتر کا تقرر کریں گے تو منظوری عدالت العالیہ سے حاصل کرنا لازم ہوگا۔

دفعہ ۶۔ دفعہ (۲۴) مذکورہ بالا میں سررشتہ دار کا استثنا رہنے سے مقصود اسی قدر ہے کہ تقرر اور عزل سررشتہ دار کا بجائے ناظم عدالت کے رکھا جاوے لیکن اسکی منظوری بھی حسب دفعہ ۵۴ دستور العمل عدالت العالیہ اجلاس انتظامی سے ہوگی اور ضرور ہے کہ دفعہ ۵۴ دستور العمل عدالت العالیہ اور دفعات ۲۴ و ۲۵ دستور العمل ناظمان عدالت ہائے ماتحت کی تعبیر اسطرح کی جائے کہ دونوں مادے میں توافق ہو۔

دفعہ ۷۔ یہ ظاہر ہے کہ دفعہ (۱۹) دستور العمل ناظمان عدالت ہائے ماتحت کا آخری فقرہ منسوخ ہے دیکھو جریدہ سرکاری جلد ۴ صفحہ ۲۵۹ مورخہ ۲۰ مہر ۱۳۰۲ف لہٰذا تقررات اہلکاران مندرجہ دفعہ ۵۴ دستور العمل عدالت العالیہ پر کسی طرح دفعہ ۱۹ مؤثر نہیں ہو سکتی ہے۔

دفعہ ۸۔ ضرور ہے کہ دفعات ۵۴ دستور العمل عدالت العالیہ و دفعہ ۱۹ و ۲۴ و ۲۵ دستور العمل ناظمان عدالت ہائے ماتحت ملاکر پڑھی جاویں تاکہ سررشتہ دار اور ناظر و محافظ دفتر کے تقرر و تبدیل و عزل اور رخصت کی نسبت باقاعدہ احکام نافذ ہو سکیں۔

(۳) ایام رخصت ناظم عدالت جاگیر میں اگر کوئی جاگیردار مستدعی سماعت مقدمہ نہ ہو تو اسپر لازم ہوگا کہ منظوری سرکار عالی سے مہتمم ناظم عدالت مامور کرے تاکہ بلحاظ اقتدارات محصلہ وہ حصول جوابات کرسکے

(۴) اگر کوئی مقتدر ناظم عدالت جاگیر میں موجود نہ ہو جس سے ہرج کار متصور ہو تو لازم ہے کہ مقدمات جاگیر مذکور کے عدالت ہائے خالصہ متعلقہ اور مقدمہ میں بحکم حاکم متعلقہ جاگیر منتقل کردئے جائیں تاکہ عامہ خلائق کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو —

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ / دیوانی ۷ مورخہ ۲۸ اردی بہشت ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۲۵) عدالت ہائے ماتحت سے جو نقشہ جات راست عدالت العالیہ میں آتے ہیں انکی نقول عدالت بالادست میں روانہ کرنا لازم ہے —

(۱) دیکھو گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۱) دیوانی (۱۲) مورخہ (۱۱) ۱۲۹۵ف —

(۲) نقشہ جات ذیل ماہواری ہر عدالت ماتحت سے راہ راست عدالت العالیہ میں آتے ہیں —

(۱) نقشہ نمبر (۱) تعداد مقدمات مرجوعہ و منفصلہ عدالت فوجداری

(۲) نقشہ نمبر (۲) " " " " دیوانی

(۳) نقشہ نمبر (۹) جمع و خرچ عدالت —

(۳) بوجہ ضروری ہونے کے یہ نقشہ جات راست عدالت العالیہ میں روانہ کئے جاتے ہیں لیکن اس کا مقصود یہ نہیں ہے کہ عدالت بالادست کو واقعات ضروری سے واقفیت نہ ہو —

(۴) تمام حکام عدالت ہائے ماتحت لحاظ رکھیں کہ جن نقشہ جات سرکاری کا براہ راست کسی محکمہ اعلی میں روانہ کرنا لازم ہو تو اسکی ایک نقل مصدقہ ہمیشہ اپنے مافوق محکمہ میں بلا تعویق بغرض واقفیت حالات روانہ کردیا کریں —

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ / دیوانی ۸ مورخہ ۲۹ تیر ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۲۶) ترمیم فقرہ (۱۶) گشتی نشان فوجداری (۱۹) دیوانی (۱۵) مورخہ ۱۸ بہمن (?) ۱۲۹۶ف —

افضل العلماء نواب سرفراز (?) جنگ بہادر رکن عدالت العالیہ نے تنقیح عدالت ضلع بیدر بوقت اپنے دورہ کے عدالت العالیہ میں اطلاع فرمائی کہ بعض کاغذات غیر ضروری تقطیع کئے بغیر مسل کئے جاتے ہیں علی الخصوص جو کاغذات

یہ بھی ہے کہ متوفی کے متروکہ اور ذمہ داریوں کی نسبت عام اشتہار جاری کرے تاکہ متوفی کے دائنین اور مدیونین کو لینے اور دینے کی بابت تحقیقات کرانے کا پورا موقع حاصل ہو۔

(۴) مدیونین کے تو مطالبات اکثر متروکہ میں شریک لیجاتی ہیں لیکن بعض حکام اُن مطالبات دائنین کو جو ذمہ متوفی ہیں شریک شامل کرکے تحقیقات نہیں کرتے ہیں۔

(۵) یہ امر بدیہی ہے کہ تقسیم کسی متروکہ کا نہیں ہوسکتا ہے تاوقتیکہ اُن رقوم کا تعین نہ کیا جائے جو اُس متروکہ سے واجب الادا ہیں لہذا تمام حکام عدالت کو اطلاع کی جاتی ہے کہ بوقت تحقیقات متروکہ متوفی تمام مطالبات جو ذمہ متوفی ہوں اور جو رقم متوفی کو واجب الوصول ہوں اُنکی تحقیقات مکمل کرکے واجب الادا رقم کا تصفیہ کیا کریں تاکہ عائلہ متوفی کو بیجا تکلیف نہ ہو اور سرکار عالی کے سر اسکا بار عاید نہ ہو۔

(۶) اگر متوفی کا کوئی وارث ثابت ہو تو مال متروکہ اُس وارث کے باضابطہ سپرد کردیا جائے اور وہی وارث متوفی کے ذمہ مطالبات کا تصفیہ ہوگا اور سرکار عالی کو اُس کے متروکہ سے کچھ تعلق نہ ہوگا اور نہ ناظم فوجداری کو رقوم واجب الوصول اور واجب الادا کے تصفیہ کی ضرورت ہوگی بعد تحقیق وارث یا قائم مقام جائز کے مال متروکہ اُس کے باضابطہ سپرد کرنا لازم ہوگا۔

(۷) درصورتیکہ متوفی کا قائم مقام قانونی بجز سرکار عالی کے کوئی نہ ہو تو ناظم فوجداری ضلع مجاز ہوگا کہ متروکہ متوفی سے تمام مطالبات کو باقاعدہ ادا کرے اور بقیہ مابقی مالک کو واپس دے۔

(۸) اگر متروکہ زاید ہو اور مطالبات ذمہ متوفی کم ہوں تو بقیہ رقم سرشتہ سرکار میں جمع ہوگی۔

(۹) اگر متروکہ کم ہو اور مطالبات ذمہ متوفی زاید ہوں تو حسب قواعد توالیہ مندرجہ ضابطہ دیوانی فیصدی متروکہ وصول ہوکر تقسیم کردیجائے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ / دیوانی ۶ مورخہ ۲۸ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۸ف

مضمون	
۲۴۳، نظام جاگیرات کے رخصت کی منظوری اور زمانہ رخصت میں کام کا انتظام۔	(۱) سب تحریک ناظم صاحب عدالت بابت صوبہ اورنگ آباد بعد منظوری سرکار جو بذریعہ مراسلہ نشان

(۱۰۹۸) مورخہ ۱۲ آبان سنہ ۱۳۰۷ف موصول ہوئی حسب تجویز اجلاس انتظامی احکام ذیل صادر کئے جاتے ہیں

(۲) جب ناظم کسی عدالت جاگیر کا مستدعی رخصت ہو تو جاگیردار مجاز ہے کہ اپنے ناظم عدالت کو رخصت باضابطہ عطا کرے۔

(۳) آیا وہ شخص جو بہ عدالت ابتدائی کی ہو بعد فیصلہ فوراً اس سے پولیس کو اطلاع دیا کرے۔

(۴) اس کارروائی سے یہ فائدہ ہے کہ پولیس کی مثل جو انتظار نتیجہ فیصلہ عدالت کے ملتوی رہتی ہے وہ اس اطلاع پر حسب مذکور داخل دفتر ہو سکیگی۔

۵۔ پولیس کی کارروائی عدالت ابتدائی کی تجویز کے ساتھ ہی ختم ہو جاتی ہے پس عدالت ابتدائی کو لازم ہے کہ اپنی تجویز سے بعد بابت مندرجہ فقرہ (۲) و (۳) اور اگر اس تجویز سے بطور نتیجہ و کارروائی پولیس کے پولیس کو مطلع کر دیا کرے۔ اس بارے تجویز عدالت بالا تک ضروری ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۲۹ تیر ۱۳۰۹ ف

مضمون ، ۲۲۸ ، بابت احکام در باب محکمہ معتمدی سرکار نشان ۱/۴۲ مورخہ ۲۳ [illegible] ۱۳۰۹ ف نسبت قواعد خوراک و صرف خرچ مستغیثان و شہود مقدمات فوجداری	(۱) محکمہ معتمدی عدالت سرکار سے جو رزولیوشن نشان ۱/۴۲ مورخہ ۲۳ بہمن ۱۳۰۹ ف نسبت قواعد خوراک و صرف خرچ مستغیث و شہود مقدمات

فوجداری جاری ہوا ہے اُسکا اقتباس واسطے پابندی جملہ عدالت ہائے فوجداری کے ذریعہ گشتی ہذا مشتہر کیا جاتا ہے جسکی پابندی جملہ عدالت ہائے فوجداری پر لازم ہے۔

(۲) عدالت ہائے فوجداری کو اختیار دیا جاتا ہے کہ

(الف) ۔ اُن مقدمات میں جن میں استغاثہ از جانب یا بموجب احکام یا منظوری سرکار بموجب حکم کسی ناظم دیوانی یا فوجداری یا کسی دیگر افسر سرکاری کے دائر کیا گیا ہو یا اسکی پیروی کی جاتی ہو یا جس میں حاکم مجوزہ کو یہ معلوم ہو کہ استغاثہ سے صرف اغراض خدمت عامہ کو فائدہ پہنچیگا۔

(ب) ۔ اُن کل مقدمات میں جو ناقابل ضمانت ہیں۔

(ج) ۔ اُن کل مقدمات میں جو از روئے ضابطہ عملدرآمد قابل دست اندازی کوتوالی ہیں۔

(د) ۔ اُن کل مقدمات میں جن میں ناظم فوجداری بہ نفاذ اختیارات نمبری خود واسطے حاضری کے شہود کو مجبور کرے۔

اخراجات مستغیثان یا شہود بموجب شرح ذیل دئیے جائیں۔

درجہ اول	روزانہ	عدم حالی	یابتہ خوراک	درجہ دوم	روزانہ ۸	یابتہ خوراک
درجہ سوم		//	۱۴	//		

بالان پولیس عدالتوں میں بھیجتے ہیں یا ابالی مقدمہ جو لکھا کر داخل کرتے ہیں اور جناب ممدوح نے تحریک فرمائی کہ اس بات میں فقرہ (۱۲) گشتی نشان دیوانی (۱۵) فوجداری (۱۹) مورخہ ۱ مہر ۱۲۹۶ف مرسلہ کا جو اعادہ ہے لہذا معطوری تحریک مذکور اجلاس انتظامی کی اسے بیت سے ذیل کے احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۲) بذریعہ فقرہ (۱۲) گشتی نشان دیوانی (۱۵) فوجداری (۱۹) مورخہ ۱۰ مہر ۱۲۹۶ف بہ تعلیم استعمال کی نسبت یہ حکم دیا گیا تھا کہ بعد ۹ انچ طولاً اور ۸ انچ عرضاً رکھی جانی چاہئے یہ حکم بلحاظ اس کاغذ کے استعمال کے دیا گیا تھا جو اس زمانہ میں متعمل ہوا تھا۔

(۳) اب جو کاغذ عموماً استعمال کیا جاتا ہے اسکے بلحاظ سے ۱۳ ۱/۲ انچ طولاً اور ۸ ۱/۲ انچ عرضاً ہو سکتی ہے۔

۴ حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ تقطیع مذکورہ فقرہ (۳) کے کاغذات مثل میں استعمال کئے جائیں۔

۵ بلحاظ حکم گشتی ہذا فقرہ (۱۲) گشتی نشان دیوانی (۱۵) فوجداری (۱۹) مورخہ ۱۰ مہر ۱۲۹۶ف منسوخ کیا جاتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۲) مورخہ ۹ تیر ۱۳۰۸ف

(۱) ناظم صاحب کوتوالی اصلاع سرکار عالی کی اطلاع سے معلوم ہوا کہ بمراعات گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۹)	خلاصہ (۲۲۷) نمبر کر رہے مقدمات حوالات کو بذریعہ اطلاع کر دیا جاتا ہے۔

مورخہ ۱۲ تیر ۱۳۰۲ف منجملہ ان مقدمات کی جو اطلاع پولیس کو دکھائی ہے وہ مجرد مقدمات اقبالی کے ساتھ ہے اور جو منتقل اور اوسراکی غرض سے عدالت ماتحت میں روانہ کئے جاتے ہیں یا جن میں ملزم اقبالی ہیں یا ان پر رہائی یا برأت کی عدالت ماتحت سے ہو کر مقدمہ منظوری رائے کے لئے عدالت اعلیٰ میں جاتا ہے ایسے مقدمات کی تجویز ابتدائی کی اطلاع پولیس کو بھیج دی جاتی ہے اور فیصلہ قطعی عدالت مافوق کا انتظار کیا جاتا ہے لہذا بتوضیح گشتی مذکور بالا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بغرض پابندی اسی عدالت ہائے ماتحت کے احکام ذیل نافذ کئے جاتے ہیں۔

(۲) عدالت کی ایسی تجویزات مقدمات میں جو ایسی عدالت مافوق میں بھیجے گئے ہوں اور جس کی نسبت کسی مجرم کی نسبت کوئی مراجع الاخذ ما تجویز کی گئی ہو یا خارج الاختیار مقدمات میں ملزموں کی رہائی یا برأت کو مع اس عدالت کی وہی تجویز ابتدائی ہے اور جو مقدمہ ایسے حاکم سے جاری ہے جس مقدمہ سے تجویز قطعی ہی مراد نہیں ہے۔

حسب قواعد مقررہ ملے گا بشرطیکہ اُس کو عدالت سے اُس مدرجہ سفر یا بھتہ ملا ہو جس کے پانے کا وہ اُردو ضوابط عدالت مستحق ہو اور اُس سے اُس رقم کو رقم خرچ سفر میں سے جو اُس کے قاعدہ کے موجب اُس سے پانی ہو وضع کیا ہو۔

تشریح۔ اگر کوئی عہدہ دار رخصت پر ہو اور وہ اس قاعدہ کے مطابق ادائی شہادت کے لیے طلب کیا جائے تو اُس کو اُس مقام کی اُس جہاں سے وہ طلب کیا گیا ہو آمد و رفت کا خرچ اسیطرح ملیگا کہ گویا وہ کار سرکاری پر ہے۔

ضمن الف۔ سوائے صورت ہائے مذکورۂ قاعدہ (۸) کے اگر کسی اور صورت میں کوئی عہدہ دار سرکاری ادائی شہادت کے لئے طلب کیا جائے تو اُس کو بجز اُن رقوم کے جو از روئے ضوابط عدالت وہ پا سکتا ہو کوئی اور رقم سرکار سے نہیں ملے گی۔

ضمن ب۔ لیکن اگر عدالت سے اُس کو علاوہ اخراجات سفر کے کوئی رقم بطور بھتہ یا معاوضہ دیگئی ہو تو اُس کو لازم ہے کہ داخل اس کے کہ وہ ایام غیر حاضری کی بابت کا مل تنخواہ پائے اُس رقم مذکور کو سرکار میں داخل کرے درصورتیکہ کوئی گواہ پیشہ ور اور ماہر فن ہو اور بحیثیت اُس منصب کے ملازم سرکاری نہ ہو اور ان امور کی نسبت اُس سے دریافت کیا ہو جو بوجہ مہارت اُس فن کے اُس نے خاص طور پر معلوم کئے ہوں تو بربنائے اُسکے علم اور مہارت کے عدالت سے حسب تجویز حاکم اُس قدر خرچ اور بھتہ روزانہ دیا جائے گا جو حاکم مجوز مقدمہ مناسب سمجھے لیکن حاکم مذکور اس امر کا لحاظ رکھیگا کہ معمولی اوسط روزانہ آمدنی اُس گواہ سے اُس کو زاید بھتہ روزانہ کسی حالت میں نہ دیا جائے۔

تاریخ نفاذ قواعد ہذا سے وہ تمام احکام جو احکام مندرجۂ رزولیوشن ہذا کے مخالف ہوں منسوخ سمجھے جائینگے

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{نمبر جاری ۱۴}}{\text{دیوانی ۹}}$ مورخہ ۲۹ تیر سنہ ۱۳۰۸ف

مقدمہ جات (۲۲۶) نقول بلا تصدیق قرأت و سماعت نہ دیجایا کریں | (۱) بعض نقول کا غذات سرکاری کے بلا قرأت و سماعت و تصدیق اہلکاران مجاز اشخاص متعلقہ مقدمہ کے پاس سے آئی ہوئی ہیں۔

(۲) دفعہ (۹۳۶) صفحہ ۷۵ گشتیات دیوانی طبع چہارم مطبوعہ مقننہ دکن کے اس حکم سے کہ سادہ کاغذ پر نقول بمہر و دستخط عدالت نہ ہوگی یہ غلط فہمی ہوتی ہے کہ ایسے نقول بلا قرأت و سماعت و تصدیق اہلکاران مجاز کے دیجاویں گی حالانکہ سادہ کاغذ پر نقول بمہر و دستخط عدالت نہ ہونے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ

الفاظ تشریح ۔ درجہ کا قرار دیا جانا عدالت فوجداری کی رائے پر منحصر ہے۔

(۳) جو شخص بموجب درخواست مستغیث طلب کئے جائیں گے ان کو سرکار کی طرف سے کچھ نہ دیا جائیگا بجز اس صورت کے کہ حاکم فوجداری کے نزدیک استغاثہ سے انسداد جرائم عامہ کو فائدہ پہنچنے والا ہو لیکن ایسی صورت میں بھی حاکم فوجداری مستغیث کو حکم دے سکتا ہے کہ شہود مذکور کے مصارف ادا کرے۔ (۴) سفر خرچ حسب شرح ریل میں لئے گیا ہے حسب ذیل دیا جائیگا۔ درجہ اول کیلئے حسب حالات درجہ اول یا درجہ دوم یعنی جس درجہ میں گواہ کے ہم رتبہ اشخاص عموماً سفر کرتے ہوں درجہ دوم کے لئے کرایہ درجہ دوم یا درجہ سوم حسب حالات۔
درجہ سوم کے لئے درجہ سوم کا کرایہ

(۵) جب سفر کسی اور طرح سوائے ریل کے کیا جائے تو ضروری اور واقعی خرچ سواری کا حسب صوابدید عدالت دیا جائیگا لیکن شرط یہ ہے کہ خرچ ہر ایک میل سے زائد نہ ہو اور یہ کہ سفر میں لحاظ عمر و رتبہ و عادات [illegible] سہولت [illegible] کیا ہو

جب کوئی گواہ اسی شہر یا قصبہ میں رہتا ہو جس میں کہ وہ عدالت جس کے روبرو اسکی شہادت کی ضرورت ہے واقع ہو تو عدالت کو جائز ہے کہ عدالت میں اسطرح حاضر ہونے سے جو اسکا نقصان ہوا ہو اسکا معاوضہ [illegible] یا تحریر [illegible] سے زائد نہ ہو۔

خرچ خوراک فی یوم [illegible] ایام قیام عدالت و ایام آمد و رفت اس مقام سے دیا جائیگا جہاں سے شخص طلب ہوا ہے بشرطیکہ عدالت میں حاضر ہوا ہو اور تمام وہ اشخاص جو عدالت سے چھ میل کے فاصلہ کے اندر رہتے ہوں ایسے خیال کئے جائیں گے کہ وہ ایک ہی روز میں حاضر ہو کر واپس جا سکتے ہیں اس صورت میں ان کو علاوہ ایام قیام عدالت کے اگر وہ ایک روز سے زائد ہو خرچ خوراک ایک یوم کا بابتہ اس روز کے جس میں کہ وہ عدالت سے اپنے مکان تک جا سکے دیا جائیگا اسیطرح ہر چھ میل کے لئے ایک دن زیادہ ہوگا یعنی ہر ایک گواہ ایک دن کا حق بابت مسافت بارہ میل یا اس کے جزو کے پائیگا۔

جو سفر کلاً یا جزواً ریل پر ہو اس کے لئے ضروری مدت کا فیصلہ ہر ایک عدالت خود کرے گی۔

اگر کوئی عہدہ دار سرکاری ایسے واقعات کے متعلق جو اس کے عہدہ کی حیثیت سے اس کے علم میں داخل ہوئے ہوں یا ان امور میں جو اس نے اپنے عہدہ کی حیثیت سے احکام دئے ہوں کسی فوجداری مقدمہ میں بغرض ادائی شہادت طلب کیا جائے تو اس کو سفر خرچ سرکار سے حسب قواعد مقررہ ملے گا بشرطیکہ اس کو عدالت سے اس قدر خرچ سفر یا بھتہ ملا ہو جس کے

دیتا ہو یا اقرار صالح کراتا ہو یہ معلوم ہو کہ اُس زبان سے ناواقف ہے جس میں تحریری بیان حلفی تحریر ہوا ہے یا جو امادہ ہے یا بصفا میں مندرجہ تحریری بیان حلفی کو بخوبی نہیں سمجھتا تو عدالت یا مجسٹریٹ یا افسر مذکور تحریری بیان حلفی کو شخص مذکور کے روبرو ایسی زبان میں پڑھوا دیگا یا سمجھوائیگا جس کو وہ شخص اور عدالت یا مجسٹریٹ یا افسر مذکور دونوں سمجھتے ہوں اور اس کام کو یا خود کریگا یا کسی دوسرے شخص سے اپنی موجودگی میں کرائیگا جب کوئی تحریری بیان حلفی مطابق قاعدہ ہذا پڑھا جاوے اور سمجھایا جاوے تو عدالت یا مجسٹریٹ یا افسر مذکور تحریری بیان حلفی کے تحت میں بذریعہ تحریر اس امر کی تصدیق کریگا کہ وہ حسب بالائی پڑھا گیا ہے یا سمجھوایا گیا ہے اور بیان کنندہ بوقت کرنے بیان مذکور کے اُس کو بخوبی سمجھتا معلوم ہوتا تھا ۔

(۷) حلف اور اقرار صالح کے الفاظ قانون مصدرہ ۱۳۰۸ف کے مطابق ہوں گے اور ہر وہی طریقہ بموجب قانون مذکورہ قرار پایا ہے مرعی رہیگا ۔

(۸) عدالت العالیہ میں معتمد و مددگار معتمد مجلس اور جس شخص کو مجلس خاص طور پر اس کام کے لئے مقرر کرے وہ حلف ناموں کی تصدیق کرنے کے مجاز ہوں گے ۔

کشتی مجلس عالیہ عدالت و معتمدی سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۱۶}}{\text{دیوانی ۱۲}}$ مورخہ ۲ امرداد ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۳۱) سرکاری کاغذات و اسناد کے مکان پر لیجانے کی ممانعت ۔	(۱) معلوم ہوا ہے کہ ملازمان سرکاری اسناد و کاغذات سرکاری لینے مکان پر لیجاتے ہیں اور یہ امر خطرہ سے خالی

نہیں ہے چنانچہ ضلع لنگسگور میں اس طریق عمل سے ایک نہایت خراب نتیجہ حال میں پیدا ہوا ہے ۔ اس طریق عمل کا انسداد ضروری ہے ۔

لہذا بذریعہ گشتی ہذا بطور اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے ۔

(۲) کوئی ملازم یا اہلکار سرکاری کاغذات اور اسناد کو مکان پر لیجانے کا مجاز نہیں ہے ۔

کشتی مجلس عالیہ عدالت و معتمدی سرکار عالی نشان فوجداری (۱۸) مورخہ ۷ شہریور ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۳۲) پولیس کے پیش کردہ تحقیقات مہلت کی نسبت فوراً تجویز کرنی چاہئے ۔	(۱) ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی کی اطلاع اور مراسلہ محکمہ معتمدی عدالت سرکار عالی نشان (۹۱-۵۵) مورخہ ۲

امرداد ۱۳۰۷ف موسومہ عدالت العالیہ سے معلوم ہوا کہ جب ملزم یا خود پولیس اور اُس کے متعلق تفتیش کار دا[illegible]

قرأت وسماعت اُسکی نہ ہوگی یا اہلکاران عدالت کی تصدیق ایسی نہ ہوگی ۔

(۳) کبھی کوئی نقل بلا تصدیق اہلکار متعلقہ دینا جائز نہیں ہے ۔

(۴) آئندہ اگر کوئی نقل سادہ کا عدد بھی دیا جاوے تو قرأت وسماعت وتصدیق ہوکر دینا لازم ہے

(۵) گشتی ہدایہ بہ صیغہ معاملات، نمبر ۳۶ و گشتیات دیوانی مطبوعہ متضمن دکن طبع چہارم بغرض پابندی جاری کی جاتی ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۵ / دیوانی ۱۱ مورخہ ۳۰ تیر ۱۳۳۸ف

ضمیمہ نمبر (۲۳۰) طریقہ تصدیق حلف نامہ جات ۔

(۱) چونکہ مختلف طور کے حلف نامے عدالتوں میں پیش ہوا کرتے ہیں ۔ اوران کی تصدیق باضابطہ حکام مجاز کے سامنے نہیں ہوتی ہے جس سے اصل غایت حلف نامجات کے فوت ہونے کا اندیشہ ہے لہذا حسب ذیل قواعد منظوری اجلاس انتظامی جس کی پابندی جملہ عدالتوں پر لازم ہے مقرر کیے جاتے ہیں ۔

(۲) ہرایک تحریری بیان حلفی جس میں کوئی واقعات مندرج ہوں فقرات میں تقسیم کیا جائیگا اور ہرایک فقرہ پر سلسلہ وار نمبر شمار لگایا جاویگا اور جہاں تک ممکن ہوگا ہرایک فقرہ جداجدا حصۂ مضمون پر محدود رہیگا

(۳) پتہ ہر شخص کا جو کوئی تحریری بیان حلفی کرے ایسے طور پر تحریر کرنا چاہئے کہ وہ صاف طور پر شناخت کیا جاسکے یعنی اُسکا پورا نام اور ولدیت وپتہ یا عرف ومقام سکونت تحریر کرنا چاہئے ۔

(۴) ہر شخص بیان کنندہ حلفی کو درحالیکہ اُس سے عدالت یا مجسٹریٹ یا دیگر افسر جو حلف دینے یا اقرار صالح کرانے کے لئے مقرر کیا گیا واقفیت ذاتی نہ رکھتا ہو عدالت یا مجسٹریٹ یا افسر مذکور بذریعہ ایسے شخص کے شناخت کرائیگا جس سے وہ خود واقف ہو اور عدالت یا مجسٹریٹ یا افسر مذکور تحریری بیان حلفی کے تحت میں شناخت کرنے والے کا نام اور پتہ اور نیز وقت ومقام شناخت اور وقت ومقام تحریری بیان حلفی تحریر کریگا

(۵) عدالت یا مجسٹریٹ یا دیگر افسر متذکرۂ بالا جس کے روبرو تحریری بیان حلفی کیا جائے بیان مذکور کے تحت میں اس امر کی تصدیق کریگا کہ بیان حلفی اُس کے روبرو کیا گیا اور اُس تصدیق پر تاریخ و دستخط خود ثبت کریگا اور بغرض شناخت ہرایک دستاویز متذکرہ تحریری بیان حلفی پر نشان وتاریخ ومختصر دستخط تحریر کرے گا ۔

(۶) اگر کسی شخص تحریری بیان حلفی کرنے والے کی نسبت عدالت یا مجسٹریٹ یا دیگر افسر کو جو حلف

متعلقہ کو در صورت ضرورت عدالت مجاز میں طلب نہ کرایا کرے تاکہ بوجہ معذور ہونے ملزم کے اطلاق شہادت کا امکان رفع ہو جائے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۲ / دیوانی ۱۶ مورخہ ۲۰ شہریور ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۲۱) طریقہ طلبی مدعی شہادت عہدہ داران سرکار عالی

(۱) صدر محاسب سرکار عالی نے شکایت کی کہ اکثر عہدہ داران محاسبی کے نام سمنس جاری ہوتے ہیں اور ان سے ایسے امور دریافت کئے جاتے ہیں جو بالکل اہلکاران سے متعلق ہوتے ہیں یا جن سے سرکاری کام میں ہرج واقع ہوتا ہے جس پر نواب مدار المہام سرکار عالی نے بذریعہ دفتر فینانس یہ حکم دیا ہے کہ آئندہ سے بطور ایک عدالت بعد غور کافی عہدہ داران سرکاری سے بحیثیت عہدہ سرکاری شہادت یا حوالہ وغیرہ طلب کرنے کی تحریک عمل میں لائیں ۔

(۲) لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جملہ حکام عدالت ہائے ممالک محروسہ سرکار عالی اس حکم کی تعمیل نہایت احترام و احتیاط کے ساتھ کریں ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ / دیوانی ۱۷ مورخہ ۱۹ مہر ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۲۲) طریقہ ادائی جواب استفسارات محکمہ سرکار حضور بندگان اعلیٰحضرت

(۱) محکمہ سرکار سے جب کبھی کسی امر کے متعلق حسب فرمان اعلیٰحضرت استفسار یا استفسار ہو تو اسکا جواب بقصد ضروری بعرصہ دو یوم ادا کرنا ضرور ہے اور کبھی غیر معمولی تاخیر نہ ہونی چاہئے ۔

(۲) اگر کسی جواب کی ادائی کے لئے کسی مواد کے فراہمی کی ضرورت ہو تو فوراً اسکی اطلاع معہ وجوہ کے محکمہ مرسلہ کو دی جانا چاہئے اور جس قدر جلد ممکن ہو بعد اجتماع مواد کامل جوابدہی ادا کرنا چاہئے ۔

(۳) جملہ حکام سرکار عالی سے امید ہے کہ اس گشتی کی تعمیل نہایت احتیاط کے ساتھ کریں گے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ / دیوانی ۱۹ مورخہ ۱۹ مہر ۱۳۰۸ف

مضمون (۲۲۳) ملازمین سرکار کی درخواست سادہ کاغذ پر قبول ہوا کرے گی ۔

(۱) فقرہ چہارم گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۵۲ دیوانی (۳۹) مصدرہ ۱۵ شہریور ۱۳۰۶ف ملاحظہ ہو جسکی رو سے ہر قسم کی درخواست ہر سررشتہ عدالت العالیہ کے لئے بارہ آنہ کا کاغذ تمغہ سوائے درخواست نقول کے

پولیس میں آغاز ہوتی ہے مقدمہ کی تکمیل تفتیش کے لئے یا اظہار وجوہ پولیس عدالت سے مہلت کی خواستگار ہوتی
ہے مگر عدالت فوجداری متعلقہ سے منظوری مہلت کی بروقت نہیں دیجاتی ہے اور بعض اوقات ایسا اتفاق
ہوتا ہے کہ منظوری مہلت مستدعیہ سابقہ کی نسبت عدالت سے کوئی جواب نہیں ملتا ہے کہ مہلت مستدعیہ ختم ہو کر جدید اور
مزید مہلت کی ضرورت واقعی ہوتی ہے اور اس تاخیر کی وجہ سے منظوری خوراک قیدیان میں وقت اور پیچیدگی
واقع ہوتی ہے۔ لہذا اس نقص کے رفع کے لئے بذریعہ گشتی ہذا احکام ذیل اجلاس اجلاسی سے جاری کئے
جاتے ہیں ـ

(۲) پولیس سے جب تختہ مہلت عدالت فوجداری میں منظوری کے لئے وصول ہوا کرے تو فوراً اس کی
نسبت جو تجویز ہو اسکی اطلاع پولیس کو بواپسی تختہ مہلت سے دیجایا کرے ـ

(۳) پولیس سے دو قطعات تختہ جات مہلت کے بھیجے جا کر داخل عدالت ہوا کریں ایک تختہ بعد ثبت
تجویز عدالت فی الفور پولیس میں واپس کر دیا جایا کرے اور دوسرا قطعہ بعد ثبت تجویز عدالت بغرض آگہی آئندہ
عدالت میں رکھ لیا جایا کرے ـ

(۴) حاکم عدالت کا فرض ہے کہ تختہ کے بعد ثبت تجویز عدالت کے فوراً واپسی پولیس کی جانب خود کیا
کرے یا سررشتہ کی عملہ سے اسکی واپسی میں دیر نہ ہوا کرے ـ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی بابت فوجداری (۱۹) مورخہ یکم شہریور ۱۳۰۹ف

مضمون (۴۲) تحریر شہادت بہ عدم حاضری ملزم	(۱) ترجیح دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری ممالک محروسہ

(۲) کیفیت اس مسل ضلع انگورل سے معلوم ہوا ہے کہ مفرور ملزمین کے خلاف جو مقدمات معین ہوتی ہے
اس کے علم سے ہر ایک پولیس سے اہتمام نہیں کیا جاتا ہے

(۳) ہر ایک مفرور مجرم جو گرفتار ہوا ہے کہ جس نے جدید جرائم کئے ہیں اور ارتکاب قتل کا بھی اسپر
الزام ہے لیکن آج تک اسکی نسبت شہادت کسی عدالت مجاز نے قلمبند نہیں کی ـ

(۴) انسپکٹر جنرل پولیس اضلاع ممالک محروسہ سرکار عالی اور کوتوال صاحب اندرون و بیرون بلدہ حیدرآباد دکن
ایک عام حکم جاری فرمائیں کہ درصورت مفرور ہونے ملزمین کے یہ امر ضرور ہے کہ اسامی پولیس بتعمیل احکام دفعہ مذکور
شہادت قلمبند کرالیا کریں ـ

(۵) ملزم کے موجود ہونے کا ثبوت حاکم کو مسل میں شریک کرنا لازم ہے اور پولیس کو چاہئے کہ تمام شہادت

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۱)، مورخہ ۱۵؍ آذر ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۳۸)، پولیس کا ملزم کو زیر حراست رکھنے کا اختیار اور درخواست توسیع مدت حوالات کے پیش کرنے کا طریقہ اور اسکی منظوری کے شرائط۔

(۱)، ناظم صاحب کوتوالی ضلاع سرکار عالی کی اطلاع اور مراسلہ محکمہ سرکار علاقہ عدالت تنہ نشان (۵۹۰۶) واقع ۱۲؍ امرداد ۱۳۰۷ف موسومہ عدالت العالیہ سے معلوم ہوا کہ جب ملزم ماخوذ پولیس ہوتا ہے اور اس کے متعلق تفتیشی کارروائی پولیس میں جاری رہتی ہے تو مقدمہ کی تکمیل تفتیش کے لئے بالعموم وجوہ پولیس عدالت سے مہلت کی خواستگار ہوتی ہے مگر عدالتہائے فوجداری سے مہلت بروقت نہیں دیجاتی بلکہ بعض اوقات ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ صدور مہلت مستدعیہ سابقہ کی نسبت عدالت سے کوئی جواب ادا نہیں ہوا کہ مہلت مستدعیہ ختم ہوکر مزید مہلت کی ضرورت داعی ہوتی ہے اور اس تاخیر کی وجہ سے منظوری حاصل کرنے میں دشواری لاحق ہوتی ہے لہذا ان نقائص کے رفع کرنے کے لئے منظوری نواب مدار المہام سرکار عالی بذریعہ گشتی ہذا حسب ذیل احکام شائع کئے جاتے ہیں۔

(۲) کسی اہلکار پولیس کو اختیار نہیں ہے کہ کسی شخص کو جو بلا وارنٹ کسی الزام میں گرفتار ہوا ہو چوبیس گھنٹے سے زیادہ عرصہ تک علاوہ اس عرصہ کے جو مقام گرفتاری سے مجسٹریٹ کی عدالت تک سفر کرنے کے لئے درکار ہو بلا اجازت مجسٹریٹ اپنی حراست میں رکھے۔ دیکھو دفعہ (۶۱) ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار۔

(۳) اگر (۲۴) گھنٹے کے اندر تفتیشی کارروائی کی تکمیل نہ ہو سکے اور معقول وجوہ اس بات کے باور کرتے کے ہوں کہ الزام قرار دادہ صحیح ہے اور تفتیش کے لئے عدالت سے مہلت کا حاصل کرنا ضرور ہے تو پولیس متعلقہ کو لازم ہوگا کہ مجسٹریٹ قریب تر کے پاس ملزم کو معہ نقل تحریرات مندرجہ روزنامچہ حاضر کرکے بذریعہ تختہ جات عطائے مہلت مزید کی درخواست کرے جو پندرہ روز سے زیادہ نہ ہو دیکھو دفعہ (۱۶۷) ضابطہ فوجداری۔

(۴) تختہ جات درخواست عطائے مہلت کے دو قطعات اس مجسٹریٹ کے پاس پولیس سے بھیجے جائیں گے جس سے مہلت کی درخواست کی گئی ہو۔

(۵)، اگر مجسٹریٹ مذکور مہلت کی درخواست منظور کرلے تو مجسٹریٹ کو لازم ہوگا کہ منظوری مہلت کے وجوہ قلمبند کریں اگر وہ مجسٹریٹ اس جرم کی سماعت و تجویز کا مجاز نہ ہو تو مجسٹریٹ مذکور پر لازم ہوگا کہ جس مجسٹریٹ کا اختیاری مقدمہ ہو اس کے پاس کارروائی منظوری مہلت ارسال کردے۔ دیکھو دفعہ (۱۶۷) ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار۔

لازم لگا گیا ہے۔

(۲) اس تعمیم میں ملازمین سرکار کی درخواست ہائے متعلقہ سررشتہ انتظامی کے لئے بھی خیال ہوتا ہے کہ آیندہ اسکا کاغذ محصوم ضروری ہے۔

(۳) عدالت العالیہ سے روئے مراسلہ نشان انتظامی ۲۶۳۲ مورخہ ۲۲ بہمن ۱۲۹۶ف عام ہدایت ہو چکی ہے کہ جب ملازمین سرکار کی طرف سے کوئی درخواست بحیثیت باتعلق ملازمت سرکار کے داخل ہو تو اس کے لئے کاغذ محصوم غیر ضروری ہے۔

(۴) چونکہ منشاء گشتی عدالت العالیہ نشان $\frac{52}{39}$ ۱۳۰۶ف مذکورہ بالا و حکم مراسلہ نشان (۲۶۳۲) مورخہ ۲۲ بہمن ۱۲۹۶ف بادی النظر میں مختلف ہیں۔ لہٰذا بہ توضیح تو اس بافقرہ حسب دفعہ (۲۹) دستور العمل عدالت العالیہ ہدایت ذیل شائع کی جاتی ہے۔

(۵) حسب قواعد نافذہ ملازمین سرکاری جب ذریعہ یا کوئی دیگر قسم کی درخواست بحیثیت ملازمت سرکاری داخل کریں تو انہیں رسوم عدالت ادا کرنا ضرور نہیں ہے دیکھو دفعہ ۱۴ مد ۱۱ قانون رسوم عدالت نمبر (۷) ۱۳۰۷ف

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۵) مورخہ ۱۷ ابان ۱۳۰۸ف

مضمون نشان (۲۳۳) صراحت فقرہ (۴) گشتی نشان فوجداری (۱) بابتہ ۱۳۰۳ف | (۱) فقرہ (۴) گشتی مذکور الصدر حسب ذیل ہے۔

ہر ناظم فوجداری جو عہدہ دار کوتوالی نہ ہو مجاز ہے کہ ایسے بیان یا اقبال متعلقہ جرم فوجداری کو باضابطہ تحریر کرے جو کسی وقت بایام تفتیش کوتوالی یا کسی زمانہ بعد میں قبل تحقیقات عدالت یا بعد اس کے حسب قواعد فوجداری نافذہ اس حاکم فوجداری کے روبرو کیا جائے۔

(۲) فقرہ مندرجہ صدر سے یہ شبہ ناشی ہوا ہے کہ اول تعلقدار و ناظم فوجداری ضلع و ناظم کوتوالی ضلع بھی ہیں اور اس لحاظ سے ان کی حیثیت عہدہ دار کوتوالی کی بھی ہے اس لئے ملزمین کے بیانات اقبالی حسب منشاء فقرہ ۴ گشتی نشان فوجداری (۱) بابتہ ۱۳۰۳ف وہ قلمبند کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔

(۳) اس شبہ کے رفع کرنے کے لئے فقرہ مذکورہ صدر کی صراحت حسب ذیل کی جاتی ہے۔

ہر چند کہ اول تعلقداروں کو جو در اصل ناظمات فوجداری ضلع ہیں ضمنی طور پر بحیثیت انتظامی اختیارات کوتوالی دیئے گئے ہیں۔ لہٰذا وہ مجاز ہیں کہ حسب منشاء فقرہ صدر ملزموں کے بیانات و اقبال قلمبند کریں۔

(۲) سرکار عالی نے ناظم دیوانی اضلاع کو جائنٹ مجسٹریٹ با اختیارات درجہ اول مامور کیا ہے۔

(۳) جب ناظم فوجداری ضلع مستقر پر موجود ہوں تو جائنٹ مجسٹریٹ پر اُن کے احکام کی تعمیل لازم ہے اور جب ناظم فوجداری ضلع موجود نہ ہوں تو جائنٹ مجسٹریٹ کو صیغہ عدالت کے وہی اختیارات حاصل ہیں جو ناظم فوجداری ضلع کو حاصل ہوتے ہیں۔

(۴) جب مستقر پر ناظم فوجداری ضلع موجود ہوں تو جائنٹ مجسٹریٹ کو بلا حکم ناظم فوجداری ضلع کوئی اختیارات مجسٹریٹ ضلع حاصل نہیں ہیں۔

(۵) جب جائنٹ مجسٹریٹ موجود ہو تو کوئی نائب یعنی دوم یا سوم بعد انتقال ناظم فوجداری ضلع کے فرائض منصبی کو ادا نہیں کرسکتا ہے بجز اس کے کہ سرکار عالی اس کو منصرم اول تا انتقال مقرر کرے

(۶) ناظم فوجداری ضلع کو کوئی اختیار نہیں ہے کہ عدالتی کام کسی ناظم فوجداری نائب یعنی درجہ دوم و سوم کے سپرد کرے باوجودیکہ جائنٹ مجسٹریٹ یا ناظم فوجداری درجہ اول مستقر پر موجود ہو۔

(۷) نظمائے فوجداری کو احتیاط رکھنا چاہئے کہ جب حاکم فوجداری منفرد موجود ہو تو کاغذات عدالتی کبھی حاکم فوجداری غیر مقتدر کے پاس پیش نہ ہوں ورنہ مقدمات ملتوی رہیں گے اور التوائے مقدمات کا نتیجہ ہوگا کہ اگر ملزمین حوالات میں ہوں تو زیادہ عرصہ حوالات میں گزرے گا اور خزانہ سرکار پر ان کا اور گواہوں کی خوراک کا خرچ عاید ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۱) مورخہ ۱۵ آذر ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۴۰) جب کسی ملازم کوتوالی پر کسی جرم کا الزام ہو تو ایسے ملازمین کی طلبی بتوسط افسر کوتوالی کی جائے۔

(۱) گشتی صدر المہام عدالت نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۸ صفر ۱۲۹۵ھ موسومہ جملہ نظمائے عدالت کے فقرہ (۵) میں یہ حکم ہے کہ مدعا علیہم ملازمین پولیس جوابدہی کے واسطے ہمیشہ اپنے افسروں کے ذریعہ سے طلب ہوا کریں اور اگر افسر کوتوالی اپنی ذمہ داری پر مدعا علیہم کو حاضر کرنا چاہے تو نظمائے عدالت کو لازم ہوگا کہ درخواست مذکور کو منظور کریں لیکن ایک عہدہ دار نے اس کے خلاف عمل کیا۔

لہذا بذریعہ گشتی ہذا حسب استمزاج نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے جب کسی مقدمہ فوجداری میں کسی ملازم کوتوالی سے کوئی جرم فوجداری منسوب کیا جائے تو ملزم اہلکار کوتوالی کی طلبی ہمیشہ بذریعہ افسر پولیس کے جس کا ملزم ماتحت ہو عمل میں آئے اور اگر افسر پولیس اپنی ذمہ داری پر مدعا علیہ کی حاضری کی

(۶) اگر مجسٹریٹ کی رائے میں حسب درخواست پولیس ملزم کو زیادہ عرصہ تک حراست پولیس میں رکھنا مناسب نہ ہو تو اُسے اختیار ہے کہ درخواست پولیس کو جو حوالات کے مہلت کے لئے پیش ہو نامنظور کر کے ملزم کی نسبت حکم مناسب صادر کرے۔

اگر مجسٹریٹ اُس جرم کی سماعت کا مقتدر نہ ہو تو ملزم کو اُس مجسٹریٹ کے پاس روانہ کرنا چاہئیے جو الزام منسوبہ کی سماعت و تجویز کا اختیار رکھتا ہو۔ دیکھو دفعہ (۱۶۷) ضابطہ فوجداری —

(۷) جب ملزم کے ساتھ حسب مذکورہ فقرہ (۴) تنقیح جات مہلت وصول ہوں تو اُس مجسٹریٹ پر لازم ہے کہ اُس درخواست مہلت پر فوراً منظوری یا نامنظوری کی تجویز کر کے بلا تعویق ایک قطعہ نقل تجویز مذکورہ مدرج تشریح بغرض اطلاع اُس افسر پولیس کے پاس بھیج دیں جس کی جانب سے درخواست مہلت کی گئی ہو اور دوسرا نسخہ شریک مثل مقدمہ کرے۔ اگر مجسٹریٹ مذکور سماعت الزام منسوبہ کا اختیار نہ رکھتا ہو تو یہ دوسرا نسخہ بھی معہ مثل اُس مجسٹریٹ کے پاس روانہ کرے جو اُس جرم کی سماعت کا اختیار رکھتا ہو۔

(۸) جس وقت ملزم کو حوالات میں رکھنے کے لئے توسیع مہلت کی درخواست پیش ہو اسی وقت ملزم کو پیش کرنا ضرور ہے۔ ملزم کے غیاب میں توسیع مہلت منظور کرنا جائز نہیں ہے۔ ملزم کو توسیع مہلت کی نسبت جو عذر ہو اُس کو سماعت کر کے تصفیہ کرنا چاہئیے۔

بعض ملزمین زیر حوالات کو خوراک پولیس سے نہیں دی جاتی بلکہ اُن کے خانگی ذریعوں سے اُن کی خوراک کا سامان مہیا ہوتا ہے۔ لہذا نقل تجویز خوراک کا تصفیہ بھی موجودگی ملزم کرنا ضرور ہے تاکہ [illegible] سرکار پر ناجائز بار عائد ہونے کا موقع نہ رہے —

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۵ آذر ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۲۶) بصورت رخصت ناظمہائے فوجداری دوم و سوم تعلقداروں کو بلا منظوری سرکار ناظم فوجداری ضلع کا کام انجام دینا جائز نہیں ہے —

(۱) ایک ناظم فوجداری ضلع کی کارروائی سے پایا گیا ہے کہ انہوں نے علالتی رخصت کے پیشی کی نسبت حکم دیا ہے کہ اُن کے غیاب میں دوم تعلقدار انچارج رہیں گے چونکہ اُن کو یہ اختیار بلا منظوری سرکار عالی کسیطرح حاصل نہیں تھا۔ لہذا اعلیٰ ناظمہائے فوجداری کے ہدایت کے لئے احکام ذیل صادر کئے جاتے ہیں جو بموجب سلسلہ سرکار مسئلہ عدالت منظوری مدار المہام سرکار عالی نمبر (۱۹۲۳) مورخہ ۴ آبان ۱۳۰۸ف —

(۶) بربنائے اُس تحریک کے جناب نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی دربارہ تصحیح استشہاد ایسے شاہد کے حکم مناسب صادر فرمائیں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵) مورخہ ۲۲ آذر ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۴۲) مقدمات سرانامہ کو کبھی حوالات زیر تحقیقات سے رکھنا چاہئے۔

(۱) ناظم صاحب مجالس اصلاع سرکار عالی کی کیفیت سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض نظمائے فوجداری جو مہتمم محابس ہیں اس امر کی کافی نگرانی نہیں رکھتے ہیں کہ جب معتمد حکم سزا صادر کرے تو مجرم کو کبھی حوالات زیر یافت میں نہ رکھا چاہئے۔

(۲) بلحاظ امر مذکورہ یا نگرانی کے مہتمم محبس پر لازم ہے کہ جب مجسٹریٹ کا حکم نامہ قید کسی ملزم کی نسبت صادر ہو تو اس شخص کو حوالات زیر تحقیقات سے خارج کرکے محبس میں سزا یافتہ میں داخل کرے اور بربنائے حکم نامہ حاکم مجاز سزائے مجوزہ کی تعمیل کرے تا صدور حکم تنسیخ یا ترمیم سزائے مجوزہ تعمیل میں حکم نامہ مصدرہ کے کسی قسم کی التوا جائز نہیں ہے۔

(۳) نظمائے فوجداری اضلاع ناظم محابس ہیں اُن کو چاہئے کہ مہتمم محبس کو ہدایت ضروری کریں اور مائنٹ مجسٹریٹ اضلاع مہتمم محبس ہیں اُن پر پابندی حکم مصدرہ لازم ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۸/دیوانی ۵ مورخہ ۹ فروردی ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۴۳) کاغذ مختوم جسکی بیع بطور خانگی ہوئی ہو۔ عدالت میں پیش ہو تو بمنزلہ کاغذ سادہ متصور ہوگا۔

(۱) کاغذ مختوم کی بیع خانگی بروئے رزولیوشن مدار المہام سرکار عالی نشان ۲۱ متفرقات صیغہ اسٹامپ مورخہ ۲۳ مہر ۱۳۰۳ف ناجائز قرار پاچکی ہے مگر اب تک اس امر کی صراحت نہیں ہوئی ہے کہ بعد بیع خانگی اگر وہ کاغذ کسی کارروائی عدالتی میں استعمال کیا جائے تو جائز ہے یا نہیں لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) اگر کوئی کاغذ مختوم جس کی بیع ناجائز عمل میں آئی ہو کسی عدالت میں پیش کیا جائے تو وہ کاغذ سادہ غیر مختوم متصور ہوگا۔

درخواست کرے تو درخواست مذکور منظور کیجائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ / دیوانی ۱ مورخہ ۱۵ آذر ۱۳۰۹ف

مضمون (۱ تا ۲)، جو اشخاص حاضری مکان عدالت سے بغرض ادائی شہادت مستثنیٰ کئے گئے ہیں اگر وہ ذریعہ کمیشن اظہار قلم بند کرانے میں بلا وجہ معقول دیر لگائیں تو اُن کے استثنا حضوری عدالت کی تنسیخ کے لئے کارروائی کیجاسکے۔

(۱) جناب مدارالمہام بہادر سرکار عالی نے بلحاظ اعزاز خاندانی بعض عمائدین و معززین بلدہ حیدرآباد کو مکان عدالت ہائے سرکار عالی میں حاضر ہو کر شہادت ادا کرنے سے مستثنیٰ فرمایا ہے۔ اور ایسے اشخاص کا اظہار ذریعہ کمیشن قلم بند کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ باوجود اس رعایت سرکار کے بعض اشخاص جو حضوری عدالت سے مستثنیٰ ہیں کمیشن کے روبرو اظہار قلم بند کرانے میں بلا وجہ معقول تعویق کرتے ہیں جسکی وجہ سے عدالت ہیں وقت مقدمات فیصل نہیں ہو سکتے اور فریقین مقدمہ بھی مقدمات کا دوران بڑھنے سے پریشان ہوجاتے ہیں۔ لہذا ان قباحتوں کے انسداد کے لئے حسب منظوری جناب نواب مدارالمہام سرکار عالی صیغہ عدالت مراسلہ نمبر ۲۹ ، ۱ مورخہ ۱۳ مہر ۱۳۰۹ف حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۲) جب کسی عدالت کو ایسے مستثنیٰ گواہ کا اظہار ذریعہ کمیشن قلم بند کرانا مقصود ہو تو اس عدالت پر لازم ہوگا کہ کم سے کم تاریخ قلم بندی اظہار کے ایک ہفتہ قبل اُس گواہ کو ذریعہ مراسلہ اپنا اظہار قلم بند کرانے سے مقررہ تاریخ و وقت اطلاع دے۔

(۳) ایسے گواہ پر جسے حسب دفعہ بالا اطلاعی مراسلہ تعمیل پاوے لازم ہوگا کہ پشت ثانی مراسلہ پر دستخط اطلاعیابی کے ساتھ اس امر کی صراحت تحریر کردے کہ بتاریخ مقررہ کس مقام پر اور کس وقت اپنا اظہار قلمبند کرانے کے لئے موجود رہیگا۔

(۴) کمشنر اور فریقین کے وکلاء کو تاریخ وقت و مقام قلم بندی اظہار گواہ سے اطلاع دیجائے گی اور ہر شخص پر پابندی وقت و مقام کے لازم ہوگی۔

(۵) باوجود طے ہونے مراتب بالا کے اگر کوئی گواہ جو حاضری عدالت سے مستثنیٰ ہو اپنے اظہار کے قلم بند کرانے میں بلا وجہ معقول تعویق کرے گا تو اُس عدالت کو جہاں سے کمیشن کی اجرائی ہوئی ہو چاہئے کہ ایسے گواہ کے لئے تنسیخ حکم استثنا حضوری عدالت کی تحریک بتوسط عدالت العالیہ سرکار کے صیغہ عدالت میں معہ واقعات متعلقہ کے پیش کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ دیوانی ۸ مورخہ ۱۳ اردی بہشت ۱۳۰۹ف

مضمون (۱۴۴۹) کوئی ملازم سرکار مجاز نہیں ہے کہ احکام متعلقہ اپنی ذات پر دستخط ثبت کرے۔	(۱) یہ امر خلاف مناسبت ملک ہے کہ ملازمین سرکاری احکام متعلقہ اپنی ذات پر خودہی دستخط کر کے اُن کو جاری کریں

لہذا بمنظوری عالیجناب نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی بصدر مراسلہ نشان (۲۵۱۳) مورخہ ۲۴ آبان ۱۳۰۸ف حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) جب حاکم مقتدر کا کوئی حکم کسی سرکاری ملازم کی نسبت صادر ہو تو جائز نہیں ہے کہ وہ حکم بدستخط اُس ملازم سرکاری کے جاری کیا جائے جس کی ذات سے وہ کسی طرح متعلق ہے۔ تمام صورتوں میں وہ حکم بعرض دستخط اور اجرائی کے اُس حاکم مقتدر کے روبرو پیش ہونا چاہئے جس کو اُس حکم سے کوئی ذاتی تعلق نہ ہو اور درصورت عدم موجودگی معمولی عہدہ دار یا اہلکار کے بجز عہدہ دار فرائض متعلقہ کو انجام دینے کا ذمہ دار ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۵) مورخہ ۲۰ اردی بہشت ۱۳۰۹ف

مضمون (۱۴۴۲) اختیارات ناظمان فوجداری ضلع	(۱) چونکہ ناظمان فوجداری اضلاع بروئے گشتی عدالت العالیہ

نشان فوجداری (۲۰) مورخہ ۵ شہریور ۱۳۰۸ف مجاز سماعت مرافعہ مقامات منفصلہ ناظمان فوجداری درجہ دوم میں لہذا حسب تحریک ناظم صاحب عدالت ہائے صوبہ اورنگ آباد بمنظوری اجلاس انتظامی سلسلہ گشتی محولہ بالا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) عدالت ناظمان فوجداری درجہ دوم کی تنقیح ہمیشہ ناظم فوجداری ضلع کو اقل مرتبہ ہر سال میں ایک مرتبہ کرنا مناسب ہے تاکہ بروقت اصلاحات ضروری عمل میں آئیں۔

(۳) تمام نقشہ جات اور تختہ جات وجوہ التوا اور موجودات خزانہ وآمدہ برخاست حاکم عملہ عدالت ناظم فوجداری ضلع سے متعلق کئے جاتے ہیں تاکہ وہ اپنے ضلع کے جملہ حکام فوجداری کی کارگزاری کی نگرانی رکھیں

(۴) جو نقشہ جات اور تختہ جات عدالت ہائے بالادست میں بھیجے جاتے ہیں وہاں صرف اپنی رائے کی نقل ناظم فوجداری ضلع روانہ کر دیا کریں تاکہ حکام بالادست مع نقشہ جات موصولہ کے اُن کو ملاحظہ کر سکیں۔

(۵) بلا کسی وجہ خاص کے جائز نہیں ہے کہ ناظمان فوجداری ماتحت بلاوساطت ناظم فوجداری ضلع کے اپنی عدالت ہائے ماتحت سے راست مراسلت کریں۔ درصورت خاص وجوہ کے اُن کو تحریر کرنا ضرور ہے۔ او

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) مورخہ ۳۰ فروردی ۱۳۰۹ف

مضمون (۴۴۴) بزمانۂ قحط سالی میں ملزمین جرائم خفیفہ کو سزائے تازیانہ دی جائے۔

(۱) چونکہ عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بوجہ قحط سالی جرائم بکثرت ہونے لگے ہیں۔ لہذا عدالت العالیہ باجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیتی ہے اس کی تعمیل کیجائے۔

(۲) عامۂ خلائق بوجہ گرانی کے جو خفیف جرائم کرتے ہیں اُن کے لئے دفعہ (۵۹۲) ضابطۂ فوجداری پر عمل کرنا مناسب ہے تاکہ انسداد جرائم میں سہولت ہو۔

(۳) خفیف جرائم کا انسداد جب اس عمل سے نہ ہو سکے تو حسب قانون تازیانہ یا ضابطہ سزا دیا جائے تاکہ دیگر اشخاص کو عبرت ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ / دیوانی ۲ مورخہ ۲۳ آردی بہشت ۱۳۰۹ف

مضمون (۵۴۴) بعض دکن وغیرہ کتب نظائر اور قانون۔ عہدہ داران عدالت و پولیس میں گشت ہوا کریں۔

(۱) برنا تحریک ناظم کوتوالی اضلاع ممالک محروسۂ سرکار عالی بمنظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) تمام نظمائے عدالت ضلع مفصل دکن وغیرہ کتب نظائر و قوانین جو اُن کے دفاتر میں وصول ہوتے ہیں تمام عہدہ داران عدالت و کوتوالی میں بغرض معائنہ گشت کرایا کریں۔

(۳) ہر رسالۂ نظائر و قانون موصولہ پر ایک فہرست تمام عہدہ داران عدالت و کوتوالی جس میں مہتمم اور اسنائے کوتوالی داخل ہیں معہ وصول کر دیجایا کرے تاکہ ہر عہدہ دار بعد ملاحظہ رسالہ موصولہ اسی دستخط معائنہ اس پر ثبت کر دیا کرے۔

(۴) بعد گشت کرانے کے رسالۂ نظائر اور قانون کے داخل دفتر کر دینے کا حکم دیا جایا کرے اور ورق دستخط معائنہ کنندگان شامل مسل معائنہ کاغذات سرکاری کر دیا جایا کرے۔

(۵) معائنہ کاغذات سرکاری اور اُن کے گشت کے سالانہ مسلہ ہر عدالت میں مرتب ہو کر بعد ختم سال متعلق داخل دفتر ہوا کریں۔

(۵) عہدہ داران اور اہلکاران کو بربانہ دورہ اسلحہ ہمراہ رکھنے کی عموماً اجازت ہے لیکن سوائے دورہ کے کسی اور حالت سفر میں گو وہ بحیثیت سرکاری کیوں نہ ہو بلا منظوری افسر بالا کے کوئی افسر کسی متنفس یا کامدار سرکاری کو ہمراہ رکھنے کا مجاز نہیں ہے

حالات

[illegible]

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۸ / دیوانی ۱۱ مورخہ ۱۳ خورداد ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۵) کسی حاکم کو مکان مسکونہ میں فصل خصومات کے کام کے انجام دینے کی اجازت نہیں ہے۔

(۱) سرکار کو معلوم ہوا کہ مددگار عدالت ضلع اہلکندل نے بعض اوقات فصل خصومات کا کام اپنے مکان مسکونہ پر انجام دیا ہے

لہٰذا بمنظوری سرکار حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) کسی حاکم عدالت کو اپنے مسکونہ مکان میں فصل خصومات کے کام کے انجام دینے کی اجازت نہیں ہے

نقل اسکی ناظم فوجداری ضلع کے اطلاع اور روانہ کرنا لازم ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۶) مورخہ ۲۰ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۹ ف

مضمون (۲۴۸) ہراج چوبینہ مسروقہ بمعرفت عہدہ داران جنگلات | چونکہ گشتی عدالت العالیہ نمبری (۴۹) ۱۳ شہریور سنہ ف کے بعض عبارات کے مفہوم میں شبہ ناشی ہوا ہے لہذا حسب ذیل صراحت کیجاتی ہے۔

(۱) جب چوبینہ سرکار کی نسبت مسروقہ ہونا ثابت ہوجائے تو مثل دیگر مال مسروقہ عہدہ داران سررشتہ چوبینہ کو واپس دیا جائے گا۔

(۲) جب خاص حالت میں بلحاظ نرخ بازار یا کفالت اجرت نقل و تحویل نیلام چوبینہ مسروقہ کا مناسب ہو تو ایسا نیلام بحکم عدالت بذریعہ عہدہ داران سررشتہ چوبینہ عمل میں آئے گا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۷) مورخہ ۳۰ خورداد سنہ ۱۳۰۹ ف

مضمون (۲۴۹) سرکاری اسناد یا کاغذات کو مکان خانگی پر لیجانے کی ممانعت۔ | (۱) بہ تصریح و ترمیم گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۶) و دیوانی (۱۳۰) مورخہ ۳ امرداد سنہ ۱۳۰۸ ف جو سرکاری کاغذات و اسناد بمکان پر لیجانے کی ممانعت کے متعلق جاری ہوئی ہے منظوری اجلاس انتظامی حسب نشان مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۱۸۲۴۳) مورخہ ۲۴ مہر سنہ ۱۳۰۹ ف یہ گشتی جاری کیجاتی ہے۔

(۲) کوئی اہلکار کاغذات سرکاری کو بلا اجازت تحریری حاکم سررشتہ کے دفتر سرکاری سے باہر لیجانے کا مجاز نہیں ہے اور جب کسی اہلکار کو کسی مثل یا کاغذ کے مکان پر لیجانے کی اجازت دیجائے تو اس اجازت دہندہ کی منظوری معہ اس کے وجوہ کے ضبط تحریر میں لائی جائے گی اور شامل مثل ہوگی۔

(۳) جب کوئی حاکم عدالت کاغذات عدالت سے باہر لیجائے تو ایسے کاغذات کا اندراج ایک رجسٹر میں جو حسب نمونہ منسلکہ رکھا جائیگا ہوگا تاریخ ادخال و اخراج و ادخال واپسی رجسٹر مذکور میں ہوگی اور ان کاغذات یا مثلہ کی فہرست اور مکان پر لیجانے کی ضرورت اہلکار سپرد کنندہ اس رجسٹر میں درج کریگا اور رجسٹر میں بدستخط اس شخص کے لئے جائیں جسکی تحویل میں کاغذات یا مثلہ واقعی دیجائیں۔

(۴) جبکہ عہدہ دار یا اہلکار رخصت پر ہو یا بحالت سفر اور اسکی حیثیت سرکاری نہ ہو یا جبکہ وہ بضرورت سرکاری سفر کررہا ہو تو اس کو کسی مثل یا کاغذ سرکاری کو اپنے پاس رکھنا جائز نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ / دیوانی ۱۷ مورخہ ۱۰ امرداد ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۵۲) طریقہ واپسی رسوم درخواست مرافعہ و نگرانی ۔

ہر گاہ کہ گشتی نشان فوجداری (۳) دیوانی (۴) بابت ۱۳۰۹ف کی توضیح بوجہ ۱۶ و قانون ۱۳۰۹ف عدالت ممالک محروسہ سرکار دولتمدار نمبر (۴) بابت ۱۳۰۳ف مناسب ہے حکم ذیل دیا جاتا ہے ۔

(۲) اگر مرافعہ یا تجویز ثانی بتذکرہ دفعات ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ والوں رسوم عدالت محولہ بالا یا اراضی رسائل یا جو عدالت واقع بلدہ حیدرآباد و بلوہ صدارت بابت واپسی رسوم میں اصطلاح ناظم ضلع کے مفہوم میں اسکے لیے اسٹامپ داخل ہیں کیونکہ بلدہ کے لیے وہی حسب قانون اسٹامپ ناظم ضلع ہیں ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ / دیوانی ۱۸ مورخہ ۱۰ امرداد ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۵۳) اسٹامپ چھاؤنی سکندرآباد کی تحریرات سکندرآباد و بلارم کے دوسرے نظامس گیارنٹیڈ اسٹیٹ ریلوے اسٹیشنوں پر اگر مستعمل ہوں تو ناقابل قبول سرکار عالی میں قابل ادخال نہیں ہیں ۔

(۱) بلحاظ وصول نقل مراسلہ سرکار عالی عدالت و کوتوالی و امور عامہ (صیغہ کا عدم مہور نتمہ نشان ۱۳۰/۵ بابت ۱۳۰۹ف موسومہ سرکار عالی تعمیرات عامہ صیغہ ریلوے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے ۔

چھاؤنی سکندرآباد کی رسید اسٹامپ کا استعمال صرف ریلوے آفس سکندرآباد و بلارم پر جائز ہے بتحریر مقامات مذکورالصدر کے اگر کسی دوسرے اسٹیشن واقع نظامس گیارنٹیڈ اسٹیٹ ریلوے پر چھاؤنی سکندرآباد کی رسید اسٹامپ استعمال کیے جائیں تو جملہ عدالت ہائے سرکار عالی میں ایسی رسیدات قابل ادخال شہادت ہونگی

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۵) مورخہ ۱۰ امرداد ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۵۴) اسمارقلم تعدی اتصال مقدمات ٹھگی اور ڈکیتی ۔

(۱) بنا بر تحریک اسسٹنٹ جنرل سپرنٹنڈنٹ صاحب ٹھگی و ڈکیتی بمنظوری اجلاس انتظامی احکام ذیل جاری کیے جاتے ہیں ۔

(۲) مقدمہ خواہ علاقہ پولیس یا محکمہ ٹھگی و ڈکیتی سے چالان ہوا ہو اگر محکمہ ٹھگی و ڈکیتی سے استدعائے معائنہ مثل ہو تو اس علاقہ کے عہدہ دار کو مثل ڈکیتی کی بلاتوقف معائنہ کی اجازت دیجائے ۔

(۳) آئندہ سے کوئی حاکم عدالت فیصل خصومات کا کام اپنے مکان مسکونہ میں انجام نہ دے اور اگر کبھی آئندہ کسی حاکم کی نسبت بیّنات ہوگا کہ اُس نے اس حکم کی خلاف ورزی کی ہے تو سخت تدارک کا مستوجب ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۱ / دیوانی ۱۴ مورخہ ۲۴ خورداد ۱۳۲۹ف

مضمون (۱۵۲) عام تجارت میں عدالت کو دست اندازی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

(۱) مراسلہ ذیل معائنہ ہوئے۔

(۱) ہدایات ناظم عدالت ہائے صوبہ اورنگ آباد نمبر (۱۲۸) مورخہ ۱۸ آذر سنہ ۱۳۲۹ف۔

(۲) مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نمبر (۲۰۱) مورخہ ۱۸ اسفندار سنہ ۱۳۲۹ف۔

(۳) مراسلہ دفتر انتظام قحط ممالک سرکار دولت مدار نمبر (۲۱۸) مورخہ ۱۶ بہمن سنہ ۱۳۲۹ف۔

(۲)۔ حکام عدالت کو اطلاع دیجاتی ہے کہ ہدایات ناظم عدالت ہائے صوبہ اورنگ آباد نمبر (۱۲۸) مورخہ ۱۸ آذر سنہ ۱۳۲۹ف منسوخ کئے جاتے ہیں۔

(۳)۔ ایام قحط میں اگر باشندگان کو کسی جگہ غلہ دستیاب نہ ہو تو وہ کمشنر انتظام قحط کی معرفت ضروری سامان بہم پہنچانے کا انتظام کریں لیکن خرید و فروخت اجناس بازار میں کسی ملازم سرکاری کو دست اندازی کا اختیار نہیں ہے۔

(۴)۔ قحط زدہ اشخاص کی محنت اور مزدوری کا انتظام دفتر قحط سے ہوتا ہے معذورین کے لئے بھی انتظام اسی دفتر سے ہوتا ہے۔

(۵)۔ عام تجارت میں دست اندازی کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ قحط زدوں کے انتظام میں حکام عدالت کسی طرح خلاف رائے کمشنر قحط کوئی دست اندازی نہ کریں۔

(۶)۔ حکام عدالت کا فرض منصبی ہے کہ جرائم مندرجہ قوانین نافذہ کی تحقیقات و تصفیہ جلد کریں لیکن عام امور تجارت میں اُن کو دست اندازی کسیطرح جائز نہیں ہے۔

(۷)۔ اگر کوئی مسئلہ پیش ہو اور اس میں قوانین نافذہ کی توضیح کی ضرورت ہو تو عدالت العالیہ سے ہدایت استدراک کرنا چاہئے لیکن لحاظ رہے کہ حکام عدالت مجاز نہیں ہیں کہ عامۂ خلائق کی ذمہ داریوں پر موثر احکام بلا منظوری سرکار عالی کبھی خود جاری کریں۔

بموجب دفعہ (۱۴۳) ضابطۂ فوجداری بلحاظ سنگینی جرم اسے اختیار سے زیادہ سزا دلانا چاہئے تو عدالت ماتحت معتمد زراید سزائیں بغرض تصریح کافی کے مقدمہ روانہ کرے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۸) مورخہ ۱۳ امرداد ۱۳۰۹ف

مضمون (۱۵۲) جب منظوری حضرت اعلیٰ اقدس حکم قصاص صادر ہو تو بعد حکم ، اجرا ہونا چاہئے	(۱) مقدمہ منقضیہ نمبر (۱) ۱۳۰۸ف عدالت صلع محمد جم العالیہ کے اجلاس کامل سے ملزم کے متعلق سزائے قصاص کی تجویز

ہوئی اور بارگاہ حضرت اعلیٰ و اقدس سے بھی حکم نفاذ سزائے مذکورہ صادر ہوا ۔

(۲) جب حکم مذکور واسطے تعمیل کے عدالت ماتحت میں بھیجا تو عدالت تعمیل کنندہ حکم میں ملزم سے درخواست طلبی منتقیث اس لئے پیش کی کہ اگر وہ خونبہا معاف کر دے تو ملزم قصاص سے بچ جائے منتقیث کا پتہ نہیں ملا ۔

(۳) عدالت تعمیل کنندہ نے درخواست ملزم کے متعلق بعض استفسارات عدالت العالیہ سے کئے جنکا عدالت مذکورہ کو حق نہ تھا ۔

(۴) اسلئے عدالت العالیہ نے حسب تجویز اجلاس کامل منعقدہ ۲۱ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۹ف جسکی منظوری سرکار سے در بعہ مراسلہ محکمہ سرکار عالیہ عدالت و کوتوالی و امور عامہ صیغۂ عدالت نشان (۸۸۵) مورخہ ۳ خورداد سنہ ۱۳۰۹ف صادر ہوئی حکم ذیل صادر کیا جاتا ہے جسکی پابندی تمام عدالت ہائے ماتحت پر لازم ہے یعنی یہ کہ جب قصاص ملزم منظوری سرکار عدالت ماتحت میں تعمیل کے لئے پہنچ جائے تو حاکم عدالت کو فوراً بلا تامل تعمیل حکم قصاص کرنا چاہئے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۱) مورخہ ۵ شہریور ۱۳۰۹ف

مضمون (۱۵۶) جب مقدمہ سپرد عدالت بالا ہو تو گوشوارہ سپردگی لکھنا خود حاکم تفویض کنندہ کا فرض منصبی ہے ۔	(۱) ۔ کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے ۔ (۱) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۰۰) دیوانی (۲۴) مورخہ ۵ مہر ۱۳۰۶ف ۔

(۲) مراسلہ سررشتہ انتظامی نشان (۵۲۷۶) مورخہ ۳ اسفندار ۱۳۰۸ف

(۳) ناظم صاحب صدر عدالت صوبہ ورنگل نے بربنائے تحریک عدالت فوجداری ضلع نلگنڈہ کے

(۳) جب کبھی عدالت ماتحت سے کسی مقدمہ ڈکیتی کا (جو محکمہ ٹھگی سے چالان ہوا ہو) فیصلہ صادر کیا جائے تو فوراً مقدمہ مسطورہ کے لئے صدر عدالت میں جانے کے وقت نقل فیصلہ محکمہ انسداد ٹھگی ڈکیتی میں روانہ ہوا کرے۔

(۴) جب کوئی مقدمہ علاقہ ٹھگی سے چالان ہوا اور عدالت ثبوت کافی نہ ہونے کی وجہ سے ملزمین کو رہا کرتا ہے تو صاحب اسسٹنٹ جنرل سپرنٹنڈنٹ ٹھگی و ڈکیتی کی اطلاع کے لئے فیصلہ میں رائے لکھنا چاہئے کہ

(الف) عدالت کی رائے میں افسر تفتیش کنندہ نے جس قدر شہادت ملنے کی امید کی تھی ملی لیکن اُس کے کافی نہ ہونے کی وجہ سے ملزمین رہا کئے گئے۔ یا

(ب) ناواقفیت یا سستی کی وجہ سے جو شہادت ملنے کی امید تھی فراہم نہیں کی اس سبب سے مقدمہ کمزور تھا اور ملزمین بچ گئے۔ یا

(ج) اظہارات ٹھگی ایسی شہادت پیش کی جو عدالت کی رائے میں صحیح باور نہیں ہو سکتی۔

ان تینوں تجاویز کی نسبت عدالت کو چاہئے کہ رائے قائم کرنے کے وجوہ قلمبند کرے۔

(۵) جب کوئی افسر علاقہ ٹھگی کسی مقدمہ کا چالان کرے تو اسی وقت افسر چالان کنندہ کو نمبر مقدمہ معہ سال اور نام عدالت سے تحریری اطلاع دینا چاہئے تاکہ وہ اپنی اسٹیل ڈائری میں صحیح نمبر مقدمہ کا درج کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۷) مورخہ ۲ امرداد ۱۳۰۹ف

مضمون نمبر (۲۵۵) طریقہ پیشی مقدمات نقب زنی	(۱) بموجب احکام سابق مقدمات نقب زنی و سرقہ

تحصیلداران کے ذریعہ چالان پولیس سے ہوتے ہیں اور ایسے مقدمات میں عدالت ہائے تحصیلداران سے خفیف سزا ہو جاتی ہے حالانکہ یہ جرم خفیف سزا کے لائق نہیں ہے۔

(۲) پولیس کو اس امر میں شکایت ہے اور بہ لحاظ نوعیت جرم سزا کا ہونا بھی لازم ہے لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۳) آئندہ سے مقدمات چالانی میں دفعات تعزیرات کا حوالہ درج ہوا کرے اور بہ روئے ضابطہ فوجداری جس درجہ کے مجسٹریٹ کی سماعت کے لائق ایسے جرائم ہوں حتی المقدور ایسے مقدمات انہی اجلاس پر پیش ہونا چاہئے۔

(۴) اگر ایسا مقدمہ کسی عدالت غیر مقتدر یا ادنیٰ سزا میں پیش ہو جائے تو مجسٹریٹ مذکور کو لازم ہے کہ اگر

(۶) اگر کسی مثل میں کوئی اشتہار یا غیر مطبوعہ شامل ہو جس اہلکار کے قبضہ میں وہ مثل آئے اسکا فرض ہے کہ بلا توقف تحریری کیفیت اسے امر کی درج کرے جو بعد حاکم عدالت کے اجلاس میں پیش کرے اور حاکم عدالت کا فرض ہوگا کہ اسکی نسبت احکام مناسب صادر کرے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۳) مورخہ ۱۳ شہریور ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۵۹) اسلئہ عدالت کا صیغہ محبس جیل غرض معائنہ روانہ کرنا ۔	(۱) بر بنائے شکایت ناظم صاحب مجالس اضلاع سرکار عالی عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ مسٹر

ہوگاف اول مددگار ناظم مجالس اضلاع سرکار عالی تجربہ دورہ محبس گلبرگہ کی جانچ کو تشریف لے گئے تھے بعض ملزمین زیر دریافت کے اشیاء بغرض معائنہ عدالت سے طلب (؟) ناظم صاحب عدالت نے انکی روانگی میں تعویق کی جس کی وجہ سے اغراض معائنہ حاصل نہ ہو سکے لہذا بمنظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ واسطے پابندی تمام عدالتوں کے حکم ذیل صادر کیا جاتا ہے ۔

(۲) جب ناظم مجالس یا ان کے مددگار اشیاء عدالت کو بغرض تنقیح محبس بغرض معائنہ طلب کریں تو بلا توقف روانہ کیئے جائیں اگر سماعت مقدمہ کی ہو رہی ہے تو ختم اجلاس پر بلا روانہ کرکے ان کو تاریخ سماعت آیندہ سے اطلاع دیجائے تاکہ عمل سماعت مقدمہ کے وقت واپس آسکیں اور اغراض محبس یا تحقیقات مقدمہ میں بیجا تعویق سرزد نہ ہو ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۴ / دیوانی ۳۲ مورخہ ۱۳ شہریور ۱۳۰۹ف

مضمون (۳۶) بر وقت حلول جائداد بجائے یونیورسٹی و مڈل پاس شدہ اشخاص کو ترجیح دیجاتی ہے	(۱) گشتی محکمہ سرکار صیغہ تعلیمات نشان (۱) مورخہ ۲۴ دے ۱۳۰۹ف ملاحظہ ہوئی ۔

(۲) بسلسلہ گشتی سالقہ عدالت العالیہ نشان دیوانی (۲۱) مورخہ ۱۳ اسفندار ۱۳۰۵ف حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے ۔

(۳) جسطرح مڈل پاس شدہ اشخاص کو بوقت حلول جائداد تقرر میں ترجیح دیگئی ہے اسیطرح سے ان طلبا کو بھی جو پنجاب یونیورسٹی کے امتحانات مولوی یا منشی یا ان سے برتر امتحان میں کامیاب ہوئے عام لوگوں پر بوقت خلو عہدہ ترجیح دیجائے ۔

عدالت العالیہ میں یہ تحریک پیش ہوئی ہے کہ بوجہ کثرت کار تعلقداری وغیرہ کے ناظم فوجداری ضلع کو رسید گوشوارہ میں سخت دقت ہوتی ہے ضرورت اس کی نہیں ہے اگر صدر دفتر گوشوارہ مرتب کیا کریں اور سررشتہ دار اسکی تنقیح کریں تو کام میں سہولت ہوگی اور مال کام میں زیادہ وقت صرف کیا جائیگا لہذا یہ امر اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش کیا گیا اور عدالت العالیہ کا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے ـــ

(۳) عدالت العالیہ کو تحریر سے معلوم ہوا ہے کہ جو حکام مثل کو بخوبی نہیں سمجھتے ہیں وہ گوشوارہ خود ہی غلط مرتب کر لیتے ہیں نہ جانتے کوئی اہل عملہ اس کو مرتب کرے

(۴) عدالت العالیہ کو یقین ہے کہ جو حاکم دس گھنٹے میں ایک مقدمہ کی روبکاری لکھیگا تو وہ گوشوارہ سرری ایک گھنٹہ میں مرتب کریگا اور اس سے واضح ہو گیا کہ واقعات مقدمہ پر حاکم کو کس قدر عبور ہے اس بات سے واقف ہے کہ ہر ایک بھی جالبوں حصہ تحریر تحریر سے [illegible] صرف نہیں ہوتا ہے یہ گوشوارہ واقعی بہت ضروری ہے اس سے تمام واقعات اہم مقدمہ کا تذکرہ معلوم ہوتا ہے کہ جو [illegible] ہونے سے تحت جات سرری میں انہیں وجوہات اور واقعات قرار دئے جاتے ہیں انکا اندراج ہوتا ہے ـــ

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۳ / دیوانی ۲۱ مورخہ ۳ شہریور ۱۳۰۹ ف

مضمون (۳۵۸) اسٹامپ رسوم عدالت کو بعد استعمال آمدہ کر لینے کا طریقہ	(۱) بلحاظ دفعہ ۲۸ قانون رسوم عدالت نمبر ۲۷ سنہ ۱۲۷۶ ف احکام ذیل بمنظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ جاری

کئے جاتے ہیں ـــ

(۲) جب کوئی اسٹامپ عدالت میں داخل ہو تو اعلیٰ اہلکار عدالت کا فرض منصبی ہے کہ اسکی تنقیح کرے کہ وہ کسی طرح مستعمل یا نقلی نہیں ہے ـــ

(۳) اگر اسٹامپ مذکور درست ہے تو بصورتیکہ کاغذ میں منقش ہے تو آلہ قاطعہ سے اس میں علامت منقش پر سوراخ اس طرح کیا جائے کہ مقدار مقررہ نقوش قطع ہو جائیں لیکن مقام منقش کے حروف قطع نہ ہوں

(۴) اگر اسٹامپ چسپیدنی ہے تو اس کو چسپاں کرکے فہرست یا کاغذ پر چسپاں ہو لکھا جائے کہ کس قیمت کا اسٹامپ وصول کیا گیا ہے اور بعد وصول کرنے کے اس کو آلہ قاطعہ پیمانہ معینہ سے قطع کیا جائے تاکہ وہ اسٹامپ دوبارہ استعمال میں نہ آسکے ـــ

(۵) کاغذ مقطوعہ کو سوخت کرنے یا تلف کرنے کا ذمہ دار اعلیٰ اہلکار عدالت ذمہ دار ہے ـ

سنہ ۱۳۰۸ فصلی صفحہ ۳۸۵ و رپورٹ پولیس سرکار عالی صیغہ کوتوالی نمبر ۱۵/۲۰ ق مورخہ ۱۹ فروردی سنہ ۱۳۰۸ فصلی —

(۲) رپورٹ پولیس نمبر ۲/۱۴ ک سنہ ۱۳۰۸ فصلی و نمبر ۱۸۸ ک اضلاع سنہ ۱۳۰۹ ف مندرجہ جریدہ سرکاری جزو اول مورخہ ۵ خورداد ماہ الٰہی سنہ ۱۳۰۹ ف صفحہ (۴۹۸) —

نوعیت جرم | (۲) جب مولیشی زہر خورانی سے ہلاک کئے جائیں تو جرائم دفعات ۴۲۸ و ۴۲۹ تعزیرات ہند کا ارتکاب ہوتا ہے —

طریقہ تحقیقات | (۳) جرائم متعلقہ مضرت رسانی مولیشی قابل دست اندازی پولیس اور ناقابل مصالحت ہیں لحاظ تحفظ مال عامہ خلائق کے سرکار عالی ان مقدمات میں مستغیث ہوتی ہے —

مصارف تحقیقات | (۴) جناب نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی نے منظور فرمایا ہے کہ جرائم مذکور الصدر میں شخص مستغیث سے مصارف تحقیقات فوجداری نہ وصول کئے جائیں اگر الائش معدہ کے امتحان کئے جانے کی ضرورت ہو تو اُس کے مصارف بھی خزانہ سرکار سے ادا کرنا لازم ہے —

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۷ / دیوانی ۲۳ مورخہ ۴ مہر سنہ ۱۳۰۹ ف

مضمون (۲۶۳) ناخواندہ اشخاص سے نقوش انگشت لینا لازم ہے —

(۱) کاغذات مندرجہ ذیل ملاحظہ ہوئے —

(۱) تحریک نواب سربلند جنگ بہادر رکن عدالت العالیہ مورخہ ۵ اسفندار سنہ ۱۳۰۷ ف —

(۲) رائے انسپکٹر جنرل صاحب شامیہ مشری سرکار عالی مورخہ ۲۲ اسفندار سنہ ۱۳۰۸ ف —

(۳) آراء ارکان عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی —

(۴) مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۴۰ ۱۲) مورخہ ۷ امرداد سنہ ۱۳۰۷ ف —

(۵) قانون شہادت نوشتہ نمبر ۴ سنہ ۱۳۰۹ ف —

تعمیل — (۲) حسب اجازت نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی جو بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۴۰ ۱۲) مورخہ ۷ امرداد سنہ ۱۳۰۷ ف عدالت العالیہ میں موصول ہوئی ہے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے —

نقوش انگشت | (۳) جب کسی ناخواندہ شخص کے دستخط لینا مقصود ہوں تو بجائے نشانی کے ہمیشہ نقوش انگشت ثبت کرانا لازم ہے تاکہ اُن کی شناخت میں آئندہ سہولت ہو —

(۴) لیکن ایسے کامیاب طلبا ان عہدوں پر مامور ہونے کے لئے جو مشروط با امتحان ہیں اُس سررشتہ کا امتحان دیگر سند حاصل کرنا ضرور ہوگا ۔

(۵) فقرات ۱، ۲ گشتی عدالت العالیہ سررشتہ دیوانی (۳۱) مورخہ ۱۷ اسفندار ۱۳۰۵ف بھی اس گشتی سے بھی متعلق ہیں ۔

(۶) لحاظ رکھنا چاہیئے کہ طلباء کامیاب پنجاب یونیورسٹی کی لیاقت ریاضی دانی کی تصدیق کر لینا چاہیئے وہ کامیابان امتحان مڈل پر جہاں حساب دانی ضرور ہو اُن کو فوقیت نہ ہونا چاہیئے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۵) مورخہ ۲۱ شہریور ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۶۱) تفتیش پولیس کے لئے استغاثہ کی سپردگی ۔

(۱) ناظم فوجداری مجاز نہیں ہے کہ بلا تحریر اظہار حلفی مستغیث کے اُس کے استغاثہ کو خلاف دفعہ ۲۰۳ ضابطہ فوجداری کے بغرض تفتیش سپرد کوتوالی کرے ۔

(۲) بوقت پیش ہونے استغاثہ کے بلحاظ دفعہ مذکورۃ الصدر اظہار حلفی لکھکر واقعات متعلقہ کو قلمبند کرنا لازم ہے اگر زائد کارروائی فوجداری قرین مصلحت نہ ہو تو حسب دفعہ ۲۰۳ ضابطہ مذکور حکم دینا چاہیئے

(۳) اگر بغرض انکشاف اصلی واقعات تفتیش مناسب ہو تو عدالت احکام باضابطہ صادر کرے گی لیکن لحاظ رہے کہ کسی عدالت یا پولیس کے تضیع اوقات فضول استغاثات سے نہ ہونی چاہیئے ۔

(۴) جب کوئی استغاثہ پولیس میں روانہ ہو تو اظہار حلفی مستغیث کی نقل روانہ کر دی جائے ۔ اور بعد تفتیش کے عدالت جو حکم اخیر صادر کرے اُس سے متعلقہ اہلکار تفتیش کنندہ کو اطلاع دیجائے تاکہ وہ ملحاظ حکم عدالت کاربند ہو ۔

(۵) اگر تعمیل میں ان احکام کے غفلت ہو تو مہتمم کوتوالی جہتہ مجسٹریٹ ضلع کو مطلع کریں ۔ تاکہ بحیثیت نظامت عدالت یا پولیس اسکا انسداد کیا جائے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۶) مورخہ ۲۱ شہریور ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۶۲) مصارف امتحان عرش موشی مقدمات فوجداری ۔

(۱) کاغذات ذیل معائنہ ہوئے ۔

(۱) جریدہ سرکاری جزو اول مورخہ ۲۷ خورداد

ضمن ۲۔ عرائض نویس سے وہ شخص مراد ہے جو ایک یا چند عرائض جس کے لیے یا بالعوض اجرت کے لکھے

ضمن ۳۔ کار عرائض نویسی سے مراد بعوض اجرت کے عرائض لکھنا ہے۔

ضمن ۴۔ انجام دہی کار عرائض نویسی سے مراد لینا عرائض کا لکھنا ہے جو اُس عدالت میں پیش ہونے کی غرض سے لکھے گئے ہوں جس سے اجازت عرائض نویسی حسب قواعد مندرجہ گشتی ہذا حاصل کی گئی ہو۔

لیاقت و ضمانت درخواست سند عرائض نویسی | دفعہ ۲۔ جن اشخاص میں حسب ذیل صفات پائے جائیں وہ حقدار ہوں گے کہ درخواست دیکر اجازت مذکورہ دفعہ ۳ حاصل کریں۔

ضمن ۱۔ جس شخص نے امتحان مڈل کلاس اردو زبان مروجہ ملک میں یا اُس سے کسی اعلیٰ درجہ کے امتحان میں سند کامیابی حاصل کی ہو۔

ضمن ۲۔ جس شخص کو حاکم عدالت نے اسی عدالت کے لئے کسی خاص وجہ سے جسکا بذریعہ تحریر ظاہر کرنا لازم ہوگا سند عرائض نویسی کی بلا پابندی ضمن (۱) کے عطا کی ہو اور۔

ضمن ۳۔ درخواست کے ساتھ اسناد خوش کرداری و کامیابی امتحانات پیش کرنا لازم ہوگا۔ اور۔

ضمن ۴۔ اگر سائل کسی جرم میں سزایاب ہوا ہو تو اُسکی درخواست کے ساتھ نقل تجویز سزایابی داخل کریگا۔ اور

ضمن ۵۔ اگر سائل ملازم سرکاری یا کسی شخص قانون پیشہ یا دوسرے شخص کا ملازم ہو تو درخواست میں درج کرنا چاہئے کہ درصورت حصول اجازت عرائض نویسی کے سائل ملازمت سابقہ سے مستعفی ہوتے پر مستعد ہے۔

ضمن ۶۔ ہر حالت میں لازم ہوگا کہ سائل کی عمر ۲۰ سال سے کم نہ ہو۔

رجسٹر عرائض نویسان عدالت | دفعہ ۳۔ جن لوگوں کو اجازت مندرجہ دفعہ (۲) عطا ہو اُنکا نام ولدیت و عمر و سکونت و ذات و قابلیت و پیشہ و تاریخ تقرر کا اندراج ایک رجسٹر عرائض نویسان میں کرنا لازم ہوگا اور رجسٹر حسب نمونہ ملحقہ نمبر ۶۲ رکھا جائیگا۔

سند عرائض نویسی | دفعہ ۴۔ جن امیدواروں کو اجازت عرائض نویسی کی دیجائے گی اُنکو سند حسب نمونہ ملحقہ بدستخط حاکم و مہر عدالت دی جائیگی۔

احاطہ عدالت میں نشست | دفعہ ۵۔ ہر حاکم مجاز ہوگا کہ اپنی عدالت کے احاطہ میں ایک یا چند عرائض نویسوں کو نشست کی اجازت دے۔

عرائض نویسان غیر سند | دفعہ ۶۔ علاوہ عرائض نویسان مقررہ عدالت کے کوئی شخص مجاز نہ ہوگا کہ احاطہ عدالت میں بیٹھکر پیشہ عرائض نویسی کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۷ / دیوانی ۳۶ مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۶۴) ملازم سرکار کو جبکہ وہ بحیثیت کمشنر کے اظہار قلمبند کرے کوئی فیس نہیں ملے گی اور نہ اس کا کوئی معاوضہ بحق سرکار جمع ہوگا۔

(۱) بربنائے تحریک نواب سر بلند جنگ بہادر رکن عدالت العالیہ گشتیات عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۵) دیوانی (۱۶) واقع ۴ امرداد ۱۳۰۵ف و نشان فوجداری (۶) دیوانی (۵) واقع ۴ دے ۱۳۰۶ف ملاحظہ ہوئیں اور ارکان اجلاس انتظامی نے بہ کثرت رائے حسب ذیل حکم صادر فرمایا۔

(۲) چونکہ گشتیات متذکرہ صدر میں اس امر کی صراحت نہیں ہے کہ اگر کوئی عدالت دوسری عدالت کے نام کمیشن بغرض قلمبندی اظہارات گواہان جاری کرے اور وہ حاکم اندرون وقت عدالت اظہار قلمبند کرے تو سرکار کو کوئی فیس بطور حق کمشن اہل مقدمہ سے لیکر داخل سرکار کرنی چاہئے یا نہیں۔ اور اس باب میں غلط فہمی کا اندیشہ ہے۔

لہذا منظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم نافذ کیا جاتا ہے۔

(۳) ملازمین سرکار بطور کمشنر جب اظہار قلمبند کریں تو کوئی فیس ملازم کو اہل مقدمہ سے دلائی جائے گی اور نہ اسکا کوئی معاوضہ بحق سرکار جمع ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۰ / دیوانی ۳۸ مورخہ ۹ آبان ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۶۵) قواعد متعلق عرائض نویسان عدالت ہائے ممالک مذکورالصدر۔

تمہید ۔ ملاحظہ اس کے کہ بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی ۱۳ فوجداری ۱۲ مورخہ ۱۱ اسفندار ۱۳۰۵ف عرائض نویسان عدالت کے نسبت قواعد کا نفاذ ہوا تھا دوبارہ بعض امور کے قواعد قابل اصلاح تھے لہذا ترمیم اس گشتی کے حسب ذیل قواعد منظوری جناب نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی جو بذریعہ مراسلہ نشان (۹۴۳) مورخہ ۲۵ اردی بہشت ۱۳۰۸ف حاصل ہوئی ہے نافذ کئے جاتے ہیں۔

تعریفات | دفعہ ۱ ۔ ضمن عرضی سے مراد وہ کاغذ ہے جو کسی اہلکار یا مہتمم عدالت دیوانی یا فوجداری یا حاکم یا ناظم کے سامنے پیش کرنے کی غرض سے لکھا جاوے اور اس میں عرضی دعوے و جواب مرافعہ و جواب و تحریرات کلی داخل ہے۔

سزائے جرائم خلاف ورزی قواعد ہذا۔ **دفعہ ۱۴** ۔ حاکم عدالت مجاز ہوگا کہ جو شخص کوئی فعل بخلاف ورزی قواعد ہذا کے عمل میں لاوے اسپر اس قدر جرمانہ کرے جس کی مقدار پانچروپیہ سے زیادہ نہو۔

معطل و معزول عرائض نویسان سند۔ **دفعہ ۱۵** ۔ جو عرائض نویس عادتاً عرائض بے قاعدہ لکھتا ہے یا ایسے لکھتا ہے جس میں امور غیر متعلق کا ذکر ہے یا جو خلاف دستور یا اور طرح سے قابل اعتراض کے ہوں۔

(۱) جو کار عرائض نویسی میں عبارت غیر مہذب یا توہین آمیز یا ناشایستہ استعمال کرتا ہے۔

(۲) جس کے نسبت ثابت ہوا ہو کہ فرائض عرائض نویسی کے اچھی طرح سے انجام دینے کی لیاقت نہیں رکھتا ہے

(۳) جو ایسے کار عرائض نویسی کے سرانجام کرنے میں کسی کردار فریب آمیز یا غیر مناسب کرنے کا مرتکب ثابت ہو۔

(۴) یا جو کسی جرم مؤثر اخلاق کا مرتکب ہو۔

(۵) یا جو حاکم عدالت کی رائے میں بدچلنی یا کسی اور وجہ سے عرائض نویس عدالت کے رہنے کے قابل نہو وہ حاکم جس نے اس کو سند عرائض نویسی کی عطا کی ہو یا اسکا قایم مقام ایسے عرائض نویس عدالت کو معطل یا معزول کر سکتا ہے۔

مرافعات احکام۔ **دفعہ ۱۶** ۔ جو حکم حسب قواعد ہذا صادر ہوا ہو اسکا مرافعہ اس عدالت میں ہو سکیگا کہ جہاں حاکم صادر کنندہ حکم کے مرافعات صیغہ عدالت میں عموماً سماعت ہوتے ہیں۔

عرائض نویسان کے حقوق۔ **دفعہ ۱۷** ۔ عرائض نویسان عدالت مستحق ہوں گے کہ جب کوئی جائداد نقلنویسی کی خالی ہو تو درصورت نہ ہونے کسی لائق تر امیدوار کے اُن کا تقرر کیا جائے۔

ممنوعات عرائض نویسان۔ **دفعہ ۱۸** ۔ عرائض نویسان مستند امور ذیل کے مجاز نہوں گے۔

(۱) ذمہ عدالت میں کوئی کام کرنا۔

(۲) کسی کاغذ یا مسل عدالت کو ملاحظہ کرنا یا اسکی نقل کرنا۔

(۳) کوئی فعل خلاف کسی شرط سند کے عمل میں لانا۔

(۴) درصورت تبلیغ سند کے کوئی فعل کرنا

(۵) بایام تعطیل عرائض نویسی کا کام انجام دینا

نمونہ نمبر ۱۸ سند مندرجہ دفعہ (۴) گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی ۲۸ فوجداری (۴۰) ۹۔ آبان ۱۳۰۹ف

میں حاکم عدالت ضلع صوبہ مسمی

شرح عرایض نویسی | **دفعہ ۷** — ضمن (۱) بلدہ حیدرآباد کی عدالتوں کے واسطے عدالت العالیہ شرح سالانہ اجرت عرایض نویسان قبل آغاز ہر سال فصلی جریدۂ سرکاری میں شایع ہوا کرے گی۔

ضمن (۲) اضلاع میں ناظم فوجداری ضلع پر لازم ہوگا کہ عرایض نویسان دیوانی و فوجداری کی اجرت سالانہ شرح مقرر کرکے باضابطہ شایع کریں اور اسکی ایک نقل عدالت العالیہ میں روانہ کردیا کریں۔

تحریر عرایض بیرون احاطہ عدالت | **دفعہ ۸** — اہالیان معاملات متعلقہ عدالت پر لازم ہوگا کہ عرایض صرف عدالت سے خواہ مخواہ عرایض لکھادیں اہالیان متعلقہ عدالت کے سہولت کار کے لئے عرایض نویسان کا تقرر کیا جائیگا۔ ہر اہل معاملہ مجاز ہوگا کہ بیرون احاطۂ عدالت جس شخص سے چاہے اپنے کاغذات لکھوائے اور باضابطہ عدالت میں پیش کرے۔

رجسٹرات اجرت عرایض | **دفعہ ۹** — ہر عرایض نویس پر لازم ہوگا کہ ایک رجسٹر اجرت عرایض کا حسب نمونہ منسلکہ نمبر ۱۳ رکھے۔

نمونہ تحریر عرایض | **دفعہ ۱۰** — ہر ایک عرایض نویس اجازت یافتہ کا یہ فرض ہوگا کہ عرضی گزار کے مطلب کو سلیس عبارت میں اسطرح پر کہ عرضی گزار اس کو سمجھ سکے مختصر و مناسب صورت سے ظاہر کرے اور عرضی مطول اور غیر متعلق امور کے ساتھ نہ لکھی جائیں۔

حوالہ رجسٹر و تصدیق و دستخط عرایض نویس | **دفعہ ۱۱** — ہر عرایض نویس پر لازم ہوگا کہ جس کاغذ کو وہ لکھے اسکی پشت پر نمبر مسلسل رجسٹر نمبر ۱۳ کا درج کرکے اپنی دستخط ثبت کرے اور تصدیق اس امر کی کرے کہ حتی المقدور مضامین مندرجہ عرضی حسب مقصود سایل درج کئے گئے ہیں۔

حاکم عدالت عرایض نویس کو مکرر عرضی تحریر کرنے کا حکم دے سکتا ہے | **دفعہ ۱۲** — حاکم عدالت مجاز ہے کہ عرایض نویس عدالت کو حکم دے کہ کسی اپنی لکھی ہوئی عرضی کو جو بے قاعدہ طور پر لکھی گئی ہو یا بدخط یا اور طور پر ناخواندنی ہو یا پیچیدہ یا مبہم ایسے طور پر طول و فضول ہو یا کہ اس میں امور غیر متعلق مندرج ہوں یا غلط حوالہ دیا گیا ہو یا کسی اور سبب سے اس حاکم کی رائے میں خلاف قاعدہ یا قابل اعتراض کے ہو دوبارہ لکھے جو حکم بموجب اس قاعدہ کے صادر کیا گیا ہو اسکی تجویز ثانی کوئی حاکم یا عدالت سوائے اس حاکم یا عدالت کے جس نے یہ حکم دیا ہے نہیں کرسکتی ہے۔

عرایض نویس [illegible] دوبارہ عرضی [illegible] لکھے گا | **دفعہ ۱۳** — ہر ایک عرایض نویس [illegible] اسی عرضی [illegible] لکھی ہوئی کو دوبارہ اپنے صرف سے لکھے گا جب بوجوہ مندرجہ دفعہ [illegible]

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۲ / دیوانی ۳۰ مورخہ ۹ آبان ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۶۸) رقوم سرکاری کے متعلق احتیاط کا ملحوظ رکھنا۔

(۱) ناظم صاحب صدر عدالت صوبہ اورنگ آباد نے بوقت تنقیح عدالت منصفی بیڑ و گیورائی بابتہ ۱۳۰۸ف عدالت العالیہ کو اس امر کی طرف توجہ دلائی کہ منصف صاحب تعلقات مذکورہ نے رقم تعمیر مکان منصفی خزانہ سرکاری سے لیکر بلا جمع و خرچ رقم مذکور بلا اجرائے رسید باضابطہ صرف بھروسہ پر مستری کو دیدی۔

(۲) چونکہ منصف صاحب مذکور کا یہ فعل بے قاعدہ اور قابل اعتراض تھا اس وجہ سے عدالت العالیہ سے ان کو ہدایت مناسب کی گئی ہے اور حسب منظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۳) حکام عدالت ہائے سرکار عالی کو ہمیشہ احتیاط رکھنا چاہئے کہ کبھی کوئی رقم کسی شخص کو بلا رسید باضابطہ کے ادا نہ کیا جائے اور جب کبھی کوئی رقم وصول کیا جائے فوراً ادا کرنے والے کو بلا توقف رسید باضابطہ دیجائے۔

(۴) جو عہدہ دار بے ضابطہ رقوم ادا یا وصول کرے گا اسکی غفلت سے جو مضرت ہوگی اسکی ذاتی ذمہ داری عہدہ دار غافل پر عاید ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۴) مورخہ ۳۰ آبان ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۶۹) توضیح لفظ جاگیر۔

(۱) دیکھو گشتی عدالت العالیہ فوجداری نمبر (۲۲) مورخہ ۲۶ ماہ اردی بہشت ۱۳۰۸ف مشمولہ مسل انتظامی نمبر ۳ ۲۲ ۱۳۰۹ف۔

(۲) اس گشتی میں تہذیب اور ترتیب دفاتر کوتوالی اضلاع کی نسبت احکام جاری کئے گئے ہیں لیکن اسکا مقصود یہ نہیں ہے کہ اہلکاران یا عہدہ داران ایسے علاقوں میں دست اندازی کریں جہاں ان کو اقتدارات عدالتی یا کوتوالی حاصل نہیں ہیں۔

(۳) علاقہ صرفخاص حضرت اعلیٰ و اقدس اور علاقہ پائیگاہ اور جاگیرات مستثنیٰ میں وہی عہدہ داران اور اہلکاران حسب قوانین نافذہ نگرانی رکھیں گے جو ان علاقوں کے انتظام عدالت و کوتوالی کے لئے مامور کئے گئے ہیں۔

(۴) عہدہ داران اور اہلکاران کو لحاظ رکھنا چاہئے کہ اپنے حدود اراضی کے باہر کوئی خلاف

ولد ساکن ذات پیشہ کو ماہ آذر سنہ ۱۳ ف
عدالت ہذا کے عرائض نویسی کی سند عطا کرتا ہوں۔ مورخہ ماہ سنہ ۱۳ ف

حاکم مقام۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۱) مورخہ ۹ آبان سنہ ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۹۹) احرسہ حراجی مولیشی لاوارث | (۱) کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے۔

(۱) مراسلہ محکمہ صدر عدالت صوبہ ورنگل نمبر (۱۵۹۶) مورخہ ۱۹ اسفندار سنہ ۱۳۰۹ف۔ (۲) مراسلہ عدالت ضلع ایلگندل نمبر (۱۰۹۵) مورخہ ۲ اسفندار سنہ ۱۳۰۹ف) (۲) حسب منظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ احکام ذیل صادر ہوتے ہیں

عام مسئلہ یہ ہے کہ جب مال منقولہ تحویل عدالت میں ہو اور اس کے رکھنے سے مال خراب ہوتا ہو یا اسکی حفاظت کے مصارف بہ لحاظ قیمت مال مذکور زاید ہوتے ہوں وہ بلا توقف عمدہ ترین ذریعہ سے نیلام کردیا جائے مجسٹریٹ ضلع اس اصولی مسئلہ پر ہمیشہ لحاظ رکھیں اور حکام ماتحت کو متنبہ کریں۔

(۳) مویشی آوارہ ولاوارث اور مسروقہ سے یہ مسئلہ یکساں متعلق ہے۔

(۴) مجسٹریٹ ضلع کا فرض ہے کہ سالانہ نرخ مصارف حفاظت مویشی کا تقرر کرکے بذریعہ جریدہ سرکاری شائع کیا کریں اور تمام مجسٹریٹ ماتحت کے پاس عام سالانہ گشتی اس نرخ کی بہ لحاظ فصل اور مقامی حالت کے روانہ کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۲ / دیوانی ۲۹ مورخہ ۱۹ آبان سنہ ۱۳۰۹ف

مضمون (۲۶۶) جملہ نقول میں عبارت اشامپ کے نقل درج ہونا چاہئے | (۱) بقول موجبات مراجعہ کے ملاحظہ سے عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ عبارت مندرجہ اشامپ کی نقل نہیں دیجاتی ہے۔ لہٰذا بغرض تعمیل تمامی نظار عدالت ہائے ممالک محروسہ سرکار عالی بمنظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) تمام کاغذات رسوم عدالت یا اشامپ کی جب نقل دیجائے تو ہمیشہ درج کرنی چاہئے کہ کس قیمت کا اشٹامپ اس کاغذ پر منسلک یا چسپاں ہے۔

پائیگاہ پر لازم ہے کہ جب کوئی ڈاکو یا مجرم یا جرائم پیشہ اشخاص اُن کے علاقوں میں پناہ لینا چاہیں تو فوراً اُسکی اطلاع کوتوالی سرکار عالی کو دیں جو اُن کے علاقہ کے قریب تر واقع ہو اور بشرکت باہمی ان کی گرفتاری میں مصروف ہوں اگر اہالی کوتوالی کسی مال یا سامان کو کسی شبہ یا غلطی کی وجہ سے لیجانا چاہیں تو بلا مال ماخذ رسید لکھے سپرد کر دیا جائے جو بعد ظہور تفتیش بصورت ثبوت ملکیت اصل مالک کو دیے گئے ہیں وہ واپس کیا جایا کریگا اگر کسی ملزم یا مجرم کو گرفتار کر کے لیجانا چاہیں تو بلا تامل ایسے ملزمین و مجرمین کو توالی سرکار عالی کے حوالہ کر دئے جایا کریں کسی قسم کی ممانعت یا مزاحمت نہ ہونی چاہئے ۔

(۵) کسی علاقہ جاگیر یا سمستان مستثنیٰ و غیر مستثنیٰ و منقطعہ و غیر منقطعہ کے حدود کے اندر کوئی واردات سنگین سرزد ہو تو بصورت وقوع واردات اسکی اطلاع کوتوالی قریب تر کو کرنی ضرور ہوگی اور مجرمین کی سراغرسانی اور مال کی تفتیش و تکمیل و ترتیب مقدمہ میں باتفاق اہالی کوتوالی سرکار عالی سعی کرنی چاہئے تاکہ مجرمین فوراً گرفتار ہوں اور ثبوت مقدمہ خراب نہ ہونے پائے اور جرائم کا انسداد بطور کافی عمل میں آئے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴) مورخہ ۱۳ ار دی بہشت ۱۳۱۰ ف

مضمون نشان (۳۷) مال ذاتی قیدیاں کا حکمنامہ میں درج کیا جانا	(۱) تنقیح مجالس اضلاع سے معلوم ہوتا ہے کہ

مال قیدی کا اندراج حکمنامہ یعنے وارنٹ میں نہیں ہوتا بلکہ بر وقت ادخال قیدی تلاشی میں جو مال برآمد ہوتا ہے وہ درج رجسٹر ہوتا ہے اسپر دستخط قیدی و ضمیمہ محبس ہوتے ہیں چونکہ یہ عملدرآمد عدالت کا غلط ہے اور اس سے قیدی کے ذاتی مال کا پورا پتہ نہیں مل سکتا

لہذا بغرض اصلاح آیندہ بپابندی تمامی ناظمے فوجداری حسب ذیل حکم نافذ کیا جاتا ہے ۔

(۲) حکم نامہ یعنے وارنٹ میں مال ذاتی قیدی درج ہوا کرے ۔ اور قیدی کے حکم نامہ یعنے وارنٹ کے ساتھ ہی مال بھی داخل محبس ہونا چاہئے تاکہ اُس کے ذاتی مال کا پتہ باسانی مل سکے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ / دیوانی ۳ مورخہ ۱۲ ار بہمن ۱۳۱۰ ف

مضمون نشان (۳۸) حضوری عدالت کے متعلق احکام نافذ شدہ	(۱) بملاحظہ وصول مراسلہ محکمہ سرکار عالی و عدالت

نشان (۲۳ / ۲) واقع ۹ / ربیع الثانی ۱۳۱۰ ف و ...

قانون دست اندازی نہ کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱ / دیوانی ۱ مورخہ ۱۴ آذر ۱۳۱۰ف

مضمون (۲۰) مقدمہ زیر مرافعہ کا نشان اور سال تجویز میں درج کیا جانا۔	(۱) بلحاظ مرحلہ مرافعہ کے بلاخط سے عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بعض عدالت ہائے مرافعہ نے جن مقدمات

کو سماعت کیا ہے انکا نمبر تجویز میں درج نہیں کیا۔

لہذا بمنظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم شایع کیا جاتا ہے۔

(۲) حکام عدالت ہائے مرافعہ مقدمات زیر مرافعہ کا نشان ابتدائی تجویز میں ہمیشہ درج کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳) مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۱۰ف

مضمون (۲۷) قواعد تحویل ملزمین مابین عدالتہائے عالیہ و پائیگاہ و دیگر جاگیرات سرکار عالی	(۱) دیکھو جریدہ سرکاری مورخہ ۴ آبان ۱۳۰۹ف حصہ اول۔

(۲) بربنائے تحریک ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی درباره تحویل ملزمین سرکار نے بشرف منظوری اعلحضرت بندگانعالی متعالی بربنائے احکام سابقہ جو حکم صادر فرمایا ہے وہ نہایت ضروری ہے اور تمام عدالتوں کو اسکی تعمیل اور نگرانی لازم ہے لہذا حسب تجویز اجلاس انتظامی بذریعہ گشتی ہذا احکام مصرحہ مالا لغرض پابندی عدالت ہائے سرکار عالی شایع کئے جاتے ہیں۔

(۳) تمام جاگیرات و سمستانات مستثنے و غیر مستثنے مقتدر و غیر مقتدر اور کل علاقہ جات پائیگاہ میں اہالی کوتوالی سرکار عالی کو تمامی جرائم سنگین کے ملزمین و مجرمین اور اشخاص بدمعاش و جرائم پیشہ کو گرفتار کرنے اور مال مسروقہ و مشتبہ برآمد کرنے اور تحقیقات و سراغ جرائم سنگین کے لئے مثل علاقہ خالصہ کے پوری پوری آزادی حاصل ہے۔ کسی جاگیر یا سمستان مستثنے و غیر مستثنے مقتدر و غیر مقتدر اور کسی علاقہ پائیگاہ کا عہدہ دار یا کامدار یا علاقہ دار یا نائب یا ملازم اس امر کا مجاز نہ ہوگا کہ اہالی کوتوالی سرکار عالی کے فرائض منصبی کی ادائی کے وقت مانع و مزاحم یا حارج ہو اگر کوئی شخص ایسا عمل کریگا تو وہ بلاتامل بہ قیام مقدمہ فوجداری بغرض تدارک مناسب سپرد عدالت فوجداری کر دیا جائے گا۔

(۴) عہدہ داران و ملازمین و کامداران و علاقہ داران جاگیرات و سمستانات و علاقہ جات

فقط ان مقدمہ مرجوعہ میں حاضر ہونے سے معاف کرکے اونکی شہادت بذریعہ کمیشن قلمبند کرانے کیلئے حکم جاری کرسکتے ہیں انہیں اصول کی بنا پر ڈھائی سال سے زیادہ عرصہ ہوا کہ میں نے تاریخ ۸ ذی الحجہ ۱۳۱۵ھ کو ایک حکم جاری کیا تھا جسکی نقل منسلک ہے وہ حکم اور یہ حکم ہر دو جریدہ اعلامیہ میں عام اطلاع کے واسطے شایع کئے جائیں اور اسوقت تک جسقدر احکام چند اشخاص کو عام طور سے حضوری عدالت سے معاف کرنیکے لئے جاری ہوچکے ہیں وہ سب اس حکم کی وجہ سے منسوخ ہوگئے

شرحہ دستخط مبارک اعلیحضرت

۵ رجب ۱۳۱۸ھ روز شنبہ

نقل فرمان واجب الاذعان اعلیحضرت سرکار عالی متعالی مد ظلہ العالی

سردار دیلا

نواب مدار المہام صاحب

عرضداشت معروضہ ۱۹ ذیقعدہ ۱۳۱۵ھ میں جس فہرست اسماء کے لئے آپ ملتجی ہیں اسکی کوئی ضرورت نہیں آپ سے اور دیگر عہدہ داروں سے علی العموم مخفی نہیں کہ کون میرے خاص مصاحب یا ملازم ہیں اگر ان میں سے کسی کے نسبت کوئی مقدمہ کسی عدالت میں آجائے یا کسی کی شہادت کی ضرورت کسی عدالت کو واقع ہوجائے یا کوئی شخص میرے پاس حاضر رہنے کی وجہ سے حضوری عدالت سے معذور رہے تو اوسوقت اوسکے متعلق آپ میرے ملاحظہ میں معروضہ داخل کرکے مستثنے یا غیر مستثنے کا حکم حاصل کرسکتے ہیں ابھی چند ملازموں کی نسبت کوئی ایسا حکم نافذ کرنا قبل از وقت اور بالکل غیر ضروری ہے فقط ۸ ذی الحجہ ۱۳۱۵ھ روز شنبہ

شرحہ دستخط مبارک اعلیحضرت

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ / دیوانی ۴ مورخہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۱۰ف

مضمون (۴۔۲۷) طریقہ علم بندی اظہارات کی بابت | (۱)۔ گشتی محکمہ صدر المہام عدالت فشان بلدہ (۱۸) مؤرخہ ۷ ماہ رجب ۱۲۸۸ھ ملاحظہ ہوئی ۔

(۸) دیجیم ۱۳۱۵ھ مطابق ۲۶ اردی بہشت ۱۳۰۷ف حسب الحکم مدارالمہام سرکار عالی حسب ذیل احکام نافذ کئے جاتے ہیں۔

نقل فرامین معدلت آئین اعلیحضرت بندگانعالی متعالی مدظلہ العالی۔ محولہ صدر حسن کے بغرض اطلاع عام گشتی ہذا کے ساتھ منسلک ہوکر شایع کیجاتی ہیں۔ عدالت ہائے سرکار عالی آئندہ مقدمات دیوانی و فوجداری میں کارروائی کیا کریں اسلئے جس قدر احکام چند اشخاص کو عام طور سے حضوری عدالت سے معاف کرنے کے لیے جاری ہو چکے ہیں وہ سب احکام تاریخ حکم مذکور سے منسوخ ہوگئے۔

نقل فرمان واجب الاذعان اعلیحضرت بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی

سردار بنگلہ

نواب مدارالمہام صاحب۔

چند معزز اشخاص کو عدالت دیوانی میں بہ حیثیت گواہ کے حاضر ہونے سے معاف کرنے کے بابت آپ کی عرضداشت مورخہ ۱۴ ربیع الاول ۱۳۱۷ھ ملاحظہ کیگئی جس میں آپ نے عرض کیا ہے کہ عدالت فوجداری میں کوئی شخص بہ حیثیت گواہ حاضر ہونے سے معاف کئے جانے کی ضرورت نہیں ہے اگرچہ السامعلوم آمد عدالت سے ظاہر کیا ہے لیکن عدالت دیوانی میں بہ حیثیت گواہ حاضر ہونے سے چند معززین معاف کئے جائیں۔ میں نے اسباب میں بخوبی غور کیا اسمیں مشکل یہ ہوتی ہے کہ ہر شخص اپنے کو معزز سمجھکر عام طور سے اپنی معافی کی درخواست کرتا ہے اور درخواستگزاروں میں سے چند کی درخواست منظور اور چند کی نامنظور کرنے میں ایک بدنامات پیدا ہوتی ہے گویا معاف شدہ اشخاص ہی معزز سمجھے جاتے ہیں اور دوسرے نہیں اور تمام کی درخواستیں علی العموم منظور ہونا بھی غیر ممکن ہے کیونکہ بہت سے اشخاص عام طور سے معاف کئے جانا انتظام کے واسطے ٹھیک نہ ہوگا لہذا یہاں کے خاص حالات اور نیز یہاں کے اکثر معززین و فقرا کے حالات کے لحاظ سے مناسب ہے کہ عدالتوں کا موجودہ عملدرآمد بحال رہے یعنے عدالتوں کو مقدمات دیوانی و مقدمات فوجداری ہر دو میں اختیار تمیزی قابل مرافعہ دیا جائے کہ وہ کسی خاص خاص مقدمہ مرجوعہ میں کسی معزز یا مقدس شخص کو بحیثیت گواہ اپنے اجلاس میں طلب کرنے کے عیوض اوسکی شہادت بذریعہ کمیشن قلمبند کراسکے اور کمیشن کی اجازت دے اگر اتفاقاً کسی خاص مقدمہ مرجوعہ میں کوئی عدالت کسی معزز یا مقدس شخص کی حاضری پر اصرار کرے اور مرافعہ میں بھی وہ حکم بحال رہے تو اوسکو آپ بطور خاص

اصل

گشتی نمبر ۶۹ محکمۂ گشتی عدالت العالیہ سرکار عالی فوجداری ۵۵ دیوانی
مورخہ ۱۹ بہمن سنہ ۱۳۳۱ ف

سر سلسلہ حکمنامہ - حکم نامہ ادائی رقم

عدالت تحصیل ضلع صوبہ

بنام ناظر عدالت ہذا - رقم حکمنامہ ہذا حسب تفصیل ذیل ادا کرکے مثنی بعد رپورٹ تعمیلی سررشتہ میں واپس کرو

۱	نشان مقدمہ و سال و نمبر رجسٹر	
۲	نام فریقین	
۳	تعداد رقم قابل ادائی	
۴	نام مستحق وصول رقم اور اسکا قیامگاہ مکان	
۵	سبب ادائی رقم	
۶	تاریخ	
۷	صیغہ دار - سررشتہ دار - حاکم یا عہدہ دار مجاز	

رپورٹ تعمیلی سررشتہ نظارت

بہ تعمیل حکمنامہ ہذا رقم مندرجہ خانہ (۳) حکمنامہ ہذا بمواجہ عہدہ دار مجاز و بکار سیاہہ مسرا لیکئی جو اس حکمنامہ کے ساتھ شریک مثل ہونے کی غرض سے بھیجی جاتی ہے فقط

تحریر ماہ سنہ ۱۳۳۱ ف

ناظر

مثنیٰ

گشتی نمبر ۶۹ محکمۂ گشتی عدالت العالیہ سرکار عالی فوجداری ۵۵ دیوانی
مورخہ ۱۹ بہمن سنہ ۱۳۳۱ ف

سر سلسلہ حکم نامہ - حکم نامہ ادائی رقم

عدالت تحصیل ضلع صوبہ

بنام ناظر عدالت ہذا - رقم حکمنامہ ہذا حسب تفصیل ذیل ادا کرکے مثنی بعد رپورٹ تعمیلی سررشتہ میں واپس کرو

۱	نشان مقدمہ و سال و نمبر رجسٹر	
۲	نام فریقین	
۳	تعداد رقم قابل ادائی	
۴	نام مستحق وصول رقم اور اسکا قیامگاہ مکان	
۵	سبب ادائی رقم	
۶	تاریخ	
۷	صیغہ دار - سررشتہ دار - حاکم یا عہدہ دار مجاز	

رپورٹ تعمیلی سررشتہ نظارت

بہ تعمیل حکمنامہ ہذا رقم مندرجہ خانہ (۳) حکمنامہ ہذا بمواجہ عہدہ دار مجاز و بکار سیاہہ مسرا لیکئی جو اس حکمنامہ کے ساتھ شریک مثل ہونے کی غرض سے بھیجی جاتی ہے۔

تحریر ماہ سنہ ۱۳۳۱ ف

ناظر

(۲) معائنہ امرائیہ بعض عدالت ہائے ماتحت واضح ہوتا ہے کہ ایک واقعہ پر جب دو عورتیں شاہد ہوتی ہیں تو اُن کے بیانات حسب منشاء گشتی مذکرہ صدر اجمالاً اس طرح لکھے جاتے ہیں کہ ایک عورت کا بیان معلوم ہوتا ہے حالانکہ منشاء قرآن شریف کا یہ ہے اور معنی اِنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى کے یہ ہیں کہ اگر شاہدہ بروقت گواہی دینے کے کچھ بھول جائے تو دوسری شاہدہ اُس کو یاد دلائے۔

ایک ہی شہادت لکھنے سے یہ نہیں معلوم ہوتا ہے کہ کہاں کہاں ایک شاہدہ نے سہو کیا ہے اور دوسری نے یاد دلایا یا عمداً غلط بیان کیا اور دوسری نے اسکی تکذیب کی اور شاہدہ اولی نے اُسے قبول کیا یا نہیں گرچہ یہ حالت عدالت ابتدائی کو جو شہادت قلمبند کرتی ہے معلوم ہوتے ہوں گے لیکن بروقت مرافعہ حاکم یا حکام سامعین مرافعہ سے پوشیدہ رہتے ہیں اور اُن کو رائے قائم کرنے میں دقت ہوتی ہے لہذا تشریح گشتی صدر المہام صدر بعنوان بعد منظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل گشتی جاری کیجاتی ہے۔

(۳) آیندہ جب دو عورتیں بطور گواہ ایک واقعہ کے پیش ہوں اُن کا اظہار علیحدہ علیحدہ قلمبند کیا جائے اگر اُن کے بیان مختلف ہوں تو ایک شاہدہ کا بیان دوسری شاہدہ کو سنایا جائے اور وجہ اختلاف دریافت کی جائے جس طرح وہ اپنے اپنے بیانات کی توثیق کریں وہ صورت نوبت بالکلیہ لکھ لیجائے اور اگر اختلاف باقی رہے تو وہ بھی لکھ لیا جایا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری}}{\text{دیوانی ۵}}$ مورخہ ۱۹ بہمن سنہ ۱۳۱۰ف

مضمون (۲۷۵) ایصال رقم مجتمعہ نظارت بذریعہ حکمنامہ۔ | (۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ نظارت سے رقم مجتمعہ کا ایصال بغیر حکمنامہ عدالت کے ہوا کرتا ہے جو بے ضابطہ ہے لہذا بہ منظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے

(۲) بغیر حکمنامہ عدالت کے ناظر مجاز نہیں ہے کہ کوئی رقم ادا کرے لیکن تعمیل حکمنامہ کا بغرض اسلاک مثل واپس ہونا چاہئیے

(۳) ناظر کے پاس فرد تنقیح کافی ہے کہ اُسکی کتاب سیاہہ آمدنی میں ایک نقل رسید رہے اور اصل رسید شامل مثل رہے۔ رسید کی تصدیق سیاہہ روزانہ اور کھتاونی سے ہونی چاہئیے اس سے زائد کسی کاغذ کی ضرورت نظارت میں نہیں ہے۔

(۴) رسید بحق نظارت کی برنائے حکم نامہ عدالت مرتب ہونا چاہئیے۔

(۵) حکمنامہ اور رسیدات زر کو وہی کے نمونہ جات منسلکہ ہیں۔

اصل

نمونہ نمبر ۷ محکومہ گشتی عدالت العالیہ بسال ۵ و ہدایت و ہوائی

مورخہ ۱۹ ار بہمن سنہ ۱۳۱۰ ف

نمبر سلسلہ رسید ، رسید رقم مودّی

عدالت تحصیل ضلع صوبہ

۱	نشان مقدمہ و سال و نمبر رجسٹر
۲	نام فریقین
۳	نمبر و تاریخ حکمنامہ عدالت
۴	رقم واشدہ مع تاریخ
۵	سبب ادائی رقم
۶	نام جس کو رقم دلائی گئی
۷	دستخط گیرندہ رقم
۸	دستخط شہود

تصدیق حاکم یا عہدہ دار مجاز

میرے مواجہ میں رقم تعدادی حسب حکمنامہ عدالت نمبر ، باطمینان میرے ... کو دیگئی اور مثنیٰ رسید ہذا مشار الیہ سے لیا گیا۔

مثنیٰ رسید ہذا شریک مثل متعلقہ رکھا جاتا فقط

تحریر ماہ سنہ ۱۳۱ ف

حاکم یا عہدہ دار مجاز

مثنیٰ

نمونہ نمبر ۷ محکومہ گشتی عدالت العالیہ بسال ۵ و ہدایت و ہوائی

مورخہ ۱۹ ار بہمن سنہ ۱۳۱ ف

نمبر سلسلہ رسید ، رسید رقم مودّی

عدالت تحصیل ضلع صوبہ

۱	نشان مقدمہ و سال و نمبر رجسٹر
۲	نام فریقین
۳	نمبر و تاریخ حکمنامہ عدالت
۴	رقم ادا شدہ مع تاریخ
۵	سبب ادائی رقم
۶	نام جس کو رقم دلائی گئی -
۷	دستخط گیرندہ رقم
۸	دستخط شہود -

تصدیق حاکم یا عہدہ دار مجاز

میرے مواجہ میں رقم تعدادی حسب حکمنامہ عدالت نمبر ، باطمینان میرے ... کو دیگئی اور مثنیٰ رسید ہذا مشار الیہ سے لیا گیا۔

مثنیٰ رسید ہذا شریک مثل متعلقہ رکھا جاتا فقط

تحریر ماہ سنہ ۱۳۱ ف

حاکم یا عہدہ دار مجاز

ہدایات

۱ - اس کے حکمناجات عدالت میں بقدر ضرورت طبع کرا کر مجلد رکھے جائیں۔

۲ - یہ حکم نمونہ حاشیہ مدد داری سررشتہ دار متعلقہ یا اس اہلکار کے جس کے متعلق سررشتہ دار کا کام انجام دیا جاتا ہو۔

۳ - اس نمونہ کے دو حصص ہیں ایک اصل کے نام اور دوسرا مثنیٰ کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

۴ - اصل حصہ جلد میں بعد اندراجات مدد داری سررشتہ دار متعلقہ محفوظ رہے اور اس کا مثنیٰ بعد نقل اندراجات سررشتہ متعلقہ سے سررشتہ نظارت میں تعمیل کی غرض سے بھیجا جائے۔

۵ - مثنیٰ بعد رپورٹ تعمیلی سررشتہ نظارت سے سررشتہ متعلقہ میں واپس ہو کر شریک مسل متعلقہ رکھا جائے۔

۶ - رقوم کا اندراج الفاظ اور رقوم میں بہت صاف ہونا چاہیے اگر مشکوک یا محکوک ہو جائے تو اس کی صحت سرخی کے ساتھ ہو کر حاکم کے دستخط لئے جائیں۔

۷ - اس حکمنامہ کے خانہ (۷) میں دستخط عہدہ دار مجاز ہو جانے کے بعد اس حکمنامہ کی اجرائی متصور ہوگی۔

۸ - ناظر باخذ رسید مطبوعہ حسب نمونہ نمبر (۷) رپورٹ تعمیلی مثنیٰ حکمنامہ ہذا پر تحریر کرے۔ فقط

ہدایات

۱ - اس کے حکمناجات عدالت میں بقدر ضرورت طبع کرا کر مجلد رکھے جائیں۔

۲ - یہ حکم نمونہ حاشیہ مدد داری سررشتہ دار متعلقہ یا اس اہلکار کے جس کے متعلق سررشتہ دار کا کام انجام دیا جاتا ہو۔

۳ - اس نمونہ کے دو حصص ہیں ایک اصل کے نام دوسرا مثنیٰ کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

۴ - اصل حصہ جلد میں بعد اندراجات مدد داری سررشتہ دار متعلقہ محفوظ رہے اور اس کا مثنیٰ بعد نقل اندراجات سررشتہ متعلقہ سے سررشتہ نظارت میں تعمیل کی غرض سے بھیجا جائے۔

۵ - مثنیٰ بعد رپورٹ تعمیلی سررشتہ نظارت سے سررشتہ متعلقہ میں واپس ہو کر شریک مسل متعلقہ رکھا جائے۔

۶ - رقوم کا اندراج الفاظ اور رقوم میں بہت صاف ہونا چاہیے اگر مشکوک یا محکوک ہو جائے تو اس کی صحت سرخی کے ساتھ ہو کر حاکم کے دستخط لئے جائیں۔

۷ - اس حکمنامہ کے خانہ (۷) میں دستخط عہدہ دار مجاز ہو جانے کے بعد اس حکمنامہ کی اجرائی متصور ہوگی۔

۸ - ناظر باخذ رسید مطبوعہ حسب نمونہ نمبر (۷) رپورٹ تعمیلی مثنیٰ حکمنامہ ہذا پر تحریر کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۸ / دیوانی ۹ مورخہ ۱۹ ار بہمن سنہ ۱۳۱۰ ف

مضمون (۶ ۲) عدم روائی لفافہ جات ناگی لفافہ سرکاری	ا۔ گشتی محکمۂ صدر عدالت و کوتوالی و امور عامۂ سرکار عالی صیغہ (ثبیہ) نشان (۲) مورخہ ۱۵ آذر سنہ ۱۳۰۹ ف ملاحظہ ہوئی

(۲) ناظم صاحب ٹبہ کی تحریر سے واضح ہوا کہ بعض عہدہ دار امام رخصت میں طلب مدد رقہ کے متعلق خطوط کا اسے انتقرست کرتے ہیں وہ بصیغہ سرکاری ہوتی ہے۔

لہذا عالیجناب نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی اس مسئلہ پر کافی غور فرمانے کے بعد منظوری رائے ناظم صاحب ٹبہ یہ حکم صادر فرماتے ہیں کہ جو عہدہ دار سرکاری بحالت رخصت مدد رقہ طلب کرنے کے متعلق کوئی مراسلت کسی دفتر سے کریں تو وہ کار سرکاری شمار نہ کیجائے گی کیونکہ قطع نظر نقصان سرکار از روئے فقرہ (۱۲۹) دستور العمل ٹبہ بابت سنہ ۱۳ ف اور گشتی نظامت ٹبہ نشان (۱۵) مورخہ ۲۵ ربیع الثانی سنہ ۱۲۹۲ھ یہ کارروائی ممنوع ہے پس آئندہ سے تمام عہدہ داران سرکار ایسی خط و کتابت بصیغہ خانگی بصرف اسٹامپ ٹبہ کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) مورخہ ۱۰ ار اسفندار سنہ ۱۳۱۰ ف

مضمون (۲۷) ملازمین سرکاری کی گرفتاری۔	(۱) کاغذات مندرجہ ذیل ملاحظہ ہوئے

(۱) مراسلہ محکمۂ سرکار علاقہ عدالت و کوتوالی و امور عامہ صیغہ تعلیمات نشان (۱۴ ۵) مورخہ ۱۹ مہر سنہ ۱۳۰۸ ف مشمولہ مثل (۲۶۴۳) سنہ ۱۳ ف صیغہ انتظامی۔

(۲) مراسلہ محکمۂ سرکار علاقہ عدالت و کوتوالی و امور عامہ نشان (۸ ۸) مورخہ ۳۱ ار دی بہشت سنہ ۱۳۰۹ ف مشمولہ مثل (۱۳۴۷) سنہ ۱۳۰۶ ف صیغہ انتظامی۔

(۳) مراسلہ محکمۂ سرکار علاقہ عدالت و کوتوالی و امور عامہ نشان (۳ ۶۲) مورخہ ۱۲ بہمن سنہ ۱۳۰۹ ف مشمولہ مثل نشان (۱۰۹) سنہ ۱۳۰۹ ف صیغہ انتظامی۔

(۲)۔ عدالت العالیہ سے ایک گشتی بہ نشان (۴۳) فوجداری مورخہ ۲۰ امرداد سنہ ۱۳۰۶ ف برمائے تحریک ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی جاری ہوئی تھی اب اکثر صیغہ جات سرکاری سے اسی قسم کی گشتی کے اجرا کی نسبت تحریکیں پیش ہوئی ہیں لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۳)۔ اہلکاران یا عہدہ داران ملازم سرکاری کے نام جب اطلاعنامہ جات یا حکمنامہ جات کسی مقدمہ

ہدایات

۱۔ اس نمونہ کے رسیدات عدالت میں بقدر ضرورت طبع کرا کے مجلد رکھے جائیں۔

۲۔ یہ مجلد نمونہ جات بذمہ داری ناظر یا ایسے اہلکار کے جو نظارت کا کام انجام دیتا ہو رہیں۔

۳۔ اس نمونہ کے دو حصص ہیں ایک حصہ اصل کے نام سے اور دوسرا مثنیٰ کے نام سے تعبیر کیا جائے۔

۴۔ اصل حصہ بعد اندراجات جلد میں بذمہ داری ناظر محفوظ رہے اور اسکا مثنیٰ بعد تکمیل اندراجات سررشتہ نظارت سے سررشتہ متعلقہ میں ادائی رقم و تکمیل شریک مثل ہونے کی غرض سے بھیجدیا جائے۔

۵۔ خانہ (۴) میں رقوم کا اندراج الفاظ اور رقوم میں بہت صاف ہونا چاہئے اگر مشکوک یا مشکوک ہو جائے تو اسکی صحت صریحی سے ہو کر گیرندہ کی تصدیق بمواجہ عہدہ دار مجاز ہونی چاہئے۔

۶۔ خانہ (۷) میں حسب ضابطہ محررہ بصورت ضرورت مثنیٰ پر ٹکٹ رسیدی چسپاں ہو کر دستخط گیرندہ رقم لیے جائیں۔

۷۔ خانہ (۹) میں مہر و رسید کے دستخط ہو کر تصدیق بمواجہ عہدہ دار مجاز کیجائے۔

۸۔ عہدہ دار مجاز کو جسکے مواجہ میں رقوم رسید دیجائے اپنے قلم سے معرفی متعلقات تصدیق پر اندراجات کرنی چاہئے اور رقم کا اندراج الفاظ اور رقم دونوں میں کرنا چاہئے۔

۹۔ رقم رسید ہذا عہدہ دار مجاز کے مواجہ میں سررشتہ نظارت سے بوقت تصدیق دیجاتی ہے۔

ہدایات

۱۔ اس نمونہ کے رسیدات عدالت میں بقدر ضرورت طبع کرا کے مجلد رکھے جائیں۔

۲۔ یہ مجلد نمونہ جات بذمہ داری ناظر یا ایسے اہلکار کے جو نظارت کا کام انجام دیتا ہو رہیں۔

۳۔ اس نمونہ کے دو حصص ہیں ایک حصہ اصل کے نام سے اور دوسرا مثنیٰ کے نام سے تعبیر کیا جائے۔

۴۔ اصل حصہ بعد اندراجات جلد میں بذمہ داری ناظر محفوظ رہے اور اسکا مثنیٰ بعد تکمیل اندراجات سررشتہ نظارت سے سررشتہ متعلقہ میں بغرض ادائی رقوم و تکمیل شریک مثل ہونے کی غرض سے بھیجدیا جائے۔

۵۔ خانہ ۴ میں رقوم کا اندراج الفاظ اور رقوم میں بہت صاف ہونا چاہئے اگر مشکوک یا مشکوک ہو جائے تو اسکی صحت صریحی سے ہو کر گیرندہ کی تصدیق بمواجہ عہدہ دار مجاز ہونی چاہئے۔

۶۔ خانہ (۷) میں حسب ضابطہ محررہ بصورت ضرورت مثنیٰ پر ٹکٹ رسیدی چسپاں ہو کر دستخط گیرندہ رقم لیے جائیں۔

۷۔ خانہ (۸) میں مہر و رسید کے دستخط ہو کر تصدیق بمواجہ عہدہ دار مجاز کیجائے۔

۸۔ عہدہ دار مجاز کو جسکے مواجہ میں رقوم رسید دیجائے اپنے قلم سے معرفی متعلقات تصدیق پر اندراجات کرنی چاہئے اور رقم کا اندراج الفاظ اور رقم دونوں میں کیا جائے۔

۹۔ رقم رسید ہذا عہدہ دار مجاز کے مواجہ میں سررشتہ نظارت سے بوقت تصدیق دیجاتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۵ مورخہ ۸ فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف
دیوانی ۱۰

مضمون (۲۸) استعمال و روانگی مثلہ بذریعہ رجسٹری | (۱) گشتی محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۸۹۲۳) مورخہ ۲ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۸ ف ملاحظہ ہوئی۔

(۲) گشتی مذکور کے فقرہ (۳) میں کاغذات حفاظت طلب کے بہ ضبط ٹکٹ و ذریعہ رجسٹری روانہ کرنے کا حکم ہے جس کی نسبت بعض عدالتوں سے یہ استدراک ہوا تھا کہ ایسے کاغذات و نیز دیگر مثلہ جو بغرض نگرانی یا تصحیح یا اغراض سرکاری عدالت ہائے مافوق و تحتانیہ میں مرسل ہوں انکی روانگی کی فیس رجسٹری کس مد سے ادا ہونی چاہئے۔ لہٰذا اس بارہ میں اجلاس انتظامی سے حسب ذیل حکم صادر کیا جاتا ہے۔

(۳) جب کوئی مثل بحفاظت کافی قابل ارسال ہو تو اس کے دو طریقے ہیں۔

(۱) بذریعہ ڈاک رجسٹری مرسل ہو (۲) بذریعہ اہلکار عدالت خاص طور پر مرسل ہو

(۴) جب یہ طریقے اختیار کئے جائیں تو عموماً فریق مقدمہ جس کی درخواست پر مثل روانہ ہو خرچ ادا کرے گا۔

(۵) اگر کسی خاص مقدمہ میں کار سرکار مثل کا اس طرح روانہ کرنا ضرور ہو تو اسکا خرچ تحریری شہود اضلاع (صدر مد ۱۵) صادر ہوا ہے تفرقہ سے دینا چاہئے کیونکہ مثل واقعی تحریری شہادت و اثبات پر تجویز کی ہے۔ ان مصارف کا معمولی صادر سے کچھ تعلق نہیں ہے۔

(۶) جن مثلہ کے اتلاف کا اندیشہ ہو کبھی بلا رجسٹری روانہ نہ کی جائیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۸) مورخہ ۲۲ فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف

مضمون (۲۸۱) تصحیح گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۵) سنہ ۱۳۰۷ ف | (۱) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۵) مورخہ ۲۷ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۷ ف کی دفعہ (۲)

میں لفظ "انفصال" غلطی سے بجائے الفاظ "ختم تحقیقات" کے درج ہوگیا ہے جس کی اصلاح ضرور ہے لہٰذا حسب منظوری اجلاس انتظامی یہ تصحیح گشتی محولہ بالا مرممہ گشتی اس کے ساتھ منسلک کرکے شایع کی جاتی ہے۔

(منسلکہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۸) مورخہ ۲۲ فروردی سنہ ۱۳۱۰ ف)

مرممہ گشتی عدالت العالیہ سرکار دولت مدار نشان فوجداری (۲۸) مورخہ ۲۷ اردی بہشت سنہ ۱۳۰۷ ف

فوجداری میں بحیثیت ملزم جاری ہوں تو اُن کی تعمیل بذریعہ اُن کے افسر بالادست کے کرانی اولیٰ ہے۔ تاکہ اُنکی تعمیل کے بعد اُنسے متعلقہ اجرائی کار سرکاری کا انتظام مناسب طور پر کریں اور کار سرکاری میں کسی قسم کا ہرج واقع نہ ہو۔ البتہ حکمنامہ گرفتاری کی تعمیل میں یہ کافی ہے کہ بعد گرفتاری کے ملزم اول اپنے افسر کے پاس حاضر کیا جائے تاکہ اُسکی خدمات کا جائزہ بروقت دلایا جانا آسان ہو اور نیز ملزم کے فرار ہو جانے کا اندیشہ باقی نہ رہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ / دیوانی — مورخہ ۱۰ اسفندار سنہ ۱۳۱۰ف

مضمون (٨-٣) منصبداروں کو بصورت ملازمت غیر سرکاری ضمانت دینا لازم ہے۔

(۱) گشتی نشان (۱۱) مصدرہ دفتر معتمد صاحب عدالت وغیرہ مورخہ ۲۴ شہریور سنہ ۱۳۰۹ف منسلک ہے تمام عدالتہائے ممالک محروسہ سرکار عالی نگرانی رکھیں گی کہ منصبدار وکلا اُس کی تعمیل کریں۔

(۲) جو سالانہ درخواستیں تبدیل اسناد کی گزریں اُن میں نسبت ادائی معاوضہ یعنی کتنے شریک ہیں منصب داری کی کیفیت لکھا لیا جانا چاہیئے تاکہ تخمین حراین سرکاری سے اس کی تصدیق ہو سکے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۱۵ اسفندار سنہ ۱۳۱۰ف

مضمون (۹، ۲) مرافعات فوجداری میں علاوہ فریقین کے عدالت ابتدائی یا مجسٹریٹ ضلع کو تاریخ سماعت مقدمہ کی اطلاع دینا لازم ہے۔

(۱)۔ عدالت العالیہ کو اکثر مقدمات جالانی میں مجسٹریٹ ضلع یا عدالت ابتدائی کو مطلع نہ کرنے اور معاملہ سرکار سرو کار کی ضرورت باقی ہونے سے تاکید مقدمہ ملتوی کرنا پڑتا ہے لہٰذا منظوری سرکار جو بذریعہ مراسلہ نشان (۳۲۷) مورخہ ۲۳ بہمن سنہ ۱۳۱۰ف صیغہ عدالت حاصل کیگئی ہے حسب تجویز اجلاس انتظامی گشتی ہذا شایع کی جاتی ہے۔

(۲) تمام مقدمات جالانی میں جب مرافعہ پیش ہو تو حاکم ابتدائی کو تاریخ پیشی سے اطلاع دیجائے اگر حاکم ابتدائی ماتحت کسی مجسٹریٹ ضلع کے ہو تو یہ اطلاع بذریعہ مجسٹریٹ مذکور کے دیجائے بلدہ حیدرآباد میں ناظم فوجداری مجسٹریٹ ضلع کے مساوی الاقتدار ہیں۔

عدالت مکتوب الیہ میں وجوب تعمیل (۶) دفعات ۳ و ۴ کے بموجب ہر گاہ طلبی مثل یا دیگر کاغذات کی دوسرے دفاتر سے ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ مثل یا کاغذات دیگر عدالت طالب میں بھیجدے اور اگر وقت مناسب پر واپس نہ آئی ہو تو یاد دہانی کرکے واپس طلب کرے -

عدالتوں پر وجوب کی تعمیل (۷) جب دوسرے دفاتر کو عدالت کی مرتبہ مثل یا کاغذات کے معائنہ کی ضرورت ہو تو اس دفتر کے افسر اعلیٰ کو چاہئے کہ وہ حسب قواعد مندرجہ دفعات ۳ و ۴ گشتی ہذا عمل کرے اور عدالت کو چاہئے کہ وہ حسب الطلب اُس دفتر کے اپنی عدالت کی مرتبہ مثل یا کاغذات دیگر کو دفاتر طالب میں بھیجدے اور بعد کارروائی ضروری کے اُس دفتر کو چاہئے کہ فوراً مثل یا کاغذات دیگر عدالت کے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ١٤ / دیوانی ١٤ مورخہ ٤ بہمن سنہ ١٣١١ف

مضمون (١٤) کارروائی دفاتر میں ہر سال بارہ ماہ کا محسوب ہوگا —	تمہید — (١) بموجب حکم سرکار عالی محرّرہ ... سرکار عالی صیغہ فینانس مورخہ ٦ مہر سنہ ١٣١١ف مطبوعہ

جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ٢٢ مہر سنہ ١٣١١ف جزو اول صفحہ (٦٧٠) —

سال بارہ ماہ کا شمار ہوگا (٢) نیں مندرجہ حاشیہ (١) سنہ ١٢٧١ہ ٩ ماہ
میں جو عمل بمنشائے کمی اور زیادتی شہور کا کیا گیا ہے (٢) سنہ ١٢٧٥ہ ١٣ ماہ
اُس کا کوئی اثر لازم کی مدت لازمت یعنی وظیفہ کے (٣) سنہ ١٢٧٧ف ١٤ ماہ
حساب پر مترتب ہوگا سنین فصلی عموماً بارہ ماہ یعنی (٣٦٥) (٤) سنہ ١٢٩٣ف ١٤ ماہ
روز کے ہوتے ہیں اس کے بنا پر چار سال میں چالیس روز کی غلطی واقع ہوگی لیکن تاوقتیکہ عمل کسر نہ کیا جائے تب تک وظائف میں حساب سنین فصلی کا بحساب بارہ ماہ مساوی (٣٦٥) روز کے شمار کرنا چاہئے اور کوئی سال فصلی بارہ ماہ سے زیادہ یا کم شمار کرنا جائز نہیں ہے —

حکم سرکار کی تعمیل —	(٣) جملہ عہدہ داران سرکار عالی شمار ایام وظائف میں حسبہ عمل پیرا رہیں —

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ١٧ / دیوانی ١٨ مورخہ ١١ بہمن سنہ ١٣١١ف

مضمون (٣١٥) مرمیم قواعد طلبی اشلہ یا دیگر کاغذات سرکاری۔

(١) طلبی اشلہ کے متعلق جو	وجہ ترمیم گشتی سابقہ —

قواعد بہ تحت گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (١٩) و نشان دیوانی (٢٦) مورخہ ٢٢ شہریور سنہ ١٣٠٥ف نافذ ہوئے ہیں اُن قواعد میں لفظ "اشلہ" سے دوسرے کاغذات سرکاری خارج ہو جاتے ہیں لہذا بہ تنسیخ گشتی محولہ بالا گشتی ہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے جاری کی جاتی ہے پس مرمیمہ گشتی میں لفظ "اشلہ" کے بعد الفاظ "یا دیگر کاغذات" اضافہ کئے گئے ہیں —

ضرورت طلبی	(٢) اکثر دیکھا جاتا ہے کہ عدالتوں سے سوائے دوائر عدالتی کے دوسرے دفاتر کے مرتبہ اشلہ یا دیگر

کاغذات کی طلبی ہوتی تھی اگرچہ لحاظ اس امر کا نہیں کیا جاتا ہے کہ آیا مثل یا کاغذات دیگر کی طلبی کی ضرورت بھی ہے یا نہیں اور بہ مراد تعمیل مسلمہ کے ایسا حال سے کیوں کام نہیں نکالا جا سکتا اور چونکہ یہ امر نامناسب ہے کہ نہ

یا تجویز یا فیصلہ باقاعدہ صادر کرے۔

حاکم مقتدر کو ناقابل سماعت مقدمہ دوسری عدالت میں منتقل کرنا چاہیئے | (۵) ملزمین سزایاب یا مخالف مثل دوجہ جن حاکم مقتدر کو ناقابل سماعت کے مقدمہ دوسری عدالت میں سپرد کرنا جائز نہیں ہے۔

حاکم کو ہر ملزم کے افعال کی نسبت جداگانہ رائے قائم کرنی ضرور ہے | (۶) فوجداری مقدمات میں اصولاً ہر ملزم کے افعال کی نسبت جداگانہ رائے قائم کرنا ضرور ہے جب ملزمین کی ایک جماعت محض نظر بایں وقت ہے کبھی جائز نہیں ہے کہ حاکم مقتدر بعد تکمیل تحقیقات کے ہر ملزم کی نسبت جداگانہ رائے قائم کرے۔

جب حاکم مقتدر بلحاظ مقدار سزائے مجوزہ کے ناقابل ہو تو ضابطہ کی کارروائی | (۷) درصورتیکہ بلحاظ نوعیت جرم کے حاکم مقتدر ہو لیکن بلحاظ مقدار سزائے مجوزہ کے وہ مقتدر نہ ہو تو جس ملزم کی سزا اختیار خود وہ تجویز کر سکتا ہو اُن کو سزا دیکر بعد ملزمین کی نسبت باقاعدہ مقدمہ سپرد کیا جائیگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۹ / دیوانی ۲۰ مورخہ ۲ اسفندار ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۱۰) توضیح اصطلاحات تجویز و فیصلہ۔ | کاغذات مندرجہ ذیل ملاحظہ ہوئے۔

تمہید (۱) مراسلہ نمبر سرکاری جناب بخشی رگھوناتھ پرشاد صاحب بی اے رکن عدالت العالیہ سان (۳۰) دورہ مورخہ ۱۹ بہمن ۱۳۱۱ف

(۲) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۵) مورخہ ۲۷ اردی بہشت ۱۳۱۰ف۔

(۳) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۸) مورخہ ۳۲ فروردی ۱۳۱۱ف جس کی رو سے گشتی نشان فوجداری (۲۵) ۱۳۱۰ف کی ترمیم ہوئی

چونکہ جناب بخشی رگھوناتھ پرشاد صاحب بی اے رکن عدالت العالیہ نے بمقام دورہ سکاٹریٹ سے اطلاع دی ہے کہ اکثر عدالت ہائے سرکار عالی کو گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۵) ۱۳۱۰ف کے متعلق غلط فہمی ہو رہی ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل ہدایات جاری کئے جاتے ہیں

توضیح الفاظ | (۲) تاوقتیکہ سیاق عبارت سے دوسرا مفہوم ظاہر نہ ہو گشتیات عدالت العالیہ میں الفاظ ذیل ہمیشہ اُن معانی میں مستعمل ہوتے ہیں جن کا ذکر تحت میں کیا جاتا ہے۔

تجویز۔ | (۳) مقدمات فوجداری و دیوانی میں "تجویز" اُس مضمون کو کہتے ہیں جس میں رائے قایم کرنے کے وجوہ درج ہوں لغوی معنی اُس کے جائز کرنا ہے۔ انگریزی میں اُس کو "ججمنٹ" کہتے ہیں بعض حکام

واپس کرے اور درصورت تعویق کے عدالت مرسل پر لازم ہوگا کہ یاددہانی کرکے واپس طلب کرے۔

مصارف ارسال مسل۔ (۸) تمام مصارف طلبی اور ترسیل مثل اور دیگر کاغذات مطلوبہ اس فریق پر داخل کرنا لازم ہوگا جسکی استدعا پر کاغذات یا مثل مطلوب ہوں۔

خاص حفاظت (۹) اگر کسی مثل یا کاغذات کی روانگی میں خاص حفاظت کی ضرورت ہو تو چاہئے کہ بذریعہ ایک معتمد ملازم سرکاری کے روانہ کئے جائیں اور اس محافظ کی تحویل میں تا واپسی رہیں۔ جائیں البتہ شرط ہے کہ تمام مصارف متعلقہ اور جبکہ ایسا اہلکار سرکاری کے ذمہ فریق طلب کنندہ کے عاید ہوں گے اور عدالت رقم مصارف تخمینی پیشگی داخل خزانہ سرکاری کراکے ایسی مثل یا کاغذات کی طلبی کا حکم صادر کرے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۸) مورخہ ۱۱ اسفندار بہمن ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۱۶) ضابطہ کارروائی جب ایک مقدمہ میں حاکم بعض ملزم کی نسبت تقدمہ سزا ہو انفصال کرے۔ (۱) عدالت دوم تعلقداری اندول ضلع میدک نے ایک مقدمہ استقاط حمل میں منجملہ (۵) ملزمین کے چار ملزمین کو سزائے اختیاری دیکر نافذ کردی تھی اور ایک ملزم کی نسبت سزائے مزید از اختیار تجویز کرکے مثل بغرض منظوری سزا بہ راہ عدالت العالیہ میں بھیجدی تھی۔

جناب ناظم صاحب صلع میدک نے دوم تعلقداری کی اس کارروائی سے بدیں وجہ اختلاف کیا کہ ایک ہی مقدمہ کا ایک جزو منفصل اور دوسرا جزو زیر دریافت رہتا ہے جو نادرست ہے۔

بنا برالیہ یہ مسئلہ ابتدا کا عدالت العالیہ میں پیش کیا گیا۔

تجویز (۲) اجلاس نظامی عدالت العالیہ سے اس مسئلہ کے متعلق جو تجویز ہوئی ہے وہ بذریعہ گشتی ہذا شائع کی جاتی ہے تاکہ جملہ عدالت ہائے فوجداری ممالک محروسہ سرکار عالی حسب ذیل پیرا ہیں۔

جب حاکم ابتدائی منفصلہ فیصلہ قطعی ہو تو ضابطہ کارروائی۔ (۳) جب ملزمان واقع ہو تو حاکم تحقیقات کنندہ ابتدائی مجاز صدور فیصلہ قطعی کا نہیں ہے۔

اگر رائے اسکی نسبت رہائی کی ہو تو مثل ناظم صوبہ کی عدالت میں پیش کرنا لازم ہے اگر رائے سزا کی ہو تو مثل جلسہ متعلقہ عدالت العالیہ میں پیش کرنا لازم ہے۔

جب حاکم ابتدائی منفصلہ فیصلہ مقدمہ ہو تو ضابطہ کارروائی۔ (۴) درصورتیکہ حاکم ابتدائی مجاز تصفیہ مقدمہ ابتدائی ہو اور محض بلحاظ اضافہ سزا کے کسی مجرم کی نسبت مثل پیش کرنا چاہے تو وہ مجاز ہے کہ دیگر ملزمین کی نسبت

پولیس کا حاکم عدالت کی نسبت مجسٹریٹ ضلع کو اطلاع دینا۔ (۶) جب پولیس کو بروقت تفتیش کسی مقدمہ کے مشتبہ و مخطا ہونے کا شبہ ہو تو اس کا فرض ہے کہ مجسٹریٹ ضلع کو مطلع کرے تاکہ حاکم عدالت کی نسبت تدارک مناسب کیا جائے اور انسداد و تحقیقات جرائم میں شہادت بہم پہونچانا دشوار نہ ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۲) مورخہ ۳۰ اسفندار ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۱۹) علاوہ مقدمات تصحیح و مرافعہ کے کوئی حاکم مجاز نہیں ہے کہ شہادت مزید دیگر عدالت سے لے کر فیصلہ صادر کرے۔

تمہید کاغذات مندرجہ ذیل میں اور ملاحظہ ہوئے (۱) حکم جناب مولوی محمد نظام الدین حسن خان صاحب بی اے۔ بی ایل۔ رکن عدالت العالیہ مورخہ ۲۰ شہریور ۱۳۰۷ف مقدمہ سرکاری بنام ستل (۱۲۸) سنہ ۱۳۰۷ف۔ (۲) گشتی عدالت العالیہ شان فوجداری (۲۵) مورخہ ۲۵ مہر سنہ ۱۳۰۵ف۔ (۳) گشتی عدالت العالیہ شان فوجداری و دیوانی (۱) مورخہ ۱۲ مہر سنہ ۱۳۰۱ف (۴) حکم صدر المہام عدالت شان (۴۳۶) مورخہ ۴ ذی قعدہ سنہ ۱۲۹۵ھ۔

حکم اجلاس انتظامی۔ (۲) بملاحظہ کاغذات مذکور اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل احکام نافذ کئے جاتے ہیں۔

سپردگی مقدمات لاوارث۔ (۳) ناظم فوجداری بلدہ حیدرآباد و ناظم ضلع مقدمات مال لاوارث وغیرہ کو مجسٹریٹ درجہ اول کے پاس بغرض تحقیقات و تصفیہ سپرد کرسکتے ہیں کیونکہ وہ مجاز تفسیر کار ہیں لیکن ناظم غیر مجاز کے سپرد ایسے مقدمات کا بغرض تحقیقات کرنا جائز نہیں ہے۔ صرف مجسٹریٹ درجہ اول اصل قسم کے مقدمات کی تحقیقات باقاعدہ کرکے تصفیہ کرسکتے ہیں۔

توضیح گشتی صدر المہام۔ (۴) حکم صدر المہام عدالت شان (۴۳۶) مورخہ ۴ ذی قعدہ سنہ ۱۲۹۵ھ جو ابتدائی تحقیقات سے متعلق ہے ایک عدالت کے حاکم کا شہادت لکھنا اور دوسری عدالت کے حاکم کا تجویز صادر کرنا بجز مقدمات تصحیح یا مرافعہ کے کبھی جائز نہیں ہے۔

مددگار عدالت۔ (۵) مددگار عدالت بعوض تمام اغراض قانونی کے جداگانہ ناظم عدالت متصل حصومات میں مددگار کی شہادت لینا اور تحقیقات مقدمہ کرنا اور ناظم عدالت کا تجویز اور فیصلہ صادر کرنا کسی حالت میں جائز نہیں ہوسکتا ہے بجز اس کے کہ مددگار قائم مقام ناظم عدالت کا مقرر ہوا ہو۔

عدالتی۔ ان لفظ کو بھی ۔ تعبیر کیا ہے جو درحقیقت دیباچہ ہے اور بمعنی جو استعمال کیا جا رہا ہے

قید ساقط | (۴) منذ ہات مذکور بعد سماعت جو رائے قائم کیجاتی ہے اُس بنا پر حکم صادر ہو کر مقدمہ ختم کیا جاتا ہے جس کو اصطلاح میں "فیصلہ" سے تعبیر کیا گیا ہے۔ فیصلہ کے لغوی معنی کاٹنے کے ہیں جس سے منشاء یہ ختم ہو جاتا ہے برخلاف اس کے مقدمہ منفصل ہو جاتا ہے مقدمات فوجداری میں فیصلہ سے مقصود رہائی یا براءت یا سزا یا قصاص ہوتا ہے۔ مقدمات دیوانی میں اس حکم کے آخر سے ڈگری یا العمال امور متنازعہ کرکے نتیجہ یا اظہار مقصود ہوتا ہے۔

ہدایت | (۵) حکام ہائے سرکار عالی لحاظ رکھیں کہ ان ہر دو اصطلاحات مذکور کو جو بہت واضح ہیں بے محل استعمال نہ کریں۔

گشتی نمبر ۵ عالیہ عدالت مرافعہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۱) مورخہ ۳ اسفندار ۱۳۲۱ف

مقصود (۲۱۸) سفر خرچ جو کہ بروئے پیش کردہ پولیس | تمہید | (۱)۔ گشتی صدر محکمہ کوتوالی اصلاح سرکار عالی نمبر ۱۷ مورخہ ۱۹ شوال ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۱ ماہ اسفندار ۱۳۲۰ف مراسلہ ناظم صاحب کوتوالی صلاح سرکار عالی نشان (۴۷) ۱۱۹ مورخہ ۲ اردی بہشت ۱۳۲۱ف ملاحظہ ہوئے۔

اشاعت ترجمہ | (۲) چونکہ گشتی مذکور فارسی میں ہے لہٰذا اسکا اردو ترجمہ بغرض اطلاع عام و پابندی حکام بعد منظوری اجلاس اجلاس عالی بذریعہ گشتی ہذا شائع کیا جاتا ہے۔

تصدیق خرچ مشہود | (۳) جب پولیس کسی مقدمہ فوجداری میں شہود پیش کرے تو مجسٹریٹ تحقیقات کنندہ کا فرض منصبی ہے کہ شہود مذکور کو جو سفر خرچ اور خوراک پولیس نے دی ہو اس کے واقعی خرچ کی بشرح معینہ سرکار عالی تصدیق کرکے سند وی بردارنت پولیس کو عطا کرے۔

بعد تصدیق براءت کی سند صادر کرنا | (۴) لحاظ رہے کہ رقم مذکور کی براءت عطا کرنے میں یا اُس کے نامنظور کرنے میں کچھ تعویق نہ ہو۔

کاروائی مجسٹریٹ نسبت را ۔ مذکورہ | (۵)۔ اگر شرح معینہ سرکار شہود دریم یا تسلیم کریں تو براءت کی تصدیق کرنا چاہیئے۔ اگر شہود منکر ہوں اور مرد بخت مد طلب پولیس قابل وثوق نہ ہو تو اُس کو نامنظور کرکے مجسٹریٹ اور ناظم پولیس ضلع کو اطلاع دینا چاہیئے کیونکہ شہود کو زر راہ سفر خرچ اور بعضہ نہ ملنے سے تحقیقات جرائم میں سخت دشواری لاحق ہوتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ / دیوانی ۲۶ مورخہ ۷ فروردی ۱۳۱۱ف

مضمون (۲۲۱) اندراج ذریعہ و تاریخ اتصال کاغذات عدالت۔

تمہید (۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بعض کاغذات موصولہ پر عدالت ہائے سرکار عالی میں بالالتزام ذریعہ و تاریخ اتصال کاغذات درج نہیں ہوتے ہیں لہذا بمنظوری اجلاس اسلامی عدالت العالیہ حسب ذیل ہدایات نافذ کئے جاتے ہیں۔

اندراج اتصال عدالت۔ (۲) جب کوئی کاغذ کسی عدالت میں داخل ہو تو لینے والا اہلکار یا عہدہ دار کا فرض منصبی ہے کہ ذریعہ اور تاریخ ادخال بلا توقف درج کاغذ کرے۔

توضیح (۱) - لفظ "کاغذ" میں تمام درخواست اور عرائض و دعاوی اور استغاثات اور روبکارات داخل ہیں۔

توضیح (۲) ذریعہ ادخال میں ڈاک خانہ اور قاصد اور فریق داخل کنندہ یا وکیل یا ایجنٹ مختار کا نام واضح طور پر لکھنا چاہئے۔ توضیح (۳) لفظ "تاریخ" میں تاریخ و ماہ و سنہ فصلی داخل ہیں۔

ناظم عدالت (۳) جب کوئی کاغذ ناظم عدالت خود لیوے تو اس کو چاہئے کہ اس پر اندراج ذریعہ اتصال اور تاریخ خود یا بذریعہ اہلکار پیشی کرائے۔

بے ثبت کاغذ (۴) کبھی جائز نہیں ہے کہ کوئی کاغذ بدون عدالت بلا اندراج ذریعہ اور تاریخ اتصال داخل دفتر یا شامل مثل کیا جائے

اطلاع دہی (۵) ہر ملازم سرکار عالی پر لازم ہے کہ جب کوئی کاغذ بلا اندراج ذریعہ اور تاریخ اتصال اس کے پاس پیش ہو تو بلا توقف اس کی نسبت تحریری کیفیت اطلاعاً روبرو حاکم عدالت کے غرض صدور حکم ضابطہ کے پیش کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۶ / دیوانی ۲۹ مورخہ ۷ فروردی ۱۳۱۱ف

مضمون (۲۲۲) درصورت تبادلہ حدود سابقہ دینا ممنوع ہے۔

تمہید (۱) ملاحظہ مثل مراسلہ صدر محاسب سرکار عالی موسومہ ناظم صاحب عدالت دیوانی ضلع ... نمبر ۲۴۷ مورخہ ۲۰ خورداد سنہ ۱۳۱۰ف جو عدالت العالیہ میں موصول ہوا ہے معلوم ہوا کہ غلام حسین نمبر (۲۳۱) مندرجہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ مورخہ ۳۰ اسفندار ۱۳۱۱ ف دیوانی ۲۵

(۱) چونکہ یہ معلوم ہوا ہے کہ جب کسی مقدمہ کی درخواست پر کوئی ملازم سرکار عالی ایک مقام سے دوسرے مقام پر بطور گواہ کے عدالت میں طلب کرایا جاتا ہے تو سرکار عالی کو اسکی غیر حاضری میں بوجہ ضرورت کار سرکاری کسی شخص کو	مضمون (۲۲) جب ملازم سرکار عالی بطور گواہ کے عدالت میں طلب کرایا جائے تو اسکے سفر خرچ اور خوراک اور مشاہرہ کے بقدر رقم جمع خزانہ سرکار کرانا چاہیئے۔

اسکا عوض مقرر کرنا پڑتا ہے جس کی ماہوار کی ادائی کے واسطے خزانہ سرکار پر بار عاید ہوتا ہے۔ لہذا اس نقص کے رفع کرنیکے لئے احکام آئندہ جو ذیل گشتی حسب منشاء مراسلہ حکم سرکار صیغہ عدالت نشان (۲۶۹) مورخہ ۲۳ اسفندار ۱۳۱۱ ف نافذ کیجاتی ہے

(۲) جب کسی فریق مقدمہ کو کسی ملازم سرکاری کو بطور گواہ کے بذریعہ عدالت طلب کرانیکی ضرورت ہو اور اس ملازم گواہ کے آنے جانے اور حاضری عدالت سے کار سرکار میں تقرر عوض کی ضرورت لاحق ہو تو فریق طالب شہادت کو چاہئیے کہ علاوہ سفر خرچ اور خوراک کے جو معمولاً اس حیثیت کے گواہ کو ادا کیا جاتا ہے اُس قدر رقم اور داخل خزانہ کرے جو اس ملازم گواہ کے اُن ایام کی ماہوار کے مساوی ہو جو آمد و رفت اور حاضری عدالت میں صرف ہوں۔

(۳) رقم مذکورہ بالا کے داخل ہونے پر عدالت اجرا کنندہ اطلاع نامہ اُس ملازم گواہ کو بذریعہ افسر محکمہ کے طلب کریگی اور رقم مجتمعہ خزانہ سرکار کی اطلاع اُس محکمہ کو تفصیل حساب دیگی تاکہ حسب قواعد محاسبی رقوم کا جمع و خرچ عدالت محکمہ جات متعلقہ میں آسانی ہو سکے۔

(۴) افسران محکمہ جات سرکار عالی زر خوراک اور سفر خرچ اور مشاہرہ عوض کی نسبت اپنے سررشتہ کے قواعد کے موجب عمل کریں گے کبھی ملازم سرکار کو دوسرے محکمہ سے کوئی رقم دیدینا جائز نہیں ہے۔

(۵) از روئے حساب اگر باقی رقم جمع کردہ سرکار ہو گی تو اُسکی اطلاع منجانب محکمہ سرکار عالی عدالت اجرا کنندہ اطلاع نامہ کو کیجائیگی جس پر عدالت اس رقم کو اپنے صوابدید کے موجب فریق طلب کنندہ گواہ سے وصول کرکے خزانہ سرکار میں جمع کرے گی۔

(۶) خوراک اور سفر خرچ کا حساب حسب قاعدہ نافذہ صیغہ فوجداری اور دیوانی وصول کرنا لازم ہوگا۔

صادر کریں۔

۵۔ حسب قواعد متعلقہ نابالغ جسکا ولی جائز دستیاب ہو تو نابالغ کو سپرد ولی کے کیا جانا چاہیئے

دارالیتامی۔ | (۶)۔ اگر نابالغ کا کوئی جائز ولی دستیاب نہ ہو تو حاکم عدالت کو چاہیئے کہ نابالغ کو دارالیتامی میں روانہ کریں

مصارف عدالت۔ | (۷) یاد رکھنا چاہیئے کہ دار الیتامی قرار دینا ایسے ... کیا جاتا ... الخ کا ذمہ ہے کہ نگرانی ناظر عدالت نابالغین لاوارث کے تعلیم وغیرہ کا انتظام بدرستی کریں لیکن ناک لوگوں میں رکھنا کبھی جائز نہیں ہے۔

مدرسہ سالانہ | (۸) اینتہ اطفال لاوارث کے ... سالانہ میں ... اس ہی لحاظ سے سالانہ مدرسہ میں شریک رقم کی منظوری حسب ضوابط ... جاتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان نمبر ۳۱ فوجداری ۳۳ دیوانی مورخہ ۲۸ فروری سنہ ۱۳۱۱ف

مضمون (۵ و ۲) طریقہ راست خط و کتابت درمیان عدالت ہائے ملک سرکار عالی و عدالت ہائے برٹش انڈیا بغرض تعمیل اطلاعنامہ جات دیوانی۔ | (۱) دیکھو ... سرکار عالی بحکم ... عدالت و کوتوالی واسوہ ... عدالت ... نمبر ۲۶ مورخہ ۱۵ ... ۱۳۰ف

مندرجہ جریدہ سرکار عالی مورخہ ۲ فروری سنہ ۱۳۱۱ف حصہ اول صفحات ۲۲۳ و ۲۲۸

(۲) طریقہ تعمیل اطلاعنامہ جات سرکار ... گورنمنٹ آف انڈیا ... حضور ... سرکار عالی مدظلہ العالی نے منظور فرمایا ہے کہ براہ راست عدالت ہائے سرکار عدالت ہائے برٹش انڈیا سے ... ذیل کا حکم دیا جاتا ہے

(۳) کل اطلاعنامہ جات مجریہ عدالت ہائے دیوانی ملک سرکار عالی کی تعمیل برٹش انڈیا میں مقصود ہو اُس عدالت ضلع میں راست بھیجے جائیں جن کے حدود اراضی کے اندر شخص مطلوب رہتا ہو۔

(۴) وہ اطلاعنامہ جات جن کے تعمیل بلاد کلکتہ و مدراس و بمبئی کے حدود کے اندر مقصود ہو اُن سمال کاز کورٹ مثلے عدالت مطالبات خفیفہ میں بھیجے جائیں جس کے حدود اراضی کے اندر اطلاعنامہ جات کی تعمیل مقصود ہو۔

(۵) عدالت ہائے ضلع تحصیل جن کو برٹش انڈیا میں تعمیل کے لئے اطلاعنامہ جات بھیجنے کی ضرورت ہو اس عدالت کے توسط سے بھیجیں جنکی وہ ماتحت ہوں۔

(۶) جو اطلاعنامہ جات برٹش انڈیا کی عدالت ہائے دیوانی سے کسی عدالت دیوانی ملک سرکار عالی میں بغرض تعمیل وصول ہوں انکی تعمیل اُس عدالت پر اسیطرح لازم ہوگی گویا ایسے اطلاعنامہ جات ... اُنہیں عدالتوں سے

سول لسٹ عمال صیغہ عدالت بابت سہ ماہی سنہ ۱۳۲۱ف کو جبکہ اُسکا تبادلہ مجاود بطور عہدی بازگشت کیا گیا۔ ۸ مہر سنہ ۱۳۲۹ف تک کی تنخواہ عدالت ضلع سے دیدی گئی حالانکہ بصورت تبادلہ آخر ماہ کی تنخواہ دینا جائز نہیں تھا۔ بنائً علیہ بمنظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ احکام ذیل صادر کئے جاتے ہیں تاکہ جملہ عدالت ہائے سرکارعالی حسب منشا کاربند ہوں۔

درصورت تبادلہ و مشاہرہ دینا ممنوع ہے۔ (۲) ملازمین سرکاری کو بوقت تبادلہ صرف وصول آخر مشاہرہ یعنے حاضری وصول عدالت متبدلہ پیش کرنے پر سالم ماہ کی تنخواہ مل سکتی ہے اس لئے تبادلہ کی صورت میں آخر ماہ کی تنخواہ دینا جائز نہیں ہے۔

مشاہرہ بعد عزل یا وفات (۳) کبھی جائز نہیں ہے کہ بلا عزل یا وفات مابین ماہ کے کبھی ملازم سرکاری کو پورے کسی ماہ کا مشاہرہ دیا جائے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکارعالی نشان فوجداری (۲۸) مورخہ ۲۸ فروردی ۱۳۲۱ف

مضمون (۳۴۲) اطفال لاابالی کو محبس میں رکھنے کی ممانعت۔ **باحد احکام** (۱) مراسلہ سرکارعالی علاقہ عدالت سوم عدالت العالیہ نشان (۹۵۹) مورخہ ۱۲ فروردی ۱۳۲۱ف جو حسب الحکم عالیجناب مہاراجہ بہادر مدارالمہام سرکارعالی بربنائے تحریک ناظم صاحب مجالس اصلاح سرکارعالی جاری ہوا ہے ملاحظہ ہوا۔

تحویز اجلاس (۲) جسکے بنا پر اس کے اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے احکام ذیل نافذ کئے جاتے ہیں تاکہ جملہ عدالت ہائے فوجداری حسب ذیل عمل کیا کریں۔

اطفال لاابالی کو عدالت میں رکھا جانا (۳) چونکہ کوئی شخص محبس میں اس وقت تک داخل نہیں کیا جاسکتا ہے جب تک اس کے نام کا حکمنامہ یعنی وارنٹ صادر نہ ہوا اور بنزعام قیدیوں کے لاابالی بچوں کے رکھے جانے سے بچوں کے اخلاق پر برا اثر پڑنے کا اندیشہ ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تمام ممالک محروسہ میں یکساں عمل ہوا کرے بلدہ ہدایتیں جملہ اطفال جنکا ولی نہ ہو حفاظت ناظر عدالت رکھے جاتے ہیں شرعاً وقانوناً ولی جائز کو جو حضانت حاصل ہوتا ہے جب ولی جائز و شیابہ نہو تو سلطان وقت ولی ہوتا ہے۔

حضانت ناظر عدالت۔ (۴) جب کوئی طفل ولی جائز کی حضانت میں نہ ہو اور حاکم عدالت کو اُس کے لاابالی ہونے کی اطلاع ہو تو لازم ہے کہ طفل مذکور حضانت میں ناظر عدالت فوجداری کے رکھا جائے تاوقتیکہ عدالت حکم مناسب

صفحات ۲۲۹ تا ۲۴۸

(۲) زیر لوس مذکور کے فقرہ (۱) میں حکم ہے کہ عدالت ہائے فوجداری وارنٹ میں امور درج کریں کہ آیا ملزم ایسا مجرم ہے جس کا پیشہ یا کاروبار ارتکاب جرم ہے یا وہ خطرناک مجرم ہے۔

(۳) صدر محتمم جیل گوڑہ کی تحریک سے معلوم ہوا کہ عدالت ہائے فوجداری حکم مذکور کی تعمیل نہیں کرتے لہٰذا حسب الحکم اجلاس انتظامی ہدایت کی جاتی ہے کہ آئندہ سے حکم مذکور کی تعمیل پابندی کے ساتھ کیا کریں۔

(۴) حسب نمونہ منسلکہ حکم نامہ سزا کا محبس میں روانہ کیا جانا ہے۔

(۵) حاکم خوڈنشل نمبر ۲۴ مجموعہ گشتی فوجداری نمبر (۱۷) مورخہ ۲ مہر ۱۲۹۶ف منسوخ کیا جاتا ہے اور بجائے اس کے نمونہ منسلکہ تابع ہوتا ہے۔

(نمونہ نمبر ۱ منسلکہ مثل نمبر ۲۶۲۵ سنہ ۱۳۰۹ف گشتی فوجداری نشان (۳۲) مورخہ ۱۶ ذی الحجہ ۱۳۱۱ف)

حکم نامہ نمبر ( ) بیرنگی برنائے حکم سزائے قید یا جرمانہ صادرہ عدالت ( ) تحصیل ( ) ضلع ( ) صوبہ ( )۔

نام مہتمم محبس ( ) تعلقہ ( ) ضلع ( ) صوبہ ( )۔

۱۔ ہرگاہ تاریخ ماہ سنہ ۱۳۱ف کو مسمی ، ولد ، نمبر ، حسب حلیہ مندرجہ ظہر حکم نامہ ہذا مقدمہ نمبر ، رجسٹر نمبر ، روزنامچہ ، عہدہ دار پاداش جرم بسبب ارتکاب دفعہ یا دفعات مجموعہ تعزیرات ہند یا گشتی نمبر علاقہ سنہ ف مجرم قرار پایا اور اس پر حکم سزا (یہاں صراحت مکمل اور مصرح سزا کی لکھو) ، صادر ہوا تھا۔

(۲)۔ لہٰذا مہتمم محبس مذکور کو اختیار اور حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی ملزم مذکور کو معہ حکم نامہ ہذا اپنے محبس اپنی حراست میں لے کر ہاں حکم سزائے متذکرہ بالا کی تعمیل قانون کے مطابق کریں۔

(۳) واضح ہو کہ واقعات ذیل مجرم مذکور کی نسبت ثابت ہیں۔

(۱) عادی یا پیشہ ور مجرم ہیں۔ (۲) موروثی مجرم جرائم پیشہ ہے۔

(۳) مجرم زیادہ خطرناک ہے۔

آج تاریخ ماہ سنہ ۱۳۱ف کو میری دستخط اور عدالت کی مہر سے جاری کیا گیا۔

(مہر) (دستخط و عہدہ حاکم عدالت)

ہدایات (۱) اگر ایک مقدمہ میں چند مجرمین سزایاب ہوں تو ہر مجرم کا نمبر لکھنا چاہئے اور جدا جدا گانہ ترتیب کرنا چاہئے

جاری ہوتے تھے۔ بے تعمیل اطلاعنامہ جات کو عدالت ہائے اجرا کنندہ میں راست واپس کئے جائیں۔

(۷) جن اطلاعنامہ جات کی بذریعہ عدالت ہائے سرکار عالی کی تعمیل برٹش انڈیا کی ایسی عدالتوں سے مقصود ہو جن کی زبان اردو ہو اُن کے ہمراہ ترجمہ زبان انگریزی یا زبان عدالت مذکورہ بھیجا جائے اسیطرح جب کوئی اطلاعنامہ سرکار انگریزی کی عدالت میں تعمیل کیلئے وصول ہو اور اردو مرہٹی ملنگی یا کنڑی یا اس ملک کی زبان کے سوا جہاں عدالت مذکور واقع ہو کسی اور زبان میں لکھا ہو تو عدالت سرکار عالی عدالت اجرا کنندہ اطلاعنامہ سے اردو یا زبان ملکی میں ترجمہ طلب کر سکتی ہے۔

(۸) اطلاعنامہ جات کے ہمراہ کوئی رقم بابتہ فیس تعمیل نہ بھیجی جائے بلکہ اطلاعنامہ جات پر اس مضمون کی یادداشت لکھی جائے کہ حسب ضابطہ فیس وصول کی گئی ہے ایسی یادداشت پر عدالت اجرا کنندہ اطلاعنامہ کے حاکم کی دستخط اور مہر عدالت ثبت ہوگی۔

(۹) برٹش انڈیا کے عدالت ہائے دیوانی سے اطلاعنامہ جات بغرض تعمیل جس عدالت میں وصول ہوں لازم ہوگا کہ عدالت اجرا کنندہ اطلاعنامہ کی تصدیق متعلقہ فیس کو ثبوت کافی تسلیم کرے اور باضابطہ تعمیل کرائے یا اگر تعمیل نہ ہوئی ہو تو اہلکار یا عہدہ دار تعمیل کنندہ کی تصدیق حلفی یا اقرار صالح کے ساتھ عدالت اجرا کنندہ میں واپس کرے تاکہ طریقہ تعمیل معلوم ہوسکے

(۱۰) کل کاغذات جو اجرا کنندہ اطلاعنامہ کے پاس واپس کئے جائیں بذریعہ ٹپہ انگریزی بلا ادائی محصول ٹپہ بثبت الفاظ "کار سرکار" بھیجے جائیں اور لفافوں پر ناظم عدالت دیوانی کے دستخط ثبت ہوں گی۔

(۱۱) جو اطلاعنامہ جات برٹش انڈیا میں تعمیل کے لئے بھیجے جائیں اُن کے متعلق صرف اسی قدر فیس وصول اور بحق سرکار جمع کیجائے گی جو از روئے قواعد نافذہ متعلقہ اطلاعنامہ جات اندرون ممالک محروسہ سرکار عالی واجب الوصول ہو

(۱۲) جب کوئی اطلاعنامہ کسی گواہ کی حاضری کے لئے علاقہ سرکار عظمت مدار میں بغرض تعمیل بھیجا جائے تو اُس کے ہمراہ اس قدر بھتہ اور سفر خرچ جس کے پانے کا گواہ مذکور از روئے قواعد نافذہ مستحق ہو بذریعہ ٹکٹ ٹپہ یا کرنسی نوٹ یا منی آرڈر بھیجا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۳) مورخہ ۱۷ اردی بہشت ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۲۶) اندراج وارنٹ فوجداری	(۱) دیکھو رولبوش محکمہ سرکار نمبر ۳۱/۱۳ بابتہ ۱۳۰۸ف مندرجہ جریدہ سرکار مورخہ ۲ ماہ فروردی ۱۳۱۱ف نمبر اول

حکم سرکار کی اشاعت (۴) سرکار کے صیغہ فینانس سے بذریعہ روبکار نشان (۵۶۵) مورخہ ۳۰ اردیبہشت ۱۳۳۱ف ملفوفہ روبکار معتمدی عدالت نشان (۱۸۰) مورخہ ۱۶ اردی بہشت ۱۳۳۱ف جو حکم اس بارہ میں صادر ہوا ہے وہ بغرض اطلاع و پابندی حکام وجملہ ملازمین عدالت اس گشتی کے ذریعہ سے شائع کیا جاتا ہے۔

ممانعت وصولی حصہ تنخواہ (۵) یہ امر بہت صاف ہے کہ سرکاری خدمت کسی کی میراث نہیں ہے اور کسی ملازم متوفی کے ورثاء کو قانوناً کوئی حق حاصل نہیں ہے کہ وہ کسی غیر شخص کی تنخواہ سے اسطرح تقرر ادباہمی بیرون عدالت بامنظوری حاکم عدالت کوئی رقم حاصل کریں۔

خاص رعایت (۶) اگر کسی خاص صورت میں کوئی افسر خاص رعایت کی ضرورت پائے تو وہ سرکار کی منظوری کے لئے محکمہ ہذا میں بوساطت معمولی تحریک کر سکتا ہے۔

تعمیم (۷) بلا منظوری مدار المہام سرکار عالی علاقہ فینانس جو رعایت کی گئی ہو وہ کالعدم ہے اور یہ مسئلہ ہمیشہ سے واجب العمل قرار دیا گیا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۳۶}}{\text{دیوانی ۴۷}}$ مورخہ ۲۴ خورداد ۱۳۳۱ف

مضمون نشان (۳۲۹) تسیخ نمونہ نمبر (۷۷) تحت مراسلت مابین عہدہ داران سرکار میں۔ (۱) بربنائے گشتی محکمہ سرکار نشان فوجداری (۸) دیوانی (۲) مورخہ ۸ شہریور ۱۳۱۶ف و مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۳۱/۷) مورخہ ۲ خورداد ۱۳۳۱ف عدالت العالیہ سے ذریعہ گشتی نشان فوجداری (۲۸) دیوانی (۱۶) بابتہ ۱۳۳۱ف نمونہ نمبر (۷۷) تختہ مراسلت مابین حکام سرکار میں باضافہ چند امور بخیال آسانی و سہولت جاری ہوا تھا۔

(۲) سرکار عالی نے ان امور کو غیر ضرورت خیال کرکے نمونہ سابقہ مجریہ محکمہ سرکار ہی کے مطابق تختہ جات ارسال کرنے کے لئے ارشاد فرمایا۔ لہذا بعد منظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ گشتی ہذا شائع کیجاتی ہے۔

(۳) آیندہ سے تمام مراسلت سرکاری جو براہ راست مابین عہدہ داران سرکار عالی و عہدہ داران سرکار عظمت مدار ہو وہ تختہ ملحقہ گشتی ہذا میں درج کیجایا کرے۔

(۴) تختہ مذکورہ ماہانہ محکمہ سرکار کے صیغہ عدالت میں براہ راست ماہ آیندہ کی ۱۰ تاریخ سے قبل بھیجدیا جائے۔

(۵) واضح رہے کہ اس تختہ میں تمام مراسلت خواہ وہ اجرائے سمن یا اجرائے ڈگریات یا دیگر امور سے متعلق ہو بعد تکمیل ارسال کرنا چاہئے۔

(۱) [illegible] جو واقعات ہوں اس کو قلمبند کرایا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت [illegible] سرکار عالی نشان فوجداری ۳۴ / دیوانی ۳۵ مورخہ ۲۲ خورداد ۱۳۱۱ ف

[illegible] | [illegible] | بمد الگشتی سرکار عالی علاوہ مثل نمبر ۱۴ صیغہ [illegible] مورخہ ۱۸ از ماہ آبان ۱۳۰۹ ف [illegible] سرکار عالی مورخہ ۵ آبان ۱۳۰۹ ف [illegible] العالیہ سے یہ تحریک کی گئی کہ ملازمین سرکار عالی کی تنخواہ کے حساب کے لئے دن کا [illegible] ہوگا [illegible] تحریک مذکور کی نسبت ذریعہ مراسلہ نشان (۱۱۱۸) مورخہ ۱۷ [illegible] ۱۳۱۱ ف [illegible] منظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ مدراس کی ہدایت شائع کیا جاتا ہے کہ [illegible] سرکار عالی سے [illegible]۔

(۲) جب کوئی ملازم [illegible] سرکار عالی [illegible] دن کے اپنی خدمت کا جائزہ لیوے تو گزشتہ جائزہ کو اس روز کی [illegible] تنخواہ ادا [illegible] ہوگی اور اگر بعد از [illegible] دن کے جائزہ لیوے تو اس روز کی [illegible] تنخواہ جائزہ دینے والے کو دی جائیگی۔

(۳) اس حکم سے [illegible] عدالت کو کوئی تعلق نہیں ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت [illegible] سرکار عالی نشان فوجداری ۳۵ / دیوانی ۳۶ مورخہ ۲۲ خورداد ۱۳۱۱ ف

مضمون (۲۲۱) [illegible] | بعض سوئی کی جگہ تقرر کی صورت [illegible] حصہ تنخواہ۔ | (۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بعض عدالتوں میں یہ طریقہ جاری ہے کہ ایک اسامی کی جگہ اگر کسی شخص کا تقرر کیا جاتا ہے تو بعض صورتوں میں ملازم مامور کی تنخواہ میں سے کچھ حصہ شخص متوفی کے ورثا کو دلایا جاتا ہے اور کارگزاری خدمت کی [illegible] تنخواہ میں پاتا ہے

بعض ملازمین کا خود بذریعہ درخواست دوسروں کو مامور کرانا۔ | (۲) یہ بھی دریافت ہوا ہے کہ بعض ملازمین خود درخواست دیکر کسی کا تقرر اپنی جگہ کراتے ہیں اور اس شخص سے اس کے عوض کچھ حصہ رقم کا اس کی تنخواہ سے پانے کا باہم قرارداد کر لیتے ہیں۔

تحریک عدالت العالیہ | (۳) چونکہ یہ دونوں طریقے ناجائز تھے اس لئے عدالت العالیہ نے اس مادہ میں محکمہ سرکار میں تحریک کیا کی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۸) مورخہ ۸ امرداد ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۳۱) احکام قصاص کی تعمیل | تمہید | (۱) عدالت العالیہ سے مجلس سرکار میں یہ تحریک کی گئی تھی کہ احکام قصاص کی تعمیل باضابطہ عدالت العالیہ کے ذریعہ سے ہونی چاہئے چنانچہ سرکار سے پیشگاہ بندگانعالی متعالی مد ظلہم العالی میں اس بارہ میں سفارش فرمائی اور بہ منظوری حضرت محکمہ سرکار نے حسب الحکم مہاراجہ بہادر مدار المہام سرکار عالی ذریعہ مراسلہ سرکار نشان (۴۵) مورخہ ۱۴ اردی بہشت ۱۳۱۱ف حسب فرمان واجب الاذعان آئندہ تعمیل ہونے کے لئے ارشاد فرمایا۔

(۲) اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے موجب فرمان واجب الاذعان حضرت اعلیٰ واقدس احکام ذیل ذریعہ گشتی ہذا صادر کئے جاتے ہیں۔

(۳) حکمنامہ قصاص میں حلیہ مجرم سزا یافتہ کا درج کرنا لازم ہے تعمیل حکم قصاص کی بمواجہ مجسٹریٹ معائنہ اور حال قصاص ہونا چاہئے طبیب سرکاری کی تصدیق ہونا چاہئے کہ جسم میں روح باقی نہیں ہے۔

(۴) بلدہ حیدرآباد دکن میں کوتوال صاحب اندرون و بیرون بلدہ مذکور کو تمام حکم قصاص کی اطلاع دیا جانا ہے اور اضلاع سرکار عالی میں ناظم کوتوالی ضلع مجسٹریٹ ضلع میں مہتمم کوتوالی ضلع کو مطلع کریں گے۔

(۵) بلحاظ دفعات ۳۸۱ و ۳۸۲ ضابطہ فوجداری عدالت العالیہ سے حکمنامجات تعمیل قصاص کے باضابطہ جاری ہوں گے اور ان کے تعمیل کی تصدیق عہدہ داران متعلقہ کرکے اصل کاغذات شامل مثل ابتدائی کرکے نقول مصدقہ بغرض شمول مثل تصحیح عدالت العالیہ میں روانہ کریں اور ذریعہ سے سرکار عالی کے حقیقت عدالت کو اطلاع عدالت العالیہ دیگی۔

(۶) بلدہ مذکور میں اول مجسٹریٹ اور اضلاع میں مجسٹریٹ ضلع ذمہ دار ہوں گے کہ بلحاظ باب (۲۸) ضابطہ فوجداری کی تعمیل باقاعدہ کراکے تصدیق ضروری کرکے احکام متعلقہ شامل مثل ابتدائی مجرم سزا یافتہ کریں اور عدالت العالیہ کو اس کی نقل روانہ کریں تاکہ شامل مثل تصحیح کردی جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۹) مورخہ ۸ امرداد ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۳۲) ملزمین کی خوراک کا تصفیہ بمواجہ پولیس ملزم کو بوقت عطائے ریمانڈ یعنی سپردگی حوالات کرنا لازم ہے۔ | ادائی خوراک ملزمین و شہود کی نگرانی۔ | (۱) عہدہ داران پولیس کو شکایت ہے کہ خوراک ملزمین

(۹) گشتی سالن فوجداری (۲۸) دیوانی (۱۹) سنہ ۱۳۲۱ف عدالت العالیہ منسوخ کیجاتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت عمالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۷/دیوانی ۳۸ مورخہ ۲۹ خورداد سنہ ۱۳۲۱ف

تمہید | (۱) امر اسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نمبری (۲۳۰) تعداد معمولہ جات حسب قواعد سن نشان (۲۷۰) مورخہ ۲ اسفندار سنہ ۱۳۲۰ف ملاحظہ ہوا۔ نختہ جات قطایف اور انعام کے چند قطعات کے بھیجنے کی ضرورت ظاہر کی گئی ہے

اسماعت دائمی | (۲) اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب نشار روبکار مذکور بغرض اطلاع و پابندی جملہ حکام حسب ذیل گشتی نافذ کیجاتی ہے۔

تختہ جات کا مکمل رکھنا | (۳) ہر عدالت متعلقہ میں نختہ جات وظایف (الف)، (ب)، (جیم)، (دال) اور تختہ انعام کا مکمل رکھنا ضرور ہے اگر نقول قلمی رکھنا دشوار ہو تو طبع کرالیا چاہئے۔

تعداد نسخے | (۴) محکمات ذیل کی تعداد مطلوبہ حسب ذیل ہے۔

(۱) عدالت ابتدائی	ایک نسخہ
(۲) عدالت ضلع	ایک نسخہ
(۳) عدالت صوبہ متعلقہ	ایک نسخہ
(۴) عدالت العالیہ صیغہ انتظامی	ایک نسخہ
(۵) سرکار عالی علاقہ عدالت۔	ایک نسخہ
(۶) سرکار عالی علاقہ فینانس صیغہ وظایف	دو نسخہ
میزان	ہفت نسخے

روانگی نسخ | (۵) تمام عدالتوں میں بلحاظ ضرورت مذکور نسخے مرتب کر کے محکمات بالا میں روانہ کرنا چاہئے مثلاً عدالت ضلع سے تعلق اہلکار وظیفہ یاب ہو تو چھ نسخے کافی ہوں گے۔ علی ہذا القیاس۔

ترتیب یا طبع نسخ | (۶) ہر حاکم عدالت بہ لحاظ ضرورت کے نسخ مطلوبہ کی نقول مصدقہ مرتب کرالے یا ان کو طبع کرالے۔

دیکھو دفعات ۱۰۹ و ۱۱۰ ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار۔

مجسٹریٹ درجہ اوّل | (۳) اسپشل مجسٹریٹ مذکور اختیارات مذاکو بحیثیت مجسٹریٹ درجہ اوّل کے استعمال کریں گے اور ان کے احکام متعلقہ کا مرافعہ اجلاس پر مجسٹریٹ ضلع کے سماعت ہوگا۔

نگرانی | (۴) البتہ بلحاظ موقع بلا نافذہ کے نگرانی احکام متعلقہ کی عدالت العالیہ سرکار عالی میں ہوسکے گی۔

منسوخات | (۵) بوجہ اشاعت گشتی ہذا گشتیات ذیل منسوخ کیجاتی ہیں۔

(۱) گشتی عدالت العالیہ نمبر (۲۶) فوجداری مورخہ ۱۰ امرداد ۱۳۰۹ف شمولہ مثل نمبر (۱۵۶۹)۔ ۱۳۰۸ف رجسٹر نمبر ۴۳۔

(۲) گشتی عدالت مذکور نمبر (۱۱) فوجداری مورخہ ۱۹ ماہ دے ۱۳۱۱ف شمولہ مثل مذکور۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۴) مورخہ ۲۲ امرداد ۱۳۱۱ف

مضمون (۴۳۴) مصارف حفاظت مویشی لاوارث کی تصریح **تمہید**۔ (۱) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۴۱ مورخہ ۹ آبان ۱۳۰۹ف کے دفعہ (۴) کی توضیح اجلاس نظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل کیجاتی ہے تاکہ جملہ عدالت ہائے فوجداری سرکار عالی میں عمل پیرا ہوں۔

نرخ مصارف مویشی سال بسال شائع کرنا | (۲) مجسٹریٹ ضلع کا فرض ہے کہ فصل اور مقامی حالات کے لحاظ سے مصارف حفاظت مویشی کا نرخ سال بسال شائع کیا کرے۔

تعریف مصارف حفاظت مویشی۔ | (۳) اصطلاح "مصارف حفاظت مویشی" میں نرخ خورد نوش مویشی اور اجرت نگہبانی داخل ہیں۔

ذمہ داری پولیس پٹیلان | (۴) پولیس پٹیل ذمہ دار ہے کہ نگہبان مویشی کی غفلت سے مویشی کو صدمہ نہ پہنچے اس لئے پٹیل کو چاہئے کہ روزانہ ایک بار تمام مویشی کو معائنہ کرکے اپنے روزنامچہ میں اسکا اندراج کرے۔

ہراج مویشی بصورت زیادتی مصارف | (۵) اگر قیمت مویشی سے مصارف مویشی کی زیادتی کا اندیشہ ہو تو پٹیل مذکور پر لازم ہے کہ بلا توقف مویشی مذکور کو بغرض ہراج کے عدالت مجاز میں رپورٹ کے ساتھ روانہ کرے۔

نگرانی افعال پولیس پٹیلان | (۶) تحصیلدار کو جو مجسٹریٹ تعلقہ بھی ہے افعال پولیس پٹیلان کی کافی نگرانی رکھنی چاہئے۔

وسہو و بروقت عدالت سے پیش ملتی ہے اسکی شکایت جس مقدمہ میں ہو اُس کی نسبت مجسٹریٹ ضلع کو نگرانی کرنا چاہیے تاکہ ایسی بے احتیاطی کا انسداد ہو۔

تختہ خوراک ملزم کا بوقت ریمانڈ سپردگی پیش کرنا | (۲) جس وقت ملزم بغرض عطائے ریمانڈ یعنی مہلت تفتیش اور حوالات کے پیش ہو اُس ہی وقت تختہ خوراک ملزم پیش کرنا لازم ہے۔

قیدی کو قرض لے کر خوراک دلانا | (۳) لحاظ رہے کہ کبھی کسی قیدی کی خوراک کسی سے قرض لے کر دلایا جائز نہیں ہے۔

پولیس کا تختہ خوراک ملزم کو بروقت مجسٹریٹ کے روبرو پیش کرنا۔ | (۴) پولیس کا فرض ہے کہ جس وقت ملزم کو روبرو کسی مجسٹریٹ کے پیش کرے تو تختہ خوراک ملزم زیر حوالات اُس ہی وقت پیش کرے۔

اگر ملزم ناجائز حراست میں ہو تو مجسٹریٹ کی کارروائی۔ | (۵) مجسٹریٹ کا فرض منصبی ہے کہ اگر ملزم زیر تفتیش حراست ناجائز میں رکھا گیا ہے تو اہلکار خاطی کی نسبت کیفیت معہ تختہ ریمانڈ اور تختہ خوراک مجسٹریٹ ضلع کے پاس بصیغہ ضروری روانہ کرے۔

خوراک ملزم کا خوراک قیدیان سے ادا ہونا | (۶) اگر ملزم زیر تفتیش حراست جار میں رکھا گیا ہے تو ملزم کے خوراک کا تختہ منظور کر کے بدستور صادر خوراک قیدیان سے بلا توقف ادا کیا جائے۔

اگر مد خوراک قیدیان میں گنجائش نہ ہو تو مبادلہ دلانا | (۷) اگر بسوائے صادر خوراک قیدیان میں گنجائش نہ ہو تو دوسری مد سے بطور مبادلہ دیگر تختہ منظوری مد متعلقہ مجسٹریٹ ضلع کے پاس بلا توقف روانہ کرنا چاہئے۔

پولیس مجسٹریٹ ضلع کے پاس رپورٹ کر سکتی ہے۔ | (۸) اگر کسی تختہ خوراک قیدیان پر کوئی حاکم حکم منظوری یا نامنظوری بلا توقف صادر نہ کرے تو اہلکار پولیس کا فرض منصبی ہے کہ کاغذات مذکور مجسٹریٹ ضلع کے پاس معہ رپورٹ کے بصیغہ ضروری روانہ کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان نمبر جاری (۲۰) مورخہ ۱۵ امرداد سنہ ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۲۳) در بارۂ عطائے اختیارات احد ضمانت نیک چلنی بہ اسپیشل مجسٹریٹ سرکار عالی | **ناطق حکم۔** (۱) بملاحظہ مراسلہ سرکار عالی صیغہ عدالت نمبر (۱۱۴) مورخہ ۱۹ اردیبہشت سنہ ۱۳۱۱ف منظوری جناب مہاراجہ بہادر مدار المہام سرکار عالی احکام ذیل شایع کئے جاتے ہیں۔

نوعیت اختیارات | (۲) اسپیشل مجسٹریٹ اضلاع سرکار عالی کو ضمانت نیک چلنی لینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

احکام تسرراست | (۲) جن احکام نافذہ کی بنا پر تعمیل ہو، جس سرکار کی جانب انکا حوالہ دینا ضرور ہے۔ (دیکھو گشتی صدر محاسب سرکار عالی نمبر (۶) سلسلہ عام مورخہ ۸ بہمن ۱۳۱۱ف)

دفتر احکام | (۳) اگر احکام نافذہ کا بالاتفاق سال بہ سال دستیاب ہو تو برآورد میں آذر ۱۳۱۱ف کی رقم مندرجہ پر استدلال کافی ہے۔ اس کے بعد برآورد میں جو تغیرات ہوں انکا بابت ہر برآورد علٰحدہ اندراج آسان ہے۔ اور بالالتزام پر عمل کرنا چاہئے۔ دیکھو حکم سرکار عالی علاقہ فینانس نمبر (۲۴۷) مورخہ ۷ ارد بہشت ۱۳۱۱ف

احتیاط | (۴) تمام ناظمانِ عدالت اپنے سررشتہ داروں کو تنبیہ کریں کہ جب ناظر برآورد تیار کرے تو بلحاظ گشتی ہذا اسکی تنقیح کریں اور ناظمانِ عدالت کو چاہئے کہ بوقت منظوری برآورد دیکھ کر تمام احکام نافذہ متعلقہ برآورد کی خود تصدیق کریں تاکہ سرکار عالی کے خزانہ کو مضرت کا اندیشہ باقی نہ رہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۳۵}}{\text{دیوانی ۱۴}}$ مورخہ ۲۶ شہریور ۱۳۱۱ف

تمہید۔ (۱) ملاحظہ تجویز جلسہ منعقدہ سررشتہ مرافعہ فوجداری عدالت العالیہ مورخہ ۲۵ خورداد ۱۳۱۱ف	مضمون (۲۲۷) درخواست نگرانی معلمہ وکلا پر تصدیق وقعت ۔

مشمولہ مثل نگرانی نمبر (۲۵۷) ۱۳۱۱ف بمقدمہ سرکار بنام مسٹر ای۔ سی۔ ہینکن سی آئی ای ناظم کوتوالی اضلاع سرکار عالی عدالت العالیہ کو معلوم ہوا کہ درخواست نگرانی مقدمات میں جو وکلا داخل کرتے ہیں ان میں تصدیق وقعت عذرات کی نہیں ہوتی ہے جس کی وجہ سے نہ صرف تضییع اوقات عدالت ہے بلکہ اہل معاملات کو بھی اس سے مضرت کا اندیشہ ہے لہٰذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

تصدیق وقعت عذرات | (۲) وکلا جب درخواست نگرانی داخل کریں تو لازم ہے کہ اس میں وجوہ معقول نگرانی درج کریں اور ختم درخواست پر تصدیق کیا کریں کہ ان کے حکم اور یقین میں اُن کے وجوہ نگرانی کے قابل توجہ عدالت ہیں۔

متعلق بہ وکلا | (۳) یہ حکم محض وکلا سے متعلق ہے تاکہ انکی درخواستوں کے اعتماد پر صیانت وقت عدالت ہوسکے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۳) مورخہ ۵ شہریور ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۳۵) قواعد طلبی مثل عدالت ہائے سرکار عالی مقدمات ٹھگی و ڈکیتی۔

تمہید (۱) مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۱۱۶۵) مورخہ ۱ امرداد ۱۳۱۱ف ملاحظہ ہوا اور حسب ایما

حکم مہاراجہ بہادر مدار المہام سرکار عالی اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے احکام ذیل شائع کئے جاتے ہیں۔

طلبی مثل ٹھگی ڈکیتی — (۲) مابین سرکارین دولت مدار و عظمت مدار یہ قرار پایا ہے کہ اسسٹنٹ سرجنٹ سپرنٹنڈنٹ علاقہ ٹھگی و ڈکیتی عہدہ دار پولیس ہیں وہ کسی عدالتی کارروائی کی مثل کو عدالت سرکار عالی سے طلب کرنے کے مجاز نہیں ہیں البتہ اگر جائنٹ کمشنروں کو کسی ایسے مقدمہ کی مثل کی ضرورت ہو جو علاقہ ٹھگی و ڈکیتی سے پیش ہوا ہو تو وہ خود اسپیشل مجسٹریٹ یا کسی دوسرے مجسٹریٹ علاقہ سرکار عالی سے اگر اُس مجسٹریٹ کے اجلاس پر مقدمہ ٹھگی و ڈکیتی کی تحقیقات ہوتی ہو یا فیصلہ ہو گیا ہو تو حکام مذکور خود طلب کر سکتے ہیں۔

عدالت ہائے فوجداری پر لازم — (۳) تمام عدالت ہائے فوجداری سرکار عالی کو چاہئے کہ کسی ایسے مقدمہ کی مثل جو علاقہ ٹھگی و ڈکیتی سے پیش ہو کر زیر تحقیقات ہو یا فیصلہ ہوئی ہو جب کبھی جائنٹ کمشنران علاقہ مذکور طلب کریں تو اُن کے پاس روانہ راست کی جائے یہ حکم اسپیشل مجسٹریٹ اور زائد اسپیشل مجسٹریٹ اور اور جملہ عدالت ہائے فوجداری سرکار عالی پر یکساں واجب العمل ہے۔

عدالت ہائے سرکار عالی کو تعمیل کی نسبت ہدایت — (۴) اسپشل مجسٹریٹ اور دوسرے عدالت ہائے فوجداری عموماً مطلع رہیں کہ اگر جائنٹ کمشنران علاقہ ٹھگی و ڈکیتی کسی ایسے مقدمہ کی مثل جو علاقہ ٹھگی و ڈکیتی سے پیش ہو کر فیصل ہوئی ہو طلب کرے تو اُن کے پاس روانہ کیا کریں۔

سرکار کو اطلاع — (۵)۔ بعد روانگی مثل سرکار عالی کے علاقہ عدالت کو بھی ذریعہ رسیل نقل حکم کے مطلع کرنا چاہئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۴ / دیوانی ۴۰ مورخہ ۵ شہریور ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۳۶) احکام بابت تقررات ملازمین عدالت۔

تمہید (۱) گشتی دفتر صدر محاسبہ سرکار عالی نشان گشتی (۲۵) جسمبتہ شاخ اصلاح مورخہ یکم امرداد ۱۳۱۱ف ملاحظہ ہوئی بلحاظ اس کے عدالت العالیہ سے احکام ذیل نافذ کئے جاتے ہیں۔

سنہ ۱۳۰۶ف پیش ہوا کرے گی۔

امور جو درخواست معائنہ میں درج ہونے چاہئیں | (۷) درخواست معائنہ مثل میں مراتب ذیل درج کیا لازم ہوگا

(۱) نام عدالت جہاں درخواست پیش کی گئی ہو۔

(۲) نشان مثل مقدمہ معہ سنہ و صیغہ عدالت جس کا معائنہ مطلوب ہے۔

(۳) نام فریقین معہ قید ولدیت۔

(۴) صراحت دعوے۔

(۵) اگر درخواست معائنہ حسب دفعہ ۴ یا دفعہ ۵ ضمن (۲) ہو تو وجوہ استدعا۔

(۶) دستخط سائل۔

(۷) تاریخ درخواست۔

مقام ادخال درخواست معائنہ | (۸) درخواست معائنہ منتظم یا سررشتہ دار کے پاس پیش ہوگی اور اگر وہ مثل جس کے معائنہ کی خواہش ہو داخل دفتر ہو چکی ہو تو منتظم یا سررشتہ دار درخواست معائنہ محافظ دفتر کے پاس منتقل کر دیگا اور منتظم و سررشتہ داران و محافظ دفتر مجاز ہوں گے کہ۔

(۱) کاغذات یا مثلہ مذکورہ دفعہ ۳ کے معائنہ کی اجازت تحریری خواستگار معائنہ مثل کو دیں اور حسب ضابطہ معائنہ مثل کرا کے دستخط خود مع درج کیفیت معائنہ درخواست کو شامل مثل کریں

(۲) اگر وہ درخواست معائنہ کا غذات یا مثلہ مذکورہ دفعہ (۴) سے متعلق ہو یا ایسے اشخاص کی جانب سے پیش ہو سکتا ہو کہ دفعہ (۵) ضمن (۲) میں ہے تو منتظم و سررشتہ دار یا محافظ دفتر کو لازم ہوگا کہ بہ کیفیت حاکم عدالت کے روبرو درخواست پیش کرے بصورت اجازت تحریری حاکم عدالت انتظامیہ کا غذات کا معائنہ کرایا جائیگا۔

نگرانی معائنہ | (۹) زیر نگرانی منتظم یا سررشتہ دار یا محافظ دفتر عدالت کے درخواست کنندہ کو مثل کا معائنہ کرایا جائیگا منتظم یا سررشتہ دار یا محافظ دفتر عدالت مجاز ہوں گے کہ کسی اہلکار کو مثل معائنہ کرانے کے لئے تجویز کریں اور اس اہلکار کو لازم ہوگا کہ اختتام معائنہ تک حاضر رہکر اسنے روبرو مثل کا معائنہ کرائے۔

اندراجات عمل معائنہ | (۱۰) ختم معائنہ پر منتظم یا سررشتہ دار یا محافظ دفتر پر لازم ہوگا کہ۔

(۱) ظہر درخواست پر نام معائنہ کنندہ کا ربانہ معائنہ بقید تاریخ و ماہ، تعداد فیس وصول شدہ اور نام اس شخص کا جس کی نگرانی میں معائنہ کرایا گیا درج کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲۶/۴ دیوانی ۴۲ مورخہ ۹ مہر ۱۳۱۱ھ

مضمون (۳۳۸) قواعد معائنہ مسلہ عدالتہائے سرکار عالی - | تمہید (۱) چونکہ قواعد معائنہ مسلہ و کاغذات عدالت مکمل طور پر مرتب نہیں ہیں لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بمنظوری مدارالمہام کار سرکار عالی مندرجہ مراسلہ نشان (۲۴) (۱۳۴۴) مورخہ ۹ شہریور ۱۳۱۱ف صیغہ عدالت حسب ذیل قواعد مرتب و نافذ کئے جاتے ہیں

تاریخ نفاذ - | (۲) ان قواعد کا نفاذ تاریخ تکمیل آذر ۱۳۱۱ف سے ہوگا

تفصیل کاغذات جنکا معائنہ کرایا جاسکتا ہے - | (۳) کاغذات و مسلہ مندرجہ ذیل کا معائنہ کرایا جاسکتا ہے

(۱) مسلہ نمبری دیوانی عام اس سے کہ ابتدائی ہوں یا تعمیلی

(۲) مسلہ نمبری ابتدائی فوجداری

(۳) مسلہ مرافعہ نمبری دیوانی و فوجداری -

(۴) مسلہ متفرق دیوانی و فوجداری

(۵) مسلہ مرافعہ متفرق دیوانی و فوجداری

(۶) رجسٹرات نمبری فوجداری و دیوانی و متفرق -

امتناع معائنہ - | (۴) کاغذات و مسلہ مندرجہ ذیل کا معائنہ نہ کرایا جائیگا الا بمنظوری اس عدالت کے حاکم کے جہاں معائنہ مسل کی درخواست پیش کی گئی ہو -

(۱) تمام مسلہ یا کاغذات جو سررشتہ انتظامی سے متعلق ہوں -

(۲) ہر کاغذ و مسل جو صیغہ راز سے متعلق ہو -

(۳) جملہ ایسے کاغذات جو بحکم حاکم عدالت کسی سربمہر لفافہ میں بند اور شامل مسل ہوں -

استحقاق معائنہ - | (۵) اشخاص ذیل متعلقہ مقدمہ معائنہ کرنے کے مجاز ہوں گے -

(۱) ہر فریق مقدمہ

(۲) ہر فریق مقدمہ کا وکیل یا مختار مجاز -

(۳) ہر فریق کے وکیل کا محرر جسکا نام باضابطہ درج رجسٹر متعلقہ ہوا ہو -

(۴) دیگر اشخاص جن کو بذریعہ تحریری حاکم عدالت نے حسب ضابطہ اجازت دی ہو

رسوم عدالت - | (۶) درخواست معائنہ مسل و کاغذات پر لحاظ دفعات ۴ و ۴۳ قانون رسوم عدالت نمبر (۴)

وکیل درجہ دوم کا تقرر بہ مراعات لا جاسی اجازت عمل میں آیا تھا اور الہ صاحب نے تحریر کیا ہے کہ یہ تقرر بہ استدعا صاحب صلع لنگسگور کیا گیا ہے حالانکہ وکلا کا تقرر بارہ ہی سررشتہ داری متعلق نہ تھا اور بلا اجازت سرکار تقرر کیا گیا تھا اس کی بابت اطلاع عدالت العالیہ عظمیٰ ... اور آیا یہ لکھا گیا کہ کسی لائق کار آمد یا سررشتہ دار کو بھی منصف امور کیا جا سکتا ہے وکیل سرکار بلا اجازت سرکار آمد نہ کیا جائے۔ اور الہ صاحب ممدوح کو بھی ہدایت کی گئی کہ ایسا تقرر قاعدہ و مصالح انتظامی ہے اور امور ملحقہ کے حوالہ کا ہے ... اجلاس عالی کی رائے میں جناب نواب محسن الملک بہادر علاقہ عدالت کے ذریعہ مراسلہ (۱۱۱۰) مورخہ ۱۹ امرداد ۱۳۱۱ ف ذریعہ مراسلہ نمبر ۱۱۲ مورخہ ۱۳ فروری اتفاق فرمایا ہے۔ لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے احکام ذیل جاری کیے جاتے ہیں تاکہ ناظمان عدالت سرکار عالی اس پر عمل کیا کریں۔

لائق کار آمد یا سررشتہ دار عدالت کو منصف مقرر کیا | (۲) بلحاظ حصول بہ منصب منصفی علاقہ ممالک محروسہ سرکار عالی کسی لائق کار آمد یا سررشتہ دار عدالت کو منصف مقرر کرنا مناسب ہے۔

وکیل کا تقرر بعہدہ منصفی نہ کیا جائے | (۳) کسی وکیل کا تقرر کسی عہدہ سرکاری پر بلا حاصل اجازت سرکار کے نہ کیا جائے۔

بلا معاوضہ خدمت سرکاری پر وکیل کو مامور نہ کیا جائے | (۴) کسی وکیل کو بلا معاوضہ کسی خدمت سرکاری پر مامور کرنا بہر وجوہ خلاف سیاست ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری نمبر ۲۸ / دیوانی ۴۴ مورخہ ۱۲ اردیبہشت ۱۳۱۱ ف

مضمون (۲۴) اطلاع سماتی منصبداران کار آمد مستغنیہ | (۱) ضلع ... مدارس عوث محی الدین خان صاحب منصبدار کار آمد مقرر کئے گئے تھے مگر اس کی اطلاع دفتر صدر محاسبی سرکار عالی کو نہیں کی گئی تھی چنانچہ دفتر صدر محاسبی سرکار عالی نے معتمد صاحب سرکار عالی علاقہ فینانس کو ذریعہ مراسلہ نمبر (۵۶۱) تمنا خ عام مورخہ ۲۹ آذر ۱۳۱۱ ف اس بارہ میں لکھا اور معتمد صاحب موصوف نے حسب الحکم سرکار ذریعہ مراسلہ نمبر (۹۴۴) مورخہ ۱۶ اردی بہشت ۱۳۱۱ ف معتمد صاحب سرکار عالی علاقہ مالگذاری کو تحریر کیا کہ جب کبھی کوئی منصبدار بحیثیت کار آمد اضلاع پر متعین کئے جائیں تو اس کی اطلاع دفتر صدر محاسبی کو دیا کریں۔

سو یہ اس حکم کی تعمیل عدالت ہائے سرکار عالی میں بھی ہونا ضرور ہے لہذا بغرض پابندی و آگہی جملہ حکام

(۲) ... نہ کرادے

(۳) ... درخواست کنندہ کے رجسٹر معائنہ میں اندراج کرے۔

(۱) ... سال ... کے دستخط لے لے اور اپنی دستخطی ثبت کردے ... (۱۱) ... معائنہ کی بحساب فی گھنٹہ ... لی جائے گی اور رقم ... ماہ الہی ... کی ادخال ... سرکار جمع ہوگی اور تاریخ ... جمع رسید کی ... کے احکام تحریری صادر کرے۔

... (۱۲) ... وہ رقم ... جائے گی اور جمع ... سالانہ ... عہدہ داری ... نمبر (۲) اور آمدنی ... ۳ ... نمبر (۵) مورخہ ۱۹ آذر ۱۳۵۰ف ... (۱۳) ... ادائی فیس معائنہ ... ہوں گے۔

(۱) ... سرکار

(۲) ... سرکار ... مقدمہ کی ... ہو۔

(۳) ... مقدمات ...

... (۱۴) ... نقل ... لکھ کر ... دے۔

تاریخ معائنہ ... (۱۵) بعد منظوری درخواست ... تاریخ معائنہ ... مقرر کی جائے ... درخواست شامل ... کردیا جائے گا اور اسی درخواست کی ... تعمیل ... ہوگا۔

... (۱۶) ... نمبر ۲۴۲ ... مجلس عالیہ ... ۱۳۳۲ف ... رکھا جائیگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ... نمبر ۶ مورخہ ۱۴ آبان ۱۳۳۱ف

ضمیمہ (۱) ... آبادی ...

مضمون (۳) ... سرکاری ... ہے۔

نقل ... نمبر ... ضمیمہ ...

خانہ ہائے ۱۲ و ۱۳ کا اندراج | (۴) خانہ ہائے ۱۲ و ۱۳ میں جس قدر حالات عدالت کو معلوم ہوں وہ درج کردے اور زائد امور دریافت ہوں تو مجلس میں درج ہوں گے۔

خانہ ہائے ۱۴ و ۱۵ کا اندراج | (۵) خانہ ہائے ۱۴ و ۱۵ کا اندراج عدالت سرکنندہ پر لازم ہے تاکہ مجلس میں مجرم کی شناخت آسانی ہوسکے۔

شرکت حکمنامہ بعد تعمیل سرارسل متعلقہ | (۶) ہر مجرم کی مسل میں اس کے متعلقہ تمام حکمنامجات شامل رہنا چاہئیں اور جس حکمنامہ جات کی تعمیل مکمل ہو جائے وہ بغرض شمول مسل عدالت میں واپس کرے جائیں۔

مقیج تعمیل حکم سزا | (۷) حکمنامہ قید بعد قید بعد تعمیل واپس آئے تو مجسٹریٹ تحقیقات کنندہ کا فرض ہے کہ کیفیت تعمیل کا مقابلہ تحویر شمول مسل سے کرکے حکمنامہ تعزیر یا قصاص کو شامل مثل فوجداری کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۵۰}}{\text{دیوانی ۴۵}}$ مورخہ ۲۳ مہر ۱۳۱۱ف

مضمون (۴۴۳) نمونہ سند معذوری بمقصد طبیب | (۱) ملازمین سرکاری بوجہ معذوری وظیفہ معذوری کے متعلق جو سند پیش کرتے ہیں اس میں اکثر معذوری کی کافی صراحت نہیں ہوتی ہے چنانچہ محکمہ سرکار عالی و مدارس سے ذریعہ مراسلہ نشان (۱۸۹۳) مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۱۱ف اس بارہ میں نمونہ شائع ہوا ہے چونکہ آئندہ سے عدالتوں سے بھی اس نمونہ کے مطابق سند پیش ہونی ضرور ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بذریعہ گشتی ہذا نمونہ منسلکہ شائع کیا جاتا ہے تاکہ اس کے مطابق سند مرتب ہوا کرے۔

نمونہ سند طبیب نمبر ۹۷ مجریہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی

(منسلکہ گشتی عدالت العالیہ نشان $\frac{\text{فوجداری ۵۰}}{\text{دیوانی ۴۵}}$ مورخہ ۲۳ مہر ۱۳۱۱ف)

تصدیق کی جاتی ہے کہ آج کے روز احتیاط کے ساتھ فلاں ابن فلاں کا امتحان طبی کیا گیا میری رائے میں اسکی عمر   سال ہے اور وہ خود   سال بیان کرتا ہے مجھے یقین ہے کہ نامبردہ آئندہ وہ اکسی خدمت کے لئے یا جس صیغہ سے اسکا تعلق ہے اسکی خدمت کے لئے لائق نہیں ہے اور وہ فلاں مرض میں مبتلا ہے میری رائے میں اسکی معذوری عادات ناشائستہ کی وجہ سے   ہوئی ہے۔

ھدایت۔ اگر نامبردہ دوامًا ناقابل ملازمت نہ ہو تو اسکی صراحت کردینی چاہئے کہ وہ قابل ملازمت تخمینًا کس قدر عرصہ کے بعد ہو جائے گا اور اگر وہ کسی قدر کم محنت کرنے کے قابل ہو تو اسکی

عدالت اجلاس انتظامی عدالت العالیہ حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے ۔

(۳) ۔ کوئی منصبدار کسی عدالت میں کسی خدمت کار آموزی یا دوسرے کام پر مامور کیا جائے تو اسکی اطلاع بلا توقف صدر محاسب سرکار عالی صیغہ منصب کو دینا لازم ہے ۔

سرکلر مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۹) مورخہ ۱۷ مہر ۱۳۱۱ف

مضمون (۱۳۴) دواہد سرشتہ محکمہ جوائنٹ مددی سعادی | محکمہ۔ (۲) مراسلہ عدالت اسپیشل مجسٹریٹ اضلاع سرکار عالی نمبر (۴۲۱) مورخہ ۲ فروردی ۱۳۱۱ف و گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۳۹) مورخہ ۱۷ مہر ۱۳۱۱ف کے ملاحظہ کے بعد احکام ذیل اجلاس انتظامی عدالت العالیہ کا قائدہ کیے جاتے ہیں جسکو عدالت ہائے فوجداری سرکار عالی عمل کیا کریں ۔

محکمانہ منصبداری عدد و نمبرات کا اندراج ۔ | (۲) جب چند جرائم میں ملزم سزایاب ہو تو لکھنا چاہئے کہ نمبرات ایک بعد دوسرے کے یا ایک ہی وقت میں نافذ ہوں گے اور اسکا اندراج حکمنامہ قید میں کرنا لازم ہے تاکہ مراسلہ مندرجہ دفعہ ۳۵ ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار پیش نظر عہدہ دار تعمیل کنندہ رہیں ۔

خانہ ہائے ۱ و ۲ و ۳ و ۱۳ کا اندراج | (۳) حکمنامہ قید محکومہ گشتی عدالت العالیہ نشان (۳۹) مورخہ ۱۷ مہر ۱۳۱۱ف کی عبارت ظہری توضیحاً حسب ذیل کی جاتی ہیں ۔

نشان رجسٹر سالانہ قیدیاں سزایافتہ	تاریخ آغاز سزا	تاریخ انتہائے سزا	رنگ	جسم	بینی	پیشانی	قد	چشم	ابرو	دیگر علامات	سکونت حسب دیگر قرابت داران قیدی معہ نام حسب دیگر قرابت داران	طریقہ تقریح تعمیل حکم سزا	کیفیت اس امر کی کہ پیشتر کتنے مرتبہ کون کون علت میں قید ہوا
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴

اس حکمنامہ قید کی عبارت ظہری کے خانہ ہائے نمبر ۱ و ۲ و ۳ و ۱۳ کا اندراج اس محکمہ میں ہونا چاہئے جہاں مجرم روانہ ہو ۔

ہے اسکی توضیح ہو جانی چاہئے چنانچہ تحریک مذکور اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش ہوئی اور اجلاس مذکور سے حسب ذیل احکام بار اوّل گشتی بنا ساری کئے جاتے ہیں ۔

(۲) حسب شرع اسلام قتل جدا ہوتا ہے بر بنائے استدعائے ورثہ یا اولیائے مقتول کے قصاص لیا جاتا ہے ۔

(۳) جو قتل جدا کیا جائے اُس سے مدعی مقتول کو کچھ تعلق نہیں ہے وہ بر بنائے سیاست ملک ہے اور اُس میں احکام بادشاہ کی تعمیل بلا تامل کیا جاتا ہے ۔

(۴) البتہ اگر قصاص بر بنائے استدعائے ورثہ مقتول ہو تو کسی ایک وارث کے عفو سے وہ کاملاً ساقط ہو جاتا ہے اگر بعد نفاذ حکم قصاص کوئی وارث مقتول جو مجاز ہے عفو کرے تو حاکم تعمیل کنندہ حکمنامہ کا فرض ہے کہ اظہار وارث عفو کنندہ کا لیکر اور تنقیح باقاعدہ کر کے حاکم ابتدائی عدالت کے اجلاس پر بلا توقف روانہ کرے کہ بعد نفاذ حکم قصاص کو تا صدور حکم باقاعدہ ملتوی کر دے اگر حاکم تحقیقات کنندہ کی رائے میں عفو شرعی ثابت ہو تو نسبت سقوط قصاص کے عدالت العالیہ سے حکم باقاعدہ حاصل کرے ۔

(۵) اگر عفو شرعی ثابت نہ ہو یا قتل جدا ہو تو اُس کے التوا کی مطلق ضرورت نہیں ہے ۔

(۶) محض ملزم یا اشخاص غیر مجاز کے بیانات پر کوئی قتل یا قصاص ملتوی کرنا جائز نہیں ہے

(۷) تمام حکام عدالت بہ لحاظ مواضع قاعدہ اور احکام شرع اسلام باقاعدہ عمل کریں ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵۳) مورخہ ۲۴ مہر ۱۳۱۱ ف

مضمون ۔ (۳۴۵۰) درخواست نگرانی کا عدالت ہائے تحت میں پیش ہوکر فیصل ہونا ۔	تمہید ۔ (۱) عدالت العالیہ کو بصیغہ نگرانی معلوم ہوا ہے کہ بعض عدالت ہائے ماتحت نے

بعض ایسے مسئلہ کو عدالت العالیہ کے سررشتہ مرافعہ میں بصیغہ نگرانی پیش کیا ہے جن میں عدالت ہائے تحت بصیغہ نگرانی حکم صادر کرنے کے مقتدر ہیں کیونکہ ناظم فوجداری عدالت صوبہ و ضلع کسی ملزم کی بحالی پر بلکہ گرفتاری اور تحقیقات مزید کا حکم دے سکتے ہیں لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل حکم صادر کیا جاتا ہے تاکہ عدالت ہائے سرکار عالی حسبہٖ عمل کیا کریں ۔

حکم | (۲) ہر ناظم فوجداری عدالت صوبہ و ضلع یا ناظم اول فوجداری بلدہ یا دوم ناظم فوجداری عدالت

صراحت کردی جانی چاہئے۔

مورخہ ۔ ماہ ۔ سنہ فصلی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵۱ / دیوانی ۴۶ مورخہ ۲۳ مہر ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۴۴) درخواست رخصت کا تاریخ استفادہ سے چند روز قبل پیش ہونا۔	(۱) مولوی سید بادشاہ حسن صاحب ناظم دوم عدالت فوجداری بلدہ نے درخواست رخصت تاریخ استفادہ

سے کچھ روز قبل پیش نہیں کی تھی جس کی وجہ سے محکمہ سرکار میں بھی بروقت اطلاع نہ ہو سکی چنانچہ محکمہ معتمدی عدالت نے حسب الحکم نواب معین المہام صاحب عدالت بذریعہ مددگار نشان (۴۳۶) مورخہ ۱۳ اردی بہشت ۱۳۱۱ف یہ تحریر فرمایا کہ درخواست رخصت تاریخ استفادہ سے ضرور قبل پیش ہونی چاہئے تھی اور اس بارہ میں عام طور سے تمام عہدہ داروں کو بھی ہدایت کے لئے ایما فرمایا۔

(۲) اجلاس نظامی عدالت العالیہ سے گشتی ہذا حسب منشاء مراسلہ بالا جاری کی جاتی ہے تاکہ آئندہ سے عمل کیا جائے۔

(۳) جب کسی عہدہ دار یا اہلکار ملازم سرکاری کو رخصت کی ضرورت ہو تو اس کو درخواست رخصت تاریخ استفادہ سے اس قدر عرصہ قبل پیش کرنی چاہئے کہ بصورت اطلاعی محکمہ مافوق یا انتظام بدمت رخصت خواہ اطلاعی و انتظام کے لئے کافی وقت رہے اور کام میں خرابی واقع نہ ہو۔

(۴) اس لحاظ سے خیال رکھنا چاہئے کہ عموماً تاریخ استفادہ سے ایک ماہ قبل درخواست رخصت بغرض منظوری محکمہ مجاز میں پیش ہو جانا چاہئے۔

(۵) اگر ایک ماہ کے استفادہ رخصت کی استدعا ہو تو بہ تعلق درخواست رخصت کی پیشی کرنا لازم ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵۲) مورخہ ۲۳ مہر ۱۳۱۱ف

مضمون (۳۴۴) سقوط و قصاص قتل کے احکام۔	(۱) معتمد صاحب عدالت العالیہ سرکار عالی نے یہ تحریک پیش کی کہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۸)

بابتہ ۱۳۰۹ف دربارہ تعمیل حکم قتل و قصاص کے دفعہ (۴) کے الفاظ کا مفہوم سمجھنے میں غلط فہمی کا اندیشہ

(۱) حسب دفعہ مذکور مجسٹریٹ سے تمام واقعات متعلقہ کی نسبت بیانات ملزمین اور شہود حسب ضرورت بروقت قلم بند کرالینا مناسب ہے۔ درصورتیکہ تعویق سے اتلاف شہادت کا اندیشہ ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵۵) مورخہ ۳ / مہر ۱۳۴۱ ف

مضمون (۵۵) افراد جرم میں سزایابی سابقہ کا اندراج

(۱) انسپکٹر جنرل پولیس اضلاع سرکار عالی کو شکایت ہے کہ عادی مجرمین کی سزایابی کا اندراج عدالت ہائے فوجداری اپنی تجویز اور فرد جرم میں نہیں کرتے ہیں اور اسی وجہ سے اضافہ سزا کے لئے نگرانی کی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔ لہذا اجلاس انتظامی سے حسب ذیل گشتی جاری کی جاتی ہے حسب عمل کیا جائے۔

(۲) تمام عدالت ہائے فوجداری کو دفعہ ۲۲۱ ضمن (۷) ضابطہ فوجداری سرکار عالی کی جانب توجہ مبذول کرنی چاہئے۔

(۳) جب ملزم سزایافتہ سابقہ ہو تو اسکی نسبت تجویز میں لئے درج کرنا لازم ہے۔

(۴) سزائے سابقہ ثابت ہو تو بلحاظ دفعہ ۷۵ تعزیرات ہند اسکا اندراج فرد جرم میں کرنا چاہئے ضمیمہ پنجم ضابطہ فوجداری کے نمونہ فرد جرم نمبر ۲۸ فرد سوم میں تمام امور ضروری کا اندراج ہے جسکا نمونہ اس کے ساتھ منسلک ہے حسب سزائے سابقہ کا اندراج فرد جرم میں کرنا چاہئے

نمونہ نمبر ۳ فرد قرارداد جرم ... جب ملزم پر سابق میں کوئی جرم محولہ دفعہ ۷۵ تعزیرات ہند ثابت ہو گیا ہو۔

میں (نام اور عہدہ مجسٹریٹ وغیرہ) بذریعہ اس تحریر کے تم (نام شخص ملزم) پر حسب تفصیل ذیل الزام لگاتا ہوں کہ تم نے تاریخ ... ماہ ... سنہ ۱۳ ف کو یا اس کے قریب بمقام ... جرم کا ارتکاب کیا اور اسوجہ سے اس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ تعزیرات ہند کے دفعہ ... میں مندرج ہے اور جو اپنی سماعت عدالت سشن (یا ہائیکورٹ یا مجسٹریٹ جیسی صورت ہو) کے ہے اور تم (یہاں نام ملزم کا لکھا جائیگا) پر یہ الزام بھی قائم ہوا ہے کہ قبل ارتکاب جرم مذکور کے یعنی تاریخ ... ماہ ... سنہ ۱۳ ف کو روبرو (یہاں نام اس عدالت کا لکھا جائیگا جس کی تجویز سے جرم ثابت قرار پایا ہو) مقام ... پر تمہارے ذمہ ایسا جرم ثابت قرار پایا جسکی سزا حسب مندرجہ باب ۱۷ مجموعہ تعزیرات ہند قید تا میعاد تین برس کی مقرر ہے یعنی بجرم (اس جرم کی تعریف

صدر ضلع جس کو سرکار نے بطور خاص ایسا اختیار عطا فرمایا ہو حسب منشائے دفعات ۴۳۵ تا ۴۳۹ ضابطہ فوجداری برطایہ بندریعہ نگرانی کارروائی ضابطہ کرنیکا مجاز ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴۵) مورخہ ۲۳ مہر ۱۳۱۱ف

مضمون (۱۶۴) مجسٹریٹ کا حسب دفعہ ۱۶۴ ضابطہ فوجداری بیانات ملزمین اور شہود قلمبند کرنا ۔	(۱) اسپیشل مجسٹریٹ صاحب اضلاع سرکار عالی کے ذریعہ مراسلہ ۔۔۔ دورہ

(۲۹) مورخہ ۱۶ شہریور ۱۳۱۱ف عدالت العالیہ سے یہ استدراک کیا کہ حسب دفعہ (۱۶۴) ضابطہ فوجداری کیا کسی ملزم کا اقبال کسی ایسے مجسٹریٹ کے روبرو قلمبند کیا جانا جس کے اجلاس میں بابعدہ مقدمہ اس اصالی ملزم کا چالان ہونیوالا ہے درست ہے یا نہیں ؟ صاحب موصوف کی رائے میں ایسے مجسٹریٹ کا اظہار لکھنا جو تحقیقات کنندہ مقدمہ ہو خلاف منشائے دفعہ مذکور ہے ۔

(۲) یہ مسئلہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ میں پیش ہوا اجلاس مذکور سے حسب ذیل گشتی بغرض آگہی و پابندی جملہ محکام متعلقہ کی جاتی ہے

(۳) دفعہ مذکورہ کا مقصود یہ ہے کہ مقدمات فوجداری میں شہادت حتی الوسع محفوظ رہے اور تعویق سے اس کے اتلاف کا اندیشہ باقی نہ ہو ۔

(۴) دفعہ مذکور ملزمین اور شہود دونوں کے بیان سے متعلق ہے ملزمین متصل ہوں یا غیر متصل دونوں کے بیان سے متعلق ہے ۔

(۵) پولیس کا فرض ہے کہ قریب تر موجودہ مجسٹریٹ سے بیانات ملزمین اور شہود حسب ضرورت قلمبند کرائے

(۶) مجسٹریٹ کا فرض ہے کہ احکام دفعہ مذکور باقاعدہ تعمیل کرے مجسٹریٹ کو حسب صوابدید خود بیانات قلمبند کرکے اپنی رائے نسبت وقعت بیان کے لکھنا چاہئے ۔

جو مجسٹریٹ بیانات حسب دفعہ ۱۶۴ ضابطہ فوجداری لکھے وہ بوقت تحقیقات بواجہ فریقین باقاعدہ اظہار لکھیگا اور بیانات سابقہ کی وقعت کے موازنہ میں اس کو سہولت ہوگی ۔

(۸) قانون قاعدہ بہت واضح ہے اور اس میں کسی ترمیم کی ضرورت نہیں پائی جاتی ۔

(۹) البتہ پولیس بیانات ملزمین اور شہود حسب دفعہ ۱۶۴ لکھانے میں بارہا تساہل کرتی ہے ان کے ذہن میں ہے کہ یہ دفعہ صرف اقبالات سے متعلق ہے یہ خیال بالکل غلط ہے ۔

(۴) حکم سرکار مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۹۷) مورخہ ۵ اردی بہشت ۱۳۱۱ف۔

(۵) مراسلہ عدالت العالیہ نشان (۵۶۹۵) مورخہ ۴ اردی بہشت ۱۳۱۱ف موسومہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت

(۶) حکم سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۸۷۰۴) مورخہ ۹ تیر ۱۳۱۱ف۔

(۷) حکم سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۱۳۶۵) مورخہ ۱۵ شہریور ۱۳۱۱ف۔

(۸) حکم سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۱۵۲۸) مورخہ ۵ مہر ۱۳۱۱ف۔

تمہید | (۲) عہدہ داران معدنیات سنگارینی کو مقدمات کے پیروی تصفیہ نہ ہونے کی سخت شکایت تھی چنانچہ اُن کی رفع شکایت کے لئے ایک عہدہ دار محکمہ مالگذاری بطور خاص ایک مجسٹریٹ مامور کیا گیا تھا لیکن اس پر بھی مینجر کمپنی معدنیات کو شکایت باقی رہی تب نظر سہولت حصول مقصود کمپنی مذکور سرکار نے دربارہ مراسلات متذکرہ صدر مسٹر فریک ٹی پٹ ہوز مینجر کمپنی و مجسٹریٹ ہاء مرہ متعلقہ تالکوٹا و نائب تحصیلدار طلبہ امپار کو خاص اختیارات عطا فرمائے۔

سبب اجلاس | (۳) اب عدالت العالیہ سے بعد منظوری اجلاس انتظامی حسب منشاء احکام سرکار محولۂ بالا نسبت اختیارات احکام مذکور گشتی ہذا جاری کی جاتی ہے۔

اختیارات مینجر کمپنی۔ | (۴) مسٹر فریک ٹی پٹ ہوز مینجر کمپنی معدنیات کو مجسٹریٹ درجہ سوم کے اختیارات حاصل ہیں۔

استعمال اختیارات۔ | (۵) مینجر مذکور ان اختیارات کا استعمال حدود بلندا پہاڑ و معادن رفاہ میں صرف اس صورت میں کر سکیں گے جبکہ فریقین ملازم کمپنی ہوں بصورت دیگر ایسے مقدمات مد تحریر عدالت سرکار عالی میں سماعت ہوں گے۔

مرافعہ احکام مینجر | (۶) مینجر مذکور کی تجاویز کا مرافعہ حسب ضابطہ مجسٹریٹ ضلع ورنگل سماعت کریں گے۔

کارروائی عدالتی و تعمیل احکام | (۷) مینجر مذکور کے انگریزی داں ہونے اور اردو سے ناواقف ہونے کی وجہ عدالتی کارروائی کو یعنی شہادت و تجویز وغیرہ کی کارروائی جو مجسٹریٹ کو اپنے قلم سے کرنی ہوتی ہے انگریزی میں کریں گے باقی انتظامی و دفتری کارروائی یعنی اشتمالہ عدالتی کی ترتیب اور تحقیقات وغیرہ کی روانگی اور عدالت ہائے سرکار عالی سے باہمی مراسلت اور اطلاعنامہ جات و چکنامہ جات وغیرہ کا اجرا زبان اردو میں ہوا کرے گا مجسٹریٹ مذکور مثل دوسری عدالتوں کے نقشہ جات وغیرہ عدالت العالیہ میں ارسال کریں گے اور نیز احکام صادرہ عدالت العالیہ ان پر واجب التعمیل ہوں گے۔

انہیں الفاظ میں لکھی جائے گی جو اس دفعہ میں ہوں جس کے بموجب شخص ملزم پر جرم ثابت قرار پایا ہو)
اور وہ حکم جس کی رو سے وہ جرم ثابت قرار پایا تھا ایک ناقدہ تور ہے اور تم اس وجہ سے کہ بشمار دفعہ
۷۵ مجموعہ تعزیرات ہند کے زیادہ سزا پانے کے مستوجب ہو اور میں بذریعہ تحریر ہذا حکم دیتا ہوں کہ تمہارے مقدمہ
کی تجویز بربنائے الزام مذکور ... کے روبرو عمل میں آئی۔

مہر عدالت

مورخہ ... ماہ ... سنہ ۱۳ ف

مجسٹریٹ درجہ ...

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵۶) مورخہ ۳۰ مہر سنہ ۱۳۱۱ف

مضمون (۲۸) (۳) اسماء وارجاع استغاثات مکلف اور بے بنیاد۔

(۱) چونکہ انسپکٹر جنرل پولیس اضلاع سرکار عالی کو شکایت ہے کہ بسبب دفعات ۱۸۲ و ۲۱۱ تعزیرات ہند جرایم کی طرف توجہ نظمائے عدالت فوجداری کم ہے جس کی وجہ سے فضول اور تکلیف دہ استغاثات بکثرت دائر ہوتے ہیں اس لیے بمنظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ حسب ذیل گشتی شایع کیجاتی ہے بجملہ نظمائے فوجداری حسبہ کار رشتہ رہنا۔

(۲) استغاثات مکلف اور بے بنیاد کا انسداد حسب دفعہ ۲۵۰ ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار کرنا چاہیے اگر اس سے کافی منفعت نہ ہو تو دروغ اور مکلف استغاثات کے نسبت جرایم حسب دفعات ۱۸۲ و ۲۱۱ تعزیرات ہند قایم کرکے باقاعدہ تحقیقات کرنا چاہیئے تاکہ حکام عدالت و اہلکاران پولیس کی بیجا تضییع اوقات نہ ہو اور مفسدانہ لوگوں کو ایسے جرایم سے بیجا تکلیف نہ پہونچے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵۹) مورخہ ۳۰ مہر سنہ ۱۳۱۱ف

مضمون (۲۹) (۳) اختیارات فوجداری اسماء احکام متعلق عہدیداران تنگاپور ضلع ورنگل۔

(۱) کاغذات ذیل پیش و ملاحظہ ہوئے۔

(۱) حکم سرکار مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۱۰۲۹) مورخہ ۴ امرداد سنہ ۱۳۱۱ف۔

(۲) مراسلہ عدالت العالیہ نشان (۱۵۳۹۲) مورخہ ۲۵ شہریور سنہ ۱۳۱۱ف موسومہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت

(۳) مراسلہ عدالت العالیہ نشان (۱۹۲۵۶) مورخہ ۲۵ آبان سنہ ۱۳۱۱ف موسومہ محکمہ سرکار۔

مرافعہ نہیں ہے۔ چونکہ اس بارہ میں غلط فہمی ہونیکا اندیشہ ہے اور نیز از روئے ایکٹ (۸) ۱۹۹۵ف ضابطہ فوجداری بھی ایسا حکم قابل مرافعہ قرار دیا گیا ہے لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) جو احکام از روئے گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۲) فوجداری بابتہ ۱۳۰۳ف معاوضہ والانہ کے متعلق صادر ہوں وہ قابل مرافعہ ہیں۔ سرکار عالی کے صیغہ عدالت کو بھی اس رائے سے اتفاق ہے ملاحظہ ہو مراسلہ نمبر (۱۵۱۰) مورخہ ۱۱ مہر ۱۳۱۱ف محکمہ مذکور۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۳) مورخہ ۱۴ آبان ۱۳۱۱ف

مضمون (۱۳۵۱) عادی مجرمین کو سزا مناسب دینی چاہئیے

(۱) ناظم صاحب کوتوالی اصلاع سرکار عالی کی یہ شکایت تھی کہ ... فوجداری اکثر عادی مجرمین کو مناسب سزائیں نہیں دیتے بلکہ باوجود شدید سزا ... سزا کم دیا کرتے ہیں چونکہ ناظم صاحب موصوف کی یہ شکایت ایک حد تک درست تھی لہذا سرکار بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۱۴۲۱) مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۱۱ف اس بارہ میں تمام عدالت ہائے فوجداری کو ہدایت دینے کے لئے ایما فرمایا۔

(۲) اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب منشاء مراسلہ مذکور حسب ذیل گشتی شائع کیجاتی ہے تاکہ جملہ حکام فوجداری حسبہٗ عمل پیرا رہیں۔

(۳) مجسٹریٹ اضلاع نگرانی رکھیں کہ عموماً سنگین مقدمات جن میں سخت سزا کی ضرورت ہو بغرض تعمیل نظمائے فوجداری کے سپرد ہوں۔

(۴) اگر بوجہ تحقیقات مقدمہ سنگین پایا جائے تو حاکم مقدمہ کے اجلاس پر منتقل کرنا لازم ہے۔

(۵) ملزم سزا یافتہ سابق و دیگر ملزمین کا شریک ہو تو شرکا جرم کی نسبت تجویز صادر کرکے عادی مجرم کی سزائے سابقہ کی شہادت کے لئے مقدمہ جداگانہ قائم کر کے تحقیقات کے نقول اس مقدمہ میں شریک کر دینا چاہئیے اور تا تکمیل تحقیقات عادی مجرم کی نسبت بخیال از توقف تجویز سزا نہ کرنا چاہئیے۔

(۶) عادی مجرمین کی نسبت بہ لحاظ دفعہ ۷۵ تعزیرات ہند فرد جرم قایم کرکے تکمیل تحقیقات کرنا چاہئیے

(۷) شرکاء جرم کی نسبت جداگانہ مقدمہ میں تجویز اخیر صادر کرنا اس سبب سے ضروری ہے کہ وہ شرکاء جرم بے ضرورت زیر تحقیقات نہ رہیں اور انکی نسبت تجویز بر وقت بلا توقف صادر کر دیجائے۔

منتقلی مقدمات متعلقہ ملازمان کسیمی | (۸) حسب تعمیل قانون سابرہ اطلاع حرفہ نشان (۲۱) ۱۳۱۱ف تمام مقدمات متعلقہ ملازمین کسیمی مولوی بشیر الدین احمد صاحب مجسٹریٹ درجہ اول ماموره مانکوٹہ ضلع ورنگل کے اجلاس پر پیش ہوں گے۔

اختیارات ضمانت مچلکہ | (۹) مولوی بشیر الدین صاحب کو حسب الحکم سرکار ضمانت مچلکہ لینے کا بھی اختیار حاصل ہے۔ دیکھو دفعات ۱۰۹ و ۱۱۰ ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار۔

دستخط اسامی تحصیلدار ایلیمیا جانہ | (۱۰) حسب قانون نائب تحصیلدار ماموره ایلمہ نیہال کو بھی سرکار کے سمن یعنی وارنٹ باقاعدہ جاری کرنے کا مجاز کیا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶۱ / دیوانی ۵۰ مورخہ ۲ آبان ۱۳۱۱ف

مضمون (۲۵۰) امتحان طبی ملازمین سرکاری | (۱) ناظم صاحب محکمہ طبابت سرکار عالی نے ذریعہ گشتی انگریزی نشان (۸۷۹) مورخہ ۱۵ جون ۱۹۰۲ء جو حکم دیا ہے اُس کی رو سے اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بغرض اطلاع و پابندی جملہ حکام حسب ذیل گشتی جاری کی جاتی ہے۔

(۲) ایک میڈیکل بورڈ یعنی مجلس اطبا بغرض امتحان و قابلیت صحت وغیرہ ہر سہ ماہی پر رزیڈنسی اسپتال واقع بلدہ حیدر آباد میں نو بجے صبح کے بتاریخ یکم جنوری و اپریل و جولائی و اکتوبر مطابق ۹ بہمن و ۲ اردی بہشت و ۲۵ امرداد و ۲۵ آبان کو منعقد ہوا کرے گی۔

(۳) ملازمین و امیدواران کو جن کا طبی معائنہ ضروری ہو قبل از تاریخ مذکور طبی معائنہ کے واسطے بلدہ ہذا میں آجانا چاہئے تاکہ تاریخ اور وقت مقررہ پر امتحان ہو سکے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۶۲) مورخہ ۲ آبان ۱۳۱۱ف

مضمون (۲۵۱) حکم ادائی معاوضہ قابل مرافعہ ہے | (۱) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۳) بابت ۱۳۰۳ف میں جو بنا بر روبکار محکمہ سرکار نشان (۱۱۷) مورخہ ۲۰ بہمن ۱۲۹۶ف جاری ہوئی تھی اس امر کی صراحت نہیں ہے کہ معاوضہ دلانے کے متعلق جو احکام صادر ہوں آیا وہ قابل مرافعہ ہیں یا نہیں؟ اس صراحت کے نہ ہونے کی وجہ سے اور نیز از روئے ایکٹ نمبر (۱۰) ۱۸۸۲ء ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار ناظم صاحب صدر عدالت صوبہ اورنگ آباد نے بمقدمہ مسمی پونجاجی بنام مارونی وغیرہ میں یہ تجویز کی کہ یہ حکم قابل

بحوالہ پیرا ۳ زاردہ گشتی محکمہ فنانس نمبر (۴۲۳) مورخہ ۱۸ اردی بہشت ۱۳۱۲ف سررشتہ صدر مدد گار عدالت ۱۳۱۳ف
جزو اول صفحہ (۹۰۲) فقرہ نمبر دستور العمل وظیفہ کی ترمیم عمل میں آئی ہے اس کی نسبت عدالت العالیہ سے
معہ سطوری اجلاس انتظامی حسب ذیل گشتی اجرا کیجاتی ہے۔
(۲) اگر کسی شخص کی مدت ملازمت ... ایک حصہ علاقہ فوجداری میں گزرا ہو اور بعد حصہ علاقہ
دیوانی میں یا اس کے برعکس ہو تو حسب حال و آئیندہ جس ... علاقہ میں وہ کارگزار ... علاقہ سے
وہ وظیفہ پائے گا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نمبر شمار فوجداری (۹۶) مورخہ ۲۸ آبان ۱۳۱۳ف

مصدرات (۳۵۵) پیروکار سرکاری کا ... روئداد | ناواقف حالات | (۱) بعض مقدمات فوجداری
مسل سے واقف ہو ناضروری ہے۔ — میں پولیس سے جو پیروکار مقرر ہو تے ہیں وہ حالات
مقدمہ سے پوری طرح واقف نہیں ہوتے اور ان کے پاس کاغذات تحقیقات پولیس یا ضروری یادداشت نقل
مقدمہ سے متعلق ہوتے ہیں اور ان کی اس ناواقفیت حالات کی وجہ سے تاریخ پیشی پر ان کی حاضری بے سود
ہوتی ہے اور سرکاران سرکاری کی تنخواہ اور بھتہ اور سفر خرچ کا بار خزانہ سرکاری پر بیجا عائد ہوتا رہتا
ہے لہذا گشتی ذیل شائع کیجاتی ہے۔

التباہ | (۲) مقدمہ نمبر ۳۴ ۱۳۱۲ف جلسہ منعقدہ ... نگرانی منفصلہ ... یہ پایا گیا ہے
کہ روز مذکور ایک پیروکار سرکار حاضر ہوا اس کو واقعات متعلقہ کا علم نہ تھا اس نے مسل معائنہ کی تھی اور نہ
اس کے پاس کاغذات تحقیقات پولیس کے تھے ملزمین ... تھے ان کو محکمہ میں معائنہ کرکے وہ نہیں آیا تھا
کہ وہ زندہ ہیں یا فوت ہو گئے۔

بے سود ہونا | (۳) ایسے پیروکار کی حاضری سے عدالت مجوزہ کو کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا ہے پولیس کا اصلی
کام تعویق میں رہتا ہے ایسے ناواقف اہلکار کو جو مشاہرہ بھتہ اور سفر خرچ دیا جاتا ہے اس کا بار خزانہ
سرکاری پر بیجا عائد ہوتا ہے

نگرانی کی ضرورت | (۴) مجسٹریٹ ضلع اور مہتمم کوتوالی کو خاص طور پر نگرانی رکھنا چاہئے کہ کوئی
اہلکار ناواقف حالات کسی مقدمہ فوجداری میں کبھی بغرض پیروی منجانب سرکار مامور نہ کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶۴ / دیوانی ۵۱ مورخہ ۲۸ آبان ۱۳۱۱ف

مضمون	
(۲۵۱۴) تتمہ جات وطاقت داسامی کے ملاکات	(۱) محکمۂ سرکار صیغۂ فنانس سے دریعہ مراسلہ نشان (۲۸۰۰) مورخہ ۲۶ مہر ۱۳۱۱ف بہ تتمہ جات ذیلیقہ التزام کے ساتھ اصل وثایق بھیجنے کے متعلق جو حکم صادر ہوا ہے اسکی نقل محکمۂ مہتمم سرکار عالی نے عدالت العالیہ میں ذریعہ مراسلہ نشان (۸۹۶) مورخہ ۱۶ آبان ۱۳۱۱ف بھیجکر حسب ذیل تعمیل ہونیکے لئے ایما فرمایا ہے ۔

(۲) حسب منشاء مراسلہ مذکور بحوالہ محکمۂ فینانس بعد منظوری اجلاس انتظامی گشتی ہذا جاری کیجاتی ہے آیندہ اس کے مطابق تعمیل کی جاوے ۔

(۳) گشتی محکمۂ فینانس نشان (۹) بابتہ ۱۳۰۵ف کے فقرہ دوم وسوم کے بموجب جبکہ مکمل مصدقہ کارنامہ پیش ہو تو تصدیق ملازمت کے وثایق دفتر فینانس میں بھیجے جاتے ہیں اور نقول مصدقہ دفتر متعلقہ امیدوار وظیفہ میں رکھنا چاہیئے ۔

(۴) اگر کسی خاص وجہ سے اصل وثایق ارسال نہ ہوسکیں تو ان کے مصدقہ نقول بھیجے جاویں ۔

(۵) اگر برآمدوات کے ذریعہ سے تصدیق ہوتی ہو تو صرف انکا حوالہ درج ہونا کافی ہے ۔ برآمدوات کے روانہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶۵ / دیوانی ۵۲ مورخہ ۲۸ آبان ۱۳۱۱ف

مضمون	
(۲۵۴۴) تمام ملازمین علاقہ صرف خاص ودیگر علاقہ دیوانی (۱) روئے دفعہ (۹) دستور العمل وظیفہ مندرجہ وزرمیم فقرہ سوم دستور العمل وظیفہ ۔	بذریعہ مراسلہ ۲۵ مہر ۱۳۱۱ف خرداوّل عدالت العالیہ سے محکمۂ سرکار صیغۂ فینانس میں یہ تحریک ہوئی کہ بر بناء مصالح انتظامی علاقہ خالصہ وصرفخاص کے ملازمین کے تبادلات ہونے بہت ضروری ہیں اور نیز یہ کہ جب کوئی ملازم ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ میں بطور ملازمت سرکاری بدلا جاوے تو بہ لحاظ اعمال حسابی یا تو اس سے معاوضہ پنشن لینا چاہئے یا بوقت اختتام خدمت اس علاقہ سے اس ملازم کو وظیفہ ملنا چاہئے جہاں وہ زیادہ مامور رہا ہو ۔

(۲) محکمۂ فینانس سے اس بارہ میں ذریعہ مراسلہ نشان (۲۳۱۷) مورخہ ۲۰ مہر ۱۳۱۱ف موسومہ معتمد صاحب سرکار عالی صیغۂ مالگذاری بعد شرف منظوری اعلیحضرت بندگان عالی متعالی مدظلہم العالی جو حکم

تحقیقات مختتم — (۴) تحقیقات مختتم وہ ہے کہ جس میں مجسٹریٹ یا حاکم عدالت واقعات متعلقہ کی تجویز یا فیصلہ صادر کرتا ہے۔

اختیارات معافی — (۵) حسب دفعہ ۳۳۷ ضابطہ فوجداری مجسٹریٹ حسب مجاز تحقیقات مختتم ہو اور اس نے معافی دی ہو تو مجاز اصدار تجویز نہیں ہے لیکن یہ حکم سشن جج سے متعلق نہیں ہے

سپردگی مقدمہ — (۶) جن مقدمات میں مجسٹریٹ تحقیقات ابتدائی بغرض سپردگی مقدمہ کرے تو وہ تکمیل تحقیقات ابتدائی کرتا ہے کیونکہ سپردگی مقدمہ لازم ہے اور وہ حسب صوابدید خود سرکار کی جانب سے احکام بابت معافی ملزم صادر کر سکتا ہے۔ (دیکھو دفعہ ۳۳۷ ضابطہ فوجداری۔)

(۷) اردو ترجمہ ضابطہ فوجداری میں اصطلاح ٹرائل کا واضح نہیں ہے وہاں ٹرائل کے معنی تحقیقات مختتم سمجھنا چاہئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ / دیوانی ۵ مورخہ ۲۶ آذر ۱۳۱۲ف

مضمون ۳۵۸ دربارہ وصول مطالبات سرکاری — (۱) کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے۔

(۱) رزولیوشن محکمہ سرکار صیغہ عدالت نمبر ۲۰/۱۴ بابتہ ۱۳۱۱ف مندرجہ جریدہ غیر معمولی مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۱۱ف جزو اول صفحہ ۵۰۲۔ (۲) رزولیوشن محکمہ سرکار صیغہ عدالت نمبر ۲۵/۸ بابتہ ۱۳۰۹ف۔

(۲) بربنائے تحریک عدالت العالیہ سرکار نے ذریعہ رزولیوشن نمبر ۲۵/۸ بابتہ ۱۳۰۹ف صادرہ بالا مطالبات سرکاری متعلقہ صیغہ عدالت کے وصول کرنے کی نسبت بلدہ حیدرآباد میں ہر عدالت کے اعلیٰ حاکم کو جو صیغہ اسلامی کا کام انجام دیا ہو اختیار عطا فرمایا تھا لیکن اب بموجب دفعہ ۱۲ ضمن ۱۰ قانون لسان (۳) بابتہ ۱۳۰۸ف رزولیوشن مذکور کی تنسیخ فرمائی ہے لہذا عدالت العالیہ سے بعد منظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل گشتی جاری کیجاتی ہے آئندہ جس پر عمل کیا جاوے۔

(۳) اضلاع میں تعلقداران اضلاع حسب دفعہ ۳ و ۴ قانون مطالبات سرکاری نشان (۴) بابتہ ۱۳۰۸ف مطالبہ سرکاری وصول یا اسکے متعلق کارروائی کریں گے۔

(۴) بلدہ حیدرآباد و بیرون بلدہ میں مطالبات سرکاری وصول کرنے کے لئے حسب منشاء قانون تعمیم واطلاق قوانین نشان (۳) بابتہ ۱۳۰۸ف بہ شرکت معتمد مالگذاری کو وہ اختیارات حاصل ہیں جو قانون مطالبات سرکاری نشان (۴) بابتہ ۱۳۰۸ف کے دفعات ۳ و ۴ کی رو سے تعلقدار ضلع کو عطا کئے گئے ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۳}}{\text{دیوانی ۲}}$ مورخہ ۹ آذر ۱۳۱۲ ف

مضمون (۱۵۶) نرخ پیسہ اسالی روپیہ حالی۔

(۱) عدالت العالیہ سے محکمہ سرکار صیغہ عدالت میں یہ تحریک کی گئی کہ اجرت نقل نویسی وفیس معائنہ اسنلہ و مقابلہ نقول وغیرہ کی بابت جو رقم وصول اور جمع تحت نظارت ہوتی ہے اُس میں نرخ پیسہ کے معین نہ ہونے کی وجہ سے بہت سی دشواریاں لاحق ہوتی ہیں لہذا اگر حسب سررشتہ ٹیپہ نرخ پیسہ معین فرمایا جائے تو موجب آسانی متصور ہے۔

(۲) سرکار نے بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۸۸۹) مورخہ ۹ آبان ۱۳۱۱ ف تحریک عدالت العالیہ کو منظور فرمایا ہے اسلئے حسب منشاء حکم سرکار ذیل گشتی جاری کیجاتی ہے آیندہ سے یہ عمل ہو۔

(۳) اجرت نقل نویسی وفیس معائنہ و مقابلہ اسنلہ و نقول وغیرہ کے لئے نرخ پیسہ بحساب ۲۴ گنڈہ یعنی ۹۶ پیسہ فی روپیہ حالی بلا لحاظ کمی یا زیادتی نرخ بازار کے وصول اور واپس ہوں۔

(۴) حسابات عدالتی میں آنوں کا حساب اسیطرح کیا جائیگا کہ ۹۶ پیسہ مساوی سولہ آنہ کے قرار دئے جائیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵) مورخہ ۹ آذر ۱۳۱۲ ف

مضمون (۱۵۷) تحقیقات ابتدائی اور تحقیقات مختتم کی تصریح

سبب اشاعت۔

(۱) ناظم صاحب کوتوالی و اضلاع سرکار عالی نے عدالت العالیہ میں یہ تحریک پیش کی کہ نظمائے عدالت بعض اوقات الفاظ تحقیقات ابتدائی اور تحقیقات مختتم کے سمجھنے میں غلطی کرتے ہیں اس لئے بذریعہ ایک عام حکم کے اگر اس بارہ میں صراحت کردیجائے تو مناسب ہے چونکہ اس امر میں واقعی غلط فہمی کا اندیشہ ہے لہذا عدالت العالیہ سے حسب ذیل گشتی بغرض اطلاع و ہدایت جملہ حکام شایع کی جاتی ہے آیندہ اس کے مطابق عمل کیا جائے۔

اصطلاحات مصرحہ۔

(۲) ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار میں اصطلاحات ذیل مستعمل ہیں انکی تصریح مناسب ہے۔

(۱) تحقیقات ابتدائی (انکوائری)　　(۲) تحقیقات مختتم (ٹرائیل)

تحقیقات ابتدائی۔

(۳) تحقیقات ابتدائی وہ ہے جس میں مجسٹریٹ تحقیقات امور متعلقہ کرکے دوسری عدالت میں مقدمہ بغرض تجویز اخیر یا تحقیقات مختتم سپرد کرتا ہے۔

بدرانہ کسی بانمونہ شلک ابع کیا جاتا ہے تاکہ وارداتِ وطرز وغیرہ و بعض معائنہ کردہ حسد آمر آدمی ان کے ساتھ بہ سلسلہ کے ساتھ نمونہ شلک کی بھی جانچ کریں کہ بکام متعلقہ عطا کریں ۔

نمونۂ نمبر ۸ ملحقہ گشتی عدالت العالیہ نشان (۹) دیوانی (۴) فوجداری مورخہ ۲۵ [illegible] سنہ ۱۳۱۲ ف

نام ۔ عمر بالفعل ۔ قوم ۔ تاریخ ابتدائے ملازمت سرکاری ۔ عمر بوقت ابتدائے ملازمت سرکاری ۔ نوعیت سابق یعنی منصبی حالیہ ۔ چال چلن ۔ تعداد رخصت تاریخ جوز دانہ لازمت میں سے بونقید بوارتح ۔ ۔ نوعیت امراض جس کے لئے گئی تھی ۔ وجوہات اس امر کہ مجلس طبی نے امر متعلق کرنے کے ۔ مورخہ ۔ سنہ ۱۹ عیسوی سنہ ۱۳ ف

دستخط حاکم اعلیٰ محکمہ

ملاحظات ۔ اس نمونہ کی خانہ پری محکمہ کے حاکم اعلیٰ کو بشرط امکان اپنے قلم سے کرنی چاہیئے یا کسی دوسرے معتمد شخص کے قلم سے ہونی چاہیئے جس کو حاکم موصوف نے مقرر کیا ہو ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) مورخہ ۳ بہمن سنہ ۱۳۱۲ ف

دفعہ ۳۶۱ کتاب مجموعہ قوانین جرائم ضعف و اطفال یا نابالغ کو سزائے تازیانہ دینی چاہیئے	(۱) کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے ۔

(۱) مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۱۴۳۳) مورخہ ۱۲ اسفندار سنہ ۱۳۱۱ ف ۔

(۲) رزولیوشن محکمہ سرکار (صیغہ مجالس) نمبر $\frac{11}{15}$ مورخہ ۱۶ بہمن سنہ ۱۳۱۱ ف

(۳) رزولیوشن محکمہ سرکار (صیغہ مجالس) نمبر $\frac{23}{12}$ مورخہ ۲ شہریور سنہ ۱۳۱۱ ف

(۴) گشتی عدالت العالیہ نشان (۱) فوجداری مورخہ ۳ فروردی سنہ ۱۳۰۹ ف

(۲) قبل ازیں عدالت العالیہ نے گشتی مندرجہ بالا دربارہ ملزمین جرائم ضعف کو سزائے تازیانہ دینی چاہیئے جاری کی تھی لیکن رپورٹ مجالس بابتہ سنہ ۱۳۰۹ ف کے ملاحظہ سے واضح ہوا کہ ناظمان فوجداری نے غریب تازیانہ کے متعلق اپنے اختیارات کو پوری طرح استعمال نہیں کیا جس سے ایک ماہ سے کم سزا یافتہ قیدیان کی تعداد ۵۰ فی صدی سے بھی زیادہ رہی لہذا سرکار نے گر اس بارہ میں گشتی جاری کرنے کے لئے ایما فرمایا ہے اور اطفال نابالغ کو بھی سزائے قید دینے کے بجائے سزائے بید دینے کے بارہ میں حسب رزولیوشن مندرجہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۸) مورخہ ۱۸ اردیبہشت ۱۳۱۲ف

مضمون (۱۵۱۳) گرفتاری ملزمین و قرقی مال مسروقہ علاقہ جاگیرات | (۱) رپورٹ محکمہ پولیس سرکار عالی ... معہ کوتوالی نمبر ... سنہ ۱۳۱۲ف مندرجہ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۴ مہر ۱۳۱۲ف ... صفحات ۲۳۲ و ۲۳۵ و ۲۴۵

تکمیلہ | (۲) قبل ازیں عدالت العالیہ سے گشتی نشان (۳۲) فوجداری مورخہ ۱۳ ماہ آذر ۱۳۱۱ف درباره حوالہ کرنے ملزمین بابت عدالت ہائے ... جاگیرداران ... بذریعہ پولیس محکمہ سرکار (معہ کوتوالی) نشان ... بابتہ ۱۳۱۱ف جاری ہوئی تھی اب اس پر ولوت ... احکام سابقہ کی رو سے سرکار سے بشرف منظوری اعلیحضرت بندگانعالی متعالی مدظلہم العالی حکم ... مندرجہ دفعہ (۱) گشتی ہذا صادر فرمایا ہے اس کی تعمیل اور پابندی بھی تمام عدالتوں پر لازم ہے لہذا اطلاع ... عدالت العالیہ سے احکام مصرحہ بالا بذریعہ گشتی ہذا شائع کئے جاتے ہیں۔

حکم سرکار | (۳) سرکار عالی کی پولیس کو جب کسی ملزم یا جرائم پیشہ کی گرفتاری یا مال مسروقہ و مشتبہ کے برآمد کرنے کی ضرورت ہو تو اس کو علاقہ جات و جاگیرات سے متعلق ... تک ... علاقہ جات ... گرفتاری و برآمد کرنے کے لئے پوری پوری آزادی حاصل ہے کسی کی طرف سے کارروائی پولیس میں مزاحمت نہیں ہوسکتی بلکہ جو مزاحمت کرے اس کی نسبت ... کیا جائیگا احکام مندرجہ گشتی عدالت العالیہ مندرجہ دفعہ (۲) بدستور بحال و واجب التعمیل ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ / دیوانی ۶ مورخہ ۲۵ اردی بہشت ۱۳۱۲ف

مضمون (۲۶) اجرائی مورخہ متعلقہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۶۱ دیوانی ۵ مورخہ ۵ مارچ ۱۳۱۱ف متعلقہ امتحان طبی ملازمین سرکاری۔ | (۱) قبل ازیں بربنائے گشتی انگریزی تحریریہ ناظم صاحب محکمہ طبابت سرکار عالی نشان ... مورخہ ۵ اکتوبر ۱۹۱۱ع عدالت العالیہ سے گشتی نشان فوجداری (۶۱) دیوانی ۵

مورخہ ... آبان ۱۳۱۲ف جاری ہوئی تھی جس میں ملازمین سرکار و امیدواران ملازمت کو بغرض معاینہ طبی بصورت ضرورت ہر سہ ماہی پر تاریخ یکم جنوری و یکم اپریل و یکم جولائی و یکم اکتوبر سے منسوب کر ... مقررہ آنا ... آمیکا حکم دیا گیا تھا چونکہ گشتی انگریزی مذکورہ صدر کے ساتھ اس وقت مورخہ وصول نہیں ہوا تھا اب بطور ضمیمہ گشتی ... موصول ہوا ہے لہذا ... عدالت العالیہ سے

کی ہدایت کرنے کے واسطے ایماء فرمایا۔ لہذا حسب منشاء مراسلہ مذکور بعد منظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ
سے حسب ذیل گشتی جاری کیجاتی ہے۔
(۴)۔ ناظمان فوجداری اگر جرائم ڈکیتی کی تحقیقات کریں تو حکم سرافرازی منظوری کے لئے عدالت ہائے صوبہ
کی عدالت میں روانہ کیا کریں۔
(۵)۔ البتہ مقدمات مذکور بصورت سند و توقیع ہلاک یا تحویل قید یا دوام الحبس بسیر دریائے شور بعدالت العالیہ آیا ہوتا ہے
(۶)۔ ناظمان عدالت ہائے صوبہ کو چاہئے کہ جو مقدمات بغرض منظوری سزا اُن کے پاس بھیجے جائیں ان میں
بہ توجہ خاص جس قدر جلد ممکن ہو کو تاحیر صادر کیا کریں ہرگز غیر ضروری و ناجائز تعویق نہ ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۲) مورخہ ۳ بہمن ۱۳۱۲ف

مضمون۔ ۱۳۲۳ رزولیوشن محکمہ سرکار صیغہ کوتوالی نشان ۳/ک بابتہ ۱۲۹۹ف کا اقوام وڈیواروں سے متعلق کیا جانا۔

(۱) کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے۔
(۱) رزولیوشن محکمہ سرکار صیغہ کوتوالی نشان ۳/ک مورخہ ۱۹ خورداد ۱۲۹۹ف مندرجہ جریدہ اعلامیہ
مطبوعہ ۲۹ امرداد ۱۲۹۹ف۔
(۲) رزولیوشن محکمہ سرکار صیغہ کوتوالی نشان ۵/ل مورخہ ۲۵ فروردی ۱۳۰۳ف۔
(۲)۔ بنابر تحریک ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی بروئے رزولیوشن محکمہ سرکار نشان ۵/ل بابتہ ۱۳۰۳ف
محولہ بالا احکام مندرجہ رزولیوشن محررہ ہوم ڈپارٹمنٹ نشان ۳/ک بابتہ ۱۲۹۹ف بہ تبدیل الفاظ مناسب
طلب وڈیواروں کیلئے بھی متعلق کئے گئے۔ چونکہ حکم مذکور مندرجہ رزولیوشن مذکرہ بصیغہ کوتوالی تھا لہذا ناظم
صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی نے اس بارہ میں گشتی جاری کردینے کی تحریک عدالت العالیہ میں پیش کی تاکہ
عدالت ہائے ماتحت اسپر عمل پیرا ہوسکیں۔
(۳)۔ حسب تجویز اجلاس انتظامی مندرجہ فقرہ (۱) حسب ذیل گشتی عدالت العالیہ سے شائع کیجاتی
ہے آئندہ حسب تعمیل کیجائے۔
(۴)۔ احکام مندرجہ رزولیوشن محکمہ سرکار صیغہ کوتوالی نشان ۳/ک بابتہ ۱۲۹۹ف بہ تبدیل الفاظ مناسب
طلب جہاں تک وڈیواروں سے متعلق ہوسکتے ہیں وڈیواروں کی نسبت بھی نافذ سمجھے جائیں اور فرقہ وڈیوانی
کی نگرانی اور اسکا انتظام اسی طور سے ہوگا جیسا کہ چارن بنجاروں کے لئے از روئے رزولیوشن مقرر ہے۔

صدر بہ ہدایتِ احکام جاری کرنے کے لئے توجہ دلائی گئی۔

(۳) حسب منشاء مراسلہ محکمہ سرکار مندرجہ بالا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل گشتی جاری کیا جاتی ہے تاکہ اس کے مطابق تعمیل کی جائے۔

(۴) جرائم خفیفہ کے لئے دفعہ (۵۶۲) ضابطہ فوجداری سرکار عظمت مدار پر عمل کرنا مناسب ہے تاکہ انسداد جرائم میں سہولت ہو۔

(۵) تخفیف جرائم کا انسداد جب اس عمل سے نہ ہو سکے تو حسب قانون تا ریانہ با ضابطہ سزا دیا جائے تاکہ دوسرے اشخاص کو عبرت ہو۔

(۶) اصطلاح اطفال نابالغ کو بھی بلا ضرورت شدید سزائے قید نہ دینی چاہئے بلکہ جب تک کہ اُن کے اعمال و اخلاق کی درستی کے لئے کوئی علٰحدہ دارالاصلاح موجود نہ ہو اس وقت تک محبس میں بھیجنے کے بجائے انہیں ان کے سپرد کر دینا زیادہ مناسب ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) مورخہ ۳ بہمن ۱۳۱۲ف

مضمون (۳۶۲) مقدمات کا جلد تصفیہ کا بالعموق وتعمیل کرنا۔	(۱) کاغذات ذیل پیش و ملاحظہ ہوئے۔

(۱) مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان ۱۶۹۳ مورخہ ۲ ربہمن ۱۳۱۱ف موسومہ ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی۔

(۲) مراسلہ محکمہ نظامت کوتوالی اضلاع سرکار عالی نشان (۳۰۲) مورخہ تیر ۱۳۱۱ف موسومہ محکمہ سررشتہ داری مجلس۔ (۳) تجویز اجلاس انتظامی مورخہ ۲۲ خورداد ۱۳۱۲ف (۴) تجویز اجلاس انتظامی مورخہ ۱۲ ماہ آذر ۱۳۱۲ف۔

(۲) بروئے تجویز اجلاس انتظامی مورخہ ۲۲ خورداد ۱۳۱۱ف متذکرہ صدر ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی نے ذریعہ مراسلہ محولہ بالا محکمہ سرکار میں یہ لکھا کہ عام طور سے نظمائے فوجداری کے مقدمات ڈکیتی کے اشتہاری یا منظوری سزا صدر عدالت یا عدالت العالیہ میں بھیجنے سے دوران مقدمہ زیادہ ہو جائے گا اور قیدیان زیر دریافت کی تعداد بھی بہت زیادہ ہو جائے گی۔

(۳) بعد ملاحظہ تجویز اجلاس انتظامی مراسلہ محکمہ ناظم صاحب کوتوالی اضلاع نواب معین المہام بہادر عدالت نے ذریعہ مراسلہ نشان (۱۶۹۳) مورخہ ۲ ربہمن ۱۳۱۱ف اس بارہ میں صدر عدالتوں کو جلد مقدمات کے تصفیہ کرنے

مندرجہ جریدہ سرکاری مورخہ ۲۵ ماہ مہر سنہ ۱۳۴۰ف حصہ اول نمبر ۲۶۳ ۔

(۴) دفعہ ۲۴۲ و ۳۴۲ گشتی نشان دیوانی (۲) سنہ ۱۲ میں لفظ "مدد معاش" مستعمل ہوئی ہے جس میں وظیفہ و انعام دونوں داخل ہیں ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۰ بہمن سنہ ۱۳۱۲ف

مضمون (۳۶۶) نمونہ صداقت نامہ حضوری پیروکار سرکار	(۱) نمونہ صداقت نامہ حضوری پیروکار سرکار کا کوئی نمونہ اس وقت تک نہیں ہے لہذا نمونہ مسطورہ اطلاعاً

عدالت العالیہ سے نمونہ منسلکہ ذریعہ گشتی ہذا ارسال کیا جاتا ہے ۔

نمونہ نمبر (۱۸) صداقت نامہ حضوری پیروکار منجانب سرکار

(ملحوظہ گشتی عدالت العالیہ نمبر (۱) فوجداری مورخہ ۱۰ بہمن سنہ ۱۳۱۲ف)

تصدیق کی جاتی ہے کہ مسمی ولد پولیس عہدہ سنہ ۱۳۱ ف بجلسہ تاریخ سنہ ۱۳ ف حاضر اجلاس ہو کر مقدمہ کی پیروی کی اب چونکہ مقدمہ لہذا امر مذکور کو واپسی کی اجازت دی گئی ۔ مورخہ سنہ ۱۳ ف

دستخط صدر دستخط سررشتہ دار دستخط حاکم

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۷) مورخہ ۲ بہمن سنہ ۱۳۱۲ف

مضمون (۳۶۷) بصورت رہائی ملزم ضمانت لینا جائز نہیں ہے	(۱) الف فوجداری ضلع پربھنی نے ایک

مقدمہ میں جو اس کی رائے سے ختم ہوا تھا ملزم کی نسبت حکم رہائی صادر کی اور ساتھ ہی ضمانت حاضری لینے کا حکم اس خیال سے دیا کہ بصورت نگرانی ملزم حاضر ہو سکے صدر عدالت صوبہ اورنگ آباد نے مثل ماتحت بصیغہ نگرانی بغرض تصحیح کارروائی عدالت العالیہ میں بھیجی ۔ چونکہ کارروائی عدالت ضلع خلاف ضابطہ تھی لہذا عدالت العالیہ سے بغرض آگاہی و اطلاع جملہ حکام حسب ذیل گشتی نافذ کیا جاتا ہے ۔

(۲) ملزم کی رہائی یا برأت کی صورت میں مقدمہ حاکم مذکور کی رائے سے ختم ہو جاتا ہے تو اس سے ضمانت حاضری لینا بغرض تعمیل احکام صیغہ نگرانی جائز نہیں ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی ۱۳ فوجداری / ۸ دیوانی مورخہ ۲۴ بہمن ۱۳۱۲ف

مضمون (۴۲۶) درباره رپورٹ ہائے ششماہی | (۱) رپورٹ ہائے ششماہی سالانہ عدالت ہائے ماتحت جو عدالت العالیہ میں وصول ہوئی ہیں ان کے ملاحظہ سے اور نیز بعض دورہ حکام عدالت العالیہ کو یہ معلوم ہوا ہے کہ اکثر عدالتوں میں نقل نویسوں کی تعداد بلحاظ کارروائی بہت زیادہ ہے اور گشتی صدر المہام عدالت نشان فوجداری (۲۲) دیوانی (۲۰) مورخہ ۲۷ شوال ۱۲۹۳ھ کے فقرہ (۹) کی پوری تعمیل نہیں ہوتی ہے۔ لہذا حسب منشائے گشتی مذکور اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل گشتی جاری کی جاتی ہے تاکہ حکام آئندہ حسبہٗ عمل پیرا ہوں۔

(۲) کسی عدالت میں نقل نویسوں کی تعداد ضرورت سے زیادہ نہ ہو بلکہ نقل نویسوں کی تعداد اس لحاظ سے مقرر کی جاوے کہ ہر نقل نویس کو اجرت پندرہ روپیہ ماہوار سے کم حاصل نہ ہو اور اگر معلوم ہو کہ اس قدر اجرت حاصل نہ ہوگی تو تعداد نقل نویسان موجودہ میں بتدریج کمی کر دی جائے۔ فی الحال جو نقل نویسوں کی تعداد زیادہ ہو اور اجرت ماہانہ بہت کم ہے ان کو قطعاً موقوف کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۴ فوجداری / ۱۰ دیوانی مورخہ ۱۰ بہمن ۱۳۱۲ف

مضمون (۴۳۶) اصطلاح منشی مال یا انعام اجلاس | (۱) کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے۔

(۱) مراسلہ دفتر صدر محاسبی بنام صاحب سرکار عالی نشان (۱۹۹۲) مورخہ ۱۸ فروردی ۱۳۱۰ف

(۲) مراسلہ اول تعلقدار صاحب ضلع اورنگ آباد نشان (۱۳۸) مورخہ ۲۹ بہمن ۱۳۱۱ف۔

(۳) تجویز اجلاس انتظامی مورخہ ۲۷ بہمن ۱۳۱۱ف۔

(۲) اول تعلقدار صاحب ضلع اورنگ آباد نے ایک کارروائی میں دفتر صدر محاسبی سے استفسار کیا کہ کیا انعام پر تعمیل ڈگری ہو سکتی ہے یا نہیں؟ دفتر صدر محاسبی نے اس مسئلہ کو بذریعہ مراسلہ محولہ صدر بغرض تصفیہ عدالت العالیہ میں پیش کیا۔ چونکہ انعام کے متعلق گشتی نشان (۱) دیوانی ۱۲۹۵ف میں صراحت نہیں ہے لہذا ... سے بعد منظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل گشتی منشائے بحوالہ صدر فقرہ (۱) جاری کی جاتی ہے تاکہ آئندہ اس کے مطابق عمل ہو۔

(۳) اصطلاحات "منشی" یا "وظیفہ" انعام پر بھی حاوی ہیں۔ دیکھو سول پنشن رولس، حصہ ۲

(۴) حکم سرکار ... بحوالہ مراسلہ محکمہ سرکار ... (۶۶۴) مورخہ ۱۴ اردی بہشت ۱۳۱۱ ف

(۲) چونکہ گشتیات مذکورہ صدر میں ... اجرت عرائض نہیں کیا گیا تھا لہٰذا ... معتمد ... محصر کر دیا گیا تھا کہ وہ حسب صوابدید خود اجرت عرائض مقرر کریں اور سرکار ... بحوالہ صدر عدالت العالیہ ہی سے اجرت عرائض مقرر کئے جانے کے لئے ارشاد فرمایا ... سے بعد منظوری اجلاس ... حسب ذیل ... اجرت عرائض مقرر کی جاتی ہے آئندہ ... مندرجہ تحت اجرت عرائض لیا جایا کرے۔

تختہ اجرت عرائض منسلکہ گشتی عدالت العالیہ ذیشان فوجداری ۱۹ / دیوانی ۱۴۳ مورخہ ۸ اسفندار ۱۳۱۲ ف

(۱) عرضی دعوے یا درخواست مرافعہ دیوانی بلحاظ تعداد مالیت ۔	۵۰	۴
	۵۰ سے زائد تا ۔	۸
	... سے زائد ... تک	۱۲
	... سے زائد ... تک	...
	... سے زائد الف تک	...
	الف سے زائد ... تک	...
	... سے زائد	...

(۲) درخواست اجرائے ڈگری ... تک ۴ ۔ درخواست اجرائے ڈگری ایدا ... ۸

(۳) استغاثہ یا مرافعہ یا نگرانی ۸ (۴) فہرست طلبی ... ۴

(۵) بیان تحریری یا دیگر بیانات ۸ (۶) دیگر قسم درخواست و وکالت نامہ ... یا ضمانت نامہ یا محکمہ ۔ ۴

(۷) رسایہ بلا تعین رقم ۔ ۱

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۱) مورخہ ۲۹ اسفندار ۱۳۱۲ ف

مضمون (۳۷) مقدمات فوجداری متعلقہ سر رشتہ ... میں گواہوں کو عدالت ... دینا چاہئے اور بیرونکار سر رشتہ مذکور کے ... سے کارروائی ہونی چاہئے ۔	تبدیل (۱) ناظم صاحب ... علاقہ سرکار عالی کو

(۳) اگر ملزمین خانہ بدوش ہوں تو حسب دفعات (۱۰۹ و ۱۱۰) ضابطہ فوجداری مقدمات چالان کرنے کے بجائے اس کو حکم دینا کافی ہے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۸ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۸ اسفندار سنہ ۱۳۱۲ف

تعمیل مراسلات مطلوبہ عدالت کا جاگیرداروں پر لازم ہے ۔

(۱) بعض اوقات جاگیرات سے کاغذات یا اشتہار مطلوبہ عدالت کے بھیجنے میں مختلف عذرات پیش ہوئے تھے جس سے کار سرکاری میں ہرج واقع ہوتا تھا چنانچہ اب اس بارہ میں بیشگاہ اعدمن اعلیٰ سے جو فرمان واجب الاذعان مرقومہ ۲۳ شعبان سنہ ۱۳۲۱ھ شرف نفاذ پایا ہے اُس سے سرکارِ دولتمدار نے بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۷۴۱) مورخہ ۲۹ دے سنہ ۱۳۱۲ف عدالت العالیہ کو اطلاع فرمائی ہے لہذا اصلاح انتظامی عدالت العالیہ ہے حسب منشاء مراسلہ مذکور گشتی ہذا جاری کی جاتی ہے جسکی تعمیل کیجائیگی ۔

متعلق ماکا عہدہ داران مطلوبہ کا بھیجنا ۔

(۲) جب کسی جاگیر سے کوئی متنازعہ کاغذ یا کوئی عہدہ دار عدالت طلب کرے تو اس کو بھیجنا جاگیردار اور اُس کے عمال مقامی پر لازم ہے ۔

عام نگرانی سرکار عالی نسبت جاگیرات ۔

(۳) کوئی جاگیردار کو اس کے کیسے ہی اختیارات کیوں نہ عطا کئے گئے ہوں سرکار عالی کی عام نگرانی سے جو عہدہ داران سرکار عالی کے ذریعہ سے ہوتی ہے کسی حالت میں ہرگز مستثنیٰ نہیں ہے ۔

نوٹ ۔

حسب رزولیوشن محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۲۱/۱۱) بابت سنہ ۱۳۱۱ف مندرجہ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲ دے سنہ ۱۳۱۲ف دفعہ اول تعریف جاگیر میں علاقہ جات پائیگاہ بھی داخل ہیں ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۹ / دیوانی ۱۳ مورخہ ۱۵ اسفندار سنہ ۱۳۱۲ف

منسوخ (۳۶۹) لغایت تعمیل مراسلات عدالت العالیہ سرکار عالی

(۱) کاغذات ذیل منسوخ ہوئے ۔

(۱) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۲) دیوانی ۱۳۱ مورخہ ۱۱ اسفندار سنہ ۱۳۰۵ف ۔

(۲) مراسلہ عدالت العالیہ نشان انتظامی ۵۳۶۹/۷۲۵۵ مورخہ ۲۷ امرداد سنہ ۱۳۰۶ف ۔

(۳) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۳۹ دیوانی ۲۷ مورخہ ۲۵ مہر سنہ ۱۳۰۹ف

جو خطاء اس میں یقینی ہو کر منظور ہوجاتا ہے لیکن بعض اوقات نوبت نفاذ قصاص و رثائے مقتول استحقاق سابقہ سے رجوع کرکے آمادہ عفو قصاص ہوجاتے ہیں اس بارہ میں بعد ملاحظہ رائے اجلاس ملاحظہ عدالت العالیہ مورخہ ۲۸ فروردی ۱۳۱۱ف جو فرمان واجب الاذعان شرف نفاذ پاتا ہے اس سے محکمہ سرکار سے ذریعہ مراسلہ نشان (۵۰۲) مورخہ ۱۷ بہمن ۱۳۱۲ف عدالت العالیہ کو ایما فرمایا ہے لہذا عدالت العالیہ سے حسب منشائے مراسلہ مذکور حسب ذیل گشتی جاری کیجاتی ہے۔

(۲) مقدمات قصاص میں کسی معمولی سوسائے قصاص کی نسبت پیشگاہ اقدس و اعلیٰ سے جو منظوری صادر ہوگی اس کے عام طور سے یہ معنی سمجھے جائیں کہ اگر اسوقت تک ورثائے مقتول عفو نہ کریں تو حکم قصاص نافذ ہوگا اگر ایسے معمولی مقدمات میں ورثائے مقتول قصاص عفو کریں تو مجرم قتل عمد کو حبس دوام تک سزا دی جائے گی اور اسکی منظوری کبھی پیشگاہ اقدس اعلیٰ سے لی جاسکتی ہے۔

(۳) اس عام حکم سے وہ خاص یا غیر معمولی ساذ مقدمات بالکل مستثنیٰ سمجھے جائیں گے جن میں بغرض رفع فتنہ و فساد اور سیاست ملک مجرم کا قتل لازم آتا ہے اور قصاص کی بحث باقی نہیں رہتی اور ورثائے مقتول کی عفو غیر موثر ہوجاتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۲۵}}{\text{دیوانی ۱۵}}$ مورخہ ۱۱ فروردی ۱۳۱۲ف

مضمون (۳و۴) مواضع انعامی ملی و ملکارم و مکانات تحصیل و سوم تعلقداری باغات ضلع بیدرک سے متعلق ہیں۔	(۱) کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے۔ (۱) گشتی عدالت العالیہ نشان $\frac{\text{فوجداری ۴۹}}{\text{دیوانی ۳۲}}$ مورخہ ۲۹ آبان ۱۳۱۱ف۔

(۲) حکم سرکار صادرہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۴۲۹) مورخہ ۲۲ اسفندار ۱۳۱۱ف

(۳) مراسلہ عدالت فوجداری ضلع بیدرک نشان (۱۳۶) مورخہ ۱۳ اردی بہشت ۱۳۱۲ف

قبل ازیں عدالت العالیہ سے جو گشتی محولہ بالا جاری ہوئی تھی اس میں مواضع انعامی ملی و ملکارم کے متعلق صراحت نہیں ہوئی تھی بعد اجرائی گشتی سرکار نے ذریعہ مراسلہ صادرہ صدر مواضع مذکور اور نیز مکانات تحصیل و سوم تعلقداری باغات کے متعلق جو حکم صادر فرمایا ہے وہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بذریعہ گشتی ہذا شایع کیا جاتا ہے۔

(۲) چونکہ مواضع انعامی ملی و ملکارم تعلقہ باغات ضلع بیدرک سے متعلق ہیں لہذا انکی کل کارروائی

یہ شکایت تھی کہ مقدمات فوجداری متعلقہ سررشتہ جوڈیشیل میں گواہان مطلوبہ کو عدالت سے خفیہ نہیں دیا جاتا اور نیز مقدمات مذکورہ میں بذریعہ پیروکار سررشتہ جوڈیشیل کارروائی نہ کرکے کوتوالی کے ذریعہ سے کارروائی کیجاتی ہے جس سے بربادی مقدمات اور نقصان سرکار ہوتا ہے۔

چونکہ ناظم صاحب موصوف کی شکایت درست ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل گشتی نافذ کیجاتی ہے تاکہ جملہ حکام حسبہ عمل کریں۔

گواہوں کو خفیہ سرکار سے دیا جاوے۔ | (۲) مقدمات فوجداری متعلق صیغہ فوجداری دستور العمل جوڈیشیل میں جب گواہوں کی طلبی کی ضرورت واقع ہو تو گواہان مطلوبہ کو خفیہ عدالت سے دیا جایا کرے۔

تقرر پیروکار منجانب سرکار۔ | (۳) مقدمات فوجداری جو سررشتہ جوڈیشیل سے عدالت میں تفویض ہوں ان میں منجانب سرکار پیروی کے لئے سررشتہ جنگلات سے پیروکار طلب کیا جایا کرے۔ کوتوالی کے ذریعہ سے کارروائی ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۲ دیوانی ۱۴ مورخہ ۲۹ اسفندار ۱۳۱۲ف

مضمون (۱) (۲) نقول کا صاف و صحیح دیا جایا کریں | عمل (۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ عدالتہائے ماتحت سے جو نقلیں فیصلہ جات یا دوسرے کاغذات کی اہل مقدمات کو دیے جاتے ہیں اکثر بدخط لکھے جاتے ہیں اور بوجہ بدخطی کے غلطیاں بھی نقول میں ہوا کرتی ہیں جو اس بات کی دلیل ہے کہ کافی احتیاط کے ساتھ نقول نہیں دیجاتی ہیں یہی شکایت محکمہ سرکار کو بھی ہے۔ لہذا حسب منشاء مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نمبر (۵۱۹) مورخہ اردیبہشت ۱۳۱۲ف اجلاس انتظامی سے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

نقول کا صاف لکھا جانا | (۲) آیندہ سے نقول کامل صحت اور احتیاط کے ساتھ صاف خط میں دیے جایا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۳) مورخہ ۲۹ اسفندار ۱۳۱۲ف

مضمون (۱) (۲) مقدمہ قصاص میں اگر ورثائے مقتول آخر وقت تک مطالبہ قصاص نہ کریں تو قصاص نہ دیا جائیگا۔ | (۱) چونکہ مقدمات قصاص میں اکثر ورثائے مقتول اولاً خواہان قصاص ہوتے ہیں اور عدالت العالیہ سے ہوتے قصاص اعلیحضرت بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی کے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۹) مورخہ ۷ خورداد ۱۳۱۲ ف

مضمون (۳۷۶) انتظامی فوجداری کام خود ناظم کو کرنا چاہئے

انتظامی فوجداری کام کے متعلق کوئی صراحت نہ تھی اور بعض اوقات یہ کام جوائنٹ مجسٹریٹوں کے سپرد کیا جاتا تھا لہذا بمنظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ حکم دیا جاتا ہے کہ انتظامی فوجداری کا کام حاکم ضلع کے لئے مخصوص ہے وہ جوائنٹ مجسٹریٹ کی طرف منتقل نہیں ہو سکتا ناظم ضلع کو خود انجام دینا چاہئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۰) مورخہ ۷ خورداد ۱۳۱۲ ف

مضمون (۳۰۰) منظوری صادر شدگی تقرر پاسبان روسا

حسب منشائے گشتی محکمہ صیانت نشان ۳ مورخہ ۷ تیر ۱۳۰۹ ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ جن اضلاع میں وکلائے عدالت نہیں ہیں وہاں ناظمان فوجداری ضلع کو عشرہ روپیہ ماہ کی آمدنی علاقہ صادر شدہ تقرر کے منظور کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

عدالتہائے کوتوالی و عدالت ضلع مبدک سے متعلق کیجاتی ہے اور جن مکانات میں تحصیل و سوم تعلقداری بانتظام [illegible] ہیں وہ مکانات بھی لحاظ کارروائی عدالتی داخل حدود ضلع مبدک تصور کئے جائیں

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۶) مورخہ ۲ فروردی ۱۳۱۲ف

(۱) چونکہ یہ امر معلوم ہوا ہے کہ ناظران ماتحت عدالت ضلع عدالت ضلع سے اور ناظر ماتحت ناظم اول فوجداری	خلاصہ (۱) ناظران [illegible] عدالت ماتحت [illegible] ناظم فوجداری ضلع سے اجازت حاصل کرنا چاہئے

بلدہ ناظم اول سے وعدہ معافی سرکار کرنے کی اجازت حاصل کریں لہذا منظوری مدار المہام سرکار عالی حسب ذیل گشتی جاری کیجاتی ہے۔

(۱) آئندہ سے ان ناظران کو جو درجہ اول کے اختیارات حاصل نہ ہوں ان کو ضرور ہے کہ وہ بصورت ضرورت وعدہ معافی سرکار اضلاع میں ناظم فوجداری ضلع سے اور بلدہ میں ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ سے اجازت حاصل کریں حسب ریزولیوشن گشتی نمبر ۳ بابت ۱۳۱۲ف سررشتہ ابتدائی فوجداری عدالت العالیہ عدالت ناظمان [illegible] سے اجازت حاصل کرنے کی ضرورت نہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۸) مورخہ ۲ فروردی ۱۳۱۲ف
دیوانی ۱۹

(۱) قبل ازیں ذریعہ گشتی عدالت العالیہ عالیہ فوجداری (۱۱) دیوانی (۸) مورخہ ۱۲ امرداد ۱۳۰۳ف اہلی محرران عدالت ہائے	مضمون (۲۵) عطائے اختیارات منتظمی بعملہ عدالتی دوم تعلقداران۔

پائیں باید ارجمند [illegible] کو اختیارات منتظمی دئے گئے تھے اور اب سرکار نے ذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت عالیشان (۲۰۵) مورخہ ۲۴ اردی بہشت ۱۳۱۲ف بر بنا تحریک عدالت العالیہ عملہ عدالتی دوم تعلقداران کو جن کا مشاہرہ [illegible] ہے اختیارات منتظمی عطا فرمائے ہیں۔ لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بہ ترمیم گشتی مذکور حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) عملہ عدالتی دوم تعلقداران جن کا مشاہرہ [illegible] سے کم نہ ہو بحیثیت منتظم عدالت خود کا اہتمام دیکھنے کے مجاز ہیں۔

کئے جایا کریں گے۔

موقوفی اجرائی گشتیات | (۲) جن جاگیرداروں کے پاس اب تک گشتیات بلا قیمت جاری ہو رہی ہیں آئندہ سے اُن کا اجرا بلا وصول قیمت موقوف کیا جاتا ہے۔

قیمت انفرادی گشتی | (۳) کوئی صاحب اگر کسی خاص گشتی کو خریدنا چاہیں تو حسب تفصیل قیمت مانی مع ... بشرط موجودگی اُس گشتی کو سررشتہ نظامت عدالت العالیہ سے خرید کرسکیں گے۔

اخراجات ٹپہ | (۴) جاگیرداران غیر مصدر کے علاوہ جو صاحب ان گشتیات کو سالانہ خریدنا چاہیں اُن کو اخراجات ٹپہ کے متعلق دو روپیہ زاید داخل کرنے ہوں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۶ / دیوانی ۲۰ مورخہ ۴ شہریور ۱۳۱۲ف

مضمون (۱) اختیارات جاگیرداران حیثیت مقامی ہوا کرتے ہیں | حسب ایماء واجب الاذعان اعلیٰحضرت بندگانعالی متعالی ظلہم العالی مندرجہ نقل مراسلہ محکمہ سرکار علاقہ عدالت نمبر (۱۱۶۹) مورخہ ۱۸ بہمن ۱۳۱۲ف حسب ذیل گشتی منظوری اجلاس انتظامی بغرض آگہی جملہ نظمائے عدالت نافذ کیجاتی ہے۔

کوتوالی اور عدالتی اختیارات جس شخص کو دیئے جاتے ہیں یہ کسی خاص جاگیر یا مقطعہ کی نسبت دیئے جاتے ہیں وہ شخص عام طور جہاں چاہے ان عدالتی اختیارات کو عمل میں نہیں لاسکتا ہے لہذا استحقاق شخصی نہیں بلکہ مقامی ہے اور اس وجہ سے اگر کوئی جاگیردار سوائے جاگیر مذکور کے کوئی اور اراضی یا مقطعہ خرید کرے یا کسی اور وجہ سے اُس پر قابض ہو تو وہ اُس اراضی یا مقطعہ میں اختیارات عطیہ کے استعمال کا مجاز نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۷ / دیوانی ۲۱ مورخہ ۱۱ شہریور ۱۳۱۲ف

مضمون (۳۲) اشاعت دستور العمل کتب خانہ جات عدالتہائے ممالک محروسہ سرکار عالی | دستور العمل کتب خانہ جات عدالتہائے ممالک محروسہ سرکار عالی جس کی منظوری بیشگاہ سرکار سے ذریعہ مراسلہ نشان ۱۳۳۳ مورخہ ۱۲ خورداد ۱۳۱۲ف ہوئی ہے یہی اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے گشتی ہذا کے ساتھ شائع کیا جاتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۳ / دیوانی ۱۷ مورخہ ۴ شہریور ۱۳۱۲ف

مضمون (۴۷۸) داخلہ چٹھی وغیرہ کے نمونہ جات بطور خانگی چھپوانے کی ممانعت۔ | (۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بعض وکلاء نمونہ جات داخلہ چٹھی درخواست طلبی شہود وغیرہ خلاف احکام نادرہ بطور خانگی چھپوا کر استعمال کرتے ہیں چونکہ یہ طریقہ قابل انسداد ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۲) نمونہ جات مذکورہ موجودہ عدالت ہا رست سے خرید سے جایا کریں خانگی طور پر وکلاء کا چھپوانا جائز نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۴ / دیوانی ۱۸ مورخہ ۴ شہریور ۱۳۱۲ف

مضمون (۴۷۶) تنقیح ٹکٹ ہائے عدالت۔ | بہ لحاظ احکام مندرجہ گشتی محکمہ سرکار علاقہ عدالت و کوتوالی و امور عامہ صیغہ کلیات نمبر (۸۱۸) مورخہ ۲ شہریور ۱۳۰۹ف منظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے جب ٹکٹ جو عدالت میں داخل ہوں یا بابت خوراک وغیرہ وطلبانہ عدالت سے استعمال ہوں تو لازم ہے عدالت بالذات یا بذریعہ سررشتہ داران یا منتظمان یا اعلیٰ اہلکاران عدالت کے ان ٹکٹ ہائے کی نسبت اسوقت اطمینان کرلیا کریں کہ وہ ٹکٹ بادی النظر میں مستعمل یا شوریدہ تو نہیں ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۵ / دیوانی ۱۹ مورخہ ۴ شہریور ۱۳۱۲ف

مضمون (۴۸۰) تعین قیمت سالانہ گشتیات۔ | بروئے گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۱۶ / دیوانی ۱۵ مورخہ ۲۲ اردی بہشت ۱۳۱۲ف مجریہ محکمہ ہذا کے بقیمت فروخت کرنے کا حکم اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے ہوا تھا لیکن تعین قیمت سالانہ نہ ہونے کی وجہ سے بعض جاگیردار صاحبوں کے پاس گشتیات بلا قیمت ارسال ہوتی تھیں لہذا اب منظوری اجلاس انتظامی حسب ذیل احکام جاری کئے جاتے ہیں۔

قیمت سالانہ | (۱) گشتیات عدالت العالیہ کی سالانہ قیمت پیشگی یا تحریر یہ سکہ حالی قرار دیجاتی ہے جو جاگیردار یا دیگر اشخاص گشتیات مذکورہ خریدنا چاہیں وہ پیشگی قیمت مشمولہ عدالت العالیہ سررشتہ انتظامی کے پاس داخل یا روانہ کرکے حسب ضابطہ رسید حاصل کریں۔ قیمت داخل ہوجانے پر گشتیات بروقت ان کے پاس عدالت العالیہ سے روانہ

تبدیل مدارج دفعہ (۴) جن ارکان نے سال رواں میں درجہ دوم کا چندہ دیا ہو اور درجہ اول میں شریک ہونا چاہیں وہ اس شرط پر درجہ اول میں شریک ہو سکتے ہیں کہ جس قدر رقم بابتہ سال رواں اُنھوں نے ادا کی ہو وہ چندہ درجہ اول میں مُجرا ہونے کے بعد باقی رقم ایک ہفتہ کے اندر ادا کریں۔

ارکان کتب خانہ بحیثیت ملازمت سرکاری۔ دفعہ (۵) جملہ حکام عدالت بطور ارکان درجہ اول اور سررشتہ دار و محافظ دفتر اور ناظر بطور ارکان درجہ دوم بہ حیثیت ملازمت سرکاری بلا ادائی رسوم داخلہ و چندہ کتب خانہ کے ارکان متصور ہوں گے۔

توضیح۔ حکام عدالت میں آنریری ججان و مجسٹریان و سررشتہ داران عدالت میں نائب سررشتہ داران بھی داخل ہیں۔

غیر ملازم ارکان دفعہ (۶) ان عہدہ داروں اور ملازمین کے سوائے جن کا ذکر دفعہ میں کیا گیا ہے اگر دوسرے ملازمین سرکاری یا وہ اشخاص جو ملازمین سرکاری نہ ہوں کتب خانہ کے رکن ہونا چاہیں تو مانند شرائط مندرجہ دفعہ (۳) رکن ہو سکیں گے۔

صدر نشین کتب خانہ۔ دفعہ (۷) کتب خانہ مجلس عالیہ عدالت میں سر مجلس عالیہ عدالت یا وہ رکن مجلس عالیہ عدالت جن کو سر مجلس نامزد کریں صدر نشین ہوں گے اور دیگر کتب خانہ جات عدالت ہائے سرکار عالی میں ناظم عدالت صوبہ یا ناظم عدالت فوجداری ضلع یا ناظم عدالت دیوانی ضلع یا صدر منصف اپنی عدالت کے کتب خانہ کے صدر نشین ہوں گے یا وہ عہدہ دار سرکاری جن کو اعلیٰ عہدہ دار مقامی نامزد کرے۔

نگرانی و تقرر معتمد و مددگار معتمد کتب خانہ۔ دفعہ (۸) صدر نشین کتب خانہ کو اختیار ہوگا کہ جس رکن کتب خانہ کو مناسب سمجھیں ایک سال کے لئے معتمد کتب خانہ مقرر کریں اور اگر ضرورت ہو تو کسی رکن کتب خانہ کو ایک سال کے لئے مددگار معتمد کتب خانہ مقرر کریں۔ یہ مدت ہر سال فصلی کے آخر پر ختم ہوگی۔ اور سال آیندہ کے لئے صدر نشین جدید انتخاب کریں گے۔ جائز ہوگا کہ سال گزشتہ کے معتمد او مددگار معتمد کو صدر نشین حسب صوابدید پھر منتخب کریں۔

عہدہ داران و اہلکاران کتب خانہ دفعہ (۹) اہلکاران کتب خانہ کا تقرر و برطرفی اور ان کا تنزل ہمیشہ حسب رائے صدر نشین کتب خانہ عمل میں آئیگا۔ ملازمین کتب خانہ کی معزولی یا تعطل بہ منظوری صدر نشین کتب خانہ عمل میں آئیگا۔

ملا۔ نوٹ توضیح تحت دفعہ (۵) حسب گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری ۱۳ و دیوانی ۷ - ۳ خورداد ۱۳۱۶ف اضافہ کیگئی۔

دستور العمل کتب خانہ جات

عدالت ہائے ممالک محروسہ سرکار عالی

(مسلکہ گشتی نمبر جماری ۲۷ / دیوانی ۲۱ مورخہ ۱۱ شہریور ۱۳۱۲ ف)

| تمہید | چونکہ عدالت ہائے سرکار عالی میں جنکا درجہ عدالت تعلقہ سے کم نہ ہو کتب خانہ کا قائم اور ان کتب خانوں کے لئے ایک دستور العمل کا مرتب اور نافذ کرنا مناسب اور قرین مصلحت ہے لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔ |

| مختصر نام | دفعہ (۱)۔ ان قواعد کا نام دستور العمل کتب خانہ جات عدالت ہائے ممالک محروسہ سرکار عالی مصدرہ ۱۳۱۲ف ہوگا یہ دستور العمل یکم اسفندار ۱۳۱۳ف سے نافذ ہوگا۔ |

| تنسیخ قواعد | دفعہ (۲)۔ تاریخ مذکور کو اور اس تاریخ سے تمام قواعد متعلقہ کتب خانہ محررہ سابقہ جو دستور العمل ہذا کے خلاف ہوں منسوخ ہو جائیں گے۔ |

| مدارج ارکان کتب خانہ | دفعہ ۳۔ کتب خانہ کے ارکان کے دو درجہ ہوں گے اول اور دوم جنکو بشرح ذیل رسوم داخلہ اور چندہ داخل کرنا لازم ہوگا۔ |

درجات ارکان	رسوم داخلہ		چندہ					
	[illegible]	[illegible]	ماہانہ		ششماہی		سالانہ	
			کتب خانہ مجلس عالیہ عدالت	کتب خانہ عدالتہائے ماتحت	کتب خانہ مجلس عالیہ عدالت	کتب خانہ عدالتہائے ماتحت	کتب خانہ مجلس عالیہ عدالت	کتب خانہ عدالتہائے ماتحت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
اول	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
دوم	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

سنہ بروئے حکم سرکار مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۱۸۴) مورخہ ۵ اردی بہشت ۱۳۱۳ف یہ تاریخ درج کی گئی۔

(۳) - با عذر حاضری جو کسی حسب ضرورت سے ہو معاف کریں بشرطیکہ تین روز سے زیادہ نہ ہو۔

(۴) - جرمانہ جس کی تعداد اور یومیہ تنخواہ سے زیادہ نہ ہو عائد کرے۔ ہر کارروائی کی اطلاع تحریری معتمد کو دینا لازم ہوگا

حافظ کتب اور اس کے مددگار کے فرائض منصبی دفعہ (۱۷) محافظ کتب اور اس کے مددگار کو لازم ہوگا کہ

(۱) ہر وقت کتب موجودہ کتب خانہ پر کامل نگرانی رکھے۔

(۲) وقتاً فوقتاً موجودات کا مقابلہ رجسٹر کتب سے کرے۔

(۳) آمد و خرچ کا روزانہ حساب مرتب کرے اور رقوم وصولہ سرکار میں جمع کرا کے رسید پر ناظر یا مددگار ناظر اور خزانچی کی دستخط لے۔

(۴) تمام چیزیں جو کتب خانہ میں موجود ہوں بہت پاک و صاف رکھے

(۵) - ارکان کتب خانہ کو جو کتابیں عاریۃً دی جائیں ان کی رسید لے اور رجسٹر میں ان کا اندراج کرے۔

(۶) اپنے متعلقہ کاموں کو باتباع احکام عہدہ داران بالادست انجام دے۔

حاضری اہلکاران کتب خانہ دفعہ (۱۸) - اہلکاران کتب خانہ پر لازم ہوگا کہ ہر روز باستثنائے تعطیلات عدالت بہ اوقات معینہ کتب خانہ میں حاضر رہیں۔

ترمیم و تغیر و تبدیل دستور العمل ہٰذا دفعہ (۱۹) کتب خانہ کے ہر رکن کو اختیار ہوگا کہ اس دستور العمل میں کوئی ترمیم یا تغیر مناسب معلوم ہو تو اس کی تحریری اطلاع معتمد کتب خانہ مجلس عالیہ عدالت کو دے۔

نوعیت کتب موجودہ دفعہ (۲۰) کتب خانہ میں علاوہ قوانین و ضوابط و فقہ اسلام و شاستر ہنود کے کتابیں جو زبان عربی و فارسی و اردو و انگریزی ہونگے لغت اور حالات ملک کے متعلق کتب رکھی جائینگی۔

رجسٹرات کتب خانہ دفعہ (۲۱) کتب خانہ کے متعلق رجسٹرات حسب ذیل جات مشتملہ رکھے جائینگے۔

(۱) - رجسٹر جملہ کتب موجودہ جس میں ان کتب کا جو وقتاً فوقتاً وصول ہوں اندراج کیا جائے گا۔

(۲) رجسٹر کتب عربی فارسی و اردو بہ لحاظ علم ردیف وار

(۳) رجسٹر کتب انگریزی بہ لحاظ علم ردیف وار۔

عاریتاً کتب با اجازت نہ دی جائیں۔ دفعہ (۱۰) صدر نشین کتب خانہ کو اختیار ہوگا کہ ارکان کتب خانہ کے علاوہ کسی عہدہ دار سرکار [illegible] سرکاری کتب خانہ سے کوئی کتاب کسی [illegible] کے لئے عاریتاً دیں۔

اختیارات صدر نشین نسبت رسم و دستور العمل۔ دفعہ (۱۱) صدر نشین کو ہر وقت یہ اختیار ہوگا کہ اگر کوئی رسم یا دستور العمل بذاتہ کسی رکن کی تحریک کی بنا پر یا خود انکی رائے میں مناسب معلوم ہو اس [illegible] اجلاس انتظامی مجلس عالیہ عدالت سرکار کی منظوری کے لئے پیش کریں۔

فرائض معتمد کتب خانہ مجلس عالیہ عدالت نسبت ترمیم و اجراء دستور العمل دفعہ (۱۲) جو تحریک رسم یا دستور العمل کی نسبت کسی رکن کی طرف سے پیش ہو معتمد کتب خانہ مجلس عالیہ عدالت [illegible] تحریک کو اپنی رائے کے ساتھ صدر نشین کتب خانہ مجلس عالیہ عدالت کے ملاحظہ میں پیش کریں گے۔

مہتمم رپورٹ سالانہ دفعہ (۱۳) ہر سال [illegible] میں معتمد کو لازم ہوگا کہ موجودات کتب خانہ عدالت [illegible] اطلاع [illegible] [illegible] کتب خانہ اور مددگار معتمد کتب خانہ کی جانب سے [illegible] استطلاع [illegible] موجودات اور [illegible] کا تختہ صدر نشین کتب خانہ کے اجلاس [illegible] [illegible] پیش کیا جائے۔

اختیار معتمد کتب خانہ سے کتب دینے کے متعلق دفعہ (۱۴) اگر کسی کو مدت مندرجہ دفعہ [illegible] کسی کتاب [illegible] کی ضرورت ہو تو معتمد کتب خانہ اس کی اجازت دے سکتا ہے مگر شرط یہ ہے کہ [illegible] اور کسی درجہ اول [illegible] [illegible] ہو اور کتاب کے رکھنے کی مدت کسی ایک وقت میں ایک [illegible] زائد نہ ہو۔

اختیار معتمد دربارہ [illegible] ضروریات کتب خانہ دفعہ (۱۵) [illegible] ضروریات کتب خانہ عدالت [illegible] [illegible] معتمد کتب خانہ [illegible] معتمد کو اختیار ہوگا کہ [illegible] مندرجہ کی نسبت [illegible] صدر نشین کتب خانہ کے ملاحظہ میں پیش کرے۔

اختیار معتمد کتب خانہ متعلق ملازمین۔ دفعہ (۱۶) (۱) معتمد کتب خانہ کو اختیار ہوگا کہ [illegible] تحریری [illegible] کرے اور اس کے مددگار کی رخصت اتفاقی جو پندرہ (۱۵) روز سے زیادہ نہ ہو اور [illegible] کی رخصت جو ایک مہینہ سے زیادہ نہ ہو منظور کریں

(۲) بالالتزام غیر حاضری کی تنخواہ وضع کریں۔

(۳) دو جیراسی بہ مشاہرہ (معہ ر) فی نفر للعہ

ذرِ وصولیت کتب خانہ۔ دفعہ (۲۵) اگر آمدنی کتب خانہ میں کافی گنجائش ہو تو خواہ ملازمین کتب خانہ کی اُس سے ادائی کی جائے گی اور سرمایہ سے (اگر کچھ ہو) خریدی کتب در بہ تفسیر ریاست کتب خانہ کی تکمیل کی جائے گی۔ ایسے تمام مصارف بمنظوری منتظمین کتب خانہ عمل میں آئیں گے۔

شکایت ارکان کتب خانہ۔ دفعہ (۲۶) (۱) اگر ارکان کو معتمد کی نسبت کوئی شکایت ہو تو وہ صدرنشین کے پاس اور اگر کسی اور عہدہ دار یا اہلکار کی نسبت کوئی شکایت ہو تو معتمد کے پاس پیش کی جائے۔

(۲) بصورت ثانی حقیقت امور کا تصفیہ معتمد خود کریں گے اور اہم امور کو بغرض تصفیہ صدرنشین کے پاس پیش کریں گے۔

حقوقِ ارکان۔ دفعہ (۲۷) ارکان کمرہ کتب خانہ میں وقت افتتاح عدالت سے برخاست کے وقت تک جس قدر عرصہ تک چاہیں کتب کا مطالعہ کر سکتے ہیں اور اگر کتب باہر لیجانا چاہیں تو اجازت تحریری عہدہ دار کتب خانہ سے جسکا درجہ دوگانہ مدیکم ہو حاصل کر سکے بعد ارکان درجۂ اول اُن کو ایک ہفتہ تک اور ارکان درجۂ دوم تین روز تک اپنے پاس رکھ سکتے ہیں۔ لیکن اگر بہ لحاظ ضرورت سرکاری معتمد کتب خانہ یا مددگار معتمد مذکور کسی وقت اندرون مدت مذکور اس کتاب کو طلب کریں تو اُس کتاب کو داخل کرنا لازم ہوگا

رکنیت کتب خانہ۔ دفعہ (۲۸) جس شخص کو بہ پابندی دستور العمل ہذا کتب خانۂ عدالت کا رکن ہونا منظور ہو اس کو لازم ہوگا کہ درخواست رکنیت معہ رسوم داخلہ حسب شرح مندرجہ دفعہ (۳۱) صدرنشین یا معتمد کتب خانہ کے پاس داخل کرے اور نیز درخواست مذکور کے ساتھ اس سال کے بقیہ ماہ کا کل زر چندہ حسب شرح مندرجہ دفعہ (۳۲) معہ اس مہینہ کے جس میں درخواست مذکور دیجائے اور جسکا ایک جزو باقی ہو بابت اُس درجہ کی جس میں وہ رکن ہونا چاہتا ہو بطور پیشگی داخل کرے

ادائی چندہ۔ دفعہ (۲۹) کتب خانہ کا پیشگی چندہ مقررہ آغاز میعاد سے بیس روز کے اندر ادا کرنا لازم ہوگا اگر کوئی رکن کتب خانہ آغاز میعاد سے بیس روز کے اندر پیشگی سالانہ یا ششماہی چندہ ادا نہ کرے تو اُس کو چندہ مذکور بشرح ۱/۲ ادا کرنا ہوگا۔ میعاد ہمیشہ بہ لحاظ ماہ و سال فصلی شمار ہوگی

(۴) رجسٹر جاری و واپسی کتب (جس میں ارکان کتب خانہ کو کتابوں کے عاریت دیے جانے اور پھر ان کے پاس سے واپس آنے کا اندراج کیا جائے)

(۵) رجسٹر ضروریات کتب خانہ جس میں ارکان کتب خانہ ایسے سامان اور کتب کی خریدی کی نسبت جو بغرض مفاد کتب خانہ مناسب اور مفید معلوم ہوں اپنی رائے درج کریں گے یہ رجسٹر منظر عام پر کتب خانہ مذکور کے رکھا جائے گا۔ اور ہر ہفتہ میں ایک بار روز پنجشنبہ قبل برخواست کے معتمد کتب خانہ کے روبرو پیش کیا جائے گا لیکن معتمد جب چاہیں اس کا معائنہ کر سکیں گے۔

(۶) رجسٹر وصول انگریزی مطبوعات موقت۔

(۷) رجسٹر وصول اردو مطبوعات موقت۔

(۸) عام رجسٹر جمع و خرچ۔

(۹) کفالت۔ (۱۰) رجسٹر چندہ۔ (۱۱) رجسٹر اسئلہ۔ (۱۲) رسد بہی کاغذات انگریزی

(۱۳) رسد بہی کاغذات اردو۔

معاوضہ کتب سرکاری۔ دفعہ (۲۲) اگر کوئی شخص خواہ وہ اہلکاران یا ارکان کتب خانہ سے ہو کسی کتاب کو ضائع یا خراب تلف کرے تو اس کی قیمت واجب کا ذمہ دار ہوگا اور اندرون ایک ماہ کے قیمت ادا کرنا لازم ہوگا۔

عطیات کتب خانہ۔ دفعہ (۲۳) اگر ارکان یا دیگر اشخاص بلحاظ ترقی کتب خانہ اپنی ذاتی کتابیں کتب خانہ میں داخل کرنا چاہیں تو ان کا عطیہ بہ شکرگزاری قبول اور ملک سرکار میں داخل کر لیا جائے گا۔

جائے تحفظ کتب و تقرر عملہ۔ دفعہ (۲۴) (۱) کتب خانہ عدالت کے ایک مناسب کمرے میں رہے گا اور بہ لحاظ گنجائش آمدنی مناسب عملہ کا تقرر حسب رائے صدر نشین و معتمد و مددگار معتمد عمل میں آئے گا اگر آمدنی عملہ کے تقرر کے لیے ناکافی ہو تو کتب خانہ محافظ دفتر عدالت کے تفویض رہے گا

(۲) کتب خانہ مجلس عالیہ عدالت کا عملہ بشرط گنجائش آمدنی کتب خانہ تا حکم آئندہ حسب ذیل ہوگا۔

(۱) محافظ کتب مشاہرہ عہ۔ (۲) ایک مددگار محافظ کتب مشاہرہ عہ

نمبر (۳) نمونہ رجسٹر کتب ... کتب انگریزی بلحاظ علم و ردیف ... کتب خانہ ... [illegible] ضلع ... صوبہ

نام کتب خانہ	نام کتاب	نمبر نام	تعداد جلد	تعداد ...	کیفیت
۱	۱	۳	۴	۵	۶

نمبر (۴) رجسٹر بابت ... واپسی کتب کتب خانہ ... مستقر ... ضلع ... صوبہ

تاریخ ...	نمبر شمار	نمبر ...	نمبر نام کتاب	نام طالب	...	...	تاریخ واپسی ...	...	دستخط ...	دستخط ...	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲

(۵) ... [illegible] ... مستقر ... ضلع ... صوبہ

... تاریخ	... [illegible]
۱	۲

نمبر (۶) نمونہ ... [illegible] ... انگریزی ... مستقر ... ضلع صوبہ

...	...	نام ...	نمبر شمار	تاریخ ...	...	...
۱	۱	۱	۴	۶	...	۷

نمبر (۷) نمونہ رجسٹر ... مستقر ... ضلع ... صوبہ

...	...	نام ...	نمبر ...	تاریخ ...	...	...
۱	۱	۲	۴	۵	۶	۷

نام قواعد و نفاذ ابتدا | دفعہ (۲) قواعد ہذا بنام قواعد امتحان اہلکاران صیغہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی موسوم ہوسکیں گے اور یکم آذر ۱۳۱۵ف سے نافذ ہونگے اور کسی دوسرے امتحانات صیغہ عدالت پر موثر نہ ہو سکیں گے۔

لیاقت اہلکاران صیغہ عدالت | دفعہ (۳) یکم خورداد ۱۳۱۶ف سے کوئی شخص کسی عدالت واقع ممالک محروسہ سرکار عالی کی سررشتہ داری یا منشیگی پر مقرر ہونے کے لائق نہیں سمجھا جائیگا بجز اشخاص ذیل کے۔

(الف) جنہوں نے کسی عدالتی امتحان یعنی سول جوڈیشل یا وکالت یا امتحان عہدہ داران مال کی کامیابی حاصل کی ہو۔

(ب) جنہوں نے امتحان حسب قواعد ہذا میں کامیابی حاصل کی ہو۔

(ج) جن اہلکاران عدالت کو مجلس عالیہ عدالت بوجہ تجربہ وکارگزاری اس خدمت کیلئے موزوں خیال کرے۔

اشخاص مجاز شرکت امتحان | دفعہ (۴) اشخاص ذیل اس امتحان میں شریک ہوسکیں گے۔

(الف) جملہ اہلکاران صیغہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی۔

(ب) دیگر امیدواران بہ منظوری مجلس عالیہ عدالت

زمانہ و مقامات امتحان | دفعہ (۵) یہ امتحان ہر سال ہفتہ اول ماہ دی میں ہوگا یا جو زمانہ بہ لحاظ حالات مجلس عالیہ عدالت مقرر کرے بلدہ میں مکان مجلس عالیہ عدالت میں یا کسی دوسرے مکان میں جسکو رجسٹرار تجویز کرے زیر نگرانی مجلس اور بہ مقامات اورنگ آباد و گلبرگہ شریف و ورنگل زیر نگرانی ناظمان صدر عدالت ہائے مذکورہ شروع ہوا کریگا اور تاریخہائے امتحان پہلے سے بذریعہ جریدۂ اعلامیہ مشتہر ہوا کرینگے۔

ارسال درخواست امتحان | دفعہ (۶) درخواست ہائے شرکت امتحان معہ فیس معینہ وصداقتنامجات متعلقہ مجلس عالیہ عدالت کے پاس تاریخ امتحان سے ایک ماہ پیشتر یعنی قبل حسب نمونہ منسلکہ پہونچ جانی چاہئیں

فیس و داخلہ صداقتنامہ | دفعہ (۷) تعداد فیس متذکرہ دفعہ ماسبق (۵) ... حالی ہوگی اور صداقتنامہ میں

متعلق امتحان کا مرتکب ہو تو بلدہ میں معتمد کمیٹی امتحان اور اضلاع میں پریسیڈنٹ کمیٹی [illegible]
خارج کرنے کا مجاز ہوگا اور اگر ضرورت ہوگی تو معتمد یا پریسیڈنٹ کی تحریک پر کمیٹی امتحان [illegible]
یا دو سال اس کو ممنوع الامتحان کریگی۔

متعلق بد اعمالی گارڈ امتحان | دفعہ (۱۵) اگر کوئی گارڈ امتحان کسی قسم کی خیانت یا بد اعمالی متعلق امتحان کا
مرتکب ہو تو پریسیڈنٹ امتحان مجاز ہوگا کہ اسکو موقوف کرکے دوسرا گارڈ مقرر کرے بلدہ میں معتمد کمیٹی امتحان
مجاز ہوگا کہ کسی گارڈ کو کسی ایسی بد اعمالی پر فوراً معطل کرکے پریسیڈنٹ کو رپورٹ کرے۔
تشریح موقوف شدہ گارڈ کسی فیس نگرانی کے پانے کا مستحق نہ ہوگا۔

فیس نگرانی | دفعہ (۱۶) ہر گارڈ اس امتحان کی بابت دس روپیہ حالی فیس نگرانی کے پانے کا مستحق ہوگا۔

فیس ممتحنین | دفعہ (۱۷) ممتحنوں کو حساب ۸ پرچہ جوابات فیس دی جائیگی۔

آمدنی امتحان | دفعہ (۱۸) بعد منہائی اخراجات امتحان جس میں فیس نگرانی و ممتحنین بھی شامل ہے
بقیہ آمدنی بحق سرکار جمع ہوگی۔

پرچہ ہائے جوابات | دفعہ (۱۹) اضلاع کی کمیٹی امتحان کو لازم ہے کہ ہر روز کے پرچہ ہائے جوابات
احتیاط کے ساتھ سربمہر کرکے معتمد کمیٹی امتحان کے پاس بھیجدے۔ اور معتمد مذکور روزانہ جوابات امتحان
بفور وصول ممتحنین کے پاس سربمہر روانہ کیا کرے۔

نمبر مقررہ مدارج امتحان | دفعہ (۲۰) الف پانچوں مضامین امتحان کے مضمون کے نمبر مقررہ ایکسو
ہونگے اور کامیابی کے لئے ہر مضمون میں (۴۵) نمبر حاصل ہونے چاہئیں۔

نتیجہ امتحان | دفعہ (۲۱) ہر ممتحن پر لازم ہے کہ وصول جوابات سے ایک ماہ کے اندر پرچہ ہائے جوابات
کو جانچ کر نتیجہ امتحان اس نمونہ کے موافق جو معتمد کمیٹی ہر ممتحن کے پاس بھیجیگا معتمد مذکور کے پاس مع
پرچہ ہائے جوابات سربمہر روانہ کرے۔ معتمد کمیٹی نتائج موصولہ معہ ایک صاف نقشہ و رپورٹ و نقشہ کامیابان
ہر مضمون بہ تعین تاریخ کمیٹی امتحان کے سامنے پیش کریگا۔ کمیٹی مذکورہ اشخاص کامیاب کی نسبت اپنی رائے
ظاہر کرکے اس رائے کو معہ فہرست اشخاص کامیاب مجلس عالیہ عدالت کے اجلاس انتظامی میں بھیجدیگی

اشاعت نتیجہ | دفعہ (۲۲) مجلس عالیہ عدالت فہرست مذکورہ اسمی سرکار میں اطلاعاً بھیجدیگی
اور اس کی ایک نقل جریدہ اعلامیہ میں مشتہر کرائے گی اور ایک نقل مکان مجلس عالیہ کے دروازہ پر آویزاں
کیجائے گی۔

(۲) مضمون دستہ داری	(۱) ابواب مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی حسب ضمیمہ منسلکہ (۲) مجموعہ تعزیرات سرکار عالی باب اول تا چہارم و تعریفات جرائم (۳) گشتیات و احکام مندرجہ مجموعہ گشتیات فوجداری عدالت العالیہ مطبوعہ متعلق رکن بابت وصول جرمانہ اموال لاوارث و جانوران چکاری۔
(۳) خلاصہ نگاری مسل	ایک فرضی مسل کے متعلق جسمیں کسی مضمون پر مختلف مراسلات ہوں امتحان دہندہ سے مسلسل واقعات کا خلاصہ لکھایا جائے گا۔
(۴) زبان ملکی	تلنگی مرہٹی یا کنڑی زبان کی عبارت کا ترجمہ اردو میں اور اردو عبارت کا ترجمہ زبان مذکور میں کیا جائیگا مگر ان اشخاص پر جنھوں نے زبان ملکی صیغہ عدالت میں کامیابی حاصل کر لی ہو اس مضمون کے امتحان میں شرکت لازمی نہ ہوگی۔
(۵) حساب دانی ارتھمیٹک و کسور اعشاریہ	جن اشخاص نے کہ امتحان مڈل یا کسی دوسرے سرکاری امتحان میں جس میں اس درجہ تک حساب دانی مشروط ہو کامیابی حاصل کی ہو ان کو اس مضمون میں دوبارہ کامیابی حاصل کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔

تشریح - اگر کتب مضامین دیوانی و فوجداری میں کوئی کمی بیشی و تغیر تبدل ہوگا تو تاریخ امتحان سے کم سے کم ایک سال پیشتر مجلس عالیہ عدالت سے بمنظوری سرکار جریدۂ اعلامیہ میں مشتہر کیا جائیگا۔

سوالات امتحان | دفعہ (۱۲) ممتحین کا تقرر مجلس عالیہ عدالت کے اجلاس انتظامی سے ہر سال تاریخ امتحان سے کم از کم ایک ماہ قبل ہوا کریگا۔ اور ہر ممتحن کو لازم ہوگا کہ تاریخ امتحان سے چودہ روز قبل پرچہ سوالات خوشخط لکھا ہوا معتمد کمیٹی امتحان کے پاس بھیجدے تاکہ معتمد ان پرچوں کو چھپوا کر مختلف مقامات امتحان میں مناسب وقت پر روانہ کر سکے۔

پرچہ ہائے امتحان و وقت معینہ ہر پرچہ | دفعہ (۱۳) الف منجملہ پانچ مضامین امتحان تذکرہ دفعہ (۱۱) کے مضمون نمبر (۱) دیوانی کا پرچہ اول روز دس بجے دیا جائیگا اور جوابات کے داخل کرنے کیلئے چار ساعت کی مہلت دیجائیگی۔

(ب) باقی پرچہ ہائے سوالات کے جوابات کے لئے تین تین گھنٹے دئے جائینگے اور دو پرچے روزانہ دئے جائینگے یعنی پرچہ اول دس بجے اور پرچہ دوم دو بجے تقسیم ہوا کریگا۔

سزائے بداعمالی امتحان دہندگان | دفعہ (۱۴) بوقت امتحان اگر کوئی امتحان دینے والا کسی دوسرے کے جوابات نقل کرے یا کوئی کتاب یا کاغذ متعلق مضمون امتحان اپنے پاس بدنیتی سے رکھے یا کسی دوسرے بداعمالی

مہتمم تعلیمات سرکار عالی — ۱۳۱۰ف

بیان جن کا اِدخال نہیں ہو سکتا۔
باب بست و چہارم۔ کارروائی ...
... ابتدائی اطلاع ...
باب ... ضابطہ ...
باب بست و ہشتم۔ کارروائی ...

... موسوم ... ماتحت مجلس
مالیہ عدالت سے کر سکتے
ہیں۔

ضمیمہ

(متعلق قواعد امتحان سررشتہ داری صیغہ عدالت)

فہرست ابواب ضابطہ فوجداری سرکار عالی قانون نشان (۱۳) سنہ ۱۳۱۳ف

نمبر ابواب	مضمون	نمبر ابواب	مضمون

حصہ اول

باب اول — ہدایات ابتدائی

حصہ دوم

باب دوم۔ عدالتوں کا تقرر اور تعین حدود اراضی
باب سوم۔ عدالتوں کے اختیارات

باب ششم۔ حکم نامجات حاضری
باب ہفتم محبوس اشخاص اور دستاویزات اور مال منقولہ کی تلاش اور پیش کرانے کے متعلق عام احکام۔

حصہ چہارم

باب ... محکمہ و ضمانت و حفظ امن اور نیک چلنی

حصہ ششم

باب چہاردہم۔ عدالتوں کے اختیارات تحقیقات و تجویز
باب یازدہم استغاثہ

باب ... تحقیقات اور تجویز کے متعلق عام احکام
باب بست و سوم تعمیل احکام ...

باب بست و چہارم تعمیل احکام سزا
باب ...

حصہ ہفتم

باب بست و ہفتم۔ استصواب و نگرانی۔

[illegible] الیں [illegible] میں کوئی شخص کسی حال میں نا سیاسیہ ہوگا اس کو [illegible] مجلس مالسعدالت [illegible] مجلس [illegible] پیش ہو [illegible] دی جائیگی [illegible] کو [illegible] جائے [illegible] ضرورت نہ ہوگی۔

(الف) [illegible] روپیہ کا اٹھا پیش ہونے پر اس اٹھا [illegible] دی جائے گا۔

[illegible] اشخاص [illegible] ہو [illegible] استعمال [illegible] اہلکاروں [illegible] ترجیح دی جائیگی مگر [illegible] سررشتہ داری یا [illegible] کا حق نہ ہوگا۔

ضمیمہ

(متعلقہ [illegible] سررشتہ داری صیغہ عدالت)

(فہرست ابواب کتاب نمبر (۷) دیوانی بابت ۱۳۰۲ء)

نمبر ابواب	مضمون	نمبر ابواب	مضمون
باب اول	مقدمات دیوانی ابتداءً کہاں اور کس طریق سے رجوع ہونگے اور قبل سیاہہ عرضی نالش حاکم کو کس امور پر لحاظ کرنا ہوگا	باب دوازدہم	نالش مفلسانہ
باب دوم	کارروائی از ابتدائے عرضی نالش تا اجرائی اطلاعنامہ بنام مدعا علیہ	باب چہاردہم	ضامن خرچہ مدعی علیہ طلب کرنا
باب ہفتم	التوائے مقدمات	باب شانزدہم	تقرر مہتمم و احکام امتناعی و قرقی و گرفتاری قبل از فیصلہ
باب ہشتم	ادخال شہادت ہائے تحریری	باب ہفدہم	دوران مقدمہ میں مدعا علیہ کا روپیہ داخل کرنا۔
باب نہم	حاضری و طلبی گواہان۔	باب بست و یکم	کارروائی ان مقدمات کی جو ثالثی میں واسطے فیصلہ کے سپرد کئے جائیں۔
باب دہم	ایسے گواہوں کے طریقہ اظہار جو حاضر عدالت نہ ہوسکیں۔	باب بست و دوم	کارروائی تعمیل فیصلہ جات
باب یازدہم	تحقیقات موقع اور جانچ و تنقیح حساب	باب بست و سوم	ان فیصلہ جات کی تعمیل کا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۶ آذر ۱۳۴۰ف

ضرورت ترمیم — (۱) گشتی عدالت العالیہ نمبر ۵۰ (فوجداری) مورخہ ۳ مہر ۱۳۲۱ف جو حسب استدعائے کوتوال صاحب بلدہ نافذ ہوئی تھی اس کی تنقیح حسب تحریک کوتوال صاحب موصوف کی جاتی ہے اور حسب استدعا ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی جس کو سرکار نے بذریعہ مراسلہ نشان (۱۷) مورخہ ۱۱ آذر ۱۳۴۰ف منظور فرمایا ہے۔

مضمون (۱۲۱) سکہ، تقاوی و آلات متعلقہ کو ناقابل استعمال کرکے حوالہ ناظم صاحب کوتوالی اضلاع کرنا

بترمیم مضمون گشتی مذکور احکام ذیل بمنظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ صادر کئے جاتے ہیں۔

عدالتی احکام — (۲) تمام عدالتیں جس میں سکک مقلوب اور سیرائن کے بنانے کے آلات پیش ہوا اور یہ ثابت ہو جائے کہ وہ پیش شدہ سکے مقلوب ہیں اور آلات جو پیش ہوئے ہیں وہ سکک مقلوب بنانے کے ہیں تو بعد قطعیت تجویز حسب ذیل عمل کریں گے۔

قطع کرنے کا طریقہ — (۳) سکک مقلوب کو اس طرح قطع کردیں کہ اُن کے حروف محو اور ان کی وضع قطع دونوں مقطوعہ ٹکڑوں کے ملا لینے سے بدلنے نہ پائے۔

پتہ مقدمہ کندہ کرنا — (۴) آلات اس طرح بیکار کئے جائیں گے کہ وہ ناقابل استعمال ہو جائیں لیکن اونکی صورت وضعیہ باقی رہے ان آلات پر نمبر اور سنہ مقدمہ کا بطور عمیق کندہ کیا جائیگا۔

مصارف کی گنجائش — (۵) مصارف اس کندیدگی کے ناظم صاحب کوتوالی اضلاع صادر سے عدالتوں میں روانہ کریں گے۔

رسید سامان مرسلہ — (۶) بعد قطع و تلف و کندیدگی کے آلات و سکک مذکورہ راست ناظم صاحب موصوف کی خدمت میں معہ تفصیل اور تعداد تحریری کے روانہ کئے جائینگے اور اس کی رسید حاصل کیجائیگی۔

تختہ سامان مرسلہ — (۷) ہر عدالت ایک تختہ جو حسب ذیل نمونہ ہوگا شامل مثل مقدمہ کرے گی۔

(۱) نمبر مقدمہ (۲) تعداد سکک مقلوب (۳) تعداد آلات سکہ مقلوب (۴) تعداد اشیاء مفوضہ (۵) کیفیت قطع و اتلاف و کندیدگی۔

تحفظ سامان موصولہ — (۸) ناظم صاحب کوتوالی اضلاع کو لازم ہوگا کہ حسب اغراض تعلیم و تفہیم یا مقابلہ آلات سکک محکوکہ استعمال میں لائی جائیں اُنکی کافی احتیاط کی جائے کہ مکرر مستعمل نہ ہوں یا ور اون کے نمونہ پر دوسری اشیاء بنانے کا کسی کو موقع نہ ملے۔

حصۂ نہم

باب نودو چہارم مچلکہ اور ضمانت باب پنجم متفرقات

باب سی و نہم کمیشن

گشتیات و احکام صادرہ عدالت العالیہ

(۱) بابت وصول جرمانہ۔ بابت اموال لاوارث مندرجہ مجموعہ گشتیات فوجداری سرکار عالی۔

(۳) بابت جانوران چکاری } مطبوعہ مفتی دکن

نقشہ درخواست سررشتہ امتحان مجوزہ (۲) گشتی عدالت العالیہ نشان $\frac{\text{فوجداری } ۸}{\text{دیوانی } ۶}$ مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۱۴ف

نام درخواست گزار مع ولدیت	عمر	ملازم ہے یا امیدوار ملازم ہو تو کیفیت تصریح اس امر کی کہ کہاں ملازم ہے	کس زبان ملکی میں امتحان دینا چاہتا ہے	کس مضامین میں امتحان دینا چاہتا ہے
۱	۲	۳	۴	۵

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری } ۱۹}{\text{دیوانی } ۱۰}$ مورخہ ۶ مہر ۱۳۱۴ف

مضمون (۲۵) اجرائی نمونہ طبلق مثل

چونکہ اب تک عدالت ہائے تحت کے لئے کوئی نمونہ طبلق کا جو تمام ممالک محروسہ پر حاوی ہو جاری نہیں ہوا ہے لہذا ذریعہ ہذا نمونہ طبلق جاری کیا جاتا ہے آئندہ عدالت ہائے ممالک محروسہ سرکار عالی میں حسب نمونہ منسلکہ گشتی ہذا طبلق تیار کر کے استعمال میں لائے جائیں۔

طبلق مثل عدالت سررشتہ صیغہ بابتہ سنہ ۱۳ف

(محکوم گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۹ دیوانی ۱۰ مورخہ ۶ مہر ۱۳۱۴ف)

[illegible]	نشان رجسٹر		اسمائے متخاصمین		خلاصہ مضمون دعوے یا علت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	تعداد منسلک موجودہ طبلق
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]					
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

ہدایت (۱) عنوان نمونہ میں ہر سررشتہ سے متعلقہ سررشتہ اور صیغہ کے نام کا اندراج کیا جائے اور تعلقہ و ضلع میں لفظ تعلقہ و ضلع و صوبہ طبع کرایا جائے۔

(۲) مثل انتظامی ہو تو خانہ ہائے (۴ و ۵) میں صفر دیا جائے اور خانہ (۶) کے عنوان میں الفاظ "دعوے یا علت" پر خط کھینچا جائے۔

آئندہ کے لئے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے کہ جب ملزم زیر دریافت مجلس ہو ... فہرست ملزم کا مال ذاتی ... کے ذمہ دار رہیں گے جب ملزم کو سزا ہو ... مال کے اندراج کی ضرورت عدالت کو ... ملزم زیر دریافت سزایاب ہو تو ... فہرست مذکور میں کر دیا کریں اور مال موجودہ کی کیفیت لکھ دیا کریں تاکہ کسی کو شکایت نہ ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵) مورخہ ۱۹ اسفندار ۱۳۱۵ف

مضمون (۲۹) ہر وقت تبدیل تاریخ پیشی وارنٹ میں امر تصفیہ طلب کی صراحت درج کرنا | جس وقت ملزم ذریعہ وارنٹ عدالت میں تاریخ پیشی پر پیش ہوتا ہے لیکن عدالت سے تاریخ پیشی کسی وجہ سے تبدیل کی جاتی ہے تو اس کے وارنٹ متعلقہ پر بعض عدالتوں سے اس امر کی صراحت نہیں کی جاتی ہے کہ کس امر کے تصفیہ کے لئے تاریخ پیشی مقرر کی گئی ہے جس کی وجہ سے تختہ جات سیاہی ملزمین زیر دریافت مجالس اصلاع سے عدالت العالیہ میں ناقص پیش ہوتے ہیں لہذا اس سقم کے رفع کرنے کے لئے عدالت العالیہ سے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے تاکہ جملہ عدالتہائے آئندہ حسبہ عمل کریں۔

جس وقت ملزم ذریعہ وارنٹ مجلس میں واپس بھیجا جائے تو وارنٹ پر اس امر کی صراحت درج ہوا کرے کہ فلاں امر کے تصفیہ کے لئے تاریخ پیشی مقرر کی گئی ہے تاریخ معینہ پر ملزم عدالت میں بھیجا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ / دیوانی ۴ مورخہ ۱۹ اسفندار ۱۳۱۵ف

مضمون (۳) تصفیہ ٹکٹ ہائے پیپر مدخلہ فریق مقدمہ ڈگری ہائے مرتبہ عدالت | عدالت العالیہ کو معلوم ہوا کہ ٹکٹ ہائے پیپر مدخلہ فریق جو بعد کارروائی نظامت عدالت العالیہ میں باقی رہتے ہیں اُن کو فریق داخل کنندہ بروقت حاضر ہوکر واپس نہیں لیتے اور اسی طرح سے ڈگریات مرتب شدہ کے اشلہ فریق مقدمہ کے حضور ہی کے انتظار میں عرصہ تک زیر سلک رہتی ہیں لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے ایسے ٹکٹوں کے واپس لینے کے لئے ایک ماہ کا انتظار اور ڈگریہائے مرتب شدہ کے

تنقیح کی استدعا | (۹) ناظم صاحب موصوف کو اختیار ہوگا کہ جو سرکاری سکّہ اور آلات اونکو اس طریقہ سے بہم پہنچا یا جائے وہ عدالت العالیہ میں بغرض تنقیح کی درخواست کریں ۔

رپورٹ روانگی آلات | (۱۰) ناظم صاحب موصوف ہر ششماہی کے عدالت العالیہ کو تعداد اُن آلات و سکہ جات کا جو مقلوب ہے اور جو عدالتوں سے وصول ہوئے ہوں اطلاع کرتے رہیں اور اس کیفیت میں اس امر کی اطلاع ہو کہ کتنے دفعہ آلات اور سکّہ جات کو وصول ہوئے اور سچائے اصل عیار کے کس کس وقتوں کی تنقیح کی گئی ۔

کشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳) مورخہ ۱۰ بہمن ۱۳۱۵ ف

ملزم کو حراست عدالت سے پولیس میں واپس دینے کی صراحت کرنا	منشاء (۲) بغرض تکمیل اقبال یا بیان ملزم ناظم فوجداری کا

حسب دفعات (۱۶۸، ۱۶۹) ضابطہ فوجداری سرکار عالی ناظم فوجداری اقبال یا بیان ملزم یا ملزمین قلمبند کرتا ہے تو اقبال یا بیان کے ختم پر اس امر کی صراحت نہیں کیجاتی ہے کہ ملزم یا ملزمین مذکور کو عدالت نے اپنی حراست میں لے لیا یا پولیس کی حراست میں واپس کردیا لہذا اس بارہ میں عدالت العالیہ سے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے کہ حکام نظامت حسب ذیل عمل پیرا رہیں جب قبل چالان مقدمہ کوئی ملزم یا ملزمین کسی عدالت کے سامنے بغرض قلمبندی بیانات اقبالی پیش کئے جائیں اور عدالت مذکور اُن کے بیانات یا اقبالات بہ پابندی ضابطہ قلمبند کرے تو ضرور ہے کہ حاکم موصوف بعد قلمبندی بیان اُس ملزم یا ملزمین کو اپنی حراست میں لیکر [illegible] اور زیر بیان ملزم اس امر کی صراحت اپنے قلم سے لکھدیا کرے کہ ملزم کو عدالت نے اپنی حراست میں لے لیا ہے ۔ اور بعد اگر کسی وجہ خاص سے ملزم کو پھر کوتوالی کی حراست میں دینا مناسب معلوم ہو تو معہ وجوہ واپسی اس کو بھی زیر بیان لکھدیا کرے

کشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ مورخہ ۱۹ اسفندار ۱۳۱۵ ف

منشاء (۴۸) دو تجویز سزا مال موجودہ ملزم کی تصدیق جنس سے کیا جانا	اس وقت تک یہ عملدرآمد ہے کہ جو مال ذاتی ملزم بوقت حوالات ابتدائی اُس کے قبضہ سے برآمد ہوتا ہے وہ وارنٹ ریزرویا نمبر میں درج کیا

جاتا ہے اور بعد صدور تجویز سزا وارنٹ عدالت میں وہی مال مندرج ہوتا ہے چونکہ بعض اوقات بوجہ استعمال کچھ مال تلف بھی ہوجاتا ہے اس لئے عملدرآمد موجودہ قابل اصلاح ہے لہذا عدالت العالیہ سے

نشان (۹) تختہ بابتہ رقم فیس امتحان پوسٹ مارٹم متعلقہ دواخانہ تعلقہ صلع مقدمہ نشان سنہ ۱۳ جنترمر سنفیث سام مستغاثیہ بلدہ
بتعمیل حکم مورخہ مصدرہ محکمہ گشتی عدالت نشان (۹) فوجداری ابتہ سنہ ۱۳۱۵ف

نشان سلسلہ	نام عہدہ دار طبی مع صراحت	عہدہ و مقام تعیناتی	رقم فیس کہ کس طور سے وصول کی گئی یا جاتی	طرح کار روائی پوسٹ مارٹم مع صراحت وقت: وقت	عمل کیمیائی	امتحان نعش	حوالہ عہدہ دار طبی جس نے کہ حکم دیا / گشتی عدالت العالیہ	رائے عدالت صلع	رائے صدر عدالت	رائے عدالت العالیہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱	۱۱	۲

ھدایات (۱) خانہ (۳) میں دفعہ (۷) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۲۳ سنہ ۱۳۱۲ف صراحت مدیں الفاظ ہو کہ آیا عہدہ دار طبی کا تعہدہ ... اسسٹنٹ سرجن یا اسپشل اسسٹنٹ ۔ خانہ (۵) میں پوسٹ مارٹم کے وقت کی بطور کافی صراحت ہونی چاہئے اور خانہ کیفیت میں یہ بھی بتلایا جائے ... وقت مطب کیا گیا یا بیرون وقت مطب اور کب سے کب تک (۲) خانہ کیفیت میں مختصرا وجوہ پوسٹ مارٹم درج ہوا ... پوسٹ مارٹم عمل میں آیا ہے تو اس مقدمہ کا حوالہ بصراحت مبر و سنہ درج ہونا چاہئے ۔
جس حکم کی بنا پر عہدہ دار طبی یہ کام کرے تو اس حاکم کا نام بصراحت عہدہ درج ہوا کرے ۔

حاصل کرنے کے لئے دو ہفتہ کا انتظار کافی ہے اس کے بعد ایسے ٹکٹ بحق سرکار جمع کرلئے جائیں اور ڈگریات مرتب شدہ شامل مثل کرکے داخل دفتر کردی جایا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۷) / دیوانی ۵ مورخہ ۱۴ اردی بہشت ۱۳۱۵ف

مضمون (۱۱) جاگیردار شخصی کے اختیارات عدالتی اُس کے وارث بلامنظوری سرکار استعمال نہیں کرسکتے	حسب منشاء فرمان مبارک مرقومہ ۷ / ۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۲۳ھ مطبوعہ جریدۂ اعلامیہ مورخہ ۲۴ بہمن سنہ ۱۳۱۵ف اجلاس

انتظامی عدالت العالیہ سے یہ حکم جاری کیا جاتا ہے کہ جن جاگیرداروں کو ان کی جاگیر میں عدالتی اختیارات دیئے گئے ہیں وہ چونکہ شخصی ہیں اس لئے ان کی وفات کے بعد ان کے وارث بطور خود اس کا استعمال نہیں کرسکتے تاوقتیکہ سرکار سے خود ان کو اقتدارات مذکورہ دیئے جائیں۔

(۲) یہ حکم صرف ان جاگیرداروں سے متعلق ہوگا جن کے ورثا ۱۲ محرم سنہ ۱۳۲۴ھ کے بعد سے اپنے طور پر بلامنظوری سرکار عدالتی اختیارات استعمال کررہے ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۸) / دیوانی (۶) مورخہ ۱۴ اردی بہشت ۱۳۱۵ف

مضمون (۲۲) ناظم صدر عدالت و سررشتہ دار اور محافظ دفتر و ناظران عدالت کو دورہ پر لیجانا جائز نہیں ہے	عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ نظما صدر عدالت منتظم کوار نظما ضلع سررشتہ داران اور محافظ دفتر اور ناظروں کو اپنے

ہمراہ دورہ پر لیجاتے ہیں جس کی وجہ سے دفتر پر نگرانی کے لئے کوئی ذمہ دار اہلکار نہیں رہتا اور دفتری کارروائی کی حالت خراب ہوتی ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے یہ حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے کوئی حاکم عدالت منتظم یا سررشتہ دار یا محافظ دفتر یا ناظر عدالت کو اپنے ہمراہ دورہ پر لیجایا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۹) مورخہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۱۵ف

مضمون (۲۳) اس حسب نمونہ تختہ جات پوسٹ مارٹم	چونکہ فیس پوسٹ مارٹم کے متعلق جو تختہ جات اضلاع

سے عدالت العالیہ میں وصول ہوتے ہیں وہ ایک نمونہ پر نہیں ہوتے اور اکثر تختہ جات میں بعض ضروری امور کا اندراج متروک ہوتا ہے لہذا عدالت العالیہ سے ایک نمونہ تختہ کا اس کے ساتھ شایع کیا جاتا ہے آیندہ سے حسب نمونہ تختہ جات مرتب و روانہ ہوا کریں۔

وقت صرف ہوتا ہے۔ لہذا بنظر سہولت ناظمان عدالت ہائے فوجداری اضلاع سرکار عالی اجلاس
انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ تحت نشان (۵۳۳) ٹکٹ لینٹس) عدالت العالیہ نشان فوجداری
(۲۰) مورخہ ۵ مہر ۱۳۱۵ف کے صرف نا مجانب (۱۰ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۳) کی جانب سے، ناکہ او اپنے قلم سے
اکر دیبی سکاتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۱۹ خورداد ۱۳۱۵ف

مضمون (۱۳) عطائے اختیارات تجاویز سرسری ناظمان عدالتہائے فوجداری اضلاع سرکار عالی

عالیجناب سر مہاراجہ بہادر یمین السلطنت مدار المہام سرکار عالی نے حسب تحریک اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سرکار عالی ذریعہ مراسلہ نشان (۲۷۷۸) صیغہ عدالت مورخہ ۷ خورداد ۱۳۱۵ف ہر ناظم فوجداری ضلع کو بطور خاص تجاویز سرسری نافذ کرنے کا اختیار تحت دفعہ (۲۶۸) مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی عطا فرمایا ہے۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ ناظمان فوجداری اضلاع ان اختیارات کو حسب دفعہ (۲۶۸) نہایت احتیاط سے استعمال کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۴) مورخہ ۱۸ خورداد ۱۳۱۵ف

مضمون (۱۴) منظوری درخواست عطائے مہلت برائے اثبات سزایابی سابق

اس امر کی شکایت پولس کی طرف سے پیش ہوئی کہ سزایابی سابق ثابت کرنے کے لئے اکثر عدالتیں پولس کو مہلت نہیں دیتی ہیں۔ بعد غور مناسب یہ ہدایت کیجاتی ہے جس طرح پولس کو لازم ہے کہ قبل چالان کل ثبوت مہیا کر کے عدالت میں پیش کرے اسی طرح عدالت کے اختیار تمیزی کا لازمہ ہے کہ پولس کو کسی واقعہ متعلقہ کا ثبوت مزید پیش کرنے کے لئے مہلت عطا کرے یا کسی درخواست مہلت کو بوجوہ موجہ نامنظور کرے اس لئے آئندہ سے جب درخواست مہلت اثبات سزایابی سابق کے لئے پولس کی طرف سے پیش ہو تو اس کا اونکا کافی غور کیا جائے اگر درخواست مناسب معلوم ہو تو منظور کی جائے ورنہ کافی وجوہ نامنظوری کے درج کیے جائیں اور امید کیجاتی ہے کہ آئندہ سے عدالتیں درباب منظوری یا نامنظوری درخواست مہلت احتیاط کے ساتھ اپنے اختیار تمیزی کو صرف کریں گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱۵) مورخہ ۲۵ خورداد ۱۳۱۵ف

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ / دیوانی ۸ مورخہ ۲۸ اردی بہشت ۱۳۱۵ف

مضمون (۲۴) کافی خرچہ درخواست اپیل کے ساتھ بھیجا جائے

(۱) سررشتہ مرافعہ کی رپورٹ سے معلوم ہوا ہے کہ جو درخواستہائے اپیل بذریعہ ٹپہ وصول ہوتی ہیں ان کے ساتھ خرچہ ٹپہ کا کافی نہیں بھیجا جاتا جس کی وجہ سے ایک مدت تک مقدمہ بطلبی خرچہ وغیرہ کے لحاظ سے زیر کارروائی رہتا ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ

(۲) آئندہ سے اہل مقدمہ کو چاہیئے کہ جو درخواستہائے اپیل بذریعہ ٹپہ بھیجیں ان کے ہمراہ کامل خرچہ محکمہ اپیل میں بھیجا کریں ورنہ کمی خرچہ کی صورت میں مقدمہ خارج کر دیا جائیگا۔

(۳) عدالت ہائے اپیل کو چاہیئے کہ ایسی درخواستوں کے ساتھ اگر باضابطہ کامل خرچہ وصول نہ ہو تو حسب ضابطہ درخواست داخل دفتر کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ / دیوانی ۹ مورخہ ۳ خورداد ۱۳۱۵ف

مضمون (۲۵) اوقات اجلاس و برخاست عدالت

بملاحظہ تختہ حاضری و برخاست عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ عہدہ داران مشترکہ مال و عدالت مختلف اوقات میں اجلاس عدالت کرتے ہیں اور نیز صدر عدالت گلبرگہ کی تحریر سے واضح ہوا ہے کہ بعض خالص عہدہ دار عدالتی اپنے سکونتی مکان میں اجلاس کرتے ہیں جو خلاف منشاء گشتی نشان ۱۸ فوجداری / ۱ دیوانی مورخہ ۳ خورداد ۱۳۰۹ف ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بعد غور کے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

ف ۱ عہدہ داران مشترکہ مال و عدالت مجاز ہیں کہ خاص ایام عدالتی کے لئے مقرر کریں لیکن یہ ضروری ہے کہ اس کے متعلق اعلان عام کر دیا جائے اور وقت عدالت کی پابندی کی جایا کرے۔

ف ۲ حکام عدالت پر لازم ہے کہ گشتی نشان ۱۸/۱ مورخہ ۳ خورداد ۱۳۰۹ف کی تعمیل کریں اور صدر عدالتہائے و اسمات اس کے متعلق نگرانی رکھیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۲) مورخہ ۱۳ خورداد ۱۳۱۵ف

مضمون (۲۶) جائے پرچی گوشوارہ پیرگی

گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۳۱) مورخہ ۲ شہریور ۱۳۰۹ف کے بموجب حکم تھا کہ مجوزہ اپنے قلم سے تختہ نمبر (۵۳) کی خانہ پری کیا کریں لیکن اس میں حکام کا زیادہ

احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) ناظمان عدالت ہائے فوجداری ضلع بہ اعتبار عہدہ اختیارات مندرجہ ضمیمہ (الف) دفعہ (۲۲) ضابطہ فوجداری سرکار عالی عمل میں لانے کے مجاز ہیں (۲) دوم و سوم تعلقداران اضلاع جنکو اس وقت ناظم حصہ ضلع کے اختیارات حاصل ہیں اختیارات مندرجہ ضمن (ب) دفعہ (۲۲) ضابطہ فوجداری کی بجا آوری کے بھی مجاز ہیں (۳) باقی دوم و سوم تعلقداران اور نیز وہ تحصیلداران جنکو اختیارات درجہ دوم پہلے سے حاصل ہیں اختیارات مندرجہ ضمن (ب) دفعہ (۲۲) ضابطہ فوجداری سرکار عالیہ عمل میں لانے کے مجاز ہیں (۴) باقی تحصیلداران تعلقات بہ لحاظ عہدہ اختیارات مندرجہ ضمن (د) دفعہ (۲۲) ضابطہ فوجداری سرکار عالی عمل میں لانے کے مجاز ہیں (۵) ہر ناظم فوجداری ضلع کو اختیارات انتقال مقدمات تحت ضمن (۲) دفعہ (۶ و ۴) ضابطہ فوجداری سرکار عالی دئے گئے (۶) ہر جائنٹ مجسٹریٹ کو اختیارات عدالت نظامت ضلع ناظم ضلع کے مستقر سے غیر حاضر ہونے کی صورت میں حسب ضمن (۲) دفعہ (۱۰) ضابطہ فوجداری سرکار عالی عمل میں لانے کا مجاز کیا گیا (۷) جائنٹ مجسٹریٹوں کو اُن مقدمات کے انفصال کے لئے جو ناظم ضلع ان کے سپرد کریں یا جن کی تحقیقات وہ ناظم مذکور کے مستقر سے غیر حاضر ہونے کے زمانہ میں آغاز کر چکے ہوں اختیارات عدالت نظامت ضلع بہ حیثیت ناظم خاص تحت دفعہ (۱۳) مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی عطا کئے گئے۔ (۸) جائنٹ مجسٹریٹوں کو اختیارات تحقیقات وجہ موت تحت دفعہ (۱۷۱) مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی دئے گئے (۹) جائنٹ مجسٹریٹوں کو اختیارات سماعت مرافعہ صرف متعلق تجاویز ناظمان فوجداری درجہ سوم تحت ضمن (۲) دفعہ (۳۳۵) ضابطہ فوجداری سرکار عالی عطا کئے گئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۸) مورخہ ۲۳ خورداد ۱۳۱۵ف

مضمون (۴۲) عدالتہائے فوجداری ضلع کے انتظامی کام کے انصرام کا طریقہ

گشتی عدالت العالیہ (۲۹) مورخہ ۸ شہریور ۱۳۱۳ف کی رو سے یہ ہدایت کی گئی تھی کہ انتظامی کام صرف ناظمان ضلع ہی کو انجام دینا چاہئے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہر قسم کا انتظامی کام ناظم ضلع کے سامنے پیش ہونے لگا۔ حالانکہ انتظامی کام دو قسم کا ہوتا ہے ایک نیم عدالتی انتظامی کام ہے اور دوسرا خاص انتظامی۔ نیم عدالتی انتظامی کام میں مقدمات

(۳۹) توضیح دفعہ (۹۴) فوجداری سرکار عالی | ناظم صاحب کوتوالی اضلاع کو اس امر پر اصرار تھا کہ جن اشخاص کو کوتوالی حسب دفعہ (۹۴) ضابطہ فوجداری سرکار عالی گرفتار کر سکتی ہے اُن کو عدالت متعلقہ میں چالان کرنے کی مجاز ہے لہذا یہ مسئلہ اجلاس استانامی عدالت العالیہ میں پیش کیا گیا اور بعد غور حکم ہوا کہ دفعہ (۹۴) ضابطہ فوجداری سرکار عالی کی رو سے جو اشخاص گرفتار کئے جائیں وہ بموجب ضمیمہ اول ضابطہ فوجداری عدالت میں چالان نہیں ہوسکتے بلکہ اُن کے متعلق عدالت متعلقہ کو فوراً اطلاع دیجائیگی اور حسب ہدایت عدالت ان کی نسبت تعمیل کیجائے گی یا عدالت میں جہاں تک جلد ممکن ہو بغرض اطلاع ومنظر حاصل کرنے ہدایت کے پیش کئے جائینگے یعنی اس امر سے مراد یہ ہے کہ اس قسم کے مقدمات قانوناً چالان نہیں ہوسکتے بلکہ بجائے چالان کے اُن میں پولس کو عدالت میں اطلاع دینی چاہئیے۔ پس آئندہ سے حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۶) مورخہ ۲۵ خورداد ۱۳۲۵ف

مسلسل (۴) نشان انگشت ملزم بح آ ناہرش واقعہ متعلقہ ہے | ناظم صاحب کوتوالی اضلاع کو یہ شکایت ہے کہ جب کسی ملزم کے متعلق سزایابی سابقہ کے ثبوت میں کوتوالی کے طرف سے اُس کا نقش انگشت پیش کیا جاتا ہے تو بعض عدالتیں اس کو شہادت میں داخل کرنے سے انکار کرتی ہیں لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے ہدایت کیجاتی ہے کہ حسب منشاء دفعہ (۵) قانون شہادت رزولیوشن نشان (۷) ۱۳۱۹ف نقش انگشت ملزم بح رائے ناہرش واقع متعلقہ ہے اور عدالت اس کو داخل شہادت کرکے رائے کی نسبت حکم سزا قایم کر سکتی ہے پس جملہ عدالتیں اس کے بموجب عمل کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۷) مورخہ ۳۲ خورداد ۱۳۱۵ف

مسلسل (۱۴) اختیارات اعلائے فوجداری ومائسٹ مجسٹریاں | چونکہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی کے نفاذ سے نظام فوجداری کے اختیارات وضابطہ کارروائی میں تغیر واقع ہوا ہے اور عدالت العالیہ کو عین دورہ معلوم ہوا کہ نہ صرف مختلف اضلاع میں مختلف طور پر عملدرآمد ہے بلکہ عموماً اجرائی کار میں سخت دقتیں پیش آرہی ہیں لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بہ منظوری سرکار مندرجہ مراسلات نشان (۶۰۸) مورخہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۱۴ف ونشان (۱۰۷۸) مورخہ ۲۴ خورداد ۱۳۱۵ف حسب ذیل

(۳) دفعہ (۴) قانون استشہاد ضمن (۹) میں ... ورساں کا فرد ... جو (۳) ضمن (۸) میں قیدی و محروس کی ہر قسم کی درخواست استشہاد سے مستثنیٰ ہے (۴) ضمن (۹) میں ملزم کی ... درخواست جو الزام سے متعلق ہو مستثنیٰ کی گئی ہے (۵) ضمن (۸) میں قیدی اور محروس لا الابتدا میں (۶) ضمن (۹) میں ملزم ایسا مقصود ہے جو قیدی و محروس نہ ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۲) مورخہ ۱۸ امرداد ۱۳۱۵ف

مضمون (۵) مقدمات جن میں ایذا رسانی کی ضرورت ہے بغرض ارسال عدالت مجاز منتقل کئے جائیں

عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ اکثر اہالیان ... سوم ایسے ملزمین کی نسبت جن کو بمقتضائے دفعہ ... تعزیرات سرکار عالی ایذا رسانی کی ضرورت ہوتی ہے اپنے اختیار کے اندر حکم ... کر کے مقدمہ کو ختم کر لیتے ہیں اور بغرض ارسال دوسرا عدالت مجاز میں سپرد نہیں کرتے ہیں لہٰذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے ہدایت کیجاتی ہے کہ حسب بعد تحقیقات کسی ملزم کی نسبت بربنائے سزایابی سابقہ بحسب دفعہ (۷۵) مجموعہ تعزیرات سرکار عالی ایذا رسانی کی ضرورت ہو حسب دفعہ (۲۸۰) مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی اس کو عدالت مجاز میں بغرض تجویز سپرد کرنا لازم ہے پس حسبہ عمل ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۳) مورخہ ۱۵ شہریور ۱۳۱۵ف

مضمون (۶) اندراج متعلقہ وصول جرمانہ کی کھتاؤنی رجسٹر نمبر (۶) متفرق میں کیجائے

عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ گشتی نشان (۲۴) فوجداری مورخہ ۲۴ مہر ۱۳۱۱ف کے فقرہ (۴) کے بموجب جو اشلہ وصول جرمانہ کے متعلق مرتب کیجاتی ہیں اُن کی کھتاؤنی کی نسبت بعض عدالتہائے اضلاع سرکار عالی میں غلط عمل ہو رہا ہے لہٰذا اجلاس انتظامی سے ہدایت کیجاتی ہے کہ وصول جرمانہ کی بابتہ جو اشلہ حسب فقرۂ محولۂ بالا مرتب کیجائیں اُن کی کھتاؤنی رجسٹر نمبر (۶) متفرق کے کھاتہ نمبر (۱۳) میں کی جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ مورخہ ۵ شہریور ۱۳۱۵ف

مضمون (۷) مقدمات زہر خورانی و سرقہ مویشی میں کافی سزا دی جائے

ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی کو شکایت ہے کہ بعض اضلاع میں چمڑے فروخت کرنے کی غرض سے زہر خورانی و سرقہ مویشی کے جرائم زیادہ ہوتے

متعلقہ واردات ہائے اتفاقی و مال لاوارث و ضبط بتحویل امین و تنقیح موجودات و داخل ہیں اور خالص انتظامی کام سے عملہ کا تقرر و تبدل و رخصت و سزا و تہذیب دفتر وغیرہ مراد ہے۔

لہذا اب اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بہ منظوری سرکار جو بذریعہ مراسلہ نشان (۸۷۷) واقع ۲۲ خورداد ۱۳۱۵ف نافذ ہوئی ہے حکم دیا جاتا ہے کہ اول الذکر کام کے متعلق ناظمان فوجداری ضلع مجاز ہیں کہ ایسے کل کام کو یا اس کا کوئی حصہ جائنٹ مجسٹریٹوں کے سپرد کردیں اور جب ناظم فوجداری ضلع مستقر سے غیر حاضر ہوں تو بالعموم جائنٹ مجسٹریٹ اس قسم کے کل کام کو انجام دیں۔ مگر خالص انتظامی کام حسب سابق ناظم فوجداری ضلع سے متعلق رہے گا خواہ وہ مستقر پر رہیں یا دورہ پر ہوں۔ اور اس کام کے متعلق اُن کا نگراں کار اور کی سیاسی سررشتہ دار عدالت فوجداری ہوا کرے گا جائنٹ مجسٹریٹوں کو اُس وقت تک کوئی اختیار عملہ عدالت فوجداری ضلع کے متعلق نہیں تھا۔ اس لحاظ مصلحت انتظامی اُن کو بہ استثنائے سررشتہ دار و ناظر باقی تمام عملہ پر ایک روپیہ تک جرمانہ کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۰) مورخہ ۴ امرداد ۱۳۱۵ف

ملغی و منسوخ (۲۳) ہیچ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری مورخہ ۱۹ دی ۱۳۱۱ف | گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۶) مورخہ ۱۹ دی ۱۳۱۱ف اُس زمانہ میں جاری کی گئی تھی جبکہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں مجموعہ ضابطہ فوجداری جاری نہیں ہوا تھا۔ چونکہ ضابطہ مذکور نافذ ہو گیا ہے اور گشتی محولہ صدر بوجہ منافات کے منسوخ ہو گئی ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ گشتی مذکور منسوخ ہے اور اُس کے موافق عمل نہ کیا جانا چاہئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۱۱ امرداد ۱۳۱۵ف

ملغی و منسوخ (۴۴) صراحت متعلق ضمن ۸ و ۹ دفعہ (۲) قانون رسوم عدالت | (۱) قانون رسوم عدالت کے ضمن (۸ و ۹) دفعہ ۴ کی صراحت جو بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۸۴ دیوانی ۱۳ مورخہ ۲۲ آبان ۱۳۱۰ف کی گئی تھی اُس کے متعلق عدالت ہائے ماتحت کو غلط فہمی ہو رہی ہے لہذا بہ منسوخی گشتی مذکور اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل ہدایت کیجاتی ہے:-

عدالتہائے سرکار عالی میں پیش کیا جائے تو عدالت ہائے مذکور بحسب دفعہ (۷۴) مجموعہ تعزیرات سرکار عالی المصاعف سزا کی تجویز ایسے ملزموں کے حق میں صادر ہوا کرے اگرچہ مجریہ باب مذکور بہ حیثیت کارروائی لائق (؟) منظوری نہیں ہے کیونکہ دفعہ (۷۴) مجموعہ تعزیرات سرکار عالی صرف ایسی سزایابی سے متعلق ہے جو اندرون ممالک محروسہ سرکار عالی عمل میں آئے تاہم اس لحاظ سے کہ عادی مجرم کافی سزایابی جلا انتظامی عدالت العالیہ سے ہدایت کیجاتی ہے کہ سزایابی برٹش انڈیا کے ثابت ہونے پر عدالت کو مجرم کے عادی ہونے کی نسبت کافی موقع رائے قایم کرنے کا ملتا ہے اور اصولاً عادی مجرموں کو بہ نسبت غیر عادی مجرموں کے زیادہ سزا دینی چاہیے۔ لہذا عدالت ہائے سرکار عالی اس لحاظ سے ایسے مجرموں کے حق میں کافی سزا صادر کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۹ اسفندار ۱۳۱۶ف

مضمون (۵) طرح دیگر الزامات منسوبہ ملزم بہ وارنٹ رہائی | (۱) عدالت عالیہ سے گشتی نشان (۱۰) فوجداری مورخہ ۲۰ اسفندار ۱۳۱۴ف اس لئے جاری ہوئی تھی کہ عدالت ہائے ماتحت سے جو ملزمین عدالت عالیہ میں بہ صیغہ تنقیح یا مرافعہ پیش ہوں ان کے متعلق وارنٹ رہائی میں یہ صراحت کردی جایا کرے کہ اس قیدی پر اور کوئی الزام تحقیقات طلب تو نہیں ہے۔

(۲) تجربہ سے یہ ثابت ہوا کہ اس گشتی کی تعمیل عدالت ہائے ماتحت سے پورے طور پر نہیں ہوسکتی ہے کیونکہ کسی ایک عدالت کو قیدی کی نسبت دیگر عدالتوں کے الزامات زیر تحقیقات کا پورا علم نہیں ہوتا۔

(۳) چونکہ مجلس کو اس سے بخوبی واقفیت رہتی ہے کہ قیدی کن عدالتوں کے احکام سے کن الزامات میں ماخوذ ہے لہذا حسب ایمائے عدالت العالیہ ناظم صاحب مجالس اضلاع سرکار عالی نے گشتی نشان (۱) مورخہ ۹ دی ۱۳۱۶ف جاری کی ہے جس سے آئندہ وارنٹ میں ایسی صراحت محبس سے ہوا کریگی تاکہ بصورت حکم رہائی یا برات ملزم اگر عدالت مناسب خیال کرے تو فوراً رہائی کا حکم دے سکے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ / دیوانی ۲ مورخہ یکم فروردی ۱۳۱۶ف

...اور چونکہ اکثر مقدمات تحقیقات کو توالی کی طرف سے عدالت ہائے متعلقہ میں چالان کیئے جاتے
...بعد تحقیل کے سامنے کاروائی ہوتی ہے اور مجرموں کو کافی سزادی جاتی ہے جس کی وجہ سے
...جرایم میں کمی ظاہر ہوتی ہے۔ چونکہ ایسے مقدمات میں جو عام رعایا کے جان و مال کی حفاظت
...متعلق ہوں فوری تحقیقات اور مناسب احکام سزا کا صادر کرنا ضرور ہے لہذا اجلاس انتظامی
...عدالت العالیہ سے ہدایت کیجاتی ہے کہ جب مقدمات نقب زنی، راہزنی یا سرقہ مویشی کو توالی یا کسی اور کی
...متعلق ہوں تو اُن میں باضابطہ تحقیقات بعجلت ممکنہ کرنی چاہیئے اور بصورت ثبوت جرم مجرموں کو
...سزا دیجانی چاہیئے اور اگر مجسٹریٹ تحقیقات کنندہ کو کافی اختیارات دربارۂ نفاذ سزا حاصل نہ ہوں۔
...ان کو حسب دفعہ (۲۸) مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی عدالت مقتدر میں سپرد کرنا چاہیئے۔

...گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۲۸ اردی بہشت ۱۳۱۶ ف

...نمبر (۴۹) بابت اوقات ادخال قیدیان ...یا ملزمین حوالات اضلاع ...	گشتی عدالت العالیہ نشان (۲۵) فوجداری مورخہ ۱۹ اردی بہشت ۱۳۱۰ ف میں ملزمین زیر دریافت کو چار بجے عصر تک محابس میں بھیجنے کا حکم

لیکن تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ پورے طور سے اس کی تعمیل دشوار ہے کیونکہ علی العموم فصل خصومات
...عدالتوں میں آخر وقت عدالت تک ہوتا رہتا ہے جس کی وجہ سے قیدی یا ملزمین دیر سے محبس کو
...جاتے اور اہل محبس کو ان کے محبس میں داخل کرنے میں عذر ہوتا ہے لہذا یہ تنسیخ گشتی محولہ بالا
...بمشورہ ناظم صاحب محابس اضلاع سرکار عالی اجلاس انتظامی سے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے جس پر عمل
...کیا جائے۔

(۱) عدالتوں کو لازم ہے کہ قیدیان یا ملزمین زیر دریافت کو ایسے اوقات پر بھیجیں کہ وہ محبس
...میں ...ائی موسم گرما میں شام کے ساڑھے چھ بجے تک اور دوسرے موسموں میں شام کے ساڑھے پانچ بجے تک
...میں داخل کیئے جاسکیں اور ان کی حفاظت کا کافی انتظام ہو سکے۔

...گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳) مورخہ ۲۸ اردی بہشت ۱۳۱۶ ف

...نمبر (۹۹) مقدمات تلبیس ...سکہ میں عادی مجرموں کو کافی سزا... ...مقدمات تلبیس سکہ میں جب ملزمین کی نسبت	ناظم صاحب کو توالی اضلاع سرکار عالی نے یہ تحریک کی ہے کہ... برٹش انڈیا کی سزایابی سابقہ کا ثبوت بذریعہ پی ارسلپ کے

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۷) مورخہ یکم فروردی ۱۳۱۶ ف

مضمون (۵۳) تیاری نقشہ جات مواقع واردات وغیرہ | حسب منشاء محکمہ سرکاری مصرحہ ذیل عدالت صدر مصحوبہ مراسلہ نشان ۱۱۴ مورخہ ۲۸ بہمن ۱۳۱۶ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ مقدمات فوجداری میں جب کبھی موقعہ واردات و مقام قیام گواہان وغیرہ کے نقشہ جات تیار کرنے کی ضرورت پیش آئے تو ایسے نقشہ جات بجائے ملازمین سررشتہ تعمیرات کے اشخاص غیر ملازمین سرکاری سے بہ ادائی اجرت تیار کرائے جایا کریں پس حسبہ عمل ہو

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۸ / دیوانی ۴ مورخہ ۱۵ فروردی ۱۳۱۶ ف

مضمون (۵۴) اسناد نیلامی جائداد غیر منقولہ کی رجسٹری لازم ہے | عدالت دیوانی ضلع میدک کی تحریر سے معلوم ہوا ہے کہ عدالت مذکور میں اسناد نیلامی کی رجسٹری نہیں کرائی جاتی ہے جو خلاف قاعدہ ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ جب کبھی عدالت سے سند مشتری نیلام کو دی جائے تو بہ پابندی احکام دفعہ (۱۱) قانون رجسٹری اس کی رجسٹری کرائی جایا کرے پس حسبہ عمل ہو فقط

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۹) مورخہ ۵ اردی بہشت ۱۳۱۶ ف

مضمون (۵۵) ملازمین سرکاری پر استغاثہ فوجداری دائر ہو تو سمن کے ہمراہ نقل عرضی استغاثہ بھیجی جائے | عدالت فوجداری ضلع عثمان آباد کی تحریر سے واضح ہوا ہے کہ جب ملازمین سرکاری پر کوئی استغاثہ فوجداری دائر ہوتا ہے اور اس کے سمن بغرض تعمیل محکمہ متعلقہ میں بھیجا جاتا ہے تو وہاں سے یہ عذر ہوتا ہے کہ سمن کے ساتھ عرضی استغاثہ کی نقل بھیجی جائے تو سمن کی تعمیل کی جائیگی جس سے کارروائی میں طوالت ہوتی ہے لہذا حسب منظوری سرکار جو بذریعہ مراسلہ نشان (۷۹۹) مورخہ ۳۱ فروردی ۱۳۱۶ف حاصل ہوئی ہے اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ جب ملازمین سرکاری پر استغاثہ فوجداری دائر ہو اور سمن بغرض تعمیل بھیجے جائیں تو ان کے ہمراہ عرضی استغاثہ کی نقل بھی بھیجی جایا کرے۔ پس حسبہ عمل کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ / دیوانی ۵ مورخہ ۲۴ اردی بہشت ۱۳۱۶ ف

مضمون (۴۴) علاقہ جاگیر کے مدیون کاشتکاروں کی اراضیات بلا منظوری عدالت العالیہ ہراج ہوں

صوبہ دار صاحب صوبہ گلبرگہ کی تحریر سے واضح ہوا تھا کہ علاقہ جاگیرات کے مدیون کاشتکاروں کی اراضیات بلا منظوری عدالت العالیہ نیلام ہوتی ہیں جس کی وجہ سے اُن کے حقوق کا تحفظ جیسا کہ چاہئے نہیں ہوتا ہے۔

لہذا حسب منظوری سرکار جو ذریعہ مراسلہ محکمہ پیشی سرکار صیغہ عدالت نشان (۵۶۹۳) مورخہ ۱۹ اسفندار سنہ ۱۳۱۵ف حاصل ہوئی ہے اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے اجرائی ڈگری میں علاقہ جاگیر کے مدیون کاشتکاروں کی مقروضہ اراضی کا نیلام بلا حصول منظوری عدالت العالیہ نہ ہوا کرے۔ عدالت ہائے علاقہ جاگیر پر لازم ہوگا کہ بصورت ضرورت جس طریقہ و توسط سے تختہ جات نیلام اراضی کاشتکاران علاقہ خالصہ گشتی نشان (۲۰) دیوانی مورخہ ۲۷ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۵ف عدالت العالیہ میں بغرض منظوری بھیجے جاتے ہیں اُسی طریق و توسط سے تختہ جات نیلام اراضی کاشتکاران علاقہ جاگیر روانہ کریں۔

صدور اس علاقہ پر بھی لازم ہوگا کہ حسب ہدایت نمبر جب اُن کے یہاں تختہ جات موصول ہوں تو اپنی رائے کے ساتھ عدالت العالیہ میں بغرض حصول منظوری روانہ کریں تاکہ عدالت العالیہ سے اُن کی نسبت تجویز مناسب ہوا کرے جس پر عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت الممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۶}}{\text{دیوانی ۳}}$ مورخہ یکم فروردی سنہ ۱۳۱۶ف

مضمون (۴۵) آمدنی عدالت کی جس مہینہ کی ہو اسی مہینہ کے حسابات میں بتلائی جائے

صدر عدالت صوبہ گلبرگہ کی تحریک سے عدالت العالیہ کو معلوم ہوا کہ عدالتہائے اضلاع متذکرہ مال و عدالت میں مالی اغراض کے لحاظ سے کردی بجز ماہ آبان کے ہر مہینہ کی ۲۵ تاریخ کو بند کردی جاتی ہے جس کی وجہ سے عدالت ہائے مذکور میں ختم ماہ تک جو کل جمع و خرچ رقم کا ہوتا ہے وہ ماہ آیندہ کے حسابات میں بتلایا جاتا ہے حالانکہ حسابی قاعدہ کی رو سے جس مہینہ کی آمدنی ہو اسی مہینہ کے حسابات میں بتلانا ضرور ہے اس لئے اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ جو رقم ہر مہینہ کی ۲۵ تاریخ کے بعد عدالت میں جمع ہو یا خرچ پڑے تو اسکو اسی مہینہ کے حسابات میں بتلایا جایا کرے اور اس قسم کی یادداشت بھی لکھ لیا کرے کہ کون رقم صیغہ عدالت کی سررشتہ مال میں کس تاریخ کو جمع ہوئی تاکہ ختم سال پر گوشوارہ سررشتہ مال سے عدالتی رقوم کے حسابات کے مطابقت کرنے میں دقت نہ واقع ہو۔

اعلامیہ نمبر اول ۲ نمبر ۱۴ ۳۰ مطبوعہ ۳ فروردی سنہ ۱۳۱۶ ف کی طرف مثلاً عدالت ہائے فوجداری سرکار عالی کو توجہ دلائی جاتی ہے جس میں یہ حکم ہے کہ قانون پولیس نشان (۹) بابتہ سنہ ۱۳۰۹ ف کی دفعہ (۳۳) میں خطوط یا کسی اشیاء ڈاک کے چرانے چھپانے تلف کرنے یا پھاڑ دینے یا روک رکھنے کے جرائم کے لئے ایسی قید کی سزا مقرر ہے جس کی میعاد سات سال تک ہو سکتی ہے تاہم ان جرائم اور دوسرے جرائم متعلقہ قانون ڈاک میں بہت خفیف سزائیں تجویز ہوتی ہیں اس لئے آئندہ سے اس قسم کے جرائم ثابت ہونے پر جو سزا عدالت ہائے فوجداری سرکار عالی سے تجویز کی جائے وہ کافی ہونی چاہئے تاکہ دوسروں کو عبرت ہو سکے اگرچہ یہ جرائم مسروقہ یا چھپائے ہوئے یا تلف کئے ہوئے اشیاء کی مالیت یا اہمیت کے لحاظ سے سنگین نہیں ہیں لیکن اس ضرر عظیم کے لحاظ سے سنگین ہیں جو عوام کو اس وجہ سے پہنچتا ہے کہ سررشتہ ڈاک پر ان کو بھروسہ نہیں رہتا ہے اور نیز عدالت ہائے العالیہ فوجداری کو یہ بھی احتیاط رکھنی چاہئے کہ اس قسم کے مقدمات کی سماعت کو بلا کسی شدید ضرورت کے ملتوی نہ رکھا جائے بلکہ بمجرد مکمل وجہ ثبوت پیش ہونے کے مقدمات کا فیصلہ کر دیا جایا کرے

کشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۱۳}}{\text{دیوانی ۷}}$ مورخہ ۳۰ خورداد سنہ ۱۳۱۶ ف

نمبر (۵۹) توضیح دفعہ (۵) دستور العمل کتب خانجات عدالت ہائے سرکار عالی	عدالت دیوانی بلدہ نے تحریک کی تھی کہ آنریری ججوں کو جو کارگزار ہیں اور نیز نائب سررشتہ داروں کو جنکی تنخواہ (۵۰) حالی ہے ہر وقت

کتب سرکاری کے معائنہ کی ضرورت واقع ہوتی ہے لیکن دستور العمل کتب خانجات عدالت ہائے سرکار عالی کی دفعہ (۵) میں ان اشخاص کی نسبت کوئی صراحت نہیں ہے۔ بناء علیہ یہ کارروائی اجلاس انتظامی میں پیش کی گئی اور اب حسب منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۹۰۱۱) مورخہ ۱۷ خورداد سنہ ۱۳۱۶ ف بسلسلہ گشتی عدالت العالیہ نشان (۳۰) فوجداری دیوانی (۲۱) مورخہ ۱۸ شہریور سنہ ۱۳۱۲ ف حکم دیا جاتا ہے کہ دستور العمل مذکور کی دفعہ (۵) کے بعد حسب ذیل توضیح اضافہ کی جائے۔

توضیح۔ حکام عدالت میں آنریری ججان و مجسٹریٹان و سررشتہ داران عدالت میں نائب سررشتہ دار بھی داخل ہیں۔

کشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۱۴}}{\text{دیوانی ۸}}$ مورخہ ۳ مہر سنہ ۱۳۱۶ ف

(۵۶) مضمون حملہ ملازمین بوقت درخواست رخصت خاص تحریری قرار نامہ داخل کیا کریں | حسب منشا گشتی دفتر پیشی نشان (۶۱) مورخہ ۲۶ آذر ۱۳۱۶ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ اگر کوئی ملازم رخصت خاص کی درخواست پیش کرے تو اُسپر لازم ہوگا کہ ایک تحریری اقرار نامہ اس مضمون کا داخل کرے کہ رخصت مستدعیہ سے خدمت پر عود کرنے کے بعد تین ماہ تک اس کا قصد نہیں ہے کہ وظیفہ لے یا کسی قسم کی طول طویل رخصت حاصل کرے لیکن اس اقرار نامہ کی اُس صورت میں ضرورت نہ ہوگی جب کسی ملازم نے رخصت خاص کے ساتھ رخصت بیماری یا خانگی کا اتصال بموجب گشتی فینانس نشان (۴۲) مورخہ ۳۰ اردی بہشت ۱۳۱۵ف کیا ہو۔

(۲) زمانہ رخصت خاص میں کسی ملازم کو تنخواہ رساں رخصت پانے کا حق اُسی صورت میں ہوگا کہ وہ بعد ختم رخصت کے بعد واپس آنیکا قصد ظاہر کرے پس آیندہ حسبہ عمل ہوا کرے اور تحریکات رخصت خاص کے ساتھ اقرار نامہ جات مصدقہ نقول بھیجی جایا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت الممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ مورخہ ۱۲ خورداد ۱۳۱۶ف

مضمون (۵۰) ترمیم فقرہ (۳) گشتی نشان (۳۸) فوجداری بابتہ ۱۳۱۱ف | گشتی عدالت العالیہ نشان (۳۸) فوجداری مورخہ ۸ امرداد ۱۳۱۱ف کے فقرہ (۳) میں قصاص کے متعلق یہ حکم ہے کہ طبیب سرکاری اس امر کی تصدیق کیا کرے کہ جسم میں روح باقی نہیں ہے لیکن چونکہ قصاص کی صورت میں ہلاکت واقعی کی نسبت کسی امر کا شبہہ ہی باقی نہیں رہتا ہے لہذا بعد منظوری سرکار جو ذریعہ مراسلہ نشان (۱۰۳۸) مورخہ ۴ خورداد ۱۳۱۶ف محکمہ سرکار صیغہ عدالت حاصل ہوئی گشتی مذکور کا جو جزو طبیب سرکاری کی تصدیق کے متعلق ہے وہ حذف و منسوخ کیا جاتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت الممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ مورخہ ۲۳ خورداد ۱۳۱۶ف

مضمون (۵۱) تجویز سزائے سخت مقدمات خلاف ورزی قانون پٹہ سرکار عالی | چونکہ جرائم متعلقہ سررشتہ پٹہ کی بابت جو سزائیں تجویز کیجاتی ہیں وہ ناکافی ہوتی ہیں اور ایسے جرائم کو وہ اکثر اوقات نفسہ خفیف ہوتے ہیں اس اعتبار سے سنگین نتایج ہوا کرتے ہیں جس کی وجہ سے عوام کا اطمینان سررشتہ پٹہ کی نسبت جاتا رہتا ہے اور سررشتہ پٹہ پر بُرا اثر مترتب ہوتا ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے تعمیل احکام مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ پٹہ نشان ۱ بابتہ ۱۳۱۶ف مورخہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۱۶ف مندرجہ جریدہ

بہ اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے تحقیقات مازمین زیر دریافت کا عدالتوں سے محکمہ سرکا میں بھیجا ضرور نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۶۹) مورخہ ۴ شہریور ۱۳۱۷ف

مضمون (۱۳۹) موازنہ شہادت میں طبیب آصیر کی سند کی وقعت | مہتمم صاحب صفائی بلدہ نے یہ شکایت پیش کی ہے کہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۴۷) مورخہ ۱۱ آبان ۱۳۱۶ف جو بربنائے حکم سرکار جاری ہوئی ہے اُس پر اکثر اوقات آنریری مجسٹریٹ پورے طور سے عمل نہیں کرتے ہیں اور طبیب آصیر کی مصدقہ سند کو ثبوت کے لئے کافی نہیں تصور کرتے ہیں اس لئے مجددا بہ توضیح گشتی مندرجہ بالا حسب ذیل احکام بعد منظوری اجلاس انتظامی عدالت العالیہ صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) جب اشیاء خوردنی میں آمیزش اشیاء مضر صحت کی رپورٹ پیش ہو تو اہالیان محکمہ صفائی کو چاہیئے کہ شئے متنازعہ کو بہ موجودگی گواہان سربمہر کرکے اور اُس پر فروخت کنندہ اور شہود کے دستخط لینے کے بعد بغرض امتحان کی جانے کے طبیب آصیر صاحب کے ملاحظہ میں پیش کریں۔

(۲) طبیب آصیر کو لازم ہوگا کہ ایسے مشتبہ اشیاء کا کیمیائی امتحان کرکے نتیجہ امتحان لوضاحت کامل تحریر کریں تاکہ عدالت کو معلوم ہوسکے کہ شئے متنازعہ میں کس چیز کی آمیزش کس قدر کی گئی ہے اور اُس سے خلایق کی صحت پر کس قسم کا مضر اثر ہوسکتا ہے۔

(۳) طبیب آصیر جس کا درجہ سرجن ضلع سے کم نہ ہو تو اُس کی سند جو خاصیت اشیاء کے معاینہ کے متعلق وضاحت سے ہوگی وُہ عدالت کے نزدیک بادی النظر میں ثبوت طبی کے موجودگی کے لئے کافی تصور کیجا سکے گی۔ لیکن اگر کوئی ثبوت اس کے مخالف پیش ہو تو عدالت اسکی صحت تسلیم کرنے کی مجاز ہے

(۴) اگر فریقین چاہیں تو اس سند کے خلاف یا اُس کی تائید میں ثبوت حسب صوابدید خود پیش کرسکتے ہیں یا بذریعۂ عدالت شہادت طلب کرسکتے ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۷۰) مورخہ ۳۰ مہر ۱۳۱۷ف

مضمون (۱۴۰) طریقہ تعمیل حکم سزا تازیانہ | حسب منظوری سرکار مندرجۂ مراسلہ محکمہ سرکار معینہ عدالت نشان ۲۲۶۲ مورخہ ۱۳ مہر ۱۳۱۷ف اجلاس انتظامی سے حسب ذیل احکام جاری کئے جاتے ہیں:-

(۱۰) تصریح ادخالات روانگی وغیرہ تختہ جات مقامات دورہ | صدر محاسب سرکار عالی سے گشتی نشان (۹) مورخہ ۲۷ بہمن ۱۳۱۶ف مدین مضمون جاری ہوئی ہے کہ اغراض تنقیح بر آورد ات دورہ کے لئے تختہ مقامات میں ادخالات روانگی وغیرہ درج ہوا کریں۔ چونکہ ایسے اخراجات کی منظوری کی ضرورت حکام دورہ کنندگان کو لاحق ہوا کرتی ہے اس لئے اجلاس انتظامی سے حکم دیا جاتا ہے کہ گشتی مذکورہ کے ذریعہ سے جو نمونہ تختہ کا جاری ہوا ہے اُس کے موافق تختہ جات اخراجات دورہ مرتب کرکے بغرض منظوری بھیجے جایا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۰ بہمن ۱۳۱۷ف

متعلق (۱۱) انتقال مجرمین نابالغ بمقام جالنہ | (۱) چونکہ کمسن مجرمین کا پختہ در مجرمین کے ساتھ محابس میں بزمانہ قید بسر کرنے سے اُن کے چلن پر بُرا اثر پڑتا ہے اور اب ایسے نابالغ مجرمین کے لئے بمقام جالنہ تادیب خانہ اس غرض سے کھولا گیا ہے کہ مجرمین نابالغ اپنے زمانہ سزایابی میں کسی پیشہ کو سیکھ لیں اس لئے حسب منشاء مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۲۰۱۰) مورخہ ۱۹ اردیبہشت ۱۳۱۶ف اجلاس انتظامی سے حکم دیا جاتا ہے کہ مجرمین نابالغ جنکی عمر ۱۶ سال سے کم ہو اگر ان کو دو مہینہ سے زاید قید کی سزا دی جائے تو جس طرح سے اور قیدیوں کو محابس متعلقہ میں بھیجا جا رہا ہے اسی طرح ان کو داروغہ تادیب خانہ واقع مقام جالنہ کے پاس بذریعہ پولیس راست بھیجا جایا کرے اور اس کے ساتھ ہی اس کی اطلاع ناظم صاحب محابس ممالک سرکار عالی کو دی جایا کرے۔

(۲) بہتر یہ ہے کہ مذکورہ کمسن لڑکوں کو اتنی کافی میعاد سزا دی جایا کرے کہ وہ مدت سزا میں کسی کام کو سیکھ لیا کریں۔ نوٹ اس گشتی کا اثر نابالغہ اناث پر نہیں پڑیگا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۱۷ف

متعلق (۱) ممانعت ترسیل تختہ قیدیاں زیر دریافت | بر بنا گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۲۱ خورداد ۱۳۱۲ف و نشان فوجداری (۸) مورخہ ۷ اسفندار ۱۳۱۳ف جو تختہ جات ملزمین زیر دریافت عدالتوں سے محکمہ سرکار میں بھیجے جایا کرتے تھے اُس کے متعلق سرکار نے بذریعہ مراسلہ نشان (۸۰۰) مورخہ ۲۴ فروردی ۱۳۱۷ف ارشاد فرمایا ہے کہ عدالتوں سے ان تختہ جات کا وصول ہونا ضرور نہیں ہے درحالیکہ محابس سے تختہ جات وصول ہوتے ہیں اور وہی کافی ہیں پس بہ منشاء حکم سرکار مذکورۂ بالا عدالت العالیہ

داشت میں تنقیح عرائض استغاثہ کے اور تنقیح حالات چالان پیش کردہ پولیس کے متعلق کوئی کافی انتظام نہیں کیا ہے
اور اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس کے واسطے اب تک کوئی فارم مقرر نہیں ہے لہذا اجلاس انتظامی
عدالت العالیہ سے نمونہ ہائے یادداشت تنقیح عرضی استغاثہ و چالان ذریعہ ہذا جاری کئے جاتے
ہیں آیندہ سے عدالت ہائے فوجداری ممالک محروسہ سرکار عالی میں عرائض استغاثہ اور تنقیح ہائے
چالان پیش کردہ پولیس کی تنقیح بموجب نمونہ ہائے منسلکہ گشتی ہذا ہوا کرے۔

نمونہ یادداشت تنقیح عرضی استغاثہ فوجداری

(۱) کیا استغاثہ پیش کرنے والا مجاز اس کے پیش کرنے کا ہے اور بصورت مختار ہونے کے ملازم
یا قرابت دار مستغیث کا ہے۔
(۲) کیا عرضی استغاثہ زبان مروجہ عدالت میں فقرہ وار عبارت صاف بلا طوالت و دلائل لکھی گئی ہے
(۳) اور روبخواست استغاثہ کافی قیمت کا عد مختوم پر ہے اور اگر نہیں ہے تو اس کی وجہ
درج عرضی ہے یا بادی النظر میں معلوم ہو سکتی ہے۔
(۴) کیا درخواست پر دستخط مستغیث ثبت ہیں۔
(۵) کیا اسماء فریقین و خصوصاً ملزمین بقید ولدیت و سکونت و پیشہ و عمر صحت سے درج ہے
(۶) کیا علت بہ صراحت دفعہ تعزیرات سرکار عالی اور اگر وہ الزام کسی اور قانون مختص الامر
یا مختص المقام کے لحاظ سے لگایا گیا ہے تو بحوالہ اس قانون کے درج ہے۔ اور بہ لحاظ واقعات مندرجہ
عرضی استغاثہ صحیح علت قایم کی گئی ہے۔
(۷) کیا تاریخ و مقام ظہور استغاثہ درج ہیں اور مقام واردات اندرون حدود دار رسی عدالت ہے
(۸) آیا گواہوں کے نام جن کا تعلق استغاثہ سے ہے بقید ولدیت و سکونت و پیشہ و عمر
درج ہیں اگر نہیں تو اس کی کوئی وجہ درج ہے۔
(۹) آیا حسب قواعد نافذہ مستغاثہ قابل سماعت عدالت ہذا ہے۔
(۱۰) آیا بہ لحاظ واقعات مندرجۂ عرضی استغاثہ کوئی امر بطور خاص قابل لحاظ ہے۔

نمونہ یادداشت تنقیح مقدمات فوجداری چالانی پولیس

(۱) کیا تختہ قرارداد جرم موافق نمونہ کے ہے اور اس کی خانہ پری صحیح ہے۔
(۲) آیا فریقین کے نام بقید ولدیت و سکونت و پیشہ و عمر صحت سے درج ہیں۔

(۱) مجرمین قابل سزائے تازیانہ کو مکان عدالت سے علیحدہ مقام میں یا کسی احاطہ میں یا جیلخانہ میں تازیانہ لگائے جائیں (۲) اگر ممکن ہو تو بطلاع عدالت تازیانہ کے لگائے جانے کے وقت طبیب کو موقعہ پر حاضر رکھیں (۳) بروقت تعمیل سزائے تازیانہ مجرم کے چوتڑوں پر ایک باریک کپڑا اینٹی سپٹک میں بھیگا ہوا پھیلا دیا جائے یہ اینٹی سپٹک یا پیور کلورائیڈ آف مرکری کا سالوشن (۲۰۰) میں ایک قوت کا ہو یا کاربالک لوشن (۴۰) میں ایک قوت کا۔ (۴) بید جو استعمال کیا جائے وہ سولہ سال سے زاید عمر والوں کے لئے از روئے قانون کم سے کم قطر میں ½ انچ سے زیادہ نہ ہو اور کم عمر مجرمین کے لئے اس سے بھی ہلکا بید ہو۔ لیکن کم عمر مجرمین کو پندرہ سے زاید بید نہ لگائے جائیں۔ اگرچہ حسب دفعہ (۳۵) تعزیرات سرکار عالی اس کی انتہائی تعداد (۲۹) قرار دی گئی ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری مورخہ ۲۸ آبان ۱۳۱۷ف

ناظم صاحب عدالت فوجداری ضلع نلگنڈہ نے	مضمون (۶۵) امتناع انتقال قیدیان زیر دریافت مجالس مختلف

تحریک کی تھی کہ صیغہ محبس قیدیان زیر دریافت ان مقدمات میں جو تفویض بصدر ہوئے ہیں قبل صدور حکم اخیر دوسرے محبس میں منتقل کر دئیے جاتے ہیں جس سے سخت دشواری لاحق ہوتی ہے۔

بناءً علیہ ناظم صاحب صاحب مجالس اضلاع سرکار عالی سے اس بارہ میں مراسلت کرنے کے بعد اجلاس استقلالی سے حسب ذیل احکام جاری کئے جاتے ہیں۔

(۱) عہدہ داران محبس اُن قیدیوں کو جن کی نسبت حکم سزائے اخیر صادر ہو چکا ہو ایک محبس سے دوسرے محبس میں منتقل کر سکتے ہیں لیکن اُن مقدمات میں جنہیں تجویز اخیر صادر نہ ہوئی ہو قیدیان زیر دریافت بلا اجازت عدالت متعلقہ ایک محبس سے دوسرے محبس میں منتقل نہ کئے جائیں۔

(۲) البتہ وہ قیدیان زیر دریافت جن کی نسبت عہدہ داران مجالس کو بوجہ اُن کے شریر النفس یا عادی مجرم یا مباشرین جرم سنگین ہونے کے گمان فراری وغیرہ ہو تو بجز سنٹرل جیل کے ایک محبس ذیلی سے دوسرے محبس ذیلی میں بہ اجازت عدالت متعلقہ منتقل کئے جا سکتے ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری مورخہ ۲۷ اسفندار ۱۳۱۸ف

(۱) عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ عدالت ہائے	مضمون (۶۶) اجرائی فارم تنقیح عرائض استغاثہ تحت میالان کوتوالی

مطبوعہ (۱۸) اختیارات جرمانہ املا فوجداری ملازمان عملہ دوار دیوانی عدالت منصفی و تحصیلات	ناظم صاحب عدالت فوجداری ضلع محبوب نگر نے تحریک کی کہ منصف مارائن پیٹھ کو اختیارات فوجداری درجہ سوم دئے گئے ہیں اور

وہ عملہ دیوانی سے فوجداری کا کام لیتے ہیں عملہ دیوانی ماتحت ناظم صاحب دیوانی ہونے کی وجہ سے عدالت فوجداری ضلع کو کسی قسم کا اختیار اُس عملہ پر نہیں ہے ، بصورت عدم تعمیل احکامات و عدم وصول تخت جات وقت کسی نہ کسی وقت تدارک کی ضرورت ہونے والی ہے پس جس طرح جائنٹ مجسٹریٹ صاحبوں کو جو ناظم دیوانی ہیں عملہ فوجداری ضلع پر حسب گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۸) ۱۳۱۵ف اختیار جرمانہ دیا گیا ہے اسی طرح ان ضرورتوں کے لحاظ سے عملہ دیوانی منصفی و تحصیلات پر ناظم فوجداری ضلع کو کسی قدر جرمانہ کا اختیار ہونا چاہئے۔

اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے ناظم صاحب فوجداری ضلع محبوب نگر کی تحریک پر غور کرنے کے بعد بلحاظ اس کے کہ تعمیل احکامات اور وصول تخت جات وغیرہ میں عملہ منصفی و تحصیل تساہل نہ کرے ناظم صاحب عدالت فوجداری ضلع محبوب نگر کی تحریک قابل منظوری معلوم ہوی۔ بناءً علیہ بہ منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۱۰۰) مورخہ ۸ مرفروردی ۱۳۱۸ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے ناظمان عدالت فوجداری ضلع عدالت منصفی اور عدالت تحصیل کے عملہ پر جہاں تک کہ فوجداری کام سے تعلق ہے بوقت ضرورت بالتشخیص سررشتہ دار و ناظر (ایک روپیہ تک) جرمانہ کرنے کے مجاز کئے جاتے ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳ / دیوانی ۴ مورخہ ۳ امرخورداد ۱۳۱۸ف

مطبوعہ (۱۹) طلبی ڈاکٹران بغرض ادائی شہادت	بربنائے تحریر ناظم صاحب طبابت معلوم ہوا کہ ایک ہی مقدمہ میں

متعدد مرتبہ ڈاکٹروں کو ادائی شہادت کے واسطے طلب کیا جاتا ہے جس کا نتیجہ نہ صرف یہ ہوتا ہے کہ کارروائی میں طول ہوتا ہے بلکہ سرکار پر اخراجات کا بار اور ڈاکٹروں کی عدم موجودگی سے دواخانوں کے کام پر بُرا اثر پڑتا ہے پس بربنائے تحریک ناظم صاحب موصوف حسب الحکم نواب معین المہام بہادر سرکار عالی صیغہ عدالت مندرجہ مراسلہ نشان (۱۴۲۵) مورخہ ۱۷ امرادی بہشت ۱۳۱۸ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم صادر کیا جاتا ہے کہ حتی الامکان ایک مقدمہ میں ڈاکٹروں کو یا کسی ملازم سرکاری کو ادائے شہادت کے لئے متعدد بار نہ طلب کیا جایا کرے جس سے سرکاری کام میں ہرج ہونے کا احتمال ہے جب کسی مقدمہ میں کوئی ڈاکٹر یا ملازم سرکاری جس تاریخ پر طلب ہو اُس تاریخ حتی الامکان اسکی شہادت ختم کردیجایا کرے

(۳) آیا علت کی کافی تصریح بحوالہ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی اور اگر الزام کسی اور قانون مختص الامر یا مختص المقام کے لحاظ سے لگایا گیا ہے تو بحوالہ اُس قانون کے درج ہے۔

(۴) آیا وقوع واردات کی تصریح بقید تاریخ و مقام و وقت درج ہے اور وہ مقام اندرون حدود ارضی عدالت ہذا واقع ہے۔

(۵) آیا مقدمہ قابل سماعت عدالت ہذا ہے۔

(۶) آیا الزام منسوبہ قابل دست اندازی پولس ہے اگر نہیں تو کیا پولس نے بحکم عدالت مجاز دست اندازی کی ہے اور اُس حکم کا داخلہ درج چالان ہے۔

(۷) کیا کل ملزمین جن کا اس مقدمہ سے تعلق بتایا جاتا ہے ہمراہ چالان پیش کئے گئے ہیں اگر نہیں تو بعض مفرور یا اُن ملزمین کی نسبت جو اس وقت تک گرفتار نہیں ہو سکے کیا کارروائی کی گئی ہے اور اُسکی اطلاع تختہ چالان میں درج ہے۔

(۸) آیا گواہوں سے جن کو مقدمہ کے حالات سے واقفیت ہو بمراد حاضری عدالت مچلکہ لیا گیا ہے اور اُن کے نام درج چالان ہیں۔

(۹) تاریخ گرفتاری ملزم کیا ہے اور تاریخ چالان مقدمہ کیا ہے۔ وقت گرفتاری ملزم سے (۲۴) گھنٹہ میں مقدمہ چالان کیا گیا ہے اگر نہیں تو اُس کی وجہ بصراحت کافی لکھی ہوئی ہے اور با ضابطہ عدالت مجاز سے مہلت لی گئی ہے اور آیا تختہ جات مہلت منظور شدہ منسلک ہیں۔

(۱۰) کیا ملزم وقت گرفتاری سے زیر حوالات حراست میں رہا یا کہ بطور خود رہا۔ بصورت مابعد ضمانت پر یا بلا ضمانت۔

(۱۱) کیا ملزم جب حوالات میں تھا تو اُس کو خوراک دی گئی ہے اور نہیں تو کیا وجہ ہے۔

(۱۲) مال مسروقہ کی مقدار کیا ہے کس قدر اُس میں سے برآمد ہوا اور برآمد شدہ مال تختہ چالان کے ساتھ حاضر عدالت کیا گیا ہے یا نہیں۔

(۱۳) آیا مال بہ لحاظ اپنی نوعیت کلاً یا جزاً خراب یا تلف ہو جانے والا تو نہیں ہے اور اگر وہ از قسم جانوران ہے تو اُس کی خوراکی وغیرہ کا کیا انتظام کیا گیا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۲}}{\text{دیوانی ۳}}$ مورخہ ۲۶ فروری سنہ ۱۳۱۸ف

عدالت العالیہ سے رپورٹ پیش ہوئی کہ جب کہ ٹکٹ طلبانہ کام میں نہ آئے تو فریق داخل کنندہ کو وہ ٹکٹ واپس ملنا چاہئے لیکن چونکہ داخل ہونے کے بعد وہ قطع کردیا جاتا ہے اس واسطے اسکی واپسی بھی بیکار ہے اور اس سے فریق داخل کنندہ کو نقصان ہوتا ہے یہ مسئلہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۹) دیوانی (۹) بابتہ ۱۳۱۳ف نیز دیگر احکام کے ساتھ اجلاس انتظامی سے بعد غور و ملاحظہ گشتی مذکورہ و دیگر احکام حسب ذیل حکم صادر کیا جاتا ہے۔ درخواستہائے اپیل یا نگرانی کے ہمراہ مقدمہ کو نمبر پر لینے سے قبل طلبانہ کا داخل کرنا فریق پر لازم نہیں ہے یہ اس کا اختیاری امر ہے کہ نمبر پر لینے سے قبل چاہے داخل کرے یا نہ داخل کرے اور جبکہ وہ اپنی خوشی سے داخل کرتا ہے اور مثل میں شامل ہوکر قطع کردیا جاتا ہے تو عدالت کو اس کے واپسی کی نسبت مزید قاعدے کے جاری کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور اس لحاظ سے جو عمل بربنائے گشتی مذکورہ و دیگر احکام اس وقت تک جاری ہے اس میں کسی ترمیم کی ضرورت نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ / دیوانی ۷ مورخہ ۱۳ خورداد ۱۳۱۸ف

عدالت العالیہ سے بذریعہ گشتی نشان فوجداری (۴۸) دیوانی (۳۵) مورخہ ۱۱ شہریور ۱۳۱۶ف یہ حکم دیا گیا	مسلسل (۱۴) تنسیخ گشتی نشان فوجداری ۴۸ دیوانی ۳۵ مورخہ ۱۱ شہریور ۱۳۱۶ف بابت نگہداشت اسلحہ

تھا کہ عدالت ہائے تحصیلات و دوم و سوم تعلقداروں کے متعلقہ اسلحہ کا عدالت ضلع میں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ان کی حفاظت کا انتظام اسی عدالت کے محافظ خانہ میں ہونا چاہئے اس کے بعد ناظم صاحب صدر عدالت گلبرگہ نے عدالت العالیہ میں تحریک کی کہ گشتی مذکورہ کے نافذ ہونے کی وجہ سے عدالت ہائے ماتحت مذکورہ میں ترتیب و تہذیب اسلحہ کا انتظام نہیں ہوسکتا اور نہ تو اتلاف کاغذات کی عام طور پر تعمیل ممکن ہے کیونکہ عدالت ہائے مذکورہ میں دیوانی و فوجداری کا صرف ایک ایک کارکن ہے جس کو روزمرہ معمولی کام سے اس قدر فرصت نہیں ہوتی کہ تہذیب و اتلاف کے کام کو بھی وہ انجام دے سکے۔ ماسوا اس کے ان عدالتوں کے امکنہ میں اس قدر گنجائش بھی نہیں کہ وہاں پر کاغذات داخل دفتر شدہ رکھے جائیں برخلاف اسکے عدالت ضلع میں عملہ علیحدہ نائب محافظ دفتر خاص اس کام کے واسطے موجود ہیں اس لئے مثل سابق عدالت ہائے تحصیلات دوم و سوم تعلقداری کا دفتر عدالت ضلع میں رکھا جائے تو محافظ خانہ کا انتظام باقاعدہ ہوگا علاوہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ / دیوانی ۵ مورخہ ۱۴ خورداد ۱۳۱۸ف

مضمون: لزوم امتحان زبان ملکی بعہدہ داران عدالت و وضعات تنخواہ بصورت عدم کامیابی امتحان

(۱) بذریعہ مراسلہ نمبر (۱۹۱) مورخہ ۵ مردی ۱۳۱۸ف عالیجناب مہاراجہ سر یمین السلطنت بہادر مدار المہام سرکار عالی نے حکم صادر فرمایا ہے کہ آیندہ سے امتحان زبان ملکی اسپشل مجسٹریٹ اضلاع سرکار عالی و نظار دوم و سوم و چہارم عدالت ہائے دیوانی و فوجداری بلدہ و نظائے عدالت ہائے اضلاع و صدر مددگاران اسمات و مددگاران عدالتہائے اضلاع و منصفین کو دینا لازم ہے۔

(۲) جو عہدہ دار اس کے قبل امتحان جوڈیشل سے مستثنےٰ کیے گئے وہ زبان ملکی کے امتحان سے بھی مستثنےٰ ہوں گے۔

(۳) السنہ مروجہ ملک سرکار عالی میں سے کسی ایک زبان کا امتحان دینا لازم ہوگا جس کا تعین امتحان دینے والے کی مرضی پر منحصر ہوگا۔

(۴) جو عہدہ دار یکم تیر ۱۳۲۰ف تک امتحان دیگر کامیابی نہ حاصل کریں انکی ماہوار سے پہلے سال فیصدی (۵) اور دوسرے سال فیصدی (۱۰) اور تیسرے سال فیصدی (۱۵) ماہانہ وضع ہونگے اور اس کے بعد بھی وہ کامیابی حاصل نہ کریں تو بہ لحاظ حالات خاص وضعات کا عمل ہوگا۔

(۵) چونکہ یکم امرداد ۱۳۲۰ف سے عہدہ داران ناکامیاب زبان ملکی کی تنخواہ سے وضعات کا عمل حسب صراحت بالا شروع ہوگا لہذا جملہ عہدہ داراں مذکور کو ذریعہ ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی کامیابی امتحان زبان ملکی کی کیفیت سے جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی جس میں اس کا نتیجہ کامیابی شایع ہوا ہے معہ صراحت زبان تاریخ وصول حکم ہذا سے دو ماہ کے اندر عدالت العالیہ کو مطلع کریں اور اگر وہ ایسی امتحان میں کامیاب نہ ہوں تو یکم تیر سنہ ۱۳۲۰ف تک کامیاب ہونے کی کوشش کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ / دیوانی ۶ مورخہ ۱۴ خورداد ۱۳۱۸ف

مضمون: ٹکٹ طلبانہ عدالت میں داخل ہو جائے تو پھر وہ واپس ہو سکتا ہے یا نہیں

جب کسی درخواست کے ساتھ ٹکٹ طلبانہ داخل کیا جاتا ہے تو وہ روزنامچہ طلبانہ پر نصب کرکے فوراً قطع کر دیا جاتا ہے۔ عام ازینکہ اس غرض کی تکمیل ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو جس غرض کے واسطے وہ ٹکٹ طلبانہ داخل کیا گیا تھا شرشتہ دار

مراسلت کرنے کے بعد باتفاق رائے معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ فینانس بعد منظوری محکمہ سرکار صیغہ عدالت مسدر یہ نشان (۲۷۲) مورخہ ۱۴ تیر ۱۳۱۸ف اجلاس انتظامی سے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے کہ عہدہ داران عدالت بہ وقت تنقیح دفاتر عدالت ہائے ماتحت عدالتی رقوم مجتمعہ خزانہ اسال کی تصدیق کی ضرورت سے دفتر خزانہ کی گردی کو عہدہ دار عدالت دفتر خزانہ میں جاکر ملاحظہ کرسکتے ہیں لیکن اگر گردی تین سال قبل کی ہو تو عہدہ داران عدالت کی طلب پر وہ گردی عہدہ داران عدالت کے مقام پر خزانہ سے بھیجی جاسکتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ / دیوانی ۱۱ مورخہ یکم مہر ۱۳۱۸ف

ترمیم تختہ نمبر (۵) کارآموزان مقتدر

مسلکہ (۲) (۱) بذریعہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۱۰) دیوانی ۵ مورخہ ۴ اسفندار ۱۳۱۲ف جو نمونہ تختہ کارآموزان مقتدر کا جاری کیا گیا تھا اس سے کیفیت کارگزاری کارآموزان کی کامل طور پر معلوم نہیں ہوتی تھی اس لئے حسب منشاء مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۲۷۸۳) مورخہ ۱۸ خورداد ۱۳۱۸ف اجلاس انتظامی سے بذریعہ گشتی ہذا دوسرا نمونہ جاری کیا جاتا ہے۔

(۲) اکثر دیکھا جاتا ہے کہ تختہ کارآموزان میں انھیں کارآموزوں کا نام درج کیا جاتا ہے جو کارگزار ہوتے ہیں یہ عمل صحیح نہیں ہے آیندہ سے اُن کارآموزان کا نام بھی درج تختہ کیا جایا کرے جو بوجہ سفر مقام تعیناتی پر کارگزار نہ ہوں یا جو مطلقاً حاضر نہ ہوتے ہوں۔

(۳) تختہ حسب نمونہ مسلکہ موافق منشاء گشتی مذکورہ مجلس عالیہ عدالت میں ماہ آذر کی ۱ تاریخ تک بھیجا جایا کرے کیونکہ یہ تختہ یہاں سے قبل ختم آذر سرکار میں روانہ ہوا کریگا۔

ضمیمہ نمونہ نمبر ۵ تختہ کارآموزان مقتدر عدالت تعلقہ ضلع صوبہ بابتہ ۱۳ف مسلکہ گشتی نشان فوجداری ۱۰ / دیوانی ۱۱ مورخہ یکم مہر ۱۳۱۸ف

نشان مسلسل	نام کارآموز مع ولدیت	مقام تعیناتی	تاریخ آغاز کارآموزی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت حاضری			کیفیت کارگزاری		کیفیت
							[illegible]	[illegible]	[illegible]	تعداد مرجوعہ	تعداد منفصلہ	تعداد باقی	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴

اس کے رپورٹ ہائے تنقیح سالانہ عدالت ہائے ماتحت سے عدالت العالیہ میں جو وصول ہوا کرتے ہیں ان کے ملاحظہ سے ظاہر ہے کہ مذکورہ بالا عدالتوں میں اکثر قواعد اتلاف کی تعمیل نہیں ہوتی جسکی غالباً یہی وجہ ہوگی جو ناظم صاحب موصوف نے بیان کی ہے۔ بنا بر علیہ اجلاس انتظامی سے حکم دیا جاتا ہے کہ عدالت ہائے تحصیلات دوم و سوم تعلقداری کے اسماء مقدمات فیصل ہونے کے تین مہینے بعد دفتر عدالت ضلع میں بغرض نگہداشت بھیجدیا کریں جہاں پر اس کے متعلق قواعد اتلاف و نگہداشت امثلہ کا باقاعدہ انتظام ہوسکے گا۔

مخفی نہ رہے کہ گشتی ہذا ان امثلہ پر موثر نہ ہوگی جو تاریخ نفاذ گشتی ہذا سے پہلے عدالتہائے تحصیلات دوم و سوم تعلقداری میں داخل دفتر ہو چکے ہوں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۷) مورخہ ۱۰ امرداد ۱۳۱۸ف

مضمون (۲۲) عطاء اختیارات دفعہ ۵۳۳ ضابطہ فوجداری سرکار عالی بہ عہدہ داران سرکار عالی مقتدر مجسٹریٹی درجہ اول

اگرچہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۱۵) فوجداری مورخہ ۱۲ خورداد ۱۳۱۴ف کے ذریعہ سے بہ تائید دفعہ (۵۳۳) ضابطہ فوجداری سرکار عالی قواعد جاری کئے گئے ہیں لیکن ان کی تعمیل کما حقہ اس وجہ سے نہیں ہوسکتی ہے کہ بعض عہدہ داران فوجداری درجہ اول کو اختیارات مندرجہ دفعہ مذکور عام طور سے حاصل نہیں ہیں جس کے متعلق ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی نے بھی مجلس عالیہ عدالت میں تحریک کی ہے لہذا بعد منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ صیغہ عدالت نشان (۱۳۲۵) مورخہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۱۸ف اجلاس انتظامی مجلس عالیہ عدالت سے حکم دیا جاتا ہے کہ جن عہدہ داران سرکار عالی کو اختیار نظامت درجہ اول حاصل ہیں ان کو حسب دفعہ (۵۳۳) ضابطہ فوجداری سرکار عالی کارروائی کرنے کے اختیارات عطا کئے گئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ / دیوانی ۸ مورخہ ۱۰ امرداد ۱۳۱۸ف

مضمون (۲۳) عہدہ داران عدالت عدالتی رقوم محکمہ تحویل مال کو اگر سررشتہ مال کی کردی ہے مطابقت کرنا چاہتی ہیں تو اسکے طریقہ

ناظم صاحب صدر عدالت صوبہ ورنگل نے عدالت العالیہ میں تحریک کی کہ صیغہ عدالت سے رقوم خزانہ شاہی میں جو ارسال کیجاتی ہیں ان کی رسید رجسٹر نمبر (۱۴) پر فوطہ دار سررشتہ مال دیتا ہے لیکن ان رقوم کی سررشتہ مال کی کردی میں جمع ہونے کی تصدیق و مطابقت کرنے کی اہم ضرورت ہے بناءً علیہ محکمہ جات مالگزاری دفینالس

کا عمل معلوم ہوا ہے غیر ضروری ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت عدالت سرکار عالی نشان فوجداری ۳ دیوانی ۲ مورخہ یکم بہمن سنہ ۱۳۱۹ف

مضمون (۱) دربارہ تنسیخ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۲۵ دیوانی (۲۷) ۱۷ فروردی سنہ ۱۳۱۱ف بسبب تنقیح دماتر

چونکہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے گشتی نشانہ دیوانی (۱) فوجداری (۲) مورخہ یکم بہمن سنہ ۱۳۱۹ف دربارۂ یکسوئی تنقیح دفاتر عدالت ہائے دیوانی جاری ہو چکی ہے جس کی وجہ سے عدالت ہائے دیوانی کی تنقیح حاطر خواہ طور پر لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۵) دیوانی (۲۷) مورخہ ۱۷ فروردی سنہ ۱۳۱۱ف جہاں تک کہ اسکو دفاتر دیوانی کی تنقیح سے تعلق ہے منسوخ کیجاتی ہے جس کے بعد نظار فوجداری اضلاع کو عدالت ہائے دیوانی کی تنقیح سے کوئی تعلق نہیں رہتا ہے بس حسبہ عمل کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت عدالت سرکار عالی نشان فوجداری ۴ مورخہ یکم بہمن سنہ ۱۳۱۹ف

مضمون (۱) صراحت اس امر کی کہ مال مشتبہ غیر مدعوہ کا اندراج کس رجسٹر میں ہونا چاہئے۔

ناظم صاحب عدالت فوجداری ضلع نظام آباد نے عدالت العالیہ سے استصواب کیا کہ مال مشتبہ و مال غیر مدعوہ کو کس رجسٹر میں کھتیا کر کارروائی کرنی چاہئے۔ بناءً علیہ ماتحت عدالتوں سے اس بارہ میں عملدرآمد دریافت کیا گیا کہ عدالت العالیہ کو معلوم ہوا کہ تمام عدالتوں میں اموال مذکورہ کی نسبت ایک نہج پر عمل نہیں ہو رہا ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بہ تسلسل گشتی نشان دیوانی (۱۲) فوجداری (۱۱) مورخہ یکم آبان سنہ ۱۳۱۷ف حکم دیا جاتا ہے کہ اگر مال مشتبہ بہ تعلق کسی مقدمہ کے عدالت میں داخل ہو تو اُن کا اندراج رجسٹر نمبر (۱۲) میں کیا جائے اور اگر ایسا مال بہ تعلق کسی مقدمہ کے نہ ہو تو رجسٹر نمبر (۱۱) میں درج کیا جائے۔ موٹ گشتی نشان ۶۵ ماتہ سنہ ۱۳۲۶ف سہو ا مہرو ک ہوگئی ہے۔ یکم اخدام ماٹ ۔۔۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت عدالت سرکار عالی نشان فوجداری ۵ دیوانی ۲۴ مورخہ ۲۷ اسفندار سنہ ۱۳۱۹ف

مضمون (۹) توضیح گشتی نشان فوجداری ۳۸ دیوانی ۲۶ مورخہ ۳ مہر سنہ ۱۳۱۰ف نسبت تصدیق بیان حلفی تعمیل کنندہ سمن

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ عدالت ہائے ماتحت میں بہ تعمیل گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۳۸ دیوانی ۲۶ مورخہ ۳ مہر سنہ ۱۳۱۰ف بیان حلفی تعمیل کنندہ اطلاع نامجات لیکر بعد تصدیق ضابطہ شامل مثل نہیں کیا جاتا ہے حالانکہ بہ تعمیل

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۲۳ آذر ۱۳۱۹ف

مضمون (۵) مقدمات فوجداری دوران کارروائی میں حیثیت وجوہ پر ایک اجلاس سے دوسرے اجلاس پر منتقل نہ کریں

ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی نے محکمہ سرکار صیغہ عدالت میں یہ شکایت پیش کی کہ بعض اوقات ایسے مقدمات فوجداری جن میں صرف شہادت صفائی قلمبند کرنا باقی رہ جاتا ہے حکام عدالت ہائے اضلاع وجوہ ضعیف کی بنا پر ایک اجلاس سے دوسرے اجلاس پر منتقل کر دیتے ہیں جن سے مقدمات کا دوران بڑھ جاتا ہے اور کوتوالی کو مکرر شہادت پیش کرنے میں سخت دشواری ہوتی ہے پس عام طور پر ہدایت کیجاتی ہے کہ بلا ضرورت شدید ایسی حالت میں جبکہ شہادت کا ایک بڑا حصہ ختم ہو چکا ہو نظار فوجداری انتقال مقدمات کے احکام نہ صادر کیا کریں۔ نوٹ ایک نقل اسکی محکمہ سرکار صیغہ عدالت میں اور ایک نقل محکمہ کوتوالی اضلاع میں مرسل ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ / دیوانی ۱ مورخہ یکم بہمن ۱۳۱۹ف

مضمون (۶) نظار دیوانی کا سالانہ دورہ

عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ حکام عدالتہائے دیوانی کو دورہ کا موقع بہت کم ملتا ہے جس کی وجہ سے عدالت ہائے دیوانی کی سالانہ تنقیح اس طریقہ و نہج سے نہیں ہوتی ہے جو بغرض حسن انتظام عدالت ضروری ہے لہذا بغرض پابندی عدالت ہائے ماتحت حسب ذیل ہدایات از اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے جاری کئے جاتے ہیں۔

(۱) نظار عدالت ہائے دیوانی اضلاع پر لازم ہے کہ وہ حسب منشاء گشتی عدالت العالیہ نشان (۲) فوجداری (۲) دیوانی موجودہ مورخہ داؤ ۱۳۱۳ف سال میں ایک مرتبہ ضرور اپنے ضلع کی جملہ عدالتہائے دیوانی ماتحت کی تنقیح کیا کریں اور جہاں دفاتر رجسٹری ان سے متعلق ہوں وہاں دفاتر مذکور کی تنقیح بھی ان پر لازم ہے

(۲) نظارے دیوانی کو دفاتر عدالت ہائے دیوانی کی تنقیح کے ساتھ ان عدالتہائے فوجداری کے دفاتر کی بھی بصورت ضرورت تنقیح کرنی چاہئے جن کا مرافعہ وہ بہ حیثیت جائنٹ مجسٹریٹ ضلع سماعت کرنے کے مجاز ہیں اس میں ان کو نظار فوجداری اضلاع کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔

(۳) نظار دیوانی اپنے دورہ کا پروگرام بلحاظ اپنی عدالتوں کے ضروریات کے خود مرتب کرینگے۔ اور ان کو صرف یہ دیکھ لینا ضرور ہے کہ ان کے زمانہ عدم موجودگی میں مستقر مجسٹریٹ ضلع یا ناظم فوجداری دونوں سے خالی نہیں رہتا ہے نظار فوجداری اضلاع سے کسی خاص اجازت کا لینا جیسا کہ بعض اضلاع

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ / دیوانی ۶ مورخہ ۴ فروردی ۱۳۱۹ف

مضمون (۸۱) شکایت عدم تعمیل احکام بابت تعمیل سمن عدالت ہائے و سرشتہ جات مدارا

عدالت العالیہ کو ایک کارروائی کے ضمن میں معلوم ہوا کہ جو کمیشن یا اطلاعنامہ جات یا تار وغیرہ عدالت ہائے سرکار عظمت مدار سے عدالت ہائے سرکار عالی میں بغرض کارروائی وصول ہوتے ہیں نہ ان کا جواب بروقت دیا جاتا ہے اور نہ انکی تعمیل تعیین کے ساتھ کیجاتی ہے اور بعض صورت میں وہ گم بھی ہو جاتے ہیں جو نہایت نامناسب ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ بذریعہ گشتی ہذا ہدایت کیجاتی ہے کہ جب کوئی کمیشن یا اطلاعنامہ یا تار وغیرہ عدالتہائے سرکار عظمت مدار سے وصول ہو تو حفاظت کا عادت اُس کی تعمیل فوراً کرنی چاہئے اور عدالت مرسلہ کو صراحت کے ساتھ جلد جواب دیا جانا چاہئے سررشتہ داران عدالت ہائے اضلاع خاص طور اس گشتی کی تعمیل کے ذمہ دار کئے جاتے ہیں اگر کسی عدالت میں اس کے خلاف عمل پایا جائیگا تو تدارک کیا جائیگا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ / دیوانی ۷ مورخہ ۱۴ فروردی ۱۳۱۹ف

مضمون (۸۲) چار جوانان کوتوالی دورہ میں ہمراہ رہیں گے

بعض عدالتوں کی تحریک سے یہ معلوم ہوا کہ بروقت دورہ صرف دو جوانان کوتوالی ناظمان دیوانی کے ہمراہ رہتے ہیں اس لئے عدالت العالیہ سے محکمہ سرکار کو متوجہ کیا گیا اور حسب الحکم سرکار یہ طے کیا گیا ہے کہ بجائے دو جوانوں کے چار نفر جوانان کوتوالی کا بدرقہ بروقت دورہ ناظمان عدالت دیوانی اضلاع دئے جائیں۔ چنانچہ ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی نے بذریعہ مراسلہ نشان (۳۳۰۳) مورخہ ۲۵ بہمن ۱۳۱۹ف اطلاع دی ہے کہ بروقت دورہ چار جوان کا بدرقہ دیا جائیگا۔ پس آیندہ سے بحوالہ مراسلہ بالا چار جوانوں کا بدرقہ لیا جائے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ مورخہ ۱۵ فروردی ۱۳۱۹ف

مضمون (۸۳) تعمیل گشتی عدالت العالیہ نشان ۱ فوجداری مورخہ ۱۰ اسفندار ۱۳۱۸ف چالان کیساتھ نقول مع تختہ جات مہلت منسلک ہوا کریں

بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان (۱) فوجداری مورخہ ۱۰ اسفندار ۱۳۱۸ف جو نمونہ یادداشت تنقیح مقدمات فوجداری جاری کیا گیا ہے اُس کے فقرہ (۹) میں تختہ جات مہلت منظور شدہ چالان کے ساتھ منسلک کرنے کی قید لگائی گئی ہے۔ کوتوالی بلدہ سے یہ عذر پیش ہوا کہ زرخوراک کی منظوری حاصل کرنے کے لئے تختہ جات مذکور صدر محاسبی میں پیش

گشتی مذکورہ بیان حلفی کا لینا اور بعد تصدیق شامل مثل کیا جانا ضروری ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ اطلاعنامہ جات دیوانی و فوجداری کی تعمیل کی نسبت تعمیل کنندۂ اطلاعنامہ کا حلفی بیان قلمبند کیا جانا لازمی قرار دیا جاتا ہے۔ عدالت تحصیل میں پیشکار اور عدالت ہائے منصفی و صلع و صدارت عدالت و صدر عدالت ہائے دیوانی و فوجداری بلدہ میں ناظر ایسے بیان کی تصدیق کیا کریں۔ بدون تعمیل بیان حلفی اطلاعنامہ جات شامل مثل نہ ہوا کریں۔ گشتی ہذا ان اطلاعنامہ جات سے متعلق نہ ہوگی جنکی تعمیل بذریعہ کوتوالی ہوا کرے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۸ / دیوانی ۱۴ مورخہ ۲۷ اسفندار سنہ ۱۳۱۹ف

مضمون (۸) توضیح گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۷) و دیوانی (۱۸) مورخہ ۱۱ بہمن سنہ ۱۳۱۳ف متعلق طلبی کاغذات و مثلہائے

گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۱) و دیوانی (۱۸) مورخہ ۱۱ بہمن سنہ ۱۳۱۳ف میں اس امر کی صراحت نہیں ہے کہ سررشتہ عدالت کو از خود یا کسی فریق مقدمہ کی تحریک پر دیگر سررشتہ جات کے کاغذات طلب و معائنہ کرنے کی ضرورت ہو یا اس کے برعکس تو دفتر ارسال کنندۂ کاغذات کس قسم کے کاغذات کس نوبت پر ارسال کریگا۔ اس لئے حسب محوائے قانون نشان (۶) بابتہ سنہ ۱۳۱۲ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل جو احکام جاری کئے جاتے ہیں ان کو گشتی مذکورہ کے آخر میں بطور فقرات ۱۰ و ۱۱ قائم کئے جائیں۔

فقرہ ۱۰: کوئی عدالت اس بات کی مجاز نہ ہوگی کہ از خود یا کسی فریق کی درخواست پر کسی ایسے کاغذ یا اس کے نقل کے پیش کرنے پر کسی کو مجبور کرے جس سے کسی سرکاری راز کا افشا ہوتا ہو یا خلایق کے امن میں فتور واقع ہونے کا اندیشہ ہو۔ اور بوجوہ مذکورۂ بالا اس بات کے اختیار کے متعلق کہ کون سے کاغذات یا اس کی نقول مصدقہ ایک سررشتہ سے دوسرے سررشتہ میں بھیجے جاسکتے ہیں یا نہیں اور یہ عدالت میں پیش ہوسکتے ہیں یا نہیں ہر سرکاری دفتر کے متعلق اعلیٰ عہدہ دار سررشتہ کا فیصلہ اور دفاتر معتمدین کے متعلق مدار المہام بہادر سرکار عالی کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

فقرہ ۱۱: عدالت از خود یا کسی فریق مقدمہ کی تحریک پر کسی اور مقدمہ کے کاغذات کو جو عدالت کے قبضہ میں ہوں یا دوسری عدالت یا محکمہ میں ہوں کسی مقدمہ کے حالات معلوم کرنے کے لئے یا کسی امر نزاعی جو اسکے روبرو پیش ہو اس کے اثبات کے لئے بپابندی فقرہ (۱۰) طلب کرسکتی ہے۔

کی صراحت کیجائیگی ۔ لہذا مشارٌالیہ کو آج بتاریخ ماہ آلہی ۱۳سنہ ف بہ ثبت مہر عدالت العالیہ
و میری دستخط سے یہ سند دی گئی ۔ حسب الحکم عدالت العالیہ معتمد عدالت العالیہ

ہدایات :- (۱) مضمون زبان ملکی کے ساتھ زبان ملکی مرہٹی یا تلنگی یا کنڑی کی صراحت درج ہوگی
(۲) مضمون دیوانی و فوجداری و حساب و زبان ملکی میں کامیاب ہو تو مقام مضمون کے ساتھ لفظ مستثنٰے
بہ موجب کامیابی امتحان فلاں درج ہوگا ۔

نمونہ سند کامیابی کل مضامین امتحان سررشتہ داری

محولہ ضمن (الف) یا (ب) دفعہ (۲۳) گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۸) فوجداری (۱۶) مورخہ ۲۶ ہر
خورداد ۱۳۱۲ف معطیہ سررشتہ انتظامی عدالت العالیہ سرکار عالی مورخہ ماہ آلہی ۱۳سنہ ف
نشان سند ( ) بابتہ ۱۳سنہ ف نمبر مسل (۱۳۱) صیغہ وکالت رجسٹر نمبر (۴۳)
بہ تنقیح سررشتہ دار انتظامی

ذریعۂ ہذا اس امر کی تصدیق کیجاتی ہے کہ مسمی ولد ساکن امتحان سررشتہ داری
منعقدہ ماہ آلہی ۱۳سنہ ف جو زیر نگرانی لیا گیا شریک ہوکر مضامین مندرجۂ ذیل
میں کامیاب ہوا ہے :-

(۱) (۲) (۳) (۴) (۵)

لہذا مشارٌالیہ کو آج بتاریخ ماہ آلہی ۱۳سنہ ف مہر عدالت العالیہ و میری دستخط سے یہ سند دیگئی
حسب الحکم عدالت العالیہ معتمد عدالت العالیہ

ہدایات (۱) مقام زبان ملکی پر صراحت زبان درج ہوگی (۲) اگر مضمون دیوانی و فوجداری
و حساب میں سابقہ کسی اور امتحان میں کامیاب ہو تو مضمون دیوانی یا فوجداری یا حساب یا زبان
ملکی کے ساتھ لفظ مستثنٰے بموجب کامیابی امتحان فلان درج ہوگا ۔

لئے جاتے ہیں اس وجہ سے چالان کے ساتھ پیش کیا جانا ناممکن ہے لہٰذا بہ ملاحظہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ فقرہ (۹) یادداشت تنقیح مقدمات فوجداری چالانی پولیس منسلکہ گشتی مذکور میں الفاظ "دستور شدہ" کے بعد الفاظ "کی نقول مصدقہ" اضافہ کئے جائیں اور حسبہٗ تعمیل ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکارعالی نشان فوجداری ۱۲ / دیوانی ۸ مورخہ ۲ فروردی ۱۳۱۹ف

(بابت (۸) و (۱۲) ترمیم گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۱۶ دیوانی ۸ مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۱۴ف متعلق قواعد امتحان سررشتہ داری)

گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۶) دیوانی ۸ مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۱۴ف کے ذریعہ سے جو قواعد امتحان سررشتہ داری جاری کیے گئے ہیں اس کی دفعہ (۲۳) میں صراحت اس امر کی نہیں ہے کہ منجملہ مضامین امتحان کے جن مضامین میں کامیابی حاصل کی جاوے اس کی بابتہ سند جزوی کس قدر قیمت کے کاغذ مختوم پر دی جائیگی اور نیز گشتی مذکورہ کے ساتھ نمونہ جات سند کامیابی جزوی و مکمل ورجسٹر کھتاونی اسناد کامیابی امتحان سررشتہ داری کے جاری نہیں کیے گئے اور جو نمونہ درخواست شرکت امتحان مذکور کا نافذ ہے اس کی بھی ترمیم کی ضرورت ہے اس لئے بعد منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ محکمۂ سرکار صیغہ عدالت نشان ۱۱۲۵ مورخہ ۲۷ اسفندار ۱۳۱۸ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے چار قطعہ نمونہ جات سند کامیابی (۱) جزوی و (۲) مکمل ورجسٹر کھتاونی اسناد کامیابی و درخواست شرکت امتحان سررشتہ داری کے ساتھ منسلک و جاری کئے جاتے ہیں اور حکم دیا جاتا ہے کہ سند کامیابی جزوی امتحان سررشتہ داری ۱۲ کے کاغذ مختوم پر درخواست باضابطہ پیش ہونے پر لکھی اور دی جائے پس حسبہٗ عمل ہے۔

نمونہ جزوی سند کامیابی امتحان سررشتہ داری

محولہ ضمن (الف) یا (ب) دفعہ (۲۳) گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۸) فوجداری (۱۶) مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۱۴ف) معطیہ سررشتہ انتظامی عدالت العالیہ سرکار عالی مورخہ ماہ الٰہی ۱۳۲ف

نشان سند (   ) بابتہ ۱۳ف بنمبر مثل (   ) ۱۳ف صیغہ وکالت و سررشتہ داری انتظامی رجسٹر نمبر (۴۳) بہ تنقیح

ذریعہ ہذا اس امر کی تصدیق کیجاتی ہے کہ مسمی ولد ساکن امتحان سررشتہ داری میں شریک ہوکر مضمون مندرجۂ ذیل میں کامیاب ہوا ہے۔ (نوٹ اس مقام پر مضمون یا مضامین

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۴ دیوانی ۹ مورخہ ۲۶ فروردی ۱۳۱۹ف

مضمون (۸۵) ترمیم گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۲، دیوانی (۱) مورخہ یکم بہمن ۱۳۱۹ف متعلق سالانہ دورہ ناظمانِ دیوانی	گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲) دیوانی (۱) مورخہ یکم بہمن ۱۳۱۹ف کے فقرہ (۳) میں

حکم ہے کہ ناظمانِ دیوانی اپنے دورہ کے وقت یہ دیکھ لیا کریں کہ اُن کے زمانہ عدم موجودگی میں مستقر مجسٹریٹ ضلع یا ناظم فوجداری درجۂ اول سے خالی نہیں رہتا ہے اس پر ناظم صاحب عدالت دیوانی ضلع میدک نے عدالت العالیہ میں تحریک کی کہ سابق میں ناظمانِ دیوانی بہ موجودگی مجسٹریٹ درجہ دوم مستقر چھوڑنے کے مجاز کئے گئے تھے لیکن اب گشتی مذکورہ بالا کے ذریعہ سے مجسٹریٹ درجۂ اول کی موجودگی کی جو قید لگائی گئی ہے اس سے ناظمانِ دیوانی کا دورہ پر جانا دشوار ہو گیا ہے۔ الخ

بناءً علیہ یہ کارروائی اجلاس انتظامی میں پیش کی گئی اور حسب تجویز اجلاس موصوف حکم دیا جاتا ہے کہ گشتی مذکورہ کے فقرہ (۳) میں مجسٹریٹ درجۂ اول کے بجائے الفاظ "مجسٹریٹ درجہ دوم" قایم کئے جائیں حسبہٗ عمل رہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۸ اردی بہشت ۱۳۱۹ف

مضمون (۸۶) عہدہ داران فوجداری مقدمات فوجداری میں غفلت ولا پروائی کریں تو اُن کی تحقیقات کی جائے	بذریعہ گشتی محکمہ سرکار عالی صیغہ عدالت نشان (۴) مورخہ ۲۱ آبان ۱۳۱۸ف جملہ ناظمانِ فوجداری عدالتہائے

ممالک محروسہ سرکار عالی کو ہدایت دی جا چکی ہے کہ عموماً مقدمات فوجداری اور خصوصاً اُن مقدمات کے انفصال میں جنہیں اسامیاں تحویل ہوتے ہیں غیر ضروری تعویق نہ ہوا کرے بصورت وقوع تعویق معقول تدارک کیا جائیگا۔ اور بذریعہ گشتی پولس کو بھی کافی ہدایت کی گئی ہے کہ بعجلت تمام مقدمات فوجداری میں پیروی کیا کریں ورنہ بصورت غفلت معقول سزا دی جائے گی اب پھر محکمہ سرکار صیغہ عدالت سے مراسلہ نشان (۱۱۴۹) مورخہ ۲۸ اسفندار ۱۳۱۹ف بدیں مضمون وصول ہوا ہے کہ عدالتوں کی طرز کارروائی سے ظاہر ہے کہ محض احکام کی اجرائی اُن کی تنبیہ کے لئے کافی نہیں ہے لہذا بصدور فرمان واجب الاذعان خداوندی تیرشدہ ۴ محرم الحرام ۱۳۲۸ھ لکھا جاتا ہے کہ عدالتوں کی طرز کارروائی پر مجلس عالیہ عدالت بطور خاص نگرانی رکھے اور فوجداری مقدمات کے

بملاحظہ جناب معتمد صاحب عدالت العالیہ سرکار عالی — نمونہ درخواست شرکت امتحان سررشتہ داری محولہ دفعہ ۳ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۱۶ / دیوانی ۸ مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۳۰ف

نام مع ولدیت و سکونت	عمر	تعداد سنین ملازمت سرکار	مستقل ملازم ہے یا عارضی / یا کس تاریخ تعیناتی	قبل ازیں امتحان کی شرکت	امتحان سال گزشتہ میں شریک تھا یا نہیں اگر شریک تھا تو کن مضامین میں کامیاب ہوا	کن مضامین میں شرکت کرنا چاہتا ہے	تصریح مقام امتحان	استدعا
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
								سررشتہ دار — معتمد مجلس

قیاس بعد منظوری محکمہ سرکار صیغہ عدالت مدرجہ مراسلہ نشان (۱۶۳۸) مورخہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۱۶ف
اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے جن مقدمات فوجداری سکہ
جعلی میں آلات و اوزار ساخت سکہ جعلی برآمد ہوں وہ دارالضرب سرکار عالی میں بغرض
اتلاف بھیجدیئے جایا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۱ مورخہ ۹ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۹ف

مضمون (۸۹) مقدمات فوجداری میں نوعیت جرم کے لحاظ سے مناسب و کافی سزا دینی چاہیئے

اگرچہ ذریعہ گشتیات عدالت العالیہ نمبر (۱۳) فوجداری بابتہ سنہ ۱۳۰۶ف و (۱) فوجداری مورخہ ۳ بہمن سنہ ۱۳۱۲ف (۲۳) فوجداری مورخہ ۱۳ آبان سنہ ۱۳۱۱ف اس سے قبل احکام جاری ہوچکے ہیں کہ ملزمین جرائم خفیف واطفال نابالغ کو سزا دینے میں سزائے قید پر سزائے تازیانہ کو ترجیح دی جائے اور عادی مجرمین کو کافی سزا دی جایا کرے لیکن رد ریویو سرکار نمبر ۲ متفرقات بابتہ سنہ ۱۳۱۶ف کے ملاحظہ سے ظاہر ہے کہ ناظم صاحب مجالس اضلاع کو ابھی تک شکایت ہے کہ عدالتہائے فوجداری اضلاع سے احکام نافذہ کی تعمیل پورے طور پر نہیں ہوتی جس کی وجہ سے خفیف سزاؤں کی تعداد قیدیوں کی بہت بڑھی ہوئی ہے اور انسداد جرائم کا نہیں ہوتا ہے لہذا عدالتہائے فوجداری کو مکرر توجہ دلائی جاتی ہے کہ عادی مجرمین کو کافی سزا دی جایا کرے اور جس مقدمہ میں ملزمین کو اپنے اختیار سے زاید سزا دلانا مقصود ہو تو حسب گشتی عدالت العالیہ نشان (۲۳) فوجداری مورخہ ۱۰ امرداد سنہ ۱۳۱۵ف عدالت مجازہ میں ایسا مقدمہ سپرد کیا جائے علی ہذا ان صورتوں میں جہاں ملزمین از روئے ضابطہ کم میعاد قید کی سزا کے مستوجب ہوں تو سزائے قید پر سزائے بید کو ترجیح دی جایا کرے تاکہ کم میعاد کے قیدی محابس میں زیادہ داخل نہ ہونے پائیں جس سے ان کے اخلاق پر برا اثر پڑے امید کہ عدالتہائے فوجداری اس کی تعمیل احسن طریقہ سے کرکے آئندہ مزید ہدایت کی نوبت نہ آنے دیں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۲ مورخہ ۲۹ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۹ف

مضمون (۹۰) ملزم کے متعدد مقدمات کی بابت جداگانہ حکم نامہ جاری کیا جائے

ناظم صاحب مجالس اضلاع سرکار عالی عدالت العالیہ میں تحریک

انفصال میں کوئی عہدہ دار عدالت غفلت و لاپروائی کرے تو اس کو فوراً سزا دینے کے لئے تحریک کیجائے تا دوسرے عہدہ داروں کو عبرت ہو اور عدالت ہائے سرکار عالی کی بدنمائی نہ ہو سائر علیہ اجلاس انتظامی سے حکم دیا جاتا ہے کہ لفافے فوجداری مقدمات فوجداری میں بسرعت کارروائی کرکے مقدمات کو جلد فیصل کیا کریں اگر پیروکار پولیس کی جانب سے پیروی مقدمات فوجداری میں تعویق یا تامل کیا جائے تو فوراً مقامی افسر پولیس و لطامت کو توالی اصلاح کو متوجہ کرکے نذریعہ تنقیح عدالت العالیہ کے صیغہ متفرق میں تحریک کردی جائے تا یہاں سے اس کا مناسب انتظام کردیا جائے۔

اگر کسی عہدہ دار عدالت کی غفلت و تساہل سے فوجداری مقدمات کے انفصال میں غیر ضروری تعویق ہوگی تو عدالت العالیہ اس عہدہ دار کے تدارک کی نسبت فوراً سرکار میں تحریک کرے گی اور تحریک تدارک در گزر نہ کیا جائیگا حسنہ عمل کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۹ دیوانی ۱۳ مورخہ ۸ ارد یبہشت ۱۳۱۹ف

مضمون (۸۷) تعمیل گشتی عدالت العالیہ نشان (۱۵) دیوانی ۲۷ خورداد ۱۳۰۴ف

گشتی عدالت العالیہ نشان (۱۵) دیوانی مورخہ ۲۷ خورداد ۱۳۰۴ف میں ہدایت ہے کہ جو دستاویزات کسی مقدمہ میں داخل ہوں ان کے مسکوک و محکوک اور بین السطور میں عبارت درج نہ ہونے کی کیفیت حسب منشاء دفعہ (۱۸) گشتی نشان دیوانی ۲ سنہ ۱۳۰۲ء معہ نام داخل کنندہ وغیرہ ان پر بروقت ادخال لکھی جایا کرے لیکن اس ہدایت کی تعمیل اس طرح نہیں ہوتی ہے کہ داخل کنندہ کی دستخط بھی اسی طرح پر کرائے جائیں لہذا آئندہ کے واسطے اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے ہدایت کیجاتی ہے کہ کیفیت مسکوکی و محکوکی وغیرہ کی تحت میں بروقت ادخال دستاویز داخل کنندہ کے دستخط یا اس کے ابہام چپ کا نقش لیا جایا کرے پس حسبہ تعمیل کی جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ مورخہ ۱۶ ارد یبہشت ۱۳۱۹ف

مضمون (۸۸) مقدمات فوجداری میں سکہ قلب و آلات سکہ قلب کس طریقہ سے تلف کئے جائینگے

مقدمات فوجداری میں سکہ قلب میں جو آلات و اوزار ساخت سکہ قلب برآمد ہوتے ہیں وہ عدالتوں سے بعد سزا دہی ملزم کے لوہاروں وغیرہ کی معرفت سے تلف کرائے جاتے ہیں جو ایک خطرناک طریقہ ہے لہذا حسب تحریک محکمہ

کئے جائیں جسپر عمل ہو

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۵ مورخہ ۱۳ شہریور ۱۳۱۹ف

مضمون (۱۳۹) عدالتوں سے دوران تفتیش کوتوالی میں حکم ضمانت طلبی بغیر کافی اور خاص وجوہ کے نہ دیا جایا کرے

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ بعض عدالتوں میں دفعہ (۸۶) ضابطہ فوجداری سرکار عالی کے منشائے احکام کا کامل لحاظ نہیں کیا جاتا ہے اس لئے بغرض مزید تاکید حکم دیا جاتا ہے کہ جب کوئی شخص بلا حکم نامہ گرفتاری کوتوالی میں گرفتار ہوکر حراست میں رکھا جائے یا عدالت میں حاضر کئے یا حاضر لایا جائے۔

(الف) اگر اس پر الزام کسی جرم قابل ضمانت کا ہو اور کسی نوبت کارروائی پر وہ مچلکہ حاضری مع یا بلا ضمانت جیسا کہ اس سے طلب کیا جائے داخل کرے تو وہ فوراً رہا کر دیا جائے گا۔

(ب) اگر اس پر الزام کسی جرم ناقابل ضمانت کا ہو اور کسی نوبت تفتیش یا تحقیقات پر کوتوالی یا عدالت کو یہ معلوم ہو کہ اس کو جرم منسوبہ کا مرتکب باور کرنے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے لیکن اس کی بسبت مزید تحقیقات ہونی چاہیئے تو بہ اخذ مچلکہ حاضری مع یا بلا ضمانت تا ختم تحقیقات وہ رہا کیا جاسکے گا۔ لیکن کسی نوبت مابعد پر عدالت بوجہ معقول بہ تنسیخ مچلکہ اس کو حراست میں رکھنے کا حکم دے سکے گی اس کی پوری پابندی کی جائے فقط

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۷ مورخہ ۲۸ مہر ۱۳۱۹ف

قانون افیون نشان (۵) ۱۳۰۸ف دفعہ (۲۱)	مضمون (۱۴۹) عطائے اقتدارات قانون افیون بہ نظار فوجداری

کا ماحصل یہ ہے کہ عہدہ دار محکمہ آبکاری یا کوتوالی یا کروڑگیری یا مال جس کا عہدہ جوان یا جمعدار کے عہدہ سے بالاتر ہو اگر سرکار نے اسکو ایسا اختیار دیا ہو مجاز ہوگا کہ وہ مقدمات افیون میں تلاشی مکان و گرفتاری ملزم کی نسبت کارروائی تفتیش کرے اور

دفعہ (۲۲) قانون مذکور کا ماحصل یہ ہے کہ اول تعلقدار ضلع و ناظم فوجداری جسکو بموجب قانون ہذا اختیار دیا گیا ہو یا اور کوئی عہدہ دار بہ منظوری سرکار مجاز ہوگا کہ خلاف ورزی قانون افیون میں حکم نامہ گرفتاری و خانہ تلاشی جاری کرے۔

کی ہے کہ عدالت فوجداری دوم تعلقداری مستقر کاماریڈی ضلع نظام آباد میں ایک ہی ملزم پر متعدد مقدمات زیر دریافت دائر تھے اس کی بابتہ عدالت موصوفہ سے صرف ایک حکم نامہ محبس کو دیا گیا تھا حالانکہ ہر مقدمہ کے متعلق جداگانہ حکم نامہ محبس کو دیا جانا چاہیے کیونکہ ممکن ہے کہ ملزم منجملہ مقدمات متعددہ کسی میں سزایاب ہوا ور کسی میں بری تو اس لحاظ سے ایک وارنٹ میں مختلف عمل کرنے سے پیچیدگی پیدا ہوتی ہے بنا بر علیہ یہ کارروائی راجلاس انتظامی میں پیش کی گئی۔ اور حسب الحکم اجلاس موصوفہ حکم دیا جاتا ہے کہ ملزم زیر دریافت پر متعدد مقدمات خواہ ایک ہی عدالت یا متعدد عدالتوں میں زیر دریافت رہیں تو ان میں ہر الزام کی بابتہ محبس کو علیحدہ علیحدہ حکم نامہ دیا جایا کرے حسبہٖ عمل کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ / دیوانی ۱۴ مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۱۹ف

مضمون (۹۱) تعمیل سمن موسومہ ملازمین ریلوے کمپنی بذریعہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ریلوے	عدالت ہائے سرکار عالی جو اطلاعنامہ جات موسومہ ملازمین ریلوے کمپنی جاری ہوا کرتے ہیں ان کی تعمیل مختلف طریقوں سے

کرائی جاتی ہے اور چونکہ اس بارہ میں تمام عدالتوں کا طریقہ عمل ایک نہج پر ہونا چاہیے اسلئے حسب مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۱۶۷۰) مورخہ یکم خورداد ۱۳۱۹ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے اطلاعنامہ جات موسومہ ملازمین ریلوے کمپنی کی تعمیل بذریعہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ریلوے کرائی جایا کرے حسبہٖ عمل کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ مورخہ ۲۷ امرداد ۱۳۱۹ف

مضمون (۹۲) اصلاح تعین مدت کم عمری ملزم نابالغ بغرض روانگی تادیب خانہ	گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۰ اربہشت ۱۳۱۰ف میں جو حسب تحریک ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی

مجرمین نابالغ معہ میعادی قید زاید از دو ماہ کو تادیب خانہ میں بھیجنے کے متعلق جاری ہوئی ہے اسمیں مدت عمر (۱۶) سال قرار دی گئی ہے لیکن دفعہ (۳۲۸) ضابطہ فوجداری سرکار عالی میں ایسے ملزمین کی عمر پندرہ سال بیان ہوئی ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ گشتی مذکورہ میں بجائے الفاظ "۱۶ سال" کے "پندرہ سال" حسب منشا قانون قایم

کی پوری تعمیل نہیں ہوتی ہے اس لئے بہ مزید احتیاط بعد منظوری سرکار جو بذریعہ مراسلہ نشان ۴۰۲۴ مورخہ ۱۰ آبان ۱۳۱۹ف حاصل ہوی ہے حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ اطلاعنامہ جات اور حکم ناموجات کی تعمیل میں وہی طریقہ اختیار کیا جائے جو گشتی مندرجۂ بالا میں مذکور ہوا ہے لیکن اگر کسی سرکاری ملازم کی گرفتاری ضرورتاً فوراً عمل میں لائی جائے تو بعد گرفتاری فی الفور مراسلہ کے ذریعہ سے براہ راست اس کے افسر متعلقہ کو مطلع کر دیا جایا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۰ / دیوانی ۱۷ مورخہ ۱۹ آبان ۱۳۱۹ف

مضمون (۷۹) ترمیم گشتی نشان دیوانی ۳ / فوجداری ۳ مورخہ ۶ رمضان المبارک ۱۳۱۳ھ درباره ممانعت پیروی وکلاء اہل قرابت با جلاس عہدہ داران مقتدر

۱۔ گشتی مندرجہ بالا کے ذریعہ سے یہ حکم دیا گیا تھا کہ کوئی وکیل جو کسی عہدہ دار ذی اقتدار سے کسی طرح کی قرابت رکھتا ہو اُس عہدہ دار کی پیشی میں ہرگز وکالت نہ کرے یہ حکم بہت ہی عام اور وسیع تھا اور بہ لحاظ حالات موجودہ اب اس کی ضرورت نہیں ہی ہے کہ قرابت بعیدہ کی صورت میں اس امتناع کو قایم رکھا جائے لہذا حسب منظوری محکمۂ سرکار صیغہ عدالت مندرجہ مراسلہ نشان (۴۷۳۴) مورخہ ۸ آبان ۱۳۱۹ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے وہ وکلاء جو عہدہ داران مقتدر سے قرابت قریبہ رکھتے ہیں بغیر منظوری سرکار ایسے عہدہ داروں کے اجلاسوں پر پیروی مقدمات نہ کیا کریں۔

نوٹ قرابت قریبہ سے مراد قرابت داران اشخاص ذیل ہیں بشرطیکہ وہ حقیقی ہوں۔

(۱) باپ (۲) بیٹا (۳) بھائی (۴) بھتیجا (۵) بھانجہ (۶) داماد (۷) بہنوئی۔ (۸) سالا (۹) خسر (۱۰) دادا (۱۱) پوتا (۱۲) نانا (۱۳) نواسا (۱۴) چچا (۱۵) ماموں

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱ / دیوانی ۱ مورخہ ۱۵ اردی ۱۳۲۰ف

مضمون (۹۸) بیرسٹروں کو مقدمات میں قبل پیروی مقدمہ تحریری اطلاع اپنی دستخط سے دینی لازم ہے۔

روئے استثنا دفعہ (۱۵) قانون وکلاء نشان (۲) بابتہ ۱۳۱۸ف بیرسٹروں پر لازم ہے کہ وہ قبل پیروی مقدمہ اپنے تقرر کی تحریری اطلاع اپنی دستخط سے عدالت میں پیش کریں لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس پر عمل نہیں ہوتا ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ اگر کوئی

(۳) چونکہ حسب منشاء دفعات مذکورہ بالا بہ لحاظ مدارج عہدہ پولیس اور مجسٹریٹی کو خاص طور پر اختیارات عطا نہیں کئے گئے تھے اس لئے سرکار میں تحریک کی گئی اور حسب منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان ۵۹۱۵ (۴۹) مورخہ ۲۴ شہریور ۱۳۱۹ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ دفعات (۱۷ و ۲۲) قانون افیون نشان (۵) بابتہ ۱۳۰۸ف کے روسے پیرکاران اور عہدہ داران کو جن اختیارات کے دئے جانے کا حکم ہے چونکہ وہ اہم اور وسیع ہیں اس لئے اختیارات مندرجۂ دفعہ (۱۷) جمعدار اور اس سے بالاتر عہدہ داران کوتوالی کو اور اختیارات مندرجۂ دفعہ (۲۲) ان نظمائے فوجداری کو دئے جاتے ہیں جنکو مجسٹریٹی درجہ دوم یا اس سے زیادہ کے اختیارات حاصل ہوں پس حسبہٖ عمل ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۸ دیوانی ۱۶ مورخہ ۵ آبان ۱۳۱۹ف

مضمون (۹۵) التوائے گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۳) دیوانی (۱۴) مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۱۹ف	اگرچہ بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۳) دیوانی (۱۴) مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۱۹ف یہ حکم نافذ کیا

گیا تھا کہ اطلاعنامہ جات موسومۂ ملازمین ریلوے کمپنی کی تعمیل بذریعہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ریلوے کرائی جایا کرے لیکن اب حسب منشاء مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۴۱۰۶) مورخہ ۱۰ ارد یبہشت ۱۳۱۹ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ گشتی مذکور کی تعمیل بالفعل ملتوی کی جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۹ مورخہ ۲۹ آبان ۱۳۱۹ف

مضمون (۹۶) توضیح گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری مورخہ ارد یبہشت ۱۳۱۹ف متعلق گرفتاری ملازمین سرکاری	بذریعہ گشتی مندرجۂ بالا یہ حکم دیا گیا تھا کہ عہدہ داران یا اہلکاران کی گرفتاری حسب حکمنامہ گرفتاری کی

تعمیل عمل میں لائی جائے تو لازم اول اپنے افسر کے پاس حاضر کیا جائے لیکن ناظم صاحب طبابت سرکار عالی نے یہ شکایت کی ہے کہ اکثر ملازمین سررشتہ طبابت کو بلا اطلاع ان کے افسران بالادست کے بربنائے حکم عدالت گرفتار کر لیا جاتا ہے اور بالقصفیہ مقدمہ سررشتہ متعلقہ کو اسکی گرفتاری وغیرہ کی اطلاع نہیں دی جاتی اور ایک مقدمہ مرجوعہ عدالت فوجداری بلدہ کا خاص طور پر ذکر بھی کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ منشائے احکام گشتی نشان (۱۰) فوجداری بابتہ ۱۳۱۰ف

مصرف (۱۰۱) اطلاع ترسیل تختہ جات رخصت بروقت بمحکمہ مافوق | (۱) احکام مندرجہ ذیل ملاحظہ ہوے۔

الف گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری ۱۵ دیوانی ۴۶/۴۷ مورخہ ۲۳ مہر ۱۳۱۱ف

ب گشتی محکمہ معتمدی عدالت وکوتوالی وامورعامہ صیغہ کلیات نشان ۵ مورخہ ۲ فردردی ۱۳۱۵ف

ج مراسلہ مجلس عالیہ عدالت نشان (۱۴۷۲۳) مورخہ ۱۷ اردی بہشت ۱۳۱۹ف باوجود اجرائی احکام مذکورہ بالا تجربہ سے ظاہر ہے کہ تختہ جات رخصت ملازمین عدالتہائے ماتحت سے محکمہ مافوق میں لغرض منظوری وقت پر نہیں بھیجے جاتے مذکورہ تختہ جات محکمہ مافوق میں ایسے وقت پر وصول ہوتے ہیں کہ تاریخ استفادہ رخصت گذر جاتی ہے جس کی وجہ سے رخصت خواہ کی خدمت کا انتظام کرنے کیلئے کافی مہلت نہیں ملتی اور نامنظوری رخصت وانتظام خدمت رخصت خواہ سرکاری کام میں ہرج واقع ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔

(۲) بادی النظر میں مذکورہ تختہ جات محکمہ مافوق میں وقت پر نہ پہنچنے کی وجہ یہ پائی جاتی ہے کہ ملازمین رخصت خواہ درخواستہائے رخصت تاریخ استفادہ سے قبل از ایک ماہ محکمہ مجاز میں نہیں پیش کرتے یا اگر پیش کرتے ہیں تو اس کی اطلاع محکمہ جات متعلقہ سے محکمہ مافوق میں تعویق کے ساتھ دیجاتی ہے جو نہایت بدنما ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے ملازمین صیغہ عدالت کو احکام مذکورہ بالا کی طرف متوجہ کرکے دوبارہ تاکید کیجاتی ہے کہ ان احکام کی تعمیل کامل طور سے کیجایا کرے۔

اگر بلا وجہہ کافی درخواستہائے رخصت (بہ استثنائے رخصت اتفاقی وبیماری) تاریخ استفادۂ رخصت سے کامل ایک ماہ قبل لغرض منظوری محکمہ منظور کنندہ رخصت میں پیش نہ ہو جائیگی تو مجبوراً رخصت بوضع سالم ماہوار منظور کیجایا کرے گی۔ اگر رخصت خواہ نے اپنی درخواست بروقت پیش کردی ہے مگر درمیانی دفاتر نے اُن کے بھیجنے میں تعویق کی تو اسکی ذمہ داری اُن دفتروں پر ہوگی اور جس شخص کی غفلت ثابت ہوگی اُس کی نسبت تدارک مناسب عمل میں آئیگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ دیوانی ۵ مورخہ ۲۹ اردی ۱۳۲۰ف

مصرف (۱۰۲) ہر درخواست عطائے سند وتجدید سند وکالت کے ساتھ اقرار حلفی بمقصد مندرجہ دفعہ (۱۲) ضمن (۴) قانون وکلاء نشان (۷) ۱۳۰۱ف منسلک رہنا چاہئے | اب تک درخواستہائے عطا وتجدید سند وکالت کے ساتھ حلف نامہ حسب گشتی نشان فوجداری (۴) دیوانی (۱۱) مورخہ ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۱۳ف پیش کئے

عرضی دعوے یا عرضی مرافعہ یا کوئی اور درخواست متفرق بیرسٹر کی دستخط سے پیش ہو تو وہ دستخط بغرض سپردگی کافی اطلاع متصور ہوگی اور اگر دوران مقدمہ میں کوئی بیرسٹر مقرر ہو تو ایسی حالت میں اسکو اپنے تقرر کی تحریری اطلاع اپنی دستخط سے دینی لازم ہوگی پس آئندہ سے حسبہ عمل ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ دیوانی ۲ مورخہ ۲۳ اردی بہشت ۱۳۲۰ف

مضمون (۹۹) تعین مدت بابت ادخال امسلہ منفصلہ بہ محافظ خانہ

اگرچہ بروئے دفعہ (۲۱) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۶) دیوانی (۱۵) مورخہ ۲۹ مہر ۱۳۰۳ف یہ حکم دیا گیا تھا کہ امسلہ بعد فیصلہ ایک ہفتہ کے اندر داخل محافظ خانہ کیئے جایا کریں لیکن تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ مہلت مذکور کافی نہیں ہے جس کی وجہ سے گشتی مذکور کی تعمیل میں دشواری ہوتی ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے امسلہ بعد فیصلہ ایک مہینے کی مدت میں بالالتزام داخل محافظ خانہ کیئے جایا کریں لیکن اس گشتی کا اثر گشتی نشان فوجداری (۶) دیوانی (۷) ۱۳۱۸ف پر (جس میں حکم ہے کہ امسلہ عدالتہائے تحصیلات دوم وسوم تعلقداری بعد فیصلہ اندرون تین ماہ بغرض نگہداشت عدالت ضلع میں بھیجدی جایا کریں) نہ پڑے گا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳ دیوانی ۳ مورخہ ۲۹ دے ۱۳۲۰ف

مضمون (۱۰۰) ترمیم گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۳) دیوانی (۱۴) مورخہ ۲۸ خورداد ۱۳۱۹ف متعلق تعمیل اطلاعنامجات موسومہ ملازمین ریلوے کمپنی

بسلسلہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۲۸ دیوانی (۱۴) مورخہ ۵ آبان ۱۳۱۹ف

حسب منشار حکم سرکار مندرجہ مراسلہ صیغہ عدالت نشان (۱۳۷) مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۲۰ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۳) دیوانی (۱۴) مورخہ ۲۸ خورداد ۱۳۱۹ف جو حکم دیا گیا تھا کہ اطلاعنامہ جات موسومہ ملازمین ریلوے کمپنی کی تعمیل بذریعہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ریلوے کمپنی کرائی جایا کرے اس سے مراد اطلاعنامہ جات مقدمات فوجداری ہیں۔ مقدمات دیوانی میں اطلاعنامجات موسومہ ملازمین ریلوے کمپنی سیول جج صاحب سکندرآباد کے پاس بغرض تعمیل بھیجے جایا کریں پس حسبہ عمل ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ دیوانی ۴ مورخہ ۲۹ دے ۱۳۲۰ف

تلبیس سکہ کے عدالتوں میں دائر یا فیصل ہوں یا نہ ہوں۔ صفر زدہ تختہ ہی محکمہ فینانس میں بھیجا جایا کرتا تھا لیکن اب معتمد صاحب فینانس نے صفر زدہ تختہ کا محکمہ فینانس میں جانا تضیع اوقات سمجھ کر صفر زدہ تختہ بھیجنا منع فرمایا ہے ماسوا اس کے ناظم صاحب صدر عدالت کا بھی یہ تحریک ہے کہ تختہ جات تلبیس سکہ کے عدالتوں سے راست محکمہ فینانس اور عدالت العالیہ میں بھیجے جاتے ہیں لیکن ان کا علم صدر عدالت کو اس وجہ سے نہیں ہوا کرتا ہے کہ مذکورہ تختہ کی کوئی نقل صدر عدالت میں وصول نہیں ہوتی حالانکہ صدر عدالت کو عدالت ہائے ماتحت کا محکمہ مافوق ہونے کی وجہ سے تختہ مذکور سے واقف رہنا ضرور ہے اور حسب عمل گشتی مجلس نشان ۱ مورخہ ۲۸ اردی بہشت ۱۳۱۸ف اس تختہ کی بھی نقل صدر عدالت میں وصول ہونی چاہیئے۔ سا علیہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ جن شہور میں مقدمات فوجداری تلبیس سکہ عدالتوں میں دائر و فیصل ہوں صرف ان شہور کی بابتہ تختہ آیندہ سے عدالت العالیہ اور محکمہ فینانس میں راست بھیجا جایا کرے اور صدر عدالتوں میں بھی اس کا نقل روانہ ہو۔ صفر زدہ تختہ جات محکمہ جات صدر میں بھیجنا موقوف کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۹ فوجداری مورخہ یکم شہریور ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۰۵) تخفیف رجسٹرات پولس پٹیلان

(۱) گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۱۳ف کے ذریعہ سے پولس پٹیلوں کے متعلق جو نمونے رجسٹرات کے نافذ کئے گئے ہیں۔ اُن میں سے اکثر بعد تجربہ قابل ترمیم و حذف پائے گئے۔ لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے سلسلہ گشتی مذکور جملہ (۷) نمونہ رجسٹرات متعلق پولس پٹیل بعد ترمیم و حذف اس کے ساتھ شایع کئے جاتے ہیں جیسے رجسٹرات رکھے جائیں اور گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۹) مورخہ ۲ فروردی ۱۳۱۳ف کے ذریعہ سے جو ہدایات پولس پٹیلوں کے رجسٹرات کے عمل کے متعلق صادر کئے گئے ہیں ان میں بجز فقرہ (۱۴) کے گشتی ہذا کے نافذ ہونے کی وجہ سے کوئی تغیر واقع نہ ہوگا

فہرست رجسٹرات پولس پٹیلان

محکومہ گشتی عدالت العالیہ نشان (۸) فوجداری بابتہ ۱۳۲۲ف

کا شمارہ تھا اب چونکہ حسب دفعہ (۴) قانون وکلا نشان (۱) ۱۳۱۸ف درخواست عطائے سند کے ساتھ اقرار حلفی حسب دفعہ (۱۲) ضمن (۴) قانون وکلا نشان (۱) ۱۳۱۸ف کا داخل کرنا لازم قرار دیا ہے اس واسطے حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے درخواستہائے عطائے اسناد وکالت کے ساتھ صرف اقرار حلفی حسب دفعہ (۱۲) ضمن (۴) قانون وکلا نشان (۱) ۱۳۱۸ف پیش ہونا کافی ہے حلفنامہ سابقہ حسب گشتی نشان فوجداری (۴) دیوانی (۱) مورخہ ۲۰ جمادی الثانی ۱۳۱۳ھ داخل کرنا ضرور نہیں ہے اس اقرار حلفی کی عبارت وہی ہونا چاہئے جو قانون مذکور میں مندرج ہے ۔ اقرار حلفی مصدقہ کسی ایسے حاکم کا ہونا چاہئے جو تصدیق کرنے کا مجاز ہو ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت و صیغۂ امور عامہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ دیوانی ۶ مورخہ ۴ اسفندار ۱۳۲۰ف

مضمون (۱۰۴) اختیارات زمانہ نگرانکاری سرکاران | گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۷ دیوانی (۷) مورخہ ۲۸ امرداد ۱۳۲۰ف جو اختیارات تحصیلداران تحصیل کو بہ حیثیت منتظم عدالت عطا کئے گئے ہیں اگرچہ وہ بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱) دیوانی (۸) مورخہ ۱۲ امرداد ۱۳۲۰ف سررشتہ داران عدالت و اعلیٰ محرران صیغہ عدالت مواجبی زائد از پچیس روپیہ سے بھی متعلق کئے گئے ہیں لیکن بعض وقت ظاہر ہوا ہے کہ سررشتہ دار یا دوسرے لوگ جو عہدہ داروں کی رخصت وغیرہ کے زمانہ میں نگرانکار ہوتے ہیں وہ اپنے اختیارات سے زیادہ کارروائی کرتے ہیں ۔ جو درست نہیں ہے لہذا حسب منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان ۹۷۰ مورخہ ۲ اسفندار ۱۳۲۰ف اجلاس انتظامی سے حکم دیا جاتا ہے کہ اختیارات مندرجہ گشتیات محولہ بالا سے زمانہ نگرانکاری میں تجاوز نہ کیا جائے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت و صیغۂ امور عامہ سرکار عالی نشان فوجداری ۷ مورخہ ۹ فروردی ۱۳۲۰ف

مضمون (۱۰۴) تختہ تلبیس سکہ صدر دفتر محکمہ فنیانس میں بھیجا جائے | گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۹) دیوانی (۵) مورخہ ۲ اسفندار ۱۳۱۹ف کے ذریعہ سے تختہ نمبر (۱) تلبیس سکہ کا جو نمونہ جاری کیا گیا ہے اس کے تحت فقرہ (۱) میں حکم دیا گیا ہے کہ یہ تختہ ہر مہینے کے ختم پر پہلی تاریخ ماہ آیندہ کو راست محکمہ فنیانس میں روانہ ہوا کرے جس کی وجہ سے خواہ کسی مہینہ میں مقدمات فوجداری

منتقل ہو تو اس کا اندراج بروقت کرنا چاہئے۔

۱۴	۱۸	مقدمات فوجداری	پولس پٹیل یا اس کا گماشتہ نوشت و خواند کی لیاقت رکھتا ہو تو حسب اقتدارات پولس پٹیلان مقدمہ فیصلہ کرے ورنہ جرائم سنگین وغیرہ اختیاری ناظم فوجداری مجاز کی عدالت میں روانہ کرے۔
۱۵	۱۹	روزنامچہ	ضروری واقعات جو اصل مواضع و مزارع متعلقہ میں واقع ہوں انکو درج کرنا چاہئے۔
۱۶	۲۰	جمع و خرچ روزانہ	صیغہ عدالت و کوتوالی کی آمدنی و مصارف روزانہ درج کرنا چاہئے
۱۷	۲۴	کتاب الرائے	جو عہدہ داران موضع کی تنقیح کریں انکی رائے اسمیں درج کی جائے۔

رجسٹر نمبر (۱) مسلبند دفتر پولس پٹیل موضع تعلقہ ضلع بابتہ سنہ ۱۳

نمبر شمار مسل	[illegible]	خلاصہ مضمون مسل	[illegible]	تاریخ داخل دفتر	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶

ھدایات (۱) سین ماسبق کے تمام مسلے آغاز سال پر الگ منتقل کرنا چاہئے اور سین ماسبق کی سطر میں سرخ قلم سے لکھا جایا کرے۔ (۲) رجسٹر ہذا کے خانہ (۴) میں جبکہ مسل میں کوئی امر تصفیہ طلب باقی ہے شرح داخلہ مسل میں لکھ کر جو تاریخ درج ہو وہ تاریخ لکھنا چاہئے۔

نمبر رجسٹر حال	نمبر رجسٹر سابق	نام رجسٹر	مضمون
۱	۲	۳	۴
۱	۱	مشتملہ	جس قدر مسلہ مرتب ہوں ان کا اندراج بروقت ہونا چاہیئے۔
۲	۲	موصولہ	جس قدر مراسلات ہوں ان کا اندراج لازم ہے گشتی مراسلہ ہو تو نقل رکھکر ابغرض گشت کے روانہ کردینا چاہیئے۔
۳	۳	مجاریہ	جس قدر مراسلات جاری ہوں ان کا اندراج بروقت کرنا چاہیئے۔
۴	۴	ٹپہ بہی	جو مراسلات جاری ہوں اُن کی رسید مکتوب الیہ سے حاصل کی جائے اور ٹپہ بہی میں وصل کی جائے
۵	۵	حاضری روزانہ ملازمین	موضع میں پٹیل اور پٹواری اور سکاولکار اور پیادہ اور سیت سندھی اور حوالدار جملہ ملازمین سرکاری اور باشندگان مستقل کی حاضری روزانہ لکھنا چاہیئے۔
۶	۶	واردات اتفاقی	جو واردات اتفاقی واقع ہو اسکو بروقت درج کرنا چاہیئے۔
۷	۷	حیات وممات	مواضع یا مزارع متعلقہ میں جو وفات یا ولادت ہو اس کا اندراج بروقت کرنا چاہیئے۔
۸	۹	کنگر مویشیاں	اس رجسٹر میں جو مویشیان آوارہ کونڈواڑہ میں داخل ہوں ان کو لکھنا چاہیئے۔
۹	۱۰	رسید دفتر پٹیل	پولس پٹیلان کو رسیدات کا مثنی رکھنا چاہیے اور بصورت ادخال مویشی داخل کنندہ کو رسید دی جایا کرے۔
۱۰	۱۱	مسافرین	ممالک غیر یا ممالک محروسہ سرکار عالی کا کوئی باشندہ وارد ہو تو اس کا اندراج کرنا چاہیئے۔
۱۱	۱۲	مجرمان اشتہاری	جن مجرمان اشتہاری کی اطلاع موصول ہو اُن کا داخلہ درج کرنا چاہیئے
۱۲	۱۳	داخلہ بدمعاشان	اشخاص بدچلن اور بدمعاش جنمیں اقوام جرائم پیشہ داخل ہیں انکو اس رجسٹر میں درج کیا جائے۔
۱۳	۱۵	داخلہ خرید وانتقال اموال یا مویشی	موضع میں جو مویشیاں یا مال مشتبہ خرید یا فروخت یا رہن یا

رجسٹر نمبر (۴) پٹہ بہی دفتر پولس پٹیل واقع موضع تحصیل ضلع صوبہ بابتہ سنہ ۱۳ ف

نمبر و تاریخ پٹہ	پٹہ نمبر	سررشتہ متعلقہ کا نام	مضمون مراسلہ	سلسلہ نمبر مراسلہ	دستخط پولیس پٹیل	تاریخ رسید
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

ہدایات (۱) جب چند سررشتوں میں پٹہ بہی روانہ کرنا ہو تو ہر سررشتہ کی پٹہ بہی جداگانہ رکھنا مناسب ہے مثلاً پولس پٹیل کو آسانی ہوگی کہ دفتر ایل و تحصیلداری کی پٹہ بہیاں جداگانہ رکھی (۲) خانہ نمبر ۳ نام گیرندہ مراسلہ کا بہت احتیاط رکھنا چاہئے کہ صاف خط میں وہ نام لکھا جائے (۳) خانہ نمبر (۶) میں جو دستخط ہیں وہ بارہا ایسے بدخط ہوتے جو پڑھے نہیں جاتے دستخط صاف خط میں ہونا چاہئے۔

رجسٹر نمبر (۵) حاضری روزانہ ملازمین سرکاری و باشندگان مشتبہ دفتر پولس پٹیل موضع تحصیل ضلع صوبہ بابتہ سنہ ۱۳ ف

نمبر شمار	نام و ولدیت و عہدہ و سکونت	تاریخہائے ماہ سنہ ۱۳ ف: ۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۵

ہدایات۔ (۱) اس رجسٹر میں اشخاص جرائم پیشہ و بدمعاشان و جملہ ملازمین سرکاری باشندگان موضع کی حاضری لکھنا لازم ہے (۲) لحاظ ہے کہ پولس پٹیل مالی پٹیل پٹواری گماشتہ کا ولکاریہ جو کمیدار یا حوالدار جو موضع میں فرائض منصبی ادا کرتا ہو اُنکی حاضری لکھنا لازم ہے (۳) جن لوگوں کی حاضری لکھنا لازم ہے اگر وہ غیر حاضر ہوں تو وجوہ اُنکی غیر حاضری کے روز نامچہ میں لکھنا چاہئے اور افسر بالادست کو اس کی اطلاع روزانہ دینا لازم ہے۔

رجسٹر نمبر (۲) موصولہ دفتر پولس پٹیل واقع موضع تعلقہ ضلع صوبہ بابتہ سنہ ۱۳ ف

نمبر سلسلہ و تاریخ وصول	نمبر رجسٹر	تاریخ مراسلہ	مقام کاتب	مضمون	کیفیت: جواب طلب ہے یا نہیں	کیفیت: تاریخ جواب و نمبر رجسٹر مراسلات جاریہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴ ۵	ء	۶	۷	۸

ھدایات (۱) مضمون کا خلاصہ لکھنا کافی ہے۔
(۲) جواب طلب ہے یا نہیں اس میں "ہاں" یا "نہیں" لکھنا کافی ہے

رجسٹر نمبر (۳) جاریہ دفتر پولس پٹیل واقع موضع تحصیل ضلع صوبہ بابتہ سنہ ۱۳ ف

تاریخ	نمبر رجسٹر	نام مکتوب الیہ	مقام مکتوب الیہ	مضمون مراسلہ	کیفیت: جواب طلب ہے یا نہیں	کیفیت: نشان تاریخ جواب معہ نشان مثل	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

ھدایات (۱) مضمون کا خلاصہ لکھنا کافی ہے (۲) جب مراسلہ جواب طلب نہ ہو تو لکھنا چاہئے کہ "نہیں" اگر جواب طلب ہو تو لکھنا چاہئے کہ "ہاں"
(۳) وقت معینہ پر جواب نہ آئے تو یاد دہانی کرنا چاہئے۔

رجسٹر نمبر (۸) کٹگر مویشیان

دفتر پولس پٹیل — موضع — تحصیل — ضلع — صوبہ — سنہ ۱۳ ف

۱ [illegible]	۲ [illegible]	۳ تفصیل مویشی مع حلیہ	۴ [illegible]	۵ [illegible]	۶ [illegible]	۷ [illegible]	۸ مقدار [illegible]	۹ [illegible]	۱۰ [illegible]	۱۱ [illegible]	۱۲ مدارج سیاہہ روزنامہ: تاریخ	۱۳ مدارج سیاہہ روزنامہ: صفحہ	۱۴ کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴

ہدایات (۱) جس روز مویشی داخل ہو وہ خانہ نمبر (۲) میں درج کرنا چاہئے (۲) جب مویشی تحصیل میں یا کسی ... موضع میں بھیجا جائے یا مالک کو واپس دیا جائے تو ردخانہ (۹) میں تاریخ اخراج میں لکھنا چاہئے۔ (۳) خوراک اور جرمانہ جو وصول ہو وہ خانہ ۹ و ۱۰ میں لکھنا چاہئے۔ (۴) جو رقم کٹگر مویشیان آوارہ کی بابت وصول ہوں وہ سیاہہ روزنامہ میں درج کرکے اسکی تاریخ و صفحہ نمبر ۱۲ و ۱۳ میں لکھنا چاہئے۔

رجسٹر نمبر (۹) دفتر پولس پٹیل

موضع — تعلقہ — ضلع — بابتہ سنہ ۱۳ف

۱ [illegible]	۲ [illegible]	۳ [illegible]	۴ تفصیل شے داخل شدہ	۵ [illegible]
۱	۲	۳	۴	۵

رجسٹر نمبر (۹) رسید دفتر پولس پٹیل

بابتہ سنہ — موضع — تعلقہ

بیرنگ تابع داخل کنندہ رقم یا مال یا مویشی کو پولس پٹیل دیگا۔

۱ [illegible]	۲ [illegible]	۳ [illegible]	۴ تفصیل شے داخل شدہ	۵ [illegible]
۱	۲	۳	۴	۵

خانہ ۴ کے متعلق ہدایت (۱) اگر مویشی یا ارو دال ہو تو انکی قسم جیسے بیل گائے گھوڑا گدھا وغیرہ درج کردینا چاہئے۔ (۲) اگر مال داخل ہو تو اُس کی کوئیت و تعداد درج کرنا چاہئے (۳) اگر نقد روپیہ داخل ہو تو اسکی تعداد درج کرنا چاہئے (۴) اگر جانور یا مال یا نقد روپیہ مالک کو واپس دیا جائے تو خانہ (۵) میں ... (۵) میں تحت مال واپس شدہ دستخط وصولیابی یہ گواہی دو اشخاص لی جائے فقط

رجسٹر نمبر ۶ واردات اتفاقی

دفتر پولس پٹیل موضع تعلقہ ضلع صوبہ بابت

نمبر شمار	نام متوفی مع ولدیت و قومیت و عمر و پیشہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	تاریخ اطلاع کارروائی بجانب متعلقہ	نام ورثای متوفی بقید ولدیت و سکونت و عمر بصراحت قرابت	خلاصہ بیان بیجان ورائے معائنہ ڈاکٹر صاحب
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱

ہدایات (۱) تختہ واردات اتفاقی جو کوتوالی سے تحصیل میں جاتا ہے اس کی خانہ پُری اس رجسٹر سے ہوتی ہے لہذا اندراجات صحیح اور بروقت ہونے چاہئیں۔

رجسٹر نمبر ۷ حیات و ممات

دفتر پولس پٹیل واقع موضع تحصیل ضلع صوبہ بابتہ سنہ ۱۳۲۱ف

[illegible]	تفصیل حیات و ممات	تعداد احیا: مرد	تعداد احیا: زن	تعداد اموات: مسلمین: مرد	تعداد اموات: مسلمین: زن	تعداد اموات: ہنود: مرد	تعداد اموات: ہنود: زن	تعداد اموات: دیگر اقوام: مرد	تعداد اموات: دیگر اقوام: زن	وجوہ موت: امراض: ہیضہ	وجوہ موت: امراض: [illegible]	وجوہ موت: امراض: [illegible]	وجوہ موت: امراض: [illegible]	وجوہ موت: دیگر وجوہ: قتل	دیگر جرائم
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

ہدایات (۱) اس رجسٹر میں بدرج پابندی بمطابقت روزنامچہ بروقت اندراج کرنا چاہئے (۲) خانہ نمبر (۲) میں تفصیل حیات و ممات نام و ولدیت و قومیت و عمر و سکونت و پیشہ متوفی کا اور پیدا ہونیوالے کے والدین کا لکھنا چاہئے (۳) اس رجسٹر کی ماہانہ میزان تھانہ متعلقہ میں روانہ کرنا چاہئے (۴) اس رجسٹر کی ماہانہ و سالانہ میزان دینا لازم ہے۔

رجسٹر نمبر (۲۱) ۱۰ اخلہ مدمعاشان اسامیان متعلقہ دفتر پولس پٹیل موضع .... تعلقہ .... ضلع .... بابتہ .... سنہ ....

یہ پرت ثانی رجسٹر سے پھاڑ کر دیا جائیگا اور بعد دائمی پولس پٹیل کو دے گا۔

۶	۵	۴	۳	۲	۱
[illegible]	[illegible]	[illegible]	پیشہ و ذات	[illegible]	نمبر شمار

ہدایت

بعد دائمی اسی شخص مذکور یہ پرت دائیں وصول ہو تو رجسٹر میں اس کے مقام پر چسپاں کرنا چاہیئے۔

رجسٹر نمبر ۱۲ داخلہ بدمعاشان و اشخاص مشتبہ دفتر پولیس موضع تعلقہ ضلع بابت سنہ ۱۳ف

نمبر شمار	تاریخ اندراج بلحاظ سنہ و ماہ	نام و ولدیت و قوم و سکونت و عمر مع حلیہ اور کوئی خاص نشان اگر ہو	ذریعہ معاش	نمبر اور تاریخ مسل	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵	۶

ہدایات ۔ ۱۔ رجسٹر ہذا میں اندراج اول میں مشتبہ و جرائم پیشہ یا اشخاص آوارہ یا بدمعاشان شہر مشتبہ کا ہوگا جن کی نسبت پولیس افسر کو قوی شبہ ان کی بدمعاشی کا ہو۔

۲۔ جن اشخاص کی نسبت ایسا حکم صادر سے وصول ہوا ہو جیسے سزا یافتہ سابقہ ہو یا جن کی ضمانت ان کی نسبت عدالت میں لی گئی ہو۔

۳۔ پولیس افسر کو لازم ہوگا کہ اس اختیار کو بہت احتیاط سے عمل میں لائے ورنہ مستوجب تدارک ہوگا۔

۴۔ اگر کوئی شخص مندرجہ رجسٹر ہذا کہیں جانا چاہے تو خانہ (۶) کی خانہ پری کرکے اس کا پتہ تا آنکہ بعد اندراج یا جلد سمجھ اس کو دینا چاہئے (۵) جن بدمعاشوں کے نام کے محاذی نشان ہو رجسٹر میں سرخی سے بتلایا جائے گا کہ یہ پی اور آپ پیش شدہ ہیں تو ان کو پولیس افسر راہداری دینے کا مجاز نہ ہوگا بلکہ ان کو داخلہ اہلکاری کی اطلاع دیا جائے گا

رجسٹر نمبر ۱ مسافرین   دفتر پولس پٹیل   واقع   دیہ   تعلقہ   ضلع   صوبہ   بابتہ سنہ ۱۳ف

نمبر شمار	نام مع ولدیت و قومیت و عمر و پیشہ و سکونت	تاریخ و ماہ و روز بصراحت وقت: آمد	رفت	تعداد ہمراہیان	سامان ہمراہی	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

ہدایات (۱) جو کچھ مسافر کی نسبت اشتباہ دلیلی ہو وہ خانہ کیفیت میں لکھا جائے کہ وجہ اشتباہ کیا ہے (۲) سامان ہمراہی میں لکھا جانا ہے کہ اسلحہ۔ گھوڑے۔ بیل۔ جانور۔ گاڑی کس قدر ہیں (۳) جس سامان کی نسبت اشتباہ جرم ہوا اس کی تفصیل لکھنا ضرور نہیں ہے (۴) مسافر باشندہ ریاست غیر یا اسی ریاست کا ہو اس کو درج رجسٹر کرنا چاہئے۔ (۵) کوئی انگریز مسافر ہو تو اس کا نام مفصل لکھوا لینا چاہئے۔ (۶) خانہ کیفیت میں یہ امر بھی درج ہوا کرے کہ مسافر کس مقام سے آیا اور کس مقام کو جانا بیان کرتا ہے۔

رجسٹر نمبر (۱۱) مجرمان اشتہاری   دفتر پولس پٹیل   موضع   تعلقہ   ضلع   صوبہ   بابتہ سنہ ۱۳ف

نمبر شمار	تاریخ وصول حکم یا اشتہار نسبت مجرم اشتہاری	نام مع ولدیت و قومیت	سکونت: موضع قصبہ	تعلقہ	ضلع	حلیہ	عمر و وقت فرار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳

ہدایات (۱) ہر وقت وصول حکم یا اشتہار نسبت گرفتاری مجرم اشتہاری اس رجسٹر میں خانہ پری ہونی چاہئے۔

رجسٹر نمبر (۱۴) مقدمات فوجداری دفتر پولس پٹیل — موضع — تحصیل — ضلع — صوبہ — بابتہ سنہ ۱۳ ف

کیفیت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	فریقین: ملزم یا مدعا علیہ [illegible]	فریقین: مستغیث یا مدعی [illegible]	نوعیت الزام	دوران مقدمہ	تاریخ فیصلہ یا حکم	تاریخ [illegible]	تاریخ [illegible]	نمبر شمار
۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱

ہدایات (۱) مقدمہ فوجداری کا دوران اول حاضری ملزم یا اس کی گرفتاری سے شمار کرنا چاہیے (۲) جب جرمانہ وصول ہو تو اسی روز نامچہ ورانہ میں درج کرنا چاہیے اور اس کی تاریخ و صفحہ خانہ نمبر (۱۲) میں درج کرنا چاہیے (۳) ہر مقدمہ فوجداری کی جداگانہ مثل مرتب کرنا چاہیے اور پولس پٹیل مقتدر پر لازم ہوگا کہ تمام اظہارات وغیرہ اپنے ہاتھ سے قلمبند کرے دوسرے شخص سے لکھا کر جاری نہ کرے۔

رجسٹر نمبر (۱۵) روزنامچہ دفتر پولس پٹیل — واقع — موضع — تحصیل — ضلع — صوبہ — بابتہ سنہ ۱۳ ف

تاریخ و ماہ و سنہ	واقعات ضروری
۱	۲

ہدایات (۱) اس رجسٹر میں بروقت تمام واقعات ضروری لکھنا چاہیے (۲) ہر واقعہ کا اندراج روزنامچہ میں کرکے کھاتہ متعلقہ میں درج کرنا چاہیے مثلاً کوئی جرم سرزد ہو تو روزنامچہ میں بروقت درج ہو کر اس کی نقل تھانہ دار کے پاس روانہ کرنا چاہیے اور کتاب مجاریہ نمبر (۳) میں اس کا حوالہ دینا چاہیے یہی نمبر (۲) میں اس کی رسید لینی چاہیے (۳) ولادت یا وفات ہو تو روزنامچہ میں درج کرکے رجسٹر نمبر (۷) میں لکھنا چاہیے
(۴) موضع میں کوئی ملازم سرکاری وارد ہو تو اس کے آمد و رفت کے اوقات لکھنا چاہیے۔

رجسٹر نمبر (۱۳) داخلہ فروخت یا انتقال اموال مویشی دفتر پولیس پٹیل موضع تعلقہ ضلع سرکار

نمبر سلسلہ	تاریخ فروخت یا روانگی از موضع	نام مالک مع ولدیت و قومیت و سکونت	نام خریدار مع ولدیت و قومیت و سکونت	تفصیل اموال یا مویشی	قیمت	دستخط پولیس پٹیل
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

ہدایات ۱۔ جب موضع میں مویشی یا مال منقولہ فروخت یا رہن ہوتا ہو تو اس کا اندراج رجسٹر ہذا میں لایا جائے۔
۲۔ خانہ (۵) میں اگر مال ہو تو اس کی نوعیت اور وزن اگر مویشی ہو تو اس کی قسم اور حلیہ اس صراحت کے ساتھ لکھنا چاہئے کہ اس کی شناخت آسان ہو۔
۳۔ اگر کوئی شخص مال یا جانور اپنے موضع سے دوسرے موضع کو بغرض فروخت لیجائے تو رسید ثانی بعد خانہ پری اس کو دیا جائے۔
۴۔ اگر مال یا جانور اسی گاؤں میں فروخت ہوتا ہو جس گاؤں کا وہ جانور اور مالک جانور ہے تو اسکو رسید ثانی دیا جائے۔ بہرحال جس کے پاس مال یا جانور ہو اسکے پاس یہ داخلہ رہنا چاہئے۔
۵۔ اگر مال یا جانور دوسرے گاؤں میں فروخت ہو تو وہاں کا پٹیل بایع سے یہ داخلہ لیکر دوسرا داخلہ اپنے موضع کا مشتری کو دے۔

رجسٹر نمبر (۱۳) داخلہ فروخت یا انتقال اموال مویشی دفتر پولیس پٹیل موضع تعلقہ ضلع سرکار

نمبر شمار	تاریخ فروخت یا روانگی	نام مالک مع ولدیت و قومیت و سکونت	نام خریدار مع ولدیت و قومیت و سکونت	تفصیل اموال یا مویشی	قیمت	دستخط پولیس پٹیل
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ / دیوانی ۸ مورخہ ۱۸ شہریور ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۰۵) لزوم امتحان زبان ملکی متعلقہ امتحان جوڈیشل برائے عہدہ داران مشترکہ مال و عدالت	جوڈیشل امتحان میں ایک مضمون زبان ملکی کا رکھا گیا ہے جس میں ہر سال امتحان ہوتا ہے اس کے علاوہ سررشتہ

عدالت میں زبان دانی ملکی کا ایک اور امتحان ہوتا ہے جو اہل عملہ اور امیدواروں کے لئے موزوں ہے بعض اوقات عہدہ داران سررشتہ مال مضمون زبان دانی کی تکمیل کے لئے آخر الذکر امتحان میں شریک ہو جاتے ہیں جو مختلف وجوہ سے درست نہیں متصور ہو سکتا لہٰذا منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان ۲۲۲۶ مورخہ ۲۷ خورداد ۱۳۲۲ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے عہدہ داران مال یا عدالت اُس امتحان زبان دانی میں جو محض اہل عملہ اور امیدواروں کے لئے ہے شریک نہیں ہو سکیں گے۔ عہدہ داران مذکور الصدر کو صرف جوڈیشل امتحان کے مضمون زبان دانی میں بشرط ضرورت شرکت کی اجازت ہوگی۔

نوٹ۔ جو عہدہ دار نفاذ گشتی ہذا سے پہلے امتحان میں کامیاب ہو چکے ہوں اُن پر حکم گشتی ہذا اثر نہ ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ / دیوانی ۹ مورخہ ۱۵ شہریور ۱۳۲۲ف

مسئلہ (۱۰۶) مقدمات میں رقم ناداری نقد وصول کرنے کے عوض اُس قدر رقم کا اسٹامپ لیا جایا کرے	(۱) انسپکٹر جنرل آف رجسٹریشن و اسٹامپ سرکار عالی نے عدالت العالیہ میں تحریک کی ہے کہ علاقہ جاگیرات و

سمستان کے متعلق جس طرح بذریعہ گشتی نمبر (۲) ۱۳۱۸ف یہ حکم دیا گیا ہے کہ ان علاقہ جات کے مقدمات میں رقم جرمانہ و ہرچند تاوان نقد وصول ہونے کے عوض اُس قدر قیمت کا اسٹامپ لیا جائے اسی طرح رقم ناداری کے متعلق بھی حکم دیا جائے۔ بنا بر علیہ اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بعد منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار آصفیہ عدالت نشان (۹۵۸) مورخہ ۳۰ شہریور ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ مقدمات عدالت ہائے جاگیرات یا سمستان میں جب کبھی رقم ناداری وصول کرنے کی ضرورت پیش آئے تو بجائے نقد رقم ناداری وصول کرنے کے اُس قدر رقم کا اسٹامپ وصول کر کے شریک مثل متعلقہ کیا جایا کرے۔ ناظمان عدالت اس کی تعمیل کی طرف کافی نگرانی رکھیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) مورخہ ۱۴ آبان ۱۳۲۲ف

رجسٹر نمبر (۱۶) جمع و خرچ روزانہ دفتر پولیس پٹیل واقع موضع تحصیل ضلع صوبہ بابتہ سنہ ۱۳ف

نمبر و تاریخ	ابواب جمع و خرچ	تفصیل ابواب	بیجک	رقوم: جمع	رقوم: خرچ	رقوم: باقی	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

ہدایات ۱- جو رقم پولیس پٹیل کو وصول ہو اُس کا اندراج بر وقت لازم ہے۔
۲- وہ رقم جانوران شکاری کی ہے یا جرمانہ فوجداری ہے یا مال دفینہ ہے جس کھاتہ سے متعلق ہو اُس کھاتہ کا نام اور صفحہ اُس سیاہہ میں درج کرنا لازم ہے۔

رجسٹر نمبر (۱۷) کتاب الرائے دفتر پولیس پٹیل واقع موضع تحصیل ضلع صوبہ بابتہ سنہ ۱۳ف

نمبر شمار	تاریخ و ماہ و سنہ	نام عہدہ دار تنقیح کنندہ	رائے عہدہ دار تنقیح کنندہ	طریقہ تعمیل مع تاریخ و تعمیل عہدہ دار تعمیل کنندہ
۱	۲	۳	۴	۵

ہدایات ۱- جب کوئی عہدہ دار سرکاری موضع میں آئے تو یہ کتاب الرائے اُس کے اجلاس پر پیش کی جائے۔
۲- جو عہدہ دار سرکاری موضع میں بکار سرکار آئے اس کو چاہیئے کہ در بارۂ اصلاحات ضروری اپنی رائے ثبت کرے۔
۳- عہدہ دار متعلقہ نے اُس کی تعمیل کس طرح کی اُس کا اندراج لازم ہے۔

(۲) ہر وکیل پر لازم ہے کہ درخواست بابت تجدید سند مع ضروری کاغذات متعلقہ و اخراجات ایسے وقت تک عدالت متعلقہ میں پیش کرے کہ یکم مہر تک عدالت العالیہ میں پہنچ جائیں۔ اگر کسی وکیل کی درخواست یکم مہر تک عدالت العالیہ میں نہ پہنچے گی تو اس کے جدید سند کی یکم آذر تک پہونچنے کی ذمہ داری عدالت العالیہ پر نہ ہوگی۔

(۳) عدالت ہائے تحت واقع بلدہ و اضلاع کو ہدایت کیجاتی ہے کہ ان احکام کی سختی کے ساتھ پابندی کی جائے اور وکلا کو پابند ہونے کے لئے عام اشتہار بھی دیدیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ / دیوانی ۲۴ مورخہ ۲۰ آذر ۱۳۲۱ف

مضمون (۱۱۰) مقدمات دیوانی و فوجداری میں ناراضی تحادیر عدالت ہائے علاقہ جات پائیگاہ و جاگیرات مراجعہ کہاں ہوگی

یہ مسئلہ تصفیہ طلب تھا کہ مقدمات دیوانی و فوجداری میں پائیگاہ اور دیگر جاگیرات کلاں کے عدالتوں کے احکام کی ناراضی سے عدالت العالیہ سرکار عالی میں نگرانی ہوگی یا مرافعہ ہوگا۔ حکام عدالت العالیہ نے اجلاس کامل اس مسئلہ پر غور فرما کے بغلبہ آراء یہ تجویز فرمایا ہے کہ عدالت ہائے مذکورہ بالا کے احکام کی ناراضی سے حسب ضابطہ سرکار عالی جن صورتوں میں نگرانی ہوسکتی ہے ان صورتوں میں نگرانی ہوگی اور جن صورتوں میں مرافعہ ہوسکتا ہے ان صورتوں میں مرافعہ ہوگا۔

محکمۂ سرکار نے بھی اس تجویز سے بذریعہ مراسلہ نشان (۵۲۹) مورخہ ۲۰ اسفندار ۱۳۲۰ف اتفاق فرمایا ہے پس آیندہ سے اس کے بموجب عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳ / دیوانی ۱ مورخہ ۲۰ فروردی ۱۳۲۱ف

مضمون (۱۱۱) مقدمات تحویل میں سرعت کارروائی ہوا کرے

اگرچہ گشتی مجلس نشان فوجداری (۱۷) مورخہ ۸ اردی بہشت ۱۳۱۹ف کے ذریعہ سے احکام صادر ہوچکے ہیں کہ مقدمات فوجداری خصوصاً جنمیں علاقہ سرکار عظمت مدار سے اسامیان تحویل ہوتے ہیں نہایت ہی عجلت اور توجہ کے ساتھ کارروائی ہوا کرے اور بصورت خلاف ورزی خاطی پر تدارک عمل میں آئے لیکن بہ تعمیل فرمان مبارک اعلیحضرت بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی مرقومہ ۱۲ صفر ۱۳۳۰ھ محولہ مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ عدالت نشان (۱۶۶) مورخہ ۹ فروردی ۱۳۲۱ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ

مضمون (۱۰۸) مقدمات فوجداری میں بسرعت کارروائی ہوا کرے	اگرچہ کہ بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری

(۱۷) مورخہ ۸ اردی بہشت ۱۳۱۹ف اور دیگر گشتیات کے ذریعہ سے حکم ہوچکا ہے کہ مقدمات فوجداری اور خصوصاً مقدمات تحویل میں بسرعت کارروائی ہوا کرے اور مقدمات مذکورہ میں تاریخ پیشی پندرہ روز سے زاید فاصلہ کی مقرر نہ ہوا کرے۔

لیکن بعد ورود مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ عدالت نشان (۳۲۹) مورخہ ۱۲ مہر ۱۳۲۳ف فصلی عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ اول تعلقدار صاحب ناظم عدالت فوجداری ضلع اورنگ آباد نے ایک قتل کے مقدمہ میں بائیس روز کے فاصلہ سے تاریخ پیشی مقرر کی اور اس قدر فاصلہ سے پیشی مقرر کرنے کی نسبت یہ وجہ ظاہر کی کہ ماہ تیر میں وہ دورہ کرینگے۔ لہذا حسب منشاء سرکار عام طور پر ہدایت کیجاتی ہے کہ احکام مذکورۂ بالا کی پابندی کی ساتھ تعمیل کیجایا کرے اور ناظمان عدالت جنکو دورہ کرنا لازم ہے آغاز دورہ سے پہلے اپنے دورہ کی تاریخیں اس ترتیب سے مقرر کیا کریں جس سے انفصال مقدمات فوجداری پر کوئی برا اثر نہ پڑے اور زمانہ دورہ میں احکام مندرجہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۵) بابتہ ۱۳۱۲ف کو ملحوظ رکھا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱ / دیوانی ۱ مورخہ ۲۲ آذر ۱۳۲۱ف

مضمون (۱۰۹) درخواستہائے تجدید سند وکالت توسط عدالت ہائے متعلقہ پیش ہونا چاہئے	بعض اوقات دیکھا گیا ہے کہ وکلا جو اضلاع پر پیشہ وکالت انجام دیتے ہیں بلا توسط عدالت ہائے متعلقہ راست عدالت العالیہ

میں درخواست ہائے عطا و تجدید سند پیش کرتے ہیں جس سے اس امر کا اطمینان نہیں ہوسکتا کہ عطایا تجدید سند کے لئے کوئی امر مانع نہیں ہے۔ بعض وکلا یہ بھی کرتے ہیں کہ عدالت ہائے اضلاع میں جواب دعویٰ دیتے ہیں اور پھر اس کے بعد بغرض حصول سند عدالت العالیہ میں حاضر ہوتے ہیں حالانکہ ان کے حاضر ہونے کی ضرورت نہیں ہے اس کے متعلق حسب ذیل احکام با جلاس انتظامی سے صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) وکلا جو عدالت ہائے اسمات یا اضلاع یا تعلقات میں کام کرتے ہوں۔ عام ازیں کہ وہ کسی درجہ کے کیوں نہ ہوں ان کو چاہئے کہ تجدید سند وکالت کی درخواست اس عدالت میں پیش کریں جہاں وہ بیشتر کام کرتے ہیں اور وہ عدالتیں براہ راست عدالت العالیہ سے تجدید سند کی کارروائی کریں۔

لیا جائے اور فریقین سے چار اشخاص تک صرف ایک اور زاید از چار اشخاص کے لئے ہر زاید شخص کے واسطے فی کس طلبانہ لیا جائے بشرطیکہ وہ ایک ہی مقام کے رہنے والے ہوں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ / دیوانی ۹ مورخہ ۳۰ خورداد ۱۳۲۱ف

مضمون (۱۳۱) عدالتوں میں جو درخواستیں بذریعہ تار برقی وصول ہوں ان کے متعلق حسب ضابطہ تکملہ اسٹامپ وصول کیا جائے	عدالت العالیہ میں یہ عملدرآمد ہے کہ جو درخواستیں تبدیل تاریخ پیشی وغیرہ کی تار برقی کے ذریعہ سے

وصول ہوتی ہیں ان میں فریق کے حاضر ہونے پر اس سے تکملہ ممہور وصول کیا جاتا ہے۔ لیکن اس عمل میں بھی اس وقت دشواری لاحق ہونے کا اندیشہ ہے جبکہ فریق حاضر نہ آئے یا کہ حاضر ہو کر تکملہ ممہور داخل کرنے میں تامل کرے۔

اسوا اس کے اس بارہ میں تمام عدالتوں کی رہبری کے لئے ایک عام قاعدہ کا تقرر ہونا مناسب ہے۔ لہٰذا علیہ یہ معاملہ اجلاس انتظامی میں پیش کیا گیا اور حسب منظوری محکمہ سرکار صیغہ عدالت مندرجہ مراسلہ نشان (۲۶۲۳) مورخہ ۳۰ خورداد ۱۳۲۱ف مطابق ۹ جمادی الاول ۱۳۳۰ھ اجلاس انتظامی سے حکم دیا جاتا ہے کہ جن درخواستوں پر حسب قانون رسوم عدالت اسٹامپ لینا چاہئے۔ اگر وہ تار برقی کے ذریعہ سے پیش کئے جائیں تو ان کے متعلق تکملہ ممہور کی قیمت بھی بذریعہ ٹیلیگراف منی آرڈر آنی چاہئے جس کا اسٹامپ لیکر اس پر ثبت کیا جائیگا۔ بصورت عدم وصول قیمت ممہور تار برقی پر کوئی لحاظ نہ کیا جائیگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ / دیوانی ۷ مورخہ ۲۴ امرداد ۱۳۲۱ف

مضمون (۱۴۱) تعیین وقت تجدید اسناد وکالت	اگرچہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱) دیوانی (۱) مورخہ

۲۲ آذر ۱۳۲۱ف کے فقرہ (۲) میں حکم دیا گیا ہے کہ ہر وکیل پر لازم ہے کہ درخواستہائے تجدید سند مع ضروری کاغذات متعلقہ و اخراجات ایسے وقت تک عدالت متعلقہ میں پیش کرے کہ یکم مہر تک عدالت العالیہ میں پہنچ جائیں تاکہ یکم آذر تک سند سال آیندہ کی ان کو مل جائے اس کا یہ منشا نہیں ہے کہ شروع سال سے یکم مہر تک برابر درخواستیں تجدید اسناد کی پیش ہوتی رہیں اور نتیجہ یہ ہو کہ انسداد کا کام ہو با... لہٰذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بسلسلہ گشتی مذکور بعد غور مکرر حکم دیا جاتا ہے کہ جو وکلاء اضلاع یا بلدہ میں پیشہ وکالت انجام دیتے ہیں ان کو لازم ہے کہ درخواست ہائے تجدید سند مع ضروری

مقدمات تحویل میں اگر کوئی عہدہ دار عدالتی غیر ضروری تعویق یا بیجا غفلت کرے تو سخت باز پرس کرنے
میں کوئی دریغ نہ کیا جائے اور حکام نظامت فوجداری پر لازم ہے کہ اُن کے یہاں عدالت ہائے تحت سے
تختہ جات کارگزاری اور حوالاتیان جو وصول ہوا کرتے ہیں اُن کی کامل طور پر جانچ کیجایا کرے
بروقت جانچ یا کسی اور طور پر یہ معلوم ہو کہ کسی عدالت میں مقدمہ تحویلی پیش ہوا ہے تو عدالت متعلقہ
سے مقدمہ مذکور کی فرد کارروائی کی نقل فوراً طلب کرکے یہ دیکھ لیا جایا کرے کہ اُس میں عدالت
یا پولس کی طرف سے کوئی تساہل یا بیجا تعویق تو نہیں ہوئی ہے اگر ہوی ہے تو اس کی رپورٹ عدالت
کے سررشتہ انتظامی صیغہ شکایت میں کردی جائے اور خاطی پر تدارک مناسب کے لیے باضابطہ
کارروائی بلاتعویق کی جایا کرے۔

نوٹ: تختہ جات مذکورہ صدر عدالتہائے اسمائے فوجداری اضلاع صوبہ گلشن آباد میدک
و فوجداری بلدہ و اسپیشل مجسٹریٹ اضلاع کے حسب طریقہ مذکورہ بالا جانچ کرنے کی ذمہ داری صیغہ
تختہ جات عدالت العالیہ پر رہے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ / دیوانی ۵ مورخہ ۱۰ ازردی بہشت ۱۳۲۱ف

> مضمون (۲۱۱) توضیح دفعات ۸ و ۹ قواعد طلبانہ متعلقہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۱۹ / دیوانی ۹ مورخہ ۹ ازردی بہشت ۱۳۲۱ف

بربنائے اطلاع انسپکٹر جنرل صاحب رجسٹریشن و اسٹامپ
عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بعض عدالت ہائے ماتحت
میں حسب منشاء دفعات ۸ و ۹ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۱۹ دیوانی د ۹، مورخہ ۹ ازردی بہشت
۱۳۲۱ف کامل طور سے عمل نہیں ہوتا ہے اور اس وجہ سے صحیح مقدار میں طلبانہ نہیں لیا جاتا ہے
لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۳۲۶) مورخہ ۱۰
اردی بہشت ۱۳۲۱ف حکم دیا جاتا ہے کہ فقرہ (۸) گشتی مذکورہ جس کا ماحصل یہ ہے کہ "ہر اطلاعنامہ
یا حکمنامہ کیلئے جداگانہ رسوم طلبانہ لیا جائے گا" اس کا تعلق ملزم اور گواہوں سے ہوگا۔ اور فقرہ
(۹) گشتی مذکورہ جس کا ماحصل یہ ہے کہ "اطلاعنامہ یا حکمنامہ کی تعمیل چار یا زیادہ اشخاص پر جو
فریقین ہوں۔ مطلوب ہو تو صرف ایک رسوم لیا جائیگا" اُس کا تعلق خاص فریقین سے ہے لیکن
حکمنامہ گرفتاری اور قرقی کے لئے فریقین مقدمہ سے جداگانہ رسوم لیا جائے گا۔ پس اس لحاظ سے
مقدمات فوجداری ناقابل دست اندازی پولس میں ملزم اور گواہوں کے بابت فی کس طلبانہ

اگرچہ بحوالہ فرامین مبارک احکام مندرجہ بالا کی رو سے جملہ نظمائے عدالتہائے فوجداری کو بامور مقدمات فوجداری اور خصوصاً ان مقدمات کو جنہیں ملزمین علاقہ غیر سے تحویل ہوئے ہوں عاجلہ عمل کرنے کی کافی تاکید کی گئی ہے لیکن بعض صورتوں میں دیکھا گیا ہے کہ اس کی پابندی کما حقہ نہیں ہوتی لہذا اس غرض سے کہ آیندہ ایسے مقدمات کا فیصلہ نہایت جلد ہو بذریعہ گشتی ہذا جملہ نظمائے عدالتہائے فوجداری سرکار عالی کو حسب ذیل ہدایات کئے جاتے ہیں۔

(۱) مقدمات تحویل کی تحقیقات کے لئے حتی الامکان قریب تر اور مسلسل تواریخ مقرر کی جائیں۔

(۲) اگر پیروکار پولس تاریخ مقررہ پر ثبوت پیش کرنے میں یا کسی اور طور پر پیروی مقدمہ میں کوتاہی کرے تو اسی وقت اس کی اطلاع بالادست عہدہ دار کوتوالی کو و دیگر نقل اس کا عدالت العالیہ میں بھیجا جائے۔

(۳) ایسے مقدمات میں حتی الامکان تاریخ تحویل ملزم سے جملہ کارروائی و تحقیقات و فیصلہ تین ماہ کے اندر ختم ہونی چاہئے۔ اگر کسی ناگزیر حالات کی وجہ سے ایسا نہ ہو سکے تو اس کی تفصیلی اطلاع عدالت بالادست کو دیکر جو انتظام اس کے جلد ختم اور مکمل ہو جانے کے لئے ضرور ہو اس کو صاف طور پر بیان کرنا اور عمل میں لانا چاہئے۔

(۴) اگر کسی ایسے مقدمہ میں متعدد ملزمین ہوں جن میں سے بعض تحویل ہوگئے ہوں اور بعض کی تحویل باقی ہو تو بہ پابندی قانون مناسب انتظام کے بعد تحویل شدہ ملزمین کے مقابلہ میں فوراً کارروائی شروع کر دی جائے اور بقیہ کے متعلق حسب ضابطہ بروقت کارروائی کی جائے۔

(۵) جن مجسٹریٹوں کی نسبت یہ ثابت ہوگا کہ انہوں نے ان احکام کی تعمیل میں غفلت کی وہ بازپرس کے مستوجب متصور ہونگے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ / دیوانی ۱ مورخہ ۳ بہمن ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۱۷) روانگی اثسلہ عدالتہائے تحت بمقدمات مرافعہ | اکثر دیکھا جاتا ہے کہ عدالت ہائے تحت سے بہ صیغہ مرافعہ جو اثسلہ طلب کیجاتی ہیں وہ وقت پر یا قبل تاریخ پیشی موصول نہیں ہوتیں جس سے نہ صرف حکام عدالت العالیہ کا وقت ضایع ہوتا ہے بلکہ مقدمات ملتوی کرنے کی وجہ سے فریقین مقدمہ کو بھی زحمت بے فائدہ ہوتی ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ عدالت ہائے تحت سے قبل از تاریخ پیشی اپیل

سکا غذات متعلقہ ایسے وقت تک عدالت متعلقہ میں پیش کردیں کہ یکم مہر تک عدالت العالیہ میں پہنچ جائیں اور ان کو سال ما قبل کے یکم آذر تک استناد مل جائیں۔

(۲) آغاز سال کے بعد اس سال کی بابت تجدید سند کی کوئی درخواست نہ لیجائیگی اور نہ اسنا کی تجدید کیجائیگی جب تک کہ اس کے لئے وجہ موجہ موجود نہ ہو۔

(۳) امداد قید امتحان کامیابی و ابتدائی سند کے حاصل کرنے کے لئے کسی وقت کی قید نہیں ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۱۵) طریقہ حصول اخراجات تجہیز و تکفین متوفیان لاوارث۔	عدالت فوجداری بلدہ نے تحریک کی کہ متوفیان لاوارث کی تجہیز و تکفین اکثر سرکاری مصارف سے کیجاتی ہے اور متوفی کا مال بوجہ لاوارث ہونے

کے بہ امانت جمع رہتا ہے اور اکثر عذر داریاں پیش ہوکر عذر داروں کو مال دیدیا جاتا ہے اسلئے تحصیل فوت شدہ کے مصارف تجہیز و تکفین جو منجانب سرکار بذریعہ کوتوالی کرائے جاتے ہیں وہ بروقت ثبوت عذر داری و حوالگی اثاثہ عذر داروں سے لینا چاہئے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بمنظوری محکمہ سرکار مندرجۂ مراسلہ نشان (۱۰۲۷) مورخہ ۲۸ آبان ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ اخراجات تجہیز و تکفین متوفیان لاوارث بعد منظوری عذر داری قبل حوالگی اثاثہ متوفی بروقت حوالگی اثاثہ عذر دار سے وصول کرلئے جایا کریں حسبہ تعمیل کیجائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۱۶) مقدمات فوجداری جن میں تحویلی ہوں تین ماہ کے اندر فیصل ہوجائیں	احکام مفصلۂ ذیل پیش اور ملاحظہ ہوئے :- (۱) گشتی محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۳) مورخہ ۱۴ مہر ۱۳۱۸ف

(۲) گشتی محکمہ سرکار صیغہ عدالت نشان (۴) مورخہ ۱۲ آبان ۱۳۱۸ف

(۳) گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۱۷) مورخہ ۸ اردی بہشت ۱۳۱۹ف

(۴) مراسلہ مجلس عالیہ عدالت نشان (۲۴۰۴۶) مورخہ یکم مہر ۱۳۲۰ف

(۵) گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۱) مورخہ ۲۴ آبان ۱۳۲۰ف

(۶) " " " نشان (۳) مورخہ ۲۷ فروردی ۱۳۲۱ف

بغرض قلم بندی اقبال نظماً فوجداری کے پاس پیش ہوں فوراً ان کے بیانات قلم بند کرلئے جائیں اور جب ملزمین کے بیانات بعد وعدہ معافی لئے جائیں تو کافی صراحت اور تفصیل کے ساتھ قلمبند کئے جائیں۔ امید ہے کہ جملہ نظمائے فوجداری نہایت احتیاط سے اسکی پابندی کریں گے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ / دیوانی ۳ مورخہ ۹ / اسفندار ۱۳۲۲ ف

مضمون (۱۲۰) سمن اطلاعنامہ جات و حکم نامجات کی تعمیل بروقت اور باقاعدہ کیجایا کرے	تنخواہ جات وجوہ التوائے مقدمات عدالت ہائے ماتحت کے ملاحظہ سے واضح ہوتا ہے کہ عدالت ہائے مفصلات سے سمن

اور طلب نامہ جات و حکم نامجات کی تعمیل بروقت اور باقاعدہ نہیں ہوتی ہے جس کی وجہ سے بار بار مقدمات کی سماعت ملتوی ہوتی ہے اور دوران مقدمات کا بیحد بڑھتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ نظار عدالت ہائے مفصلات تعمیل سمن وغیرہ میں کافی دلچسپی نہیں لیتے ہیں جو قابل اعتراض ہے لہذا جملہ نظمائے عدالت ہائے دیوانی و فوجداری کو ہدایت کیجاتی ہے کہ آیندہ سے سمن وغیرہ کی تعمیل بروقت اور باقاعدہ حسب منشاء قانون ہونے کا انتظام مناسب کریں اور جوانان طلبانہ کو قانونی طریقہ تعمیل سمن وغیرہ کا سمجھائیں اور بروقت پیش ہونے رپورٹ ہائے تعمیلی احکام مذکور یہ دیکھ لیا کریں کہ آیا سمن و طلب نامہ جات و اطلاعنامہ جات وغیرہ کی تعمیل بروقت و باقاعدہ ہوئی ہے یا نہیں اگر آیندہ کوئی شکایت اس بارہ میں مجلس عالیہ عدالت کے ملاحظہ میں پیش ہوگی تو اعلیٰ اہلکار عدالت متعلقہ کی نسبت سخت تدارک کیا جائے گا۔ اور نظار عدالت سے بھی بازپرس کیجائیگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۳ / دیوانی ۴ مورخہ ۹ / اسفندار ۱۳۲۲ ف

مضمون (۱۲۱) بعد انفصال مقدمات اپیل انتسلہ عدالت مرافعہ عنہا میں اندر دو ہفتہ یا سردہ یوم واپس بھیجدیا کریں	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ عدالت ہائے اپیل سے باوجود انفصال مقدمات نتائج اپیل معہ

انتسلہ عدالت ہائے ماتحت عدالت ہائے مرافعہ عنہا میں روانہ کرنے میں بہت تاخیر ہوتی ہے۔ اس تاخیر کی وجہ سے ڈگری داروں کو جن کی ڈگریوں کی تعمیل بہ انتظار تصفیہ اپیل ملتوی رہتی ہے و نیز ملزمین محبوس کو شکایت کا موقع ملتا ہے لہذا بغرض رفع شکایت جملہ نظمائے عدالت ہائے اپیل کو ہدایت کیجاتی ہے کہ آیندہ سے بعد انفصال مقدمات اپیل تاریخ انفصال سے پندرہ روز کے

رقت پر مثل بھیجی جایا کرے تاکہ مثل مطلوبہ تاریخ معینہ پر پیش ہو جایا کرے اس کے متعلق کافی احتیاط رکھی جائے۔ آیندہ اگر تاریخ پیشی پر مثل نہ بھیجے گی تو جس اہلکار کی غفلت ثابت ہوگی اس کی نسبت تدارک عمل میں آئے گا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت مہمالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ دیوانی ۲ مورخہ ۴ بہمن ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۱۸) نظمائے عدالت اظہارات وغیرہ صاف خط میں لکھا کریں | بعض حکام عدالت اظہارات وغیرہ صاف خط میں قلم بند نہیں کرتے ہیں اور جب وہ اظہارات بصیغہ مرافعہ پیش ہوتے ہیں تو ان کے پڑھنے میں دقت واقع ہوتی ہے نظمائے عدالت کا فرض ہے کہ عدالتی کارروائیوں میں ایسے صاف خط میں اظہارات وغیرہ قلم بند کیا کریں کہ جو صاف پڑھے جا سکیں اور کسی قسم کا شبہ مضمون کے متعلق پیدا نہ ہو۔ یہ امر سخت اندیشناک ہے کہ اپیل میں گواہوں کے بیانات غلط پڑھے جانے کی وجہ سے رائے غلط قایم ہو کر انصاف میں خلل واقع ہو لہذا بہ منظوری اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے جملہ عہدہ داران ماتحت عدالت العالیہ اظہارات وغیرہ بخط صاف تحریر کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت مہمالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ مورخہ ۱۱ بہمن ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۱۹) طریقہ قلم بندی اقبال ملزمین | مجلس عالیہ عدالت کو اطلاع ملی ہے کہ بعض اوقات جب ملزمین نظمائے فوجداری کے اجلاس پر بغرض قلم بندی اقبال پیش کئے جاتے ہیں تو نظماء فوجداری ان کے اقبالی بیانات فوراً قلم بند نہیں کرتے یا کسی دوسرے ناظم کے پاس بھیجنے کی تجویز کرتے ہیں اس سے نہ صرف وقت ضایع ہوتا ہے بلکہ تکمیل تفتیش میں دقت اور شہادت کو نقصان پہونچنے کا احتمال ہوتا ہے اور ملزم کو بھی ایک ناظم کے پاس لیجانے میں تکلیف پہنچتی ہے۔ خصوصاً جبکہ ایک ناظم کا مستقر یا مقام قیام دوسرے ناظم کے مستقر یا مقام قیام سے زیادہ فاصلہ پر ہو۔

(۲) مجلس عالیہ عدالت کو یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ جن ملزمین سے مشروطی وعدہ معافی کیا گیا ہو ان کے بیانات خصوصاً اگر وہ زیادہ مطول و مفصل ہوں تو کافی احتیاط اور ضروری تفصیل کے ساتھ قلم بند نہیں کئے جاتے بلکہ مختصر اور مجمل تحریر کئے جاتے ہیں جن سے ضروری واقعات کا انکشاف پورے طور پر نہیں ہوتا اور مقدمات پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ بنا بران حکم دیا جاتا ہے کہ جب ملزمین

روقت مجلس عالیہ عدالت کو نہ ملنے سے تقررات کے وقت دقت پیش آتی ہے اور جو غرض اس تختہ کے طلب کرنے کی ہے وہ پوری طور پر حاصل نہیں ہوتی ہے لہذا جملہ نظمائے عدالت ہائے ماتحت کو ہدایت کیجاتی ہے کہ آئندہ تختہ تقرر و تبدیل بحال بہ نمونہ ماندہ ماہانہ۔ دیگر تختہ جات ماہانہ کے ساتھ بالالتزام در بر وقت مجلس عالیہ عدالت میں روانہ کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) مورخہ ۱۹ اسفندار ۱۳۲۲ف

عمدہ (۱۲۴) نظما فوجداری عدالتہائے اضلاع بے اعتباری مقدمات بعدم وجوہ معقول جائنٹ مجسٹریٹوں کے اجلاس پر منتقل نہ کیا کریں

تختہ جات وجوہ التواء مقدمات فوجداری عدالت ہائے اضلاع کے ملاحظہ سے واضح ہوتا ہے کہ بعض جائنٹ مجسٹریٹوں کے اجلاس پر مقدمات فوجداری قابل سماعت تجویز نظما فوجداری اضلاع کی تعداد بہ مقابلہ مقدمات مرجوعہ اجلاس نظما فوجداری اضلاع کثرت سے ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ نظما فوجداری اضلاع باوجود مستقر ضلع پر موجود ہونے کے اپنے اختیارات سماعت کے مقدمات بلا وجوہ معقول جائنٹ مجسٹریٹوں کے اجلاس پر تفویض کرتے ہیں و نیز بر وقت روانگی دورہ اپنے اجلاس کے مرجوعہ مقدمات بھی بعذر دورہ اُن کے اجلاس پر منتقل کر دیا کرتے ہیں جس کی وجہ سے جائنٹ مجسٹریٹوں کو جو دراصل مستقل ناظم دیوانی ضلع ہیں اپنا منصبی کام دیوانی کا انجام دینے کے لئے جس کے وہ پورے ذمہ دار ہیں کافی وقت نہیں ملتا ہے بہت کچھ وقت اُن کا فوجداری کام میں صرف ہوتا ہے یہ طریق عمل خلاف قانون و احکام ماندہ عدالت العالیہ ہے۔ گشتی نشان (۲) مورخہ ۲۲ خورداد ۱۳۱۵ف کے ٹھیک طور پر پابندی نہیں کیجاتی۔

لہذا جملہ نظماء عدالت ہائے فوجداری اضلاع کو ہدایت کیجاتی ہے کہ وہ آئندہ سے اپنے اختیار سماعت کے مقدمات جبکہ وہ مستقر ضلع پر موجود ہوں بلا وجوہ معقول جائنٹ مجسٹریٹوں کے اجلاس پر منتقل نہ کیا کریں۔ نظمائے عدالت ہائے فوجداری اضلاع کو دورہ کے تاریخات اسطرح مقرر کرنا لازم ہے جس سے فوجداری کام میں ہرج نہ ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) مورخہ ۲۳ اسفندار ۱۳۲۲ف

عمدہ (۱۲۵) استغاثہ و چالان فوجداری است عدالت متعلقہ میں پیش ہونا چاہئے

بعض عدالت ہائے اضلاع ممالک محروسہ سرکار عالی کا یہ عمل ہے کہ مستقر عدالت ضلع سے جو استغاثہ جات و چالان ملحقہ

اندر میعاد اپیل مع اسلہ محکمہ جات تحت عدالت ہائے سے مرافعہ عہدہ میں روانہ کرنے کا انتظام کریں اور وہ اس تاخیر کے ذمہ دار سمجھے جائیں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۸ مورخہ ۸ اسفندار سنہ ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۲۲) مقدمات تحویل شدہ علاقہ انگریزی کے متعلق فردکارروائی ماہانہ عدالت العالیہ میں بھیجی جائے	مفصلہ ذیل کاغذات پیش اور ملاحظہ ہوئے۔ (۱) مراسلہ محکمہ سرکار نساں (۹۹) مورخہ ۵ آذر سنہ ۱۳۲۲ف

(۲) گشتی عدالت العالیہ نشان (۲) فوجداری بابتہ سنہ ۱۳۲۲ف

اکثر مقدمات متعلقہ ملزمین تحویل شدہ میں دیکھا جاتا ہے کہ جب گواہ حاضر نہیں ہوتے تو عدالتیں وارنٹ جاری نہیں کرتی ہیں صرف سمن کے اجرا پر اکتفا کرتی ہیں اور اسی طرح سے جب گواہ حاضر ہوتے ہیں اور ان کی حاضری کی آئندہ کے لئے ضرورت ہوتی ہے تو ان سے مچلکہ نہیں لیا جاتا ہے جس کی وجہ سے گواہ تاریخ مقررہ پر عدالت میں حاضر نہیں ہوتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عدم حاضری گواہان کی وجہ سے مقدمات کے تصفیہ میں غیر ضروری تعویق ہوتی ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ حسب منشا دفعہ ۸۲ ضابطہ فوجداری سرکار عالی گواہوں سے مچلکہ لیا جایا کرے اور جن صورتوں میں گواہ تعمیل سمن کے بعد حاضر ہوں تو حسب منشا دفعہ (۶۲) ضابطہ فوجداری وارنٹ جاری کیا کریں۔

(۲) ایسے مقدمات کے تصفیہ کے متعلق جن میں ملزمین تحویلی ہوں اگرچہ بذریعہ گشتی نشان ۲ فوجداری مورخہ ۱۲ آذر سنہ ۱۳۲۲ف حکم دیا جا چکا ہے کہ تاریخ تحویل ملزم سے جملہ کارروائی تحقیقات و فیصلہ تین ماہ کے اندر ختم ہو جانی چاہئیں لیکن کسی خاص وجہ یا ناگزیر حالات کی وجہ سے اگر مقدمہ اس مدت میں ختم نہ ہو سکتا تو ہر ایک ایسے مقدمہ کی فردکارروائی ہر مہینہ بلا تعویق عدالت العالیہ کے ملاحظہ کی غرض سے بھیجا جایا کرے تاکہ ایسے مقدمات کے حالات سے عدالت العالیہ کو اطلاع ہوتی رہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ دیوانی ۵ مورخہ ۱۹ اسفندار سنہ ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۲۳) تختہ تقرر و تبدل بالالتزام ماہانہ عدالت العالیہ میں بھیجا جایا کرے	اکثر دیکھا جاتا ہے کہ تختہ جات تقرر و

تبدل عمال عدالتہائے ماتحت سے مجلس عالیہ عدالت میں بہت تاخیر سے وصول ہوتے ہیں اس سے ہی کے اختتام تک بہت کچھ تغیر و تبدل اہلکاران کا عدالت ہائے ماتحت میں ہو جاتا ہے جس کی اطلاع

توضیح اس امتحان میں مال یا عدالت اور دوسرے سررشتہ جات سرکاری کے وہ عہدہ دار جن کے نام درج سول لسٹ ہوتے ہیں شریک نہیں ہو سکتے۔

دفعہ (۴) یہ امتحان ہر سال شنبہ اول ماہ فردردی کو لیا جائیگا۔ اگر شنبہ اول سررشتہ میں کوئی تعطیل واقع ہو تو بروز افتتاح عدالت یا جو دوسری تاریخ مقرر کی جائے۔

دفعہ (۵) یہ امتحان صرف بلدۂ حیدرآباد دکن میں ہوگا۔

دفعہ (۶) زبان ملکی سے مراد السنہ مروجہ ملک میں سے کوئی ایک زبان یعنے تلنگی یا مرہٹی یا کنڑی ہے۔

دفعہ (۷) درخواست شرکت من ابتدائے یکم دے لغایتہ آخر بہمن عدالت العالیہ میں پہونچ جانی چاہئیے اور اگر امیدوار ملازم سررشتہ عدالت نہ ہو تو لازم ہے کہ درخواست شرکت کے ساتھ مبلغ پانچ روپیہ بابتہ فیس بھی داخل ہو جائے۔ درخواست شرکت (علم) کے اسٹامپ پر ہوگی۔

دفعہ (۸) الف۔ ہر درخواست میں امور ذیل درج ہوں گے۔

(۱) نام امیدوار بقید ولدیت و قومیت و سکونت و عمر و پیشہ۔

(۲) تصریح اس امر کی کہ امیدوار سررشتہ عدالت کا ملازم مستقل ہے یا نہیں۔ اگر ہے تو خدمت اور سررشتہ کا نام۔

(۳) کس زبان ملکی میں امیدوار امتحان دینا چاہتا ہے۔

(ب) ہر درخواست کے ساتھ صداقت نامہ جات ذیل منسلک ہونی چاہئیں۔

(۱) صداقت نامہ اس عہدہ دار کا جس کے دفتر میں امیدوار ملازم ہو متضمن اس امر کے کہ وہ اس دفتر کا مستقل ملازم ہے۔

(۲) صداقت نامہ نیک چلنی دستخطی کسی ناظم فوجداری یا ناظم دیوانی کا جو امیدوار سے ذاتی واقفیت رکھتا ہو۔

دفعہ (۹) جو درخواستیں ختم بہمن کے بعد وصول ہوں وہ بلا کسی خاص وجہ اجازت میر مجلس کے منظور نہ ہو سکیں گی اور جو درخواستیں اندرون مدت پیش ہوں گی ان کی منظوری معتمد مجلس عالیہ عدالت دے گا اور بصورت نامنظوری میر مجلس کا حکم حاصل کیا جائے گا۔

کوتوالی پیش ہوتے ہیں وہ اولاً ناظم ضلع کے پاس پیش ہو کر نظامت عدالت ہائے فوجداری کے اجلاس پر منتقل و تقسیم کئے جاتے ہیں جس میں نہ صرف طوالت کار بلکہ اہالیان کوتوالی اور مستغیثوں کو پریشانی اور زحمت بے فائدہ ہوتی ہے نیز حلفی بیان مستغیث جو بفور پیش ہونے استغاثہ قلمبند ہونا چاہئے ملتوی رہ جاتا ہے اور پھر اس عدالت میں جس میں استغاثہ و چالان تقسیم ہو کر پہنچا ہے بہ انتظار حاضری مستغیث مقدمہ رجسٹر نمبر متفرق پر رکھ کر مستغیث کا انتظار کرنا پڑتا ہے جس کا اثر دوران مقدمہ پر بھی پڑتا ہے لہذا بنظر رفع طوالت بہ منظوری اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے کہ جس ضلع میں مستقر عدالت ضلع ہے یہ عمل ہے وہ قطعاً موقوف کیا جائے مستغیث اور ملازمین کوتوالی آزاد ہیں کہ مستقر عدالت ضلع پر جس مجسٹریٹ کے سماعت کے قابل مقدمہ ہو وہ راست عدالت متعلقہ میں پیش کر دیا کریں۔ نظما فوجداری کا فرض ہے کہ بفور پیش ہونے استغاثہ و چالان کے رجسٹر نمبر متعلقہ میں درج کر کے کارروائی ضابطہ کریں۔ اگر کسی وجہ سے استغاثہ و چالان واپس کیا جائے تو وہ وجوہ استغاثہ و چالان کے پشت پر درج کر دیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ دیوانی ۶ مورخہ ۲۳ اسفندار ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۲۶) ترتیب قواعد زبان ملکی مروجہ ممالک محروسہ سرکار عالی | ممالک محروسہ سرکار عالی میں امتحان زبان ملکی کے متعلق اب تک کوئی ایسا قاعدہ نافذ نہیں ہے جو ضروری مقاصد اور مطالب پر حاوی ہو۔ بعض گشتیات جو قبل ازیں اس بارہ میں جاری ہوئے ہیں ان سے تکمیل مقاصد کُلاً نہیں ہوتی ہے بنا بران عدالت العالیہ سے بعض ضروری قواعد مرتب کر کے محکمہ سرکار میں پیش کئے گئے۔ جن کے نفاذ کی منظوری بذریعہ مراسلہ نشان (۸۶۹۸) واقع ۴ بہمن ۱۳۲۲ف صادر ہوئی لہذا حسب ذیل قواعد جاری کئے جاتے ہیں

دفعہ (۱) یہ قواعد ۱۳۲۳ف سے نافذ ہوں گے۔

دفعہ (۲) جس قدر احکام سابق ان قواعد کے منافی ہوں تاریخ نفاذ گشتی ہذا سے منسوخ ہو جائیں گے

دفعہ (۳) اشخاص ذیل کو اس امتحان میں شریک ہونے کا حق ہوگا۔

(۱) سررشتہ عدالت کے عملہ کا ہر اہل قلم جو مستقل طور پر مامور ہو بغیر کسی فیس کے داخل ہو سکے گا

(۲) ہر شخص دیگر اس شرط پر کہ فیس داخلہ امتحان تعدادی پانچ روپیہ سکہ عثمانیہ تاریخ مقررہ تک جس کا ذکر آئندہ کیا جائے گا داخل کرے۔

(دفعہ ۱۰) جو رقم فیس داخلہ کی وصول ہوگی وہ بخزانہ سرکار کردی جائیگی اور امتحانات زبان ملکی کی نسبت سوائے مراتب سے حسب ذیل مصارف ادا ہوں گے۔

(۱) فیس ممتحن فی پرچہ سکہ (۸) ر   (۲) الاؤنس معتمد امتحان (دس روپیہ)

(۳) الاؤنس اہلکاراں جنہوں نے امتحان کا سرانجام کیا ہو   (۴) اخراجات حقیقی امتحان جس قدر ہوں۔

(دفعہ ۱۱) اگر امیدوار کو جس نے قواعد بالا امتحان زبان مروجہ ملکی میں کامیاب ہو چکا ہو وقت شرکت امتحان جوڈیشل زبان ملکی کے امتحان میں دوبارہ شریک ہونا لازم نہ ہوگا۔

(دفعہ ۱۲) سند کامیابی امتحان زبان ملکی حسب نمونہ ذیل ہوگی۔

نمونہ

بذریعہ ہذا اس امر کی تصدیق کیجاتی ہے کہ مسمی   ولد   ساکن   زبان
متعلقہ امتحان زبان دانی بابتہ سنہ ۱۳ف میں شریک ہوکر بدرجہ   کامیاب ہوئے۔ آج
بتاریخ   ماہ   سنہ ۱۳ف بثبت مہر و دستخط معتمد مجلس عالیہ عدالت یہ سند دی گئی

گشتی مجلس عالیہ عدالت اضلاع محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۱۴ اسفندار ۱۳۲۳ف

سمتوار (۱۶۷) چیچک برآروں کے ورود کی کیفیت روزنامچہ میں پولس پٹیلوں کو درج کرنا چاہئیے

ناظم صاحب طبابت ملک سرکار عالی نے تحریک کی ہے کہ بروئے گشتی عدالت العالیہ نشان (۸) فوجداری واقع ۱۰ شہریور ۱۳۲۲ف رجسٹر نمبر (۱۷) جو قبل نفاذ گشتی مذکورہ دفتر پولس پٹیلاں میں رہتا تھا تنسیخ کردیا گیا ہے جس کی وجہ سے بوقت دورہ ناظران و مہتمم صاحبان طبابت چیچک برار کے ادائی فرض منصبی کی تنقیح میں دقت ہوتی ہے پولس پٹیلان روزنامچہ میں بالالتزام کیفیت چیچک براری درج نہیں کرتے اور فراہمی اطفال میں بھی تامل کرتے ہیں جس کے متعلق محکمہ سرکار سے بذریعہ مراسلہ نشان (۵۸۱) مورخہ ۲۰ آذر ۱۳۲۳ف روزنامچہ پولس پٹیلان میں اندراج کیفیت کی نسبت ایما فرمایا گیا ہے لہذا بمنظوری اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ جس موضع میں چیچک برآران وارد ہوں پولس پٹیلوں کو لازم ہے کہ ان کے ورود اور ٹیکہ اندازی کی تفصیلی کیفیت روزنامچہ میں بالالتزام درج کیا کریں نیز بہم رسانی اطفال میں جو ٹیکہ لگانے کے قابل ہوں ہرگز کوتاہی نہ کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت اضلاع محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۴) مورخہ ۱۴ اسفندار ۱۳۲۳ف

دفعہ (۱۰) عدالت العالیہ میں یہ امتحان ایک کمیٹی کے زیر نگرانی و اہتمام ہوگا جو ایک صدرنشین و ایک معتمد و تین ارکان پر مشتمل ہوگی۔ ایک رکن مجلس عالیہ عدالت کا بہ تجویز اجلاس استفتائی صدر مجلس امتحان ہوگا۔ صدر مجلس امتحان کو اختیار رہیگا کہ وہ عہدہ داران عدالت سے اور بصورت عہدہ دار عدالت نہ ہونے کے دیگر سررشتہ جات کے عہدہ داران یا وکلاء میں سے ایسے تین اشخاص کا انتخاب کرے جو زبان مروجہ ملک سے کسی ایک زبان میں واقفیت کامل رکھتے ہوں۔

دفعہ (۱۱) یہ کمیٹی امتحان لیگی اور اس کا انتظام خود کریگی اور وہی ارکان ممتحن ہونگے اور نگرانی کا کام ممتحن صاحبان خود ہی انجام دینگے۔

دفعہ (۱۲) مضامین امتحان حسب ذیل ہوں گے:

(۱) پرچہ اول اُردو سے کسی دوسری زبان مروجہ ملک میں جس میں امیدوار امتحان دینا چاہتا ہو ترجمہ کرنا۔

(۲) دوسرا پرچہ اُردو میں کسی دوسری زبان مروجہ ملک سے جسمیں امیدوار امتحان دینا چاہتا ہو ترجمہ کرنا

(۳) زبانی امتحان جس سے امیدوار کی قابلیت گفتگو معلوم ہو سکے۔

دفعہ (۱۳) نمبر مفروضہ ہر پرچہ کے (۱۰۰) ہوں گے۔

دفعہ (۱۴) درجہ اول کی کامیابی کے لئے ہر پرچہ میں فی صدی (۶۰) اور درجہ ادنیٰ یعنی دوم کی کامیابی کے لئے ہر پرچہ میں فیصدی (۴۰) حاصل کرنا ہر امیدوار پر لازم ہوگا۔

دفعہ (۱۵) ہر ممتحن پر لازم ہوگا کہ تین ہفتہ کے عرصہ میں نمبر محصلہ کا تختہ مرتب کرکے معتمد امتحان کے پاس مع پرچہ جات جوابات روانہ کردے تختہ مذکور کے وصول ہونے پر معتمد امتحان نتیجہ امتحان کا تختہ بصراحت نمبر محصلہ مرتب کریگا اور وہ نتیجہ کمیٹی مذکور میں پیش ہوکر جس میں جملہ ممتحن شریک ہوں گے منظور کیا جائے گا۔ اور بعد منظوری صدر مجلس امتحان اس طرح شایع کیا جائے گا کہ ایک تختہ امیدواران کامیاب کا کسی منظر عام عدالت العالیہ پر چسپاں کیا جائیگا اور ایک تختہ بغرض اشاعت جریدہ دارالطبع سرکار عالی کو روانہ ہوگا۔

دفعہ (۱۶) نتیجہ امتحان شایع ہو جانے کے بعد ہر امیدوار کامیاب کو اسکی درخواست پر بعد ادخال رسوم مقررہ عدالت العالیہ سے ہوگی سند کامیابی حسب نمونہ منسلکہ دی جائیگی۔

(۲) اگر بوجوہ معقول اطمینان حاصل ہو جائے تو ان وجوہ کو قلمبند کرکے حسب ضابطہ کارروائی شروع کی جائے۔

(۳) جب فریقین کو بیانات تحریری داخل کرنے کا حکم دینے کے بعد قبضہ کی نسبت شہادت لینے کی ضرورت پائی جائے تو وہ شہادت جس کی صراحت ان بیانات تحریری میں ہو حتی الامکان مسلسل ایک یا دو پیشیوں پر لیجائے۔

نوٹ۔ چونکہ محض قبضہ کی تحقیقات مقصود ہے (اور قبضہ بھی تاریخ آغاز کارروائی سے چند ماہ کے اندر کا) لہذا صرف اسی کی شہادت لینی چاہئے حقیقت کی شہادت لینی ضرور نہیں ہے بجز اس کے کہ سرسری طور پر جواز قبضہ کی نسبت رائے قایم کرنے کے لئے کسی حد تک اس کی ضرورت ہو۔

(۴) بیانات مدخلہ فریقین اور سرسری ثبوت سے (اگر کوئی ہو) قبضہ کی نسبت رائے قایم نہ کیجا سکے تو مناسب ہے کہ جائداد متنازعہ کو سرکاری قبضہ میں لیکر فریقین کو عدالت دیوانی کی ہدایت کیجائے۔

نوٹ:۔ دفعہ (۱۴۸) ضابطہ فوجداری کے فقرہ (۴) میں جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں وہ عام ہیں تا "تصفیہ" میں تا تصفیہ ناظم فوجداری اور تا تصفیہ عدالت دیوانی دونوں داخل ہیں اور اشد ضرورت مجسٹریٹ کی رائے پر منحصر ہے۔ جو بہ لحاظ جملہ حالات بوجہ معقول قایم کی جانی چاہئے۔

(۵) بعض وقت فریقین ایک دوسرے کو شہادت میں طلب کرنے کی کوشش کرتے ہیں اس کی بالعموم اجازت دینا مناسب نہ ہوگا اور تاوقتیکہ خاص اور نہایت قوی وجہ نہ ہو کسی گواہ کے اظہار کے لئے کمیشن جاری نہ کیا جائے۔ اور اگر تاریخ مقررہ پر فریقین اپنے اپنے گواہوں کو حاضر نہ لائیں یا پہلے سے درخواست دیکر بذریعہ عدالت طلب نہ کرایا ہو تو مزید موقعہ دینے کی ضرورت نہیں۔

(۶) قبضہ کے متعلق حتی الامکان مقامی تحقیقات مناسب ہے اور شہادت بھی اسی مقام کے قریب قریب کی ہو تو بہتر ہے اس طریقہ سے قبضہ کی صحیح حالت معلوم ہو سکتی ہے اور دور کے گواہوں کی طلبی سے جو طوالت کا اندیشہ ہے وہ باقی نہیں رہتا۔

(۷) حتی الامکان کوئی تحقیقات زیر دفعہ (۱۴۸) ایک ماہ سے تجاوز کرنے نہ پائے امید ہے کہ نظماء فوجداری ان ہدایات کی پوری پابندی کریں گے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۶ / دیوانی ۷ مورخہ ۳۰ اسفندار ۱۳۲۲ف

ضمیمہ ب (۱۲۸) تختہ جات کار گزاری ماہانہ تحویل طلب مقدمات علیحدہ بھیجا کریں	عدالت العالیہ میں جو تختہ جات کارگزاری

فوجداری عدالت ہائے ماتحت سے وصول ہوتے ہیں ان میں باوصف ہدایت کے مقدمات تحویلی متعلق عدالت یا دداشت تحریری نہیں کرتے جس سے عدالت العالیہ میں علاوہ پیچیدگی کے بڑی قباحت پیدا ہوتی ہے ایسے مقدمات کا بوجہ اہمیت دوسرے مقدمات سے ممیز ہونا ضرور ہے لہذا منظوری اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ تختہ کارگزاری ماہانہ کے ساتھ ضمیمہ تختہ متعلق مقدمات تحویلی بھی حسب نمونہ تختہ کارگزاری مندرجہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۹ دیوانی (۵) ماہانہ کارگزاری بشمول مقدمات تحویلی حسب عملدرآمد سابقہ مرتب ہو کر روانہ ہوا کرے علی ہذا ایسے مقدمات کے متعلق تختہ وجوہ التوا کا اقتباس بھی علیحدہ ہم سلک تختہ وجوہ التوا روانہ کیا جایا کرے اور اس کے متعلق تمام عدالت خاص طور پر نگرانی رکھیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۵) مورخہ ۳ اسفندار ۱۳۲۲ ف

ضمیمہ ب (۱۲۹) مقدمات زیر دفعہ (۱۴۸) ضابطہ فوجداری کی تحقیقات بعجلت تمام مکمل ہونی چاہئے	مقدمہ مرجوعہ جلسہ متفقہ عدالت العالیہ عدالت فوجداری ضلع اطراف بلدہ کی کارروائی جو زیر دفعہ (۱۴۸) ضابطہ

فوجداری عمل میں آئی ہے ملاحظہ ہوئی جس سے معلوم ہوا کہ ایک ایسا مقدمہ جس کا تصفیہ چند روز میں ہو جانا چاہئے تھا اور ہو سکتا تھا۔ عرصہ دراز تک زیر کارروائی رہنے کے بعد اس بنا پر خارج کیا گیا کہ جائداد متنازعہ جس کی نسبت نقص امن کا اندیشہ بیان کیا گیا ہے وہ عدالت ضلع اطراف بلدہ کی حدود اختیار سے خارج ہے چونکہ اور بھی مقدمات میں مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ قبضہ جائداد غیر منقولہ کی تحقیقات میں جو بر بنائے احتمال نقص امن آغاز کی جاتی ہے (ناواجبی طوالت اس وجہ سے ہوتی ہے کہ ہر فریق اس امر کی کوشش کرتا ہے کہ ایسے تنازعات کا جو دراصل قابل تجویز عدالت دیوانی ہوتے ہیں عدالت فوجداری سے اپنے حق میں تصفیہ کرائے لہذا مجسٹریٹوں کو حسب ذیل ہدایت کی جاتی ہے۔

(۱) قبل اس کے کہ کسی درخواست کی بنا پر کارروائی شروع کی جائے اس کا پورا اطمینان کر لیا جائے کہ حقیقت میں نقص امن کا اندیشہ ہے اس کی نسبت محض کسی فریق کے بیان یا کوتوالی کی سرسری رپورٹ ہی پر اکتفا کرنا مناسب نہیں ہے بلکہ مواد پر سے بھی رائے قائم کرنی چاہئے کہ فی الحقیقت نقص امن کا اندیشہ ہے یا نہیں۔

ہرگاہ بمقدمہ مندرجہ عنوان تم نے بہ تحریر مچلکہ تاوانی ( ) اقرار کیا تھا کہ ہر تاریخ مقررہ پیشی پر یا جب عدالت طلب کرے تا ختم مقدمہ حاضر ہوگا اور بصورت عدم حاضری زر تاوان مندرجہ داخل عدالت کرےگا مگر باوصف اطلاع تاریخ پیشی ( ) ماہ ۱۳ ف حاضر عدالت نہیں ہوئے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تاریخ ( ) ماہ ۱۳ ف حاضر عدالت ہو کر اس کی وجہ ظاہر کرو کہ کیوں تم سے زر تاوان مچلکہ مندرجہ صدر وصول نہ کیا جائے اگر تاریخ مذکور پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر نہ ہوگے یا عدم حاضری تاریخ مذکورہ کی نسبت معقول وجہ ظاہر نہ کروگے تو زر تاوان مذکورہ تمہاری ذات و جائداد سے وصول کرنے کا حکم دیا جائیگا اور پھر تمہارا کوئی عذر مسموع نہ ہوگا۔

ایک پرت لیکر پرت ثانی بعد دستخط اطلاعیابی واپس کرو۔

محکومہ گشتی عدالت العالیہ نمبر (۱) فوجداری بابت ۱۳۱۲ ف دفعہ (۵۱۴) ضابطہ فوجداری سرکار عالی

نوٹس مجریہ عدالت نظامت فوجداری ( ) مقام ( ) واقع ( ) ماہ ۱۳ ف

نشان مثل بابتہ ۱۳ ف رجسٹر نمبر (۲) اجلاس

مقدمہ

مستغیث　　　　ملزم　　　　علت

بنام ( ) ولد ( ) ساکن ( ) عمر ( ) پیشہ ( )

ہرگاہ بمقدمہ مندرجہ عنوان تم نے بہ کفالت حاضری مسمی فلاں ملزم اقرار کیا تھا کہ ملزم مذکورہ کو ہر تاریخ مقررہ پر یا جب عدالت طلب کرے تا ختم مقدمہ حاضر رکھوںگا بصورت عدم حاضری ملزم زر ضمانت بقدر ( ) داخل کروںگا مگر ملزم مذکور تاریخ ( ) ماہ ۱۳ ف پیشی مقررہ پر باوجود اطلاع حاضر عدالت نہیں ہوا لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تم فوراً ملزم مذکور کو حاضر عدالت کرو اور تاریخ ( ) ۱۳ ف حاضر عدالت ہو کر اسکی وجہ ظاہر کرو کیوں نہ تم سے زر ضمانت مذکورہ وصول نہ کیا جائے اگر تم تاریخ مذکورہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر نہ ہوگے یا عدم حاضری ملزم کی معقول وجہ ظاہر نہ کروگے تو زر ضمانت تمہاری ذات و جائداد سے وصول کرنے کا حکم دیا جائےگا اور پھر تمہارا کوئی عذر مسموع نہ ہوگا

ایک پرت لیکر پرت ثانی بعد دستخط واپس کرو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۸ مورخہ ۲۵ فروردی ۱۳۲۲ ف

مضمون (۱۳۰) ہدایات مندرجہ مجلہ قسمت رد (۲) قابل الغا تصور کیجائے | چونکہ بعض عدالتوں کو ترمیم مندرجہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۹) دیوانی (۴) مورخہ ۲ دی ۱۳۱۹ف کی ہدایت حتمانی نمبر (۵) کی تعمیل کے متعلق دشواری پیش آئی اس واسطے عدالت العالیہ سے اس امر کے متعلق مکرر غور کیا گیا۔ بعد غور عمل مندرجہ ہدایت مذکورہ میں طوالت کار اور زحمت بیجا دیکھی گئی لہذا اجلاس مسطوری اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے کہ ہدایت نمبر (۵) مذکورہ قسمت ب قابل الغا تصور کی جائے اگر کسی کارروائی داخل دفتر شدہ کے سلسلہ میں کسی دفتر سے مراسلت کی ضرورت پیش آئے تو مسل سابقہ برآمد کرکے اوسی مسل میں کارروائی کی جائے۔ جدید مسل علیحدہ قائم کرنے کی ضرورت نہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۷) مورخہ ۲ اسفندار ۱۳۳۰ف

مضمون (۱۳۱) اجرائی نمونہ جات نوٹس حسب دفعہ ۵۰۴ ضابطہ فوجداری سرکار عالی | ضمیمہ چہارم ضابطہ فوجداری سرکار عالی میں کوئی ایسا نمونہ نوٹس نہیں ہے جو اغراض دفعہ (۵۰۴) ضابطہ فوجداری کی تکمیل پر حاوی ہو اور جس کے ذریعہ سے بصورت ضبطی مچلکہ ملزم یا بحالت ضمانت بعدم حاضری ملزم ضامن سے طلب کرنے میں کارآمد ہو سکے عدالت ہائے تحت کے عمل سے واضح ہوتا ہے کہ اس قسم کے نمونجات نہ ہونے کی وجہ سے مطبوعہ نمونہ جات نہیں رکھے جاتے اور نوٹسوں کی عبارت بھی مختلف مضمون کی مختلف طرح پر تحریر کی جاتی ہے جس سے نہ صرف بدنمائی بلکہ عملہ کی تضییع اوقات ہوتی ہے لہذا اجلاس انتظامی سے حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے حسب نمونہ جات منسلکہ ہذا حسب ضرورت مطبوعہ فارم ہر عدالت میں رکھے جایا کریں تاکہ جملہ عدالت ہائے کی نوعیت کارروائی ایک طرح پر قائم رہے

تحکومیہ گشتی عدالت العالیہ نشان (۱۷) فوجداری بابت ۱۳۳۰ف حسب دفعہ ۵۰۴ ضابطہ فوجداری سرکار عالی

نوٹس مجریہ عدالت فوجداری ( ) مقام ( ) واقع ( ) ماہ ( ) ۱۳۳ف

نشان مسل بابتہ ۱۳۳ف رجسٹر نمبر (۲) اجلاس

مقدمہ

مستغیث

ملزم

علت

بنام ( ) ولد ( ) ساکن ( ) عمر ( ) پیشہ ( )

خزانہ عامرہ سرکار عالی نشان (۵۵) مورخہ ۱۱ اسفندار ۱۳۱۴ف ملاحظہ ہو۔

کب سے اس گشتی کا نفاذ ہوگا (۱) اس گشتی کا نفاذ تاریخ اجرائی سے عمل میں آئے گا۔

سبب (۲) چونکہ تختہ ابواب آمدنی عدالتی دفتر صدر محاسبی میں تطابق نامہ واری میں ہوا کرتا ہے اس واسطے آئندہ کیلئے تنسیخ گشتی عدالت العالیہ فوجداری (۲) دیوانی (۳) مورخہ یکم فروردی ۱۳۱۲ف اجلاس فقامی حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

وجہ اشاعت تختہ (۲) تختہ ابواب آمدنی ماہانہ کی اشاعت بربناء تحریک دفتر صدر محاسبی نشان ۸۲۵ مورخہ ۱۹ ار مہر ۱۳۱۵ف عمل میں آئی ہے اس واسطے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مثل دیگر تختہ جات کے جن پر عموماً عنوان و نمبر درج ہو کر مجلس عالیہ عدالت میں وصول ہوا کرتے ہیں اسکے ساتھ بھی ویسا ہی عمل ہوا کرے دیکھو نشانکہ ہذا حرف الف

تختہ میں کس علاقہ کی آمدنی شریک ہوگی (۴) اس تختہ میں علاقہ صرف خاص کی آمدنی شریک نہ ہوگی صرف علاقۂ دیوانی کی خالص آمدنی بتائی جایا کرے گی۔

تختہ کہاں سے کہاں آنا چاہیئے اور اطلاع تطبیق و تصدیق مجلس عالیہ عدالت سے دفتر صدر محاسبی کو کب دی جاسکے (۵) یہ تختہ عدالت ہائے تحت سے ضلع متعلقہ میں کب جانا چاہیئے اور ضلع سے صدر تختہ مرتب ہو کر اور نیز صدر عدالت اور عدالت ہائے بلدہ وغیرہ کا تختہ مجلس عالیہ عدالت میں کب آنا چاہیئے اسکے بعد مجلس عالیہ موصوفہ سے اطلاع تطبیق و تصدیق دفتر صدر محاسبی کو کب جائیگی اس کی کیفیت نقشہ منسلکہ ہذا حرف الف سے واضح ہوگی اس پر ہر عدالت کو عمل کرنا ہوگا۔

عدالت اور مال کی کردی کا عمل مساوی ہوگا (۶) جہاں مال کی کردی کا عمل ہر ماہ کی ۲۵ تاریخ کو بند ہو جاتا ہے اور ۲۶ تاریخ سے لیکر آخر ماہ مذکور کی آمدنی دوسرے ماہ کے گوشوارہ میں بتلائی جایا کرتی ہے وہاں کی عدالتوں کی کردی کا عمل بھی اسی طریقۂ مال کے مطابق ہوا کرے اور جہاں مال کی کردی کا عمل ابتدائے ماہ سے آخر ماہ تک رہتا ہے اُن وہاں کی عدالتوں میں بھی آخر ماہ تک حسب طریقۂ مال عمل کردی ہوا کرے بہر حال عدالت کی کردی کے عمل میں مال کی کردی کا اتباع ضرور و لازم ہے۔

ترتیب تختہ کی صحت کے ساتھ ہونی چاہیئے اور دفتر ناموں کو اسکی نگرانی کرنی ہوگی (۷) ہر عدالت پر لازم ہے کہ تختہ ابواب آمدنی کی ترتیب نہایت غور و احتیاط کے ساتھ کیا کرے اور اسکی صحت کا اطمینان کر لیا کرے تاکہ کسی عدالت سے کوئی رقم فروگذاشت نہ ہونے پائے اگر مجلس عالیہ عدالت کو علم ہوگا تو اُس اہلکار پر جس نے اپنے ہاں کے تختہ میں رقم درج نہیں کی سخت تدارک کیا جائیگا اس امر کی نگرانی ہر عدالت ماتحت کو کرنی ہوگی ورنہ اہلکار متعلقہ ذمہ دار و جوابدہ ہوگا اور سرشتہ دار متعلقہ بھی قابل بازپرس ہوگا۔

مضمون (۱۴۳۲) کی میعاد جوائے جانوراں چکاری کو حسب ذیل کیا گیا۔ نائب ناظم صاحب مال نے تحریک کی کہ تعلقات مفوزدہ میں بوجہ گرانی چارہ کے اس کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے کہ جانوراں چکاری کے لئے جو میعاد چودہ یوم کی از روئے دستور العمل جانوراں چکاری قلم بند رکھی گئی ہے وہ بہت ہے پس بہ لحاظ احالات موجودہ بجائے چودہ یوم کے چار یوم قرار دیئے جائیں عدالت العالیہ نے نائب ناظم صاحب موصوف کی رائے کو مناسب خیال کر کے اس کی منظوری کے واسطے محکمہ سرکار صیغہ عدالت میں تحریک کی محکمہ سرکار عالی صیغہ عدالت سے منظوری صادر ہونے کے بعد حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے کہ تعلقات قحط زدہ میں بہ ہنگامی کے زمانہ تک بجائے (۱۴) یوم کے صرف چار یوم تک مالک مواشی کا انتظار کیا جائے اور اس کے بعد مویشی کو ہراج کر دیا جائے فقط

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۹) مورخہ ۲ اردی بہشت ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۴۳۳) ہر بار دورہ اگر مقدمہ فوجداری کی تحقیقات کی جائے تو پولیس میں پروگرام دورہ انکے روانہ کیا جائے۔

کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے۔
(۱) گشتی مجلس عالیہ نشان فوجداری (۵) مورخہ ۵ اربہمن ۱۳۱۴ف
(۲) گشتی نشان (۱۱) مورخہ ۲۴ آبان ۱۳۲۰ف

ناظم صاحب کوتوالی اضلاع نے تحریک کی کہ اکثر عدالتوں کا وقت دورہ میں صرف ہوتا ہے اور عدالت دورہ مقدمات کی تحقیقات ہوتی ہے اور پولس اپنا پروگرام دورہ نہ ملنے سے فریقین مقدمہ اور پولیس کو بے جا زحمتیں اٹھانی پڑتی ہیں اس لئے ضرورت ہے کہ حین دورہ اپنا پروگرام پولیس میں بھیجیں بنا بر علیہ حکم دیا جاتا ہے کہ اگر زمانہ دورہ مقدمات فوجداری کی تحقیقات بھی ہو تو پولیس میں پروگرام دورہ بھیجنا چاہیئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۰) مورخہ ۲۵ اردی بہشت ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۴۳۴) ترتیب تختہ ابواب آمدنی تحت مدات و ابواب موازنہ ہونا چاہیئے اور عملیات مال کی گردی کا عمل ہے ویسا ہی عدالتوں میں بھی عمل رہے

(۱) مراسلہ دفتر صدر محاسبی نشان ۸۲۵ مورخہ ۱۹ ارمہر ۱۳۱۵ف (۲) مراسلہ دفتر صدر محاسبی نشان (۱۵۵۳) مورخہ ۵ اردی بہشت ۱۳۱۵ف ناظم تالیف موازنہ (۳) مراسلہ محکمہ معتمدی سرکار علاقہ صیغہ مالگزاری نشان (۲۲۳۲) مورخہ ۶ تیر ۱۳۱۸ف صیغہ کلیات (۴) مراسلہ دفتر

آمدنی ماہانہ میں نہیں بتلائی جاسکتی حالانکہ یہ آمدنی عدالت کی ہے اور اس کا درج نقشہ ہونا ضرور ہے چنانچہ حال میں بذریعہ گشتی محکمہ سرکار صیغہ فنانس نشان (۵) مورخہ ۱۱ر بہمن ۱۳۲۱ف بہ تنسیخ گشتی صدر محاسبی نشان (۵) ابنیہ ۱۳۱۹ف یہ طے پایا ہے کہ آیندہ سے مال لاوارث کا تعلق صیغہ عدالت سے ہے اور اس کی آمدنی بمد عدالت جمع ہوا کرے اس کے واسطے گشتی عدالت العالیہ نشان (۲) فوجداری مورخہ ۲۷ر آذر ۱۳۲۱ف میں ترمیم لازم ہوتی ہے۔

گشتی مذکور کے فقرہ اول و دوم بعد ترمیم حسب ذیل ہوں گے

فقرہ اول تسلسل گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۲۳) فوجداری واقع ۱۵ر آبان ۱۳۱۱ف بذریعہ گشتی ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ہر چند کہ مال یا جائداد لاوارث اور غیر مدعوعہ کا اہتمام سررشتہ مال کے تفویض کیا گیا ہے مگر اس سے یہ مقصد نہیں ہے کہ مال یا جائداد لاوارث اور غیر مدعوعہ کا محاصل یا قیمت جو سررشتہ مال وصول کرے وہ بعد آمدنی مال کاغذ سرکاری میں بتلائی جایا کرے بلکہ ایسا محاصل یا قیمت تو جب سکے کہ ایسے مال یا جائداد کا فیصلہ صیغۂ عدالت سے ہوتا ہے کاغذات سرکاری میں تحت آمدنی صیغہ عدالت بتائی جایا کرے گی جس کی علیحدہ نقل اس گشتی کی مجلس مالگزاری سرکار عالی میں بغرض اطلاع و تعمیل عہدہ داران مال کے بھیجدی گئی ہے۔

فقرہ دوم عہدہ داران مال جو اہتمام مال یا جائداد لاوارث و غیر مدعوعہ کا کریں انکو لازم ہوگا کہ عدالت ہائے متعلقہ کو جنہوں نے مال یا جائداد لاوارث و غیر مدعوعہ ان کے سپرد کی ہو مال یا جائداد لاوارث و غیر مدعوعہ کے محاصل یا قیمت داخل کیا کریں تاکہ عدالت سے محاصل یا قیمت مذکور خزانہ مال میں جمع کیجا سکے اور عدالت ہائے متعلقہ کو ایسی آمدنی اپنے نقشہ میں بتلانے کا کافی موقع ہو۔

(۱۴) اس کی ایک نقل معتمد مالگزاری میں بغرض اطلاع و تعمیل عہدہ داران مال بھیجی جاتی ہے۔

(۱۵) ایک نقل اس کی دفتر صدر محاسب سرکار عالی شاخ تالیف موازنہ میں بغرض اطلاع و اجرائی احکام متعلقہ بنام عہدہ داران مال صیغہ محاسبی مرسل ہے۔

حرف الف نمبر ۱ ضمیمہ گشتی عدالت العالیہ نشان ۲ مورخہ ۲۵ر اردی بہشت ۱۳۲۲ف تواریخ آمد و رفت

نمبر شمار	نام نقشہ	کس عدالت سے کب اور کہاں روانہ ہوگا	ہر ضلع و صدر عدالت و عدالتہائے بلدہ اسپیشل مجسٹریٹ اضلاع سرکار عالی سے مجلس عالیہ عدالت میں کب روانہ ہونا چاہئے	بعد وصول نقشہ دفتر صدر محاسبی اطلاع موافقت و تصدیق یا بوارجی دفتر موصوف کو عدالت العالیہ سے کب دی جاوے گی	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶
	نقشہ ابواب آمدنی	۱۰ ہ عدالتیں جنکو عدالت سے کم درجہ کا اختیار ہو عدالت ضلع متعلقہ میں ماہ (۵) آیندہ تک	۱۰ ماہ آیندہ تک	ہر تیسرے ماہ کی ۲۰ تاریخ تک	

(حرف ب) تتمہ گشتی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۲۵ر اردی بہشت ۱۳۲۲ف بموجب نقشہ نمبر (۱۱) ابواب آمدنی ماہانہ عدالت ماتحت ماہ آبان ۱۳۲۱ف } نرمانے تحریک دفتر صدر محاسبی سرکار عالی نشان ۸۲۵ مورخہ ۱۹ر مہر ۱۳۲۱ف محولہ مراسلہ عدالت العالیہ نشان ۳۵۹ مورخہ ۸ر آذر ۱۳۲۱ف

ترتیب تحتہ کس طرح ہوگی | (۸) ترتیب تختہ کی حسب ہدایت و ابواب موازنہ نمونہ منسلکہ ہذا حرف (ب) کے موافق ہوا کریگی اُس کے ذیل میں جو ہدایات درج ہیں اُن پر کاربند رہنا چاہیئے۔

طریقۂ ارسال و ترتیب چالان | (۹) ہر عدالت پر فرض ہوگا کہ ترتیب چالان کی حسب مدات و ابواب موازنہ کیا کرے اور اسکے دو قطعہ خزانہ مال یا عامرہ میں بھیجا کرے اصل وہاں اور نقل عدالت متعلقہ میں رہے گی اس طرز عمل سے یقیناً سررشتہ مال صیغہ محاسبی یا دفتر خزانہ عامرہ کو مدات میں تغیر و تبدل کرنے کا یعنے ایک مد کی رقم دوسرے مد میں کلاً یا جزاً بلا وجہ سرایت کرنیکا موقع نہ ملیگا۔

چالان میں آمدنی دیوانی و فوجداری ایک جائی نہ تبلائی چاہئیے | (۱۰) غالباً چالان علے العموم علاقہ دیوانی و فوجداری سے جداگانہ مرتب ہوکر خزانہ متعلقہ میں روانہ ہوتا ہوگا۔ لیکن مزید برآں آئندہ سے جملہ عدالتوں کو تنبیہ کیا جاتا ہے کہ ہرگز بشمول آمدنی دیوانی و فوجداری چالان مرتب نہ ہوا کرے بلکہ علاقہ سے چالان علیٰحدہ علیٰحدہ مرتب ہوکر روانہ ہوا کرے تاکہ سررشتہ مال صیغہ محاسبی کو لیئے ان کے گوشوارہ میں بھی دیوانی و فوجداری کی آمدنی تفرق کے ساتھ تبلانے کا کافی موقعہ ملے۔

عدالت ہائے مشترکہ دیوانی و فوجداری کو ارسال چالان میں کیا طریقہ اختیار کرنا چاہیئے | (۱۱) سررشتہ نظامت عدالت العالیہ و جملہ صدر عدالت ہائے ممالک کو چاہیئے کہ چالان کا ارسال حسب عادت مستمرہ کیا کرے یعنے انکو دیوانی و فوجداری آمدنی جداگانہ تبلانا ضرور نہیں ہے

دفتر صدر محاسبی کو اس طرف توجہ کرنی چاہیئے | (۱۲) سررشتہ مال صیغہ محاسبی اضلاع اور دفتر خزانہ عامرہ سرکار عالی سے اُمید ہے کہ آئندہ سے ماہانہ گوشوارہ میں ہر عدالت کی آمدنی جداگانہ تبلایا کرے عام اس سے کہ وہ فوجداری ہو یا دیوانی کبھی ایسا نہ ہونا چاہیئے کہ عدالت دیوانی و فوجداری کی آمدنی یا صدر عدالت و عدالت ضلع فوجداری و دیوانی کی آمدنی یا جملہ عدالت ہائے بلدہ کی آمدنی ایک جائے تبلائی جائے اور نگرانی رکھی جائے کہ اگر خلاف حکم چالان مرتب ہوکر آئے تو فوراً واپس کردیا کرے۔ اور جس تاریخ کے ساتھ چالان خزانہ میں وصول ہوا کرے اُسی تاریخ کردی میں بھی عمل ہوا کرے۔

گشتی عدالت العالیہ نمبر (۱) فوجداری مورخہ ۲۳ آذر ۱۳۱۵ف قابل ترمیم ہے | (۱۳) اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بیت المال کی رقم عدالتوں کے تختہ میں نہیں تبلائی جاتی اور صدر محاسبی کے تختہ میں تبلائی جایا کرتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ مال یا جائداد لاوارث وغیرہ مدعوہ کا محاصل یا قیمت سررشتہ مال سے جمع خزانہ کرلیا جاتا اور اس کی اطلاع عدالتہائے متعلقہ کو بروقت نہیں دیجاتی اور ماہی و سالانہ اطلاع موصول نہ ہونے سے ماہانہ تختہ کی تطبیق نہیں ہوسکتی اسلئے ایسی رقم تختہ ابواب

انسداد جرم مجرم کو عبرت خیز سزا دینی چاہیے لہذا مجسٹریٹوں کو اس طرف توجہ دلائی جاتی ہے اور ہدایت کیجاتی ہے کہ اگر بہ اعتبار مالیت مویشی مقدمہ اقتداری مجسٹریٹ درجۂ سوم ہو اور مجسٹریٹ درجہ سوم ہی کے اجلاس پر از روئے ضابطہ پیش اور ثابت ہو اور اقتداری سزا کافی نہ خیال کی جائے تو بغرض از دیاد سزا حسب دفعہ (۲۸۰) ضابطہ فوجداری سرکار عالی کارروائی کیجا سکتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ دیوانی ۱۲ مورخہ ۱۱ امرداد ۱۳۲۲ ف

مضمون (۱۳۶) افتتاح کھاتہ امانتی عدالت ہا۔ اطلاع | بہ مقامات مندرجہ عنوان گذارش ہے کہ بغرض حفاظت رقم سرکار افتتاح کھاتہ امانت کی تحریک پر غور کرنے کے بعد دفتر فنانس سے بذریعہ مراسلہ نشان ۱۳۵، ۱۳۶، ۱۳۷ مورخہ ۱۳ اردی بہشت ۱۳۲۲ ف منسلکہ مراسلہ محکمہ سرکار (۲۲۴۸) مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳۲۲ ف بہ حصول منظوری سرکار کھاتہ امانتی کھولنے کی منظوری دی گئی ہے اور اسی غرض کے لیے علاوہ مدر محاسبی میں بھی اضافہ ہوا ہے لہذا اجلاس انتظامی سے حکم دیا جاتا ہے کہ عدالتہائے دیوانی و فوجداری اضلاع میں عام طور پر افتتاح کھاتہ امانتی کی اطلاع ہے جس

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ مورخہ ۱۴ امرداد ۱۳۲۲ ف

مضمون (۱۳۷) تحتہ جات جرائم پلیس سکہ کے محکمہ فنانس میں روانہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے | مراسلہ معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ فنانس نشان (۲۶۵۷) مورخہ یکم دی ۱۳۲۲ ف بدیں مضمون عدالت العالیہ میں وصول ہوا کہ آیندہ سے تحتہ جات جرائم پلیس سکہ سرکار عالی دفتر ہذا میں روانہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے لہذا بہ منظوری اجلاس انتظامی حکم دیا جاتا ہے کہ ہدایت نمبر (۱) مندرجہ گشتی عدالت العالیہ نشان ۹ فوجداری ۵ دیوانی بابت ۱۳۱۹ ف بذریعہ جس کے نمبر (۱۱) جو ہر عدالت فوجداری سے ہر ماہ کے ختم پر غرہ ماہ آیندہ کو راست محکمہ فنانس میں روانہ کرنے کا حکم دیا گیا تھا اب آیندہ اسکو دفتر موصوف میں روانہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے ہدایت مذکورہ کا اس قدر حصہ منسوخ کیا جاتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۵ مورخہ ۱۸ شہریور ۱۳۲۲ ف

مضمون (۱۳۸) طریقہ تحریک ارسال نگرانی رائے تجویز عدالت العالیہ | حسب منشائے دفعہ (۳۶۰) و (۳۶۳) ضابطہ فوجداری عدالتہائے سشن اور عدالتہائے ضلع کو اس امر کا اختیار ہے کہ عدالتہائے ماتحت کے احکام تجاویز اور فیصلوں کی نگرانی کرائیں یعنی مثل طلب کرکے بعد معائنہ اگر ضرورت نگرانی کی پائی جائے تو عدالت العالیہ میں اس کی تحریک کریں

نشان شمار	نام	ابواب	رقم	آنہ	پائی	میزان	کیفیت اس امر کی کہ یہ قسم صیغہ مال میں کس ماہ کے گوشوارہ میں جمع ہوئی ہے
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
		۱ [illegible] عدالت ۲ جرمانہ [illegible] فوجداری ۳ [illegible] ۴ [illegible] ۵ [illegible] ۶ [illegible] ۷ [illegible] ۸ [illegible] ۹ [illegible] ۱۰ [illegible] عدالت ۱۱ متفرقات [illegible] میزان [illegible]					**ہدایات** (۱) ہر عدالت کو چاہیے کہ تحتہ کی خانہ پری احتیاط کے ساتھ کیا کرے عدالت مافوق کو اسکی نگرانی کرنی ہوگی۔ (۲) جملہ عدالتوں کو لازم ہو کہ ہر عدالت کے محاذی ماہواری رقم ذیلی مد کیساتھ صراحت کرکے بتلایا کرے جملہ عدالتوں کے ماہواری قسم کی میزان کا اندراج ذیلی کالم میں کیا جائے۔ (۳) مد (۷) متفرقات میں وہ آمدنی درج ہوا کریگی جو سوائے مداد ۱ تا ۶ کے ہے چونکہ اس میں مختلف قسم کی آمدنی جمع ہوا کریگی اس واسطے مناسب ہوگا کہ مد مذکور کی متعلقہ قسم کی تفصیل بھی کردی جایا کرے۔

(۴) اگر کسی عدالت سے رقم ماہواری جمع خزانہ نہ ہو تو اس کے محاذی صفر دیدینا چاہیے۔

(۵) چونکہ اس تحتہ کی بابت گوشوارہ مال سے مطابقت ہو اس واسطے عمل تحتہ عدالت گوشوارہ مال کے مساوی ہونا ضرور ہے مثلاً اگر کسی عدالت سے رقم ۲۱ اردی بہشت ۱۳۲۲ف کو جمع خزانہ کرانے کی غرض سے بھیجی جائے اور خزانہ میں اسی روز نہ لیکر واپس کردے تو ایسی رقم پھر عدالت سے یکم خورداد ۱۳۲۲ف کو جمع کردی جائیگی اور اس قسم کا اندراج ماہ جمع خزانہ اردی بہشت عدالت فوجداری میں ہوگا۔ حسبہ عملہ کار بند رہنے کی نگرانی ہے۔

(۶) خانہ (۲) میں جملہ عدالتوں کا نام درج کرکے صرف ایک ذیلی مد کا اندراج کیا جائے اور میزان درج کیجائے بعد ختم میزان پھر جملہ عدالتوں کا نام درج کرکے دوسرے مد کا اندراج کیا جائے اور میزان درج کی جائے۔ بہر حال اس طرح جملہ مدات کے متعلق عمل مدوار درج کیا جائے۔

کشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری مورخہ ۵ خورداد ۱۳۲۲ف نمبر ۲۱

مضمون ۱۳۵ سرقہ مویشی	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ جرم سرقہ مویشی کا ارتکاب بکثرت ہوتا ہے اور جرم ثابت بھی ہوجائے تو بوقت تجویز سزا اس کا کافی لحاظ نہیں رکھا جاتا ہے کہ بعض مرتبہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۷) مورخہ ۱۰ شہریور ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۳) استغاثہ کس وقت تک درج رجسٹر متفرق رہے گا اور کب رجسٹر نمبر (۱) پر لیا جائے گا۔

کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے:-

(۱) گشتی مجلس عالیہ نشان فوجداری (۲۶) مورخہ ۱۶ خورداد ۱۳۱۰ف (۲) گشتی مجلس عالیہ نشان فوجداری (۳) مورخہ ۱۴ آذر ۱۳۱۱ف (۳) گشتی مجلس عالیہ نشان فوجداری ۱۴ دیوانی (۱۱) مورخہ ۸ اردی بہشت ۱۳۱۹ف (۴) گشتی مجلس عالیہ نشان فوجداری (۱۸) دیوانی (۱۴) مورخہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۱۹ف (۵) گشتی مجلس عالیہ نشان فوجداری ۹ دیوانی ۵ مورخہ ۱۴ اسفندار ۱۳۱۹ف

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ اندراج مقدمات فوجداری بہ رجسٹر نمبر (۱) و رجسٹر نمبر (۲) کی نسبت عدالتیں مختلف طریق پر عمل پیرا ہیں۔ بعض عدالتوں میں بعد قلم بندی بیان مستغیث مقدمہ رجسٹر نمبر (۲) پر درج کیا جاتا ہے اور جب ملزم حاضر آجائے تو رجسٹر نمبر (۱) پر لیکر کارروائی کی جاتی ہے بعض صدور تجویز آخر تک مقدمہ کو رجسٹر نمبر (۲) سے خارج کر کے نمبر (۱) پر لیتے ہیں۔ اگرچہ صورت ہائے مندرجہ بالا میں ایام دوران کا شمار تاریخ گرفتاری یا حاضری اول ملزم سے ہوگا لیکن جبکہ رجسٹر مذکورہ کے خانہ میں تاریخ حاضری بتلائی جاتی ہے تو پھر استغاثہ کا بانتظار حاضری ملزم درج رجسٹر نمبر (۲) رکھنا مناسب نہیں ہے اور نہ کسی طرح صدور تجویز اخیر تک مقدمہ کا درج رجسٹر نمبر (۲) رہنا صحیح ہو سکتا ہے۔

بنا براں حکم دیا جاتا ہے کہ قبل تنقیح استغاثہ مقدمہ درج رجسٹر نمبر (۲) ہو اگر سے اور بعد تنقیح و اخذ بیان مستغیث مقدمہ کو رجسٹر پر لینے کا حکم ہو اور ساتھ نمبر (۲) سے خارج کر کے رجسٹر نمبر (۱) میں اندراج کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۸ دیوانی ۱۴ مورخہ ۱۸ شہریور ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۴) طریقہ جمع و خرچ سرویس ٹکٹ

دفتر صدر محاسبی سرکار عالی کو شکایت ہے کہ سرویس ٹکٹ کے جمع و خرچ کے نسبت عدالت ہائے تحت میں مختلف طریق پر عمل ہو رہا ہے بعض عدالتوں میں جب خزانہ سے ٹکٹ طلب ہوا کرتے ہیں اس وقت مجموعی جمع و خرچ کا عمل کردی میں کر دیا جاتا ہے اور کہیں رجسٹر کردی میں روزانہ جمع و خرچ کا عمل ہوا کرتا ہے اور کہیں کردی میں عمل بھی نہیں ہوتا۔ چونکہ اختلاف عمل اغراض حسابی کے منافی ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ بہ پابندی گشتی دفتر صدر محاسبی نشان (۴) بابت ۱۳۱۸ف سرویس ٹکٹ کو آمد و خرچ

لیکن جو نگرانیاں کرائی جاتی ہیں ناقص اور مختلف طریقوں پر کیجاتی ہیں۔ لہذا احکام ذیل جاری کئے جاتے ہیں آیندہ سے ان کی پابندی کی جائے ہر نگرانی کی تحریک کے ساتھ مراتب ذیل بھی ضرور بتائے جائیں۔

(۱) خلاصہ واقعات مقدمہ

(۲) عدالت ماتحت کا حکم یا تجویز یا فیصلہ اس عدالت کے حاکم کا نام اور اس کے اختیارات عدالتی۔

(۳) عدالت ماتحت کے حکم یا تجویز یا فیصلہ کا وہ خاص جزو جس کو غلط یا نامناسب یا خلاف قانون خیال کیا گیا ہو یا کارروائی کا وہ خاص حصہ جو بے ضابطہ خیال کیا گیا ہو۔

(۴) وجوہ جنکی بناء پر عدالت العالیہ کو اختیارات حاصلہ از روئے دفعہ (۴۳۶) ضابطہ فوجداری کے نفاذ کی تحریک کیجاتی ہے۔

(۵) اس امر کا اظہار بصورت ضرورت کہ ملزم کس قدر سزا بھگت چکا ہے اور اگر سزا جرمانہ یا تازیانہ کی دی گئی ہو تو اس کا ذکر آیا جرمانہ وصول ہوا یا نہیں اور سزائے تازیانہ کی تعمیل ہو چکی یا نہیں۔

عدالت ماتحت کو بھی بہ ترسیل نقل مراتب بالا نگرانی سے متعلق مطلع کر دینا چاہیئے۔

کشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۶) مورخہ ۸ شہریور ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۳۹) پولیس پٹیلوں کے پاس حسب نمونہ ظہری رجسٹر مال گلوائی رکھا جائے — عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ پولیس پٹیلوں کے پاس رجسٹر مال گلوائی۔ ہونے سے مال مسروقہ بذریعہ تیزاب گراں گلا دیا جاتا ہے اور اس کی نگرانی نہیں کی جاتی جس سے اصل مال کی حیثیت باقی نہیں رہتی اور سراغرسانی مال مسروقہ میں طرح طرح کی دشواریاں پیش آتی ہیں اور بعد گرفتاری و نشاندہی ملزمین اس امر کا کوئی ثبوت نہیں ہوتا کہ برآمدہ طلا یا نقرہ انھیں مسروقہ زیورات و اشیاء کا جس کا مستغیث دعویدار ہے اور نہ گواہ اس کی شناخت کر سکتے ہیں نظر براں بہ تعمیل رزولیشن محکمہ سرکار صیغہ کوتوالی نمبر ۱ مورخہ ۸ مرخورداد سنہ ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ رجسٹر مال گلوائی حسب نمونہ ظہری پولیس پٹیلوں کے پاس رکھا جائے وقتاً فوقتاً اس میں اندراج ہوا کرے اور پولیس پٹیل اس پر نگرانی رکھیں۔

نمونہ (۱) نمونہ رجسٹر مال گلوائی متعلقہ دفتر پولیس پٹیل موضع تعلقہ ضلع صوبہ بابتہ سنہ ۱۳ف محکومہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری مورخہ ۸ شہریور ۱۳۲۲ف

نمبر شمار	تاریخ تعقید ماہ و سنہ	نام و تفصیل اشیاء زیورات جو تیزاب گر کو غرض گداخت دیے گئے	وزن	قیمت	اس شخص کا نام معہ ولدیت و سکونت و قومیت جسے تیزاب گر کو زیورات غرض گداخت دیا	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

ہدایت۔ خانہ کیفیت میں بتلایا جائے کہ زیورات یا اشیاء کو گلا کر کیا چیز بنائی گئی تھی۔

مضمون (۱۴۴) سررشتہ چالان پس
تمدید سے متعلق تحریری ہونی چاہیئے

کی عدالت ذیل منسوخ ہوئے۔

(۱) مراسلہ گشتی مجلس عالیہ نشان (۱۱) مورخہ ۱۲ فروردی سنہ ۱۳۱۷ف

(۲) گشتی مجلس عالیہ نشان (۱۹) فوجداری مورخہ ۲۲ فروردی سنہ ۱۳۱۷ف

(۳) گشتی مجلس عالیہ نشان (۲۰) مورخہ ۸ اردیبہشت سنہ ۱۳۱۹ف

(۴) گشتی مجلس عالیہ نشان (۱۱) مورخہ ۴ آبان سنہ ۱۳۲۱ف

ناظم صاحب کوتوالی اصلاع سے تحریک کی کہ در تجربہ سے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ جس روز پولیس سے عدالت میں چالان پیش ہوتا ہے اسی روز کارروائی شروع نہیں ہوتی تنقیح چالان عدم فرصتی حاکم عدالت تنگی وقت کا عذر اس تعویق کا باعث ہوتا ہے۔ اس لئے سر رشتہ پیشی چالان نفس مقدمہ کی نسبت تجویز ہونی چاہیئے یا کم ازکم حاضری شہود کے لئے جس حکم کی ضرورت ہو صادر ہوا کرے چونکہ گشتیات مجریہ سابقہ میں ان امور کی صراحت نہ تھی لہذا بروئے مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۱۴۱۸) مورخہ ۳ تیر سنہ ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ جس روز چالان پولیس سے عدالت میں پیش کیا جائے اسی روز حتی الامکان اس مقدمہ کی کارروائی شروع کر دی جائے اور اگر بوجہ مصروفیت بدیگر مقدمات فوجداری ایسا نہ ہو سکتا ہو تو بہت قریب کی تاریخ رکھ کر گواہوں سے دستخط اطلاعیابی و حاضری عدالت لئے جائیں ... بدستور برقرار رکھا جائے اور چالان پولیس کے ساتھ شہود بھی حاضر ہوں ...

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۲) مورخہ ۴ آبان سنہ ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۴۵) مقدمات قصاص حبس دوام میں بوقت پیشی مثل کے ساتھ ملزم بھی بھیجا جایا کرے

مقدمات قابل سزائے حبس دوام و قصاص عدالتہائے ماتحت سے تجویز اخیر کے لئے عدالت العالیہ میں گذشتہ کئے جاتے ہیں مگر ملزمین نہیں بھیجے جاتے ہیں جس کی وجہ سے ملزم کو فیصلہ سنا کر جواب لینے میں تعویق ہو جایا کرتی ہے لہذا حسب الحکم سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۲۵۰۰) مورخہ ۱۱ خورداد سنہ ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ مقدمات قابل سزائے حبس دوام یا قصاص میں ملزم مثل کے ساتھ مجلس عالیہ عدالت میں بھیجا جایا کرے تاکہ اس کے رو برو میں فیصلہ صادر اور بعد سماعت فیصلہ اس کا بیان قلمبند کیا جا سکے۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۳ مورخہ ۸ آبان سنہ ۱۳۲۲ف

روزانہ اس رجسٹر میں درج ہوا کرے جو اس کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ رجسٹر کردی میں سروس ٹکٹ کا مجموعی یا تفصیلی آمد وخرچ نہ ہونا چاہئے۔

یس حسب تکمیل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۹ / دیوانی ۱۵ مورخہ ۱۸ شہریور ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۴۲) اس صورت کی آمدنی طلبانہ ایک ضلع کی آمدنی صورت کی ایس دوسرے ضلع کے لئے منتقل ہوسکتی ہے	اکثر عدالتوں کو کمی آمدنی طلبانہ کے باعث عدم تعمیل سمنز کی شکایت رہی ہے۔ کیونکہ بپابندی

دفعہ (۱۰) قانون رسوم عدالت جوانان تعمیل کنندہ کے مجموعی مصارف کل آمدنی طلبانہ کے دولت سے زیادہ نہ ہونی چاہئیں۔ لیکن اس میں گنجایش نہ ہونے سے اب تک اضلاع اندرون صوبہ میں ایک ضلع کی آمدنی دوسرے ضلع میں منتقل ہوا کرتی تھی۔ مگر اب بہ حصول منظوری سرکار بہ واسطہ دفتر فینانس بسلکہ مراسلہ نشان ۱۴۵۴ مورخہ ۲۸ آذر ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ جہاں کہیں آمدنی طلبانہ مصارف تنخواہ جوانان طلبانہ کے لئے ناکافی ہو تو عام طور پر ایک ضلع کی آمدنی دوسرے ضلع میں منتقل و صرف ہوسکتی ہے تاکہ اجرائے کار عدالت میں ہرج نہ ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۰ / دیوانی ۱۶ مورخہ ۲۱ شہریور ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۴۳) پٹیل پٹواریوں کی طلبی توسط تحصیلدار متعلقہ ہونی چاہئے	معتمد صاحب مالگزاری نے تحریک

فرمائی ہے کہ پٹیل و پٹواری عہدہ دار دیہی ہیں جن کے تفویض وصول زر مالگزاری و تیاری تخمینہ جمعبندی وغیرہ ضروری کام رہتا ہے اس لئے عدالتی کارروائیوں میں ان کی طلبی بلا توسط افسران متعلقہ نہ ہونی چاہئے بناءً علیہ بعد حصول منظوری سرکار بسند رجوعہ مراسلہ نشان ۳۱۱۲ مورخہ ۲۷ تیر ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے پٹیل و پٹواریوں کی طلبی بذریعہ تحصیلداران متعلقہ ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۱ مورخہ ۴ شہریور ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۴۷) استغاثہ کو پولیس میں بھیجنے کے متعلق ہدایات دفعہ (۲۰۲) ضابطہ فوجداری سرکار عالی

عدالت ہائے ماتحت کی بعض قابل اصلاح کارروائیوں کی بنا پر عدالت العالیہ سے گشتی نشان (۵۰۳) فوجداری مورخہ ۱۲ بہمن سنہ ۱۳۱۹ف جاری ہوئی تھی اس گشتی کی پابندی جیسی کہ چاہیئے نہیں ہوئی تو ناظم صاحب کوتوالی انضلاع نے اپنے صیغہ سے گشتی نشان (۲۴) مورخہ ۹ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۸ف جاری کرائی جس کی اصلاح کی ضرورت ہوئی۔ اس وقت تک بھی دیکھا جاتا ہے کہ دفعہ (۲۰۲) ضابطہ فوجداری کے سمجھنے میں غلطی اور اس کی وجہ سے ایسی کارروائی ہو رہی ہے کہ جس سے عدالت و کوتوالی ہر دو سررشتوں کی تضیع وقت اور محنت کی ہو رہی ہے لہذا احکام ذیل جاری کیے جاتے ہیں اور جملہ عدالت ہائے فوجداری کو تاکید کی جاتی ہے کہ ان احکام کی پابندی کی جائے۔

(۱) استغاثہ کے پیش ہونے پر عدالت کو لازم ہے کہ حسب دفعہ (۲۰۵) ضابطہ فوجداری فوراً اظہار استغاثہ قلم بند کرے۔

(۲) اگر استغاثہ قابل کارروائی خیال کیا جائے تو مقدمہ درج رجسٹر کیا جائے اور وہ کارروائی کی جائے جس کا ذکر دفعہ (۲۰۹) ضابطہ فوجداری میں کیا گیا ہے۔

(۳) استغاثہ کو بغرض تفتیش و چالان پولیس میں بھیجنا درست نہیں ہے۔

(۴) اگر عدالت کو کسی استغاثہ کے صداقت کی نسبت اطمینان نہ ہو تو بترسیل نقل استغاثہ و نقل اظہار مستغیث کوتوالی کو حکم دیا جا سکتا ہے کہ بعد تحقیقات رپورٹ کرے۔ مگر یہ لازم ہے کہ عدالت اپنی بے اطمینانی کے وجوہ بھی استغاثہ کی پشت پر تحریر کرے جس کی نقل بھی پولیس میں بھیجی جائے گی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۵ دیوانی ۱۷ مورخہ ۲۹ آبان سنہ ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۴۸) دفتر صدر محاسبی و اکزامنر آف اکونٹس کے مرتبہ رپورٹ ہائے تنقیح کے جوابات عدالت ہائے متعلقہ سے راست ادا ہوا کریں گے

دیکھا جا رہا ہے کہ رپورٹ ہائے تنقیح مرتبہ دفتر صدر محاسبی و اکزامنر آف اکونٹس عدالت العالیہ میں اس غرض سے بھیجی جا رہی ہیں کہ عدالت ہائے ماتحت سے ہدایت مصدرہ کی تعمیل کرا کے اطلاع دی جائے حالانکہ دفتر تنقیح کنندہ اعتراضات و ہدایات کی تعمیل کرانے کا مجاز ہے اور جس دفتر کی تنقیح ہو وہاں کے افسر کا فرض ہے کہ بعد تعمیل ہدایات دفتر تنقیح کنندہ کو اطلاع دے اس طریقہ کے متروک کر دینے سے کام کی کثرت اور موجودہ عملہ سے اس کا انصرام دشوار تھا بنا بر آں

مصول (۱۴۶) انتظام موجودگی ناظم بزمانہ تعطیل و رخصت در مستقر صوبہ	ف۱ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ اضلاع میں بزمانہ تعطیلات و رخصت عہدہ داران مستقر مجسٹریٹ سے خالی رہتا ہے

جو بہ لحاظ اصول سیاسی و بہ اغراض انسداد فسادات و قیام امن نامناسب ہے۔

ف۲ احکام متعلق دورۂ ناظمان دیوانی مندرجہ گشتیات محریہ عدالت العالیہ نشان فوجداری (۲۲) دیوانی (۱) مورخہ یکم بہمن ۱۳۱۹ف و نشان (۱۴۲) فوجداری و ۹ دیوانی مورخہ ۲۶ فروردی ۱۳۱۹ف کے جن میں یہ ہدایت ہے کہ قبل از روانگی بہ دورہ ناظمان دیوانی ضلع یہ دیکھ لیا کریں کہ مستقر پر کوئی مجسٹریٹ درجہ دوم موجود رہتا ہے غلط تاویل ہو رہی ہے اور سمجھا جاتا ہے کہ ناظمان دیوانی ضلع پر لازم گردانا گیا ہے کہ ناظم فوجداری کی رخصتوں اور استفادہ تعطیل کی نگرانی کریں۔ حالانکہ ان گشتیات کا منشا صرف یہ ہے کہ اگر مستقر پر کوئی مجسٹریٹ موجود نہ ہو تو ناظم دیوانی جو بااختیار مجسٹریٹ ہیں خود رخصت یا دورہ پر نہ جائیں اور تعطیلات سے استفادہ نہ کریں۔

ف۳ چونکہ ناظمان فوجداری ضلع سررشتہ مال کے عہدہ دار ہیں اُن کی رخصتوں کا علم عدالت العالیہ کو نہیں ہوتا ہے اور بعض اوقات اُن کی رخصت وغیرہ کے زمانہ میں ناظمان دیوانی سررشتہ عدالت بھی رخصت لے لیتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مستقر پر کوئی موجود نہیں رہتا چونکہ ان امور کی اصلاح ضروری ہے اور مراسلہ نشان (۵۴۴۴) مورخہ ۱۷ فروردی ۱۳۲۲ف متمولہ مثل محکمہ سرکار نشان (۴۳) انتظامی بابتہ ۱۳۲۲ف میں محکمہ سرکار صیغہ عدالت کا حکم ہے کہ "یہ کام ناظم عدالت ضلع کا ہے وہ مستقر پر کسی مجسٹریٹ کے موجود رہنے کا انتظام کریں"۔ لہٰذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۱) بزمانہ تعطیل خواہ بزمانہ رخصت عہدہ داران عدالت۔

(الف) مستقر ضلع پر کسی ایک ناظم فوجداری درجہ اول کا رہنا لازم ہے۔

(ب) مستقر ڈویژن یا مستقر تحصیل پر کسی ایک ناظم فوجداری درجہ دوم کا موجود رہنا لازم ہے۔

(۲) ہر طویل تعطیلات سے کم از کم پندرہ یوم قبل لازم ہے کہ ناظم فوجداری ضلع بہ صیغہ ضروری عدالت العالیہ کی اطلاع کے لئے رپورٹ کریں کہ ان ایام میں مستقر پر کون عہدہ دار رہے گا۔

(۳) ناظم فوجداری ضلع کو لازم ہے کہ خود اپنی اور نیز دیگر مشترک ناظمان فوجداری کی درخواست رخصت کے وقت انتظام مجوزہ سے عدالت العالیہ کو مطلع کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۴۳ مورخہ ۲۴ آبان ۱۳۲۲ف

دیوانی مورخہ ۱۳ امرداد سنہ ۱۲۹۹ ف (۲) گشتی مجلس نشان (۳) فوجداری (۴) دیوانی مورخہ ۷ مرداد سنہ ۱۳۰۲ ف (۳) گشتی مجلس نشان (۲) دیوانی (۱) فوجداری مورخہ ۷ آذر سنہ ۱۳۰۵ ف (۴) حکم سرکار مندرجہ جریدۂ اعلامیہ مورخہ ۱۴ آذر سنہ ۱۳۰۵ ف (۵) حکم سرکار مورخہ ۱۳ امرداد سنہ ۱۳۰۵ ف مندرجہ جریدۂ اعلامیہ مورخہ ۲۴ امرداد سنہ ۱۳۰۵ ف

اول تعلقداران اضلاع کو بروئے احکام مندرجہ بالا مصارف دورہ۔ بجفنہ۔ باربرداری عمال مددگاران عدالت کی منظوری کا اقتدار حاصل تھا مگر کرایہ ریل وغیرہ کی نسبت صاف و صریح احکام موجود نہ تھے جس سے اضلاع میں عملدرآمد مختلف رہا، اور اپیل مجسٹریٹ اضلاع اور ناظمان دیوانی اضلاع کو بھی بلحاظ مساوی الاقتدار ہونے کے ایسے اختیارات ملنے ضرور تھے بنابران بحصول منظوری سرکار بواسطہ دفتر فینانس مسلکہ مراسلہ محکمہ سرکار نمبر (۴۵۷) مورخہ ۲۹ آبان سنہ ۱۳۲۲ ف حکم دیا جاتا ہے کہ ناظمان دیوانی و فوجداری و اپیل مجسٹریٹ اضلاع اپنے عملہ کا بھتہ و کرایہ ریل اندرون ممالک محروسہ سرکار عالی کے منظور کرنے کے مجاز ہیں پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳ مورخہ ۷ ابہمن سنہ ۱۳۲۳ ف

مضمون (۱۵۲) بعد قلم بندی اقبال ملزمین زیر حوالات عدالت رکھے جائیں

ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی نے تحریک کی کہ جب ملزمین بغرض قلم بندی اقبال ایسے مجسٹریٹوں کے اجلاس پر پیش کئے جاتے ہیں جن کے مستقر محبس نہیں ہے۔ تو بعد قلم بندی اقبال ملزمین اس لئے حوالہ پولس کئے جاتے ہیں کہ وہ محبس ضلع پہنچا دئے جائیں اس حوالگی سے یہ خرابی پیدا ہوتی ہے کہ بروقت تحقیقات مقدمہ ایسے اقبالات بے اثر سمجھے جاتے ہیں۔

بنابران بحصول منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۲۰) مورخہ ۱۰ آذر سنہ ۱۳۲۳ ف حکم دیا جاتا ہے کہ اگر مجسٹریٹ قلم بند کنندۂ اقبال کے مستقر پر محبس نہ ہو تو ایسے ملزمین قلم بندی اقبال کے بعد زیر حوالات عدالت رکھے جایا کریں جس طرح اور حوالاتی ملزم زیر دریافت رکھے جاتے ہیں اور دوسرے روز اس ملزم کو بدرقہ پولیس کے ساتھ اس عدالت کی محبس میں بھیجد یا جائے جو مجاز سماعت مقدمہ ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ مورخہ ۷ ابہمن سنہ ۱۳۲۳ ف

بحصول منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۲۲۴۰) مورخہ یکم آبان سنہ ۱۳۲۱ف حکم دیا جاتا ہے کہ دستور تنقیح صدر محاسبی سے راست عدالت ہائے متعلقہ میں وصول ہوگی اور عدالت متعلقہ سے بروقت جوابات ادا ہوا کریں مختلف فیہ امور میں بہ تحریک مجلس عالیہ عدالت تصفیہ کرالیا جایا کرے پس آیندہ حسب عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۶ / دیوانی ۱۸ مورخہ ۲۹ آبان سنہ ۱۳۲۲ف

مضمون (۱۴۹) خدمت محاسبی پر کامیابان امتحان سررشتہ صدر محاسبی کو ترجیح ہوگی	بروئے احکام دفتر فینانس و دفتر صدر محاسبی سرکار عالی خدمت محاسبی دفاتر سرکار عالی مشروط الامتحان قرار پاچکی ہے اب

برنبائے تحریک دفتر صدر محاسبی سرکار عالی حسب الحکم سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۱۴۷۸) مورخہ ۱۲ امرداد سنہ ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ بروقت تقررات ایسی خدمت کے لئے جس سے حساب کا کام متعلق ہو کامیابان امتحان سررشتہ صدر محاسبی کو ترجیح ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱ مورخہ ۲۰ آذر سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۵۰) مقدمات تحویل میں ہر درجہ کا مجسٹریٹ شہادت قلم بند کرسکتا ہے	تحویلی مقدمات میں بعض مجسٹریٹوں نے قلم بندی شہادت سے بایں عذر انکار کیا کہ جرم منویہ کی تحقیقات کے

وہ مجاز نہیں ہیں جو صحیح نہیں ہے اس لئے کہ وہ تحقیقات نہیں کرتے بلکہ اسی طرح اظہار قلم بند کرتے ہیں جس طرح مقدمات قتل میں وہ اقبال قلم بند کرتے ہیں اس غلط فہمی کو رفع کرنے کی غرض سے اور روئے شرائط اول و پنجم مندرجہ نامہ تحویل اسامیان مورخہ ۳ محرم سنہ ۱۲۸۴ھ و دفعہ (۵) قانون تحویل اسامیان نشان (۲) بابت سنہ ۱۳۱۶ف بہ حصول منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۲۴۴۴) مورخہ ۴ آبان سنہ ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ مقدمات تحویل میں ہر درجہ کا مجسٹریٹ مجاز قلم بندی شہادت ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ / دیوانی ۱ مورخہ ۱۷ بہمن سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۵۱) عطائے اقتدارات منظوری مصارف دورہ مقدمہ کرایہ پیل متعلقہ عمال ماتحت بہ قبلائے عدالتہائے اضلاع و اپیل مجسٹر اضلاع سرکار عالی	کاغذات ذیل ملاحظہ ہوئے۔ (۱) گشتی مجلس نشان (۱۰) فوجداری (۸)

میں ہونا چاہیئے۔

(۱۳) اگر کسی مقدمہ میں سررشتہ مال کی یہ رائے ہو کہ بہ تقتضائے حالات مقدمہ اُس کا انفصال عدالت میں ہونا چاہیئے تب بھی مقدمہ عدالت میں رجوع ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ مورخہ ۲۶ اسفندار سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۵۵) دربارۂ تقدیم چالان مقدمات بلوہ	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ بعض مقدمات

میں جبکہ پولیس نے بعلت بلوہ ہر فریق کی نسبت جو باہمی جھگڑے اور فساد میں شریک تھے علیحدہ علیحدہ چالان پیش کئے تو عدالت نے چالان واپس کرکے ہدایت دی کہ دونوں کا یکجائی چالان پیش کیا جائے۔

اجلاس انتظامی مجلس عالیہ عدالت نے تجویز فرمایا ہے کہ یہ طریقہ مناسب نہیں ہے کہ پولیس سے جب کوئی مقدمہ چالان عدالت کیا جائے تو عدالت ترتیب پیشی چالان کے متعلق کوئی ہدایت کرے یا واپس کرے البتہ عدالت کو اختیار ہے کہ مقدمہ پیش ہونے کے بعد حسب منشائے قانون اُس کی تحقیقات اس طریقہ سے کرے جو باعث سہولت ہو پس آیندہ حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۷ / دیوانی ۴۴ مورخہ ۲۶ اسفندار سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۵۶) ترمیم گشتی مجلس نشان فوجداری (۳۶) دیوانی (۱۸) ۱۳۲۳ف دربارۂ تقرر کامیابان امتحان صدر مجلسی پیشہ صدر محاسبی	بروئے احکام دفتر فینانس و صدر محاسبی ایسی خدمت جس کا تعلق حساب سے ہو

مشروط الامتحان قرار پا چکی ہے اب بہ ہدایت تحریک دفتر صدر محاسبی حسب الحکم سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۱۴۷۸) مورخہ ۱۲ امرداد ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ بروقت تقررات ایسی خدمت پر کامیابان سررشتہ محاسبی کا تقرر ہوا کرے۔ کامیابان امتحان صدر محاسبی نہ ملنے کی صورت میں جائداد محاسبی کا انتظام تین سال تک بطور قایم مقامی ہوگا۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۸ / دیوانی ۴۵ مورخہ ۲۷ اسفندار سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۵۷) تعین مدت تلف کاغذات براۓ ایسی مثلہا جو بعد انفصال مقدمہ داخل کردہ شدہ و کارروائی آنلاف بعد مرور مدت مذکور	(۱) اس وقت تک عملدرآمد یہ ہے کہ مثلہا

مضمون (۱۵۳) مہلت مستدعیہ پولس بغرض ثبوت سزایابی سابقہ بعد ترتیب فرد جرم بھی عطا ہوسکتی ہے

عدالت منصفی پٹن سے ایک مقدمہ فوجداری میں ثبوت سزایابی سابقہ کے لئے ایسے وقت میں جبکہ فرد جرم مرتب اور کارروائی جانب استغاثہ ختم ہوچکی تھی مہلت مستدعیہ پولس نامنظور کردی جو صحیح نہیں ہے از روئے دفعہ (۲۲۳) ضمن (د) ضابطہ فوجداری سزایابی سابقہ کا ذکر جب فرد جرم میں ہوتا ہے تو لامحالہ ثبوت سزایابی سابقہ حسب دفعہ (۳۴۸) ضابطہ فوجداری بعد ترتیب فرد جرم بھی ہوسکتا ہے البتہ اس امر کا ذکر کہ ملزم سزایاب سابق ہے چالان میں یا قبل از قرارداد فرد جرم منجانب پولس ہو جانا چاہئے پس آئندہ حسبہ عمل ہوا کرے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری ۵}}{\text{دیوانی ۲}}$ مورخہ یکم اسفندار ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۵۴) معاملات تعہد میں مدت کے اندر یا اس کے بعد اندر دو کششماہ نزاعات دیا بین مستاجران و شکمیداران آبکاری کا تصفیہ صیغہ مال سے ہوگا۔

اس وقت تک تعہدداروں اور ان کے شکمیداروں اور حصہ داروں کے باہمی حقوق کے نزاعات کے تصفیہ کے متعلق سررشتہ عدالت و مال میں مختلف طریقہ سے عمل ہوتا رہا یعنے بعض مقدمات میں ایسا عمل ہوا ہے کہ بہ لحاظ نوعیت و مدت ایسے مقدمات سررشتہ عدالت میں دائر کیے گئے تو محکمہ موصوف سے عدم منظوری سررشتہ مال یا دوسرے عذرات پر خارج کردیے گئے اور بعض اوقات ایسے مقدمات سررشتہ مال میں بھی دائر و منفصل ہوئے چونکہ ایسی دوعملی مناسب نہیں تھی لہذا یہ مسئلہ بتوسط محکمہ سرکار پیشگاہ اقدس و اعلیٰ میں پیش کیا گیا پیشگاہ اقدس و اعلیٰ سے جو فرمان مبارک مرقومہ ۱۳ جمادی الاول ۱۳۲۵ھ شرف صدور لایا اس کے لحاظ سے حسب ایمائے محکمہ سرکار جو ذریعہ مراسلہ نشان (۸۹) مورخہ ۸ بہمن ۱۳۲۲ف وصول ہوا ہے حسب ذیل احکام جاری کئے جاتے ہیں آئندہ سے پابندی کے ساتھ انکی تعمیل کی جائے۔

(۱) سرکاری تعہدداروں کے اور ان کے حصہ دار شکمیداروں کے باہمی نزاعات جو معاملہ تعہد کے نفع نقصان کے فائدہ و ذمہ داری کی نسبت تعہد کی مدت کے اندر یا اس کے بعد چھ ماہ کے اندر پیدا ہوں ان کا فیصلہ اس سرکاری صیغہ میں ہونا چاہئے جس صیغہ نے تعہد دیا ہے

(۲) ختم مدت تعہد کے ششماہ کے بعد جو تنازع تعہددار اور اس کے حصہ دار یا شکمیدار میں معاملہ تعہد کے نفع و نقصان کے حصہ بخرہ کی نسبت پیدا ہوں ان سب کا فیصلہ عدالت

باقی نہیں رہتی جو پولس میں پیش کیا گیا اور اگر مچلکہ کی ضرورت خیال کی جائے تو عدالتیں حسب دفعہ ۸۲ ضابطہ فوجداری سکار روائی کرسکتی ہیں لہذا عبارت مذکور گشتی مولہ سے حذف کردی جائے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ مورخہ ۱۳ فروری سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۶۰) استجازت سرکردن ساویق تفنگچہ وغیرہ و آلات ناری از عطائے عدالت

عدالت ہائے ماتحت کی تحریکات سے معلوم ہوا ہے کہ باویق۔ تفنگچہ۔ قرابین و آلات ناری سر کرنے اور چھوڑنے کی اجازتیں بعض اضلاع میں عدالت سے متعلق ہیں اور بعض میں پولیس سے اس لئے یہ مسئلہ ناظم صاحب کوتوالی اضلاع کی رائے کے ساتھ ملاحظہ سرکار میں پیش کیا گیا تھا۔ اب بہ حسب منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۶۰۹) مورخہ ۱۴ اسفندار سنہ ۱۳۲۳ف حکم دیا جاتا ہے کہ اشتہار مجریہ سابقہ کی رو سے جو اختیارات عطائے اجازت دیئے گئے ہیں وہ عدالت کے متعلق ہیں اور اب بھی یہ اقتدارات صرف مجسٹریٹوں سے متعلق رہنا مناسب ہے ایسے اختیارات کو کوتوالی کے تفویض کرنے سے تکلیف رعایا کا احتمال ہے اور خود ناظم صاحب کوتوالی اضلاع کو بھی کوتوالی کے ہاتھ میں ایسا اختیار دینے سے اختلاف ہے لہذا اضلاع میں ہر مجسٹریٹ ایسی اجازتیں حسب صوابدید عطا کرنے کے مجاز ہیں اور بلدہ میں بدستور سابق عمل ہوگا۔ پس جسکہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ / دیوانی ۲ مورخہ ۲ امرداد سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۶۱) ارسال رقوم مصارف اسناد وکلا

بربنائے گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۱) دیوانی (۱) مورخہ ۲۳ آذر سنہ ۱۳۲۱ف جو درخواستیں تجدید اسناد وکلا کے عدالت ہائے اضلاع سے عدالت العالیہ میں سالانہ وصول ہوتے ہیں ان کی تیاری و روانگی کی رقم عدالت العالیہ میں مختلف طریقہ سے وصول ہوا کرتی ہے یعنے کبھی عدالتوں کے ذریعہ سے اور کبھی وکلا خود بالراست منی آرڈر روانہ کرتے ہیں یعنی مرسولہ کی یہ حالت ہے کہ درخواست گزار اپنے نام کے ساتھ نہ ولدیت لکھتا ہے اور نہ رقم کی نوعیت۔ چونکہ ایک نام کے متعدد اشخاص ہوتے ہیں اور مختلف نوعیت کے رقوم عدالت العالیہ میں وصول ہوا کرتے ہیں اس واسطے ارسال کنندہ رقم کا پتہ چلنا بہت دشوار ہوتا ہے۔ ان تمام دقتوں کے لحاظ سے یہ مسئلہ جلسہ انتظامی میں پیش

ٹپہ جو کسی فریق مقدمہ کے مدخلہ ہوں بر وقت واپس نہ لے تو اس کے لئے عدالتوں سے بہ تعین مدت اشتہار جاری ہوتا ہے اور ایسے اشتہارات جریدہ اعلامیہ میں بھی طبع کرائے جاتے ہیں جس کے متعلق دار الطبع سرکار عالی سے بھی سلسلہ مراسلت جاری رہتا ہے ایسے طوالت عمل کے انسداد اور سہولت کارروائی کے خیال سے اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے جس کی منظوری محکمہ سرکار سے بھی بذریعہ مراسلہ نشان (۲۱۴) مورخہ ۱۶ اسفندار ۱۳۲۳ف صادر ہوئی ہے

(۲) ٹکٹ ہائے ٹپہ کے ہر داخل کرنے والے پر لازم ہوگا کہ انفصال مقدمہ سے چھ ماہ کے اندر واپس شدنی ٹکٹوں کو حاصل کر لے۔ انفصال مقدمہ سے چھ ماہ کے بعد کسی شخص کو عدالت سے ٹکٹ ٹپہ کے واپس وصول کرنے کا حق نہ ہوگا اور اس مدت کے منقضی ہونے کے ابد ٹکٹ ہائے ٹپہ حسب ضابطہ بغرض تلف انسپکٹر جنرل صاحب کے دفتر پہ بھیجے جایا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ / دیوانی ۶ مورخہ ۳ فروردی ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۵۸) درخواستوں پر بالالتزام نمبر مقدمہ نام فریقین و نوعیت مقدمہ درج ہوا کرے۔	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ جو درخواستیں منجانب فریقین یا ان کے وکلا و مختار وغیرہ کا

عدالتوں میں پیش ہوا کرتی ہیں بسا اوقات ان میں نمبر مقدمہ۔ نام فریقین۔ نوعیت مقدمہ درج نہیں ہوتا یا بعض امور متروک کر دئے جاتے ہیں جس سے عدالتی کارروائی میں دشواری لاحق ہوتی ہے۔ بالخصوص درخواست ہائے جمع و واپسی رقوم و دستاویزات و مال و منضبطہ و چالانات میں مراتب مصرحہ کے ترک کر دینے سے نقصان کا قوی احتمال ہے۔ بنابراں حکم دیا جاتا ہے کہ اگر درخواست ہائے مدخلہ پر نمبر مقدمہ۔ نام فریقین۔ نوعیت مقدمہ درج نہ ہو تو بہ ہدایت اصلاح واپس کی جائیں۔ پس حسبہ عمل ہو فقط

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ مورخہ ۳ فروردی ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۵۹) ترمیم گشتی نشان ۱ فوجداری ۲۳ مورخہ ۲۳ ... ۱۳۲۲ف بخلاف عبارت برقراری مچلکہ مدخلہ پولیس بعد حضور گواہ	گشتی محولہ صدر میں یہ عبارت ہے کہ "وہ مچلکہ مدخلہ پولیس بدستور برقرار رکھا جائے" از روئے دفعہ

(۱۷۲) ضمن (۲) ضابطہ فوجداری جب گواہ حاضر عدالت ہو جائے تو پھر اس مچلکہ کی پابندی

وقانون دستاویزات قابل انتقال (۶) قانون اسٹامپ۔ قانون معاہدہ عدالت، وقانون رجسٹری (۷) احکام مالگزاری (۸) شرع اسلام (۹) دھرم شاستر (۱۰) قانون ادالت وقانون دادرسی (۱۱) قانون میعاد، قانون حقوق آسایش (۱۲) اصول قانون وتر تیب اجتہادات عدالتہائے سرکار عالی۔

امتحان زبان اردو میں ہوگا دفعہ (۶) سوالات وجوابات امتحان وکالت زبان اردو میں ہوں گے

تقرر کتب وتاریخ امتحان دفعہ (۷) مجلس عالیہ عدالت کو اختیار ہوگا کہ تاریخ امتحان وکالت سے سالانہ عرصہ قبل حسب ذیل امور کی نسبت احکام بذریعہ اشتہار صادر کرے۔

(الف) کتب جو مضامین مندرجہ دفعہ (۵) کے لئے بہ منظوری سرکار مشروط الامتحان ہوں گے

(ب) امتحان بلدہ میں کس تاریخ سے شروع ہوگا مع اس امر کی صراحت کے کہ روزانہ کتنے پرچے دئے جائیں گے اور ان کے جوابات کے لئے کس قدر وقت دیا جائے گا۔

مقام امتحان دفعہ (۸) امتحانات مصرحہ دفعہ (۳) بلدۂ حیدرآباد میں زیر نگرانی مجلس عالیہ عدالت

پیشی درخواست شرکت امتحان دفعہ (۹) امیدواران امتحان وکالت کو لازم ہوگا کہ باضابطہ درخواست شرکت امتحان مع فیس مقررہ معتمد مجلس عالیہ عدالت کے پاس تاریخ امتحان سے دو ماہ قبل پیش کریں

نمونہ درخواست شرکت دفعہ (۱۰) درخواست امتحان حسب نمونہ منسلکہ ہذا نشان (الف) پیش ہوگی اور اس کے ساتھ منضلہ ذیل امور کے متعلق صداقت نامجات مصدقہ پیش کرنے ہوں گے۔

عام صداقت نامجات برائے ہر سہ درجہ

(الف) امیدوار کی عمر (۱۸) سال سے کم نہیں ہے۔

(ب) امیدوار نیک چلن ہے۔

(ج) امیدوار اردو زبان میں نوشت وخواند وتقریر کی قابلیت رکھتا ہے۔

مخصوص امیدواران درجۂ اول ودوم کے لئے

(د) امتحان مٹریکولیشن یا مولوی یا منشی عالم یا ان کے مساوی یا ان سے اعلیٰ درجہ کے امتحان میں کامیاب ہے اور سرکار عالی کے کسی قایم کردہ لا کلاس میں دو سال تک شریک رہ چکا ہے یا

(ہ) امتحان درجہ سوم میں کامیاب ہے اور سرکار عالی کے قایم کردہ لا کلاس میں دو سال تک شریک رہ چکا ہے۔ یا

کیا گیا۔ اجلاس انتظامی سے تجویز ہوئی کہ عدالت ہائے ماتحت کو لازم ہے کہ جب درخواست ہائے تجدید اسناد پیش ہوں اُن کے ساتھ ہی مصارف تیاری و روانگی اسناد کی رقم مع فیس منی آرڈر درخواست گزاروں سے داخل کرائی جائے اور جس قدر رقم ایک ہفتہ میں جمع ہو اس کو ہر روز شنبہ اگر اس روز تعطیل واقع ہو جائے تو بروز افتتاح دفتر ایک ہی آرڈر کے ذریعہ سے بصراحت تو رقم عدالت العالیہ میں ارسال کر دیا کریں اور بفور ارسال رقم ایک گوشوارہ جس میں ہر درخواست گزار کا نام مع ولدیت و تعداد رقم بقید نوعیت درج ہو مرتب کر کے عدالت العالیہ میں ملاتعویق بھیجا کریں عدالت ہائے مصرحہ بالا بھی حسب صراحت مذکورہ ہر آٹھویں روز ایک گوشوارہ کے ذریعہ سے تیاری اسناد کی رقم عدالت العالیہ میں ارسال کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ دیوانی ۸ مورخہ ۲۹ شہریور ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۶۲) قواعد امتحان وکالت | بہ نفاذ اُن اختیارات کے جو قانون وکلا نشان (۶) بابتہ سنہ ۱۳۱۸ف کے دفعہ (۳۲) کی رو سے عطا کئے گئے ہیں اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بعد منظوری نواب سالار جنگ بہادر مدارالمہام سرکار عالی جو ذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار علاقہ عدالت نشان (۳۲) مورخہ ۶ آذر سنہ ۱۳۲۳ف حاصل ہوئی ہے حسب ذیل قواعد شایع کئے جاتے ہیں۔

مختصر نام و تاریخ نفاذ | دفعہ (۲) یہ قواعد بنام "بنام قواعد امتحان وکالت" موسوم ہونگے اور یکم خورداد سنہ ۱۳۲۳ف سے نافذ ہوں گے۔

امتحان وکالت کے درجے | دفعہ (۳) امتحان وکالت کے تین درجے ہونگے

(۱) درجہ اول (۲) درجۂ دوم (۳) درجۂ سوم

پرچہ ہائے سوالات | دفعہ (۴) امتحان وکالت درجۂ اول و دوم کے واسطے مضامین اور پرچہ ہائے سوالات متحد ہوں گے۔ امتحان درجہ سوم کے پرچے علیحدہ ہوں گے۔

مضامین امتحان وکالت | دفعہ (۵) وکالت درجۂ اول و دوم کا مشترکہ امتحان مفصلہ ذیل مضامین میں ہوگا وکالت درجہ سوم کا امتحان اُن مضامین میں سے صرف پہلے (۹) مضامین میں ہوگا

(۱) ضابطہ دیوانی و قانون میعاد سماعت (۲) قانون شہادت (۳) قانون تعزیری (۴) ضابطہ فوجداری و احکام متعلق حوالگی مجرمین (۵) قانون معاہدہ قانون انتقال جائداد

لیکن اجلاس انتظامی مجلس عالیہ عدالت کو اختیار ہوگا کہ معتمد مجلس عالیہ کی درخواست پر یا کسی اور وجہ سے کسی سال کے لئے دوسرے شخص کو معتمد امتحان مقرر کرے۔

امتحان زیر نگرانی معتمد امتحان

دفعہ (۱۶) امتحان کا کل انتظام زیر نگرانی معتمد امتحان ہوگا اور کل مراسلت معتمد کے ذریعہ سے ہوگی اور وہ ملازمین و اہلکاران مجلس عالیہ عدالت سے کام لے سکیں گے۔

تقرر اشخاص نگراں کار

دفعہ (۱۷) امتحان کی نگرانی کے واسطے اشخاص نگراں کار کا تقرر ہر سال اجلاس انتظامی عالیہ عدالت سے ہوگا اور اُن کی تعیناتی معتمد امتحان کے اختیار میں ہوگی۔

اشخاص نگراں کار کے فرائض

دفعہ (۱۸) اشخاص نگران کا فرض ہوگا کہ اگر کوئی امیدوار کمرہ امتحان سے قضائے حاجت کے لئے باہر جانا چاہے تو اُس کی نگرانی کا کافی بندوبست کرکے باجازت معتمد امتحان اُسکو باہر جانے کی اجازت دیں اور اگر امیدواروں کو کاغذ یا قلم وغیرہ کی ضرورت ہو تو مہیا کر دیں اور اگر کسی امیدوار کے پاس کوئی کتاب یا تحریر پائی جائے یا امیدوار ایک دوسرے سے بات چیت اشارتاً یا کنایتاً کرتے یا ایک دوسرے کے پرچہ کی نقل کرتے ہوئے پائے جائیں تو اُس کی رپورٹ فوراً معتمد امتحان کو دیں۔

ایسی رپورٹ پر معتمد کا فرض

دفعہ (۱۹) جب کوئی رپورٹ حسب تذکرہ دفعہ بالا معتمد امتحان کو کی جائے تو معتمد ضروری امور پر غور کرنے کے بعد حاضری کے اخراج کا یا کوئی اور مناسب حکم تحریری صادر کر سکیں گے جس کی تعمیل ہر امیدوار پر لازم ہوگی۔

سوالات کی ترتیب میں کن کن امور کا لحاظ رکھا جائے گا

دفعہ (۲۰) ممتحن ہر پرچہ میں اس قدر سوالات درج کریں گے جن کے جوابات وقت معینہ کے اندر سہولت کے ساتھ ادا کئے جا سکیں اور سوالات اس قسم کے ہوں گے جن سے اس درجہ کے امیدواروں کی لیاقت کا صحیح موازنہ ہو سکے۔ ہر پرچہ کے نمبر مفروضہ (۱۰۰) ہوں گے اور ہر سوال کے محاذی اُس کے نمبر مفروضہ درج کئے جائیں گے

پرچۂ سوالات معتمد کے پاس کب وصول ہوں گے

دفعہ (۲۱) ہر ممتحن پر لازم ہوگا کہ وکالت درجۂ اول و دوم کے سوالات کا پرچہ ایک روز قبل اور درجہ سوم کا چار یوم قبل تاریخ امتحان سے ایک سربمہر لفافہ میں معتمد امتحان کے پاس روانہ کردے۔

سوالات کب طبع ہوں گے

دفعہ (۲۲) ہر پرچہ سوالات امتحان وکالت درجۂ اول و دوم و سوم کو معتمد امتحان روز معین ایسے وقت پر طبع کرائیں گے کہ وقت معینہ امتحان پر وہ تقسیم کئے جا سکیں اور سوالات کے تمام پرچے طبع اور تقسیم کرنے تک باحتیاط کافی محفوظ رکھے جائیں گے۔

(د) امتحان وکالت درجۂ سوم میں کامیابی کے بعد سات سال تک پیشہ وکالت کو فی الواقع انجام دیا ہے اور عام طور سے قابل اور قانون دان ہے۔

مخصوص امیدواران درجہ سوم کے لئے

(ز) مڈل یا منتہی یا اُن کے مساوی یا اُس سے اعلیٰ درجہ کے امتحان میں کامیاب ہے۔
(ح) مڈل کلاس تک یا اُس کے اوپر کے درجہ تک ترقی پاچکا ہے۔

توضیح۔ صداقت نامہ جات (الف) (ب) (ج) کسی حاکم مجاز کے مصدقہ ہونے چاہئیں جس سے مراد ناظم صاحب فوجداری یا دیوانی صلع یا بلدہ یا ناظم صاحب عدالتہائے اسمات یا منصف یا تحصیلدار سرکار عالی ہے۔

شرکت لاکلاس کا صداقت نامہ مصدقہ کلکٹر سرکار عالی ہونا چاہئے۔ صداقت نامہ (د) کی تصدیق اُس عدالت یا عدالتوں سے ہونی چاہئے جہاں امیدوار نے پیشہ وکالت کو انجام دیا ہے صداقت نامہ (ح) باضابطہ اُس مدرسہ کے ہڈ ماسٹر یا اُس حلقہ کے انسپکٹر تعلیمات کا مصدقہ ہونا چاہئے جہاں امیدوار نے تعلیم پائی ہے یا پارہا ہے۔

فیس داخلہ و طریقہ منظوری درخواست | دفعہ (۱۱) فیس داخلہ امتحان وکالت حسب ذیل ہوگی۔

(۱) درجہ اول کے لئے (صـ) (۲) درجۂ دوم کے لئے (صہ) (۳) درجہ سوم کے لئے (عـہ) درخواست شرکت کی منظوری معتمد مجلس دیگا اور بصورت نامنظوری میر مجلس عدالت العالیہ سے حکم حاصل کیا جائے گا۔

بعد منظوری درخواست فیس داخلہ واپس نہ ہوگی | دفعہ (۱۲) بعد منظوری درخواست شرکت امتحان کوئی امیدوار کسی وجہ سے بھی فیس داخلہ کی واپسی کا مستحق نہ ہوگا۔

طریقہ اطلاعیابی نتیجہ درخواست | دفعہ (۱۳) اگر درخواست گذار اُس حکم سے مطلع ہونا چاہے جو اُس کی درخواست پر صادر ہوا ہو تو درخواست کے ساتھ ٹکٹ ڈاک قیمتی ایک آنہ روانہ کریگا تو فہمائش نامہ اُس کے نام جاری کیا جائے گا۔

تقرر ممتحن | دفعہ (۱۴) ممتحن امتحان وکالت کا تقرر ہرسال مجلس عالیہ عدالت کے اجلاس انتظامی میں کم از کم ایک ماہ قبل آغاز امتحان سے ہوا کریگا اور اگر کسی ممتحن کو اپنے تقرر کے متعلق کوئی عذر ہو تو فوراً اطلاعیابی مجلس کو اپنے عذر سے اطلاع دینی چاہئے۔

معتمد امتحان | دفعہ (۱۵) معتمد مجلس عالیہ عدالت بہ حیثیت عہدہ معتمد امتحان وکالت متصور ہوگے

نقل باضابطہ حاصل کر سکے گا۔ معائنہ مراسلت یا پرچہ جات یک کرہ خارج کی درخواست سطورہ کی

حصول صداقت نامہ کامیابی دفعہ (۳۰) ہر امیدوار جو جملہ پرچہ جات میں کامیاب ہو وہ بعد اختتام نتیجہ صداقت نامہ کامیابی بادخال درخواست باضابطہ جو مع اسٹامپ سرکار عالی کے جو کسی وکیل درجہ اول یا مستقل اہلکار عدالت ہائے سرکار عالی سے مصدقہ ہو کا مختوم حسب ذیل پر حاصل کر سکے گا۔

(الف) درجہ اول (بابت) سالانہ کامیابی امتحان جو ڈیشل درجہ اعلیٰ (صہ)

(ب) درجہ دوم (بابت) سالانہ کامیابی امتحان جو ڈیشل درجہ ادنیٰ (ہ)

(ج) درجہ سوم (ہ)

عطائے صداقت نامہ کامیابی امتحان دفعہ (۳۱) بعد وصول درخواست باضابطہ عدالت العالیہ سے منظوری میر مجلس صاحب صداقت نامہ کامیابی امتحان وکالت نمونہ (الف) و سر بابائے کامیابی امتحان جو ڈیشل الف پر دیا جائے گا۔

عطائے سند ابتدائی دفعہ (۳۲) جب کوئی شخص امتحان وکالت یا جو ڈیشل میں کامیاب ہو کر پیشہ وکالت انجام دینا چاہے تو اس کو چاہیے کہ ایک درخواست باضابطہ عدالت میں مفصلہ ذیل کاغذات کے ساتھ پیش کرے

(۱) صداقت نامہ کامیابی امتحان

(۲) صداقت نامہ نیک چلنی

(۳) اقرار حلفی مصدقہ کہ وہ کوئی اور پیشہ یا ملازمت نہیں کرتا ہے جو باعث اہانت پیشہ یا مخل کار وکالت ہو

(۴) کاغذ مختوم سادہ حسب تفصیل ذیل۔

(الف) درجہ اول . . . . . صہ

(ب) درجہ دوم . . . . ہ

(ج) درجہ سوم . . . . . عہ

عطائے سند ابتدائی دفعہ (۳۳) تکمیل درخواست گزرنے پر مجلس عالیہ عدالت سے سند درجہ اول نمونہ الف و سند درجہ دوم الف و سند درجہ سوم نمونہ ہائے الف و الف کے موافق عطا

جوابات کے پرچوں کی روانگی دفعہ (۲۳) جوابات کے پرچے عموماً کمرۂ امتحان میں معتمد امتحانی روز امتحان کے پاس ایک سربستہ لفافہ مہر بند کرکے روانہ کرینگے۔

نمبر پانے سے متعلق اندراج جو ہائے جوابات میں بہ امتحان دفعہ (۲۴) ہر ممتحن کو لازم ہوگا کہ پرچہ ہائے جوابات کے وصول ہونے پر ہر پرچہ کے جوابات علیحدہ علیحدہ نمبر دیکر انکی مجموعی تعداد پرچہ پر درج کرے اور ان مجموعی تعداد کے لحاظ سے تختہ الف کی (جو معتمد امتحان ان کے پاس روانہ کریگا) خانہ پری کرکے معتمد امتحان کے پاس تختہ مذکور مع پرچہ ہائے جوابات ایک ماہ کے اندر روانہ کرے۔

کامیابی کے لئے کتنے نمبر حاصل کرنا چاہئے دفعہ (۲۵) کامیابی کے واسطے ہر امیدوار کو حسب تفصیل ذیل نمبر حاصل کرنے ہوں گے۔

(الف) درجہ اول کی کامیابی کے لئے ہر پرچہ میں فیصدی (۵۰)

(ب) درجہ دوم کی کامیابی کے لئے ہر پرچہ میں " (۴۰)

(ج) درجہ سوم کی کامیابی کے لئے ہر پرچہ میں " (۳۰)

ترتیب صدر تختہ دفعہ (۲۶) بفور وصول نتائج امتحان ایک صدر تختہ نمونہ (الف) اور ایک گوشوارہ حسب نمونہ الف مع ایک مختصر رپورٹ معتمد امتحان مرتب کریگے اور یہ رپورٹ و تختہ جات اور لشرط ضرورت پرچہ ہائے جوابات کمیٹی ممتحین میں پیش ہونگے جسکو تاریخ انعقاد کمیٹی کے مناسب وقت پر اطلاع دی جائے گی اور کمیٹی مذکور ضروری امور پر غور و بحث کرنے کے بعد گوشوارہ مذکور بالا منظور کرے گی۔

رعایت نمبر دفعہ (۲۷) کمیٹی مذکور مجاز ہوگی کہ اگر کسی امیدوار کی کامیابی میں (۵) نمبر تک کمی ہو تو اُس کو پورا کرکے کامیاب کرے۔ یہ رعایت ایک یا ایک سے زیادہ پرچہ میں جیسی کہ صورت ہو کیجاسکی بشرطیکہ مجموعی مقدار رعایتی نمبر (۵) سے کسی حالت میں زیادہ نہ ہو۔

اشاعت نتیجہ دفعہ (۲۸) گوشوارہ منظورہ کمیٹی و صدر نتیجہ امتحان مجلس عالیہ عدالت کے اجلاس انتظامی میں پیش ہوگا اور نتیجہ مذکور بہ منظوری اجلاس انتظامی شایع کیا جائیگا اور اس کی نقل بغرض طبع جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی میں بھیجدی جائے گی۔

جانچ مکرر و حصول نقول دفعہ (۲۹) بعد اشاعت نتیجہ اگر کوئی امیدوار خواہ کامیاب ہوا ہو یا ناکام اپنے نمبر حاصلہ معلوم کرنا چاہے تو حسب ضابطہ کاغذ مہوری پر درخواست پیش کرکے

نمونہ الف محولہ دفعہ (   ) درخواست شرکت امتحان وکالت

نام امیدوار	ولدیت	قومیت	[illegible]	عمر	سکونت	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
							ہدایت - یہ درخواست عدالت العالیہ میں اسی قدر رسوم واجب الادا کے ساتھ جو از روئے قانون رسوم عدالت مروجہ وقت عدالت العالیہ کے لئے مقرر ہو پیش ہوگی -

نمونہ الف ۲ محولہ دفعہ (   ) نتیجہ پرچہ نمبر (   ) امتحان وکالت درجہ

مورخہ

مرتبہ ممتحن

نوٹ (۱) درجہ اول کی کامیابی کے لئے ہر پرچہ میں فیصدی ۵۰ نمبر حاصل کرنا لازم ہے۔

(۲) " دوم " " " (۴۰) " "

(۳) " سوم " " " (۳۰) " "

[illegible]	[illegible]	نام امیدوار معہ ولدیت و سکونت	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶

کی جائیگی اور سند دوامی صادر کیے کا غذیہ صرف وکلائے درجہ اول کو نمونہ الف پر دی جائیگی۔

تجدید سند سالانہ | دفعہ (۳۴) سوائے سند دوامی کے ہر ایسی سند کی تجدید سالانہ کرائی جاتی چاہئیے جسکی بابتہ وہی فیس ادا کرنی ہوگی جو دفعہ (۳۲) میں بتائی گئی ہے۔ لیکن اگر سند کی تجدید پانچ سال تک نہ کرائی جائے تو اس کے بعد سند کی تجدید لازمی نہ ہوگی بجز اس کے کہ مجلس عالیہ عدالت کو درخواست گزار کے استحضار سے بالقانونی پر اطمینان ہو یا اس نے اس مدت میں کسی ایسی عدالتیں فی الواقع عدالتی کام انجام دیا ہو جو مجلس عالیہ عدالت کے ماتحت ہو سند کی تجدید کیوقت درخواست کے ساتھ صرف کاغذات نمبر (۳ د ۴) مندرجہ دفعہ (۳۲) و سند سابقہ کا پیش کرنا کافی ہے۔

تلف سند | دفعہ (۳۵) اگر کسی درجہ کے وکیل کی سند گم ہوگئی ہو تو عدالت العالیہ سے اسکو حسب ذیل محصول داخل کرنے پر ثنیٰ سند عطا کیا جائیگا

(الف) درجہ اول (صہ) (ب) درجہ دوم (سے) (ج) درجہ سوم (عہ)

فیس اطلاع وغیرہ کا حق سرکار جمع ہونا | دفعہ (۳۶) تمام فیس اطلاع امتحانات وکالت بو منظوری درخواست شرکت امتحان بحق سرکار بعد بچنتہ خزانہ میں بلاتوقف جمع کیجائیگی اور جو رقم قابل واپسی ہو وہ بحکم حاکم مجاز واپس کیجاسکے گی اور اخراجات امتحانات وغیرہ رقم مسطورۂ مندرجہ موازنہ سے بہ منظوری سرکار ادا ہوں گے۔

اخراجات امتحان | دفعہ (۳۷) اخراجات امتحان کی انتہائی مقدار حسب ذیل ہو سکے گی۔ لیکن مجموعی اخراجات آمدنی امتحان کے دو ثلث سے زاید کسی صورت میں نہ ہو سکیں گے۔

(۱) فیس ممتحن وکالت درجہ اول و دوم بحساب فی پرچہ جواب ۱عہ (۲) فیس ممتحن وکالت درجہ سوم بحساب فی پرچہ جواب ۸
(۳) الونس معتمد امتحان بابت کار امتحان و نگرانی وغیرہ ۵۰ (۴) الونس اہلکار صیغہ وکالت جس سے کار امتحان انجام پایا ہو ۵
(۵) الونس اہلکار مطبع بابتہ کاپی نویسی سوالات فی پرچہ ۱عہ (۶) الونس ملازمین پریس ۔
(۷) فیس اشخاص نگراں اہلکار جو بحساب ۳ فیصدی امیدوار سے زاید نہ ہوں فی کس ۵ (۸) خرچ غذا و دیگر اخراجات متعلق امتحان ۔

امتحان کب شروع ہوگا | دفعہ (۳۸) امتحان وکالت ہر سہ درجہ ہمیشہ شنبہ اول ماہ بہمن سے شروع ہوگا یا بصورت ضرورت کوئی اور تاریخ مقرر کی جاسکے گی جس کی اطلاع بذریعہ اشتہار کر دی جائیگی۔

امیدوار درجہ اول و دوم و سوم میں کامیاب ہو سکتا ہے | دفعہ (۳۹) اگر کوئی امیدوار درجہ اول یا دوم اپنے درجہ کے امتحان میں ناکام ہو مگر درجہ سوم میں بہ لحاظ نمبرات محصلہ کامیاب ہو تو وہ درجہ سوم میں کامیاب متصور ہوگا۔

پرچه الف گوشواره نتیجه امتحان وکالت درجه اول و دوم و سوم بابت سال ...

کیفیت	...	مجموعه نمبر	نام امیدوار معه ولدیت و سکونت	نشان پرچه	نشان مسلسل
۶	۵	۴	۳	۲	۱

نمونہ الف محولہ دفعہ ۳ صدر امتحان وکالت درجہ اول و دوم بابتہ سنہ ۱۳ ف مرتبہ معتمد امتحان

مجموعہ ماہ

نوٹ:- الف درجہ اول کی کامیابی کے لئے ہر پرچہ میں فیصدی (۵۰) نمبر حاصل کرنا لازم ہے۔

ب درجہ دوم 〃 〃 (۴۰) 〃

ج درجہ سوم 〃 〃 (۳۰) 〃

د ہر پرچہ کے نمبر ہائے سو (۱۰۰) ہیں۔

نمبر امتحان	نام امیدوار	[illegible]	نمبر ہائے محصلہ: پرچہ اول روز اول	پرچہ دوم روز اول	پرچہ اول روز دوم	پرچہ دوم روز دوم	پرچہ اول روز سوم	پرچہ دوم روز سوم	پرچہ سوم روز چہارم	پرچہ دوم روز چہارم	پرچہ اول روز پنجم	پرچہ اول روز پنجم	پرچہ اول روز ششم	پرچہ دوم روز ششم	میزان	نتیجہ [illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	
																	نوٹ درجہ سوم کے نتیجہ کے لئے تختہ کا نمونہ بھی بموجب اسکے ہوگا مگر یہ خانے حذف کرنے جائیں گے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ مورخہ ۱۳ شہریور ۱۳۴۳ف

سمول (۱۶۵) ترمیم نمونہ چالان سلسلہ گشتی نشان ۳۷ | گشتی مجلس فوجداری نشان (۳۷) مورخہ ۲۹ آبان ۱۳۴۲ف
فوجداری مورخہ ۱۹ آبان ۱۳۴۲ف کے ذریعہ جو نمونہ چالان جاری کیا گیا تھا اُس میں تاریخ گرفتاری ملزمین کا کوئی خانہ موجود نہ تھا جس کی ضرورت تھی نظر برآن ترمیم نمونہ چالان حکم دیا جاتا ہے کہ حسب نمونہ مرسلہ ہذا چالان مرتب و پیش ہوا کریں۔ پس آئندہ سے حسبہٗ عمل ہوا کرے۔

فرد الزام

ضلع

تاریخ ۔۔۔۔۔ ۱۳ف تھانہ کوتوالی

فرد الزام نمبر مورخہ ۔۔۔۔۔ ۱۳ف

متعلق اطلاع ابتدائی نمبر مورخہ ۔۔۔۔۔ ۱۳ف

۱	۲	۳	ایسے اشخاص ملزم کے نام جو تجویز کیلئے روانہ کیے گئے ۴	۵	۶	۷	۸
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

نمبر الزام
نمبر و تاریخ اطلاع ابتدائی
نام مستغیث یا اطلاع دہندہ
اشخاص ملزم
الف۔ روانہ شدہ زیر حراست
ب۔ رہا شدہ بر ضمانت
ج۔ تحقیقات کیلئے بھیجی گئی
الزام
نام گواہان
برآمد شدہ مال
تاریخ و وقت روانگی

دستخط

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۴ فوجداری مورخہ ۳۰ امرداد ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۶۳۳) طریقہ قلم بندی اظہارات بصورت عدم دستیابی شہود ساکنان علاقہ انگریزی متعلق مقدمات تحویلی محاسب سرکار سلطنت مدارہ علاقہ سرکار عالی	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ تحویلی مقدمات میں نامناسب تعویق کا باعث گواہان ساکنان برٹش انڈیا کی عدم حضوری ہے اور جن مقدمات میں ایسے

گواہوں کی شہادت کے بغیر تصفیہ نہ ہو سکے ان میں ذریعہ کمیشن قلم بندی اظہار کا انتظام مناسب ہے درآنحالیکہ رعایائے برٹش انڈیا ممالک محروسہ سرکار عالی میں اور رعایائے سرکار عالی برٹش میں جانے کے لئے مجبور نہیں کئے جا سکتے ہیں۔

جب ارتکاب جرم علاقہ سرکار عالی میں ہو تو شہادت تائید الزام کا وہیں موجود ہونا قرین قیاس ہے اگر کسی خاص گواہ کی طلبی ضروری ہو اور عدالتہائے برٹش انڈیا بر بصورت عدم تعمیل سمن بموجب دفعہ (۱۷۴) تعزیرات ہند کارروائی کرانا پسند نہ کرے تاہم کمیشن سے اظہار لینا ممکن ہے بشرطیکہ اس گواہ کی شہادت اہم ہو نظر برآں یہ مسئلہ بلاحظہ سرکار میں پیش ہو کر ذریعہ مراسلہ نشان (۲۶۱۳) مورخہ ۲۷ امرداد ۱۳۲۳ف بغرض قیام مساوات مابین محکمہ جات سرکار یہ حکم دیا جاتا ہے کہ جن مقدمات میں رعایائے انگریزی علاقہ سرکار عالی میں تحویل ہوں اگر ان میں ایسے گواہوں کی شہادت ضروری ہو جو برٹش انڈیا میں رہتے ہوں اور انکی حاضری کی امید نہ ہو تو بذریعہ کمیشن ان کا اظہار قلم بند ہوا کرے۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۵ دیوانی ۹ مورخہ ۵ شہریور ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۶۴۴) تنسیخ گشتی نشان فوجداری (۱) دیوانی (۱) مورخہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۱۶ف متعلق روانگی تختہ تقررات جدید ہر ختم ششماہی	گشتی مجلس نشان (۱) فوجداری دیوانی (۱) مورخہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۱۶ف کے بموجب تختہ نمبر (۲۰) تقررات

جدید ہر ختم ششماہی پر عدالت ہائے ماتحت سے مجلس عالیہ عدالت میں وصول ہوا کرتا تھا درحالیکہ تختہ نمبر (۷) تقرر و تبدل ماہانہ سے انتظامات کا حال معلوم ہو جایا کرتا ہے تو پھر ششماہی تختہ کی روانگی تحصیل حاصل ہے نظر برآں حسب منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۵۹۴) مورخہ ۱۹ خورداد ۱۳۲۳ف یہ تنسیخ گشتی محولہ بالا حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے تختہ تقررات جدید ختم ششماہی بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے پس حسبہ عمل ہو۔

پیش ہوتے جاتے ہیں یا ناظم ضلع کے پاس جو اپنے حد تک کافی سزا تجویز کرسکتے ہیں اور سپرد کی ضرورت نہ [illegible] ہوتا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۹ مورخہ ۱۴ آبان سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۹۸) جائنٹ مجسٹریٹوں کو تمام ملک رعایت فوجداری ضلع پر ربع تنخواہ جرمانہ کرنے کا اختیار	گشتی نشان (۱۸) فوجداری مورخہ ۳۲ خورداد ۱۳۱۵ف کی روسے جائنٹ مجسٹریٹوں کو باستثنائے سررشتہ داران

و ناظران کی تمام عملہ پر ایک روپیہ تک جرمانہ کرنے کا اختیار دیا گیا تھا۔ لیکن تجربہ سے ثابت ہے کہ عملہ رعایت فوجداری ضلع عموماً اور سررشتہ دار و ناظر خصوصاً جائنٹ مجسٹریٹان کے ویسے مطیع نہیں ہیں جیسے کہ ہونے چاہئیں جس کی وجہ سے اُن کا رعب و داب عملۂ فوجداری پر جیسا کہ چاہئے نہیں رہتا ہے لہذا حسب تحریک جائنٹ مجسٹریٹان و تائید صدر عدالتہائے صوبہ اختیار حاصلہ میں توسیع کی ضرورت ہے بناءً علیہ بعد حصول منظوری سرکار مندرجۂ مراسلہ نشان (۳۱۰۳) مورخہ ۲۵ مہر سنہ ۱۳۲۳ف باجلاس انتظامی عدالت العالیہ حکم دیا جاتا ہے کہ جائنٹ مجسٹریٹان مجاز ہونگے کہ سالم عدالت عملہ فوجداری ضلع پر بوقت ضرورت ربع تنخواہ تک جرمانہ کریں۔

(۲) اس گشتی کے اجراسے گشتی نشان (۱۸) فوجداری مورخہ ۳۲ خورداد سنہ ۱۳۱۵ف کا جملہ اخیر متعلق سررشتہ داران و ناظران منسوخ ہوجائیگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۰ مورخہ ۲۱ آبان سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۹۹) حاضری عہدہ داران پولس علاقہ سرکار عظمت مدار بغرض ادائی شہادت در عدالتہائے سرکار عالی	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ ان عہدہ داران پولس علاقہ سرکار عظمت مدار کو جو ادائی شہادت

کے لئے عدالت ہائے سرکار عالی میں طلب ہوتے ہیں۔ صداقت نامہ حاضری نہیں دیا جاتا ہے جس کے باعث عہدہ داران مذکور کو بھتہ و کرایہ ریل کی دستیابی میں دشواری پیش آتی ہے لہذا حسب منظوری مندرجۂ مراسلہ محکمۂ سرکار نشان (۳۱۱۵) مورخہ ۲۷ مہر سنہ ۱۳۲۳ف حکم دیا جاتا ہے کہ جب کبھی کسی مقدمہ میں کوئی عہدہ دار پولس علاقہ سرکار عظمت مدار بغرض قلمبندی شہادت طلب ہو تو فوراً بلا تاخیر غیر ضروری اُس کو صداقت نامہ حاضری دیا جایا کرے۔ [illegible]

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۷ مورخہ ۱۳ شہریور ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۶۶) حکم قصاص کی تعمیل بلدہ میں اندر تین دن اور اضلاع میں اندر ایک ہفتہ ہونی چاہئے

روسے حکم مطبوعہ دفعہ (۴۲) مجموعۂ قوانین فوجداری طبع ششم سزائے موت کی تعمیل تاریخ وصول سے تین دن کے عرصہ میں ہونے کا حکم ہے اس حکم کی تعمیل بلدہ میں تو آسان ہے لیکن اضلاع میں دشوار معلوم ہوتی ہے کیونکہ جلاد کی طلبی میں جو مراسلت دفتر کو توالی بلدہ سے کرنی پڑتی ہے اس میں تعویق کا ہوجانا ناگزیر ہے بہرحال سزائے موت کی تعویق میں توقف ہونا نامناسب اور تعین زمانی ضرور ہے لہذا حسب منظوری سرکار مندرجۂ مراسلہ نشان (۲۷۰) مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۲۳ف حکم دیا جاتا ہے کہ حکم قصاص کی تعمیل تاریخ وصول حکم سے بلدہ میں بدستور تین دن کے عرصہ میں ہوگی۔ لیکن ایسے حکم کی تعمیل اضلاع میں تاریخ وصول حکم قصاص سے ایک ہفتہ کے عرصہ میں ہوا کریگی اور راست عدالت العالیہ سے بفور وصول حکم قصاص پولس سے جلاد روانہ کرنے کا انتظام کردیا جائیگا اگر مدت معینہ میں قصاص کی تعمیل بلاکسی قوی اور معقول وجہ کے نہ ہوگی تو مجسٹریٹ ضلع یا اسسٹنٹ مجسٹریٹ اس کے ذمہ دار سمجھے جائینگے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۸ مورخہ ۱۴ آبان ۱۳۲۳ف

مضمون (۱۶۷) مقدمات پیشی مقدمات متعلقہ مجسٹریٹ درجۂ دوم بغرض ازدیاد سزا باجلاس ناظم اول وعدم جواز سپردگی چنین مقدمات بعدالت سشن

ناظم صاحب عدالت فوجداری تحصیل باغات نے جنہیں مجسٹریٹ درجہ دوم کے اختیارات حاصل ہیں مقدمہ راگھو چاری بنام محمد خان علت سرقہ تحقیقات کرکے بوجہ سزایابی سابقہ مثل مع رائے حسب دفعہ (۲۷۹) ضابطہ فوجداری ازدیاد سزا کے لئے عدالت سشن میں روانہ کی جو صحیح نہ تھا ہے کیونکہ بروئے دفعہ (۲۲۳) ضابطہ فوجداری سرکار عالی بتصحیحاً ترسیل مقدمات کا طریقہ بوجہ قیام عدالت ہائے سشن باقی نہیں رہا۔ اور دفعہ (۲۷۹) ضابطہ فوجداری کے مطابق عدالت سشن میں مقدمہ کی سپردگی اسی وقت جائز متصور ہوگی جبکہ ناظم مجوزہ کو سرکار سے ایسا اختیار عطا ہو۔ نظر برآں حکم دیا جاتا ہے کہ ایسے مقدمات جن میں بوجہ سزایابی سابقہ ازدیاد سزا اور سپردگی سشن کی ضرورت ہو ناظم درجۂ اول کے پاس

تو عدالت العالیہ بحث اون لینے پر مجبور ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱) فوجداری مورخہ ۳ ربیع الاول ۱۳۴۲ فصلی

مصمول (۲۷/۱۰) زرخوراک مویشی محافظین از تاریخ تحویل | مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ ان مویشی کے زرخوراک کی نسبت جو بذریعہ چالان پولیس داخل عدالت ہوتے ہیں جنکی بغرض حفاظت تا انفصال مقدمات محافظین کے تحویل میں دینے کی ضرورت عدالتوں کو داعی ہوتی ہے بعض عدالتوں کو یہ شبہ ناشی ہوا ہے کہ ایسے مویشی کا زرخوراک محافظین مویشی کو کس تاریخ سے ادا کیا جائے آیا تاریخ اجرائی اشتہار حاضری دعویداران مویشی سے یا اُس تاریخ سے جو مویشی عدالت سے محافظین کے تحویل میں لئے جائیں بصورت اول محافظین کے حق میں ناواجبی سختی ہوگی اور بصورت ثانی رقم نیلام مویشی بحق سرکار کم جمع ہوگی۔ اس شبہ کے رفع کی غرض سے اجلاس انتظامی سے بہ منظوری محکمہ سرکار صدر مدر مراسلہ نشان (۲۹/۸/۸) مورخہ ۵ رجب ۱۳۴۲ فصلی حسب ذیل ہدایات صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) اگر ایسے مویشی کو دعویداران بادخال ضمانت تا انفصال مقدمہ اپنے قبضہ میں رکھنے سے انکار کریں اور عدالت مویشی مذکور کو بغرض حفاظت محافظین کے تحویل میں دینا مناسب سمجھے تو محافظین مویشی کو تاریخ تحویل مویشی سے زرخوراک مویشی ادا کیا جائیگا۔

۲۔ اگر بعد تحقیقات مقدمہ ایسے مویشی کے نسبت دعویدار کی حقیقت ثابت نہ ہو تو مویشی مذکور کے نیلام کے بعد رقم نیلام وصول شدہ اگر زرخوراک مویشی سے زائد وصول ہو تو محافظین مویشی کو زرخوراک مویشی ادا کرنے کے بعد جو رقم باقی رہیگی وہ بہ صیغہ لاوارث باقاعدہ بحق سرکار جمع ہوسکے گی بصورت ثبوت حقیت اگر دعویدار زرخوراک مویشی ادا نہ کرے تو بعد نیلام مویشی زر نیلام سے زرخوراک مویشی وضع کرکے باقی زر نیلام بحق دعویدار مسترد کردیا جائیگا۔ ۳۔ اگر رقم ہراج مویشی زرخوراک مویشی سے کم وصول ہو تو ایسی حالت میں زر نیلام وصول شدہ بہ معاوضہ زرخوراک مویشی محافظین مویشی کو ادا کرنے کے بعد جس قدر رقم واجب الادا باقی رہے وہ زرخوراک گوالان سے ادا کیجائیگی اور بہ لحاظ ضرورت اسکی منظوری باقاعدہ دفتر فینانس سے حاصل کی جائے گی۔

حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۱ / دیوانی ۱۱ مورخہ ۱۲ آبان سنہ ۱۳۲۳ ف

مضمون (۱۰۷) تنقیہ ٹکٹ ہائے مدعا مستعجبات اہل مقدمات بعد انقضائے شش ماہ از تاریخ ادخال	گشتی مجلس نشان (۸) فوجداری (۵) دیوانی مورخہ ۲۷ اسفندار سنہ ۱۳۲۳ ف کے

ذریعہ یہ حکم دیا گیا تھا کہ :-

"جب کبھی اہل معاملات کی جانب سے ٹکٹ پیپر عدالتوں میں داخل ہوں تو انفصال مقدمہ سے چھ ماہ کے عرصہ میں شخص مدخل کو واپس مل سکیں گے اور بعد انقضائے مدت معینہ ٹکٹ ہائے پیپر بغرض اتلاف انسپکٹر جنرل صاحب رجسٹریشن واسٹامپ کے دفتر پر بھیجے جائیں گے"

(۵) ابتداءً نعش کس مقام پر کس حالت میں پائی گئی اور اسکو کس کن لوگوں نے اپنے ہاتھ لگایا

(۶) آیا یہ اسی مقام واردات کے رہنے والے ہیں یا کسی دوسرے مقام کے۔

(۷) وقت اور تاریخ واقعہ سے کس قدر ایام یا گھنٹوں کے بعد نعش بغرض پوسٹ مارٹم نکالی گئی

(۸) نقشہ پوسٹ مارٹم اور پنچنامہ اور نقشہ واردات اتفاقی کو بغور معائنہ کرکے لکھو کہ ان

سب اسناد کی تحریرات کسی مقام پر باہم متضاد تو نہیں ہیں۔

(۹) بعد غور مجموعی نتیجہ روئداد مثل کیا اور وجہ مرگ کی نسبت حاکم عدالت کی رائے کیا ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان ۹ فوجداری / ادیلالی مورخہ ۹ بہمن ۱۳۲۵ ف

مضمون (۲۱۳) ملازم درجہ اعلیٰ کی جس کی مدت ۳۰ سال اور عمر ۵۵ سالہ ہو جانے کی مقصود ہو تو قبل از علیحدگی سرکار کی منظوری حاصل کی جائے۔	اگرچہ بذریعہ گشتی فنانس نشان ۵۲ مورخہ ۱۸ دے ۱۳۲۲ ف یہ حکم دیا گیا ہے کہ تمام ملازمین درجہ اعلیٰ جن کی مدت ملازمت تیس سال یا ان کی عمر ۵۵ سالہ نہ ہو علیحدہ تقاعد

علیحدہ سوا خدمت سے علیحدہ نہیں کئے جاسکتے لیکن بعض عدالتوں سے اس کے خلاف عمل ہوا ہے لہذا عام طور پر حکم دیا جاتا ہے کہ اگر کسی ملازم درجہ اعلیٰ کو قبل از ملازمت سی سالہ یا قبل عمر ۵۵ سال اتفاقاً علیحدہ کرنا مقصود ہو تو ایسی علیحدگی کی نسبت قبل از قبل حکم سرکار حاصل کر لیا جایا کرے

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان ۲ فوجداری مورخہ ۲۹ بہمن ۱۳۲۵ ف

مضمون (۲۱۴) طریقہ تعمیل سزا تازیانہ بموجب دفعہ ۳۲۲ ضابطہ فوجداری	صدر تحصیل بلدہ سے استفسار کیا تھا

بموجب دفعہ ۳۲۲ ضابطہ فوجداری جب ملزم کی نسبت سزائے قید مع تازیانہ ایسے مقدمہ میں صادر ہو جو قابل مرافعہ ہو تو تازیانہ کی تعمیل اس وقت تک نہ ہوگی جب تک کہ حکم سزا سے پندرہ روز نہ گزر جائیں۔ یا اگر مرافعہ دائر ہو جائے تو جب تک عدالت مرافعہ سزا مجوزہ بحال نہ کرے لیکن اگر قبل ازانکہ عدالت مرافعہ حکم سزا بحال رکھے مجرم بوجہ ختم مدت سزا رہا ہو جائے تو سزا تازیانہ کی تعمیل کس طرح ہوگی اس کے متعلق حسب استفسار عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے

نظر برایں حکم دیا جاتا ہے کہ ہر ایک مثل میں حسب نمونہ منسلکہ تختہ وصولباقی اخراجات مندکورہ بعد تصدیق نظارت شریک مثل ہوا کرے اور جب تک تختہ وصولباقی کی تکمیل ہو کر تصفیہ رقومات نہ ہوجائے مثل محافظخانہ میں نہ لیجایا کرے۔

تختہ وصولباقی رقوم وکٹ پٹہ مدخلہ فریقین متعلق اخراجات مقدمہ

نمبر مقدمہ　　دو　　سنہ ۱۳۲ ف　　رجسٹر نمبر

بمقدمہ　　مدعی　　بنام　　مدعا علیہ

دعویٰ

دیگر گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان ۷ افوجداری ۹ دیوانی مورخہ ۳ بہمن سنہ ۱۳۲۵ ف

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۸ فوجداری مورخہ ۲۳ بہمن سنہ ۱۳۲۵ ف

مضمون (۲۱۱) واردات اتفاقی کی کارروائیاں میں حسب نمونہ منسلکہ تنقیح ہوا کرے　|　حین تنقیح مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ عدالت ہائے ماتحت میں مقدمات واردات آتفاقی کی کثرت ہے اس زیادتی کا سبب بجز اس کے کہ پولس مقامی اصل واقعہ کو تفتیش کی دقتوں سے بچنے کے لئے واردات اتفاقی میں شریک کرکے پیش کردیتی ہے اور کوئی معلوم نہیں ہوتا۔ عدالتوں سے بھی سرسری دریافت کے بعد کارروائیاں ختم کردی جاتی ہیں حالانکہ رپورٹ پولس تختہ واردات اتفاقی۔ نیچنامہ اور ورثا متوفی کے بیانات و تختہ پوسٹ مارٹم کے جمیع امور مندرجہ پر غور کرنے کے بعد بحصول اطمینان مقدمہ کو خارج کرنا چاہئے لہذا بغرض اصلاح عمل عدالتہائے ماتحت حکم دیا جاتا ہے کہ حسب نمونہ منسلکہ ایسی رپورٹوں پر تنقیح ہوا کرے اور بعد اطمینان کامل کارروائی ختم کیجایا کرے۔

فرد تنقیح امثلہ واردات اتفاقی

دیگر گشتی مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی نشان (۱۸) فوجداری مورخہ ۲۳ بہمن سنہ ۱۳۲۵ ف

(۱) آیا واقعہ کے کس قدر ایام کے بعد پولس نے رپورٹ کی۔

(۲) آیا نقل نیچنامہ مرسلہ پولس میں ورثا کے نام بصراحت ولدیت وسکونت درج ہیں۔

(۳) اگر نعش کا پوسٹ مارٹم ہوا ہے تو ڈاکٹر نے تختہ پوسٹ مارٹم میں کیا کوئی ایسا امر

معین فریادی جائے۔ ظاہر ہے کہ گرفتاری ملزم کے بعد عدالت میں اطلاع ضرور ہے اور پولیس ملزم کو مدت معینہ قانون سے زیادہ زیر حراست نہیں رکھ سکتی۔ البتہ قبل گرفتاری ملزم پولیس اخبار کے سوا اور کوئی کارروائی نہیں کرسکتی ہے۔ جو اطلاع واردات پولس کی جانب سے پیش ہوتی ہیں وہ بنائے مقدمہ نہیں ہیں نہ بفور اطلاع ملزم بحراست ہوتے ہیں اور نہ نتیجہ سراغرسانی برآمد ہوسکتا ہے پس حکم دیا جاتا ہے کہ اطلاع مذکور اگر ایسی واردات سے متعلق ہو جس میں مال مسروقہ بابتہ نقب وسرقہ یا سرقہ مویشی ایک ہزار روپیہ سے کم مالیت کا ہو تو اس کے نتیجہ کا چھ ماہ تک انتظار کرنا چاہئیے اور اگر مال مسروقہ ایک ہزار روپیہ سے زاید ہو اور واردات قتل وسرقہ بالجبر وڈکیتی کی ہو تو اس کے نتیجہ کا ایک سال تک انتظار کرنا چاہئیے مدت مذکورہ میں پولس سے باوصف مطالبہ مختتم رپورٹ نہ آئے یا کارروائی قابل اعتراض ہو تو صدر ناظم صاحب کوتوالی اضلاع کو بصراحت اطلاع دیجایا کرے۔

کشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ مورخہ ۲۹ اسفندار ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۱۶) رجسٹر نمبر (۱۰) مال لاوارث فوجداری میں ایک خانہ اضافہ کیا جائے

رجسٹر نمبر (۱۰) فوجداری مال لاوارث جو بذریعہ کشتی مجلس نشان (۵) دیوانی (۹) فوجداری مورخہ ۲۷ اسفندار ۱۳۱۹ف وضع ہوا ہے اسمیں کوئی ایسا خانہ موجود نہیں ہے جس سے معلوم ہوسکے کہ رقم ہراج کس تاریخ وصول اور جمع ہوی کیونکہ بسا اوقات بفور ختم ہراج یا منظوری ہراج مشتری نیلام رقم داخل عدالت نہیں کرتا اور نہ عدالتوں سے جلد تر وصولیابی رقم کی کوشش کیجاتی ہے تاوقتیکہ کردی سے مقابلہ نہ کیا جائے۔ اطمینان نہیں ہوسکتا کہ تاریخ ہراج سے کتنے دنوں بعد رقم وصول ہوی لہذا اس دشواری کے رفع کرنے کی غرض سے حکم دیا جاتا ہے کہ رجسٹر نمبر (۱۰) کے خانہ (۱۲) "قیمت ہراج" کے بعد ایک خانہ بدیں عنوان کہ "رقم ہراج کس تاریخ وصول اور جمع ہوی" اضافہ کیا جائے۔ اس اضافہ کے بعد رجسٹر کے جملہ (۱۳) خانہ ہوجائینگے پس حسبہٗ عمل ہو۔

کشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ مورخہ ۲۹ اسفندار ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۱۷) جہاں صرف سوال مشتبہ کا تعین مالیت زرگردان ہے کرایا جائے اور اجرت پرکھائی مدعی سے دی جائے اور اسکا تکملہ مال قابل واپسی ہو تو مستحق سے اور حق سرکار ہو تو زرنیلام سے کیا جائے	عدالت اسپشل مجسٹریٹ اضلاع سرکار عالی نے تحریک کی کہ اموال مشتبہ جو داخل عدالت ہوا کرتا ہے ان کی مالیت کا تعین زرگرد

جب ختم مدت سزا کی وجہ مجرم رہا کیا جانے والا ہو تو وارنٹ کے ساتھ محبس سے عدالت متعلقہ میں روانہ ہوا کرے گا اور عدالتوں کا فرض ہوگا کہ ایسے قیدیوں سے آیندہ حاضری کے لئے مچلکہ لکھائیں۔ اور جب عدالت مرافعہ سزا مجوزہ بحال رکھے تو ایسا قیدی بغرض تعمیل سزائے تازیانہ ذریعہ وارنٹ محبس متعلقہ میں بھیجا جایا کرے پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۲۱ فوجداری / ۱۱ دیوانی مورخہ ۲۴ بہمن ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۱۴) نفاذ قواعد عطائے نقول و طریقہ تصدیق دستاویزات | بہ حصول منظوری سرکار نشان (۵۰۶) مورخہ ۲۶ بہمن ۱۳۲۵ف حسب ذیل قواعد تحت دفعہ (۲۲) قانون سرکاری تحت دفعہ (۲۲) قانون شہادت | شہادت نشان (۱۲) بابتہ ۱۳۱۳ف متعلق بہ عطائے نقول و طریقہ تصدیق دستاویزات سرکاری نافذ کئے جاتے ہیں۔

(۱) ہر عہدہ دار سرکاری محافظ کسی ایسے سرکاری دستاویز کا جس کے معائنہ کرنے کا ہر شخص کو استحقاق ہے اس شخص کو نقل اس دستاویز کی بروقت ادا ہونے رسوم معینہ قانون حوالہ کریگا اور اس نقل کی ذیل میں تصدیق اس امر کی لکھدیگا کہ وہ نقل مطابق اصل دستاویز مذکور یا اس کے جزو کی ہے جیسی کہ صورت ہو اور وہ تصدیق بقید تاریخ ہوگی اور اس کے ذیل میں عہدہ دار مذکور اپنا نام اور عہدے کا نام مرقوم کرے گا اور جس حال میں کہ اس عہدہ دار کو قانوناً مہر کے استعمال کرنے کی اجازت ہو مہر بھی اس پر ثبت کی جائیگی اور وہ نقلیں جنپر اس طور کی تصدیق ہو نقول مصدقہ کہلائیں گے

تشریح۔ ہر عہدہ دار سرکاری جس کو اس کی سرکاری خدمت معمول کے ذریعہ سے ایسے نقول کے حوالے کرنے کی اجازت ہو محافظان دستاویزات کا بہ حسب معنی مقررہ دفعہ ہذا متصور ہوگا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۲ مورخہ ۲۲ اسفندار ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۱۵) اطلاع داروات میں نتیجہ تفتیش سے اطلاع دینے کی میعاد | عدالت ہائے ماتحت کو شکایت ہے کہ پولیس ان مقدمات کی پیروی میں جو بذریعہ چالان یا پرچہ اطلاعی پیش ہوں دلچسپی نہیں لیتی اور باوجود مرور مدت مدید نتیجہ تفتیش سے اطلاع نہیں دیتی ہیں۔ نتیجہ تفتیش سے اطلاع دینے کے لئے میعاد

اور پابندی کے ساتھ کما حقہ تعمیل کرے پس قلم بندی اقبال لزمین میں نظما قلم بند کنندہ اقبال کو واجب ہے کہ وہ دفعہ ۱۶۹ ضابطہ فوجداری کے احکام کی کامل طور پر پوری احتیاط کے ساتھ تعمیل کریں قبل از قلم بندی اقبال شروع کریں حسب ضمن (۱) دفعہ مذکورہ ملزم سے استفسار کرکے اس امر کی منت الطینان حاصل کریں کہ وہ اپنی مرضی سے اقبال کرتا ہے اور ختم اقبال پر ملزم کو اس کا بیان سنانے اور ملزم کی تصدیق کر چکنے کے بعد اسیر ملزم کی دستخط لیں اور بالالتزام یادداشت مندرجہ ضمن (۲) دفعہ مذکورہ اقبال کے تحت میں ثبت کرکے اس پر اپنی دستخط ثبت کریں اس باب میں تمامی نظما سے فوجداری کو سخت تاکید کیجاتی ہے کہ آیندہ پوری احتیاط و پابندی ضابطہ کے ساتھ وہ اقبالات ملزمین قلم بند کریں اور اس میں کبھی کسی بے ضابطگی کی شکایت کا موقع نہ آنے دیں۔

(۲) یہ کہ جب کسی عدالت میں کسی ملزم کا اقبال پیش ہو جو حسب دفعات (۱۶۰ و ۱۶۹ و ۲۹۳) قلم بند ہوا ہو اور عدالت کو معلوم ہو کہ دفعات مذکورہ کے کسی حکم کی تعمیل بروقت قلم بندی اقبال غلطی سے نہیں ہوئی تو وہ عدالت بہ پابندی احکام دفعہ (۵۰۱) ضابطہ فوجداری اس کی شہادت لیکر بیان مذکورہ واقعی ملزم کا ہے اور بہ پابندی قانون عمل کرے دفعہ (۵۰۱) بے نتیجہ وضع نہیں ہوئی ہے بلکہ یہ صورت ہائے متذکرہ پوری احتیاط کے ساتھ تعمیل کے لئے وضع کی گئی ہے اور ضرور ہے کہ نظمائے عدالت جہاں اس کی ضرورت ہو اس کے مطابق عمل کریں عدالت ہائے اضلاع و عدالتہائے سشن کو اس طرف بطور خاص توجہ دلائی جاتی ہے کہ اگر قلم بندی اقبال میں حکام قلم بند کنندہ اقبال نے احکام دفعات متذکرہ کی تعمیل میں کوئی غلطی کی ہو تو وہ التزام کے ساتھ دفعہ (۵۰۱) ضابطہ فوجداری کے مطابق عمل کرنے سے قبل مقدمہ ختم نہ کریں اور آیندہ پولس کو ایسی بے ضابطگی کی شکایت کا موقع نہ دیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۲۷ فوجداری مورخہ ۲۰ فروردی ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۲۰) مقدمات تغلب منی آرڈر میں قانون محقق الامر کی رو سے سزا ہوا کرے	مجلس عالیہ عدالت کو دریافت ہوا ہے کہ عدالتیں بعلت تغلب رقم منی آرڈر بدیں وجہ عبرت بخش سزا تجویز

کرنے میں تامل کیا کرتی ہیں کہ قانون ڈاک نشان (۶) بابتہ ۱۳۰۹ف میں منی آرڈر کا وجود نہ تھا حالانکہ ۱۳۲۲ف میں احکام منی آرڈر قانون مذکورہ میں بعد ترمیم اضافہ کئے گئے ہیں لہذا حکم دیا

سے کرایا جاتا ہے اور اجرت زرگران مد صادرسے ادا کیجاتی ہے۔ چونکہ یہ طریقہ اصولاً درست نہ تھا لہٰذا بہ حصول منظوری دفتر پیشی مندرجہ مراسلہ ۸۶۲/۸۶۳ مورخہ ۱۹ ر اسفندار ۱۳۲۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ جن عدالتوں میں صرافوں کا تقرر نہیں ہے وہاں مال مشتبہ داخل ہو تو اجرت تعین مالیت یکشنگی مدامی سے ادا کرکے اس طرح اس کا تکملہ کیا جائے کہ اگر مال لاوارث مستحق کو واپس کیا جائے تو وارث سے اور مال حق سرکار قرار پائے تو زرنیلام سے زر اجرت مسترد کرلیجایا کرے ۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۵ مورخہ ۱۸ ر فروردی ۱۳۲۵ف

صدر عدالت صوبہ میدک نے استدراک کیا کہ مجرم	مضمون (۲۱۸) قیدی کا اپیل منظور اور عدالت مرافعہ سے مقدمہ
تجویز ثانی کے بعد قید کیا جائے اور عدالت مرافعہ	تکمیل تحقیقات کیلئے واپس ہو تو عدالت ابتدائی قید دوران اپیل کا لحاظ کیا کرے

سے بہ منظوری اپیل مقدمہ تکمیل تحقیقات کو واپس ہو تو جو زمانہ اس دوران اپیل میں گذرا ہو وہ میعاد قید مجوزۂ مابعد میں محسوب ہوسکتا ہے یا نہیں لہٰذا بعد غور اجلاس انتظامی سے حسب منشاء مراسلہ محکمۂ سرکار ۱۰۵۲ مورخہ ۲۳ فروردی ۱۳۲۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ عدالت ہائے ابتدائی صدور تجویز مابعد کے وقت اس زمانہ قید کا لحاظ رکھا کریں جو قیدی نے بموجب تجویز ابتدائی حاکم متقدم صدور تجویز اپیل تک قید میں بسر کیا ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۶ مورخہ ۱۹ ر فروردی ۱۳۲۵ف

عدالت العالیہ کو دریافت ہوا ہے کہ قلمبندی اقبال	مضمون (۲۱۹) انسداد بے ضابطگی حکامان در قلمبندی بیانات

ملزمین میں نظمائے عدالت پوری احتیاط کے ساتھ دفعہ ۱۶۹ ضابطہ فوجداری کی پابندی نہیں کرتے اور ان کی اس بے ضابطگی سے ملزم مستفید ہوتے ہیں اور حکام عدالت ہائے اضلاع و عدالتہائے سیشن بے ضابطہ اقبالات ملزمین سے متعلق حسب دفعہ (۵۰۱) ضابطہ فوجداری کارروائی کرنے سے قبل نظمائے قلمبند کنندہ اقبال کی بے ضابطگی سے ملزمین کو فائدہ پہنچاتے ہیں اور اس طریقۂ عمل کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ اکثر ملزمین رہا ہو جاتے ہیں لہٰذا نظمائے عدالت کو حسب ذیل ہدایت کیجاتی ہے

(۱) یہ کہ ضابطہ فوجداری اس لئے جاری نہیں ہوا ہے کہ اس کے مندرجہ احکام کی تعمیل لاپروائی کے ساتھ برائے نام ہو بلکہ ہر حاکم فوجداری کو لازم ہے کہ ضابطہ کے احکام کی نہایت احتیاط

[ع]دالت سے مواخذہ ہو سکتا ہے جنھوں نے گشتی مذکورہ کی تعمیل نہیں کی ہے لیکن اس وقت سرشتہ [...]
[...]ندہ کی ہدایت پر عدالت العالیہ اکتفا کرتی ہے آیندہ اگر اس گشتی کی خلاف ورزی عدالت العالیہ کو معلوم ہوگی تو عدالت العالیہ مواخذہ پر مجبور ہوگی۔

امید ہے کہ اس کے بعد حکام ایسا کوئی موقع نہ دیں گے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۹ / دیوانی ۱۳ مورخہ ۲۵ فروردی سنہ ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۲۳) اُن ملازمین عدالت کا امتحان فارسی کے دیے جانا لازمی ہے جو عدالت کے امتحان زبان [...] میں کامیاب ہوں

اطلاع دی جاتی ہے کہ حسب تجویز دفتر صدر محاسبی نشان (۱۳۱/۲۲۲) مورخہ ۱۵ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۶ف تمامی ملازمین سررشتہ عدالت میں کامیاب ہوں وہ امتحان فارسی کے گروہ زبان ملکی سے مستثنےٰ کیے گئے ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۰ مورخہ ۸ مہر اردی بہشت سنہ ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۲۴) کوئی مجسٹریٹ صدور حکم کے بعد اور حاکم عدالت مرافعہ منظوری اپیل کے بعد ملزم یا مرافع کو ضمانت یا مچلکہ پر رہا نہیں کر سکتے

بہ ملاحظہ اشتہار عدالت العالیہ کو دریافت ہوا ہے کہ بعض ناظمان فوجداری نے [حک]م سزا صادر کرنے کے بعد ملزمین کو ضمانت یا مچلکہ پر رہا کر دیا ہے حالانکہ جس عدالت نے کسی [جر]م سے متعلق تحقیقات ختم کر کے فیصلہ اخیر کے ذریعہ سے اسے مجرم قرار دیکر حکم سزا صادر کیا [ہو] وہ بروئے ضابطہ فوجداری بعد صدور حکم سزا ضمانت پر رہائی کا حکم نہیں دے سکتی نہ وہ عدالت [اپی]ل جس نے کسی ایسے حکم سزا کا اپیل منظور کر دیا ہو منظوری اپیل کے بعد ملزم مرافع کی ضمانت یا مچلکہ پر رکھے جانے کا حکم صادر کر سکتی ہے گو بوقت پیشی درخواست مرافعہ عدالت مرافعہ کو بروئے [دف]عہ (۳۵۱) ضابطہ فوجداری یہ اختیار ہے کہ وہ مرافع کو ضمانت یا مچلکہ پر رہا کرے لیکن [اگر و]ہ کسی ایسے ملزم کا مرافعہ نامنظور کرے تو ایسی تجویز کے ساتھ ہی اس کا اختیار مذکورہ باقی نہیں [رہ]تا جس طرح کہ مجسٹریٹ کا وہ اختیار جو انھی ملزموں کے ضمانت و مچلکہ پر رہا کرنے کا بروئے ضابطہ [فو]جداری حاصل ہے حکم سزا صادر کرنے کے ساتھ باقی نہیں رہتا اس لئے کہ کوئی مجسٹریٹ [ا]س کا مجاز نہیں ہے کہ اپنی تجویز سزا کا نفاذ ملتوی رکھے لہذا جملہ ناظمان فوجداری کی توجہ ضابطہ

جاتا ہے کہ مقدمات متعلقہ سنی آر ڈر میں بموجب قانون مختص الامر کافی بنا تجویز ہوا کرے تاکہ اور زکوٰۃ ثبت ہوا اور صدور تجویز کے وقت احکام گشتی مجلس ۱۲ فوجداری مورخہ ۲۳ خورداد ۱۳۱۶ف ملحوظ رکھے جائیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۸ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۲۹ فروردی ۱۳۲۵ف

عدالت العالیہ کو امبرا ایسے گشتی نشان ۔۔۔ مورخہ ۔۔۔ ۱۳۲۲ف کے ذریعہ امید تھی کہ آئندہ حکام بیانات و تحقیق اور شہادت	سلسلہ (۲۱) لطار عدالت اظہارات ۔۔۔ اس ۔۔۔ اور ۔۔۔ احکام ۔۔۔ خود ۔۔۔ ان کا وقتاً فوقتاً مبیضہ کرا کے بعد تصدیق صحت شامل مثل کیا

کو اہاں اور تجاویز ایسے صاف خط میں لکھیں گے جن کے پڑھنے میں نہ کوئی دقت واقع ہوگی نہ مضامین سے متعلق شبہات پیدا ہوں گے لیکن افسوس ہے کہ بعض حکام عدالت کے ایسے اشملہ عدالت العالیہ کے نظر سے گذرے ہیں جن میں حکم سند رجہ گشتی کا کچھ بھی لحاظ نہیں کیا گیا اور جن خرابیوں کی وجہ سے گشتی مذکورہ جاری کی گئی تھی وہ موجود تھیں لہذا اس کی ضرورت پیش آئی کہ اس خرابی کے رفع کرنے کے لیے پھر حکام عدالت کو گشتی مذکورہ کی تعمیل اور پوری پابندی کی طرف مائل کیا جائے لہذا حکام کو نقائص مندرجہ گشتی کے نتائج کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے اور حکم دیا جاتا ہے کہ ہر حاکم عدالت کا فرض ہے کہ وہ عدالتی کارروائی میں جو کچھ لکھے نہایت صاف اور واضح خط کے ساتھ اور صحیح لکھے اور اس کا پورا خیال رکھے کہ خرابی خط مضامین کے مفہومات کی تغیر کا باعث نہ ہونے پائے اور جن حکام کا خط غیر معمولی طور پر ایسا ہے جو ان کے بالاہتمام صاف اور واضح لکھنے کے بعد بھی پڑھا جانا مشکل ہے انھیں لازم ہے کہ وہ اپنی تحریرات کا وقتاً فوقتاً مبیضہ کرا کے بعد مقابلہ اس کی صحت کی تصدیق کر کے شریک مثل کرتے رہیں تاکہ آئندہ کے لیے مافوق کو اس کے پڑھنے اور سمجھنے میں کوئی دقت پیش نہ آنے پائے ۔۔۔ اسی کلام اس قسم کا ہے کہ جس میں صرف الفاظ ہی پڑھا جا سکتا ہے ۔۔۔ طلب کا دارومدار ہے اور ایسی کہ غلط پڑھے جانے سے رائے قائم ہونے میں اہم تغیر ممکن ہے جس سے اہل مقدمہ کو ضرر پہنچے اور نا انصافی ہونے کا خطرہ ہے لہذا اس کی سخت ضرورت ہے کہ عدالتی مقامات صدر ۔۔۔ نتائج پیدا ہونے کے اسباب نہ پیدا ہوں گو عام احکام کی عدم تعمیل یا تعمیل میں بے پروائی قابل مواخذہ ہے اور جو اشملہ عدالت العالیہ کی نظر سے گذرے ہیں ان میں ان حکام

احکام کی صحت تعمیل ہوتی ہے یا نہیں دفتری کارروائی میں کیا کیا نقائص باقی ہیں تاکہ
بھی مشتبہ کرسکیں اور نقائص کو بھی رفع کرائیں اور بغیر اس کے ممکن نہیں ہے کہ خود حکام
تنقیح کو سمجھ کر پوری توجہ کے ساتھ اپنے دفتر کی تنقیح کریں لہذا جملہ حکام عدالت کو
توجہ دلائی جاتی ہے کہ وہ ہر سہ ماہی پر بذات خود اپنے دفتر کی بالالتزام تنقیح کیا کریں
ملحوظ رکھیں اور نقائص دفتری میں معلوم کریں اور اہلکاروں کی کارگزاری سے بھی مطلع ہوں
اور ناکارگزاری پر نوٹس لیں اور نقائص کی اصلاح کرائیں چونکہ حکام کی اس کم توجہی کا سرکاری کام
اور سرکاری اغراض پر نہایت خراب اثر پڑتا ہے لہذا آئندہ سے جن حکام کی اس میں غفلت ثابت
ہوگی اُن سے مواخذہ میں درگزر نہیں ہوسکے گی اور اس کے بعد عدالت العالیہ حکام کی تنقیح کو غور کے
ساتھ دیکھے گی۔ امید ہے کہ حکام آئندہ اس سے متعلق مواخذہ کا موقع نہیں دینگے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۳ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۱۴ اردی بہشت ۱۳۲۵ف

نمبر مضمون (۲۲۶) تفریق رجسٹرات دیوانی و فوجداری عدالتہا تحصیلات | عدالت دیوانی صلع نلگنڈہ نے تحریک پیش کی
کہ جن عدالت ہائے تحصیلات میں فوجداری دیوانی اختیارات استعمال کئے جاتے ہیں اُن عدالتوں کے رجسٹرات
دیوانی و فوجداری علیحدہ رکھے جائیں تو مناسب ہے بنابران صدر عدالت ہائے اضلاع سے آرا طلب کرنے
کے بعد یہ مسئلہ اجلاس انتظامی میں پیش ہوکر طے ہوا کہ جب عدالت ہائے تحصیل میں دیوانی اور فوجداری کام کے لیے
علیحدہ علیحدہ عمال مقرر ہیں اور ہر دو صیغہ کے صادر اور تیاری رجسٹرات سالانہ کے لئے علیحدہ علیحدہ
رقوم دئے جاتے ہیں تو عدالت ہائے تحصیل میں دیوانی اور فوجداری رجسٹرات علیحدہ علیحدہ مرتب رکھنا
باعث سہولت ہے پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳۵) مورخہ ۱۴ اردی بہشت ۱۳۲۵ف

نمبر مضمون (۲۲۷) سلیپ بھیجکر محابس مقامی سے قیدیوں کی طلبی مسدود ہے | مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ بعض
اہلکاران عدالت بعد یا بلا ایمائے ناظم دوران مقدمہ یا تواریخ پیشی پر | یہ طریقہ مسدود کیا جائے
پرچہ سلیپ بھیجکر یا اور طور پر قیدیوں کو مقامی محبس سے نظارہ عدالت کے مکان پر طلب کرتے ہیں
جس کا اندراج وارنٹ اور رجسٹر محبس میں نہیں ہوتا چونکہ یہ طریق عمل اصول عدالت کے خلاف ہے

فوجداری کے احکام کی تعمیل کی طرف مائل کیجاتی ہے اور ہدایت کیجاتی ہے کہ اس قسم کی بے ضابطگیوں سے محترز رہیں اور احتیاط رکھیں اور آئندہ کوئی مجسٹریٹ بہ حیثیت حاکم ابتدائی صدور حکم سزا کے بعد اور حاکم اپیل نامنظوری اپیل کے بعد کسی ملزم یا مرافعہ کے ضمانت یا مچلکہ پر رہائی کا حکم صادر نہ کرے بلکہ حکم سزا کی تعمیل کرائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۳۱ فوجداری / ۴ ادیوانی مورخہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۲۵ف

عدالت ہائے ماتحت کے معائنہ اور تنقیح سے عدالت العالیہ کو دریافت ہوا ہے کہ رجسٹر	مضمون (۲۴۴) رجسٹر حاضری میں ٹھیک وہی وقت درج ہوا کرے جس وقت حکام و عمال عدالت میں حاضر ہوں یا برخاست کریں

حاضری میں حکام و عمال کی حاضری و برخاست کا وقت روزانہ ۱۱ بجے لکھا جاتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ محض فرضی عمل ہوتا ہے اس لئے کہ تقریباً ناممکن ہے کہ روزانہ حکام و عمال ٹھیک وقت پر حاضر ہوں یا برخاست کریں۔ وقت مقررہ میں کمی بیشی ایک لازمی امر ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ حکام و عمال جس وقت عدالت میں حاضر ہوں۔ یا برخاست کریں ٹھیک وہی وقت حاضری رجسٹر میں درج کیا جائے اگر آئندہ فرضی عمل دریافت ہوگا تو رجسٹر کے خلاف واقعہ خانہ پری سمجھی جائے گی اور رجسٹر میں غلط اندراج کرنے والے کا سخت تدارک عمل میں آئے گا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۳۲ فوجداری / ۵ ادیوانی مورخہ ۹ اردی بہشت ۱۳۲۵ف

عدالت ہائے ماتحت کے معائنہ اور تنقیح سے عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ جو حکم حکام عدالت کو ہر سہ ماہی پر	مضمون (۲۴۵) حکام عدالت اپنی عدالتوں کی سہ ماہی میں تنقیح بذات خود کیا کریں۔

اپنے دفاتر کی تنقیح کا دیا گیا ہے اس کی تعمیل میں حکام عدالت کو دلچسپی نہیں ہے نہ پابندی سے رامد تنقیح ہوتی ہے۔ عام طور پر حکام بذات خود تنقیح کرتے ہیں بعض حکام سررشتہ دار دل یا مسلموں سے تنقیح کراتے ہیں اور وہ بھی کما حقہ توجہ کے ساتھ تنقیح کے مقاصد کی طرف توجہ نہیں کرتے اور محض برائے نام تنقیح ہوتی ہے جس سے حکم عدالت العالیہ کا منشا فوت ہوتا ہے عدالت العالیہ کی غرض اس تنقیح سے یہ تھی کہ حکام عدالت اپنے محکمہ کے ملازمین کی کارگزاری سے مطلع ہوں اور ان کو یہ معلوم ہو کہ ہر اہلکار اپنے فرائض کس طور پر انجام دیتا ہے تا قانون اور

گواہوں کی شہادت عام طور پر حتی الامکان پیشی اول پر قلم بند کر لیجایا کرے اگر بوجوہ ناگزیر اُس تاریخ شہادت قلم بند نہ ہو سکے تو دوسری پیشی پر تو لازماً قلم بند ہو جانا چاہیے یہ ہرگز جائز نہیں ہے کہ یکجائی شہادت کے اِنتظار میں حاضر شدہ گواہوں کی شہادت قلم بند کرنے سے گریز کیا جائے بلکہ جس قدر گواہ حاضر عدالت ہوں اُن کی شہادت قلم بند کر لینا چاہیے پس ان امور کی نگرانی کے لئے اس کی سخت ضرورت ہے کہ حسب نمونہ منسلکہ ذیل ایک تختہ ماہانہ قلم بندی شہادت کا عدالت ہائے ماتحت سے بصیغہ محکمہ مافوق میں ارسال کیا جایا کرے تاکہ دریافت ہو سکے کہ عدالت ہائے ماتحت نے ماہانہ کس قدر گواہوں کے اظہارات قلم بند کی اور کس قدر گواہ بلا قلمبندی اظہارات واپس کر دئے گئے ایسا تختہ عدالت ہائے متعلقہ سے صدر عدالت میں ارسال ہو نا چاہیے اور نظار صوبہ اور دیوانی اور فوجداری اضلاع کے ایسے تختہ جات عدالت العالیہ میں آنی چاہئیں صدر عدالتوں کو اُن تختہ جات کی خاص طور پر تنقیح کرنا چاہیے اور نگرانی رکھنا چاہیے کہ کوئی گواہ بلا وجہ تو عدالت ماتحت سے واپس نہیں کیا گیا اور وہ وجوہ کس حد تک قوی اور قابل تسلیم ہیں اگر ان تختہ جات میں کوئی امر قابل اعتراض دریافت ہو تو عدالت ہا سے دریافت کرنا چاہیے اور عدالت العالیہ کو بھی اس سے اطلاع دینا چاہیے۔

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳۹ مورخہ ۲۲ خورداد سنہ ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۳۱) نگرانی پولس - انسداد جرائم | انسداد جرائم کے لئے چونکہ اس کی ضرورت ہے کہ مجرموں کی طریقہ عمل کی پولیس نگرانی رکھے اور یہ معلوم کرتا ہے کہ سزایافتہ ملزموں کے رویہ پر سزا کا کیا اثر ہوا اُن کی جرات ارتکاب جرائم کی باقی نہیں رہی یا اس میں انحطاط ہوا یا علی حالہ بحال ہے یا سزا کے تجربہ سے اُن کی جرات بڑھ گئی اور بہ صورت مکرر سکرر انھیں جرائم کے ارتکاب کی جنہیں وہ ایک یا دو دفعہ یا اس سے زیادہ سزایاب ہو چکے ہیں۔ جب انھیں جرم ترکیبہ کے الزام میں چالان کر

۱۳ درخواست حصول سند قایم مقامی حسب قانون نمبر (۴) ۱۳۱۳ف

۱۴ کار روائی کمیش

۱۵ درخواست ڈگریدار بنسبت اقبال وصولیابی رقم ڈگری از مدیون بلا ذریعہ عدالت

۱۶ دیگر اقسام

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (نمبر ۳۸ مورخہ ۲۹ اردی بہشت ۱۳۲۵ف مطابق ۲۰ فروری ۱۹۱۶ء)

مضمون (۲۳) ہدایت متعلقہ بروقت قلم بندی شہادت گواہ و ترسیل تحریحات شہادت	عدالت العالیہ کو بہ معائنہ اسلہ دریافت ہوا ہے کہ اکثر حکام ماتحت شہود مطلوبہ کی شہادت بروقت قلم بند نہیں کرتے ہیں

جس سے نہ صرف گواہ سالہائے سال تک حاضری عدالت کی زحمت میں مبتلا رہتے ہیں اور آئندہ اسی قسم کی زحمت سے ادائی شہادت سے گریز اختیار کرتے ہیں جس سے مقدمات خراب ہوتے ہیں اور ناقابل برداشت مصارف اہل مقدمات کو برداشت کرنے پڑتے ہیں اور مقدمات کے دوران پر بھی اس کا اثر پڑتا ہے جو طریقہ عمل عدالت ہائے ماتحت سخت قابل اعتراض اور اغراض معدلت کے منافی ہے اس لئے کہ کسی واقعہ کی صحیح یادداشت اور اس کا بہ صحت علم اس واقعہ کے قریب زمانہ میں جس قدر تفصیل کے ساتھ ہوتا ہے امتداد زمانہ کے بعد ان واقعات کا علم بہ صحت اور بالتفصیل باقی نہیں رہ سکتا ہے بلکہ زایل ہو جاتا ہے پس ان وجوہ سے گواہوں کی شہادت کا بروقت قلم بند ہونا ضروری ہے بیشتر افراد شہود کاشتکار پیشہ ہوتے ہیں اور اکثر مختلف پیشہ کے ہوتے ہیں پس ایسے گواہوں کے اظہارات بروقت قلم بند نہ ہونے سے ان کی کاشتکاری اور داد و ستد پر مضر اثر پڑتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ جب مسعد پیشیوں پر وہ حاضر عدالت ہوتے ہیں اور معمولی معمولی وجوہ کی بنا پر تاریخ پیشیاں تبدیل ہو جاتے ہیں اور ان کے اظہارات قلم بند نہیں کئے جاتے ہیں تو پھر بوجہ اپنے نقصان کے وہ حاضری عدالت سے پہلو تہی کرتے ہیں اور اس کا نتیجہ اجرائی وارنٹ ہوتا ہے جو ان کے مزید تر نقصان کا باعث ہے اور ان حالات میں فریقین مصنوعی اور جھوٹی گواہوں کے لانے کی کوشش کرتے ہیں اور یہ سب نتیجہ اس کا ہے کہ عدالتیں گواہوں کے اظہارات بروقت قلم بند نہیں کرتے ہیں پس عدالتوں کا یہ طریقہ عمل اصلاح طلب ہے لہذا ہدایت کی جاتی ہے کہ

شناخت کر سکتے ہیں وہ تائید امر مذکور میں پیش ہو سکتی ہیں ۔ یہ کہ شناخت مصدقہ افسر
انتھروپامیٹری تائید میں پیش ہو سکتا ہے بہرحال جس قدر شہادت ملزم کی سزایابی ہونے سے
متعلق ہوگی مکمل طور پر پولیس پیش کریگا اور عدالت کو اُس کی سزایابی ہائے سابقہ کی نسبت
مطمئن کریگا ۔ اگر اس میں پولیس کوتاہی کرے تو ایسے عہدہ دار پولیس کی غفلت سے ناظم صاحب
کوتوالی ضلع اور صدر ناظم صاحب کوتوالی اضلاع کو اطلاع دی جاسکتی ہے تاکہ عہدہ دار مذکور کا
تدارک ہو سکے بہرحال خواہ ملزم سزایابی سابقہ سے اقبال کریں یا پولیس شہادت سے اُن کی
سزایابی سابقہ ثابت کرے ۔ دونوں صورتوں میں عدالت کو فرد جرم میں جو وہ جرم منسوبہ سے متعلق
مرتب کرے اُن کی سزایابی ہائے سابق بھی الزام کے ساتھ درج کرنی چاہئے ۔

(۲) یہ اگر عدالت کسی ایسے ملزم کے جواب [illegible] اور جرح کر کے اور شہادت صفائی لینے کے بعد
اُسے کسی جرم کا مجرم قرار دے مع اس امر کے کہ سابق میں بھی اس نے اسی جرم کا ایک دفعہ یا ایک دفعہ
سے زیادہ ارتکاب کیا ہے تب لازم ہے کہ عدالت حسب منشاء دفعہ (۷۴) تعزیرات آصفیہ اس کی
نسبت احتیاط کے ساتھ سزا تجویز کرے ۔

(۳) یہ کہ عدالت محور کو بلحاظ جرم کی نوعیت اور اُس کی سزائے مصرحہ تعزیرات اور دفعہ [illegible]
تعزیرات آصفیہ کے منشاء کے حسب دفعہ (۲۷۹) ضابطہ فوجداری اپنے اختیار پر غور کر لینا چاہئے
کہ جس سزا کا ملزم مستوجب ہے وہ اُس کے اختیار سے خارج تو نہیں ہے اگر وہ خارج الاختیار ہو
تو اُسے حسب دفعہ (۲۸۰) ضابطہ فوجداری مقدمہ مع ملزم یا ملزمین کے اُس ناظم ضلع یا ناظم
حصہ ضلع کے پاس بھیج دینا چاہئے جس کا وہ ماتحت ہو عدم اختیار کی بنیاد پر خلاف دفعہ ۷۴
تعزیرات آصفیہ ہرگز اُسے حکم سزا صادر نہیں کرنا چاہئے ۔
اور عدالت منتقل الیہ کو بھی حسب جزو (۲) دفعہ مذکورہ عمل کرنا چاہئے عدالت منتقل الیہ
اگر ضرورت خیال کریگی تو وہ بصورت جرم قابل سماعت عدالت سشن ہونے کے مقدمہ عدالت
سشن میں تفویض کر سکے گی ۔

(۴) حکام عدالت سے امید ہے کہ آئندہ ایسے مقدمات میں کما حقہ احتیاط اور پوری
پابندی قانون کے ساتھ کارروائی اور تجویز انہیں عمل میں آئیگی اور اس کا موقعہ نہیں آئے گا
کہ آئندہ اس قسم کا کوئی مقدمہ ایسا عدالت العالیہ [illegible]

ثبوت کی نسبت بیان کرے کہ اس سے قبل اسی جرم میں وہ کئی دفعہ سزایاب ہو چکے ہیں اور بصورت اُن کی انکار سزایابی سابقہ کی اُن کی سزایابی سابقہ ثابت کرے تاکہ عدالت حسب دفعہ (۲۷۴) تعزیرات آصفیہ اُن کی نسبت سخت تر سزا تجویز کرے جو اُن کی جرات ارتکاب جرایم پر موثر ہو اور جن اشخاص کو ایسے مجرموں کی مجرمانہ افعال سے ضرر پہونچ سکتا تھا انھیں امن نصیب ہو عدالتہائے ماتحت کی امثلہ کے ملاحظہ سے عدالت العالیہ کو دریافت ہوا ہے کہ گو پولس نے اُن ملزموں کی نسبت جنھوں نے ایک دفعہ سے زیادہ بعض جرایم کا ارتکاب کیا تھا بوقت چالان بجرم مرتکبہ اُن کی سزایابی سابقہ سے عدالتوں کو مطلع کیا اور باوجود اُن کی سزایابی سابقہ کے علم کے عدالتہائے نہ حسب دفعہ (۲۷۹) و ۲۸۰ ضابطہ فوجداری عمل کیا نہ حسب دفعہ (۲۷۴) تعزیرات آصفیہ۔ اور بعض مقدمات میں دفعہ (۲۷۴) تعزیرات آصفیہ پر کچھ توجہ کی تو حسب دفعہ (۲۶۵) ضابطہ فوجداری عمل نہیں کیا۔ بہرحال عدالتوں کے طرز عمل سے معلوم ہوتا ہے کہ دفعہ (۲۷۴) تعزیرات آصفیہ جس قدر بغرض انسداد جرایم اہم ہے اُس قدر اہمیت حکام عدالت کے ذہن نشین نہیں ہوئی ہے حالانکہ قانون بے ضرورت وضع نہیں ہوتا ہے بلکہ اُن کا ہر حکم خاص ضرورتوں پر مبنی ہوتا ہے اور حکام عدالت کو لازم ہے کہ وہ نہایت پابندی اور احتیاط کے ساتھ احکام قانون کا منشا پورا کریں۔ درحقیقت انسداد جرایم اہم شعبہ انتظام ملک ہے جس پر امن عامہ موقوف ہے پس ضرور ہے کہ اُس سے متعلق نشتریوں کی کارروائی ایسی ہو جس سے منشاء قانون پورا ہوسکے اور جن اغراض پر قانون بنا ہے وہ حاصل ہوسکیں لہذا عدالتوں کی توجہ دفعہ (۲۷۴) تعزیرات آصفیہ اور دفعات (۲۷۹ و ۲۸۰) اور ۲۶۵ ضابطہ فوجداری کی صحت تعمیل کی طرف مایل کیجاتی ہے اور حسب ذیل ہدایت کیجاتی ہے

(۱) یہ کہ جب کسی عدالت میں پولس سے کوئی ایسا ملزم یا ملزمین کسی جرم میں پیش کیا جائے جو چالان سے قبل اسی جرم میں ایک دفعہ یا ایک دفعہ سے زیادہ سزایاب ہو چکا ہے تو عدالت کو ایسے ملزم یا ملزمین سے جواب استفساری میں سابق کی سزایابی پہلے دریافت کرکے اُن کا جواب بالالتزام لکھنا چاہیے کہ انھوں نے قبل از چالان اسی جرم میں ایک دفعہ یا ایک دفعہ سے زیادہ سزایابی ہے یا نہیں۔ اگر وہ سزایابی سابقہ سے انکار کریں تو عدالت کو انکی سزایابی سابقہ کا بھی ثبوت لینا چاہیے جن وارنٹوں کے ذریعہ سے انھوں نے سزا بھگتی ہے وہ وارنٹ اُن کی سزایابی سابقہ کی تائید میں پیش ہوسکتی ہیں جس جیل میں سزا بھگتی ہے اُس جیل کے ملازمین انھیں

مضمون (۲۳۴) اقبال ملزمین بلالحاظ تعطیل قلم بند کیا جایا کرے۔ اگرچہ گشتی مجلس نشان فوجداری (۱) مورخہ ۶ امرداد ۱۲۹۵ف کے ذریعہ سے یہ حکم دیا گیا ہے کہ معاملات ضروری کام مثلاً تحقیقات وجہ مرگ قلمبندی بیان اشخاص مجروح و مسموم قریب المرگ بلالحاظ تعطیل انجام دیا جائے لیکن قلم بندی اقبال ملزمین کے متعلق اس میں کوئی صراحت نہ تھی لہذا بمنظوری سرکار عالی مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان ۲۰۹۴ مورخہ ۴ امرداد ۱۳۲۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ ملزمین کا اقبال بلالحاظ تعطیل قلم بند کیا جایا کرے پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت و محکمہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۲ / دیوانی ۲۴ مورخہ ۶ اسفندار ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۳۵) درخواست ہائے نقول کا اندراج رجسٹر نمبر (۵۴) میں ہوا کرے اور بعد تیاری نقول کامل مہور کا رجسٹر نمبر (۳۴) کے خانہ (۷) میں اندراج ہوا کرے۔ حسب تنقیح عدالت ہائے ما تحت مجلس عالیہ عدالت کو دریافت ہوا ہے کہ درخواست حصول نقل کے ساتھ جو مہور داخل ہوتا ہے اس کا اندراج رجسٹر نمبر (۳۴) میں کر لیا جاتا ہے لیکن جو مہور بروقت تیاری نقل داخل ہو اس کا اندراج رجسٹر متعلقہ میں نہیں کیا جاتا ہے جس سے آمدنی عدالت میں کثیر نقصان ہوا کرتا ہے لہذا اجلاس انتظامی مجلس عالیہ عدالت سے حکم دیا جاتا ہے کہ درخواست ہائے نقول پیش ہوتے ہی ان کا اندراج رجسٹر نمبر (۵۴) میں ہوا کرے اور بعد تیاری نقل کامل مہور کا اندراج رجسٹر نمبر (۳۴) کے خانہ (۷) میں بالالتزام ہوا کرے۔ حکام عدالت بطور خاص اس کی نگرانی رکھیں پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت و محکمہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۳ مورخہ ۱۶ اسفندار ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۳۶) مقدمات عمل بھانامتی۔ کوتوالی اضلاع سرکار عالی سے تحریک ہوئی تھی کہ ضلع بیدر میں بھانامتی کا بہت زور ہے اور چونکہ یہ فعل تعزیرات سرکار عالی کے کسی دفعہ کی تحت میں نہیں آتا اس لئے بطور خاص اس عمل کے کرنے والوں کو انتظاماً قید کرنے کا حکم صادر ہو یا سایہ مسئلہ عدالت العالیہ کی رائے کے ساتھ پیشگاہ خسروی میں گزرانا گیا جس پر یہ ارشاد ہوا ہے کہ گشتی صدر المہام عدالت نشان (۱۴) مورخہ ۵ ربیع الاول ۱۳۱۹ہجری موسومہ نظماء عدالت ہائے فوجداری و صلائے کوتوالی منسوخ نہیں ہوئی ہے اس کے مطابق عمل کیا جائے لہذا جملہ نظمائے فوجداری کو ہدایت کیجاتی ہے کہ دفعہ ۱ عمل

کارروائی ان ہدایات کے خلاف اور عدالت کی تجویز قابل اعتراض ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۰ / دیوانی ۲۲ مورخہ ۱۹ شہریور ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۴۲) تختہ جات رسل و رسایل فیما بین سرکاریں و تنقیح نشان سلسلہ و تعداد تمسکات تعمیل طلب و تعمیل شدہ تبلائی جایا کرے۔

دیکھا جاتا ہے کہ تختہ جات رسل و رسایل فیمابین کارکنان جو عدالت ہائے ماتحت سے محکمہ معتمدی عدالت میں ارسال ہوا کرتے ہیں اُس پر صحیح نشان سلسلہ درج نہیں ہوا کرتا ہے اور نہ خاتمہ تختہ پر مراسلات سمن نوٹس، اور تحقیق تعمیل شدنی و بلا تعمیل واپس شدہ و زیر تعمیل کی تعداد کی صراحت کیجاتی ہے جس سے صدر تختہ کی ترتیب میں دشواری لاحق ہوتی ہے۔ لہذا حسب مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۱۸۲۰) مورخہ ۸ تیر ۱۳۲۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے اختتام تختہ جات پر تعمیل شدہ اور بلا تعمیل واپس شدہ اور زیر تعمیل کی تعداد نہایت صحت کے ساتھ تبلائی جایا کرے اور نشان سلسلہ بھی صحت کے ساتھ ڈالا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۱ / دیوانی ۲۳ مورخہ ۱۹ شہریور ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۴۳) رجسٹر نمبر (۳۱) کھاتہ کردی میں ہر مقدمہ کی رقم مجتمعہ کے بعد خرچ کے لئے چند سطور چھوڑ دئے جائیں اور بوقت خرچ متروک شدہ سطور میں عمل درج ہوا کرے۔

حسب تحقیق عدالت ہائے ماتحت مجلس عالیہ عدالت کو دریافت ہوا ہے کہ گو رجسٹر نمبر (۳۱) کھاتہ کردی میں مدواری کھاتہ قائم کیا گیا ہے مگر بعض جگہ اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے بلکہ یہ ہوتا ہے کہ کسی مقدمہ کی رقم جمع کرکے اس کے خرچ کے لئے گنجایش نہیں رکھی جاتی بلکہ مسلسل اندراجات کئے جاتے ہیں جن سے پتہ نہیں چل سکتا کہ کس مد سے متعلق کس مقدمہ میں کس قدر رقم جمع ہوئی ہے اور کیا باقی ہے تاکہ اُن کے تصفیہ میں آسانی ہو لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ ہر مقدمہ کی بابت جمع کے بعد چند سطور خرچ کے لئے چھوڑ دی جائیں اور جب خرچ کی نوبت آئے تو متروک شدہ سطور میں عمل درج کیا جایا کرے پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۲ / دیوانی ۲۴ مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۲۵ف

اکم اور سات سال سے زیادہ نہ ہو لیں حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۷ / دیوانی ۲۵ مورخہ ۱۱ مہر ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۳۹) گواہان حاضر آوردہ فریقین کے متعلق تختہ حاضری گواہان ماہانہ میں ایک خانہ کا اضافہ اور اس تختہ کا ہر سلسلہ ادخال

بسلسلہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان فوجداری (۳۸) دیوانی ۳۰ مورخہ ۲۹ اردی بہشت روانگی ۱۳۲۵ف لکھا جاتا ہے کہ تختہ مطلوبہ میں خانہ (۴) "تعداد گواہان حاضر شدہ" کے بعد ایک خانہ "تعداد گواہان حاضر آوردہ فریقین" کا اضافہ کر کے تختہ جات مرتب کیے جایا کریں خانہ (۴) میں وہ گواہ بتائے جائیں گے جو منجملہ گواہان مطلوبہ عدالت حاضر ہوئے۔

اس تختہ پر تختہ جات کارگزاری ماہانہ میں سلسلہ نمبر ۱۱ قائم کیا جائے یہ تختہ عدالت ہائے بلدہ و اسپیشل مجسٹریٹ سرکاری و اضلاع سے مجلس عالیہ عدالت میں ہر ماہ کی ۱۵ تاریخ کو وصول ہونا چاہئے اور عدالت ہائے تحصیلات و ڈویژن سے صدر عدالت متعلقہ میں تاریخ مذکور تک وصول ہونا چاہئے پس حسبہ عمل ہو اور بقیہ ہدایات مندرجہ گشتی مذکور کے مطابق عمل کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۸ / دیوانی ۲۶ مورخہ ۲۱ مہر ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۴۰) رجسٹر نمبر ۳۲ ملازمین درجہ ادنی میں تاریخ ابتدائے ملازمت کے خانہ کا اضافہ اور خانہ (۴) میں عمر بقید

صدر عدالت صوبہ میدک نے تحریک کی کہ بر رُوئے گشتی فینانس نمبر (۱۹) بابتہ ۱۳۲۲ف ملازمین درجہ ادنی (۵۰) سالہ ملازمت اور (۶۰) سالہ عمر کے بعد وظیفہ پر علیحدہ کیے جاتے ہیں لیکن رجسٹر نمبر ۳۲ ملازمین درجہ ادنی میں کوئی ایسا خانہ نہیں ہے جس سے ملازم کی تاریخ ولادت و ابتداء ملازمت معلوم ہو سکے۔ بنابراں بہ ترمیم گشتی مجلس عہ۹ مورخہ ۲۷ اسفندار ۱۳۱۹ف حکم دیا جاتا ہے کہ رجسٹر نمبر ۳۲ کے خانہ (۴) میں الفاظ "عمر بقید تاریخ ولادت" قائم کیے جائیں اور خانہ (۷) کے بعد ایک خانہ "تاریخ ابتدائے ملازمت" کا بڑھا دیا جائے پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۹ آذر ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۴۱) جن مقدمات میں عدالتہائے اضلاع و سشن بموجب دفعات ۳۶۱ و ۴۲۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری خود حکم دے سکتے ہیں انکو بہ صیغہ نگرانی مجلس عالیہ عدالت روانہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے

دیکھا گیا ہے کہ بر رُوئے

وقت تک عمل ہمارا متی کے مقدمات کی سماعت نہیں کرسکتے جب تک اس سے کوئی ایسا جرم نہ بنتا ہو جو بصراحت سرکار عالی کے کسی دفعہ کی تحت میں آسکے اور نہ اہالیان کوتوالی ان مقدمات مہمل میں بغیر حکم عدالت مداخلت کرسکتے ہیں پس حسبہٗ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۵ مورخہ ۳۰ شہریور ۱۳۲۵ف

مضمون (۷۔۲۲) مقدمات جائداد لاوارث موقوعہ پائگاہ یا جاگیر بدانتہا اضلاع

دفعات (۴ و ۵) قانون جائداد لاوارث نشان (۴) ۱۳۲۴ف میں محکوم ہے کہ جائداد ہائے لاوارث موقوعہ علاقہ پائگاہ یا جاگیر مقتدر کی تحقیقات اقتداری ناظم ضلع ہے جس کا منشا یہ ہے کہ ناظمان اضلاع سرکار عالی مجاز سماعت متصور ہونگے پس حسب الحکم سرکار عالی مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۲۲۳۱) مورخہ ۲۸ امرداد ۱۳۲۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ مقدمات جائداد لاوارث متعلقہ پائگاہ و جاگیرات مقتدر عدالت ہائے پائگاہ یا جاگیر میں سماعت نہیں ہوسکتے بلکہ ایسے مقدمات اس ناظم ضلع سرکار عالی کی اجلاس پر دائر و فیصل ہونگے جس کے حدود اراضی میں وہ مقام واقع ہو جہاں جائداد ہو اور کوتوالی پائگاہ جاگیر کو حسب دفعہ (۵) ضمن (۲) عمل کرنا لازم ہے۔ اور جو جاگیردار مستحق بازیافت جائداد ہو اُن کو بہ لحاظ دفعہ (۴) ضمن (ب) قانون مذکور عدالت سرکار عالی میں رجوع ہوکر کارروائی کرنا چاہیئے پس حسبہٗ عمل ہو

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۶ مورخہ ۴ مہر ۱۳۲۵ف

مضمون (۸۔۱۱) نوعمر مجرم ایسی مدت کے لئے روانہ تادیب خانہ کیا جاسکتا ہے جو تین سال سے کم اور سات سال سے زیادہ نہ ہو

گشتی مجلس نشان فوجداری (۵) مورخہ ۲۶ آذر ۱۳۲۵ف کے ذریعہ یہ حکم دیا گیا تھا کہ جب کبھی نوعمر مجرم کو سزائے قید دی گئی ہو اور عدالت مجوزہ کی رائے میں وہ تادیب خانہ بھیجے جانے کے قابل ہو تو سزائے مجوزہ بھگتنے کی بجائے ایسا مجرم تادیب خانہ میں ایسی مدت کے لئے بھیجا جائے جس کی میعاد تین (۳) سال سے کم اور سات سال سے زاید نہ ہو لیکن دیکھا گیا ہے کہ عدالتوں سے ایسے نوعمر مجرمین کو تین (۳) سال سے کم مدت کے لئے تادیب خانہ بھیجا جارہا ہے جو منشاء دفعہ (۶) ضمن (۱) قانون تادیب خانہ جات نشان (۸) بابتہ ۱۳۲۲ف کے خلاف ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جب کبھی عدالت کی رائے میں کسی نوعمر مجرم کو تادیب خانہ میں روانہ کرنا مناسب معلوم ہو تو وہ ایسی مدت کے لئے وہاں روانہ کیا جائے جس کی میعاد تین (۳) سال

پیشگی رقم سے ادا کرکے اس کا تکملہ اگر مال مستحق کو واپس ہو تو مستحق سے اور حق سرکار قرار پائے تو زر نیلام سے کیا جایا کرے۔ پس حسب شبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ / دیوانی ۵ مورخہ ۱۰ امرداد ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۴۴۲) توضیح گشتی مجلس ۳۸ مورخہ ۲۱ مہر ۱۳۲۲ف | ذریعہ گشتی مجلس فوجداری و دیوانی (۸) مورخہ ۱۲ مہر ۱۳۲۲ف تشریح احکام سابقہ یہ حکم دیا گیا تھا کہ جب کسی کارروائی میں کسی عدالت کو کسی علاقہ پائیگاہ یا دیگر امرائے عظام سے مراسلت کی ضرورت ہو تو صرف علاقہ مذکور کے ذریعہ سے کیا کرے۔ بربنائے تحریک صدر المہام صاحب پائیگاہ فرمان مبارک نشان مرقومہ ۱۵ امرداد ۱۳۲۶ف مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار عالی ۳۸۴۸ مورخہ ۳ آبان ۱۳۲۶ف میں وضاحت کی گئی ہے کہ فرمان سابقہ کے لحاظ سے ان امرا کا استثنا اٹھا دیا گیا ہے جو سرکاری مراسلت میں براہ راست مخاطب کئے جانے سے سابق میں مستثنیٰ تھے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ جن امرا کے ہاں باقاعدہ عدالتی و مالی محکمہ جات ہیں اور ان امرا کے بجائے ان کے عہدہ داروں سے مراسلت کرنے میں تسہیل کار ہو تب بھی عہدہ داران مذکور کو راست نہ لکھ کر خود امرا کو لکھا جائے جس سے بجائے تعجیل و سہولت کے پھر اسی تاخیر کا اندیشہ ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ علاقہ جات پائیگاہ و جاگیرات کلاں کے عہدہ داروں کے نام سے بحیثیت عہدہ جاگیر اس صورت میں مراسلت کرنے میں کوئی امر مانع نہیں ہے جبکہ ان سے بحیثیت عہدہ دار جاگیر مراسلت کی ضرورت ہو پس حسب شبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ / دیوانی ۶ مورخہ ۲۸ دے ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۴۵۵) نظما کو صاف خط میں بیانات وغیرہ تحریر کیا جائے | عدالت العالیہ سے متعدد گشتیات اس بارے میں جاری ہوچکے ہیں کہ نظمائے عدالت ہمیشہ اظہارات بیانات و تجاویز صاف خط میں تحریر کیا کریں۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس حکم کی کما حقہ تعمیل نہیں کی جاتی ہے اس لئے اس گشتی کے ذریعہ سے جملہ نظمائے عدالت کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ اگر کسی ناظم عدالت کی زشت خطی کے باعث کسی بیان اظہار یا تجویز کے غلط پڑھے جانے یا بالکل نہ پڑھے جانے کی وجہ سے عدالت بالا سے کوئی غلط تجویز صادر ہو جائے تو اس کی کامل ذمہ داری اسی ناظم پر عاید کی جائیگی جن نظما کا خط صاف نہ ہو ان کو چاہئے کہ

دفعات ۳۶۱ و ۳۶۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی مقدمات عدالت ہائے ضلع رئیس سے مجلس عالیہ میں بغرض نگرانی تفویض ہوسکے ہیں اس سے صرف کارروائی میں طوالت ہوتی ہے بلکہ بسا اوقات حکم کی تعمیل بھی بہ آسانی نہیں ہوسکتی اور بغیر فائدہ ہی بار میں ان کے خلاف بھی کوئی تجویز صادر نہیں کیجاتی لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ عدالت ہائے ضلع کو حسب دفعات ۳۶۱ و ۳۶۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کو حکم دے سکتے ہیں ان کو بہ نیت نگرانی مجلس عالیہ عدالت روانہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے بہ تعمیل ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲ دیوانی ۲ مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۰۱ف

بذریعہ ہدایت مجلس عالیہ عدالت مورخہ ۱۸ امرداد ۱۳۰۱ف	مضمون (۲۴۲) انتظامی امور بدر بعہ افسر معمولی پیش ہوا کریں

یہ حکم دیا گیا تھا کہ انتظامی امور منصفین بواسطہ صدر منصف ضلع صدر عدالت ہائے متعلقہ سے خط و کتابت کیا کریں معمولی مراسلت مثلاً واپسی اطلاعنامہ جات بعد تعمیل براہ راست صدر عدالت سے کرنا چاہئے لیکن نقشہ جات ماہانہ وسہ ماہی وسالانہ بواسطہ صدر منصف روانہ ہونا چاہئے اور تقرر و تبدیل اہلکاران منصفی کے احکام بذریعہ صدر منصف جاری کئے جائیں تاکہ وہ اپنے ضلع کے حالات سے واقف رہیں صدر عدالت ہائے اسانت انتظامی امور میں بہ صوابدید خود یا جداگانہ صدر منصفین احکام جاری کیا کریں اور صدر منصفین کو ماتحت منصفین پر نگرانی کا پورا موقع دیں چونکہ اس کے خلاف عمل ہو رہا ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ حسب ہدایت مندرجۂ بالا عمل ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۳ مورخہ ۲۵ آذر ۱۳۲۵ف

صدر عدالت گلبرگہ نے بحوالہ گشتی مجلس ۱۲ فوجداری مورخہ ۲۹ اسفندار ۱۳۲۵ف تحریر کی کہ جس طرح اموال مشتبہ ولاوارث میں ایصال	مضمون (۲۴۳) جہاں صراف نہوں وہاں مال مقدمات کا تعین زرگروں سے کرایا جائے اور اجرت یکمشت ادا کی جائے اس کا تکملہ مال لائق واپسی ہو تو مستحق سے اور حق سرکار ہو تو ریلام سے کیا جائے

حق المحنت زرگروں کا تصفیہ فرمایا گیا ہے۔ اموال مقدمات میں بھی اسی طرح تصفیہ ہونا مناسب ہے لہذا الحصول منظوری دفتر تیناس مندرجۂ مراسلہ ۳۹ مورخہ ۲۵ آبان ۱۳۲۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ جن عدالتوں میں صرافوں کا تقرر نہیں ہے وہاں مال مقدمات داخل ہو تو اجرت تعین قیمت

سرکار عالی مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ اکثر عدالتوں سے تجویز سزائے قید میں تو ادایام کی صراحت نہیں ہوتی بلکہ مجملاً ہفتہ دو ہفتہ یا تین ہفتہ الفاظ تحریر کئے جاتے ہیں جس سے تعمیل سزا میں غلط فہمی ہوتی ہے اور یہ نہیں معلوم ہوتا ہے کہ کتنے روز قیدی جیل میں رکھا جائے۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ ہمیشہ ایام قید کی صراحت کیجائے پس حسبہٖ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ / دیوانی ۱۰ مورخہ ۲۷ فروردی ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۴۸) ترمیم گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان ۳۸ فوجداری / ۲ دیوانی واقع ۲۹ اردی بہشت ۱۳۲۵ف	بسلسلہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان

(۳۸) فوجداری (۲۰) دیوانی مورخہ ۲۹ اردی بہشت ۱۳۲۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ تختہ جات قلم بندی شہادت عدالت ہائے دوم وسوم تعلقداران وتحصیلداروں سے بھی صدر عدالت میں ماہانہ بھیجے جایا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ / دیوانی ۱۱ مورخہ ۱۵ اردی بہشت ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۴۹) مستقر پر کسی مجسٹریٹ کے موجود نہ ہونے کی صورت میں منصف کسی قسم کے تعطیلات سے استفادہ نہ کریں۔	دیکھا جاتا ہے کہ منصفین غالباً اس خیال سے کہ وہ در اصل عہدہ دار عدالت دیوانی ہیں تعطیلات

موسم گرما وتعطیلات معمولی وغیر معمولی سے ایسی حالت میں بھی استفادہ کرتے ہیں جبکہ مستقر پر کوئی مجسٹریٹ موجود نہ ہو حالانکہ یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ بروئے احکام سرکار ان کو بحیثیت عہدہ اختیارات فوجداری عطا ہوئے ہیں اس لئے ہدایت کیجاتی ہے کہ مستقر پر کسی مجسٹریٹ کے موجود نہ ہونے کی صورت میں منصفین کسی قسم کی تعطیل سے استفادہ نہ کریں اور صدر عدالت ہائے اسمات بھی ان کو مستقر چھوڑنے کی اجازت دیتے وقت اس امر کا اطمینان کر لیا کریں کہ ان کے استفادہ تعطیلات کے گذاشت مستقر کی حالت میں مستقر پر کوئی مجسٹریٹ جو درجہ دوم سے کم نہ ہو موجود رہے گا پس حسبہٖ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) مورخہ ۱۵ اردی بہشت ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۵۰) مال منتقل شدہ عدالت کے اخراجات باربرداری عدالت سے ادا ہونگے یا پولیس سے	یہ امر تصفیہ طلب تھا کہ مقدمات فوجداری میں جو مال ایک عدالت سے دوسری عدالت میں منتقل ہوتا ہے اس کے

اخراجات باربرداری عدالت سے ادا ہوں گے یا پولیس سے - بہ بنائے تحریک عدالت العالیہ سرکار

حسب ہدایت مندرجہ گشتی عدالت العالیہ نشان (۲۸) فوجداری (۱۲) دیوانی مورخہ ۲۵ فروردی ۱۳۲۵ف
اپنی تحریرات کے نقول صاف خامیں کر کے بعد تصدیق شریک مثل کیا کریں۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ / دیوانی ۷ مورخہ ۲۶ اسفندار ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۶۴۲) جملہ عہدہ داران عدالت کو اپنے بلدہ آنے کی اطلاع عدالت العالیہ میں دینی لازم ہے

چونکہ اکثر حکام سررشتہ عدالت بزمانہ تعطیلات ورخصت بلدہ آتے ہیں جس کی اطلاع عدالت العالیہ کو بروقت نہیں ہوتی اور نیز معلوم ہوتا ہے کہ وقت واحد میں کتنے عہدہ داران اضلاع بلدہ میں موجود ہیں اور ان کے مفوضہ کام کا کیا انتظام ہوا ہے اس لئے یہ امر قرین انتظام پایا جاتا ہے کہ مجلس میں ایک ایسا رجسٹر رکھا جائے۔ جس سے معلوم ہو سکے کہ کون کون عہدہ دار یہاں آئے ہوئے ہیں کہاں مقیم ہیں ان کے مفوضہ کام کا کیا انتظام ہوا ہے اور وہ کب تک اپنے مستقر کو واپس ہوں گے۔ پس اس رجسٹر کی تکمیل کے لئے لازم ہے کہ سررشتہ عدالت کا ہر عہدہ دار اپنے بلدہ آنے کی اطلاع بذریعہ ٹپہ بخرچ سرکار یا اور طور پر بمونہ منسلکہ یہ یہاں پہنچنے کے دوسرے روز تک اور اپنی واپسی کے ایک روز قبل عدالت العالیہ میں دیا کرے پس حسبہ عمل ہو۔

نوٹ۔ یہ گشتی عہدہ داران مشترک مال و عدالت سے بھی متعلق ہے۔

تختہ حاضری بلدہ

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
نمبر شمار	[illegible]	مقام تعینات	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۷ / دیوانی ۸ مورخہ ۲۶ فروردی ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۶۴۳) صراحت ایام ہفتہ دہفتہ وغیرہ برنبائے تحریک صدر ناظم صاحب مجالس بلدہ و اضلاع

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری نمبر ۱۳ مورخہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۲۶ ف

مضمون (۲۵۲) جس دفعہ کے کئی اجزا اور ہر جزو ایک علیحدہ جرم ہو تو فرد قرارداد جرم میں صراحت کیجایا کرے کہ ملزم دفعہ مذکور کے کونسے جرم کا مرتکب ہے

ہدایت کیجاتی ہے کہ جب ملزم پر کسی ایسے دفعہ کی تحت میں فرد قرارداد جرم لگائیں جس کے کئی اجزا ہوں اور ہر جزو ایک علیحدہ جرم پر مشتمل ہو تو فرد مذکور میں اس امر کی صراحت بالضرور کیجایا کرے کہ دفعہ مذکور کے کونسے جرم کا ملزم نے ارتکاب کیا ہے تاکہ ملزم کو غلط فہمی نہ ہو اور وہ بخوبی سمجھ لے کہ فلاں جرم اس پر عاید کیا گیا ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری نمبر ۱۴ مورخہ ۱۵ اردی بہشت ۱۳۲۶ ف

مضمون (۲۵۳) ملزمین کا اظہار جو کچھ وہ بلا اثر خارجی کے بیان کریں قلمبند کیا جائے اور بیرون عدالت سے جرحی سوالات نہ ہوا کریں۔

ایک مقدمہ میں مجسٹریٹ نے ملزم کا اقبال اس طرح سے قلم بند کیا کہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ملزم سے تفصیلی جرح کرکے اس امر کی کوشش کی گئی ہے کہ اس سے اقبال جرم کرایا جائے اس طرح پر ملزم کا اقبال قلمبند کرنا سخت نامناسب اور خطرناک ہے۔

لہذا جملہ عدالت ہائے فوجداری کو ہدایت کیجاتی ہے کہ بروقت قلمبندی اظہار زیادہ احتیاط سے کام لیں اور ملزمین پر جرحی سوالات کرنے سے احتراز کریں اور اقبال لکھنے میں ہمیشہ یہ ملحوظ رکھیں کہ ملزم جو کچھ اپنی مرضی سے بلاکسی طرح کے اثر خارجی کے کہنا چاہتا ہے کہے نہ یہ کہ وہ جو کچھ کہنا نہیں چاہتا ہے وہ اس سے کہلایا جائے اور ضابطہ کا پورا لحاظ رکھ کر اس کے مطابق اقبال قلم بند کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۶ / دیوانی ۱۳ مورخہ ۱۴ خورداد ۱۳۲۶ ف

مضمون (۲۵۴) رجسٹر فروخت اسلحہ ولایتی کا نمبر (۴۹) قرار دیا جانا

بذریعہ مراسلہ ہدایتی مجلس نشان ۴۳/۵۹ مورخہ ۱۰ بہمن ۱۳۲۱ف یہ حکم دیا گیا تھا کہ جب کبھی عدالتی نیلام میں کوئی ولایتی ہتیار فروخت ہو تو اس کی اطلاع راست محکمہ سرکار میں دی جایا کرے اور ہر ایسے فروخت کا اندراج رجسٹر نمونہ فلاں میں ہوا کرے لیکن اس رجسٹر کا کوئی نمبر مقرر نہیں تھا۔ بنابراں حکم دیا جاتا ہے کہ رجسٹر فروخت اسلحہ ولایتی کا نمبر ۴۹ قرار دیا جاکر اس پر عمل ہو

یہ فیصلہ ہوا ہے کہ عدالت میں مال داخل ہونے کے بعد اس کا تعلق پولیس سے باقی نہیں رہتا اس لئے اس کی بار بیداری کا بار عدالت پر پڑنا مناسب ہے چونکہ مبلغ السکہ سالانہ اس کام کی موازنہ عدالت میں رکھے جانے کی منظوری محکمہ مالیہ سے ہوچکی ہے لہذا یہ رقم عدالت ہائے ماتحت میں حسب ذیل تقسیم کی جاتی ہے۔

(۱) صدر عدالتہائے اسمات	اورنگ آباد (۱۰) گلبرگہ شریف (۱۰) میدک (ﷲ) ورنگل (ﷲ)
(۲) عدالتہائے فوجداری اضلاع	اضلاع اورنگ آباد اضلاع گلبرگہ شریف اضلاع میدک
	فی ﷲ جملہ (۱۰) فی ﷲ جملہ (۱۰) فی (ﷲ) جملہ (۱۰)
	اضلاع ورنگل اورنگل ﷲ کریم نگر ﷲ عادل آباد (۱۰) جملہ (۱۰)
(۳) عدالت ہائے ماتحت	اورنگ آباد ۱۰ گلبرگہ شریف ۱۰ میدک (۱۰) ورنگل (۱۰)

عدالت ہائے اسمات و اضلاع اپنی رقم خود منظور کرے گی اور عدالت ہائے ماتحت کے اخراجات کی منظوری عدالت ہائے فوجداری اضلاع متعلقہ سے ہوگی۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱۲) فوجداری مورخہ ۱۵ اردی بہشت ۱۳۲۶ف

مضمون (۱۵۲) تعین نقشہ ماہانہ مقدمات تحویلی ملزمین | قبل ازیں بذریعہ گشتی نشان (۱۴) بابتہ ۱۳۲۲ف عدالت ہائے فوجداری کو حکم دیا گیا تھا کہ تختہ کارگزاری ماہانہ کے ساتھ مقدمات تحویل ملزمین کا تختہ حسب نمونہ تختہ کارگزاری بطور ضمیمہ مجلس عالیہ عدالت میں بھیجا کریں۔ چونکہ تختہ مذکور سے مقدمات تحویلی کی تفصیلی حالت کا انکشاف نہیں ہوتا ہے۔ اس لئے تختہ مقدمات تحویل ملزمین کا نمونہ حسب ذیل قرار دیا جاتا ہے اور جملہ عدالت ہائے فوجداری کو حکم دیا جاتا ہے کہ پابندی کے ساتھ ہر مہینہ میں حسب عملدرآمد سابقہ اس نمونہ کے مطابق مقدمات تحویلی ملزمین کا تختہ بلا التوا بھیجا جایا کرے۔ اور تختہ کارگزاری بھی بشمول مقدمات تحویلی حسب عملدرآمد سابق مرتب ہو کر روانہ ہوا کرے۔ تختہ جات کی صحت کے متعلق نظار عدالت خاص طور پر نگرانی رکھیں۔

نمبر سلسلہ	نمبر مقدمہ	اسمائے ملزمین	علت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

بابتہ ۱۳۲۲ف اس امر کی صراحت نہ تھی کہ اُمیدوار کے متعلق دفعہ (۱۸) قواعد مذکور کی خلاف ورزی کی صورت میں عدالت العالیہ کو کیا اختیارات حاصل رہیں گے۔ بناءً علیہ یہ مسئلہ سرکار میں پیش کیا گیا اور حسب منظوری سرکار عالی مندرجہ مراسلہ محکمہ معتمدی عدالت وکوتوالی وامور عامہ نشان (۸۶) مورخہ ۲۰ اسفندار ۱۳۲۶ف یہ طے پایا کہ دفعہ (۱۹) قواعد امتحان مذکورہ بالا کے آخر میں حسب ذیل اضافہ کیا جائے:-

اور علاوہ ازیں انتظامی مجلس عالیہ عدالت مجاز ہوگا کہ ایسے امیدوار کو کسی مدت کے لئے جو تین سال سے زیادہ نہ ہو ممنوع الامتحان کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۰ / دیوانی ۱۶ مورخہ ۳۰ خورداد ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۵۸) ممانعت انکشاف رائے مشیر صاحب قانونی	اکثر دیکھا گیا ہے کہ عہدہ داران سرکاری کے استفسار

پر مشیر قانونی صاحب جو تحریری رائے دیتے ہیں فریق مقدمہ کو اس سے واقف ہونے کا موقعہ دیا جاتا ہے اور بعض اوقات اُس کے نقول بھی دیئے جاتے ہیں جو ناجائز ہے اس لئے کہ جس قدر مراسلت سرکار و مشیر قانونی صاحب کے فیمابین ہو وہ کارروائی صیغہ راز متصور ہوگی عام ازیں کہ اُس پر لفظ "راز" لکھا ہو یا نہ ہو لہذا حسب منشائے مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۱۱۲۷) مورخہ ۱۷ خورداد ۱۳۲۶ف حکم دیا جاتا ہے کہ جن مقدمات میں مشیر قانونی صاحب سے رائے لیجائے اُن میں عہدہ داران سرکار بلا اجازت سرکار یا مشیر قانونی صاحب فریق مقدمہ کو اُس کی اطلاع دینے کے مجاز نہیں ہیں پس عمل ہو

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۱ مورخہ ۷ تیر ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۵۹) ہدایات متعلقہ فوجداری نسبت التوا مقدمات فوجداری و انفصال بعجلت ممکنہ	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ عدالتوں میں عموماً انفصالی کارروائی میں بہت تعویق ہوتی ہے

اور حکام کی کم توجہی کی وجہ سے گواہوں کو بار بار عدالت میں حاضر ہونا پڑتا ہے جس سے مقدمات پر بہت بُرا اثر پڑتا ہے اس کے انسداد کے لئے وقتاً فوقتاً مجلس عالیہ عدالت سے احکام و گشتیات جاری کئے جاچکے ہیں لیکن تجربہ سے ثابت ہوا کہ اُن پر پوری طور سے عمل نہیں کیا جاتا اور ابھی اس بارہ میں عدالتوں کی حالت قابل اصلاح ہے حال میں مجلس عالیہ عدالت پر بعض مقدمات

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۷ مورخہ ۱۴ خورداد ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۵۵) نقشہ جات ماہانہ وسہ ماہی وسالانہ میں عہدہ کے ساتھ اختیارات کی صراحت ہوا کرے | نقشہ جات ماہانہ وسہ ماہی و

سالانہ میں عدالت ہائے ڈویژن ومنصفین وتحصیلات کا عمل بہ لحاظ مدارج مجسٹریٹیان درج نہیں کیا جاتا حالانکہ ہر درجہ کے مجسٹریٹ کی کارگزاری کا عمل بھی بصراحت عہدہ واختیارات معلوم ہونا ضروری ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے نقشہ جات ماہانہ وسہ ماہی وسالانہ میں عہدہ کے ساتھ اختیارات کی صراحت بھی بالالتزام ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۸ مورخہ ۱۴ خورداد ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۵۶) مال لاوارث یا دفینہ موقوعہ جاگیر حق سرکار اور رقوم ہراج جانوران چکاری وسد سزانہ اس جاگیردار کو ملیگی جس نے حفاظت موسیقی کا انتظام کیا ہو اور جرمانہ فوجداری وتاوان مچلکہ وضمانت وحق ہراج جاگیرداران مقتدر کو ملیں گے۔

اب تک یہ امر تصفیہ طلب تھا کہ جاگیرات کی آمدنی مال لاوارث[۱] دفینہ۔ رقم حق ہراج[۲] جانوران چکاری۔ رقم جرمانہ[۳] فوجداری۔ رقم تاوان[۴] مچلکہ وضمانت رقم حق ہراج[۵]۔ رقم سد سزانہ[۶] میں سے کن ابواب کی آمدنی حق سرکار اور کن ابواب کی آمدنی حق جاگیردار ہے اب بہ شرف صدور فرمان واجب الاذعان مرقومہ ۲۶ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان ۱۷۱۶ مورخہ ۲۳ اسفندار ۱۳۲۶ف حکم دیا جاتا ہے کہ جاگیرات میں مال لاوارث یا دفینہ از روئے قانون نافذہ حق سرکار سمجھا جائیگا اور رقوم ہراج جانوران چکاری اور سد سزانہ اس جاگیردار کو دئے جائیں جس نے اپنی جاگیر میں جانوران چکاری کے لئے کشتگر تیار کرکے ان کی حفاظت کا اچھا انتظام کیا ہو اور رقوم جرمانہ فوجداری وتاوان مچلکہ وضمانت وحق ہراج جو عدالتی ابواب کی رقوم ہیں ان کے مستحق وہ جاگیردار سمجھے جائیں جنکو عدالتی اقتدارات حاصل ہوں اور جن کی جاگیر میں یہ رقوم وصول ہوں۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۹ / دیوانی ۱۴ مورخہ ۱۷ خورداد ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۵۷) ترمیم دفعہ ۱۹ قواعد امتحان وکالت حکم گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۱۳ دیوانی ۹ مورخہ ۳ خورداد ۱۳۲۳ف | دفعہ (۱۹)، قواعد امتحان وکالت

(۵) سشن سپرد ہونے کے بعد واپسی درست نہیں ہے | جب مقدمہ عدالت سشن میں سپرد ہو جائے تو اس بنا پر اس کو عدالت میں واپس کرنا درست نہیں ہے کہ عدالت ماتحت بقیہ ملزمین کی نسبت بھی تحقیقات کر کے یکجائی سپردگی عمل میں لائے۔ بلکہ عدالت سشن کو چاہیئے کہ مقدمہ کی سپردگی کے بعد ہی حسب ضابطہ تحقیقات کا آغاز کر دیا کریں۔

(۶) چالانی مقدمات کے مستغیث اور گواہوں کو اپنے اختیار میں لے لینا | جب پولیس چالان پیش کرتی ہے تو مستغیث اور گواہوں کے مچلکے عدالت میں پیش کر دیتی ہے پس ایسی حالت میں عدالت کو چاہیئے کہ مستغیث اور گواہوں کو عدالت میں حاضر ہونے کا پابند کریں اور اس غرض سے اگر ضرورت ہو مچلکہ یا ضمانت لے۔

(۷) غیر حاضری مفتش | مفتش اگر حاضر نہ ہو اور مستغیث حاضر ہو تو مفتش کی غیر حاضری کے وجہ سے مقدمہ ملتوی نہ کیا جایا کرے بلکہ مستغیث کا اظہار لے لیا جایا کرے اور اس طرح گواہان حاضر کا بھی اظہار لیا جایا کرے کیونکہ مفتش کا بیان دوسری کسی پیشی پر لیا جا سکتا ہے۔

(۸) غیر حاضری پیروکار | محض پیروکار کی غیر حاضری کی بنا پر مقدمہ کو ملتوی کرنا درست نہیں ہے اگر کسی پیشی پر پیروکار حاضر نہ ہو اور گواہ حاضر ہوں تو مجسٹریٹ خود گواہان حاضر سے سوالات کر سکتے ہیں پس چنانچہ عمل کیا جایا کرے اور پیروکار کی غیر حاضری کی اطلاع صدر ناظم کوتوالی کو دیکر نقل مجلس عالیہ عدالت کو دیا جایا کرے۔

(۹) حکم نامہ جات کی تعمیل میں پولس کا قصور | مقدمات فوجداری میں حکم نامہ جات کی تعمیل پولس کے ذریعہ کرائی جاتی ہے بسا اوقات پولس حکم نامجات کی تعمیل مطلق نہیں کرتی یا بر وقت نہیں کرتی اور عدالتیں پولس سے نہ کوئی جواب لیتی ہیں اور نہ خاطی کا مناسب تدارک کرتی ہیں آیندہ سے ہر موقع پر جب پولس سے تعمیل میں قصور ہو تو اس کی اطلاع صدر ناظم صاحب کوتوالی کو بھیجا یا کرے۔ اور عدالت العالیہ کو اس کا نقل دیا جایا کرے۔

(۱۰) اجرائی احکام میں سررشتہ سے تعویق | جب مقدمہ میں کسی فریق پر خرچہ داخل کرنا لازم ہو اور وہ بر وقت خرچہ داخل کرے لیکن سررشتہ سے اجرائی احکام میں نامناسب تاخیر کیجائے تو اہلکار خاطی کا جواب لیکر تدارک کرنا چاہیئے۔ اور بار بار غلطی کرنے کی صورت میں خاطی کے لیے سزا تجویز کرنی چاہیئے۔

فوجداری زاید از یک سال کی قابل افسوس حالت ظاہر ہوئی اور یہ معلوم ہوا کہ ضلع گلبرگہ میں ایسے مقدمات کی تعداد (۴۰) ہے اس کے وجوہ دریافت کرنے کے لئے جناب رائے بالمکند صاحب بی اے رکن عدالت العالیہ بطور خاص گلبرگہ روانہ کئے گئے جو وجوہ تعویق ان کی تنقیح میں ظاہر ہوئے اور جو استقام عدالتوں کی کارروائی میں پائے گئے ان پر اور نیز ان وجوہ التوا پر غور کرنے کے بعد جو نقشجات ماہانہ وسہ ماہی سے ظاہر ہوتے ہیں، تعویق کے انسداد کی غرض سے بذریعہ گشتی ہذا ہدایات جاری کیجاتی ہیں اور امید کیجاتی ہے کہ تمام حکام عدالت ان پر عمل کرینگے اور آئندہ مجلس عالیہ عدالت کو اعتراض کا موقع نہ دینگے۔ اس گشتی کے نفاذ کے بعد نظار عدالت کے اجلاس پر کوئی مقدمہ فوجداری زاید از ستماہ پایا جائیگا تو اُس کے نام مع مقدمات ملتویہ کی صراحت کے سرکار عالی کے ملاحظہ میں پیش کئے جائینگے اور سالانہ رپورٹ میں نظار فوجداری کی کارگزاری کی نسبت جو ریمارک کئے جائینگے اُن میں ایک ریمارک بالخصوص یہ بھی ہوگا کہ کس ناظم کے اجلاس پر کس قدر دوران رہا اور کتنے گواہوں کو ایک بار سے زیادہ عدالت میں آنا پڑا۔

(۱) اجلاس کا پورا وقت کرنا | بعض حکام پورا وقت عدالتی کام میں صرف نہیں کرتے جس کی وجہ سے کام پورا نہیں ہوتا۔ ہر حاکم عدالت کا فرض ہے کہ جو وقت عدالت کا مقرر ہے وہ پورا عدالتی کام میں صرف کیا کریں۔

(۲) عدالت میں آکر کام کرنا | مجلس عالیہ کو یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ بعض مشترک حکام بجائے عدالتیں کام کرنے کے اپنے مکان ہی پر جوڈیشل کام کرتے ہیں یہ طریقہ سخت بدنما اور قابل اعتراض ہے حکام مذکور کو لازم ہے کہ ہمیشہ عدالتی جوڈیشل کام برسراجلاس عام عدالت میں کیا کریں۔

(۳) آغاز تحقیقات | اکثر دیکھا جاتا ہے کہ نظمائے فوجداری آغاز تحقیقات میں دیر کرتے ہیں یہ طریقہ درست نہیں ہے بلکہ نظمائے موصوفین کو چاہئے کہ جب مقدمہ پیش ہو تو اُسی وقت سے تحقیقات شروع اور حتی الامکان مسلسل کارروائی کیا کریں۔

(۴) چالان واپس نہ کیاجایا کرے | جب پولس سے چالان پیش ہوتا ہے تو بعض اوقات عدالتیں کسی ترمیم کی ضرورت خیال کرکے اُس کو واپس کرتی ہیں یہ طریقہ درست نہیں ہے۔ اگر کسی ترمیم کی ضرورت پائی جائے تو برسراجلاس ترمیم کرالیجایا کرے۔ بہرحال چالان باجلاس آئندہ پیش کرنے کے لئے واپس نہ کرنا چاہئے۔

ایک ماہ کے اندر وہ مقدمہ ترتیب فردجرم کی نوبت تک نہ پہنچ جائے۔ اسی طرح اگر جرح مکرر اور شہادت صفائی کے لئے بھی ایک یا ڈیڑھ ماہ کی مدت رکھی جائے تو بڑے سے بڑے مقدمہ کا دوران تین ماہ سے زاید نہ ہوگا پس مجسٹریٹوں کو چاہئے کہ جب تحقیقات شروع کریں تو تا تکمیل تحقیقات کارروائی کو مسلسل جاری رکھیں۔

(۱۸) غیر ضروری شہادت کا پیش کرنا مقدمات فوجداری میں پولس سے تعین کرا لینا چاہئے کہ کس واقعہ کس قدر کون کون گواہ ہیں اور یہ کہ کن واقعات متعلقہ کو اہم قرار دیکر شہادت پیش کرنا مطلوب ہے اس امر کا لحاظ رکھنا چاہئے کہ بعید اور غیر موثر شہادت سے عدالت کی تضیع اوقات نہ ہو۔

(۱۹) پیشیاں خلاف قانون فاصلہ سے مقرر کرنا جن مقدمات میں ملزمین زیر حوالات ہوں ان کی پیشی لازماً دو ہفتہ کے اندر اور قریب تر تاریخوں میں رکھی جانی چاہئے اور دیگر مقدمات فوجداری میں بھی بلا وجہ معقول پیشی دو ہفتہ سے زیادہ فاصلہ پر نہ رکھنی چاہئے اور جب تحقیقات شروع ہو جائے تو مسلسل قریب قریب پیشیاں مقرر کرکے مقدمہ کو ختم کرنا چاہئے۔

(۲۰) التوائے مقدمات بوجہ دورہ یہ عذر کہ ناظم ضلع کے دورہ کی وجہ سے مقدمات ملتوی رہتے درست و قابل لحاظ نہیں ہے کیونکہ بزمانہ دورہ صاحب ضلع مقدمات جائنٹ مجسٹریٹ کے اجلاس پر پیش ہوتے ہیں علاوہ اس کے دورہ میں ایسے مقدمات کی تحقیقات کی ممانعت بھی نہیں ہے جو انہی مقامات یا ان کے متصل مقامات کے ہوں بلکہ اس طرح مقامی تحقیقات سے فریقین و شہود کی آسایش اور تحقیقات کے تسلسل کی امید ہو سکتی ہے لہذا مجسٹریٹوں کو اس کا پورا خیال رکھنا چاہئے۔

(۲۱) مال کے کام سے فرصت نہ ہونا مال کے کام سے فرصت نہ ہونے کا عذر اس طرح رفع ہو سکتا ہے کہ مقدمات فوجداری کے لئے دن مقرر کر دئے جائیں اور جو دن عدالتی کام کے لئے مقرر ہو اس روز پابندی کے ساتھ عدالتی کام انجام دیا جائے۔

(۲۲) بلا وجہ مہلتیں دینا مہلتیں دینے کے متعلق عام طور پر ممانعت نہیں کیجا سکتی لیکن مہلتیں دینے میں رعایت اسی حد تک جائز ہے جہاں تک قانون و انصاف اجازت دے بعض صورتوں میں بہ لحاظ اہمیت مقدمہ ممکن ہے کہ ایک یا دو بار کا رعایت کرنا قابل اعتراض

(۱۱) ادخال خرچیہ میں تعویق | جن مقدمات میں کسی فریق مقدمہ پر خرچہ ادائی حکم نامہ داخل کرنا لازم ہو اور وہ تاریخ حکم سے دو دن کے اندر داخل نہ کرے اور اس وجہ سے اجرائی حکم میں تاخیر ہو تو اس کا جو کچھ قانونی اثر جو فریق قاصر پر عاید کیا جا سکتا ہے عاید کیا جائے۔

(۱۲) ڈاکٹر کی حاضری کا انتظام | جب کسی مقدمہ میں ڈاکٹر کی شہادت مطلوب ہو تو ہمیشہ ایسا انتظام کیا جایا کرے کہ ڈاکٹر کو حاضری میں اس عذر کا موقع نہ ہے کہ اطلاع ضیق وقت میں ہوی اور اس وجہ سے وہ حاضری کا انتظام نہیں کر سکتا۔ اور اگر بلا وجہ معقول ڈاکٹر پیشی پر حاضر نہ ہو تو ناظم صاحب طبابت کو اس سے اطلاع دیکر اس کا ثمنی عدالت العالیہ کو دیا جایا کرے۔

(۱۳) خوراک گواہاں | عدالتوں کو اس امر کا خاص انتظام کرنا چاہیئے کہ بروز حاضری زر خوراک گواہوں کو ملجایا کرے اور ہرگز بلا خوراک دیئے کے واپس نہ کئے جایا کریں اور اس کی بھی نگرانی رکھی جائے کہ خوراک خود گواہوں کے ہاتھ میں پہنچے۔

(۱۴) کل شہادت کا حاضر ہونا | جو گواہ حاضر ہوں ان میں سے جس قدر ایک واقعہ کے ہوں ان کا اظہار لیا جایا کرے کیونکہ جب مقدمہ میں شہادت کثرت سے ہو تو کل شہادت کا ایک جلسہ میں ختم ہونا ممکن نہیں ہے پس ضرور ہے کہ ہر پیشی پر جس قدر گواہوں کے بیانات لئے جا سکیں سنے جائیں۔

(۱۵) عدم حاضری شہود تا ثبوت الزام | عدالت کو چاہیئے کہ بذریعہ ضبطی مچلکہ یا ضمانت گواہوں کی غیر حاضری کا باضابطہ انسداد کریں نیز یہ کہ گواہوں کی غیر حاضری کی وجہ سے مستغیث کا اظہار ملتوی نہ کیا کریں بلکہ جب مستغیث و ملزم دونوں حاضر ہوں تو بلا لحاظ غیر حاضری گواہ مستغیث کا بیان قلم بند کر لیا کریں۔

(۱۶) جیل سے قیدیوں کا بر وقت حاضر نہ لایا جانا | بعض اوقات مقدمات اس وجہ سے تبدیل ہوتے ہیں کہ جیل سے قیدی بر وقت حاضر نہیں کئے جاتے ہیں پس جب ایسی صورت پیش آئے تو صدر ناظم صاحب مجالس و کوتوالی کو اس کی اطلاع دیکر ثمنی مجلس عالیہ کو دیا جایا کرے۔

(۱۷) مسلسل کارروائی کرنا | فوجداری مقدمہ جس قدر سنگین اور شہادت جس قدر کثیر ہو اسی قدر ضرور ہے کہ بلا تعویق اور مسلسل تحقیقات کیجائے اگر ایسا مقدمہ پیش ہوتے ہی ناظم فوجداری تحقیقات شروع کرے اور تا ختم شہادت تائید الزام مسلسل کارروائی جاری رکھے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ مورخہ ۸ شہریور ۱۳۲۶ ف

مضمون (۲۶۱) وارنٹ میں تاریخ اجرا و نشان مقدمہ و تاریخ پیشی آئندہ و مہر عدالت ثبت ہوا کرے

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ عدالتوں سے جو وارنٹ قیدیوں کے ہمراہ محابس پر بھیجے جاتے ہیں اُن میں بعض ایسے بھی ہوتے ہیں جن پر نہ تو نشان مقدمہ رہتا ہے اور نہ تاریخ عدالت نہ عدالت کی مہر ثبت ہوتی ہے اور نہ آئندہ تاریخ پیشی کی صراحت کیجاتی ہے لہذا بذریعہ گشتی ہذا جملہ عدالتوں کو حکم دیا جاتا ہے کہ جب قیدی محبس میں روانہ کئے جایا کریں تو وارنٹ میں تاریخ اجرائی وارنٹ معہ نشان مقدمہ و تاریخ پیشی آئندہ درج کرکے مہر عدالت بھی ثبت کیجایا کرے اسکے خلاف عمل قابل ازپرس ہوگا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ دیوانی ۱ مورخہ یکم مہر ۱۳۲۶ ف

مضمون (۲۶۲) چپراسی وغیرہ سے بوقت شناخت وجوہ دریافت کئے جائیں

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ بعض اوقات محض اس بناء پر کہ کسی چپراسی یا اہلکار دفتر نے تصدیق کرنے والے کی شناخت کی کسی کاغذ یا بیان کی تصدیق کردی جاتی ہے۔ حالانکہ تصدیق ایک اہم امر ہے اور وہ جبکہ افسر تصدیق کنندہ خود واقف نہ ہو تو کسی قابل اطمینان شناخت کی بنا پر ہونی چاہئے اور افسر موصوف کو مطمئن ہونا چاہئے کہ شناخت کنندہ کے لئے معقول ذرائع اور صحیح وجوہ شناخت کے ہیں اور اس کے بعد اس شناخت کو منظور اور اس پر عمل کرنا چاہئے تاکہ نقص شناخت کی وجہ سے تصدیق ناقص اور غلط نہ ہو پس حکم دیا جاتا ہے کہ بروقت شناخت شخص شناخت کنندہ سے یہ دریافت کرلیا جایا کرے کہ وہ کیونکر اس شخص سے واقف ہوا جس کی وہ شناخت کرتا ہے اس کے متعلق جب افسر تصدیق کنندہ کو اطمینان ہو جائے کہ صحیح وجوہ شناخت کے ہیں تو ان وجوہ کو لکھ کر تصدیق کرلی چاہئے اور اس کے مطابق اس کی تعمیل ہوا کرے ؎

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۵ مورخہ یکم مہر ۱۳۲۶ ف

مضمون (۲۶۳) اخذ بیان مستغیث کے بعد الزام سے باقی رہے تو اس کی نسبت مسل میں یادداشت درج کیا کرے

جبکہ مختلف الزامات کے ساتھ استغاثہ رجوع کیا جائے تو پہلی دفعہ بعد اخذ بیان سرسری مستغیث دوسری

نہ سمجھا جائے لیکن عام طور پر اس رعایت کے کرنے میں بہت احتیاط سے کام لینا چاہئیے اُن وکلا کی درخواست پر جو کسی نہ کسی حیلہ سے تبدیل پیشی کی تحریک کرنے کے عادی ہوں سختی سے نظر ڈالنی چاہئیے۔

(۲۳) وکلا کی عدم پیروی | جب کوئی وکیل کسی مقدمہ میں قابل اطمینان طریقہ سے پیروی نہ کرے تو معمولی صورت میں اُس کو ہدایت کرنا کافی ہوگا اگر اس کا کوئی اثر نہ ہو یا کسی وکیل کا طریقہ کارروائی عام طور پر قابل اعتراض پایا جائے تو عدالتوں کو اسکی نسبت نوٹس لینا چاہئیے اور اگر ضرورت ہو تو مجلس عالیہ عدالت کو توجہ دلانی چاہئیے دیکھا گیا ہے کہ جو عدالتیں مستعدی سے بروقت کام کرتی ہیں اُن کے اجلاس پر وکلا بھی مستعدی اور دلچسپی ظاہر کرتے ہیں۔

(۲۴) اطلاع مجلس کو دیجایا کرے | جن مقدمات فوجداری کا دوران ۳ ماہ سے زاید ہو اُن کی وجوہ تعویق سے مجلس عالیہ عدالت کو اطلاع دیجایا کرے اور ہر پیشی کے فرد کارروائی کی نقل مجلس میں بھیجی جایا کرے ناظم فوجداری کو اس کا بھی انتظام کرنا چاہئیے کہ مقدمات زاید از سہ ماہ کی فہرست ہمیشہ نظر کے سامنے رہے اور اُن کے اقسلہ پر سرخ پرچہ لگا رہے جس پر تاریخ ارجاع جلی قلم سے لکھی ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۲۴) نمبر مورخہ ۱۴ اسفندار ۱۳۲۶ف فوجداری

مضمون (۲۶) مقدمات بلوہ مع قتل میں غرض مشترکہ کی کافی صراحت کیجایا کرے | بعض مقدمات بلوہ مع قتل میں مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ عموماً فرد جرم میں اس امر کی کافی صراحت نہیں کیجاتی کہ غرض مشترکہ کیا تھی جس کے پیشرفت میں ملزمین نے افعال منسوبہ کا ارتکاب کیا۔ چونکہ ایسی صراحت بہ لحاظ منشاء قانون ضروری ہے تاکہ ملزمین کو الزام کے کامل طور سے سمجھنے میں اور اسکی نسبت جواب دینے میں سہولت ہو لہذا ہدایت کیجاتی ہے کہ ناظمان فوجداری بوقت ترتیب فرد قرار داد جرم اس بارہ میں کافی احتیاط سے عمل کریں۔ آیندہ جس ناظم فوجداری سے اس میں فروگذاشت ہوگی وہ مستوجب بازپرس ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۸ دیوانی ۲۹ مورخہ ۱۹ مہر ۱۳۲۶ف

مضمون (۱۹۲) رجسٹر نمبر (۲۴) روبکار پیشی مقدمات کے خانہ (۷) میں مختصر کارروائی بحوالہ تاریخ پیشی آئندہ و وجوہ التوا لکھے مقدمہ درج ہوا کرے۔

لکھا گیا ہے کہ رجسٹر نمبر (۲۴) کا روبکار پیشی مقدمات کے خانہ (۷) کا اندراج اجمالی اور ناقص ہوا کرتا ہے جس کے باعث یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ حاکم کا پورا وقت علاحدگی سماعت میں صرف ہوا یا نہیں۔ حالانکہ خانہ (۷) کی مندرجہ عبارت "اس تاریخ پر عدالت نے کیا حکم دیا اور کیا کارروائی کی" اگر مقدمہ ملتوی ہوا تو مختصر وجوہ التوا مع تاریخ پیشی آئندہ سے واضح ہے کہ تاریخ پیشی پر جو کارروائی ہوا کرے اس کا ذکر اس خانہ میں درج کرنا چاہئے مثلاً یہ کہ کتنے گواہوں کی شہادتیں قلمبند کی گئیں وغیرہ وغیرہ۔ بنا بریں حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے رجسٹر نمبر (۲۴) کے خانہ (۷) کا اندراج حسب صراحت بالا مکمل ہوا کرے۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۹ دیوانی (۳۰) مورخہ ۱۹ مہر ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۶۷) تختہ نمبر (۸) حاضری و برخاست عہدہ داران کسی دفتر سے محکمۂ مافوق میں بھیجنے کی ضرورت نہیں۔

تختہ نمبر (۸) حاضری و برخاست عہدہ داران حسب گشتی محکمۂ سرکار نشان (۳) بابتہ ۱۳۱۵ف مندرجہ فقرہ (۳) ہر عدالت سے محکمہ بالا میں روانہ ہوا کرتا تھا مگر بذریعہ گشتی محکمۂ سرکار نشان (۵) بابتہ ۱۳۱۶ف فقرہ (۳) گشتی اول الذکر کو حذف کر کے یہ لکھا گیا تھا کہ سررشتہ جات ماتحت کو تختہ حاضری کی نقل محکمۂ سرکار میں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے مگر صاف طور سے یہ درج نہ تھا کہ ہر عدالت سے اس کے محکمۂ مافوق میں تختہ مذکور روانہ کیا جائے یا نہیں بربنائے تحریک ناظم صاحب صدر عدالت صوبہ ورنگل عدالت العالیہ نے اس خصوص میں محکمۂ سرکار سے استفسار کیا جس کا جواب بذریعہ مراسلہ محکمۂ سرکار نشان (۲۰۹) واقع ۲۲ اسفندار ۱۳۲۲ف یہ وصول ہوا کہ گشتی اولیٰ کا فقرہ (۳) گشتی مابعد کے ذریعہ سے حذف کر دیا گیا ہے کسی دفتر سے اس کے بالا محکمہ میں تختہ حاضری و برخاست بھیجنے کی ضرورت نہیں ہی البتہ تختہ مذکور کا معائنہ بروقت تنقیح حاکم تنقیح کنندہ کیا کریں گے لہذا آئندہ سے تختہ حاضری و برخاست کسی دفتر سے اسکے محکمہ بالا میں روانہ نہ ہوا کرے بلکہ اسی دفتر میں اس کا مثل حسب ضابطہ کر کے رکھا جائے تا بروقت تنقیح اس کا معائنہ ہو سکے۔

مرتبہ بعد اخذ بیان حلفی مستغیث یواجہ ملزم یا تیسری مرتبہ قلم بندی شہادت کے بعد غرض کہ ہر سہ مواقع مذکورہ میں سے کسی موقعہ پر اگر مجسٹریٹ کی یہ رائے ہو کہ منجملہ الزامات مبینہ کے کوئی الزام باقی نہیں رہتا ہے تو مجسٹریٹ کو اس امر کی نسبت مثل میں یادداشت درج کرنی چاہیئے

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۶) مورخہ یکم مہر ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۶۴) ملزمین کی رہائی بلا رائت عدم پیشی گواہ یا دستاویز کی بنا پر نہ ہوا کرے۔ تا وقتیکہ دفعات ۲۱۲/۲۰۵ ضابطہ فوجداری کے موافق عمل نہ کیا جائے	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ عدالت ہائے ماتحت سے ملزمین اس بنا پر رہا یا بری کیئے

جاتے ہیں کہ پولیس نے فلاں دستاویز یا فلاں گواہ پیش نہیں کیا حالانکہ یہ صحیح نہیں ہے کیونکہ بموجب منشاء دفعات ۲۱۲/۲۰۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی عدالتیں واقفین مقدمہ کو ادائی شہادت کیلئے طلب کرنے کے مجاز ہیں۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے نظائے فوجداری بہ پابندی دفعات ۲۱۲/۲۰۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی عمل کیا کریں تاکہ پولس کی اتفاقی غفلت کا نتیجہ یہ نہ ہو کہ انصاف رسانی میں خلل واقع ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۷ مورخہ ۱۹ مہر ۱۳۲۶ف

مضمون (۲۶۵) ترمیم عنوان وہدایات رجسٹر نمبر (۵) حاضری ملازمین سرکاری وباشندگان مشتبہ متعلقہ دفاتر پولس پٹیلان محکومہ گشتی نمبر (۸) فوجداری بابتہ ۱۳۲۱ف	رجسٹر نمبر (۵) حاضری روزانہ ملازمین سرکاری وباشندگان مشتبہ جو برخلاف

گشتی مجلس ۸ فوجداری مورخہ یکم شہریور ۱۳۲۱ف وضع اور دفاتر پولس پٹیلان سے متعلق کیا گیا ہے اسکے متعلق مکرر غور کرنے سے معلوم ہوا کہ اس کے نفاذ کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ پولس پٹیل کی مالی پٹیل پٹواری اور دیہی ملازمین پر نہ صرف ایک قسم کی نگرانی قایم ہوتی ہے بلکہ اس کا داب بھی ان لوگوں پر قایم ہوجاتا ہے اور یہ منافی اغراض وانتظام مالی ہے لہذا بہ ترمیم گشتی مذکورہ حکم دیا جاتا ہے کہ عنوان کا رجسٹر نمبر (۵) حاضری روزانہ اشخاص مشتبہ دفتر پولس پٹیل موضع ( ) تحصیل ( ) ضلع ( ) بابتہ ۱۳ ف تحریر ہوا کرے۔ اور بہ ضمن نمونہ رجسٹر مذکور جو ہدایات درج ہیں ازانجملہ ہدایت نمبر (۱) سے عبارت "جملہ ملازمین سرکاری وباشندگان موضع" اور ہدایت نمبر (۲) کی عبارت سے الفاظ "مالی پٹیل پٹواری گماشتہ" حذف کردیئے جائیں۔

کیا جاسکتا۔ ایسا اتباع فیصلہ اجلاس مستقر حکم دیا جا سکتا ہے [illegible] کے خلاف عدالت میں عذر آئی ہو وہ موقوف کیا جائے اور درخواست مرافعہ کا اکتوفت با [illegible] کیا جانا تصور کیا جائے پس بلحاظ دفعہ ۳۴۴ ضابطہ فوجداری وہ پیش کی گئی ہو لیکن جو درخواست ہائے مرافعہ اس تصفیہ کے وقت تک داخل دفتر کی گئی ہوں اور جو قبل نفاذ گشتی ہذا اس طرح سے وصول ہوئی ہیں ان کی نسبت یہ مناسب ہوگا کہ مرافعان کو بہ تعین مدت حاضری کا موقع دیا جائے اگر وہ اس مدت میں حاضر ہوں تو یہ قرار دیا جائے کہ درخواست ہائے مرافعہ حسب منشاء ضابطہ فوجداری پیش ہوئی ہیں اور ان کے متعلق حسب ضابطہ کارروائی عمل میں آئی۔ اور جو مرافعین مدت معینہ کے اندر حاضر نہ ہوں ان کی درخواستیں داخل دفتر کردی جائیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳) مورخہ ۲۹ دے ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۷) بانو چاند مدک گشتی کے مستعملہ آلات	مقدمات خلاف ورزی حکم سرکار مندرجہ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۵ آذر ۱۳۲۵ف میں آلات بانو چاندو۔ مدک کشتی کے عدالت کے روبرو تلف کیئے جایا کریں

ترق اور بذریعہ عدالت نیلام ہوا کرتے ہیں ان کے نیلام سے بجز اس کے کہ بانو چاندو و مدک کشتی کی ترغیب ہو کوئی فائدہ متصور نہیں ہے اور درحالیکہ بانو و مدک کشی کی ممانعت کردی گئی ہے تو انکو ضبط آلات کا نیلام بھی مناسب نہیں ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آلات بانو چاندو و مدک گشتی کے بعد فیصلہ عدالت کے روبرو تلف کیئے جایا کریں پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۴) دیوانی (۱) مورخہ ۱۷ بہمن ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۸) اسلحہ عدالتی کے گم یا غائب ہونے اور انکی تلاش کے ذرائع اختیار کیئے جانے کی اطلاع ماہانہ مجلس کو دی جایا کرے	دیکھا گیا ہے کہ قتل مقدمہ عدالتی کے گم یا غائب ہونے کی صورت میں عدالتیں بعد ضروری

تلاش و اخذ جواب اہلکاران متعلقہ بوجہ عدم دستیابی مثل کارروائی ختم کردیتی ہیں چونکہ عدالتی اسلحہ کی گمشدگی امر اہم اور مضر حقوق متخاصمین ہے اور ایسی کارروائیات کا بلا کافی اور ضروری تحقیقات اور عاقل یا خاطی پر تدارک کیئے بغیر ختم کردینا درست نہیں ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ اسلحہ کی گمشدگی کی اطلاع راست مجلس عالیہ عدالت کو دیا کریں اور ماہ بماہ جو ذرائع و وسائل اختیار کیئے جائیں اور ان کا جو نتیجہ برآمد ہو اس سے عدالت العالیہ کو ماہانہ اطلاع ہوا کرے بصورت

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱) فوجداری مورخہ ۱۶ امرداد سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۲۶۸) تحصیلداران تعلقات مقدمات خلاف ورزی دستور العمل جانوران شکاری مالیتی یکصد روپیہ کی سماعت و تجویز کرسکتے ہیں

چونکہ دستور العمل جانوران شکاری و آبکاری میں کوئی حد سماعت بہ لحاظ مالیت معین نہ تھی اس لئے بذریعہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۱) فوجداری مورخہ امرداد سنہ ۱۳۱۴ف تحصیلداران تعلقات (مجسٹریٹ درجہ سوم) کو مقدمات خلاف ورزی جانوران شکاری و آبکاری میں بہ مماثلت مقدمات لاوارث پچاس روپیہ تک مالیتی مقدمات کی سماعت کا اختیار دیا گیا تھا اب بوجہ نفاذ قانون جائداد لاوارث نشان (۴) بابتہ سنہ ۱۳۲۲ف حسب دفعہ (۲) ضمن (۱) قانون مذکور تحصیلدار (مجسٹریٹ درجہ سوم) مقدمات جائداد لاوارث مالیتی یکصد روپیہ میں تحقیقات و تجویز کے مجاز ہیں اس لئے یہ مقدمات خلاف ورزی دستور العمل جانوران شکاری توسیع اختیارات تحصیلداروں کے لئے تحریک کی گئی تھی چنانچہ حصول منظوری سرکار عالی محولہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۲۰۷۴) مورخہ ۳ آبان سنہ ۱۳۲۳ف حکم دیا جاتا ہے کہ تحصیلداران تعلقات (مجسٹریٹ درجہ سوم) کو مقدمات خلاف ورزی دستور العمل جانوران شکاری میں سو روپیہ تک مالیتی مقدمات کی سماعت کا اختیار دیا جاتا ہے پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۲) فوجداری مورخہ ۱۶ امرداد سنہ ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۶۹) درخواستہائے مرافعہ فوجداری کا بذریعہ ٹپہ بھیجا جانا صحیح نہیں ہے خود مرافع یا وکیل مرافع کو پیش کرنا لازم ہے

صدر عدالت صوبہ گلبرگہ شریف نے مجلس عالیہ عدالت کو توجہ دلائی کہ جو درخواستہائے مرافعہ بذریعہ ٹپہ وصول ہوتے ہیں ان پر اسی طرح کارروائی کیجاتی ہے جس طرح مرافع یا وکیل مرافع کے پیش کردہ درخواستوں پر کارروائی عمل میں آتی ہے حالانکہ یہ طریقہ خلاف منشاء احکام دفعہ ۴۴۳ مجموعۂ ضابطہ فوجداری سرکار عالی ہے دفعہ مذکورہ میں یہ امر لازمی قرار دیا گیا ہے کہ ہر درخواست مرافعہ خود مرافع یا اس کا وکیل پیش کرے بجز اس کے کہ مرافع محبس میں ہو۔ اس بنا پر یہ مسئلہ اجلاس متفقہ عدالت العالیہ میں بغرض تصفیہ پیش کیا گیا اور جلسہ متفقہ سے تجویز کی گئی کہ درخواستہائے مرافعہ کا بذریعہ ٹپہ روانہ کرنا یا صندوق میں جو احاطۂ عدالتہائے میں بغرض سہولت اہالی مقدمہ رکھا جاتا ہے ڈالدینا دفعہ (۴۴۳) مجموعہ ضابطہ فوجداری کی موجودہ عبارت کے لحاظ سے پیش کرنا نہیں خیال

اور کس کو نڈوا ڑہ کے تحت کس قدر دیہات ہیں اور ان دیہات سے جانوران اس کو نڈواڑہ میں داخل ہوتے ہیں یا نہیں اور بہ موجب دفعہ (۷) دستور العمل جانوران چکارنی تاریخ ادخال مویشی سے سات یوم کے اندر مالک مویشی حاضر نہ ہونے کی صورت میں محافظ کنگریلے حمعدار تھانہ کو اطلاع دی یا نہیں اور جمعدار تھانہ نے (۷) یوم کا میعادی اشتہار دیکر بعد مرور مدت مویشی نیلام کرائے یا نہیں بصورت حاضری مالک کے بہ موجب دفعہ (۸) دستور العمل مذکور عمل کیا گیا اور مویشی بادخذ زرجرمانہ و خوراک مالک کے حوالہ کئے گئے یا نہیں اور زر ہراج سے رقم جرمانہ و خوراک و خرچ نیلام وا گر کچھ ہو) مہا کرنے کے بعد آیا زرجرمانہ تعلقدار کے پاس روانہ کیا گیا اور آیا اس کی رسید موجود ہے پس آئندہ سے حسب ترمیم مندرجہ بالا عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان نمبر (۳) مورخہ ۵ ماہ دی ۱۳۲۶ ف

مضمون (۳۲۷۴) توضیح دفعہ (۱۵) ضمن (۱۳) قانون رسوم عدالت نشان (۶) بابتہ ۱۳۲۴ ف ہر رقم کی درخواست جو کسی سرکاری محکمہ سے یافتنی ہو رسوم سے مستثنیٰ ہے

دفعہ (۱۴) ضمن (۱۱) قانون رسوم عدالت نشان (۴) بابتہ ۱۳۲۱ ف کی رو سے روپیہ یا مال ملنے کی درخواستیں رسوم عدالت سے مستثنیٰ تھیں اور اب بھی بروئے دفعہ (۱۵) ضمن (۱۳) قانون رسوم عدالت نشان (۶) بابتہ ۱۳۲۴ ف ایسی درخواستیں مستثنیٰ ہیں لیکن دفعہ (۱۵) ضمن (۱۳) کی عبارت "درخواست اس رقم کے لئے جو سرکار عالی سے درخواست گزار کو یافتنی ہو" سے یہ سمجھا جا رہا ہے کہ ایسی رقوم کے لئے جو سرکار عالی سے کسی کو یافتنی ہوں کاغذ سادہ پر درخواست کرنی ہوگی اور جب فریق مقدمہ رقم عدالت میں جمع کرائے اور کسی نوبت مابعد میں خود لینا چاہے یا وہ رقم کسی اور کو دی جائے تو اس کے حصول کی درخواست پر اسٹامپ ادا کرنا ہوگا حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ جب کوئی شخص کسی محکمہ یا عدالت میں رقم اس غرض سے داخل کرتا ہے کہ وہ خود اس کو واپس کی جائے یا اور کسی شخص کو دی جائے تو وہ محکمہ یا عدالت اسکو منجانب اور بحکم سرکار عالی لیتی ہے اور اس کی ادائی بھی وہ محکمہ یا عدالت منجانب بحکم سرکار کرتی ہے پس یہ توضیح دفعہ (۱۵) ضمن (۱۳) قانون رسوم عدالت نشان (۶) بابتہ ۱۳۲۴ ف حکم دیا جاتا ہے کہ درخواست ہر رقم کی جو کسی سرکاری محکمہ سے یافتنی ہو بہ موجب دفعہ (۱۵) ضمن (۱۳) قانون مذکور مواخذہ رسوم سے مستثنیٰ ہے۔ بس حسب عمل ہو

خلاف ورزی حاکم عدالت متعلقہ ذمہ دار ہوگا۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی فوجداری (۱) مورخہ ۱۱ فروردی ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۷۲) توضیح گشتی مجلس نشان (۲۲) فوجداری مورخہ ۱۹ آبان ۱۳۲۴ف بہ نسبت تنقیح یادداشت تنقیح چالان و استغاثہ

قبل نفاذ گشتی مجلس نشان (۲۲) فوجداری مورخہ ۱۹ آبان ۱۳۲۴ف تمامی عدالتوں میں استغاثہ و چالانات کی تنقیح بہ موجب یادداشت تنقیح ہوا کرتی تھی اور جب کوئی سقم دریافت ہوتا تو اسکے رفع کرنے کے لئے چالان و استغاثہ واپس کردئے جاتے تھے اس طرح مکرر سکرر چالانات و استغاثہ کی واپسی سے نفس مقدمہ کی تحقیقات میں ناواجبی تعویق ہوا کرتی تھی اس لئے ذریعہ گشتی متذکرہ صدر حکم دیا گیا کہ آیندہ تنقیح عرایض استغاثہ و چالان کی ضرورت نہیں ہے اس حکم سے مجلس عالیہ عدالت کا یہ منشا نہ تھا کہ بے ضابطگیوں اور خلاف قانون کارروائیوں پر بھی توجہ نہ کی جائے۔

مثلاً جبکہ ملزم مہلت منظورہ عدالت کے بعد چالان کیا جائے اور مدت منظورہ سے زیادہ عرصہ تک اپنی حراست میں رکھنے کی پولس نے منظوری حاصل نہ کی ہو یا گرفتاری کے (۲۴) گھنٹہ کے بعد بھی پولس نے اپنی حراست میں ملزم کو چند ایام کے لئے رکھا ہو اور مہلت کی منظوری عدالت سے نہ لی ہو۔ اسیطرح کے اور امور جو خلاف قانون ہوں اُن پر عدالتوں کو بلا واپسی چالانات جداگانہ ضرور توجہ کرنی اور اُن کی بابتہ نوٹس لینی چاہئے۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۱۱ فروردی ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۷۳) ترمیم دفعہ (۱۳) سوالات تنقیح دفاتر پولس پٹیلان منسلکہ گشتی مجلس نشان فوجداری مورخہ ۲۲ دے ۱۳۲۵ف

دفعہ (۱۳) سوالات تنقیح دفاتر پولس پٹیلان منسلکہ گشتی مجلس نشان (۱۰) فوجداری مورخہ ۲۲ دے ۱۳۲۵ف میں محکوم ہے کہ مویشی آوارہ سہ یوم کے بعد بصورت عدم حضوری مالک مویشی روانہ تحصیل ہوا کریں۔ حالانکہ سہ یوم کے بعد مویشی کی تحصیل میں روانگی خلاف منشاء احکام دفعات ۷ و ۸ و ۱۰ دستور العمل جانوران حکاری ہے لہذا دفعہ (۱۳) سوالات تنقیح دفاتر پولس پٹیلان بعد ترمیم حسب ذیل قایم کی جاتی ہے:—

دفعہ (۱۳) مویشی آوارہ کا کونڈواڑہ موضع میں ہے یا نہیں اگر ہے تو اُس کا کیا انتظام ہے

اُس کے اصلی پروانہ ہو تاوقتیکہ کوئی بحیثیت کسی پیشہ کی سمت اسپرواب نہیں کرسکتا جو کوئی معاملہ کی ساعت میں پیش نہ آیا ہو۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے اس سے جواب کریں عدالت ہائے تحت دفعہ (۳۵۷) ضابطہ فوجداری کا پورا لحاظ رکھا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۱ مورخہ ۸ اردی بہشت ۱۳۲۷ف

مضمون (۷۷) حکمنامہ زیر دریافت محکمہ کوتوالی نمبر ۱۵ مورخہ ۱ مہر ۱۳۲۴ف کے نمونہ طبری میں خانہ کیفیت نام و عہدہ و تعیناتی پیش کنندہ چالان درج ہوا کرے

مجالس ممالک محروسہ سرکار عالی کے لئے رجسٹرات کے جو نمونے سرکار سے منظور ہوئے ہیں۔ از انجملہ رجسٹر نمبر (۶) کتابچہ ملیدیان زیر دریافت کے خانہ (۱۰) کی جس کا عنوان یہ ہے "کہاں سے چالان عدالت کیا گیا" تکمیل مجالس سے نہیں ہوتی تاوقتیکہ حکمنامہ زیر دریافت میں اس امر کی صراحت نہ کی جائے کہ فلاں اسٹیشن ہوز کے پولیس انسپکٹر نے چالان کیا ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ حکمنامہ زیر دریافت کے نمونہ طبری حلیہ ملزم زیر دریافت میں جو بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان (۱۵) فوجداری مورخہ ۲ مہر ۱۳۲۴ف جاری ہوا ہے بہ خانہ کیفیت نام و عہدہ و تعیناتی پیش کنندہ چالان درج ہوا کرے اور جو مقدمات بربنائے استغاثہ دائر ہوں اُن کی نسبت بھی خانہ کیفیت میں بربنائے استغاثہ دائر ہونے کی کیفیت درج کیا کرے۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۲ / دیوانی ۴ مورخہ ۵ اردی بہشت ۱۳۲۷ف

مضمون (۷۸) تختہ جات قلمبندی شہادت ماہانہ تحصیلات سے اضلاع میں اور مصنفین و ڈویژن سے صدر عدالت میں اور اضلاع و صدر عدالت سے مجلس عالیہ میں تاریخ معینہ پر ارسال ہوں۔

(۱) گشتی مجلس فوجداری ۳۸ دیوانی ۲۰ مورخہ ۲۹ اردی بہشت ۱۳۲۵ف (۲) گشتی مجلس فوجداری ۴۷ دیوانی ۲۵ مورخہ ۱۱ مہر ۱۳۲۵ف (۳) گشتی مجلس فوجداری (۹) دیوانی (۱۰) مورخہ ۲۱ فروردی ۱۳۲۶ف۔ بہ تعمیل احکام مندرجہ گشتیات صدر تختہ جات قلمبندی شہادت عدالت ہائے تحصیلات و ڈویژن و منصفین سے ماہانہ صدر عدالتہا میں وصول اور ان پر ریمارک و نگرانی کرنا بلحاظ عملہ و کارہائے صدر عدالت وقت طلب تھا اور علیحدہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت اعظمہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۹) مورخہ ۵ اردی بہشت ۱۳۲۷ ف

مضمون (۲۷۵) ترمیم گشتی ۸/۹ ب مورخہ ۲۷ فروردی ۱۳۲۱ ف یعنی ایسے ملزمین کے وارنٹ پر مہتمم محبس تشریح کریں کہ وہ دیگر مقدمات میں ماخوذ ہیں یا جو مستقر ضلع پر زیر دریافت ہوں اُن کے سوا دیگر ملزمین کی رہائی راست عدالتوں سے ہوا کرے۔

گشتی مجلس ۸/۹ فوجداری دیوانی مورخہ ۲۷ فروردی ۱۳۲۱ ف میں حکم ہے کہ کوئی ملزم زیر دریافت راست عدالت سے چھوڑا نہ جائے بلکہ حسب عملدرآمد قدیم محبس سے بعد تکمیل کارروائی ضروری اُس کی رہائی عمل میں آئے لیکن تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ جب ملزمین محبس سے مستقر تحصیلات یا ڈویژن یا دورہ کے دور دراز مقامات پر لائے جائیں تو بصورت صدور تجویز رہائی یا برات پھر اُن کو محبس متعلقہ میں واپس کرنا نہ صرف ملزمین کے حق میں باعث زحمت ہے بلکہ اُس سے کرایہ ریل و خرچ خوراک ملزمین و بدرقہ کا بار بھی بلا وجہ سرکار پر عائد ہوتا ہے لہذا بہ ترمیم گشتی مجلس نشان (۸) فوجداری (۹) دیوانی مورخہ ۲۷ فروردی ۱۳۲۱ ف حکم دیا جاتا ہے کہ بجز ایسے ملزمین کے جن کے وارنٹ پر مہتممان محبس سرخی سے تشریح کر دیں کہ وہ دیگر مقدمات میں ماخوذ ہیں یا ایسے ملزمین کے جو عدالت ہائے مستقر ضلع میں زیر دریافت ہوں دیگر ملزمین مصرحہ بالا کی رہائی راست عدالتوں سے ہوا کرے۔ لیکن مال ذاتی قیدیان کی واپسی محبس سے متعلق رہے گی۔

عدالتوں کا فرض ہوگا کہ اس قسم کی رہائی یا برات کی اطلاع جس قدر جلد ممکن ہو محبس متعلقہ کو دیا کریں تاکہ رجسٹرات محبس سے اُن کے اخراج کا عمل کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت اعظمہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) مورخہ ۵ اردی بہشت ۱۳۲۷ ف

مضمون (۲۷۶) کارروائیات فوجداری میں استصواب بروئے دفعہ (۳۵۷) مجموعہ ضابطہ فوجداری ہوا کرے

دیکھا گیا ہے کہ عدالت ہائے ماتحت استصواب کرنے میں دفعہ (۳۵۷) مجموعہ ضابطہ فوجداری کے احکام پیش نظر نہیں رکھتیں اور عام طور پر مسائل قانونی پیش کرکے مجلس عالیہ عدالت سے رائے دریافت کیا کرتی ہیں حالانکہ دفعہ (۳۵۷) ضابطہ فوجداری کی رو سے ناظم ضلع یا سشن اسی حالت میں استصواب کر سکتے ہیں جبکہ کسی مقدمہ زیر تجویز میں قانونی بحث پیدا ہو اور

رجسٹر نمبر (۳۴۳) سرکاری سوم آمدنی عدالت میں محسوب کیا جاتا ہے اور خانہ (۸) رجسٹر مذکور سرکاری سوم محسوب نہیں کیا جاتا جس سے صحیح ذریعہ آمدنی متروک ہوتا ہے [illegible] خانہ (۸) رجسٹر نمبر (۳۴۳) کی مندرجہ عبارت جو لائق [illegible] خانہ [illegible] حسب ذیل ترمیم کیجاتی ہے [illegible] تمام و [illegible] فیصلہ [illegible] اور [illegible] عدالت [illegible] خانہ (۸) رجسٹر نمبر (۳۴۳) [illegible] اثاثہ [illegible] ترمیم کے بعد خانہ [illegible] سرکار دوم آمدنی عدالت [illegible] فیصلہ [illegible] عدالت یا بقول سرکار اثاثہ جو کسی عدالت سے حاصل کئے گئے ہوں ان کو ابتدائی عدالت میں محسوب نہ ہوسکے گا کہ وہ اُس عدالت کی آمدنی میں جس سے وہ حاصل کئے گئے ہیں محسوب ہو چکا ہے اور خانہ کیفیت میں اسکی صراحت کیجایا کرے اور خانہ (۸) میں مجموعی [illegible] اثاثہ عدالتی تبلائی جایا کرے خانہ (۹) [illegible] کی مندرجہ آمدنی [illegible] رجسٹر نمبر (۳۴۳) [illegible] خانہ [illegible] رجسٹر نمبر (۳۴۳) کی آمدنی [illegible] میں [illegible]

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱۱) مورخہ ۱۳ فوجداری ۱۳۲۳ف

معصرہ (۱۸۱) ترمیم گشتی مجلس نشان فوجداری مورخہ ۱۳ فروردی ۱۳۲۳ف
اشتراکیہ گشتی مذکورہ سے لفظ [illegible] قواری حذف کردیا گیا"

گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۱۱) فوجداری واقع ۱۳ فروردی ۱۳۲۳ف کے ذریعہ شادی تفنگچہ۔ قرابین۔ آتشبازی۔ باجہ نوازی کی اجازتیں اضلاع میں مجسٹریٹ سے اور بلدہ میں بدستور سابق کوتوال صاحب بلدہ سے متعلق تھیں۔ مگر چونکہ باجہ نوازی کو مشروط بہ اجازت کرنے سے رعایا کے مراسم مذہبی اور تقاریب میں دقت و دشواری پیش آتی ہے لہذا حسب منظوری مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکاری نمبر ۱۴۵ مورخہ ۱۸ خورداد ۱۳۲۳ف بہ ترمیم گشتی مذکورہ حکم دیا جاتا ہے کہ گشتی مذکورہ بالا سے عبارت "باجہ نوازی" حذف کردی جائے۔ پس حسب عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۹) مورخہ ۱۳۲۳ف

اضلاع کے لیئے یہ امر آسان ہے کہ تحصیلات کے تختہ جات پر پارک اور کافی نگرانی رکھے لہٰذا بہ ترمیم گشتیات مجلس نشان فوجداری (۷۴) دیوانی (۲۵) مورخہ ۱۱ مہر سنہ ۱۳۲۲ف و فوجداری (۹) دیوانی (۱) مورخہ ۲۷ فروردی سنہ ۱۳۲۲ف لکھا جاتا ہے کہ ... قلمبندی شہادت ماہانہ تحصیلات سے صدالتہا اضلاع متعلقہ ... سے صدر عدالت میں اور صدر عدالت ہائے اضلاع سے تاریخ وقت ... مجلس عالیہ عدالت میں رسال ہوا کریں۔ سابق تعمیل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان نمبر فوجداری ۱۳ مورخہ ... سنہ ۱۳۲۲ف

مضمون (۲۷۹) ترمیم گشتی مجلس نشان مورخہ ... مہر سنہ ۱۳۱۱ف نسبت اندراجات درج	صدر ناظم صاحب کوتوالی اضلاع نے ریویو تا مگورنمنٹ مدراس بہ تختہ جات کارگزاری

عدالت ہائے فوجداری بابتہ سنہ ۱۹۱۵ء کے حوالہ سے یہ تحریک کی کہ دفعات ۲۰۸ و ۲۰۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی کا استعمال صحیح کرتے ہیں استغاثہ جات درج رجسٹر ہیں ممکن ہے اگرچہ گشتی مجلس نشان (۵۶) مورخہ ۳۰ مہر سنہ ۱۳۱۱ف کے ذریعہ سے نظار متعلقہ کو کافی ہدایت دی گئی ہے مگر بہ مزید وضاحت دفعات مذکور صدر کی جانب مکرر توجہ دلائی جاتی ہے تاکہ تکلیف دہ اور بے بنیاد استغاثوں کا انسداد ہو اور حکام عدالت و پولیس کی تضیع اوقات نہ ہو اور عامۂ خلائق بیجا تکلیف سے محفوظ رہے۔ سابق تعمیل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۴ دیوانی ۹ مورخہ ۱۷ خورداد سنہ ۱۳۲۳ف

مضمون (۲۸) ترمیم ... رجسٹر نمبر ۱۴۳ ... مورخہ ۲۲ اسفندار سنہ ۱۳۱۹ف	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ بعض عدالتوں میں عرائض دعاوی و درخواستہائے

اجرائی ڈگری یا دیگر درخواستیں بالسلاک نقل آتا ... کھاتہ و نصب فیصلہ یا دیگر دستاویزات سالانہ جوئی وغیرہ پیش ہوتے ہیں تو صرف دعاوی و درخواستوں کی کمتافی رجسٹر نمبر (۱۴۳) کمتافی سوالیفی کے خانہ (۶) میں کیجاتی ہے اور ... کی خانہ (۷) میں لیکن رجسٹر نمبر (۱۴۳) آمدنی سانحہ مختوم کی تکمیل یا سالانہ میزان کرتے وقت صرف خانہ (۶)

میں کوئی ایسا خانہ موجود نہیں تھا جس میں نتیجہ پوسٹ مارٹم کا اندراج کیا جاسکے اور ترتیب نقشہ مذکورہ کے لئے نتیجہ پوسٹ مارٹم کا اندراج لازمی ہے۔ کیونکہ بغیر نتیجہ پوسٹ مارٹم کے دریافت ہونے کے یہ تحقیق نہیں ہو سکتا کہ موت طبعی ہوئی یا اتفاقی لہذا ان امور پر غور کرنے کے بعد دوسرا مکمل نمونہ نقشہ واردات اتفاقی مرتب و منسلک ہذا ہے حسب عمل کیا جائے۔

	نمبر		
	۱۵	[illegible]	نمونہ نقشہ واردات اتفاقی واقع موضع تعلقہ ضلع صوبہ [illegible]
	۱۴	[illegible]	
	۱۳	[illegible]	
	۱۲	[illegible]	
	۱۱	[illegible]	
	۱۰	[illegible]	
	۹	[illegible]	
	۸	[illegible]	
	۷	[illegible]	
	۶	[illegible]	
	۵	[illegible]	
	۴	[illegible]	
	۳	[illegible]	
	۲	[illegible]	
	۱	[illegible]	

مضمون (۲۸۲) عدالت ہائے ڈویژنل و تعلقات و مصنفیں میں جمعدار پولس متعلقہ مقدمہ سے واقف ہو پیروی کرسکتا ہے	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ عدالت ہائے ڈویژنل و تعلقات و

مصنفین بالائی مقدمات میں دیہاتی کانسٹبل، جمعدار پولس متعلقہ کو پیروی کی اجازت دینے سے اس بنا پر انکار کرتی ہیں کہ وہ حالات مقدمہ اور قانون سے ناواقف ہوتے ہیں لیکن چونکہ کورٹ انسپکٹروں کو عدالت ہائے ضلع و سشن میں مقدمات کی پیروی کرنے سے اس قدر فرصت نہیں ملتی کہ وہ عدالت ہائے ڈویژن و تعلقات و مصنفی میں بھی مقدمات کی پیروی کیا کریں اس لئے عام طور پر عدالت ہائے ڈویژن و تحصیلات و مصنفین کو ہدایت کیجاتی ہے کہ حسب منشاء دفعہ (۴۰۸) دستور العمل کوتوالی اضلاع سرکار عالی بابت ۱۳۴۲ ف جمعدار پولس متعلقہ کو جو حالات مقدمہ سے واقف ہو پیروی کی اجازت دیا کریں بشرطیکہ مقدمہ مرجوعہ کی اس نے تفتیش نہ کی ہو۔ فقط

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱۷) فوجداری مورخہ ۲۲ امرداد ۱۳۲۷ ف

مضمون (۲۸۳) ممانعت گداخت سکۂ حالی و سکہ کلدار	نقل بالقبل مراسلہ دفتر فنانس نمبر ۴۵۸ مورخہ

۲۴ تیر ۱۳۲۷ ف منسلکہ مراسلہ محکمہ سرکار ۱۷۱ مورخہ ۱۸ امرداد ۱۳۲۷ ف میں درج ہے کہ "چونکہ ساہوکاران سکہ حالی کو گلا کر اس کی چاندی فروخت کررہے ہیں اس لئے بیشگاہ خسروی سے یہ حکم شرف نفاذ پایا ہے کہ سکۂ حالی یا سکہ کلدار کی گداخت ممنوع قرار دی جائے اور جو شخص اس کی خلاف ورزی کرے وہ گداخت شدہ سکہ کی قیمت کے دہچند جرمانہ اور ایک ماہ قید کا مستوجب ہوگا۔ پس تاریخ اجرائی حکم ہذا سے تعمیل کیجائے" لہذا اجلاس انتظامی مجلس عالیہ عدالت سے بامتثال حکم محکم حکم دیا جاتا ہے کہ حسب منشاء فرمان خداوندی پوری پوری تعمیل کیجائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱۸) فوجداری مورخہ ۲۴ امرداد ۱۳۲۷ ف

مضمون (۲۸۴) نمونہ نمبر (۸۷) واردات اتفاقی منسلکہ گشتی مجلس نشان (۸) فوجداری مورخہ ۷ امرداد ۱۳۱۸ ف میں بعض خانوں کا اضافہ و ترمیم	نمونہ نمبر (۸۷) واردات اتفاقی منسلکہ گشتی مجلس نشان (۸) فوجداری مورخہ ۷ امرداد ۱۳۱۸ ف

سرکار عالی نے تحریک کی کہ بہ مقدمات عدم سراغ پولس کی جانب سے جرم سرزدہ کے رپورٹ باظہار کارروائی پولس پیش ہونے پر عدالتیں عام طور پر بہ طلبی فریقین اُن کے بیانات قلمبند کیا کرتی ہیں جو باعث پریشانی فریقین متصور ہے لہٰذا اس امر کا انتظام فرمایا جائے پس بہ منظوری تحریک مذکور عدالت ہائے ماتحت کو حکم دیا جاتا ہے کہ عام طور پر جملہ مقدمات میں بعد وصول رپورٹ کوتوالی فریقین وشہود کو لازمًا طلب نہ کیا کریں الا اُس صورت میں جبکہ پولس کی پیش کردہ رپورٹ پر شبہ کی معقول وجہ ہو تو اُن وجوہ کو لکھ کر اطمینان حاصل کرنے کے لئے فریقین کو طلب کیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۲۲ فوجداری ۱۱ دیوانی مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۲۷ف

مضمون (۱۸۸) لہٰذا قواعد تحت دفعہ ۴ ضمن (۳) ضابطہ دیوانی نسبت تقرر وکیل سرکار عالی بجائے وکیل مقرر کردہ فریق مقدمات متدائرہ عدالت العالیہ	(۱) گشتی مجلس فوجداری (۲۰) دیوانی (۱۷) مورخہ ۲۸ مہر ۱۲۹۶ف (۲) ہدایت مجلس مورخہ ۴ اسفندار ۱۳۰۴ف (۳) گشتی مجلس

فوجداری (۳۱) دیوانی (۲۰) مورخہ ۲۷ شہریور ۱۳۱۱ف (۴) گشتی مجلس فوجداری (۱) دیوانی (۱) مورخہ ۵ امرداد ۱۳۲۲ف

۱۳۲۳ف

بہ نفاذ اقتدارات حاصلہ مندرجہ دفعہ ۴ ضمن (۳) قانون نشان (۳) بابتہ مجموعہ ضابطہ دیوانی سرکار عالی اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل قواعد منظور اور نافذ کئے جاتے ہیں۔

قواعد تحت دفعہ (۴) ضمن (۳) مجموعہ ضابطہ دیوانی سرکار عالی۔

تحت دفعہ (۴) مجموعہ ضابطہ دیوانی سرکار عالی قواعد ذیل جاری کئے جاتے ہیں

(۱) ہر بیرسٹر یا وہ وکیل جس کا نام فہرست شاملہ میں درج ہے مجاز ہوگا کہ جب وہ کسی مقدمہ متدائرہ عدالت العالیہ میں کسی فریق کی جانب سے وکیل مقرر کیا گیا ہو اور کسی وجہ سے عدالت العالیہ کے اجلاس پر حاضر نہ ہوسکے تو وہ اپنی طرف سے کسی دوسرے وکیل کو اُس مقدمہ میں پیروی کی اجازت دے بشرطیکہ وکیل کی صورت میں اُس کو موکل نے اپنے وکالت نامہ میں دوسرا وکیل مقرر کرنے کی اجازت دی ہو

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۹ مورخہ ۱۳ امرداد سنہ ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۸۵) توضیح گشتی مجلس عدالت فوجداری مورخہ ۶ مرداد سنہ ۱۳۲۶ف نسبت مال لاوارث پایا رقبہ موضع جاگیر دیا پائیگاہ

ایک مقدمہ مال لاوارث علاقہ پائیگاہ کے ضمن میں یہ بحث پیش آئی تھی کہ فرمان مبارک مورخہ ۱۶ ربیع الاول سنہ ۱۳۳۵ھ کا منشاء کیا ہے جس کی توضیح کے لئے بارگاہ خسروی میں عرضداشت پیش کی گئی تھی۔ چنانچہ بذریعہ فرمان واجب الاذعان مورخہ ۱۰ ربیع الاول سنہ ۱۳۳۶ھ جو بمراسلہ محکمہ سرکار نشان (۱۴۵) مورخہ ۱۹ خورداد سنہ ۱۳۲۷ف ارسال ہوا ہے یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ حسب منشاء احکام قانون جائداد لاوارثہ ایسی مال کی ملکیت اگر سرکار کو پہنچتی ہے تو سرکار اس کی مالک ہوگی لیکن اگر مال کسی جاگیر سے متعلق ہے تو بہ پابندی شروط مندرجہ قانون جاگیرداراس کا مالک متصور ہوگا۔ لہذا بہ توضیح گشتی مجلس نشان ۱۸ فوجداری مورخہ ۶ مرداد سنہ ۱۳۲۶ف حکم دیا جاتا ہے کہ حسب منشاء فرمان مبارک تعمیل کی جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان دیوانی ۹ فوجداری ۲۰ مورخہ ۱۹ شہریور سنہ ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۸۶) خلاصہ فرد احکام مسلسل کا مسلوں میں شریک کرنا کلیتاً موقوف کیا گیا

جو خلاصہ فرد احکام مسلسل بلحاظ گشتی مجلس نشان دیوانی (۱۵) و فوجداری (۱۹) مورخہ ۲ مہر سنہ ۱۲۹۶ف مسلہ مقدمات ابتدائی دیوانی و فوجداری و اجرائی ڈگری و بحث ثانی و نگرانی میں لازماً شامل کیا جاتا تھا فرد احکام کی موجودگی میں ایک بیکار شے ہے اور اس سے صیغہ داروں کے کام بلاوجہ طوالت ہوتی ہے اور ضروری وقت ضائع ہوتا ہے لہذا بہ ترمیم گشتی نشان ۱۵/۱۹ بابتہ سنہ ۱۲۹۶ف حکم دیا جاتا ہے کہ خلاصہ فرد احکام مسلسل مندرجہ فقرہ (۱۰) گشتی مذکورہ کا شامل کرنا کلیتاً موقوف کیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۱) مورخہ ۱۶ مہر سنہ ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۸۷) مقدمات ملزم سرسری میں بعد وصول رپورٹ پولیس فریقین و شہود کو لازماً طلب نہ کیا کریں تا وقتیکہ رپورٹ پولیس پرستہ کی معقول وجہ نہ ہو

صدر ناظم صاحب کوتوالی و اضلاع

۳۲	سیری نارائن صاحب	۳۵	قاضی صدیق احمد صاحب
۳۳	کمیت لال صاحب	۳۶	مولوی محمد علی صاحب
۳۴	رائے سرکشن صاحب	۳۷	" محمد ابراہیم صاحب فاروقی

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشانی (۲۳۱) فوجداری مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۸۹) قرار داد طریقہ تعمیل سمن مقدمات فوجداری مابین سرکار عالی و مدراس گورنمنٹ

مدراس گورنمنٹ نے خواہش کی کہ باہمی تعمیل سمن مابین عدالت ہائے فوجداری احاطہ بمبئی و عدالتہائے سرکار عالی میں جس طرح قرار داد ہوئی ہے۔ مدراس گورنمنٹ سے بھی اسی طرح قرار داد ہو جائے پس بشرف صدور فرمان واجب الاذعان سند رجہ مراسلہ محکمہ سیاسی نشان (۲۳۸۷) مورخہ ۸ امرداد شہریور ۱۳۲۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ تمامی نظماء عدالت ہائے فوجداری سرکار عالی و پائیگاہ و جاگیرات راست اُن عدالت ہائے مدراس پریسیڈنسی کے ذریعہ سے جن کے حدود اراضی میں گواہ رہتا ہو بترسیل زر خوراک و سفر خرچ سمن تعمیل کرا سکتے ہیں اور عدالت ہائے مدراس پریسیڈنسی کو بھی اسی طرح راست تعمیل سمن کا اختیار دیا گیا ہے۔ جنکی فہرست بصراحت نام منسلک ہذا ہے پس حسبہٖ عمل ہو۔

فہرست اسمائے عدالت ہائے فوجداری مدراس پریسیڈنسی منسلکہ گشتی مجلس نشان فوجداری (۲۳۱) مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۲۵ف

شہر مدراس

چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ مدراس

ضلع اننتاپور

سشن جج بلاری

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اننتاپور

سب ڈویژنل مجسٹریٹ پنوکنڈا

سب ڈویژنل مجسٹریٹ اننتاپور

" " " گوٹی

دھرماورم

سب ڈویژنل مجسٹریٹ دھرماورم

تعلقہ مجسٹریٹ ہندوپور

" " مڈکاسرا

(۲) ایسی اجازت کی اطلاع وہ وکیل جس کو اجازت دی گئی ہو مجلس عالیہ عدالت کو دیگا

(۳) ایسی اطلاع کے بعد وہ وکیل اس مقدمہ میں بلا وکالت نامہ کے اسی طرح پیروی کرنے کا مجاز ہوگا جس طرح کہ اصل فریق کا مقرر کردہ وکیل مجاز ہوتا ہے۔

(۴) جو فہرست وکلاء مجاز کی فی الحال مرتب ہوئی ہے یا آیندہ مرتب ہو اس میں تغیر و تبدل کا اختیار مجلس عالیہ عدالت کو رہیگا۔

فہرست وکلاء جنکو حسب قواعد مرتبہ تحت دفعہ (۴) ضابطہ دیوانی اجازت دی گئی ہے

نمبر	نام وکلاء	نمبر	نام وکلاء
۱	مولوی سید عزیز حسن صاحب	۱۷	مولوی میر اصغر علی صاحب
۲	" عبد القیوم صاحب	۱۸	" سید مظفر علی صاحب
۳	" خورشید احمد صاحب	۱۹	" سید امیر حسن صاحب
۴	بابو گیا پرشاد صاحب	۲۰	" غیاث الدین صاحب
۵	پنڈت کیشو راؤ صاحب	۲۱	" عنایت حسین خان صاحب
۶	" گرراؤ صاحب	۲۲	رائے ہیم چندر صاحب بی اے
۷	" انباداس راؤ صاحب	۲۳	مولوی محب اللہ صاحب
۸	مولوی سید ابو القاسم صاحب	۲۴	" شاہ مختار احمد صاحب
۹	" سید مبارک حسن صاحب	۲۵	" شیخ احمد حسین صاحب
۱۰	" سید نجم الدین صاحب	۲۶	" شیخ تامن علی صاحب
۱۱	" حاجی محمد رفیع صاحب	۲۷	" عبد العلی صاحب
۱۲	" سید اعجاز حسین صاحب	۲۸	" عبد العلی خان صاحب
۱۳	" سید لطف علی صاحب	۲۹	رائے بشیشور ناتھ صاحب بی۔ اے ایل ایل بی
۱۴	" سید لطف حسن صاحب	۳۰	مولوی مرزا محمود علی بیگ صاحب
۱۵	" فیض الدین صاحب	۳۱	" شیخ صاحب علی صاحب
۱۶	" احمد علی صاحب		

اسسٹنٹ سب مجسٹریٹ ٹنڈیوانم
〃 〃 ولّوپورم
〃 〃 چدمبرم
〃 〃 کڈلور
〃 〃 تروکویلور
〃 〃 وردھاچلم
〃 〃 کاکوریچی
〃 〃 گنجی
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ واڈر
〃 〃 منارگڈی
〃 〃 بھوانہ گری
〃 〃 نیرقی
〃 〃 اولندرپیٹھ
〃 〃 ٹاگوڑی

ضلع بلاری

سشن جج بلاری
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ 〃
مقامی سب ڈویژنل مجسٹریٹ بلاری
〃 〃 ادھونی
〃 〃 ریادرگ
〃 〃 ہاسپیٹ
تعلقہ مجسٹریٹ ریادرگ
〃 〃 ہداگلی
〃 〃 ہرپنہالی
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ بلاری

اسٹیشنری سب مجسٹریٹ ہاسپیٹ
〃 〃 ادھونی
〃 〃 کڈلگی
〃 〃 سروگپا
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ بلاری
〃 〃 ہداگلی
〃 〃 ہرپنہالی

ضلع جنوبی کنارا

سشن جج ساوتھ کنارا منگلور
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ 〃 〃
سب ڈویژنل مجسٹریٹ کونڈاپور
〃 〃 منگلور
〃 〃 پتور
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ منگلور
〃 〃 کاسرگوڈ
〃 〃 داپی ٹن گدی پتور
〃 〃 اودی پی
〃 〃 کنڈاپور
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ ملکی
〃 〃 بانٹوال
〃 〃 ہاس ورگ
〃 〃 بلتنگڈی
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ کرکال

ضلع چنگل پٹ

تعلقہ مجسٹریٹ دھرماورم
〃 〃 کلیان درگ
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ ہنوگنڈا
〃 〃 گوٹی
〃 〃 تدپتری
〃 〃 سکاویری
〃 〃 انتاپور
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ تناکلور
〃 〃 باڈکی
〃 〃 اوراکنڈہ
سررشتہ دار مجسٹریٹ کلیان درگ
〃 〃 دھرماورم
〃 〃 پنندوپور
سررشتہ دار مجسٹریٹ مدکاسرا

ضلع انجنگو

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ انجنگو ترپوندرم
ڈپٹی تحصیلدار و مجسٹریٹ انجنگو
〃 تنگری

ضلع شمالی ارکاٹ

سشن جج چتور
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ولور
سب ڈویژنل مجسٹریٹ ترپتور
〃 〃 ولور
〃 〃 رانی پیٹھ

سب ڈویژنل مجسٹریٹ چییار
〃 〃 ترووناملائی
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ والاجاہ
〃 〃 وندیواش
〃 〃 پولور
〃 〃 امبور
〃 〃 گوڈیاتم
〃 〃 ارکوتم
〃 〃 چییار
〃 〃 ترپتور
〃 〃 ترووناملائی
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ دوسی
〃 〃 کنگندی
〃 〃 ارنی
〃 〃 وانمباڑی
〃 〃 چنگام
〃 〃 دلورپوٹ

ضلع جنوبی ارکاٹ

سشن جج کڈلور
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کڈلور
سب ڈویژنل 〃 〃
〃 〃 تنڈیوانم
〃 〃 چدمبرم
〃 〃 ترکوئیلور

ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ پینہ ورائی
،، ،، کوئمبتور
،، ،، سوپالالم
،، ،، ریتیا سگالم
،، ،، گنگایم
سررشتہ دار مجسٹریٹ ترنیپہ پور
،، ،، اوانا شی
،، ،، کولیگل

ضلع کڈپا

سشن جج کڈپا
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کڈپا
سب ڈویژنل مجسٹریٹ راباچوٹی
،، ،، راجم پیٹھ
،، ،، جمالا مڈوگو
،، ،، کڈپا
تعلقہ مجسٹریٹ پلی وندلا
،، ،، سدہوٹ
،، ،، کمالاپرم
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ پرودا تور
،، ،، راجم پیٹھ
،، ،، کڈپا
،، ،، جمالا مڈوگو
،، ،، بڈویل
،، ،، راباچوٹی
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ چتہ ویلو
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ کڈپا
،، ،، لکی ریڈی پلی
سررشتہ دار مجسٹریٹ پلیو ندلا
،، ،، سدہوٹ
،، ،، کمالاپورم

ضلع گنجام

سشن جج گنجام برہام پور
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ گنجام چترا پور
سب ڈویژنل مجسٹریٹ برہام پور
،، ،، چیکاکول
،، ،، ملی گودا
،، ،، رسل کنڈا
،، ،، چاٹرا پور
تعلقہ مجسٹریٹ ،،
،، ،، پارلکیمیدی
،، ،، اسکا
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ چیکاکول
،، ،، پارلکیمیدی
،، ،، برہام پور
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ کوڈالا
،، ،، واچھاپورم
،، ،، نرساپیٹھ
،، ،، لنگالی
،، ،، سم پیٹا

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سیداپیٹھ
سب ڈویژنل مجسٹریٹ چنگل پیٹ
〃 〃 ترووالور
سب ڈویژنل مجسٹریٹ سیداپیٹھ
اسٹنٹ سب مجسٹریٹ مدورنتاکم
〃 〃 کنجیورم
〃 〃 سیداپیٹھ
〃 〃 ترووالور
〃 〃 چنگلپٹ
〃 〃 پانیری
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ اوتی رامیرو
اسٹنٹ سب مجسٹریٹ سری پرم بدور واقع پوناملی
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ سیتاویڈو

ضلع چتور

سشن جج نارتھ ارکاٹ چتور
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ چتور
سب ڈویژنل مجسٹریٹ 〃
〃 〃 مدناپلی
〃 〃 چندراگیری
تعلقہ مجسٹریٹ تعلقہ پالمانر
اسٹنٹ سب مجسٹریٹ چتور
〃 〃 ترووتی
〃 〃 مدناپلی
اسٹنٹ سب مجسٹریٹ پیلیر

ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ ونکاگری کوٹا
〃 〃 نیگتور
〃 〃 کالاہستی
〃 〃 پیتور
〃 〃 ترووتانی
سررشتہ دار مجسٹریٹ پالماتر

ضلع کویمتور

سشن جج کویمتور
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کویمتور
سب ڈویژنل مجسٹریٹ پولاسی
〃 〃 ایروڈ
〃 〃 کولیگل
〃 〃 گوپی چیٹی پالائم
〃 〃 کویمتور
تعلقہ مجسٹریٹ اداماشی
〃 〃 کولیگل
اسٹنٹ سب مجسٹریٹ ایروڈ
〃 〃 بھوانی
〃 〃 پلاڈم
〃 〃 کویمتور
〃 〃 گوپی چیٹی پالائم
〃 〃 دھاراپورم
〃 〃 پولاچی
〃 〃 اوود مالپیٹھ

اسسٹنٹ سیکرٹری سب مجسٹریٹ انگول
" " گوریزالا
" " نرساراوپیٹھ
" " رپیالی
" " ستینا پلی
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ ینتور
" " منگلاگیری
" " اُدکی
" " مچرلا
سررشتہ دار و مجسٹریٹ ونوکنڈا

ضلع کشنا

سشن جج کشنا مسولی پٹم
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ "
سب ڈویژنل مجسٹریٹ نرساپور
" " بیجواڑہ
" " ایلور
" " گوڈی واڑ
" " مسولی پٹم
" " بھیماورم
" " بیجواڑہ
تعلقہ مجسٹریٹ تندی گاما
اسسٹنٹ سیکرٹری سب مجسٹریٹ نرساپور
" " ٹنوکو
" " بھیماورم

اسسٹنٹ سیکرٹری سب مجسٹریٹ بیجواڑہ
" " گنتاورم
" " ایلور
" " ییرناگوڈم
" " گدی واڑہ
" " بندر
" " کیکالور
" " نیدوی
" " ییسٹاپڑو
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ نتروبیٹر
" " پیوگنڈہ
" " جگیاپیٹھ
" " جنتالاپوڑی
" " پاسرو
" " ترور
سررشتہ دار مجسٹریٹ تندی گاما

ضلع گاما

سشن جج کرنول
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کرنول
سب ڈویژنل مجسٹریٹ نندیال
" " کرنول
" " مرکاپور
سب ڈویژنل مجسٹریٹ ڈہون
" " سموئیل کنسلا

عہدہ	مقام
اسسٹنٹ کمشنری سب مجسٹریٹ	رسل کنڈا
ڈپٹی تحصیلدار "	سراوا
" "	ہل گوڈا
" "	راماگیری
" "	اودیاگیری
سررشتہ دار مجسٹریٹ	برہام پور
" "	چاترا پور
" "	اسکا
اسپشل مجسٹریٹ درجہ اول	رہام پور

ضلع گوداوری

عہدہ	مقام
سشن جج	گوداوری
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ	کوکناڈہ
سب ڈویژنل مجسٹریٹ	راجمندری
" "	بھدراچلم
" "	پولاورم
" "	پڈاپور
" "	کوکناڈا
تعلقہ مجسٹریٹ	بھدراچلم
"	نوگور
اسسٹنٹ کمشنری سب مجسٹریٹ	رامچندراپورم
" "	امالاپورم
" "	راجمندری
" "	پڈاپورم
" "	کوکناڈہ
اسسٹنٹ کمشنری سب مجسٹریٹ	رارول
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ	الامور
" "	بیکاولو
" "	ممی دیورم
" "	پراتی پڈو
" "	کورنگا
" "	کتاپیٹھ
" "	پولاورم
" "	چوداورم
" "	بلاورم
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ	پتھاپورم
" "	ٹونی
سررشتہ دار مجسٹریٹ	بھدراچلم

ضلع گنتور

عہدہ	مقام
سشن جج	گنتور
ڈسٹرکٹ جج	گنتور
سب ڈویژنل مجسٹریٹ	انگول
" "	نرساراؤپیٹھ
" "	تنالی
" "	گنتور
تعلقہ مجسٹریٹ	وینوکنڈہ
اسسٹنٹ کمشنری سب مجسٹریٹ	تنالی
" "	باپٹلا
" "	گنتور

سب ڈویژنل مجسٹریٹ کمبا کونم
״ ״ میاورم
״ ״ منار گوڑی
״ ״ پٹو کوٹائی
تعلقہ مجسٹریٹ ارانتنگی
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ تیانجور
״ ״ کمبا کونم
״ ״ پپلم
״ ״ نگاپٹم
״ ״ میاورم
״ ״ پاپاناسم
״ ״ تروتواری پیٹری
״ ״ پٹی کوٹائی
״ ״ منار گوڑی
״ ״ شیالی
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ تروواڑی
״ ״ تروواڑامرودور
״ ״ کوڑاواسل
״ ״ ولن گیمان
״ ״ تروواڈور
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ ٹرانکوئی بار
״ ״ ودرانیم
״ ״ پزانانگل
سررشتہ دار مجسٹریٹ ارانتنگی

ضلع تناولی

سشن جج تناولی
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ تناولی
سب ڈویژنل مجسٹریٹ ٹیوٹی کیورن
״ ״ سرمادیوی
״ ״ ٹنناولی
״ ״ کوئل پٹی
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ تناولی
״ ״ نانگونیری
״ ״ امباسامدرم
״ ״ ٹینکاسی
״ ״ سنکرانینار کوئل
״ ״ کوئل پٹی
״ ״ ترچندور
״ ״ سریوی کنٹم
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ پالم کوٹہ
״ ״ رادھاپورم
״ ״ ٹیوٹی کورن
״ ״ ولاتی کلم
״ ״ ستن کلم

ضلع ترچناپلی

سشن جج ترچناپلی
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ״
سب ڈویژنل مجسٹریٹ سکارودہ

ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ اڈیکنڈ
〃 〃 گڈلور
سررشتہ دار مجسٹریٹ 〃

ضلع رامناڈ

سشن جج رامناڈ مدورا
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ 〃
سب ڈویژنل مجسٹریٹ رامناڈ
〃 〃 دیواکوٹائی
〃 〃 سیواکاسی
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ سری ولی پتور
〃 〃 پتور
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ دتراپ
〃 〃 وینیرو ویٹی
تحصیلدار 〃 رامناڈ
〃 〃 سیواگنگا
〃 〃 ترو پتور
ڈپٹی 〃 〃 ترو وادتائی
〃 〃 〃 اربیکوٹائی
〃 〃 〃 مڈوکولاتور
〃 〃 〃 پرااماکوڈی

ضلع سیلم

سشن جج سیلم
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سیلم
سب ڈویژنل مجسٹریٹ ہوسر

سب ڈویژنل مجسٹریٹ دھرماپوری
〃 〃 سیلم
〃 〃 سنکری درگ
تعلقہ مجسٹریٹ اوتنگرائے
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ سیلم
〃 〃 اتور
〃 〃 امالور
〃 〃 کرستناگیری
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ ہوسر
〃 〃 دھرماپوری
〃 〃 تروچنگوڈ
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ سیلم
〃 〃 یرکاڈ
〃 〃 سنکری درگ
〃 〃 ڈنکنی کوٹا
〃 〃 پناگارم
〃 〃 ہارور
〃 〃 راسی پور
سررشتہ دار مجسٹریٹ آتنگری

ضلع ٹیانجور

سشن جج ٹیانجور
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ 〃
سب ڈویژنل 〃
〃 〃 نگاپٹم

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۴ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۲۶ مہر ۱۳۲۷ف

مضمون (۲۹) ترمیم گشتیات مجلس عالیہ فوجداری ۱۰ / دیوانی ۹ مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳۱۴ف و نشان فوجداری ۲۳۲ / دیوانی ۲۶ مورخہ ۲ خورداد ۱۳۱۵ف بابت موقوفی تختہ وجوہ التواء مقدمات

عدالت دیوانی ضلع ۔۔۔ نے تحریک کی کہ بہ موقوفی تختہ وجوہ التواء ماہانہ سہ ماہی تختہ وجوہ التواء برقرار رکھوا جائے اس لئے کہ کثرت کار اور قلت عملہ کے باعث اس معمولی تخفیف سے کام میں سہولت ہوگی۔ چونکہ اس کی منظوری میں کسی قسم کا ہرج کار متصور نہ تھا اور مقدمات ملتویہ کے وجوہ التواء سہ ماہی تختہ جات سے بخوبی دریافت ہوسکتے تھے لہذا بہ ترمیم گشتیات مجلس نشان (۱۰) فوجداری (۹) دیوانی مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳۱۴ف و نشان (۲۳۲) فوجداری (۲۶) دیوانی مورخہ ۲ خورداد ۱۳۱۵ف حکم دیا جاتا ہے کہ تختہ وجوہ التواء ماہانہ کی روانگی موقوف کی جائے اور سہ ماہی تختہ وجوہ التوائے مقدمات حسب دستور عدالت ہائے ماتحت سے عدالت ہائے ما فوق میں ارسال ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۵) مورخہ ۱۶ آبان ۱۳۲۷ف

مضمون (۱۹۱) ترمیم خانہ ۹ گوشوارہ فیصلہ منسلکہ گشتی مجلس نشان ۱۶ فوجداری مورخہ ۵ خورداد ۱۲۹۵ف

صدر عدالت صوبہ اورنگ آباد نے بذریعہ مراسلہ نشان (۵۵۹) مورخہ ۴ مہر دی ۱۳۲۵ف عدالتہائے ماتحت صوبہ کو یہ ہدایت دی تھی کہ گوشوارہ فیصلہ کے خانہ (۹) میں صراحت لکھا جایا کرے کہ ملزم رہا تھا یا زیر حراست بصورت رہائی اگر مچلکہ و ضمانت پر رہا ہے تو اس کی تعداد کیا ہے۔ چونکہ اس اضافہ سے گوشوارہ فیصلہ منسلکہ گشتی مجلس نشان (۱۶) فوجداری مورخہ ۵ خورداد ۱۲۹۵ف کے خانہ (۹) میں ترمیم لازم آتی تھی لہذا باخذ آرا صدر عدالتہائے اسنات بہ ترمیم گشتی محولہ بالا حکم دیا جاتا ہے کہ گوشوارہ فیصلہ کے خانہ (۹) کی مندرجہ عبارت یہ ہوگی "کیفیت اس امر کی کہ ماخوذین تاریخ گرفتاری سے مقید ہیں یا مچلکہ یا ضمانت پر رہا ہیں بصورت ثانی مچلکہ و ضمانت اس کی تعداد کیا ہے" جس پر عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۶ / دیوانی ۱۳ مورخہ ۲۷ آبان ۱۳۲۷ف

عہدہ	مقام
سب ڈویژنل مجسٹریٹ	ترچناپلی
" "	ارناپور
" "	نانک کل
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ	ترچناپلی
" "	موسیری
"	کولٹالائی
"	سکارور
	آکاٹ کل
	پریاسیلور
	اودیارپالیم
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ	ترچناپلی
" "	لال گوڑی
"	ترسے پر
" "	ناتایرائی
"	ارادنکوراچی
"	یاراتھی
	اریالور

ضلع ویزیاگاپٹم

عہدہ	مقام
سشن جج	ویزیاگاپٹم
ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ	"
سب ڈویژنل مجسٹریٹ	وجیاگرم
" "	پاروتی پورم
	نرساپٹم
سب ڈویژنل مجسٹریٹ	کوراپٹ
"	ویزیاگاپٹم
اسٹیشنری سب مجسٹریٹ	پالکنڈا
" "	گنوپور
" "	جیپور
" "	کوراپٹ
" "	پلاتچپلی
" "	ایاگھاڑا
" "	مال کنگری
" "	پوتانگی
" "	پاڑوا
" "	بیس سی موٹک
" "	گولکنڈہ
اڈیشنل سب مجسٹریٹ	گنوپور
" "	جیپور
ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ	سالورو
" "	گچیتی ناگارم
" "	جیورولی
" "	سرنگاوراپکوٹہ
" "	اناکاپلی
" "	یولی
" "	پچوادرم
" "	بلی پٹنم
" "	وجیانگرم
" "	پاروتی پورم
" "	نور بگنور
" "	ویزیاگاپٹم

دوراں کے شمار کرنے میں وہ زمانہ بھی جو پولیس ہر گرفت سے عدالت کے روبرو آیا ہے حالانکہ جب تک ملزم تحویل عدالت میں نہ آجائے اس وقت تک شمار از عدالت کی ذمہ داری سے علیحدہ رکھا جاتا ہے لہذا ہیئت گشتی مجلس نمبر ۹ فوجداری مورخہ ۵ بہمن ۱۳۲۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ مقدمات فوجداری کا دوران حسب طریقہ ذیل شمار کیا جائے

(۱) بصورت استغاثہ تاریخ استغاثہ سے (۲) بصورت چالان اس تاریخ سے جبکہ چالان عدالت میں پیش ہو۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ / دیوانی ۳ مورخہ ۱۱ امرداد ۱۳۲۸ف

مضمون (۱۵ / ۲۱) (۱۵) قواعد ضبطی کارکنان | قواعد ضبطی کارکنان مجلس عالیہ عدالت بجہول منظوری سرکار عالی مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۲۴۴۰) مورخہ ۲۶ آذر ۱۳۲۸ف نافذ و شائع کئے جاتے ہیں پس بموجب قواعد عمل کیا جائے۔

قواعد ضبطی کارکنان

ہرگاہ ضبطی کارکنوں کی کارروائی کے متعلق قواعد کے ترتیب کی ضرورت ہے پس بہ منظوری سرکار حسب ذیل حکم ہوتا ہے۔

دفعہ ۱ یہ قواعد ضبطی کارکنان کے نام سے موسوم اور یکم امرداد ۱۳۲۸ف سے تمام ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوں گے۔

دفعہ ۲ احکام سابقہ متعلقہ کارروائی ضبطی کارکنان جہاں تک کہ قواعد ہذا کے مخالف ہیں منسوخ سمجھے جائیں گے۔

دفعہ ۳ اگر مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف نہ ہو۔

منتظم کے مفہوم میں اس کا مددگار۔ سررشتہ دار۔ نائب سررشتہ دار نیز ہر وہ اہلکار داخل ہوگا جس کو حاکم عدالت تعمیل فرائض منتظم متذکرہ قواعد ہذا کا حکم دے۔

ناظر کے مفہوم میں اس کا نائب اور ہر وہ اہلکار داخل ہوگا جس کو عدالت تعمیل فرائض ناظر کا حکم دے۔

فریقین کے مفہوم میں ان کا پیرو کار بھی داخل ہوگا۔

حکمنامہ کے مفہوم میں ہر حکم تحریری جو عدالت ضبطی کارکن کو دفعہ نمبر ۱ مقدمہ ۲۰۰ ، ۱۱ ۱۳۲۴ف ... کے ... ہو

مضمون (۲۹۱) ترمیم گشتی مجلس ۱۵ فوجداری سنہ ۱۳۱۲ف درباب اسکے قدیم لایق تبدیل اول وقت تبدیل ہوا کریں — دیکھا گیا ہے کہ عدالتوں میں مقدمات بہ متابعت گشتی مجلس (۱۵) فوجداری (۱۵) دیوانی مورخہ ۲۶ آبان ۱۳۱۲ف بہ ترتیب فہرست پیشی مقدمات پیش ہوا کرتے ہیں لیکن ان میں جو مقدمات بہ بدلنے حکام بوجوہ لایق تبدیل ہوتے ہیں ان مقدمات کو تا پیشی مقدمہ واضرا اجلاس رہنا پڑتا ہے اور حکام بھی اس خیال سے کہ دیگر مقدمات میں (۱) کو کارروائی کرنی ہے مقدمات پیش شدہ میں عجلت سے کام لیتے ہیں اگر حکام کو مقدمات قابل تبدیل کا جلد علم ہو جایا کرے تو باقی مقدمات کی سماعت و تجویز میں کو نہ سہولت ہو جائیگی اور اہل مقدمات کو انتظار کی زحمت نہ برداشت کرنی پڑیگی - لہذا بہ ترمیم گشتی محولہ حکم دیا جاتا ہے کہ ایسے مقدمات قابل تبدیل کی نسبت اجلاس کے شروع کرنے وقت جب حکام کو ان کا علم ہو تو بہ اس جانب دلائی جایا کرے تو ان مقدمات کی تاریخ کے تبدیل کا حکم دیدیا کریں اور جو مقدمات مکمل ہوں ان کی سماعت میں حسب ترتیب فہرست مصروف ہوا کریں۔ تعمیل سمن یا دیگر احکام میں اگر کسی فریق کی غفلت یا قصور معلوم ہو تو اس کے تدارک کی نسبت اول ہی وقت حکم مناسب دیا جا سکتا ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) دیوانی (۲) مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۲۵ف

مضمون (۲۹۳) ترمیم گشتی مجلس ۱ مورخہ ۲۶ اسفندار سنہ ۱۳۱۲ف درباب عہدہ داران عدالت اندرون ملک سرکار عالی یا بیرون ملک سرکار عالی جائیں تو عدالت العالیہ کو اطلاع دیا کریں — گشتی مجلس ۱ فوجداری دیوانی مورخہ ۲۶ اسفندار ۱۳۲۶ف کے ذریعہ سے عہدہ داران عدالت کو اپنے بلدہ آنے کی اطلاع عدالت العالیہ میں دینی لازم قرار دی گئی ہے - لیکن اگر عہدہ داران مذکور سوا وہ بلدہ کے کسی اور مقام پر جائیں تو اس کے متعلق کوئی صراحت نہیں ہے لہذا بہ ترمیم گشتی محولہ بالا حکم دیا جاتا ہے کہ عہدہ داران عدالت بلدہ میں یا ممالک محروسہ سرکار عالی کے کسی اور مقام پر یا اس کے باہر جائیں تو اس صورت میں بھی عدالت العالیہ کو اطلاع دینا عہدہ داران مذکور پر لازم ہوگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۲۸ف

مضمون (۲۹۴) طریقہ شمار ایام دوران مقدمات فوجداری تشریح گشتی مجلس ۹ مورخہ ۸ بہمن ۱۳۲۷ف — چونکہ تاریخ گرفتاری ملزم

دفعہ ۱۰ اگر باوجود حاضری فریق ضبطی کارکن تعمیل حکم میں غفلت یا عذر کرے تو فریق ذی غرض اُس کی اطلاع حاکم عدالت کو دیگا۔

دفعہ ۱۱ یہ معلوم ہونے کے لئے کہ ضبطی کارکن نے غفلت نہیں کی اور تعمیل بطور مناسب ہوئی ہر ضبطی کارکن حسب نمونہ الف و ب رجسٹر رکھے گا۔ اور اُن میں ضروری اندراجات کر بیگا اور ناظر عموماً ہر مہینہ کے ختم پر (اور درمیان میں جب ضرورت سمجھے) ان رجسٹروں کی جانچ کر کے حسب ذیل امور کی بابت یادداشت لکھے گا۔

۱۔ اندراجات صحیح ہیں۔

۲۔ تعمیل حکم بطور صحیح بلا غفلت و تساہل ہوئی ہے اگر ناظر کو امور بالا کے متعلق کوئی غلطی یا نقص معلوم ہو تو اُس کے متعلق حاکم کو رپورٹ کریگا۔

دفعہ ۱۲ ہر حکم کی تعمیل ضبطی کارکن بلا تعویق بہ ضرور ہی حسب احکام مجموعہ ضابطہ دیوانی سرکار عالی و قواعد ہذا و ہدایت عدالت (اگر کوئی ہو) کیا کرے گا۔

دفعہ ۱۳ عموماً ضبطی کارکن تعمیل حکم روبرو اُن بیچوں کے کریگا جو ... طلب کئے گئے ہوں لیکن اگر بیچوں کی طلبی میں تعویق اور اسرار تعمیل کے فوت ہونے کا اندیشہ ہو تو ضبطی کارکن اُس کے متعلق فریق (عرض مسد) کا بیان اور معمولی طریقہ کے ترک کی وجہ لکھ کر صرف اُس قدر کارروائی کریگا جس کا کرنا فوراً ضروری ہو اور باقی کارروائی بیچوں کو طلب کر کے اُن کے مواجہہ میں کرے گا۔

دفعہ ۱۴ اگر تعمیل حکم جائداد غیر منقولہ کے متعلق ہے تو

۱۔ ضبطی کارکن اس امر کے متعلق اطمینان کریگا کہ وہ جائداد وہی ہے جسکے متعلق حکم ہے

۲۔ اگر قرقی مقصود ہے تو حکم نامہ قرقی اُس جائداد کے کسی نمایاں حصہ پر نصب کریگا۔

۳۔ اگر ایسی جائداد کی دخلدہانی مطلوب ہو جو کسی اسامی یا کرایہ دار یا ٹھیکہ دار یا کسی اور مستحق قبضہ کے دخل میں ہو تو ضبطی کارکن اولاً اُس قابض جائداد کو (اگر وہ موجود ہو) حکم قبضہ دہانی کی اطلاع دیگا۔ اور اُس پر اُس کے دستخط لے گا۔ اور حکم کو کسی نمایاں حصہ جائداد پر نصب کریگا۔

۴۔ اگر دخلدہانی بذریعہ تخلیہ قابض موجودہ مقصود ہو تو اُس کا تخلیہ کرانے کے بعد اُس پر

دفعہ ۴ ہر دو موجودہ ضبطی کارکن اور آیندہ جو ضبطی کارکن مقرر ہو اس کی نسبت حاکم عدالت یہ اطمینان کرلیگا کہ وہ باب ۸ و ۲۳ و دفعہ ۱۲۵ تا ۱۴۲ و ۱۹۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی سرکار عالی اور قواعد ہذا کو بخوبی سمجھتا ہے اور اس کے مطالب اس کو یاد ہیں اور جس ضبطی کارکن کی نسبت باوجود اعطائے مہلت ان امور کا اطمینان نہ ہو موقوف کیا جائیگا۔

دفعہ ۵ ضبطی کارکن کو ہر حکم نامہ بااخذ رسید (جس میں نوعیت و تاریخ حکم اور اس کے منسلکات اور تاریخ و وقت وصول احکام تعمیل طلب درج ہوگا) دیا جائیگا۔

دفعہ ۶ ضبطی کارکن کی کارروائی کا نگران ناظر رہیگا اور ضبطی کارکن کی کارروائی اس کے متعلق رپورٹ دیگر اس کے کہ تعویق موجب ہرج و نقصان ہو ناظر بتوسط منصرم حاکم عدالت کے سامنے پیش کیا کریگا۔

دفعہ ۷ باتباع قواعد ہذا پنچنامہ ہوگا اس کے لئے حتی الامکان ضرور ہے کہ۔

۱۔ پنچوں کی تعداد ۵ یا ۳ ہو

۲۔ حتی الامکان پنچ اسی موضع کے ہونگے جس کے کسی باشندے یا جہاں کے موقوعہ جائداد کے متعلق کارروائی تعمیل طلب ہو۔

۳۔ پٹیل و پٹواری بھی پنچ ہوں گے۔

۴۔ حد امکان پنچ خواندہ ہونے چاہئیں۔

۵۔ پنچنامہ خواندہ پنچ سے لکھوایا جائیگا۔

دفعہ ۸ پنچنامہ کے رسید۔ فہرست اقرار اور ضمانت نامہ پر پنچوں اور دیگر بیدار اور مدیوان کے (اگر موجود ہوں) دستخط لیجائیگی اور ذیل میں یہ تصدیق لیجائیگی کہ ان میں سے فلاں فلاں نے خود پڑھکر اور فلاں فلاں نے اس کا مضمون سنکر اور سمجھکر اس کی واقعیت و صحت تسلیم کی ہے۔ بعد ضبطی کارکن خود بھی اس پر دستخط کریگا۔

دفعہ ۹ بلحاظ نوعیت حکم یا ہدایت عدالت اگر ضرورت نشاندہی یا کسی فریق کی ہمراہی یا موجودگی کی ہو تو بجز اس کے کہ حاکم عدالت کوئی اور ہدایت کرے۔ وصول حکم متذکرہ دفعہ (۵) سے بعد (۳) دن تک ضبطی کارکن فریق کا انتظار کریگا۔ اس کے بعد بصورت عدم حاضری تحریری رپورٹ کرے گا۔

(دوسری جگہ) گرفتاری کے لئے جبر کرنا یا باندھنا ضروری نہیں ہے صرف محض جسم کو چھو لینا کافی ہے لیکن اگر شخص (دگر فتاری طلب) اپنی گرفتاری میں مزاحمت کرے یا مزاحمت کا اندیشہ ہو تا وقتیکہ ضرورت بذریعہ سابق یا استعمال جبر کرے اس کو اس طرح اپنے قابو میں کرنا چاہئے کہ اندیشہ فرار باقی نہ رہے۔

دفعہ ۱۵۱ — اگر حکم کسی جائداد منقولہ کے ہو تو —

ا۔ حتی الامکان (د) ایسی احتیاط کریگا کہ جائداد کو کوئی پوشیدہ یا بغرض پوشیدگی یا بطور مزاحمت منتقل نہ کرسکے کہ جس سے اغراض تعمیل حکم میں خلل آسکے۔

۱۔ مال مقروقہ کی فہرست مرتب کریگا۔

۳۔ اور مال مقروقہ کی نسبت حسب حکم تعمیل طلب عمل کریگا۔

۴۔ اگر مال مقروقہ زیورات نقرئی یا طلائی یا جواہرات یا اور قیمتی اشیاء ہوں تو اسکی کانوپیٹا اس طرح لیجائیگی کہ اس میں کسی تغیر و تبدل وغیرہ کا اندیشہ نہ رہے اور اس پر پنچوں اور ڈگریدار اور مدیون کی (اگر موجود ہوں) دستخط لیجائے گی۔

۵۔ اگر بلحاظ حیثیت مال و بعذر راہ یا کسی دوسری وجہ سے تحفظ مال کی ضرورت ہو تو جہاں تک ممکن ہو پولیس ورنہ پٹیل و پٹواری سے بقدر ضرورت ضبطی کارکن مدد لے گا۔ جس کے مصارف حسب تجویز عدالت ڈگریدار کے ذمہ ہوں گے۔

اگر پولیس اور پٹیل و پٹواری سے حصول مدد ممکن نہ ہو تو ڈگریدار ایسا ضروری انتظام کریگا کہ ضبطی کارکن بہ حفاظت تمام اس مال کی نسبت حکم کی تعمیل کرسکے۔

الف پولیس اور پٹیل و پٹواری پر لازم ہوگا کہ عند الطلب ضبطی کارکن باغراض حفاظت مدد دیں۔

۶۔ اگر مال ایسا ہو کہ اس کو حسب ہدایت یا رضامندی فریقین کے امانتاً تحویل میں دینے کی ضرورت ہو تو مال مذکور پٹیل یا پٹواری یا دونوں کے جیسا مناسب ہو باخذ اقرار نامہ و رسید حوالہ کیا جائیگا اور ممکن ہوگا تو محول الیہ مال سے ضمانت لے گا۔

۷۔ جب مال مقروقہ کے جلد ضائع یا تلف یا بوجہ خرابی قیمت کے کم ہو جانے کا اندیشہ ہو تو ضبطی کارکن کو عموماً رپورٹ قرقی میں اس امر کی وضاحت و صراحت کے

ڈگریدار کو دخل دیگا۔ اور حکمنامہ کو کسی نمایاں حصۂ جائداد متعلقہ پر نصب کریگا۔

تشریح۔ متعلقہ ضمن (۲) تخلیہ قابض کے ساتھ ساتھ وہ سامان یا اشیاء کسی امر مقام سے ہٹادی جائیں گی جو شریک حکم نامہ نہیں ہیں اور جن پر قبضہ دلانا مقصود نہیں ہے اور اگر قابض مقام وہاں سے اُن اشیاء کو منتقل نہ کرے یا منتقل نہ کرنے دے تو ضبطی کا رکن اُن کی فہرست اُسی طریقہ پر جو تحریر فہرست کے متعلق محکوم ہے لکھے گا اور نقل وتحویل اُن کی مثل جائداد منقولہ مقرقی کے کرے گا۔

۵۔ صورت ہائے مذکورہ ۲۔۳۔۴۔۵۔ میں تعمیل حکم کا بہ ضرب دہل مقام تعمیل میں اور اس موضع یا محلہ میں اعلان کرائے گا۔

۶۔ اگر کسی جائداد غیر منقولہ کے متعلق کسی حکم امتناعی کی تعمیل یا کسی امر کے کرنے کا حکم دینا مقصود ہو تو محکوم الیہ کو حکم عدالت بہ زبان ہندوستانی سنا اور سمجھا کر یا اگر وہ خود اس کو پڑھ لینا چاہے تو اس کو حکم پڑھنے کا موقعہ دیکر حکم مذکور جائداد متعلقہ کے کسی نمایاں حصہ پر نصب کرے گا

۷۔ اگر جائداد غیر منقولہ کے متعلق کوئی اور حکم تعمیل طلب ہو تو اس کی تعمیل بعد اطلاع مدیون (اگر موجود ہو) کرے گا۔

دفعہ ۱۵ اگر حکم متعلق کسی انسان کے ہو یعنے

۱۔ اگر زوجہ دلانے کا حکم ہو اور زوجہ بالغہ ہو تو اس کو ورنہ جس کے وہ قبضہ واختیار میں ہو (اُس کی موجودگی کی صورت میں) اطلاع دے گا کہ وہ حسب الحکم ڈگریدار کے پاس چلی جائے یا حوالہ کردی جائے اگر وہ راضی نہ ہو تو پھر اس کو ڈگریدار کے حوالہ کریگا۔ زوجہ مذکور کے پردہ نشین ہونے کی حالت میں حتی الامکان اس طرح عمل کرے گا کہ اسکی پردہ نشینی میں خلل نہ آئے۔

۲۔ اگر حکم کسی بچہ کو دلانے کے لئے ہو تو اس شخص کو جس کے وہ قبض واختیار میں ہو (اگر موجود ہو) اطلاع دیکر بچہ کو ڈگریدار کے حوالہ کریگا۔ اگر وہ بچہ کوئی لڑکی ہو جو بلحاظ سن پردہ نشین ہو تو حتی الامکان اس کی پردہ نشینی کا خیال رکھیگا کہ اسکی پردہ نشینی میں خلل نہ آئے۔

تشریح پردہ نشینی کا سن (۹) سال کے ختم پر سمجھا جائے گا۔

۳۔ اگر کسی انسان کی گرفتاری کا حکم ہو تو اس کی تعمیل حسب الحکم اس طرح کرے گا کہ اس کو حکم سے مطلع کریگا اور اس کو گرفتار کرے گا۔

سامنے پیش کریگا اور حسب تجویز حاکم عدالت عمل کرے گا اور اگر ضبطی کارکن کی رائے میں کسی وجہ سے
قیمت مناسب نہ آئی ہو تو اُس کی رپورٹ مع بیان فریقین (اگر کچھ ہو) لکھ کر حاکم عدالت
کے سامنے پیش کرے گا اور حسب تجویز حاکم عدالت عمل کرے گا۔

دفعہ ۲۰ اگر جائداد نیلام شدنی مال منقولہ ہو اور مقام نیلام عدالت یا مقام حاکم عدالت سے
اس قدر بعید ہو کہ وقت پر بہ آسانی استصواب نہ کیا جا سکے تو عدالت بوقت صدور حکم نیلام
ایسی ضروری ہدایت کر دیگی کہ کس قدر قیمت آنے پر کون کون شئے ضبطی کارکن نیلام کر دیگا
اور بموجب اس ہدایت کے ضبطی کارکن نیلام ختم کا مجاز ہوگا اور قیمت کے آنے پر ضبطی
کارکن اُس شئے کا نیلام ختم کر دے گا اور اگر ایسی ہدایت نہ ہو تو ضبطی کارکن بجز اس کے
کہ ایسی شئے نیلام طلب ہو کہ جس کی قیمت کا تخمینہ دس روپیہ سے زیادہ نہ ہو تو تخمینی قیمت
آجانے پر اور اضافہ کی امید نہ ہونے پر اُس کا نیلام ختم کرے گا مابقی ہر صورت میں
بعد اجازت حاکم عدالت ختم کریگا اگر کئی خریداروں کے مساوی بولی ہو تو اُس شخص کی بولی
قبول ہوگی جس کی بولی مقدم ہو۔

دفعہ ۲۱ اگر مال قرقی طلب زراعت یا فصل استادہ یا درختوں کا ثمرہ ہو جس کا ابھی
درو کرنا یا توڑا جانا نامناسب ہو تو اُس کی قرقی بذریعہ اعلان بضرب دہل و نصب حکم ال
میں آ گئی اور اس کا انتظام تحفظ بذریعہ پٹیل و پٹواری کیے اور اگر اُن کے ذریعہ سے ممکن نہ ہو
تو بتقرر شحنہ (محافظ) ضبطی کارکن کرے گا جس کے مصارف کی ذمہ داری ڈگریدار پر ہوگی۔

دفعہ ۲۲ اگر مال مندرجہ دفعہ (۲۲) نیلام طلب ہو تو بعد نیلام اُسی حالت موجودہ میں خریدار
نیلام سے زرثمن نیلام وصول کر کے مال نیلام شدہ ضبطی کارکن با حاضری مشتری کے حوالہ کریگا

دفعہ ۲۳ اگر کسی جائداد کے متعلق کوئی شخص عذر دار ہو تو اُس کا عذر ضبطی کارکن لکھ کر
اُس پر عذر دار کے دستخط لے گا۔

دفعہ ۲۴ ہر نیلام کے متعلق ہراج پٹی حسب نمونہ (   ) ضبطی کارکن دوران نیلام
میں رکھے گا۔

دفعہ ۲۵ جائداد غیر منقولہ کے متعلق ¼ قیمت اُس خریدار سے لیگا جسکے نام نیلام ختم ہوگا

دفعہ ۲۶ مال منقولہ کے متعلق اُس شخص سے جس کے نام نیلام ختم ہو قیمت لے کر شئے

ساتھ اطمینان کرنا چاہیے اور اگر یہ اندیشہ ہو کہ عدالت میں رپورٹ پیش ہونے کے قبل ہی مال ضائع یا تلف ہو جائیگا یا ایسا خراب ہو جائے گا کہ قیمت یقیناً کم ہو جائے گی تو اس کے متعلق فریقین کا (اگر موجود ہوں) بیان اور پنچوں کی رائے لیکر فوراً نیلام کر دینا چاہیے اور رپورٹ میں تصدیق پنچوں اور فریقین کے (اگر موجود ہوں) رسم نیلام کی درج ہونا چاہیے۔

دفعہ ۱۷ اگر مال قرقی طلب مویشی ہو یا اور کوئی صورت ایسی ہو کہ بروقت قرقی معلوم ہو کہ مصارف خوراک وغیرہ جو ڈگریدار نے داخل کئے ہیں وہ کافی نہیں ہیں تو ضبطی کارکن رسید دیکر زائد مصارف ڈگریدار سے لے گا اور مفصل حساب اس کا عدالت میں پیش کریگا جس کے واجبی یا ناواجبی ہونے کی تنقیح عدالت کرے گی۔

دفعہ ۱۸ اگر مال قرقی طلب از قسم دستاویزات یا بہی جات و کتب ہو تو اس کو ضبطی کارکن قرق کرکے اس کی اس طرح گٹھڑی کرے گا کہ پھر اس میں کوئی کمی و بیشی یا اندراج نہ ہو سکے اور اس گٹھڑی پر ڈگریدار اور مدیون (اگر موجود ہوں) اور پنچوں کے دستخط لیے جائیں گے۔

دفعہ ۱۹ اگر تعمیل حکم بذریعہ نیلام ہونا چاہیے اور

۱ نیلام مدنی جائداد غیر منقولہ ہے تو ضبطی کارکن پہلے مقام نیلام پر پہنچکر اس کا اطمینان کر لے گا کہ

الف اعلان بطور کافی ہو گیا ہے اور کوئی غیر معمولی یا اتفاقی امر ایسا پیش نہیں آیا ہے کہ جو زیادہ خریداروں کے آنے کا مانع ہوا ہو۔

ب جائداد جس کو وہ نیلام کرنا چاہتا ہے وہی ہے جس کے متعلق نیلام کا حکم ہے اور ان امور کی کارروائی نیلام میں ضبطی کارکن لکھے گا۔

۲ اگر خریدار جائداد زیر نیلام شدنی کو یا اس کے متعلق کسی وثیقہ موجودہ متمولہ مثل کو دیکھنا چاہے یا کوئی امر معلوم کرنا چاہے اور وہ مثل موجودہ سے معلوم ہو سکتا ہو تو ضبطی کارکن جائداد مذکور یا اس کے متعلق وثیقہ دکھلائے گا۔

۳ اگر ضبطی کارکن کی رائے میں بلحاظ تخمینہ یا حالت مقامی و دیگر حالات کے آخر بولی ایسی آئی ہے کہ نیلام ختم کرنا چاہیے تو وہ بولی پر نیلام کو رکھ کر ایک رپورٹ جس میں تاریخ و مقام و کیفیت تعداد و حیثیت حضار اور اخیر بولی کی مقدار اور اس کی نسبت فریقین مقدمہ کا اگر کوئی بیان ہو تو اس کو لکھ کر معہ اپنی رائے اور ہر اجتی کے حاکم عدالت کے

۱۵- پنچنامہ تعمیل متعلق کاغذات دکتب حساب حسب نمونہ (ق)
۱۶- فہرست کاغذات وغیرہ حسب نمونہ (ر)
۱۷- پنچنامہ متعلق مویشی حسب نمونہ (ش)
۱۸- فہرست مویشی حسب نمونہ (ت)
۱۹- اقرار مویشی جس کے سپرد ہو حسب نمونہ (ث)

حرف (ج)

نمونہ حرف (ج) پنچنامہ عذرداری شخص عذردار حسب قاعدہ قواعد ضبطی کارکنان ہم پنچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی کارکن عدالت - - - - - بذریعہ وارنٹ قرقی نمبری ( ) مورخہ ماہ سنہ ۱۳ف بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ڈگریدار بنام مدیون موضع تعلقہ ضلع میں بتاریخ ماہ سنہ ۱۳ف آیا اور اس نے حسب نشاندہی ڈگریدار مدیون کی جائداد ہمارے مواجہ میں قرق کرنی شروع کی یا قرقی کی لیکن اور ڈگریدار نے یہ عذر کیا کہ اس وجہ سے کارکن نے اس کی قرقی عدالت کے حکم ثانی پر ملتوی رکھی - المرقوم ماہ سنہ ۱۳ف دستخط پنچان

ھدایت - جبکہ ڈگریدار کسی ایسی جائداد کی نشاندہی کرے جو بقبضہ مدیون نہ ہو بلکہ بہ قبضہ شخص ثالث ہو اور شخص ثالث عذر کرے تو عذر کا پنچنامہ کرلیا جائیگا اور قرقی حکم ثانی عدالت پر ملتوی رکھی جاسے گی جبکہ ڈگریدار کسی ایسی جائداد کی نشاندہی کرے جو بہ قبضہ مدیون ہو اور کوئی شخص ملکیت یا قبضہ کے متعلق عذر کرے تو بذمہ داری ڈگریدار جائداد قرق کیجائیگی اور عذرداری کا پنچنامہ کرلیا جائے گا -

حرف (د)

نمونہ رپورٹ ضبطی کارکن متعلقہ پنچنامہ حسب قاعدہ قواعد ضبطی کارکنان (د)

بمقدمہ اجرائے ڈگری نمبری سنہ ۱۳ف ڈگریدار بنام مدیون حسب حکم نامہ نمبری مورخہ سنہ ۱۳ف میں مکان مدیون واقع موضع تعلقہ ضلع پر گیا اور حسب نشاندہی ڈگریدار کی قرقی کا

نیلام شدہ اُس کو حوالہ کرے گا اگر شخص مذکور قیمت بفور طلب نہ دے تو افسر مذکور دوبارہ نیلام کریگا اور اگر نیلام میں بکمی نیلام اول سے قیمت کم آوے تو اس کی رپورٹ عدالت میں کریگا۔

دفعہ ۲۷ ضبطی کارکن اپنے ہر عمل کی نسبت عدالت میں ایک تحریری رپورٹ پیش کریگا جس میں تمام ضروری امور کا ذکر ہوگا اور اگر اس کارروائی سے تحریر کا تعلق ہو تو اس پر پنچوں کے بھی دستخط لیگا اور اس رپورٹ کی بابت پیشی عدالت کی اطلاع فریقین کو (اگر موجود ہوں) دیکر اُن سے بھی دستخط لیگا

دفعہ ۲۸ جن احکام کی تعمیل کے لئے ابھی ان قواعد میں کوئی طریقہ مقرر نہیں ہے اُن میں حسب ہدایت عدالت ضبطی کارکن عمل کرے گا

دفعہ ۲۹ ضبطی کارکن کارروائیات ذیل کی نسبت حتی الامکان حسب نمونہ جات منسلکہ کاغذات مرتب کرے گا۔

۱۔ عذرداری شخص ثالث کے متعلق پنچنامہ حسب نمونہ حرف (ج)
۲۔ رپورٹ متعلق عذرداری حسب نمونہ (د)
۳۔ فہرست اشیاء حسب نمونہ (ہ)
۴۔ اقرار امین حسب نمونہ (و)
۵۔ ضمانت نامہ حسب نمونہ (ز)
۶۔ رسید امین حسب نمونہ (ح)
۷۔ قرقی کے متعلق پنچنامہ حسب نمونہ (ط)
۸۔ رسید ناظر حسب نمونہ (ی)
۹۔ پنچنامہ متعلق حکم امتناعی وغیرہ حسب نمونہ (ک)
۱۰۔ پنچنامہ حوالگی مال حسب نمونہ (ل)
۱۱۔ پنچنامہ تعمیل متعلق زوجہ حسب نمونہ (م)
۱۲۔ " " بچوں کے حسب نمونہ (ن)
۱۳۔ " " اراضی حسب نمونہ (س و ع و ف)
۱۴۔ " " قرقی جائداد غیر منقولہ حسب نمونہ (ص)

ذریعہ سے اقرار کرتے ہیں کہ مال مذکور کو ہم اپنے ذاتی مال کی طرح محفوظ رکھیں گے اور اسکی پوری نگہداشت کریں گے تاکہ مال مذکورہ خراب یا تلف نہ ہونے پائے اور جس وقت حکم ہوگا ہم مال مذکورہ داخل عدالت کردیں گے یا عدالت جسے حکم دیگی اُس کے حوالہ کردیں گے اور اگر ہماری غفلت سے مال مذکورہ جزواً یا کلاً تلف ہو جائے گا تو اُس کی قیمت کی ادائی کے ذمہ دار ہوں گے۔ دستخط امینان دستخط گواہان

نوٹ۔ ضمانت کی عبارت اسی پر لکھی جائے۔

نمونہ ضمانت نامہ جائداد مفروقہ مقبوضہ امینان حرف (ز) حسب قاعدہ چہارم متعلقہ قواعد ضبطی سرکارکنان

حرف (ز)

ہم مسمی پٹیل ومسمی پٹواری موضع تعلقہ ضلع مسمیان موضع کے اقرارنامہ مورخہ سنہ ۱۳ف سے متعلق ضامن ہوتے ہیں اور یقین دلاتے ہیں کہ مذکور کے پاس جو مال مفروقہ بذریعہ اقرارنامہ مذکور امانت رکھا گیا ہے وہ اُسے محفوظ رکھیں گے اور تلف نہیں ہونے دینگے اور بروقت طلبی عدالت بجنسہ دیدیں گے۔ اگر وہ خلاف ورزی کرینگے تو ہم اُن سے مال مذکورہ کی قیمت حالی دلادیں گے اور بصورت نہ دلانے کے ہم اپنی ذات سے ( ) روپیہ ادا کردیں گے ہماری ذات وجائداد زر مذکورہ کی پوری ذمہ داری عدالت جس طرح چاہے وہ فرماسکتی ہے۔

المرقوم ماہ سنہ ۱۳ف دستخط ضامنان دستخط گواہان

حرف ح

نمونہ نمبر (۶) حرف (ح) رسید امینان جائداد مفروقہ حسب قاعدہ قواعد ضبطی سرکارکنان ہم مسمیان اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کا اقرار کرتے ہیں کہ ہم نے بنائے اقرارنامہ مورخہ امروزہ مسمی ضبطی سرکار کن عدالت سے مندرجہ فہرست نمونہ تمام وکمال وصول پایا لہذا یہ چند کلمے بطور رسید لکھدیئے تاکہ سند رہے اور عندالحاجت بکار آئے فقط دستخط امینان دستخط گواہان

جب رجوع کیا گیا تو انھوں نے ملکیت مدیون سے انکار کیا۔ چونکہ یہ جائداد بہ قبضہ اشخاص ثالث تھی اور انھیں عذر تھا لہذا اس کا پنچنامہ کرلیا گیا جو اس کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے اور بوجوہ مذکور قرقی نہیں کی گئی۔ المرقوم

ماہ ۱۳۲ف دستخط ضبطی سکارکن

حرف (ھ)

نمونہ حرف (ھ) پنچنامہ جائداد مقروقہ مدیون متعلقہ قواعد ضبطی کارکنان بابتہ سال ف

پنچ [illegible] آگاں ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ
ضبطی سکارکن بذریعہ وارنٹ قرقی نمبری مورخہ ماہ ۱۳۲ف
مقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ۱۳۲ف ڈگریدار بنام
مدیون موضع تعلقہ ضلع میں بتاریخ ماہ
۱۳۲ف بغرض قرقی جائداد مدیون ( ) کے مکان پر آیا اور اس نے ہمارے
روبرو حسب تفصیل ذیل جائداد مقبوضہ ( ) اپنے قبضہ میں لے لی۔

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵
			دستخط فریقین دستخط پنچان	دستخط پٹیل وپٹواری دستخط ضبطی سکارکن

حرف (و)

نمونہ اقرار نامہ امینان جائداد مقروقہ حرف (و) حسب قاعدہ چہارم متعلق قواعد ضبطی کارکنان

ہم مسمیان ولدان موضع تعلقہ ضلع
اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کا اقرار کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی سکارکن
عدالت نے حسب فہرست نمونہ حرف (ھ) مال مقروقہ مالیتی حالی امانتاً ہماری تحویل
میں دیا اور ہم نے مطابق تعداد مندرجہ فہرست مال اس سے وصول پایا۔ ہم اس تحریر کے

مدیون کو دیکر دوسری کاپی پر اس سے اطلاعیابی کی دستخط ہمارے مواجہہ میں لے کر بطور گواہان ہمارے دستخط ثبت کرائے اور ایک کاپی اس کی مکان مقروضہ پر ہمارے سامنے چسپاں کردی

دستخط پنچان

ہدایات

اگر بجائے مکان کے کوئی اور جائداد ہو تو اس کی صراحت درج ہونی چاہئیے۔

حرف (ل)

نمونہ پنچنامہ مثبتہ حرف (ل) حسب قاعدہ ۱ہم متعلقہ قواعد ضبطی (کارکنان)

ہم پنچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی کارکن عدالت بذریعہ حکم امہ نمبری مورخہ ۱۳ف سنہ ۱۳ف ڈگریدار بنام مدیون مقدمہ اجرائی ڈگری نمبری موضع تعلقہ ضلع بغرض تعمیل آئے اور ہمارے مواجہہ میں ( ) قیمتی ( ) مسمی کے قبضہ سے لے کر کے حوالہ کردی۔

دستخط پنچان

ہدایت شئے مخصوصہ کی پوری صراحت اور وزن وقیمت پنچنامہ ہذا میں لکھی جائے۔

حرف (م)

نمونہ پنچنامہ مثبتہ حرف (م) حسب قاعدہ ۹ہم ضمن (۱) متعلقہ قواعد ضبطی کارکنان

ہم پنچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی کارکن عدالت ( ) بذریعہ حکم امہ نمبری مورخہ سنہ ۱۳ف بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری سنہ ۱۳ف ڈگریدار بنام مدیون موضع تعلقہ ضلع میں بغرض تعمیل حکم نامہ آئے اور ہمارے مواجہہ میں مسماۃ اور اس کے باپ کو حکم نامہ عدالت دکھا کر سمجھایا کہ عدالت کا حکم ہے کہ مسماۃ اپنے شوہر مسمی کے حوالہ کردی جائے۔ پس اس کی تعمیل میں ہمارے روبرو مسماۃ کو اس کے ( ) حوالہ کردی گئی۔

دستخط پنچان

ہدایت اگر زوجہ سوائے والدین کے کسی اور ولی یا اولیا کے پاس ہو تو اس کے نام پنچنامہ

حرف (ط)

نمونہ رپورٹ ضبطی کارکن حرف (ط) حسب قاعدہ چہارم متعلق قواعد ضبطی کارکنان
بتعمیل حکم نامہ عدالت نشان ( ) مورخہ ۱۳ف بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری
۱۳ف ڈگریدار بنام مدیون میں بتاریخ ماہ
۱۳ف بوقت ڈگریدار کے ساتھ موضع تعلقہ ضلع پہنچا
اور میں نے مسمیان پنچوں کو جمع کرکے ان کے مواجہہ میں حسب نشاندہی
( ) مال قرق کیا جس سے متعلق پنچنامہ قرقی اور معہ فہرست مال مقروقہ
اس کے ساتھ منسلک ہے۔

ہدایات (۱) اگر مال مقروقہ حسب قاعدہ چہارم قواعد مذکورہ امینان کے سپرد
کیا جائے تو رپورٹ ہذا میں ان کے نام درج کرکے ان کا اقرارنامہ منسلک کرنا چاہئے۔
(۲) اگر مال مقروقہ عدالت میں لایا جائے تو رپورٹ میں مصارف باربرداری جو کچھ
عائد ہوئے ہوں ان کی مقدار بھی بتائی جائے اور ناظر کے تفویض کرکے ناظر سے رسید لیجائے۔

حرف (ی)

نمونہ رسید ناظر حرف (ی) حسب قاعدہ چہارم متعلق قواعد ضبطی کارکنان بابتہ ۱۳۱۲ف [?]
بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ۱۳ف ڈگریدار بنام مدیون مسمی
ضبطی کارکن نے آج مال مقروقہ حسب فہرست قیمتی ( ) حالی داخل نظارت کیا
جو حسب فہرست وصول ہوا۔ دستخط ناظر

حرف (ک)

نمونہ پنچنامہ دربنیت [?] تعمیل حکم نامہ امتناعی وغیرہ تتمہ حرف (ک) حسب قاعدہ متعلقہ
قواعد ضبطی کارکنان ہم پنچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر
کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی کارکن عدالت بذریعہ حکم نامہ
نمبری مورخہ ماہ ۱۳ف بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ۱۳ف
ڈگریدار بنام مدیون موضع تعلقہ
ضلع بغرض تعمیل آئے اور ہمارے مواجہہ میں ایک کاپی حکم نامہ کی ( )

حرف (ع)

نمونہ پنچنامہ حرف (ع)، نسبت تعمیل حکم نامہ قبضہ دہانی حسب قاعدہ یازدہم ضمن (۴) متعلقہ ضبطی سکارکنان۔

ہم پنچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ

مسمی ضبطی سکارکن عدالت بذریعہ حکم نامہ نمبری

مورخہ ۱۳ ف ڈگریدار سام مدیون موضع

تعلقہ ضلع میں بعرض تعمیل حکم نامہ مذکور آئے اور ہمارے مواجہ میں اراضیات

جائداد بغیر منقولہ سروے نمبر پر ڈگریدار کا قبضہ دلانا چاہا مگر مسمی

قابض جائداد / اراضی نے عذر کیا کہ وہ قدیم شکمیدار اراضیات مذکورہ اور ( )

سال سے قابض ہے مسمی مدیون برائے نام پٹہ دار تھا قریب کے باشندگان

مسمیان نے بھی تصدیق کیا کہ کبھی اس جائداد / اراضیات پر ( ) مدیون کا قبضہ

نہیں ہوا۔ ( ) سال سے ( ) ہی قابض ہیں اور پٹیل و پٹواری موضع نے بھی

تصدیق کیا اور بیان کیا کہ دفتر دیہی میں بھی مسمی ( ) کے ( ) سالہ قبضہ کی

تصدیق ہوتی ہے لہذا ضبطی سکارکن نے جائداد مذکورہ پر ڈگریدار کو قبضہ

دلانے سے انکار کیا۔ دستخط پنچان

ہدایت۔ اگر اس کے علاوہ اور واقعات پیش آئیں تو پنچنامہ ہذا میں بالتصریح بیان کئے جائیں۔

حرف (ف)

نمونہ پنچنامہ حرف (ف)، نسبت تعمیل حکم نامہ قبضہ دہانی حسب قاعدہ یازدہم متعلق قواعد ضبطی سکارکنان

ہم پنچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے

ہیں کہ مسمی ضبطی سکارکن عدالت بذریعہ حکم نامہ نمبری

مورخہ ۱۳ ف بہ مقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ۱۳ ف

ڈگریدار بنام مدیون موضع تعلقہ ضلع میں بغرض تعمیل

حکم نامہ مذکور آئے اور ہمارے مواجہ میں اراضیات سروے نشان ( )

میں درج کئے جائیں۔

حرف (ن)

نمونہ پنچنامہ تحت حرف (ن) قاعدہ دہم ضمن (۲) متعلق قواعد ضبطی سکارکناں)

ہم پنچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی سکارکن عدالت بذریعہ حکم نامہ نمبری مورخہ ۱۳ ف بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ۱۳ ف ڈگریدار بنام مدیون موضع تعلقہ ضلع میں بغرض تعمیل حکم نامہ آئے اور ہمارے مواجہہ میں مسماۃ ( ) کے والدین نے بیان کیا کہ وہ نہ ہمارے پاس ہے نہ ہمارے موضع میں ہے نہ ہم کو معلوم ہے کہ کہاں ہے ( ) ڈگریدار نے مسمیان میں کے مکانات کی نشاندہی کی ضبطی کارکن نے ہمارے مواجہہ میں ان کے مکانات میں بھی مسماۃ ( ) کو تلاش کیا مگر وہاں بھی مسماۃ مذکورہ موجود نہ تھی اس لئے حکم نامہ کی تعمیل نہ ہو سکی۔

دستخط پنچان

حرف (س)

نمونہ پنچنامہ حرف (س) نسبت تعمیل حکم نامہ قبضہ دلانی حسب قاعدہ یازدہم ضمن (۱) متعلقہ قواعد ضبطی کارکنان۔

ہم پنچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی سکارکن عدالت بذریعہ حکم نامہ نمبری مورخہ ۱۳ ف بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ۱۳ ف ڈگریدار بنام مدیون موضع تعلقہ ضلع میں بغرض تعمیل حکم نامہ آئے۔ اور ہمارے مواجہہ میں مدیون نے اراضیات سروے نشان حد و مندرجہ نقشہ میں اپنا قبضہ تسلیم کیا اراضیات مذکورہ میں کسی قسم کی زراعت نہیں تھی اور قریب کے کھیت والوں اور پٹیل و پٹواری موضع نے بھی تصدیق کیا کہ مدیون ڈگری ہی کا قبضہ ہے لہذا بہ مواجہہ پٹیل و پٹواری موضع مسمی ڈگریدار کو اراضی مذکورہ پر بحد و مندرجہ نقشہ قبضہ دلایا۔

دستخط پنچان

جب اس مقدمہ میں ڈگریدار نے نہ کوئی فریق سایا تھا نہ اُس کی اطلاع سے مقدمہ دائر کیا بلکہ اُسے بالکل بے خبر رکھا اُسے عذر ہے کہ (   ) سال سے اس کا مالکانہ قبضہ ہے اور یہ جائداد اس کی زرخرید ہے چونکہ دوکانات کے قریب باشندوں نے بھی اُس کا (   ) سالہ قبضہ مالکانہ تصدیق کیا اور نیز پٹیل و پٹواری سے بیں اس وجہ سے کہ قابض دوکانات اس ڈگری کا کوئی فریق نہیں ہے اُس نے تعمیل احکام میں عذر کیا۔ لہذا کارکن مذکور بلا تعمیل احکام واپس لے گیا تاکہ آیندہ جیسا حکم عدالت ہوگا اُس کے مطابق عمل کرے گا۔

دستخط پنچان

حرف (ل)

نمونہ پنچنامہ نسبت تعمیل حکم نامہ زیر دفعہ (۲۳۵) گشتی نشان (۲) ۱۳۲۰ف متتہ حرف (ب) حسب قاعدہ (۱۸) متعلق قواعد ضبطی کارکنان۔

ہم پنج دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی   ضبطی کارکن عدالت   بذریعہ حکم نامہ نمبری   مورخہ   ۱۳۳ف بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری   ۱۳۳ف ڈگریدار بنام   مدیون موضع   تعلقہ   ضلع   میں بغرض تعمیل حکم نامہ مذکور آئے اور ہمارے مواجہہ میں مسمی   مدیون کو حکم عدالت سے مطلع کرکے بہی کھاتہ و دستاویزات مندرجہ فہرست دینے کی ہدایت کی اور مدیون نے بہ تعمیل حکم عدالت بہی کھاتہ و دستاویزات مندرجہ ذیل کارکن کے قبضہ میں دیدیں ہم پنچوں نے بہی کھاتہ و دستاویزات دیکھ لئے ہیں نہ بہی کھاتوں کا کوئی ورق محکوک و مشکوک ہے نہ دستاویزات میں کوئی لفظ محکوک و مشکوک ہے۔

ہدایت

اگر دستاویز یا کھاتہ مشکوک یا محکوک ہو تو پنچنامہ ہذا میں اس کی کیفیت بصراحت لکھی جائے۔

حرف (ش)

نمونہ فہرست جائداد مقرقہ قہ متتہ حرف (ش) حسب قاعدہ (۱۵) متعلقہ قواعد ضبطی کارکنان

ڈگریدار کا قبضہ کرانا چاہا لیکن اراضیات مذکورہ میں سے بقدر ۱/۲ کی مزروعہ تھیں جس کا نظری نقشہ ضبطی کارکن نے مرتب کرلیا ہے اراضی سروے نمبر ( ) میں بوئی ہوئی تھی اور اراضی سروے نمبر ( ) میں ( ) کی کاشت تھی قریب کے کھیت والوں مسمیان نے بھی تصدیق کیا کہ مسمی مدیون ڈگری ہی کا قبضہ ہے اسی کی کاشت ہے خود مدیون نے بھی اپنے قبضہ سے اقبال کیا لہذا کارکن مذکور نے منجملہ اراضیات مذکورہ کے ۱/۲ حصہ غیر مزروعہ پر مواجہ پٹیل وپٹواری موضع ڈگریدار کا قبضہ کرادیا اور مزروعہ ۱/۲ پر قبضہ دلانے سے انکار کیا۔ دستخط پنچان

حرف (ص) زیر دفعہ ۲۳۹

نمونہ پنچنامہ نسبت تعمیل حکم نامہ زیر دفعہ ۲۳۹ ثبتہ حرف ص حسب قاعدہ (۲) ضمن (۱) قواعد ضبطی کارکنان۔

ہم حسب ذیل دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی کارکن عدالت بذریعہ حکم نامہ نمبری مورخہ ۱۳ف بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ۱۳ف ڈگریدار بنام مدیون موضع تعلقہ ضلع میں بغرض تعمیل حکم نامہ مذکور آئے اور یہاں سے مواجہہ میں نقل مصدقہ فیصلہ واشتہار کے اوپر بحاضری مدیون ڈگری آویزاں کردیا اور مضمون اشتہار کا بذریعہ منادی وہل دکانات مذکورہ پر مشتہر کرادیا

دستخط پنچان

حرف (ق)

نمونہ پنچنامہ نسبت تعمیل حکم نامہ زیر دفعہ ۲۳۹ ثبتہ حرف (ق) حسب قاعدہ (۲) ضمن (۲) متعلقہ قواعد ضبطی کارکنان۔

ہم پنچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی کارکن عدالت ( ) بذریعہ حکم نامہ نمبری مورخہ ۱۳ف بمقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ۱۳ف ڈگریدار بنام مدیون موضع تعلقہ ضلع میں بغرض تعمیل حکم نامہ مذکورہ آئے لیکن دوکانات مذکور پر چونکہ کا قبضہ ہے

نمونہ فہرست مویشیان مفروقہ ثبتہ حرف (ش) حسب قاعدہ (۱۶) متعلقہ قواعد ضبطی کار

نمبر شمار	نام مویشی مفروقہ	رنگ	عمر	قیمت	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۱
		دستخط پنچان		دستخط فریقین	دستخط ضبطی کارکن

حرف (خ)

نمونہ اقرارنامہ مالک مویشی بہ حیثیت امین ثبتہ حرف (خ) حسب قاعدہ (۱۶) متعلقہ قواعد ضبطی کارکنان میں اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کا اقرار کرتا ہوں کہ ( ) بیل ( ) گابیں اور گھوڑے حسب فہرست جو اہ با ضبطی کارکن عدالت نے بہ مقدمہ اجرائی ڈگری نمبری سنہ ۱۳ ف امانتاً میرے تفویض کئے ہیں میں ان مویشی کو اسی طرح محفوظ رکھوں گا جس طرح میں اپنے ذاتی مویشی محفوظ رکھتا ہوں اور ان کے دانے پانی کی اسی طرح خبرگیری کرتا رہوں گا جس طرح اپنے ذاتی مویشی کی کرتا ہوں اور ان مویشی میں سے کسی کو نہ تلف کر دوں گا۔ نہ حیلتاً منتقل کروں گا اور جس وقت حکم ہوگا عدالت میں داخل کر دوں گا یا عدالت جسے حکم دیگی اس کے حوالے کر دوں گا اگر ان میں سے کوئی مویشی میرے قصور سے تلف ہو جائے یا مفقود ہو جائے تو میں اپنی ذات جائداد سے اس کی قیمت مندرجہ فہرست ادا کر دونگا۔ مویشی کے دانہ چارہ میں جو کچھ صرف ہوگا باطلاع پٹیل وپٹواری صرف کر دوں گا۔ اور مصارف کا صحیح حساب جس وقت حکم ہوگا پیش کر دوں گا۔

دستخط امین دستخط گواہان حاشیہ

حرف (ذ)

۲۸ سنہ ۱۳ ف

نمونہ ضمانت نامہ ثبتہ حرف (ذ) حسب قاعدہ (۱۶) متعلقہ قواعد ضبطی کارکنان بابتہ

ہم مسمیان پٹیل وپٹواری موضع تعلقہ ضلع

مسمی کے اقرارنامہ مورخہ امروزہ متعلقہ مویشی مفروقہ جو اس کی حفاظت میں

نمبر شمار	نام شئے مقروقہ	تعداد	قیمت	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵
۱	گرد کھاتہ سکی ( )			
۲	دستاویزات قرضہ			
۳	دستاویزات			
۴	دستاویزات کھاتہ غلہ			
۵	میزان		دستخط پنچان	دستخط فریقین دستخط ضبطی کارکن

حرف ت)

نمونہ پنچایت نامہ بنسبت قرقی مویشی زیر دفعہ (۳۵۶) گشتی نشان (۲) دیوانی ثبتہ معروف حسب قاعدہ (۱۷) متعلقہ قواعد ضبطی کارکنان

ہم ہیچ دستخط کنندگان ذیل اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ مسمی ضبطی کارکن عدالت بذریعہ حکم نامہ نمبری مورخہ ۱۳ف یہ مقدمہ اجرائی ڈگری نمبری ۱۳ف ڈگریدار بنام مدیون موضع تعلقہ ضلع میں بغرض تعمیل حکم نامہ مذکور آئے اور ہمارے مواجہہ میں مسمی مدیون کے مقبوضہ مویشی سے متعلق قریب کے باشندوں سے حالات دریافت کئے اور نیز پٹیل و پٹواری موضع سے سب نے تصدیق کیا کہ مویشی جو مدیون کے دوکان پر بندھے ہوئے ہیں سب اسی کے ملوکہ ہیں پٹیل و پٹواری سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ( ) نمبر مدیون کے کاشت میں ہیں جس کے کام میں ( ) بیل مصروف رہتے ہیں باقی مویشی سے مدیون زراعتی کام نہیں لیتا لہذا باستثناء بیلوں کے دیگر مویشی حسب ذیل ضبطی کارکن نے ہمارے مواجہہ میں قرق کئے اور موضع کے باشندوں میں سے مقروقہ مویشی سے متعلق کسی نے اپنی ملکیت کا عذر نہیں کیا۔

دستخط پنچان

حرف ث)

رجسٹر تعمیل حکم نامہ جات مثبتہ حرف (الف) متعلقہ ضبطی کارکنان

نمبر شمار حکم نامہ جات	نمبر مقدمہ تعمیل	حکم نامہ تعمیل طلب — نام فریقین متعلقہ: ڈگری دار	حکم نامہ تعمیل طلب — نام فریقین متعلقہ: مدیون ڈگری	نمبر حکم نامہ	نوعیت حکم نامہ	تاریخ وصول حکم نامہ	میعاد جو عدالت نے تعمیل کے لئے دی ہے	مقصود حکم نامہ تعمیل طلب — قرقی: قرقی جائداد منقولہ	قرقی جائداد غیر منقولہ	قرقی تنخواہ	تعمیل خاص: دخل یابی جائداد	تقسیم جائداد	تعمیل احکام دیگر	نیلام: جائداد منقولہ	جائداد غیر منقولہ	میعاد نیلام	تاریخ تعمیل	تعمیل — مدت مطلوبہ عدالت: اندر میعاد	بیرون میعاد	واپسی حکمنامہ: تاریخ واپسی حکم نامہ بعد تعمیل	تاریخ واپسی حکم نامہ بلا تعمیل	نتیجہ تعمیل حکم نامہ — در نقد جائداد منقولہ: مقدار نقد	قیمت جائداد	قیمت [illegible]	زر نیلام وصول شدہ	زر [illegible] وصول	تاریخ [illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۳۰	۲۹	۲۹
																												تنبیہ: خانہ کیفیت میں مختصر کیفیت و طریقہ تعمیل درج کرنا لازم ہے کہ وجوہ ضبطی کارکنان لکھنی ہوگا۔

... یہ کہ ہم اُس ... کے ضامن ہوتے ہیں ۔ اس تحریر کے ذریعہ سے اس امر کا اقرار کرتے ہیں کہ مویشی مقرر ... حفاظت ... کا ... نہیں کریگا ۔ بصورت خلاف ورزی ہم قیمت ... فہرست منسلکہ دلادینگے اور اگر اُس سے وصول نہ ہو سکیگی تو اپنی ذات و جائداد سے بلا عذر قیمت ادا کردینگے ۔

دستخط ضامنان　　　　دستخط گواہان حاشیہ

مراسلہ ہدایتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۱۷۰۹۵ مورخہ ۱۱ شہریور ۱۳۲۹ف بہ سلسلہ اجراء قواعد ضبطی کارکنان محکومہ گشتی نشان دیوانی (۳) فوجداری (۳) بابتہ ۱۳۲۸ف نمونہ جات حرف الف و ب ہر اج شٹی جو زیر طبع تھے بذریعہ ہذا مرسل ہیں قواعد مذکور کے ساتھ شامل کرلئے جائیں ۔

رجسٹر روزنامچہ شقہ حرف ب متعلقہ ضبطی کارکنان دیوانی

مستقر سے روانگی			[illegible]	وارد مقام مقصود			آغاز کارگزاری			واپسی			وارد مستقر			اوقات آغاز کارگزاری و اختتام کارگزاری تک تاریخوار	کیفیت
تاریخ	,,,	وقت		تاریخ	,,,	وقت	تاریخ	,,,	وقت	تاریخ	,,,	وقت	تاریخ	,,,	وقت		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸
																تعمیل ... کو ... کارروائی تعمیل شروع کی ... گرداور سے میں نے کہا کہ مال قرقی طلب کی شادی کروا ... موقع سے ... کے کھیت پر لے گیا ... اور اُس نے ... کے وجود ... کی شادی کی ... ساتھ تھے ... دکھلا کر ... کہا کہ ... اگر تم ... آمادہ ہوا ... تمہارا ... قرق کیا جائیگا ... میرے پاس ... کے ساتھ ... میرا ہے ... موجود تھا اُس سے بھی یہی کہا ... دریافت کیا اُس نے کہا یہ غلط کہتے ہیں ... سے کہدیا کہ ... پیش ... موقع ... ان کا ... [illegible]	

باب دوم دیوانی

(۴) اشٹامپ طلبانہ کون اہلکار لیتا ہے کیا یادداشت وصول طلبانہ حسب فرد محکومہ گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۱۳) بابتہ ۱۳۲۰ف لکھی جاتی ہے اور طلبانہ صحیح مقدار میں لیا جاتا ہے اور بعد ادخال فوراً قطع کردیا جاتا ہے اور کیا اجرت مقابلہ درست لی گئی ہے اور بروقت داخل خزانہ عدالت ہو کر بعد وضع حق سرکار ختم ماہ پر تقسیم ہوتی ہے اور کیا اہلکار مقابلہ کنندہ حسب منشاء گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۲) بابتہ ۱۳۲۳ف مجاز تصدیق نقول کا ہے۔

(۵) کیا قبل اس کے کہ کسی مقدمہ کی سماعت یکطرفہ شروع کی جائے باضابطہ تعمیل اطلاعنامہ و رسید اس امر کی نسبت کہ مدعاعلیہ کو جوابدہی کے واسطے کافی مہلت ملی اطمینان کرلیا جاتا ہے۔

(۶) کیا کاغذات ثبوت مدخلہ فریقین علیحدہ علیحدہ ترتیب سے ہیں اور ان پر اگر جٹ کا نمبر یا حرف ڈالا گیا ہے کیا ان کی پشت پر تاریخ ادخال نام داخل کنندہ نمبر مقدمہ سال رجوع مقدمہ نام فریقین نام عدالت درج کئے جاتے ہیں اور کیفیت محکوکی و مشکوکی لکھکر اس پر پیش کنندہ کی دستخط لیجاتی ہے اور کیا دستاویزات پر اقبال و انکار فریقین درج کیا جاتا ہے۔

(۷) اگر نقول یا ترجمہ دستاویزات مثل بیجا کہاتہ وغیرہ پیش ہوں تو کیا ان کی صحت کی باضابطہ تصدیق اہلکار عدالت کرتا ہے اور اس کے متعلق فیس باقاعدہ لی اور تقسیم کی جاتی ہے اور اگر فریق اصل دستاویز یا نقل ترجمہ بزبان عدالت پیش کرنے سے قاصر ہو تو کیا بعد ادخال فیس بذریعہ کمیشن نقل یا ترجمہ کرا کے عدالت شریک مثل کرادیتی ہے۔

(۸) مقدمات ناداری میں وصول خرچہ ناداری یا قیمتی سرکار کا حکم دیا جاتا ہے اور اصل ڈگری حسب دفعہ ۴۸ ضابطہ دیوانی تعلقدار کے پاس بھیجدی جاتی ہے۔

(۹) جن مقدمات دیوانی کا دوران زاید از ششماہ ہے ان کے وجوہ التوا کیا ہیں اور اس کے متعلق تنقیح کنندہ حاکم کی رائے کیا ہے اور سلسل تحقیقات کے متعلق اس عدالت کا کیا عمل ہے۔

(۱۰) چند مثلیں دیکھ کر لکھو کہ آیا جو دستاویزات کاغذ مختوم کامل القیمت پر نہیں ہیں ان کی کمی قیمت اور تاوان باقاعدہ وصول کئے گئے ہیں اور جو نقول مصدقہ شامل مثل ہیں ان کے اشٹامپ کی تنقیح کرلی گئی ہے اور بصورت کمی ٹکٹ مہور وصول کرلیا ہے اور حسب گشتیات مجریہ شرح فروخت مہور کی بھی نقل کیجاتی ہے۔

(۱۱) کیا احکام اتباعی اور گرفتاری اور قرقی قبل از فیصلہ کے صادر کرنے کے قبل کافی شہادت لیجاتی ہے علاوہ خاص صورت کے کیا عدالت فریق ثانی کو عذر کا موقع دیتی ہے۔

فرد دہراج جائداد غیر منقولہ یعنے (   ) یا منقولہ یعنے (   ) متفرقہ

مقدمہ (   ) ڈگریدار بنام   مدیون ڈگری

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت

گشتی مجلس عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴ / دیوانی ۴ مورخہ ۱۹ امردی سنہ ۱۳۲۸ ف

مضمون (۲۹۶) تنسیخ گشتی مجلس ۱۱/۱۴ مورخہ ۸ امردی بہشت سنہ ۱۳۱۹ ف | جو سوالات تنقیح دفاتر عدالت ذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان ۱۱/۱۴ مورخہ ۸ امردی بہشت سنہ ۱۳۱۹ ف سوالات تنقیح دفاتر بعد ضروری ترمیم و تخفیف کے ماخذ و تسالیح کی تنقیح

شایع کیے گئے تھے ان میں بہ لحاظ حالات ترمیم و تخفیف کی ضرورت پائی جاتی ہے لہذا بہ تنسیخ گشتی مذکور سوالات متعلقہ تنقیح پر حاوی کیجاتی ہے آئندہ دفاتر عدالت کی تنقیح سوالات منسلکہ گشتی ہذا کے بموجب کیجائے حکام عدالت حسب ضرورت واقعات و حالات کو جو سوالات تنقیح کے علاوہ ہوں خود ملاحظہ فرما سکتے ہیں اور اپنی رائے اور تنقیح دفاتر قائم کرکے اس کی اطلاع حکام متعلقہ کو کرسکتے ہیں۔

نوٹ: ... سوالات نصف صفحہ پر جوابات تحریر ہوں اور نصف باقی پر ہدایات درج کی جائیں

سوالات تنقیح

باب (اوّل)

امور ابتدائی

(۱) تاریخ آغاز تنقیح و نام حاکم عدالت اور اس کے اختیارات شخصی یا عہدہ اور وہ کتنے عرصہ سے اس عدالت میں مامور ہے

(۲) کیا حاکم عدالت کو زبان مروجہ حدود اراضی عدالت میں لیاقت نوشت و خواند و تکلم حاصل ہے۔

(۳) اس عدالت کی آخر مرتبہ تنقیح کب ہوی اور ہدایات تنقیح کی تعمیل ہوی ہے یا نہیں جن ہدایات کی تعمیل نہیں ہوئی انکی تصریح کرو۔

تو ایسے چالان ایسے مقدمات میں پولس کی بے ضابطگی کی نسبت کیا کارروائی ہوتی ہے۔

(۲۲) کیا مقدمات قابل دست اندازی پولس اور ناقابل مداخلت میں بجانب سرکار اور دیگر مقدمات میں جانب مستغیث گواہان علاوہ پولس و عدالت کو سفر خرچ اور بھتہ دیا جاتا ہے (اور رقم خوراک گواہ پیشگی طلب کر لی گئی ہے اور اس کے جمع و خرچ کا حساب مکمل موجود ہے) اور بصورت ملزم کے غیر مستطیع ہونے کے اُس کے گواہان صفائی کو بہ خرچ سرکار طلب کرنے سے بلا وجوہ خاص انکار تو نہیں کیا گیا۔

(۲۳) فرد جرم کی ترتیب کے بعد ملزم سے گواہان استغاثہ پر جرح مکرر کے لئے استفسار کیا جاتا ہے اور کیا ملزم کا جواب آخر لیا جاتا ہے اور اُس کو شہادت صفائی پیش کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔

(۲۴) کیا اول ذاتی قیدیان کا وارنٹ کے ساتھ محبس میں بھیجا جاتا ہے

(۲۵) جرمانہ فوجداری کے وصول کرنے کے متعلق کیا عدالت سے بر وقت احکام جاری ہوتے ہیں اور وصول جرمانہ کی کارروائی حسب ہدایات مندرجہ گشتی عدالت العالیہ نمبر ان (۴۴) فوجداری بابتہ سنہ ۱۳۱۱ ف عمل میں آتی ہے اور بصورت ملزم کی جائداد اچھا و غیبات وغیرہ میں واقع ہونے کے حسب رزولیوشن سرکار نمبر ۱ مورخہ ۹ بہمن سنہ ۱۳۱۸ ف وصول کی کارروائی عمل میں آتی ہے اور کیا بوجہ غفلت زائد رقم جرمانہ واجب الوصول باقی ہے اور بصورت معافی و تخفیف رقم جرمانہ از محکمہ مرافعہ کیا واپسی رقم جرمانہ کی باضابطہ ہوتی ہے جرمانہ فوجداری کے متعلق تختہ نمبر ا منسلک کرو۔

(۲۶) کیا عدالت ماتحت سے حکم مرافعہ کی تعمیل فی الفور ہوتی ہے۔

(۲۷) مویشیان آوارہ کا کیا انتظام کیا گیا ہے کن مواضع میں اُن کے واسطے کونڈواڑہ میں اور اُنکی نگرانی کون کرتا ہے اور خوراک مویشی کا تعین سالانہ عدالت ضلع سے ہوتا ہے اور اُسی کے بموجب عمل کیا جاتا ہے۔

تشریح۔ جب حکام مجلس عالیہ عدالت تنقیح کریں تو اُن کے لئے یہ کافی ہے کہ وہ عدالت ضلع کی تنقیح میں یہ دیکھ لیں کہ آیا عدالت ضلع نے کونڈواڑہ کے متعلق سالانہ تنقیح کی ہے یا نہیں۔

(۲۸) مقدمات فوجداری زاید از ششماہ میں وجوہ التواء کیا ہیں اور ان کے متعلق حاکم تنقیح کنندہ کی رائے کیا ہے اور مسلسل تحقیقات کے متعلق اُس عدالت کا کیا عمل ہے۔

(۲۹) بصورت سزایابی سابقہ اُس کا اندراج فرد جرم میں کیا جاتا ہے یا نہیں۔

(۳۰) کیا مقدمات فوجداری میں جن میں آسامیان تحویل ہوتے ہیں ناکافی وجوہ پر تاریخیں تو تبدیل نہیں کیجاتی ہیں اور مناسب مستعدی کے ساتھ اُن کا تصفیہ کیا جاتا ہے۔

(۱۲) ڈگری ابتدائی ومرافعہ بعد فیصلہ کے مرتب کیجاتی ہے۔

(۱۳) کیا اشتہارات نیلام کا اعلان حسب احکام دفعات ۲۸۹-۳۳۶-۳۴۳ ضابطہ دیوانی ہوتا ہے اور کیا مال مقرقہ کا نیلام تاریخ معین ہوتا ہے اور اگر تاریخ معینہ مندرجہ اشتہار نیلام نہ ہو تو دوسرا اشتہار بتعین تاریخ جاری کرنے کے بغیر نیلام تو نہیں ہوتا اور کیا نیلام کی تاریخ اعلان اشتہار سے حسب منشاء قانون رکھی جاتی ہے۔

(۱۴) کیا عدالت نے اطمینان شخص مستحق کو ادائی رقم کا حکم دیا ہے اور رقم کا حکم دیا ہے اور رقم حاکم کے روبرو دیجاتی ہے اور بصورت شناخت خود حاکم نے اس کی تصدیق رسید پر کی ہے اور بصورت عدم واقفیت شخص شناخت کنندہ کی تصدیق کرائی گئی ہے اور رسائد فوراً اشلہ متعلقہ میں شریک کردیجاتی ہیں۔

(۱۵) اشلہ تعمیل میں کیا فرد اصل باقی منسلک ہے اور اُس کی خانہ پری بروقت صحیح طور پر ہوتی ہے۔

(۱۶) کیا سال کے آخری ششماہی میں مقدمات زیادہ تر بوجہ عدم پیروی خارج تو نہیں کئے گئے ہیں۔

(باب سوم فوجداری)

(۱۷) کیا بعد استغاثہ ملزمین کی طلبی میں کافی احتیاط رکھی جاتی ہے آیا جن صورتوں میں وارنٹ جاری کیا گیا ہے وہاں کافی وجوہ اس کے اجراء کے تھے اور کیا بعد حاضری ملزم کے اُس کے مواجہ میں دوبارہ اظہار مستغیث کا بالتفصیل لکھا جاتا ہے۔

(۱۸) کیا ملزمین کے بیانات حسب احکام ضابطہ قلمبند کئے جاتے ہیں اور اُن کی مکمل تحریر ہونے کی حسب دفعہ (۳۶۴) ضابطہ فوجداری سرکار عالی تصدیق لکھی جاتی ہے۔

(۱۹) ایسے مقدمات جو برنائے استغاثہ دائر ہوں اور جو نا قابل مداخلت پولیس ہوں پولیس میں تفتیش کی غرض سے بلا وجہ موجہ تو نہیں بھیجے جاتے۔ (ملاحظہ ہو دفعہ (۲۰۲) ضابطہ فوجداری۔

(۲۰) کیا پولیس سے مقدمات اندرون میعاد مقررہ چالان ہوتے ہیں اور اگر اندرون میعاد چالان نہیں ہوتے تو کیا عدالت سے چالان کے لئے مہلت لیجاتی ہے اور کیا اُس کے وجوہ کافی ہوتے ہیں اور کیا تختہ مہلت میں وجوہ مہلت اور ملزم کی حاضری اور مہلت سے متعلق عذرات پیش کرنے کا موقع دینے کی صراحت درج ہوتی ہے اور مجموعی طور پر خلاف منشاء دفعہ (۱۷۰) ضابطہ فوجداری پندرہ روز سے زیادہ مہلت تو منظور نہیں کیجاتی۔

(۲۱) اگر پولیس سے مقدمات اندرون میعاد چالان نہ ہوئے ہوں اور عدالت سے مہلت بھی نہ طلب ہوئی ہو

(۴۰) کیا کل رجسٹرات حسب ضابطہ مرتب و مہذب و مکمل ہیں اور ان پر ورق داغ اور ہر ورق پر عنوان اور مہر عدالت ثبت ہے اور کیا ختم رجسٹر پر تعداد اوراق بدستخط حاکم درج ہے۔

(۴۱) رجسٹر سال رواں میں کیا بقیہ مقدمات و رقوم و مال تصفیہ طلب رجسٹر سال گزشتہ سے نقل کئے گئے ہیں اور کیا رجسٹرات سال بسال ختم سال پر داخل محافظ خانہ کر دیئے جاتے ہیں۔

(۴۲) ہر رجسٹر کو جدول نقشہ سے مطابق کرو کیا اس کی خانہ پری درست ہے اور تحصیلی رجسٹرات کو خاص طور پر دیکھ کر ان کے متعلق کیفیت لکھو اور رجسٹر آمدنی طلبانہ کو بہ مقابلہ رجسٹر برآورد و تختہ جات ماہانہ دیکھ کر لکھو کہ کیا آمدنی و خرچ کی مقدار صحیح طور پر بتائی گئی ہے اور رجسٹر نمبر ۱۹ و ۲۰ و ۲۱ میں غیر ضروری کھاتہ تو قایم نہیں کئے گئے ہیں رجسٹر نمبر ۲۳ میں حاضری کون لکھتا ہے اور رجسٹر نمبر ۳۰ میں باستثناء ٹکٹ طلبانہ و سروس ٹکٹ کے دوسری تمام رقومات و ٹکٹ ٹپہ کا واقعی روزانہ اندراج ہوتا ہے اور ہر روز کردہ لکھی جاتی ہے اور اس پر اعلے اہلکار اور حاکم کی دستخط لیجاتی ہے اور موجودات خزانہ کی تنقیح حاکم ماہانہ کرتے ہیں اور تختہ جمع خرچ خزانہ و سہ ماہی محکمہ بالا وقت میں بھیجا جاتا ہے۔

(۴۳) نقشہ جات مرتبہ عدالت کو چند رجسٹرات سے مطابق کرو کہ کیا انکی خانہ پری صحیح ہے۔

(۴۴) کیا دوران مقدمات صحیح طور پر شمار کیا جاتا ہے اور کیا ایام تعطیل تو نہیں وضع کئے جاتے ہیں۔

باب ششم نظارت

(۴۵) جو روپیہ عدالت سے خزانہ متعلقہ میں بغرض جمع سرکار بھیجا گیا ہے اُن کے رسیدات کتاب چالان میں باضابطہ خزانہ سے وقتاً فوقتاً حاصل کئے گئے ہیں۔

(۴۶) کل رقوم جو امالیان متعلقہ مقدمہ سے وصول ہوتے ہیں کیا وہ خزانہ عدالت سے خزانہ سرکاری میں باوقات مناسب جمع کی جاتی ہیں۔

(۴۷) کیا جملہ رقوم مدخلہ کی رسیدیں باقاعدہ عدالت سے داخل کنندہ کو دیجاتی ہیں۔

(۴۸) مال خانہ دیکھ کر لکھو کہ آیا وہ مقام محفوظ ہے اور مختلف قسم کے مال کی نگہداشت کا کیا طریقہ ہے اور شناخت مختلف قسم کے مال کی کیونکر ہوتی ہے اور کیا مختلف مقدمات کی بابت مال جلد برآمد ہو سکتا ہے اور کوئی مال زیادہ عرصہ سے بلا کارروائی زیر تصفیہ پڑا ہوا تو نہیں ہے۔

(۴۹) اگر کوئی مال غیر معمولی عرصہ سے عدالت دیوانی میں پڑا ہوا ہوتا ہے تو کیا وہ عدالت فوجداری میں بغرض کارروائی باضابطہ بھیجدیا جاتا ہے۔

(۳۱) کیا مقدمات فوجداری میں اختیارات تحقیقات سرسری کا استعمال خلاف قاعدہ طریقہ سے تو نہیں کیا جاتا ہے۔

باب چہارم عام امور متعلقہ مقدمات

(۳۲) عرائض کے لینے کا کیا انتظام و طریقہ ہے آیا عرائض کے لینے کا کوئی وقت معین ہے یا نہیں اور عرائض پیش کرنے والا اور لینے والا شخص مجاز حسب منشاء دفعہ (۴۷) قانون نشان (۳) ۱۳۲۳ ف و دفعہ (۳۵) قانون میعاد سماعت ہے یا نہیں۔

(۳۳) کیا عرائض مدخلہ اور ان کے مسلکات پر یادداشت شخص مدخل اور تاریخ ادخال اور تفصیل مسلکات کی درج ہوتی ہے۔

(۳۴) کیا عرائض کے ساتھ کوئی پرچہ حسب منشاء گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری ۱۴ دیوانی ۱۶ بابت ۱۳۰۴ ف مسلک رہتا ہے اور اس پر حکم مناسب لکھ کر سائل کو فوراً واپس کیا جاتا ہے اور کیا پرچہ جات داخلہ صادر سے طبع کرا کے نظارت میں رکھے گئے ہیں اور بقیمت مناسب فروخت کئے جاتے ہیں اور بعد فروخت صادر کار دمبالغ کر کے بقیہ قیمت بحق سرکار جمع کیجاتی ہے۔

(۳۵) کیا مقدمات میں وہی نمونہ جات مطبوعہ جو عدالت العالیہ کے گشتیات نافذہ کی رو سے وقتاً فوقتاً مقرر ہوئے ہیں مستعمل ہوتے ہیں اور کیا مطبوعہ نمونہ جات کی کافی مقدار عدالت میں جمع رہتی ہے اور ان کا جمع و خرچ مکمل حسب نمونہ اور باضابطہ رکھا جاتا ہے

(۳۶) کیا جو کاغذ مہور بغرض تکمیل داخل ہو اس کی تنسیخ باضابطہ باندراج کیفیت تکمیل و نشان مقدمہ معہ سال و نام فریقین عدالت سے کیجاتی ہے۔

(۳۷) کیا کاغذ مختوم یا ٹکٹ میں بغرض تنسیخ باضابطہ سوراخ کیا جاتا ہے اور کس طرح سے اور بلا تصدیق ضروریا زاید قطعات تو نہیں لئے جاتے ہیں۔

(۳۸) کیا فہرست پیشی مقدمات کی بحکم گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی و فوجداری (۵) ۱۳۱۷ ف مسطر عام عدالت پر آویزاں کیجاتی ہے اور کیا یہ فہرست ہفتہ وار بعد دستخط اہلکار عدالت آویزاں ہوتی ہے

(۳۹) کیا مسلہ بعد فیصلہ ایک مہینہ کے اندر بموجب گشتی مجلس عہ ۲ مورخہ ۲۳ دی ۱۳۲۱ ف داخل محافظ خانہ ہوتی ہیں اور کس قدر مسلہ منفصلہ کتنے عرصہ سے بلا داخل دفتر ہونے کے پڑی ہوئی ہیں۔

باب پنجم رجسٹرات و نقشہ جات

(۶۱) کیا کسی حکم کے اجرا میں تاریخ نفاذ حکم سے تین روز سے زیادہ دیر ہوتی ہے

باب نہم - محافظ خانہ

(۶۲) محافظ خانہ کی کیا حالت ہے کیا وہ کافی اور پورے طور پر محفوظ ہے۔

(۶۳) ترتیب و نگہداشت اشلہ کی کیسی ہے کیا اشلہ کے برآمد کرنے میں کوئی دشواری اور تعویق ہوتی ہے اور کیا تمام اشلہ بہ لحاظ مرجوعہ رکھی جاتی ہیں اور احکام مندرجہ گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۱۵) فوجداری ۱۲ بابتہ ۱۳۲۰ ف کی پابندی کے ساتھ تعمیل ہوتی ہے۔

(۶۴) کیا اشلہ منفصلہ بابتہ عذرداری مقدمات اجرائے ڈگری کے ساتھ منسلک کئے جاتے ہیں اور کیا اشلہ تعمیل فیصلہ بعد ختم کارروائی اشلہ ابتدائی میں بلحاظ منسلکات (الف و ب) منتھی کرکے شریک کئے جاتے ہیں۔

(۶۵) اشلہ کے داخل محافظ خانہ ہونے کے بعد انکی تنقیح تین دن میں ہوکر اشلہ بستوں میں باندھ دیجاتی ہیں اور کیا تنقیح کامل ہوتی ہے۔

(۶۶) جن عدالتوں سے اشلہ کا داخل محافظ خانہ ضلع یا صدر عدالت میں ہونا چاہئے کیا وہاں سے بعد تکمیل کارروائی اشلہ اوقات معینہ پر داخل محافظ خانہ ضلع یا صدر عدالت کردیجاتی ہیں۔

(۶۷) نقل نویس کس قدر ہیں انکی ماہانہ اوسط آمدنی صرف سے تو کم نہیں ہے اور کوئی نقلنویس زشت خط و ناقابل کار تو نہیں ہے۔

(۶۸) کسی نقل نویس سے سوائے نقلنویسی کے کچھ اور کام تو نہیں لیا جاتا ہے اگر لیا جاتا ہے تو کس سے کیا کیا کام لیا جاتا ہے۔

(۶۹) بہ معائنہ چند نقول تیار شدہ لکھو کہ کیا اجرت نقل مندرجہ ظہر درخواست مطابق تعداد اجرت مندرجہ رجسٹر نمبر ۴۵ گشتی فوجداری نمبر (۹) دیوانی (۵) بابتہ ۱۳۱۹ ف کے ہے اور کیا حسب گشتی عدالت العالیہ نشان ۱۴ فوجداری و دیوانی سنہ ۱۳۱ ف عطائے نقل کی تاریخ مقرر کرکے دستخط سائل لیجاتی ہے اور اگر اس تاریخ نقل تیار نہ ہو تو دوسری تاریخ مقرر کیجاتی ہے اور آیا نقول صحیح ہوتے ہیں۔

(۷۰) کیا رجسٹر برآمد اشلہ کا موجود ہے اور جو اشلہ دوسرے دفاتر میں جاتے ہیں اور اگر وہ واپس نہ ہوں تو کیا اُن کی واپسی کے لئے وقت مناسب پر تحریک کیجاتی ہے۔

باب دہم متفرقات

(۷۱) کیا اس عدالت کی آمدنی اس کے مصارف کے واسطے کافی ہے تختہ نمبر (۲) جمع و خرچ سالانہ بابتہ

(۵۰) کیا کٹ ٹپہ گشتی عدالت العالیہ نشان عہ مورخہ ۲۷ اسفندار ۱۳۲۲ف اور ایسے گوم جو قابل واپسی ہوں ان کا تصفیہ بروقت کر دیا جاتا ہے۔

(۵۱) کیا تعمیل طلب نامجات اور حکم نامجات کی حسب ضابطہ اور بروقت ہوتی ہے۔

(۵۲) کیا جمع و خرچ روزانہ سامان صادر کا رجسٹر نمبر ۲۶ - اور قبض الوصول متعلقہ حسب نمونہ رکھا جاتا ہے کیا اس میں کفایت شعاری کی گنجایش ہے۔

(۵۳) کیا اعلیٰ اہلکار عدالت سامان خریدشدہ کو معائنہ کر کے اس کی تصدیق کرتا ہے اعلیٰ اہلکار عدالت سامان خریدے تو کیا حاکم اس کی تصدیق کرتا ہے۔

(۵۴) بروز معائنہ کس قدر روپیہ عدالت میں جمع ہے اور حساب کی رو سے کیا مقدار امانت درست ہے۔

(۵۵) کن اہلکاران عدالت سے ضمانت لیجاتی ہے ہر اہلکار کی مقدار ضمانت کیا ہے۔

(۵۶) کیا ضمانت کی تصدیق سالانہ ہوتی ہے اور حاکم منظور کنندہ ضمانت نے اطمینان کافی کر کے تصدیق کی ہے۔

(۵۷) کسی اہلکار عدالت کی تحویل میں کیا مقدار ضمانت سے زائد رقم رہتی ہے۔

باب ہفتم - انتظام عہدہ داران و اہلکاران

(۵۸) کیا حکام عدالت بلحاظ اپنے فرایض منصبی کے انفصال خصومات میں بہ اوقات معینہ اپنا وقت بالالتزام صرف کرتے ہیں اور کیا عہدہ داران مشترک نے اپنے عدالتی کام کے لئے کوئی وقت معین کیا ہے اگر کیا ہے تو کیا اس کی پابندی برابر کیجاتی ہے اور آیا حاکم عدالت اپنے مفوضہ کام کو عدالت میں انجام دیتے ہیں اور ایسی ذاتی مسکونہ مکان میں تو انجام نہیں دیتے ہیں۔

(۵۹) کیا عملہ میں تقسیم کام کی درست ہے۔

باب ہشتم - کاغذات موصولہ و مجازہ

(۶۰) کیا کاغذات جواب طلب بلا وجہ قوی ایک ہفتہ سے زاید پڑے ہوے رہیں کیا مراسلات علاقہ سرکار عظمت مدار کے متعلق رجسٹر موصولہ علیٰحدہ رکھا گیا ہے اور تختہ رسل و رسائل فیمابین سرکارین صحت کے ساتھ مرتب اور صدر میں بھیجا جاتا ہے۔

پایا جاتا ہے۔ حاکم کی نسبت آپ کی عام اُسے کیا ہے۔

تختہ نمبر (۱) متعلق سوال نمبر ۲۵ جرمانہ فوجداری عدالت ضلع صوبہ بابتہ ۱۳ف

[illegible]	[illegible]	رقم باقیماندہ: سال حال	سال گذشتہ کے [illegible]	سال گذشتہ کا	جملہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
						ہدایت۔ بمعائنہ رجسٹر نمبر ۴ و اثلہ متعلقہ جانہائے ۴ تا ۶ کی نسبت دیکھا جائے کہ زاید عرصہ سے بلا وجہ معقول کیا کوئی رقم جرمانہ واجب الوصول ہے

تختہ نمبر (۲) متعلق سوال نمبر ۱ جمع و خرچ سالانہ عدالت ضلع صوبہ بابتہ ۱۳ف

نمبر شمار	تفصیل ابواب	رقوم: جمع	خرچ	باقی	فاضل	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۱	جرمانہ فوجداری					
۲	جانوران آوارہ					
۳	طلبانہ					
۴	حق عائلہ شلح					
۵	بیت المال					
۶	دفینہ					
۷	بندسترانہ					
۸	امتحان قانونی					[illegible]

یا پنجسالہ گزشتہ اور گوشوارہ نمبر ۳ یا پنج سنین ماصینہ مرتب کر کے شامل کرو اور لکھو کہ کیا اوسط سالانہ آمدنی و مقدار
اس عدالت کے بغرض سیاست مملکت کافی ہے۔

(۷۲) کس قدر عرائض نویس ہیں اور کیا وہ بروئے احکام عدالت العالیہ مقرر ہوئے ہیں اور عرائض نویسی کے متعلق احکام عدالت العالیہ کی تعمیل ہوتی ہے۔

(۷۳) عام مکان عدالت اور نیز مقام اجلاس حاکم کی نشست کیفیت لکھو کہ اسکی کیا حالت ہے اور کیا مکان عدالت میں بلحاظ صحت جسمانی کافی صفائی رہتی ہے۔

(۷۴) کیا کتب خانہ عدالت مرتب ہے اور کیا اسمیں کتابیں بقدر ضرورت حسب رجسٹر موجود ہیں اور کیا خانہ پری صحیح ہے

(۷۵) کیا مال سرکاری رجسٹر نمبر ۳۵ میں بتمامہ درج ہے اور وہ عدالت میں موجود ہے اور کیا سوائے سرکاری کام کے کسی دوسرے کام میں آتا ہے۔

(۷۶) کیا وصلی گشتیات واحکام موصولہ صدر درستی کے ساتھ مرتب ہیں اور ان میں فہرست گشتیات شمولا ابتدا میں چسپاں ہے اور ترتیب گشتیات وصل شدہ مسلسل ہے۔

(۷۷) اہلکاران سرکاری کو علاوہ تنخواہ اور فیس مقابلہ وغیرہ کے جو بروئے گشتی عدالت العالیہ نمبر ۳۴ ف ۱۳۳۱ف دلائی جاتی ہے کوئی اور رقم اشخاص متعلقہ مقدمہ سے دلائی تو نہیں جاتی ہے۔

(۷۸) کیا مکان عدالت کے کسی جزو میں حاکم عدالت کا مسکن ہے اور کیا دفتر سرکاری کو اس سے مضرت کا اندیشہ ہے

(۷۹) کیا حاکم ہر سہ ماہی میں حسب منشاء گشتی عدالت العالیہ نشان ۵ ف بابتہ ۱۳۳۱ف اپنے عدالت کی تنقیح اول مرتبہ ایک دفعہ خود کرتا ہے اور کیا اس کی نقل مصدقہ عدالت مرافعہ میں اختتام سہ ماہی سے دو ہفتہ کے اندر بالالتزام روانہ کیجاتی ہے۔

(۸۰) کیا کوئی مراسلہ درخواست بلا اندراج رجسٹر و بلا انسلاک مثل متعلقہ جداگانہ عدالت میں پایا جاتا ہے

(۸۱) کیا اشلہ کی فہرست مکمل ہے اور بر وقت اشلہ کی تکمیل ہوتی ہے۔

(۸۲) چند اشلہ مختلف قسم کے مقدمات کا ملاحظہ کرو اور کیفیت لکھو آیا مقدمات زاید از ششماہ دیوانی میں اور زاید از سہ ماہ فوجداری میں وجوہ التواء ناکافی تو نہیں پائے جاتے آیا گشتی نشان (۱۵) دیوانی مورخہ ۷ اردی بہشت ۱۳۳۱ف و گشتی نشان (۲۱) فوجداری مورخہ ۷ مہر ۱۳۲۲ف کے احکام کی پابندی کیجاتی ہے آیا مقدمات میں جب شہادت کے قلمبندی کی نوبت آتی ہے تو حتی الوسع شہادت مسلسل پیشیاں رکھ کر قلمبند کیجاتی ہے آیا فیصلہ جات مفصل ہوتے ہیں اور امور ضروری ان میں درج ہوتے ہیں حاکم کی لیاقت و طریقہ کارروائی

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ مورخہ ۲۲ ردی ۱۳۲۸ف

مضمون (۲۹۷) تنسیخ گشتی مجلس نشان (۵) فوجداری مورخہ ۹ اربہمن ۱۳۲۷ف نسبت استفسار وکالت نامہ ومختارنامہ ملزمین زیر حوالات از رسوم عدالت	گشتی مجلس نشان فوجداری (۵) مورخہ ۹ اربہمن ۱۳۲۷ف میں یہ طے کیا گیا ہے کہ

وکالت نامہ ومختارنامہ ملزمین زیر حوالات بدین وجوہ رسوم سے مستثنیٰ ہے کہ ضمیمہ نمبر ۲ دفعہ ۳ قانون رسوم عدالت میں وکالت نامہ یا مختارنامہ کا رسوم وہی تبلایا گیا ہے جو اس عدالت میں درخواست کا ہو پس جبکہ حسب فقرہ (۱۵) دفعہ ۱ قانون مذکور ملزم کی درخواست رسوم سے مستثنیٰ ہے تو وکالت نامہ یا مختارنامہ بھی اصولاً رسوم سے مستثنیٰ ہونگے اگرچہ اصولاً یہ استدلال صحیح ہے لیکن بلحاظ موجودہ قانون اس تعبیر کی گنجایش نہیں معلوم ہوتی ہے لہذا یہ تنسیخ گشتی محولہ بالا حکم دیا جاتا ہے کہ وکالت نامہ یا مختارنامہ جو منجانب ملزمین داخل کیا جائے رسوم سے مستثنیٰ نہیں ہے میں حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۶ / دیوانی ۶ مورخہ ۲۶ ردی ۱۳۲۸ف

مضمون (۲۹۸) ترمیم چالان ارسال رقوم بخزائن سرکاری مسلکہ گشتی نشان ۸ مورخہ ۲ دی بہمن ۱۳۰۶ف فصلی	عدالت ضلع اطراف بلدہ نے رقم بغرض اجتماع ہمراہ نمونہ چالان موضوعہ مجلس عالیہ عدالت محکمہ گشتی نشان

(۸) مورخہ ۲ اربہمن ۱۳۰۶ف خزانہ عامرہ روانہ کی تھی خزانہ عامرہ نے اجتماع رقم سے بدین وجہہ انکار کیا کہ حسب نمونہ موضوعہ بابتہ ۱۳۱۳ف چالان مرتب کرکے رقم ارسال کی جائے لیکن چونکہ ہر دو نمونہ جات چالانات میں کوئی اہم تفاوت نہ تھا اور اس وقت تک بموجب نمونہ موضوعہ مجلس چالان مرتب اور رقوم جمع خزانہ ہوا کرتی تھیں اس لئے دفتر صدر محاسبی سرکار عالی کو انتظام مناسب کے لئے لکھا گیا تھا اب دفتر موصوفہ نے یہ لکھا ہے کہ چالان میں صدر مد اور ذیلی مد کی صراحت نہ ہونے سے اجتماع رقم میں غلط تبویب کا احتمال رہتا ہے لہذا صدر و ذیلی مد کی صراحت مناسب ہے نظر بر آں یہ ترمیم نمونہ گشتی مجلس ۸ مورخہ ۲ اربہمن ۱۳۰۶ف حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے حسب نمونہ چالان منسلکہ ہذا چالان مرتب ہوا کرے۔

نمونہ نمبر (۱)		نمونہ نمبر (۱)
نشان		نشان
چالان مثنیٰ		چالان اصل

نمبر	مد					
۹	جماعت قانونی					
۱۰	تاوان و قیمت کاغذ مہرہ					
۱۱	مشاہرہ حکام مستقل و چند روزہ					
۱۲	مشاہرہ حکام و اہلکاران چند روزہ					
۱۳	صادر یہ موجب تقرر					
۱۴	” سوائے تقرر					
۱۵	بقیہ و اخراجات					
۱۶	سامان					
۱۷	کتب قوانین					
۱۸	رجسٹرات سالانہ					
	میزان صفحہ ہذا					

تختہ نمبر (۳) رجسٹر نمبر (۱) متعلق سوال نمبر (۱۷) گوشوارہ جمع و خرچ پانچسال گزشتہ عدالت ضلع صوبہ سرکار

نمبر شمار	سال فصلی	رقوم				کیفیت
		جمع	خرچ	باقی	فاضل	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۱	۱۳۳۰					
۲	۱۳۳۰					
۳	۱۳۳۰					
۴	۱۳۳۰	ہدایت۔ اگر کسی مد کا جداگانہ گوشوارہ پنجسالہ مرتب کرنا ہو تو حسب نمونہ ہذا تیار کرو				
۵	۱۳۳۰					
	میزان پنجسالہ					
	اوسط					

کسی دفتر کی اماتی رقم سے اس دفتر کے اہلکاروں کو قرضہ دینے کا طریقہ قطعاً مسدود کیا جائے اگرچہ عدالت العالیہ کے علم میں یہ سیغہ عدالت میں امانی رقوم سے قرضہ دینے کا طریقہ مطلق جاری نہیں ہے تاہم حکم دیا جاتا ہے کہ اگر کسی عدالت میں فرمان مبارک کے خلاف عمل ہو تو فوراً اس کا انسداد کیا جائے اور فرمان مبارک کی پوری پوری تعمیل کا لحاظ رکھا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۸) مورخہ ۲۶ دی ۱۳۲۸ف

مضمون (۳۰) جرم گداخت سکہ جات قابل دست اندازی پولس ہے | بسلسل اجرائی گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۱۴) فوجداری مورخہ ۲۲ امرداد ۱۳۲۶ف درباب ممانعت گداخت سکۂ حالی و سکۂ کلدار نمبر۶ وصول مراسلۂ فرمان نشان (۱۱۲۰) مورخہ ۲ آبان ۱۳۲۷ف حکم دیا جاتا ہے کہ جس طرح گداخت سکہ جات حسب فرمان خسروی جرم قرار دیا گیا ہے اسی طرح جرم مذکور قابل دست اندازی پولس بھی قرار دیا جاتا ہے پس حسبہ عمل ہو فقط

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۹ / دیوانی ۸ مورخہ ۲۶ دی ۱۳۲۸ف

مضمون (۳۱) لفاد سوالات تنقیح سرسری بعد ضروری ترمیم و اضافہ تنقیح گشتی ۱۲/۱۸ مورخہ ۸ اردی بہشت ۱۳۱۹ | جو سوالات متعلق تنقیح سرسری بذریعہ گشتی ۱۲/۱۸ مورخہ ۸ اردی بہشت ۱۳۱۹ف شایع کئے گئے تھے ان میں بلحاظ حالات ترمیم کی ضرورت پائی جاتی ہے لہذا بہ تنسیخ گشتی مذکور معہ سوالات متعلقہ تنقیح یہ گشتی جاری کیجاتی ہے دفاتر عدالت کی تنقیح کے متعلق مکمل سوالات بذریعہ گشتی ۴/۴ مورخہ ۹ اردی ۱۳۲۸ف شایع کئے گئے ہیں جنکی بموجب عہدہ داران تنقیح کنندہ کو جامع اور مکمل تنقیح کرنی چاہئے لیکن بعض وقت حکام دورہ کنندہ کا قیام کسی مقام عدالت پر اس قدر قلیل ہوتا ہے کہ مکمل تنقیح کی تکمیل دشوار ہوتی ہے جس کی وجہ سے کوئی تنقیح نہیں کیجاتی ہے اس لئے ایسی صورتوں کے لئے تنقیح سرسری کے سوالات بذریعہ گشتی ہذا شایع کئے جاتے ہیں تاکہ حاکم دورہ کنندہ کو ایسے مقام کے عدالتوں کی تنقیح کا موقعہ ملے جہاں وہ زیادہ قیام کرکے مکمل تنقیح نہیں کرسکتا علاوہ ان امور کے جن کا ذکر سوالات منسلکہ میں کیا گیا ہے دیگر امور کے متعلق حاکم دورہ کنندہ ملاحظہ کرکے اپنی رائے ظاہر کرسکتے ہیں۔

نوٹ۔ بہ موجب سوالات نصف صفحہ پہ جوابات تحریر ہوں اور نصف باقی پر ہدایات درج کئے جائیں۔

مورخہ ماہ سنہ ۱۳ف

بخدمت مہتمم صاحب خزانہ سرکاری مستقر

تحصیل ضلع

صاحب

براہ کرم مبلغ لیکر رسید سے

مطلع فرمائے۔

رقم مرسلہ بابت

صدر مد ( ) ذیلی مد ( )

دستخط فرستندہ

نشان مورخہ ماہ سنہ ۱۳ف

حکم دفتر بنام خزانہ

رقم جمع کر لیجائے۔

دستخط مہتمم خزانہ سرکاری

مبلغ وصول ہوئے اور

کردی ہیں بہ صفحہ تاریخ

ماہ سنہ ۱۳ف۔ جمع کئے گئے

مورخہ ماہ سنہ ۱۳ف

بخدمت مہتمم صاحب خزانہ سرکار (۴) مستقر

تحصیل ضلع

مہربانانہ

براہ کرم مبلغ لیکر رسید سے

مطلع فرمائیے۔

رقم مرسلہ بابت

صدر مد ( ) ذیلی مد ( )

دستخط فرستندہ

نشان مورخہ ماہ سنہ ۱۳ف

حکم دفتر بنام خزانہ

رقم جمع کر لیجائے۔

دستخط مہتمم خزانہ سرکاری

مبلغ وصول ہوئے اور

کردی ہیں بہ صفحہ تاریخ

ماہ سنہ ۱۳ف۔ جمع کئے گئے

کشتی مجلس عالیہ عدالت و عدالمالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری / دیوانی مورخہ ۲۶ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۸ف

مضمون (۷۹۹) لاوارث وامانتی رقوم سے اہلکاران دیانتہ کو قرضہ دیا جایا کرے | نواب فضیلت جنگ مرحوم معین المہام

امور مذہبی سرکار عالی وصدر الصدور کے حکم پر لاوارث وامانتی رقوم سے بعض اہلکاروں کو قرضہ حسنہ دیا گیا تھا اس کے بعد اور اہلکاران امور مذہبی نے بھی عطائے قرضہ کی درخواست پیش کی تھی جس پر پیشگاہ حضرت اقدس و اعلیٰ سے یہ حکم شرف صدور لایا ہے کہ لاوارث وامانتی رقم سے قرضہ حسنہ دینا اور وہ بھی ان ہی فاتر کے اہلکاروں کو جو اس رقم کی حفاظت کے ذمہ دار ہیں ہرگز مناسب نہیں ہے پس جو قرضہ دیا گیا ہے وہ جس قدر جلد ہوسکے وصول کیا جائے اور مزید قرضہ اس لاوارث رقم سے کسی کو نہ دیا جائے اور نیز آئندہ سے

حسب منشاء قانون رکھی جاتی ہے۔

۱۲۔ کیا سال کی آخر سہ ماہی میں زیادہ مقدمات بوجہ عدم پیروی خارج تو نہیں کئے گئے ہیں

باب سوم۔ فوجداری

۱۳۔ کیا عرایض استغاثہ فوجداری پیش ہونے پر بعد قلمبندی اظہار مستغیث استغاثہ درج رجسٹر نمبر (۱) ہو کر ملزمین کی طلبی کیجاتی ہے۔

۱۴۔ کیا بعد استغاثہ ملزمین کی طلبی میں کافی احتیاط رکھی جاتی ہے اور بعدم موجودگی وجہ کافی وارنٹ تو جاری نہیں کئے جاتے اور کیا بعد حاضری ملزمین اس کے مواجہہ میں دوبارہ اظہار مستغیث کا بہ تفصیل لکھا جاتا ہے۔

۱۵۔ کیا ملزم سے جو سوالات کئے جاتے ہیں اور جو جوابات وہ دیتا ہے سب قلمبند کئے جاتے ہیں اور اسکے مکمل تحریر ہونے کی تصدیق حسب دفعہ (۲۹۳) ضابطہ فوجداری سرکار عالی لکھی جاتی ہے۔

۱۶۔ ایسے مقدمات جو بربنائے استغاثہ دائر ہوں اور جو ناقابل مداخلت پولس ہوں پولس میں تفتیش کی غرض سے بلا وجہ موجہ تو نہیں بھیجے جاتے۔

۱۷۔ کیا پولس سے مقدمات مابین میعاد مقررہ چالان ہوتے ہیں اور بصورت دیگر عدالت سے چالان کے لئے مہلت لیجاتی ہے اور کیا اس کے وجوہ کافی ہوتے ہیں اور کیا تختہ مہلت میں وجوہ مہلت اور ملزم کی حاضری اور مہلت سے متعلق عذرات پیش کرنے کا موقعہ دینے کی صراحت درج ہے اور مجموعی طور پر خلاف منشائے دفعہ (۱۶۰) ضابطہ فوجداری (۱۵) روز سے زیادہ مہلت تو منظور نہیں کیجاتی ہے۔

۱۸۔ فرد قرار داد جرم کس وقت مرتب کیجاتی ہے اور ملزم سے گواہان استغاثہ پر جرح کے لئے استفسار کیا جاتا ہے اور کیا ملزم کا جواب اخیر لیا جاتا ہے اور اسکو شہادت صفائی پیش کرنے کا موقع دیا جاتا ہے اور کیا عام طور سے مقدمات فوجداری ناکافی وجوہ پر تاریخیں تو تبدیل نہیں کیجاتی ہیں۔

۱۹۔ جرمانہ فوجداری وصول کرنے کے متعلق کیا عدالت سے بروقت احکام جاری ہوتے ہیں اور وصول جرمانہ کی کارروائی حسب ہدایات مندرجہ گشتی عدالت العالیہ نشان ۴۴ سنہ ۱۳۲۱ف عمل میں آئی ہے اور کیا بوجہ غفلت زاید رقم جرمانہ واجب الوصول باقی ہے اور بصورت معافی تحقیق رقم جرمانہ از محکمۂ مرافعہ کیا واپسی رقم جرمانہ کی باضابطہ ہوتی ہے۔

۲۰۔ کیا عدالت ماتحت کسے حکم مرافعہ کی تعمیل فی الفور ہوتی ہے۔

سوالات تنقیح سرسری

باب اول ۔ امور ابتدائی

۱۔ تاریخ تنقیح و نام حاکم عدالت اور اس کے اختیارات شخصی یا عہدہ اور وہ کتنے عرصہ سے اس عدالت میں مامور ہے

۲۔ اس عدالت کی تنقیح گزشتہ کس حاکم نے کب کی ہے اور کیا اس تنقیح کے احکام اور دیگر احکام دگشتیات کی باضابطہ و مکمل تعمیل ہوئی ہے۔

باب دوم ۔ دیوانی

۳۔ کیا طلبانہ صحیح مقدار میں لیا جاتا ہے اور یادداشت وصول طلبانہ حسب فرد منسلکہ محکومہ گشتی عدالت العالیہ نشان دیوانی (۱۹) بابتہ ۱۳۱۹ف لکھی جاتی ہے اور ٹکٹ طلبانہ بعد ادخال فوراً منسوخ کر دیا جاتا ہے۔

۴۔ خرچہ افلاس واجب الوصول کی کیا مقدار ہے اور آیا اس کے وصول کا انتظام قابل اطمینان ہے

۵۔ جو دستاویزات کاغذ مخصوص کافی القیمت پر نہیں ہیں ان کی قیمت اور تاوان باقاعدہ وصول کیے گئے ہیں اور جو نقول مصدقہ شامل مثل ہیں ان کے اسٹامپ کی تنقیح کر لی گئی ہے اور بصورت کمی تکملہ محصول وصول کر لیا گیا ہے اور حسب گشتیات مجریہ شرح فروخت مہور کی بھی نقل کیجاتی ہے۔

۶۔ کیا احکام امتناعی اور گرفتاری اور قرقی قبل فیصلہ صادر کرنے کے قبل کافی شہادت لیجاتی ہے علاوہ حاضر صورت کے کیا عدالت فریق ثانی کو عذر کا موقع دیتی ہے۔

۷۔ کیا مقدمات میں امور تنقیح بہ صحت قایم کئے جاتے ہیں۔

۸۔ کیا خرچہ مطابق تجویز کے اور صحیح طور پر ڈگری میں درج کیا جاتا ہے اور بصورت کسی غلطی کے فریقین کو اطلاع دیکر باضابطہ اصلاح ڈگری کی کیجاتی ہے۔

۹۔ کیا درخواست ہائے تجویز ثانی بلا وجوہ کافی یا بلا اطلاع دہی فریق ثانی تو منظور نہیں کیجاتی ہیں

۱۰۔ اگر بتعمیل فیصلہ میں زر ڈگری بحساب رسدی ادا ہوتا ہے تو کیا ہر ڈگریدار کو صحیح مقدار حصہ رسدی ادا کیجاتی ہے اور درخواست شرکت بے وقت پیش ہو کر خلاف منشاء ضابطہ دیوانی تو منظور نہیں ہوتی

۱۱۔ کیا اشتہارات نیلام کا اعلان حسب احکام دفعات ۳۳۵ و ۳۲۶ و ۳۴۴ ضابطہ دیوانی ہوتا ہے اور کیا مال مقروقہ کا نیلام بتاریخ معین ہوتا ہے اور اگر بتاریخ معینہ مندرجہ اشتہار نیلام نہ ہو تو دوسرا اشتہار تعیین تاریخ جاری کرنے کے بغیر نیلام تو نہیں ہوتا اور کیا نیلام کی تاریخ اعلان اشتہار سے

۲۸- چند امثل مختلف قسم کے مقدمات کی معائنہ کرو اور کیفیت لکھو آیا مقدمات زائد از ۹ سال دیوانی میں اور زائد از ۶ ماہ فوجداری میں بوجوہ التواء ناسکانی تو نہیں پائے جاتے آیا گشتی نشان (۱۵) دیوانی مورخہ ۱۷ خورداد ۱۳۲۱ف و گشتی نشان (۲۱) فوجداری مورخہ ۷ تیر ۱۳۲۶ف کے مندرجہ احکام کی پابندی کیجاتی ہے آیا مقدمات میں جب شہادت کے قلمبندی کی نوبت آتی ہے تو حتی الوسع شہادت مسلسل بیٹھکیاں رکھکر قلمبند کیجاتی ہے - آیا فیصلجات مدلل ہوتے ہیں اور امور ضروری اُن میں درج ہوتے ہیں حاکم کی لیاقت و طریقہ کار روائی کیسا پایا جاتا ہے-

حاکم کی نسبت آپ کی عام رائے کیا ہے -

گشتی مجلس عالیہ عدالت مُمالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۰ دیوانی ۹ مورخہ ۲ بہمن ۱۳۲۸ف

مضمون (۲۳۳) پولیس پٹیل جبکہ ادائی شہادت کیلئے طلب کئے جائیں خوراک و سفر خرچ حسب قاعدہ ادا ہوا کرے -	مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ جب پٹیل پٹواری کسی مقدمہ میں بحیثیت گواہ طلب کئے جاتے ہیں

تو اُنکو عدالتیں بخیال اس کے کہ وہ ملازم سرکار ہیں سفر خرچ و خوراک نہیں دلاتیں چونکہ یہ طریقہ مناسب نہیں ہے لہذا حسب ایما مندرجہ مراسلہ ۱۹۷۶ محکمہ سرکار مورخہ ۲۴ شہریور ۱۳۲۷ف حکم دیا جاتا ہے کہ مقدمات غیر چالانی میں سفر خرچ و خوراک مدخلہ فریق اور چالانی میں سفر خرچ و خوراک منجانب سرکار ادا ہوا کرے دیوانی مقدمات میں بھی عام شہود کی طرح سفر خرچ و خوراک مدخلہ فریق پٹیل و پٹواریوں کو ایصال ہوا کرے

گشتی مجلس عالیہ عدالت مُمالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) مورخہ ۸ اسفندار ۱۳۲۸ف

مضمون (۲۳۴) ترتیب حکم نامہ جوالگی ملزمین بہ ریاست و قید میعادی رہائی ملزمین	مجلس عالیہ عدالت کو یہ معلوم ہوا ہے کہ

بعض حکم نامجات ملزمین زیر دریافت پر اور بعض اوقات اس کاغذ پیشی پر جو وارنٹ کے ساتھ منسلک رہتا ہے رہائی کی تجویز کردی جاتی ہے اور بعض صورتوں میں بلا مہر و نشان نیم سرکاری کے ذریعہ سے حکم رہائی بھیجدیا جاتا ہے اور حکم نامجات بھی بغیر اطمینان تکمیل و اندراج مراتب ضروریہ کے مرتب کئے جاتے ہیں اور اُن پر عدالتوں کی مہر یا حاکم مجاز کی دستخط نہیں ہوتی اور بعض حکم نامجات پر مال ذاتی قیدیان کی تفصیل و تصریح بھی نہیں کیجاتی - یہ ایسے فروگذاشتیں ہیں جنکی فوراً اصلاح ہونی چاہیئے - لہذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے -

۲۱۔ مویشیان آوارہ کا کیا انتظام کیا گیا ہے کن مواضع میں اُن کے واسطے کونڈواڑے ہیں اور اُن کی نگرانی کون کرتا ہے اور خوراک مویشی کا تعین سالانہ عدالت ضلع سے ہوتا ہے اور اسی کے موجب عمل کیا جاتا ہے۔

باب چہارم۔ رجسٹرات و نقشہ جات

۲۲۔ رقمی رجسٹرات نمبر (۲۵ و ۲۸ و ۳۰ و ۳۲ و ۳۳) کو خاص طور پر دیکھ کر اُن کے متعلق کیفیت لکھو اور رجسٹر آمدنی طلبانہ کو بہ مقابلہ رجسٹر آورد و تختہ جات ماہانہ دیکھ کر لکھو کہ کیا آمدنی و خرچ کی تعداد صحیح طور پر بتائی گئی ہے اور رجسٹر نمبر (۳۰) میں باستثنائے ٹکٹ طلبانہ و سروس ٹکٹ کے دوسری عام رقوم ٹکٹ کا واقعی روزانہ اندراج ہوتا ہے اور ہر روز کردی لکھی جاتی ہے اور اُس پر اعلیٰ اہلکار اور حاکم کی دستخط لیجاتی اور موجودات خزانہ کی تنقیح حاکم ماہانہ کرتے ہیں اور رجسٹرات کی سہ ماہی تنقیح پٹی محکمہ ما فوق میں بھی بھیجی جاتی ہے۔

باب پنجم۔ نظارت

۲۳۔ کل رقوم جو اہل مقدمہ سے وصول ہوتی ہیں کیا وہ خزانہ عدالت سے خزانہ سرکاری میں وقتاً فوقتاً باضابطہ جمع کیجاتی ہیں اور کیا جملہ رقوم مدخلہ کی رسیدیں باقاعدہ عدالت سے داخل کنندہ کو دیجاتی ہیں۔

۲۴۔ مال خانہ دیکھ کر لکھو کہ آیا وہ مقام محفوظ ہے اور مختلف قسم کے مال کی نگہداشت کا کیا طریقہ ہے اور شناخت مختلف قسم کے مال کی کیونکر ہوتی ہے اور کیا مختلف مقدمات کی بابت مال جلد برآمد ہو سکتا ہے اور کوئی مال زیادہ عرصہ سے بلا کارروائی زیر تصفیہ پڑا ہوا تو نہیں ہے۔

۲۵۔ بروز معائنہ کس قدر روپیہ عدالت میں جمع ہے اور حساب کی رو سے کیا مقدار امانت درست ہے اور اہلکار کی ضمانت سے رقم زاید تو اُس کی تحویل میں نہیں ہے اور کیا محافظین خزانہ کافی ہیں۔

۲۶۔ کیا ضمانت کی تصدیق سالانہ ہوتی ہے اور کیا ضامن اور جائداد مکفولہ ایفائے ضمانت کے لئے کافی ہے اور کیا گشتی دفتر فینانس نشان (۲) مورخہ ۶ اردی بہشت ۱۳۱۸ف کی اجرائی کے بعد کے پیش شدہ ضمانتوں میں بقدر نصف کے نقد یا پرامیسری نوٹ وغیرہ داخل کرائے گئے ہیں اور ایا حسب گشتی دفتر فینانس نشان (۲) ۱۳۱۸ف حاکم منظور کنندہ ضمانت نے اطمینان کافی کر کے تصدیق کی ہے۔

۲۷۔ حاکم کی کام کی حالت کیا ہے اُن کے فیصلہ مدلل اور باضابطہ اور موافق قانون کے ہوتے ہیں یا۔

ہیں جس کا نمونہ منسلک ہذا ہے پر کیا جا کرے خانہ (۱۱) کا اندراج بہامداد کسی حکم کے صحیح کیا جا یا کرے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۲۰ اردی بہشت ۱۳۲۸ ف

مضمون (۵۳) عطائے اختیارات مجسٹریٹ درجۂ اول بہ حکام ڈویژن بحیثیت عہدہ	بہ بنا بر تحریک عدالت العالیہ بعد

منظوری سرکار عالی مندرجۂ مراسلہ نشان (۶۷۹) مورخہ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۲۸ف جملہ حکام ڈویژن کو (خواہ وہ مستقل ہوں یا غیر مستقل) درجۂ اول کے فوجداری اختیارات بحیثیت عہدہ اس شرط کے ساتھ عطا کئے جاتے ہیں کہ بصورت ضرورت ان اختیارات کو سلب کیا جا سکیگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۴ / دیوانی ۱۱ مورخہ ۱ خورداد ۱۳۲۸ ف

مضمون (۴۳) نظام دیوانی اضلاع و صوبجات کو تعطیل کرانے دو ہفتہ کے استفادہ کی اجازت ہے	بہ منظوری سرکار عالی مندرجۂ

مراسلہ نشان محکمہ سرکار (۲۹۱) مورخہ ۹ بہمن ۱۳۲۸ف حکم دیا جاتا ہے کہ جملہ نظمائے عدالت ہائے دیوانی اضلاع و صوبجات کو جن جن کے اجلاس پر فوجداری مقدمات زیر تصفیہ ہوں منجملہ چھ ہفتوں کی تعطیل موسم گرما کے صرف دو ہفتہ کے استفادہ کی اجازت ہر حال میں دیجاتی ہے اور اس سے انکی رخصت خاص کا حق زایل ہوگا اگر وہ اس سے زیادہ استفادہ کرنا چاہیں تو بہ پابندی شروط مندرجۂ گشتی عدالت العالیہ نشان (۳۳) مورخہ ۸ آبان ۱۳۲۳ف کر سکتے ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۵) مورخہ ۲۹ امرداد ۱۳۲۸ ف

مضمون (۷۳) صداقتنامہ حضوری پیروکاران پولس پر حاکم عدالت کے دستخط کا لزوم	دفتر صدر محاسبی سرکار عالی نے تحریک کی تھی کہ جب عہدہ داران پولس باغراض پیروی مقدمات حاضر عدالت ہوتے

ہیں تو ان کا صداقت نامہ حاضری عدالت کے پیش کرنے پر بھتہ ایصال کیا جاتا ہے لیکن ایسے صداقتناموں پر بجائے حاکم عدالت کے اہل کار کے دستخط ہوتے ہیں جو ادائی رقم کے لئے ناکافی ہیں لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ ایسے صداقت ناموں پر موجب نمونہ منسلکہ گشتی مجلس عالیہ (۱۲) فوجداری مورخہ ۸ اسفندارمذ بہمن ۱۳۲۰ف حاکم عدالت کے دستخط لازمی ہیں پس حسبہ عمل ہوا کرے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۶ / دیوانی ۱۲ مورخہ ۲۹ امرداد ۱۳۲۸ف

الف - حکم نامہ ملزمین زیر دریافت محکومہ گشتی مجلس نشان (۱۵۱) فوجداری مورخہ ۲۱ مہر ۱۳۲۴ف کے مراتب مندرجہ ذیل کی صحت کی تنقیح وجانچ کامل طور پر سررشتہ دار کرلے کے بعد بطلا تحویداری دستخط ثبت کیا کریں

(۱) نمبر مقدمہ اور نمبر و تاریخ حکم نامہ درج ہے۔

(۲) مہر عدالت ثبت ہے۔

(۳) نام تھانہ کوتوالی جہاں سے مقدمہ چالان کیا گیا ہے مع صراحت تعلقہ و ضلع درج ہے۔

(۴) تواریخ پیشی آیندہ کا اندراج ہوا ہے۔

(۵) حلیہ اور صحیح پتہ ملزم کا درج ہے

(۶) مال ذاتی قیدیان کی فہرست بصراحت قیمت تخمینی و وزن اشیاء مرتب و منسلک ہے

ب - حکم نامجات رہائی یا بابت ملزمین وسوائے حکم نامہ رہائی محکومہ دفعہ ۱۲۲ و ۱۷۴ مندرجہ ضمیمہ چہارم ضابطہ فوجداری سرکار عالی کی اطلاع فوراً بذریعہ مراسلہ علیحدہ بصراحت نمبر مقدمہ و نمبر و تاریخ حکم نامہ حوالگی قیدی میعادی و حکم نامہ حوالگی ملزم زیر دریافت محکومہ دفعہ ۳۱۴ و محکومہ گشتی نشان (۵) فوجداری مورخہ ۴ مہر ۱۳۲۴ف الف (جیسی صورت ہو) ذ نام معہ ولدیت ملزم رہا یا بری شدہ و نتیجہ مرافعہ وکیفیت وصول جرمانہ محبس متعلقہ کو بھیجی جایا کرے۔ اور اگر مقدمہ چالانی ہو تو پولیس متعلقہ کو بھی اطلاع دیا کریں اور اس حکم نامہ پر مہر عدالت و نشان مجاریہ اور حاکم کی دستخط ہوا کرے۔

ج - حکم نامجات قید نمبر ۱۳ و تبدیل سزا نمبر ۳۳ وغیرہ مطابق ان نمونہ جات کے مرتب و مکمل ہوا کریں جو ضمیمہ چہارم مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی میں مندرج ہیں اس حکم کے بعد بھی اگر کسی عدالت سے کما ینبغی تعمیل نہ ہوگی تو سخت بازپرس کیجائیگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۲) مورخہ ۸ مہر اسفندار ۱۳۲۸ف

مضمون (۲۹، ۳۰) ترتیب رجسٹر اطفال لاوارث | چونکہ اب تک اطفال لاوارث کے لئے کوئی رجسٹر قرار نہیں دیا گیا ہے جس کی وجہ سے ان کے درج کرنے کے مختلف طریقے استعمال کئے جاتے ہیں اور یہ نامناسب ہے لہذا بذریعہ ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے اطفال لاوارث کا ایک رجسٹر نمبر ۲۵ عدالتہائے فوجداری میں رکھا جائے اور جب کوئی لاوارث لڑکا یا لڑکی عدالت میں آئے تو اس کا اندراج اس رجسٹر

مضمون (۱۱۳) کمی واضافہ نام عدالتہائے اس پریسیڈنسی درفہرست منسلکہ گشتی مجلس عالیہ نمبر ۲۳ مورخہ ۲۵ر مہر ۱۳۲۷ف

مدراس گورنمنٹ نے تحریک کی ہے کہ فہرست اسمائے عدالت ہائے مدراس پریسیڈنسی منسلکہ گشتی مجلس عالیہ نمبر ۲۳ فوجداری مورخہ ۲۵ر مہر ۱۳۲۷ف میں تحت ضلع بلاری عدالت جوائنٹ مجسٹریٹ بداگی و ہرپن ہلی و شیرستدار مجسٹریٹ بداگی و ہرپن ہلی حذف کرکے اسٹیشنری سب مجسٹریٹ بداگی و ہرپن ہلی کا نام درج نہیں ہوا ہے اسلئے اُن کی نسبت کسی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے بقیہ مقامات کی نسبت حکم دیا جاتا ہے کہ فہرست متذکرہ میں تحت ضلع بلاری اسٹیشنری سب مجسٹریٹ بداگی و ہرپن ہلی اضافہ کیا جائے اور تعلقہ مجسٹریٹ ہرپن ہلی و بداگی حذف کئے جائیں فقط

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲۰) مورخہ ۲۶ر شہریور ۱۳۲۸ف

مضمون (۱۱۴) مقدمات تحویلی میں گواہان ساکنین برٹش انڈیا حاضری عدالت میں پہلو تہی کریں تو فوراً بغرض انتظام محکمہ سرکار میں اطلاع دیا کرو

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ بعض مقدمات تحویلی کے دوران میں مخصوص جب عدالت کو یہ علم ہوا کرتی ہے کہ گواہان ساکنین برٹش انڈیا تعمیل سمن سے پہلو تہی کرتے اور تاریخ پیشی پر حاضر نہ ہوتے ہیں نیز عدالتہائے متعلقہ سے اس کی اطلاع محکمہ سرکار کو نہیں دی جاتی لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ ایسی صورتوں میں فوراً محکمہ سرکار کو اطلاع دی جایا کرے تاکہ رزیڈنسی کے ذریعہ سے حاضری گواہان کا انتظام ہوجایا کرے ۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۱ / دیوانی ۱۷ مورخہ ۱۷ر مہر ۱۳۲۸ف

مضمون (۱۱۵) توثیق گشتی مجلس ۹/۵ مورخہ ۲۷ اسفندار ۱۳۱۹ف دلحاظ نمونہ جات جدید رجسٹرات و تختہ جات عدالتی

بہ منسوخی گشتی عدالت العالیہ نشان (۹/۵) مورخہ ۲۷ر اسفندار ۱۳۱۹ف و منظوری سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۱۹۷۵) مورخہ ۱۶ر مہر ۱۳۲۸ف رجسٹرات و تختہ جات کے جدید نمونے بذریعہ گشتی ہذا نافذ کئے جاتے ہیں۔ اُن تختہ جات پر جو بطور خاص طلب کئے گئے ہوں (مثلاً تختہ فرد کارروائی بہ مقدمات فوجداری زائد از ششماہ و فہرست ملازمین سرکاری) یہ گشتی موثر نہ ہوگی اور ایسے خاص تختہ جات حسب ہدایت عدالت طلب کنندہ ہی تا حکم ثانی آتے رہیں ان جدید نمونہ جات پر یکم آذر ۱۳۲۹ف سے عمل ہوگا لیکن ۱۳۲۸ف کے تختہ جات سالانہ

مضمون (۲۸۳) تنسیخ گشتی مجلس ۹/۵ مورخہ ۲۱ آبان ۱۳۱۶ف متعلقہ عطائے اختیارات فوجداری پولیس پٹیلان

پولیس پٹیلوں کو … فوجداری درجہ چہارم کے اختیارات … گشتی مندرجہ عنوان سنہ ۱۳۱۶ف میں جاری کی گئی تھی اب چونکہ ہر تعلقہ میں مجسٹریٹ … موجود ہیں نیز تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ پولیس پٹیلوں سے کوئی زائد مدد نہیں ملتی اس لئے پولیس پٹیلان کو اختیارات فوجداری درجہ چہارم باقی رکھنے کی ضرورت نہیں خیال کی جاتی اور حسب منظوری سرکار عالی صادرہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۱۳۰۶) مورخہ ۸ امرداد ۱۳۲۸ف گشتی مجلس ۹/۵ مورخہ ۲۱ آبان ۱۳۱۶ف منسوخ کی جاتی ہے آئندہ کوئی پولیس پٹیل اختیارات فوجداری عمل میں لانے کا مجاز نہ ہوگا پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان دیوانی (۱۷/۱) فوجداری (۱۴) مورخہ ۸ شہریور ۱۳۲۸ف

مضمون (۲۹۰) تعمیل سمنز محریہ عدالتہائے سرکار عظمت مدار بلا عذر ہوا کرے

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ بعض عدالت ہائے ماتحت نے سمنز مرسلہ عدالت ہائے سرکار عظمت مدار اس عذر سے بلا تعمیل واپس کئے کہ وہ بلا توسط عدالت ضلع وصول ہوئے تھے چونکہ یہ عمل درست نہیں ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جن عدالت ہائے سرکار عظمت مدار کے متعلق راست تعمیل سمنز کی نسبت قرار داد ہو چکی ہے ان کے سمنز راست وصول ہونے پر بلا عذر تعمیل کرکے واپس کئے جایا کریں پس آئندہ سے حسبہ عمل ہونے کا کافی خیال رکھا جائے تاکہ موقع شکایت پیش نہ آئے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۸) مورخہ ۷ شہریور ۱۳۲۸ف

مضمون (۲۹۱) مقدمات تحویلی حتی الامکان قبل استفادہ تعطیل موسمی ختم ہوا کریں۔

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ ایک مقدمہ تحویلی کو عدالت ماتحت نے بوجہ استفادہ تعطیل موسمی ملتوی کر دیا تھا جو بوجہ اہمیت مقدمات تحویلی نامناسب تھا لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ جن نظماء کے اجلاس پر مقدمات تحویلی ہوں ان کو چاہئے کہ حتی الامکان استفادہ تعطیل موسمی سے قبل مقدمات مذکور کو ختم کر لیا کریں پس آئندہ سے حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۹) مورخہ ۱۲ شہریور ۱۳۲۸ف

عدالت العالیہ کو امید ہے کہ ان رجسٹرات و تختہ جات کی وجہ سے عدالت ہائے ماتحت کے کام میں بعد کمی واقع ہوگی اور جو شکایت زیادتی کار کی اس وقت ہو رہی ہے وہ بہت کچھ رفع ہو جائے گی جاگیرات میں رجسٹرات و تختہ جات کے وہی نمونہ رہیں گے جو عدالت ہائے خالصہ کے لئے قائم ہوئے ہیں جن جاگیرات میں صدر عدالتیں قائم ہوئے ہیں ان کے تختہ جات اسی طریقہ پر عدالت العالیہ میں آیا کرینگے جس طرح عدالت ہائے خالصہ کے متعلق حکم دیا گیا ہے لیکن جن جاگیروں میں عدالت ہائے اضلاع ہیں ان کے تختہ جات صدر عدالت ہائے خالصہ متعلقہ کے ذریعہ سے اور جن میں صرف عدالتہائے ماتحت قائم ہوئے ہیں ان کے تختہ جات عدالت ہائے خالصہ اضلاع متعلقہ کے ذریعہ عدالت العالیہ میں آئیں گے۔ جاگیر کے عدالتوں کا کام عدالت ہائے خالصہ کے تختوں کے تحت میں جاگیرداری لکھا جائیگا اور اس کو عدالت ہائے خالصہ کے کام سے علحدہ کیا جائیگا۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۲ دیوانی ۱۸ مورخہ ۲۴ آبان ۱۳۲۸ف

مضمون (۳۱۴) تمام اداروں میں رقمی اعداد ایک لفظ کے مساوی سمجھے جائیں

(۱) گشتی مجلس فوجداری ۱۷ دیوانی ۲۰ مورخہ ۱۱ خورداد ۱۳۲۹ف در باب اجرت نقول و فیس مقابلہ۔

(۲) گشتی مجلس فوجداری (۶) دیوانی (۳) مورخہ ۲۹ فروردی ۱۳۲۳ف تعین اجرت و نقل کاغذات زبان انگریزی و دیگر زبان ہائے ملکی۔

(۳) گشتی مجلس فوجداری (۲۴) دیوانی ۲۰ مورخہ ۱۹ مہر ۱۳۲۳ف اجرت ترجمہ و نقل و مقابلہ

مذکورہ بالا احکام میں اس امر کی کوئی صراحت نہیں تھی کہ حسابی کاغذات میں رقمی اعداد کا اندراج ہو تو باغراض تعین اجرت نقول کتنے رقمی اعداد ایک لفظ کے مساوی متصور ہوں گے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ سے تین اعداد ایک لفظ کے مساوی اور جو مد کہ رقوم کے ذریعہ سے لکھی جائے اسکی ہر قسم تین الفاظ کے مساوی شمار کیجائے پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۲۳ مورخہ ۱۱ آبان ۱۳۲۸ف

مضمون (۳۱۵) لی قلمبندی اظہار طبیب موجب دفعہ ۵۰۴ ضابطہ فوجداری

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ جبکہ تصدیقی عبارت بالاتر ام لکھی جایا کرے۔ طبیب کا اظہار بذریعہ کمیشن لیا جائے بعض عدالتیں قلمبندی

سابقہ سودہ جات پر روانہ ہوں گے جدید رجسٹرات و تختہ جات کی تکمیل و خانہ پُری کے متعلق مکمل ہدایات شریک گشتی کی گئی ہیں اس کے بعد بھی اگر کسی صراحت کی ضرورت ہو تو اُس کے متعلق عدالت العالیہ کے صیغہ تختہ جات سے کارروائی کیجائے۔ بعض امور ایسے ہیں کہ ان کے متعلق عام ہدایتیں دینی ضرور معلوم ہوتی ہیں اس لئے وہ بھی اس گشتی کے ضمن میں درج کیجاتی ہیں۔

ف۱ عورقم مبادلہ لیجائے اُس کی امتنائی مثل مرتب ہونی چاہئے اور وہ رقم کے ردمبادلہ کے بعد داخل دفتر کردی جائے۔

ف۲ رجسٹر ضمانت نامجات منسوخ کردیا گیا ہے اس لئے جو عدالت کوئی ضمانت نامہ صدر میں روانہ کرے اُسکو لازم ہے کہ ضمانت نامہ مرسلہ کی نقل مثل متعلقہ میں شریک کرے تاکہ ضمانت نامہ کے گم ہونے کی صورت میں نقل مصدقہ سے اندراج کا پتہ چل سکے۔

ف۳ رجسٹرات حکم اجرائے قید دیوانی اور فوجداری دونوں باقی نہیں رہے ہیں اس لئے ایسی صورتوں میں جہاں حکم قید دیا جائے یہ کارروائی کرنی چاہئے کہ قیدی کو بذریعہ حکم نامہ محبس میں روانہ کیا جائے اور اُس کے ذاتی مال کی فہرست جو محبس میں داخل ہونے والا ہے اس حکم نامہ میں درج کردی جائے حکم نامہ دو پرت ہونگے ایک پرت محبس میں رہے گا اور دوسرا بعد دستخط داروغہ یا مہتمم محبس واپس ہوکر شریک مثل عدالت کیا جائیگا۔

ف۴ ہر خورداد و آذر کے شروع میں وہ تمام ٹکٹ ٹپہ جو چھ ماہ سے زیر تصفیہ ہیں الٹرا آنا بغرض تلف محکمہ اسٹامپ میں روانہ کئے جائیں۔

ف۵ عدالتوں کو لازم ہے کہ منتخب فیصلہ میں دلستان مثل محسنہ بھی درج کردیا کریں جس میں اصل عرضی دعوی شریک ہے کیونکہ بعض اندراجات کے لئے اس نشان کا معلوم ہونا صیغہ تعمیل کو ضروری ہے

ف۶ وصولیابی عزجپہ ناداری میں اور ان ڈگریات کی کارروائی تعمیل جن سے اراضی کا تعلق ہو حسب قوانین نافذہ محکمہ مال میں منتقل ہوتی ہیں۔ (عدالت دیوانی بلدہ میں کارروائی ہائے اول الذکر کا تعلق محکمہ کوتوالی سے ہے) ان کارروائیوں کے محکمہ مال یا کوتوالی (جیسی صورت ہو) میں روانہ کرنے کے بعد کسی مراسلت کی ضرورت نہیں مثل داخل دفتر کردی جائے۔ محکمہ جات مذکورہ کو ہدایت کردی گئی ہے کہ ختم سال کے بعد ہی رقم وصول شدہ کا تختہ عدالت ہائے متعلقہ کو روانہ کیا کریں تختہ آنے پر اس کا اندراج امثلہ متعلقہ اور تختہ جات سالانہ میں کرکے امثلہ کو پھر داخل دفتر کردیا جائے

واقفیت اور ان بیگاڑی کا رفع حاصل ہو سکیں [illegible] البتہ [illegible] اگرچہ [illegible]
خود راست [illegible] عدالت [illegible] اور عدالت [illegible] ہائیکورٹ [illegible]
کرسکتے ہیں۔ مگر ایسی صورت ہو کہ جبکہ کسی معاملہ کے متعلق کوئی [illegible] عدالت [illegible]
عدالت راست محکمہ [illegible] کو بوجہ ضرورت لکھنا مناسب خیال فرمائے تو [illegible] اس کا [illegible]
دونوں محکموں سے عدالت ضلع میں بھیجا جائے تاکہ عدالت [illegible] کو اگر [illegible] اس معاملہ [illegible]
صدر عدالت کو توجہ دلانی ہو تو توجہ دلا سکے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان [illegible] مورخہ [illegible] اسفندار ۱۳۲۹ف

مضمون (۱۸۲) ایسے مقدمات جو عدالت [illegible] کے علاوہ ناظمات ضلع یا مجسٹریٹ درجہ اول کی سماعت کے قابل ہوں بلا وجہ معقول سپرد سشن نہ ہوا کریں۔

مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ ایسے مقدمات فوجداری جو عدالت سشن کے علاوہ ناظمات ضلع یا مجسٹریٹ درجہ اول کی سماعت کے لائق ہوتے ہیں خلاف منشاء دفعہ (۲۰۹) ضابطہ فوجداری بلا وجہ معقول اجلاس ناظمات ضلع یا مجسٹریٹ درجہ اول سے سپرد عدالت سشن کردئیے جاتے ہیں جس سے نہ صرف فریقین کو زحمت بلکہ حکام عدالت کا بیجا وقت صرف اور مقدمہ میں طوالت اور اخراجات گواہان کا بار خزانہ شاہی پر عاید ہوتا ہے جو کسی طرح مناسب نہیں ہے اس لئے حکم دیا جاتا ہے کہ بجز ان مقدمات کے جن میں [illegible] ملزم ایسی سزا کا مستوجب ہو جو حاکم تجویز کنندہ کے اختیار سے باہر ہو سپرد سشن نہ کئے جایا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۲) مورخہ [illegible] اردی بہشت ۱۳۲۹ف

مضمون (۱۹۳) ان مقدمات فوجداری کے اموال کی فہرست جو سشن یا مرافعہ میں پیش ہوں حسب نمونہ ذیل پر ہونی چاہئے۔

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ عدالت ہائے تحت سے ان فوجداری مقدمات کے مال کی فہرستیں جو سشن یا مرافعہ میں پیش ہوتے ہیں مختلف نمونوں کی وصول ہوتی ہیں جن سے یہ نہیں معلوم ہوسکتا کہ آیا ملزم کا مال ہے یا کسی شخص دیگر کے قبضہ سے لیا گیا ہے حالانکہ رجسٹر نمبر (۱۲) کے خانہ [illegible] کی تکمیل اس قدر صراحت کے بغیر ممکن نہیں ہے۔

لہذا آئندہ سے حسب نمونہ ذیل دو قطعہ فہرست کے روانہ کئے جایا کریں۔

اظہار طبیب کے بعد بمتابعت دفعہ (۱۸۴) مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی اس امر کی تصدیقی عبارت نہیں لکھتیں کہ اظہار مذکورہ ملزم کو سمجھا دیا گیا اور اسکو اسپر جرح کا موقعہ دیا گیا جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عدالت ہائے سشن میں ایسا اظہار بلا طلبی مظہر لایق ادخال شہادت نہیں ہوتا اور بغرض تصدیقی ڈاکٹروں کو عدالت سشن میں طلب کرنا ناگزیر ہو جاتا ہے لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ بعد ختم شہادت بمتابعت دفعہ ۱۸۴ ضابطہ فوجداری تصدیقی عبارت متذکرہ صدر بالالتزام لکھی جایا کرے ورنہ نظار مستوجب بازپرس ہونگے پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۲۹ف

مضمون (۲۱۶) ترمیم گشتی مجلس فوجداری مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۲۲ف نسبت تعمیل سمن مقدمات فوجداری مابین سرکار عالی و مدراس گورنمنٹ

مدراس گورنمنٹ نے خواہش کی ہے کہ فہرست اسماء عدالت ہائے مدراس پریسیڈنسی منسلکہ گشتی مجلس نشان (۲۳) مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۲۲ف سے (تحت ضلع سیلم) ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ راسی پور اور (تحت ضلع ملابار) ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ کالیکٹ حذف کرکے بجائے انکے تحت ضلع اول الذکر اسٹیشنری سب مجسٹریٹ راسی پور اور آخر الذکر کے تحت میں ڈپٹی تحصیلدار و سب مجسٹریٹ کنامنگالم درج کئے جائیں لہذا بہ تسلسل گشتی ۱۹ فوجداری مورخہ ۲ اسفندار ۱۳۲۸ف حکم دیا جاتا ہے کہ حسب التحریر مندرجہ بالا گشتی ۲۳ فوجداری مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۲۲ف میں تبدل و ترمیم اسماء متذکرہ صدر کا عمل کر لیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) / دیوانی (۲) مورخہ ۴ دی ۱۳۲۹ف

مضمون (۱۷۳۰) عدالت ہائے منصفی سے بوسائط معمولی مراسلت ہوا کرے

یہ امر غور طلب تھا کہ باغراض انتظامی عدالت ہائے منصفی راست صدر عدالت ہائے اضلاع سے مراسلت کیا کریں یا بوساطت عدالتہائے اضلاع کیونکہ وسائط معمولی کے اختیار کرنے سے امور ضروریہ میں ہرج و تعویق ہونے کا اندیشہ ہے اب باقتدار آرا عدالت ہائے اضلاع اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے بہ تسلسل اجرائی گشتی ۲/۱ مورخہ ۱۶ اردی بہشت ۱۳۲۳ف حکم دیا جاتا ہے کہ بجز ان امور ضروری کے جنمیں تعویق کا اندیشہ ہو دیگر امور میں منصفین بوسائط معمولی مراسلت کیا کریں تاکہ عدالت ہائے اضلاع کو عدالتہائے منصفین کے حالات سے

ب ۔ بذریعہ حلف نامہ یا اقرار صالح یہ ظاہر کیا جائے کہ اصل طلب کی گئی تھی لیکن مہتمم مذکور نے اس کے دینے سے انکار کیا۔

۴ ۔ ایسا بیان حلفی یا اقرار صالح جو قواعد بالا کی رو سے لازم قرار دیا گیا ہے خود وہی شخص دے گا جو اس حبس ناجائز کا دعویدار ہے تا وقتیکہ یہ ظاہر نہ کیا جائے کہ کسی ممانعت یا مزاحمت یا دیگر وجوہ معقول کی بنا پر وہ اس کی تکمیل سے قاصر ہے اور ایسی صورتوں میں کوئی دوسرا شخص بھی یہ بیان حلفی یا اقرار صالح کرنے کا مجاز ہوگا۔

(۵) ان تمام صورتوں میں جب عدالت العالیہ شخص محبوس کو حاضر لائے جانے کا حکم دے تو ایک حکم نامہ جاری کیا جائیگا اور اس پر معتمد عدالت العالیہ کی دستخط اور عدالت العالیہ کی مہر ہوگی اور اس حاکم عدالت کی دستخط تصدیقی بھی ثبت ہوں گے جس نے وہ حکم صادر کیا ہو۔

(۶) معتمد عدالت العالیہ یہ حکم نامہ (بشرطیکہ کوئی حکم اس کے خلاف نہ ہو) درخواست گزار کے مختار کو تفویض کریگا تاکہ وہ خود اس کی تعمیل ان اشخاص پر کرے جنکے نام وہ جاری ہوا ہے ان قواعد کے تحت میں جو حکم نامجات جاری ہونگے اُن کی تعمیل بپابندی دفعہ (۶۷) ضابطہ فوجداری سرکار عالی کرائی جائیگی یا اور جس طرح عدالت العالیہ ہدایت کرے عمل کیا جائیگا۔

(محکومہ دفعہ ۵۲۳ ضابطہ فوجداری ملک سرکار عالی)

فارم حکم نامہ

نشان .... مورخہ .... سنہ .... ف

مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

حکم نامہ بنام*

بذریعہ ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تم مسمی .... کو جو تمہاری زیر نگرانی / حبس میں ہے عدالت العالیہ میں بتاریخ .... ماہ .... سنہ ۱۳ ف بوقت (............) بجے حاضر لاؤ تاکہ اس کے متعلق حسب ضابطہ حکم مناسب دیا جاسکے اور تم پر ان تمام احکام کی پابندی لازم ہوگی جو عدالت العالیہ سے اس بارہ میں صادر ہوں (اگر وہ شخص کسی مجلس سرکاری سے طلب کیا جائے تو حکم نامہ میں حسب ذیل عبارت اضافہ کیجائیگی) اگر مسمی .... کے متعلق اسی روز عدالت ہذا سے حکم رہائی صادر نہ ہو تو اس روز کی کارروائی ختم ہونے کے بعد مسمی مذکور کو بحفاظت تمام اپنے محبس یا دارالمجانین یا مقام پر واپس لیجاؤ جہاں سے ...

* یہاں افسر مہتمم محبس یا دارالمجانین یا عہدہ دار مقامی یا اس شخص کا نام لکھا جائیگا جسکے حبس میں درخواست گزار ہے۔

فہرست اموال متروکات فوجداری جو مرافعہ یا تفتیش میں لکھا ہو۔

نمبر شمار	نام شے	ضمیمہ	نام اس شخص کا جسکے قبضہ سے مال لیا گیا	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۵) مورخہ ۲۴ امرداد ۱۳۲۹ف

مسعود (۳۳) نفاذ قواعد تحت دفعہ ۵۲۹ ضابطہ فوجداری سرکار عالی | تحت دفعہ ۵۲۹ ضمن (۲) مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی محبوسین ناجائز کی طلبی و رہائی کے قواعد حسب ذیل منظوری جناب صدر اعظم صاحب باب حکومت سرکار عالی مسلہ نمبر رسلہ محکمہ سیاسی سرکار ۳۴۳ مورخہ ۲۵ اسفندار ۱۳۲۹ف ذریعہ ہذا نافذ کئے جاتے ہیں جسکی تعمیل ہو۔

قواعد زیر دفعہ ۵۲۹ ضابطہ فوجداری سرکار عالی

۱۔ اگر اشخاص ایسے جنکے متعلق یہ ادعا ہو کہ وہ خلاف ضابطہ اور ناجائز طریقہ پر محبوس کئے گئے ہیں حاضر عدالت العالیہ کئے جانے کی استدعا بذریعہ درخواست کیجائیگی اور اس میں امور ذیل کا اندراج ہوگا۔

الف ۔ ایسے وہ شخص حبس میں ہے اور کہاں محبوس ہے اور

ب ۔ کس نے اسکو حبس میں رکھا ہے۔

ج ۔ تمام وہ واقعات (جہانتک معلوم ہو سکیں) جو اس حبس ناجائز سے متعلق ہیں تاکہ عدالت العالیہ کو اطمینان ہو جائے کہ اور اس امر کے باور کرنے کے کافی وجوہ معلوم ہو سکیں کہ شخص مذکور اپنی مرضی کے خلاف اور بغیر کسی جائز وجہ کے حبس میں رکھا گیا ہے۔

(۲) درخواست عدالت العالیہ میں پیش ہوگی اور اس کی تصدیق بذریعہ بیان حلفی یا اقرار صالح کرنی لازم ہوگی۔

(۳) اگر درخواست مذکورہ بالا کسی ایسے شخص سے متعلق ہو جو کسی حکم نامہ کی بنا پر محبوس کیا گیا ہے تو

الف ۔ اس حکم نامہ کی باضابطہ اور اس شخص کی مصدقہ نقل منسلک درخواست کیجائے گی جس کی نگرانی میں وہ شخص محبوس ہے ۔ یا

تک فلاں فوجداری مقدمہ میں میرے روبرو بحیثیت گواہ خانگی طور پر پیش ہوئے اور رقم مندرجۂ ذیل ان کے افسر سررشتہ کے پاس سمن کے ساتھ روانہ کی جاچکی ہے۔

	روپیہ	آنہ	پائی
(۱) سفر خرچ			
(۲) خرچ خوراک از روئے قواعد عدالت	"	"	"
جملہ			

مورخہ ۔۔۔ ۱۳ف

دستخط افسر

نوٹ۔ جب کوئی رقم روانہ نہ کیجائے تو نمبر (۱) و (۲) کے محاذی لفظ "ندارد" لکھدیا جائے۔ صداقت ناموں کی تنقیح بھی حسب قواعد سفر خرچ ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۸) / دیوانی (۹) مورخہ ۵ شہریور ۱۳۲۹ف

مضمون (۳۲۳) متعلق صدر عدالت و سررشتہ داران عدالتہائے دیوانی و فوجداری اضلاع و منصفیں مجاز تصدیق حلف نامجات ہیں

عدالت العالیہ کو بہ لحاظ سہولت کار اس امر کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ حسب منشاء دفعہ ۲۲۵ ضمن ب ضابطہ دیوانی تصدیق حلف نامجات کے متعلق علاوہ حاکم عدالت کے اور اشخاص بھی مجاز تصدیق قرار دئیے جاتے ہیں لہذا متعلین صدر عدالت و سررشتہ داران عدالت ہائے دیوانی و فوجداری و سررشتہ داران منصفی بھی تصدیق حلف نامجات کے مجاز قرار دئیے جاتے ہیں۔ پس حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۹) / دیوانی (۷) مورخہ یکم مہر ۱۳۲۹ف

مضمون (۳۲۴) بوقت تبادلہ یا علیحدگی اہلکار تکمیل استقام دفتر کی کرائی جایا کرے

اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ عدالت ہائے تحت سے ابتری دفتر کے وجوہ یہ ظاہر کئے جاتے ہیں کہ گزشتہ زمانہ میں اہلکاران وقت کی نااہلیت یا بروقت کام انجام نہ دینے کے باعث یہ استقام پیدا ہوئے ہیں۔ عملہ ہنگامی اسکی اصلاح کے لئے دیا جائے جو سخت نامناسب ہے اس لئے حکم دیا جاتا ہے کہ حاکم عدالت اور منتظم عدالت متعلقہ ہر ماہ اپنے ماتحت عملہ کے کام کی نگرانی پوری طور پر کیا کریں اور بروقت تبادلہ یا علیحدگی اہلکار متعلقہ کے جائزہ گیرندہ تمام امور کو اچھی طرح جانچ کر جائزہ لیا کرے اگر بروقت اخذ جائزہ استقام پائے جائیں تو اس کی تکمیل اسی وقت کرائی جایا کرے

صورت ہو) واپس لیجائے۔

آج بتاریخ ماہ ۱۳ ف کو بہ حکم نامہ میرے دستخط اور عدالت العالیہ کی مہر سے جاری ہوا۔

مہتمم عدالت العالیہ — جج عدالت العالیہ

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری نمبر ۱ / دیوانی نمبر ۵ مورخہ ۲۴ امرداد ۱۳۲۹ف

مضمون [illegible] — اگرچہ جوابان طلبانہ کا تقرر اندرون دو ماہ [illegible] رسوم طلبانہ ہونا تحکم ہے لیکن مجلس عالیہ عدالت کو معلوم ہوا ہے کہ عدالت ہائے ماتحت بلحاظ [illegible] تعمیل [illegible] کا تقرر کافی تعداد میں نہیں کرتی ہیں جس کی وجہ سے ایک طرف تو [illegible] تعمیل [illegible] ہوتی اور دوسری طرف [illegible] رقم مقررہ کے بہت کم [illegible] ہوتی ہے [illegible] لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ آئندہ [illegible] کا تقرر بلحاظ [illegible] اندرون [illegible] کافی تعداد میں ہوا کرے تاکہ تعمیل [illegible] رفع ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری نمبر ۷ مورخہ ۱۱ شہریور ۱۳۲۹ف

[illegible] — حکم سرکار عالی مصدرہ [illegible] بذریعہ مراسلہ [illegible] نمبر ۴۳ مورخہ ۱۱ خورداد ۱۳۲۹ف یہ اطلاع دی گئی ہے کہ سرکار عالی اور گورنمنٹ [illegible] و مدراس و ممالک متوسط [illegible] آباد کے مابین [illegible] سال کے لئے یہ قرار داد ہوا ہے کہ جب عہدہ داران علاقہ جات [illegible] اپنے علاقہ سے دوسری گورنمنٹ کی عدالت ہائے فوجداری میں بغرض ادائی شہادت طلب [illegible] حاضر ہوں تو ان کو سفر خرچ [illegible] حسب قواعد مقررہ اس عدالت کا [illegible] پیش کرنے پر جہاں وہ ادائی شہادت کے لئے حاضر ہوئے تھے وہ گورنمنٹ ادا کریگی جس کے وہ ملازم ہیں پس آئندہ سے بالحاظ گشتیات سابق تین سال تک یہی عمل ہوا کرے۔

نوٹ۔ صداقت نامہ حسب ذیل ہے

صداقت نامہ بجہت گواہ

تصدیق کیجاتی ہے کہ مسمی ملازم دفتر بتاریخ سے تک

مضمون (۳۲۷) ہدایات مندرجہ رپورٹ تنقیح کی تعمیل ایکماہ کے اندر ہونی چاہیئے | ہدایات واحکام مندرجہ رپورٹ تنقیح دفاتر عدالت کی تعمیل بعض عدالتوں میں بہت دیر سے ہوتی ہے اور تعمیلی رپورٹیں اکثر غیر مکمل حالت میں وصول ہوتی ہیں جس کی وجہ سے بار بار مراسلت کرنی پڑتی ہے اس کے علاوہ زیادہ عرصہ گزرنے کے باعث مقاصد تنقیح وہدایات فوت ہوجاتے ہیں جو نامناسب ہے۔ پس آیندہ کے لئے حکم دیا جاتا ہے کہ بجز خاص صورتوں کے عام طور پر ہدایات واحکام مندرجہ رپورٹ تنقیح کے جوابات تعمیلی کا وصول رپورٹ سے ایکماہ کے اندر مکمل طور پر عدالت تنقیح کنندہ میں روانہ کردیا جانا ضرور ہے۔

گشتی مجلس انتظامی عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۲۰ آبان ۱۳۲۹ف

مضمون (۳۲۸) رپورٹ پولس متعلق واردات اتفاقی جسمیں موت واقع ہوئی ہو طلبی فریقین باضابطہ کارروائی کی جائے۔ | صدر ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی نے تحریک کی ہے کہ حسب منجانب پولس واردات اتفاقی کی رپورٹیں عدالتوں میں پیش کیجاتی ہیں تو عدالتوں سے پولس متعلقہ کو ختم کارروائی کی اطلاع عرصہ تک نہیں دیجاتی ہے۔ نیز یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ جب مشتبہ وارداتوں میں عدالتیں ورثاء متوفی کو طلب کرتی ہیں اور وہ حاضر عدالت نہیں ہوتے تو کارروائی ختم کردی جاتی ہے جو نامناسب ہے کیونکہ متوفی کو اگر کسی وارث ہی نے قتل کیا ہے تو وہ عدالت کی طلبی پر حاضر نہیں ہوتا جس کا لازمی نتیجہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ ہر سال کئی ایک حقیقی قتل کی وارداتوں کا اخفا ہوجاتا ہے۔

چونکہ تحریک مذکور قابل لحاظ ہے اس لئے حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے سوائے اُن واردات ہائے اتفاقی کے جنمیں کوئی شبہ پایا جائے بقیہ میں بوصول رپورٹ پولیس حسب ضابطہ کارروائی ختم کرکے پولس متعلقہ کو اطلاع کردیجایا کرے اور وجہ موت کے متعلق کافی شبہ ہونے کی صورت میں فریقین کو طلب کرکے باضابطہ کارروائی کی جائے اگر طلب شدہ اشخاص (بشمول ورثاء متوفی) حاضر نہ ہوں تو اُن کی طلبی بذریعہ وارنٹ عمل میں آسکتی ہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۱۴ / دیوانی ۹ مورخہ ۲۷ آبان ۱۳۲۹ف

مضمون (۳۲۹) خانگی استعمال کے لئے جو نقول دی جائیں اپر مہر عدالت وغیرہ ہونا ضرور ہے | اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ ایسے نقول جو محض خانگی استعمال کے واسطے اہل مقدمہ کو دئے جاتے ہیں اُن پر مہر عدالت و دستخط عہدہ دار مجاز

اور بغیر اصلاح و تکمیل ایسا تبدلہ کو اجازت روانگی نہ دیجایا کرے ورنہ حاکم عدالت و منتظم سررشتہ اور داہندہ کیر وہ اُس کے ذمہ دار ہونگے اور آئندہ اس کے خلاف کوئی تحریک منظور نہ ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) مورخہ یکم مہر ۱۳۲۹ف

مضمون (۳۲۵) ترمیم گشتی مجلس نشان ۲۳ فوجداری مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۲۷ف تعمیل سمن مقدمات فوجداری مابین سرکار عالی و مدراس گورنمنٹ

مدراس گورنمنٹ نے یہ ظاہر فرمایا ہے کہ فہرست اسمائے عدالت ہائے مدراس پریسیڈینسی منسلکہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۲۳) مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۲۷ف میں (تحت ضلع بلاری) تعلقہ مجسٹریٹ اپاردگ (اور تحت ضلع کڑپا) تعلقہ مجسٹریٹ پلی وندلا اور سررشتہ دار مجسٹریٹ پلی وندلا حذف کرکے بجائے اُن کے تحت ضلع اول الذکر اسٹیشنری سب مجسٹریٹ اپادرک اور آخر الذکر کے تحت میں اسٹیشنری سب مجسٹریٹ پلی وندلا درج کئے جائیں لہذا بہ تسلسل گشتی نشان (۱) فوجداری مورخہ ۱۲ آذر ۱۳۲۹ف حکم دیا جاتا ہے کہ بموجب تحریک مندرجہ بالا گشتی نشان (۲۳) مورخہ ۲۵ مہر ۱۳۲۷ف میں شمول و خروج اسمائے مندرجہ صدر کا عمل کر لیا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۱) مورخہ ۱۵ مہر ۱۳۲۹ف

مضمون (۳۲۶) بوقت سماعت مقدمات مجرمین نوعمر دفعہ (۶) قانون تادیب خانہ پیش نظر رکھا جائے

عدالت العالیہ کو معلوم ہوا ہے کہ بعض عدالتوں میں بوقت سماعت مقدمات مجرمین نوعمر دفعہ (۶) قانون تادیب خانجات کو پیش نظر رکھ کر سزا تجویز نہیں کیجاتی۔ چونکہ اب تحت دفعہ مذکور قواعد نافذ او بذریعہ جریدہ اعلامیہ نمبر (۶۳) جزو اول صفحہ ۳۰۶ شایع ہو چکے ہیں لہذا ہدایت کیجاتی ہے کہ بوقت سماعت مقدمات مجرمین نوعمر دفعہ (۶) قانون مذکور کو پیش رکھ کر ایسے مجرمین کو بجائے سزائے قید دینے کے تادیب خانہ میں ایسی مدت کے لئے جو تین سال سے کم اور سات سال سے زاید نہ ہو بھیجا کریں تاکہ اصل منشا سرکار کا جو قیام تادیب خانہ سے ہے پورا ہو سکے یعنے یہ کہ نوعمر مجرمین تادیب خانہ میں رہ کر نہ صرف اخلاقی اصلاح بلکہ کسی پیشہ کی تعلیم حاصل کرسکیں پس آئندہ سے حسبہ عمل ہو۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۲) / دیوانی (۸) مورخہ ۲۴ آبان ۱۳۲۹ف

(۵) ضبطی کارکن کے مفہوم میں وہ شخص جو محکم بابجات قرقی و نیلام اور دیگر احکام صیغہ اجرائی ڈگری کی تعمیل کے لئے مامور ہو داخل ہوگا۔

الواب قواعد طلبانہ | دفعہ (۳) یہ قواعد حسب ذیل الواب پر بہ لحاظ ضمن ہائے دفعہ (۲۷) قانون رسوم عدالت سرکار عالی تقسیم ہوں گے۔

حصہ دوم ۔ باب اوّل

قواعد بہ لحاظ دفعہ (۲۷) ضمن (۱) قانون رسوم عدالت سرکار عالی۔

مدارج عدالتہائے دیوانی و محکمہ جات مال | دفعہ (۴) بغرض وصول طلبانہ عدالت ہائے دیوانی و مال کے مدارج حسب نقشہ ذیل ہوں گے۔

تصریح مدارج	نام عدالت	نام محکمہ مال
(۱) درجہ اول	عدالت العالیہ	اعلیٰ محکمہ مال
(۲) درجہ دوم	صدر عدالت و عدالت سشن	محکمہ صدر بیداری
(۳) درجہ سوم	تمام دیگر عدالتیں	محکمہ اول و دوم و سوم تعلقداری و محکمہ تحصیل

شرح طلبانہ دیوانی | دفعہ (۵) ہر درجہ کی عدالت یا محکمہ مال متذکرہ دفعہ (۴) میں تحریری احکام طلبانہ بشرح ذیل وصول کیا جائے گا۔

نوعیت حکم	مدارج عدالت و محکمہ جات مال اول	دوم	سوم
(۱) اطلاعنامہ یا حکم نامہ بجز حکم نامہ قرقی و گرفتاری	عه/	۳/	۸/
(۲) حکم نامہ قرقی یا مراسلہ قرقی تنخواہ	لله	عه/	عه
(۳) حکم نامہ گرفتاری	لله	عه/	عه/

باب دوم ۔ رسوم طلبانہ فوجداری

حکم بابجات فوجداری جن کی بابت طلبانہ لیا جائیگا۔ | دفعہ (۶) کوتوالی کی معرفت جو حکم نامہ اطلاعنامہ عدالت مقدمات فوجداری قابل دست اندازی پولس میں جاری کیا جائے اس کی بابت کوئی طلبانہ نہ لیا جائیگا۔

شرح طلبانہ فوجداری | دفعہ (۷) جو مقدمہ فوجداری بذریعہ استغاثہ پیش ہو اس میں ہر اطلاعنامہ و حکم نامہ کی بابت رسوم طلبانہ جاآنہ وصول کیا جائیگا لیکن جو مقدمہ بذریعہ چالان پولس یا سپردگی پیش ہوا اس میں رسوم

ثبت نہیں ہوتی ہے۔ نظر براں ہر عدالت میں یکساں عمل ہونے کے لئے یہ حکم دیا جاتا ہے کہ آیندہ سے جس قدر نقول عرض مذکورۂ بالا کے لئے دیجائیں ان پر عدالت کی مہر اور عہدہ دار مجاز کی دستخط ہونی لازم ہے

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱) دیوانی (۱) مورخہ یکم بہمن ۱۳۳۲ف

مضمون (۳۳) نفاذ قواعد رسوم طلبانہ | قواعد رسوم طلبانہ مرتبہ مجلس عالیہ عدالت بحصول منظوری مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۴۰) مورخہ ۲۶ ردی ۱۳۳۲ف نافذ و شایع کئے جاتے ہیں پس بموجب قواعد جملہ عدالتہائے دیوانی و فوجداری و محکمہ جات مال سرکار عالی و علاقہ جاگیرات میں یکم اسفندار ۱۳۳۲ف سے عمل کیا جائے

قواعد رسوم طلبانہ

تمہید | بہ اتباع منشاء دفعہ (۲۷) قانون رسوم عدالت نشان (۶) بابتہ ۱۳۲۴ف اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حسب ذیل قواعد منضبط اور بہ حصول منظوری سرکار عالی مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار نشان (۴۰) مورخہ ۲۶ ردی ۱۳۳۲ف شایع کئے جاتے ہیں۔

حصہ اول مراتب ابتدائی

نام و تاریخ نفاذ | دفعہ (۱) قواعد ہذا بنام "قواعد رسوم طلبانہ" موسوم ہونگے اور جملہ عدالتہائے دیوانی و فوجداری سرکار عالی و علاقہ جاگیرات اور محکمہ جات مال سرکار عالی و علاقہ جاگیرات میں یکم اسفندار ۱۳۳۲ف سے نافذ ہوں گے اور تاریخ مذکور سے جملہ احکام و قواعد و گشتیات و ہدایات متعلق بہ رسوم طلبانہ جو قواعد ہذا کے منافی یا محض اعادہ ہوں منسوخ ہوں گے۔

تعریفات | دفعہ (۲) قواعد ہذا میں اگر مضمون یا سیاق عبارت اسکے خلاف نہ ہو۔

(۱) عدالت کے لفظ میں محکمۂ مال داخل ہوگا۔

(۲) اطلاعنامہ میں وہ حکم داخل ہوگا جس کا مقصود مکتوب الیہ کو کسی قسم کی اطلاع دینا ہوتا ہے اور اسمیں طلبانہ و سمن و نوٹس و اشتہار و اعلان علاوہ مراسلات بھی داخل ہونگے جو بہ لحاظ اعزاز معززین کے نام بجائے اطلاعنامہ جاری ہوں۔

(۳) حکم نامہ میں حکم نامہ گرفتاری اور وہ حکم عدالت داخل ہوگا جس کی تعمیل مکتوب الیہ پر لازم ہو مثلاً حکم نامہ تحمیتن یا قرقی یا امتناعی یا تالشی یا طلبی اسلحہ وغیرہ

(۴) جوان طلبانہ کے مفہوم میں مذکوری یا شخص تعمیل کنندہ اطلاعنامہ یا حکم نامہ داخل ہوگا۔

جاگیرات سے تعمیل کے لئے آئیں یا جاگیرات میں بغرض تعمیل بھیجے جائیں اُن کی بابت بھی رسوم طلبانہ دوبارہ وصول کیا جانا اور بھیجا ضروری نہیں ہے ہر ایک عدالت سرکار عالی یا عدالت جاگیر اپنا اپنا طلبانہ وصول کرکے اپنی عدالت میں جمع کرے گی اور اطلاعنامہ یا حکم نامہ پر اس امر کی تصدیق کردیگی کہ اس اطلاعنامہ یا حکم نامہ کی بابت حسب قواعد ہذا رسوم طلبانہ بقدر وصول کیا گیا ہے۔

طریقۂ تعمیل اطلاعنامجات و حکم نامجات | دفعہ (۱۳) بعد معائنہ تصدیق متذکرہ دفعات ۱۱-۱۲ قواعد ہذا ہر عدالت ایسے اطلاعنامہ یا حکم نامہ کی تعمیل اسی طرح کریگی گویا وہ اسی عدالت کا مجریہ ہے۔

چرچ ٹیہ سرکاری | دفعہ (۱۴) عدالت ہائے سرکار برطانیہ ہند میں جو اطلاعنامجات یا حکم نامجات تعمیل کے لئے بھیجے جاتے ہیں اُن کی بابت چرچ ٹیہ وصول کرنا ضرور نہیں ہے البتہ اگر حاکم عدالت سرکار سرکار برطانیہ ہند چرچ ٹیہ طلب کرے تو وصول کرکے روانہ کردیا جائے۔

اخذ رسوم تعمیل | دفعہ (۱۵) تاوقتیکہ رسوم طلبانہ داخل نہ ہو کوئی اطلاعنامہ یا حکم نامہ جاری نہ کیا جائیگا البتہ عدالت کو اختیار ہوگا کہ بصورت ضرورت شدید بربنائے وجوہ تحریری بلا وصول رسوم طلبانہ اس کی اجرائی کا حکم دے لیکن رسوم واجب الاخذ کی نسبت عدالت حکم صادر کرے گی کہ بعد اجرا (فلاں) شخص سے وصول کیا جائے۔

طلبانہ بصورت ٹکٹ لیا جائیگا | دفعہ (۱۶) طلبانہ بصورت ٹکٹ طلبانہ لیا جائیگا اور روزنامچہ میں ثبت و چسپاں کرنے کے بعد اس میں فوراً سوراخ کردیا جائیگا۔

کرایہ سواری جوان طلبانہ | دفعہ (۱۷) کسی فریق کی درخواست پر جوانان طلبانہ کو (جو عموماً پیادہ سفر کرتے ہیں) حاکم عدالت حکم دے سکے گا کہ بذریعۂ ریل یا کسی اور سواری پر سفر کریں لیکن کرایہ ہر صورت میں بلالحاظ نتیجہ مقدمہ درخواست کنندہ کے ذمہ رہے گا۔

تنخواہ عملہ تعمیل کنندگان | دفعہ (۱۸) تعمیل اطلاعنامجات و حکم نامہ جات کے لئے جوانان طلبانہ و ضبطی کارکن مقرر کئے جائینگے اور اُن کے مدارج اور تنخواہ حسب ذیل ہوگی۔

ضبطی کارکن			جوانان طلبانہ	
درجہ اول	درجہ دوم	درجہ سوم	درجہ اول	درجہ دوم
[illegible]	[illegible]	[illegible]	لہ	[illegible]

تغیر تعداد جوانان طلبانہ | دفعہ (۱۹) جوانان طلبانہ کی تعداد عدالت ہائے ماتحت عدالت العالیہ میں

طلبانہ کی کچھ نہ لیا جائیگا۔

باب سوم

احکام متفرق نسبت رسوم طلبانہ تعمیل حکم ناموں و اجرت جوانان وغیرہ

رسوم طلبانہ جداگانہ

دفعہ (۸) ہر شخص کے لئے جو گرفتار کیا جائے یا جس پر اطلاعنامہ یا حکم نامہ کی تعمیل کرائی جائے ایک علیحدہ اطلاعنامہ یا حکم نامہ جاری کیا جائیگا۔ اور ہر ایسے اطلاعنامہ یا حکم نامہ کے لئے جداگانہ رسوم لیا جائیگا۔

رسوم طلبانہ چند اشخاص

دفعہ (۹) جب بجز حکم نامہ گرفتاری یا قرقی کے کسی اطلاعنامہ یا حکم نامہ کی تعمیل ایک سے زیادہ مگر پانچ سے کم اشخاص (فریقین مقدمہ) پر مطلوب ہو تو صرف ایک رسوم طلبانہ ان چار اطلاعنامجات کے بابتہ حسب شرح مندرجۂ دفعہ (۵) قواعد ہذا) لیا جائے گا بشرطیکہ اشخاص مذکور ایک ہی موضع یا شہر کے ایک ہی محلہ میں سکونت رکھتے ہوں۔

رسوم طلبانہ زاید از چہار اشخاص

دفعہ (۱۰) جب چار سے زیادہ اشخاص پر (جو فریقین مقدمہ ہوں) اطلاعنامہ یا حکم نامہ کے (جو حکم نامہ گرفتاری یا قرقی نہ ہو) تعمیل مطلوب ہو تو ہر اطلاعنامہ یا حکمنامہ زاید از چہار کی بابتہ حسب مد (۱) نقشۂ ذیل سے رسوم طلبانہ لیا جائیگا مگر شرط یہ ہے کہ رسوم کی مجموعی رقم اس انتہائی مقدار سے زائد نہ ہوگی جو مد (۲) میں درج ہے۔

مدات	نوعیت	عدالت یا محکمۂ مال اول	دوم	سوم
۱	رسوم طلبانہ زاید			
۲	انتہائی مقدار	۸	۴	۲

طریقۂ ادائے رسوم حکم ناموں مجریہ سرکاریں

دفعہ (۱۱) جو اطلاعنامہ یا حکم نامہ عدالت ہائے سرکار برطانیہ سے سرکار عالی میں یا سرکار عالی سے سرکار برطانیہ ہند میں حسب قرارداد سرکارین تعمیل کے لئے بھیجا جائے اس کے ساتھ کسی طلبانہ کا بھیجنا ضرور نہیں ہے البتہ عدالت اجراکنندہ اطلاعنامہ یا حکم نامہ اپنی عدالت کا طلبانہ خود لے کر اس امر کی تصدیق کریگی کہ اس طلبانہ یا حکم نامہ کی بابت رسوم طلبانہ حسب قواعد متعلقہ وصول کر لیا گیا ہے۔

طریقۂ ادائے رسوم حکم ناموں مجریہ عدالتہائے ممالک محروسہ و جاگیر

دفعہ (۱۲) جو اطلاعنامہ جات یا حکم نامجات عدالت ہائے سرکار عالی باہم ایک عدالت سے دوسری عدالت میں بغرض اجرا بھیجیں یا جو حکم نامجات یا اطلاعنامجات

	سوائے سچ کے اور کچھ نہ ہوگی اور کسی امر کو اخفا نہ کرونگا۔	سچ ہوگی اور سوائے سچ کے اور کچھ نہ ہوگی اور کسی امر کو اخفا نہ کرونگا۔
(۷) قوم جین کے لئے	میں پارسناتھ کو حاضر و ناظر جانکر حلف کرتا ہوں کہ جو شہادت میں دوں گا وہ سچ ہوگی اور سوائے سچ کے کچھ نہ ہوگی اور کسی امر کو اخفا نہ کروں گا۔	میں پارسناتھ کو حاضر و ناظر جانکر اقرار صالح کرتا ہوں کہ جو شہادت میں دونگا وہ سچ ہوگی اور سوائے سچ کے کچھ نہ ہوگی اور کسی امر کو اخفا نہ کروں گا

ضمیمہ دوم دیکھو دفعہ (۷)

نمونہ حلف نامجات و اقرار صالح جو مترجمین کو دیا جائے یا ان سے کرایا جائے)

نام مذہب یا فرقہ	نمونہ حلف	نمونہ اقرار صالح
(۶) قوم ہنود کے لئے	میں پرمیشور کو حاضر و ناظر جانکر حلف کرتا ہوں کہ جو شہادت گواہ عدالت کے روبرو دیگا میں اس کا صحیح ترجمہ کرونگا اور جس طرح عدالت حکم دے گی اس طرح ترجمہ کروں گا۔	میں پرمیشور کو حاضر و ناظر جانکر اقرار صالح کرتا ہوں کہ جو شہادت گواہ عدالت کے روبرو دیگا میں اس کو صحیح ترجمہ کروں گا اور کسی امر کو اخفا نہ کرونگا
(۷) قوم جین کے لئے	میں پارسناتھ کو حاضر و ناظر جانکر حلف کرتا ہوں کہ جو شہادت گواہ عدالت کے روبرو دیگا میں اس کا صحیح ترجمہ کرونگا اور جس طرح عدالت حکم دیگی اسطرح ترجمہ کروں گا۔	میں پارسناتھ کو حاضر و ناظر جانکر اقرار صالح کرتا ہوں کہ جو شہادت گواہ عدالت کے روبرو دیگا اس کا صحیح ترجمہ کرونگا اور کسی امر کو اخفا نہ کرونگا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۳) مؤرخہ ۱۳ اسفندار ۱۳۳۳ف

مضمون (۳۲۲) بعض وقت عدالت ہائے فوجداری جاگیرات میں حسب دفعہ (۱۸۰) ضمن و بوقت مقدمہ یہ عذر کرتے ہیں جسکو وہ قریب الختم ہوتا ہے۔ اسلئے حکام کو چاہئے کہ بیان استغاثہ کے وقت رعایا سرکار ہونے کی نسبت سوال کیا کریں۔

بعض اوقات دیکھا جاتا ہے کہ رعایا سرکار عالی میں سے

بمنظوری عدالت العالیہ اور محکمہ جات مال میں بمنظوری اعلیٰ محکمہ مال مقرر کی جائیگی اور اس میں حسب ضرورت گنجایش وقتاً فوقتاً کمی و بیشی ہوسکے گی۔

تقرر جوانان چپراسی | دفعہ (۲۰) صیغہ عدالت میں تقرر جوانان و ضبطی کارکنان حسب تجویز عدالت العالیہ اور محکمہ جات مال و عدالت ہائے جاگیرات میں عہدہ داران مقتدر تقرر کرینگے۔

اخراجات آمدنی | دفعہ (۲۱) آمدنی طلبانہ سے صیغہ عدالت میں حسب تجویز عدالت العالیہ جوانان اور ضبطی کارکنان کے مشاہرات اور ان کے ڈریس و چپراس کے اور دیگر اخراجات ضروری ادا ہوں گے اور محکمہ جات مال و عدالت ہائے جاگیرات میں حسب تجویز عہدہ داران متعلقہ مصارف مذکور ادا ہوئیں گے۔

چپراس جوانان طلبانہ | دفعہ (۲۲) جوانان طلبانہ کے چپراس پر زبان مروجہ ملک اور اردو میں عدالت متعلقہ کا نام معہ صراحت سنہ و خدمت کنندہ رہے گا۔

مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۲) / دیوانی (۲) مورخہ ۸ بہمن ۱۳۴۳ف

نمبر (۱۳۳) اقرار صالح برائے قوم جین و لنگایت | قانون حلف نشان (۱) بابتہ ۱۳۴۳ف کے ضمیمہ دوم میں قوم لنگایت اور جین کے واسطے حلف اور اقرار صالح کا کوئی طریقہ معین نہیں ہے حالانکہ یہ اقوام شہادت وغیرہ میں پیش ہوتی ہیں اور اس ملک کی آبادی میں شامل ہیں جس کی وجہ سے حلف و اقرار صالح کا طریقہ معین ہوجانا ضروری ہے بنابریں تحت دفعہ (۷) قانون مذکور بعد منظوری سرکار بموجب مراسلہ نشان (۱۳۶) مورخہ ۲۵ اردی بہشت ۱۳۴۳ف اقوام مذکور کے لئے حلف و اقرار صالح کے الفاظ مندرجہ ذیل مقرر و معین کئے جاتے ہیں پس آیندہ سے حسبہ عمل ہوا کرے۔

ضمیمہ دوم دیکھو دفعہ (۷)

نمونہ جات حلف و اقرار صالح جو گواہوں کو دیا جائے یا ان سے کرایا جائے

[illegible]	نمونہ حلف	نمونہ اقرار صالح
(۱) قوم لنگایت کے لئے	میں پرمیشور کو حاضر و ناظر جانکر حلف کرتا ہوں کہ جو شہادت	میں پرمیشور کو حاضر و ناظر جان کر اقرار صالح کرتا ہوں کہ جو شہادت میں دوں گا وہ

رکن چہارم معزز کمیٹی صرف خاص مبارک	نواب قادر نواز جنگ بہادر
〃 〃 پنجم 〃	مولوی غلام احمد صاحب
(۲) صدر المہام صاحب صرف خاص مبارک	
صدر المہام صاحب صرف خاص مبارک	راجہ فتح نواز ونت بہادر
(۳) صدر المہام صاحب پیشی خداوندی	
صدر المہام صاحب دفتر 〃	نواب امین جنگ بہادر سی۔ ایس آئی۔ ایم اے بی ایل۔
منتظم پیشی حضور پرنور	نواب اظہر جنگ بہادر
(۴) معتمد صاحب صرف خاص مبارک	
معتمد صاحب 〃 〃	صاحبزادہ نواب تلاوت جنگ بہادر بی۔ اے
(۵) ایڈیکانگ صاحبان و مصاحبین و اسٹاف سرجن وغیرہ	
ایڈیکانگ صاحبان	میجر نواب عثمان یاور الدولہ
مصاحبین خسروی	
مہتمم خزانہ پیشی حضور پرنور	مسٹر رام راؤ جیو صاحب
اسٹاف سرجن صاحب 〃	ڈاکٹر نواب شاہ میر جنگ بہادر
حکیم صاحب متعینہ پیشی	نواب حکمت جنگ بہادر
ڈاکٹر دواخانہ محلات مبارک	مسٹر ٹی ناڈینی راؤ صاحب
(۶) معتمد صاحب کمیٹی صرف خاص مبارک	
معتمد صاحب 〃 〃	مولوی غلام دستگیر صاحب
انجنیئر معزز صاحب کمیٹی 〃 〃	مولوی برکت علی صاحب
(۷) صدر محاسب صاحب 〃	مولوی غلام احمد صاحب
(۸) مہتمم صاحب دفتر تقسیم محلات مبارک	
〃 〃 〃	نواب قادر نواز جنگ بہادر

وہ اشخاص جو علاقہ جاگیرات و پائیگاہ میں جرائم کے مرتکب ہوتے ہیں حین تحقیقات علاقہ جات مذکور کی عدالتوں میں حسب دفعہ (۱۸۰) ضابطہ فوجداری ضمن (۲) رعایا سرکاری ہونے کا عذر بہت دیر میں ایسی نوبت مقدمہ پر کرتے ہیں جبکہ وہ قریب الختم ہوتا ہے حالانکہ اس نوبت پر ان عذرات کے پیش کرنے سے پیچیدگی اور تصفیہ مقدمہ میں طوالت کے ہونے کا احتمال ہے اس لئے ہدایت کیجاتی ہے کہ آیندہ سے عدالت ہائے متذکرۂ بالا کو چاہئے کہ ملزم سے حسب دفعہ (۲۱۱) ضابطہ فوجداری واقعات الزام دریافت کرتے وقت یہ بھی دریافت کرلیں کہ آیا ملزم رعایا سرکار عالی ہے یا کسی دوسرے علاقہ جاگیر و پائیگاہ کا تاکہ احتمال متذکرہ بالا کا اندیشہ باقی نہ رہے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۴۲ / دیوانی ۴۴ مورخہ ۲۴ بہمن ۱۳۳۱ف

مضمون (۳۴۳) بعض عہدہ داران صرف خاص جنکی فہرست شایع کی گئی ہے بغیر منظوری حضرت اقدس و اعلیٰ حاضر عدالت نہیں ہوسکتے

قبل ازیں ذریعہ گشتی نشان (۲) واقع ۵ آبان ۱۳۲۷ف مجریہ محکمہ معتمدی عدالت و کوتوالی و امور عامہ سرکار عالی حکم دیا گیا ہے کہ علاقہ صرف خاص مبارک کے اعلیٰ عہدہ داروں وغیرہ کو کوئی عدالت دیوانی و فوجداری بلا خاص منظوری حضرت اقدس و اعلیٰ طلب نہیں کرسکے گی لیکن اس گشتی کے ساتھ علاقہ مذکور کے عہدہ داروں کی کوئی فہرست شایع نہیں ہوئی تھی اب بہ وصول مراسلہ محکمہ سرکارستان ۳۰۲/۳۰۳ مورخہ ۱۷ دی ۱۳۳۱ف عہدہ داران علاقہ مذکور کی فہرست منسلکہ ذریعہ ہذا شایع کیجاتی ہے پس حسبہ عمل ہو۔

فہرست عہدہ داران صرف خاص مبارک

متعلقہ گشتی عدالت العالیہ ۴۲ ۱۳۳۱ف

نشان سلسلہ	عہدہ ہائے صرف خاص مبارک	اسماء اصحاب جو فی الوقت ان عہدوں پر مامور ہیں
	(۱) میر مجلس و معزز اراکین کمیٹی صرف خاص مبارک	
۱	میر مجلس معزز کمیٹی صرف خاص مبارک	راجہ فتح نواز ونت بہادر
۲	رکن اول معزز کمیٹی صرف خاص مبارک	نواب تلاوت جنگ بہادر صاحبزادہ بی اے
	” دوم ” ” ”	نواب امین جنگ بہادر سی ایس آئی - ایم اے بی ال
	” سوم ” ” ”	نواب اظہر جنگ بہادر

عہدہ	نام
مہتمم صاحب اصطبل مبارک	نواب مستقیم نواز جنگ بہادر
" " بگیخانہ "	" "
" مہتمم صاحب دفتر پالکی خانہ مبارک	
" " موٹر خانہ "	نواب ملاوند جنگ بہادر [illegible]
" " سرکار خانجات مبارک	مولوی سید عنایت الله صاحب
" " ہر سرکارگان صرفخاص مبارک	
" " شکار خانہ مبارک	نواب اظہر جنگ بہادر
" گارڈن ال	
" کلیسا خانہ مبارک	نواب اظہر جنگ بہادر
" کوٹھیات مبارک	" "
" باغات مبارک	نواب قادر نواز جنگ بہادر
" بازارات صرف خاص مبارک	
" آبپاشی ضلع اطراف بلدہ	مولوی سید زین الدین حسن خان صاحب بلگرامی
" صفائی "	" " " "
" صفائی قلعہ محمد نگر	مولوی میر برکت علی صاحب
" دفتر نیازات سلامتی مبارک	
میجر کمانڈنگ فوج باقاعدہ صرفخاص مبارک	میر شابق حسین خان صاحب
دیگر عہدہ داراں باکیڈرٹا	
مہتمم صاحب اعراس روضہ مکہ مسجد	نواب قندرالدولہ بہادر
مہتمم صاحب مکہ مسجد و افضل گنج	نواب عابد یار جنگ بہادر
" ارباب نشاط	نواب قادر نواز جنگ بہادر
" گرد مبارک	
" پولس ضلع اطراف بلدہ	مولوی سید مظفر حسین صاحب صوفی
(۱۲) ناظم صاحب عدالت دیوانی و فوجداری ضلع اطراف بلدہ	

عہدہ	نام
(۹) ناظم صاحب جمعیت صرفخاص مبارک	
ناظم صاحب " "	
ناظم صاحب کورٹ آف وارڈز	صاحبزادہ نواب تالاوت جنگ بہادر بی۔ اے۔
(۱۰) تعلقدار صاحبان صلع اطراف بلدہ	
اول تعلقدار صاحب "	مولوی محمد الہی حسن صاحب
دوم تعلقدار صاحب حصہ اول " "	مسٹر نرسنگ راؤ صیو
" " " دوم " "	مولوی سید جعفر حسین صاحب
(۱۱) مہتمم صاحبان کارخانجات علاقہ صرف خاص مبارک	
مہتمم صاحب خزانہ صرف خاص مبارک	مولوی غلام طاہر صاحب
مہتمم صاحب دفتر سیاہہ یوانخانہ مبارک	صاحبزادہ نواب تالاوت جنگ بہادر بی۔ اے
" " مطبع رکاب سعادت	مولوی غلام احمد صاحب
" " مجلس انتظام کوٹھہ جات مبارک	نواب قادر نواز جنگ بہادر
مہتمم صاحب کیسہ جات صرفخاص مبارک	مولوی خان محمد خان صاحب عرب
صدر نگران کارخانجات مصوری	ڈاکٹر سید سراج الحسن صاحب ایم اے ایل ایل ڈی بیرسٹر ایٹ لا
مہتمم صاحب بندوبست صرفخاص مبارک	مولوی محمد تقی حسن صاحب
ناظم صاحب مصارف حرمین شریفین	
مہتمم صاحب توشک خانہ مبارک	نواب قادر نواز جنگ بہادر
" " کتب خانہ مبارک	
" میر خانہ مبارک	لچھمی نارائن راؤ صاحب
مہتمم صاحب گاؤ خانہ مبارک	مولوی خان محمد خان صاحب عرب
" " سلح خانہ مبارک	
" فراش خانہ مبارک	نواب جاندار جنگ بہادر
" مشعل خانہ مبارک	مولوی محمد نورالدین صاحب صدیقی
" شمع چراغ خانہ مبارک	نواب جاندار نواز جنگ بہادر

(۳) مقدمات ملتویہ میں فریقین کہاں تک وجوہ التوا کے ذمہ دار ہیں اور کس حد تک یہ ذمہ داری وکلاء پر اور کس درجہ تک عدالت پر ڈالی جا سکتی ہے۔

جو جو اسقام بعد تنقیح معلوم ہوں اُس کے رفع کرنے کے لئے بجائے طویل رپورٹوں کے لکھنے کے بہتر طریقہ یہ ہونا چاہیئے کہ نظماء عدالت اور اگر ضرورت ہو تو وکلاء کو صحیح طریق عمل سمجھایا جائے اور جو دقتیں ایسی درپیش ہوں کہ ان کا رفع کرنا حاکم تنقیح کنندہ کے اختیار سے خارج ہو ان کے متعلق عدالت بالا کو توجہ دلائی جایا کرے۔

مقدمات اجرائی ڈگری میں اس پر بھی توجہ کرنی چاہیئے کہ سال زیر تنقیح میں کس قدر رقوم کی اجرائی ڈگریداروں کی جانب سے چاہی گئی اور اُس میں سے کس قدر رقم عدالت سے وصول کر کے انکو ادا کی گئی اس طرح سے اراضی یا اور کسی جائداد کے متعلق کس قدر درخواستیں تعمیلی عمل میں آئیں اور ان میں سے کتنی درخواستوں میں واقعی تعمیل ہوئی۔ اس امر کو ذہن نشین رکھنا چاہیئے کہ عدالتہائے دیوانی کی ڈگریاں اسی حالت میں قابل وقعت ہونگی جبکہ ڈگریدار کو ڈگری کا ثمرہ حاصل ہو۔ لیکن بعد حصول ڈگری اگر بہ صیغہ اجرائی ڈگری اپنے حق سے محروم رہا یا تعمیل میں دقتیں پیش آئیں تو دیوانی عدالتوں کا وجود اور ان کے صادر کردہ ڈگریاں لاحاصل و بیکار ہوں گی لہٰذا بروقت تنقیح اس امر کا بھی لحاظ ضرور کرنا چاہیئے کہ عدالتوں سے ڈگریداروں کو اجرائی ڈگری میں سہولت ملتی ہے یا نہیں ملازمین طلبانہ کے طرز عمل پر بھی توجہ کرنا چاہیئے کہ ضبطی سارکن و جو امان طلبانہ اپنے فرائض نیک نیتی سے ادا کرتے ہیں یا نہیں۔

مقدمات فوجداری کے دوران اور ملزمین تصفیہ طلب خصوصاً ملزمین زیر حوالات کی جانب خاص طور سے توجہ کیا کرے۔

نمونہ نقشہ عملہ عدالت اور اُس کے مفوضہ رجسٹرات

نشان سلسلہ	نام صیغہ	نام صیغہ دار	رجسٹرات مفوضہ
			نوٹ۔ اس نقشہ کا اندراج صیغہ ابتدائی سے شروع اور نظارت پر ختم کیا جائے۔ منتظم صاحب عدالت اس کے ذمہ دار ہیں کہ رجسٹرات متعلقہ میں سے کوئی رجسٹر بلا اندراج باقی نہ رہے۔

ناظم صاحب عدالت ضلع اطراف بلدہ	مولوی محمد تقی حسین صاحب
" " عدالت دیوانی "	نواب عزیز یار جنگ بہادر
(۱۳) انجنیئر چیف انجنیئر صاحب ایوانات شاہی	
چیف انجنیئر صاحب ایوانات شاہی	مولوی میر احمد علی صاحب
(۱۴) خوشنویس صاحب بیشی خسروی	مولوی رشید الدین خاں صاحب

مثل مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری ۵ دیوانی ۲ مورخہ ۲۷ اسفندار ۱۳۲۴ف

معمول (۲۳۲۷) چونکہ تنقیح کنندہ بروقت تنقیح دربار عدالت زیر تنقیح کنندہ سے مختلف قسم کے نقشہ جات طلب کرتے ہیں اور صیغہ عدالت میں یکساں عمل ہونے کے لئے دریعہ ہدایتو عدہ جات جاری کئے جاتے ہیں جسکے مواقف ہر حاکم تنقیح کنندہ نقشہ جات عدالت زیر تنقیح سے طلب کرتا

عین تنقیح عدالتوں کے کام کا اندازہ کرنے کے لئے حکام تنقیح کنندہ مختلف طرح کے نقشہ جات تیار کراتے ہیں لیکن مناسب یہ ہے کہ سررشتہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی میں سب جگہ یکساں عمل رہے۔ پس آیندہ سے بروقت تنقیح حسب نمونہ جات مسلکہ نقشہ جات کارگزاری عدالت تحت میں مرتب کرائے جایا کریں۔ یہ نقشہ جات بعد ترتیب، عدالت متعلقہ سے حاکم تنقیح کنندہ کے پاس قبل از تنقیح عدالت بھیجے جایا کریں تو مناسب ہے تاکہ حکام تنقیح کنندہ انکی صحت و طریقہ ترتیب کا اطمینان کرسکیں۔ ان نقشہ جات کے اجرا سے یہ مراد نہیں ہے کہ حاکم تنقیح کنندہ صرف اُن ہی امور کی تنقیح کرنے پر مجبور ہوں جو اُن نقشہ جات یا گشتی سوالات تنقیح میں مندرج ہیں بلکہ اصلی غرض یہ ہے کہ طریقہ تنقیح میں کس قدر یکسانیت پیدا ہو جائے اور جملہ عدالت ہائے تحت و نیز حکام تنقیح کنندگان کو معلوم رہے کہ کون کون امور زیادہ توجہ کے قابل ہیں مثلاً جب کبھی کوئی حاکم کسی عدالت میں تنقیح کے لئے جائے تو اس کو امور ذیل کی جانب خاص طور پر توجہ کرنی چاہیئے۔

(۱) جو مقدمات بابت نمبر سابق لائے گئے ہیں اور زیر کارروائی ہیں اُن کے مرجوعہ کی ابتدائی تاریخ کیا ہے اور فریقین کب سے اُس کے تصفیہ کے لئے پریشان ہیں۔

(۲) منفصلہ کام کی واقعی مقدار کیا ہے فیصلہ جات میں روئداد ضابطہ کی پابندی کے ساتھ انصاف رسانی و قابلیت قانونی کا اندازہ کیا جایا کرے۔

نمونہ برائے مقدمات ابتدائی دیوانی

بقایا						مرجوعہ جدید					منفصلہ							باقی								کیفیت
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	دوسری عدالتوں سے منتقل ہو کر آئے	میزان	جملہ مقدمات (۶+۱۰)	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	اوسط مدت منفصلہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۰

نوٹ (۱) اس تختہ کے بقایا اور باقی کے کالموں میں حسب ضرورت خانے کم اور زیادہ کئے جاسکتے ہیں (۲) متفرق مقدمات کا تختہ بھی اسی نمونہ پر مرتب ہوگا۔
(۳) مقدمات منفصلہ بطور دیگر میں کس کس نوعیت کا استعمال شامل ہے اس کی صراحت ہونی چاہئے مقدمات متفرق کے تختہ میں مدات متفرقہ کی صراحت کیجائے (یہ تمام امور پشت تختہ پر درج ہوسکتے ہیں) اگر مختلف حکام نے کام کیا ہے تو تختہ میں مجموعی محل درج کیا جائے اس کے تحت حاکم وار تفصیل بتلائی جائے جو جو حاکم کارگزار رہے ہوں ان کی مدت کارگزاری بھی خانہ کیفیت میں درج ہو۔

نمونہ رپٹ مقدمات مرافعہ دیوانی

بقایا سابق						موجود جدید				منفصلہ												
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کل مقدمات تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۹	۱۸	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳

نوٹ۔ نگرانی کا تختہ بھی اسی نمونہ پر مرتب ہوگا جو ہدایات تختہ ابتدائی دیوانی میں درج ہیں وہ بعد تعلق اس تختہ سے بھی متعلق ہیں۔

نمونہ تختہ وجوہ التواء مقدمات دیوانی مرتبہ عدالت

نمبر شمار	نشان مقدمہ مع سال	تاریخ دائرہ مقدمہ و ادخال	نوعیت مقدمہ	کس فریق کی درخواست پر ملتوی ہوا	تعداد ...	کیفیت وجوہ التواء
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

نمونہ تشخیصہ رقوم ڈگری وصول شدہ و منقسمہ عدالت

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶

[illegible]		[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	
	[illegible]	[illegible]	
	[illegible]	[illegible]	
	[illegible]	۵	
	[illegible]	[illegible]	
	[illegible]	[illegible]	
	[illegible]	[illegible]	
	[illegible]	[illegible]	

نمونہ برائے مقدمات مرافعہ (فوجداری)

	بقایا سابق			مرجوعہ جدید				منفصلہ								باقی	
سررشتہ	سررشتہ	جملہ	مرجوعہ بعد حصول	دوسری عدالت سے منتقل ہوکر آئے	جملہ مرجوعہ	جملہ مقدمات قابل تصفیہ یعنی ماہ سے خانہ نمبر (۳+۶)	[illegible]	تجویز تحقیقات کے لئے یا عدالت ماتحت کو واپس کئے گئے	بحال رہی	منسوخ ہوا	سزا میں تخفیف	مسترد ہوا	دیگر طریقہ	جملہ منفصلہ	ایک سال سے زائد	چھ ماہ سے زائد	جملہ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸

نوٹ ۔ (۱) مقدمات نگرانی فوجداری کا تختہ بھی اس نمونہ پر مرتب ہوگا۔

(۲) نمونہ تختہ مقدمات ابتدائی فوجداری میں جو ہدایات درج ہیں وہ اس تختہ سے بھی متعلق ہیں۔

نمونہ فہرست مقدمات بازیہ بنمبر سابق

نمبر سلسلہ	نمبر مقدمہ	تاریخ رجوع	[illegible]	کن کن وجوہ سے مقدمہ اس سے پہلے نمبر سے خارج ہوا اور پھر کس بنیاد پر نمبر پر آیا اور کیا نتیجہ نکلا۔ اور اب مقدمہ کس نوبت پر ہے۔
۱	۲	۳	۴	۵
				نوٹ اس تختہ میں وہ مقدمات درج ہوں جو اب بازیہ بنمبر سابق تصفیہ طلب ہیں مثال کے طور پر دو مقدمات کا فرضی اندراج حسب ذیل ہے۔
۱	۹۶/ ۱۳۲۰ف ۲۱/ ۱۳۲۱ف ۲۵/ ۱۳۲۳ف ۱۱۶/ ۱۳۲۵ف	۱۰ فروردی ۱۳۲۰ف ۱۲ اسفندار ۱۳۲۱ف ۴ دے ۱۳۲۳ف ۲ فروردی ۱۳۲۵ف	۴ بہمن ۱۳۲۱ف ۲ آبان ۱۳۲۲ف ۸ آذر ۱۳۲۵ف ۔	بغرض ترمیم عرضی دعویٰ واپس ہوا۔ بعد ترمیم عرضی دعویٰ مقدمہ بنمبر پر لیا گیا جو بالآخر غیر اختیاری ہونے کے باعث صدر عدالت میں منتقل ہو گیا۔ صدر عدالت سے واپس آیا اور عدم پیروی میں خارج ہوا۔ بازدارئی ہو کر بنمبر آیا اب بحث سماعت ہوتی ہے۔
۲	۱۲/ ۱۳۲۶ف ۲۸/ ۱۳۲۷ف ۱۵/ ۱۳۲۹ف	۲ شہریور ۱۳۲۶ف یکم اسفندار ۱۳۲۷ف ۳ آذر ۱۳۲۹ف	۳ دی ۱۳۲۷ف ۲ آبان ۱۳۲۸ف ۔	بوجہ طلبی مثل از مجلس عالیہ عدالت نمبر سے خارج عدالت العالیہ سے مثل بغرض تکمیل کارروائی واپس آئی اور جو بالآخر بوجہ عدم پیروی نمبر سے خارج ہو گئی۔ مقدمہ بعد منظوری بازدارئی نمبر پر آیا اور اب شہادت مستاجب ( ) لیجا رہی ہے

نمونہ تختہ مقدمات ابتدائی فوجداری مرتبہ عدالت

بقایا سابق			مرجوعہ جدید			جملہ مقدمات تصفیہ طلب	مقدمات منفصلہ							مقدمات باقی			کیفیت ملزمین تصفیہ شدہ							ملزمین باقی			
تعداد مقدمات	تعداد ملزمان	میزان	تعداد مقدمات	دوسری عدالتوں سے منتقل ہو کر آئے	جملہ مجموعہ مقدمات		خارج بوجہ عدم پیروی	بوجہ راضی نامہ	بوجہ غلطی جرم	دوسری عدالتوں میں منتقل ہوئے	دیگر طور پر	بعد تحقیقات	میزان	تعداد مقدمات	تعداد ملزمان	میزان	رہا	بری	سزایاب	تحقیق و ضمانت	منتقل	مرتبہ و فراری	کل تعداد ملزمان تصفیہ شدہ	تعداد مقدمات	تعداد ملزمان	میزان	اوسط مدت درمیان رجوع و فیصلہ مقدمات
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸

نوٹ۔ مقدمات منفصلہ بطور دیگر میں کس کس نوعیت کا انفصال شامل ہے اُس کی صراحت ہونی چاہئے مقدمات ملتوی یہ زاید از سہ ماہ زاید از شش ماہ زاید از یک سال کی مقدار بھی بتلائی جائے اگر مختلف حکام کارگزار رہے ہیں تو تختہ میں پہلے مجموعی عمل درج کیا جائے اس کے تحت حاکم واری تفصیل بتلائی جائے جو حاکم کارگزار رہے ہیں اُن کی مدت کارگزاری بھی خانہ کیفیت میں درج ہو۔

نمونہ تختہ مقدمات اجراء ڈگری متعلقہ عدالت

باتیہ [illegible] ۴ الف

بقایا سابق								متفصلہ						مقدمات باقی تصفیہ طلب			
سنہ [illegible]	سنہ [illegible]	سنہ [illegible]	سنہ [illegible]	سنہ [illegible]	میزان	مقدمات آمدہ سنہ حال	جملہ مقدمات تصفیہ طلب	تاریخ ادائی مبلغ ڈگری	[illegible]	بطور دیگر	استیفا کامل	استیفا جزو	میزان	سنہ [illegible]	سنہ [illegible]	سنہ [illegible]	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸

نوٹ۔ مقدمات بقایا سابق و مقدمات تصفیہ طلب کے عنوان کے تحت خانہ جات حسب ضرورت کم و بیش کئے جا سکتے ہیں۔ نمونہ تختہ ابتدائی دیوانی میں جو ہدایات درج ہیں وہ بلحاظ تعلق اس تختہ سے بھی متعلق ہیں۔

ہدایات

(۱) باغراض تختہ ہذا مقدمہ یا زبہ نمبر سابق تصفیہ طلب سے مراد ہر وہ مقدمہ ہے جو ایک مرتبہ سے زاید منبر پہ آیا ہے اور زیر کارروائی ہے۔

(۲) مقدمات کا اندراج سلسلہ وار بہ لحاظ تاریخ رجوع ابتدائی ہونا چاہیئے یعنے یہ کہ

مثلاً ایک مقدمہ بہ لحاظ نمبر حالیہ آذر سنہ ۱۳۲۹ف کا مرجوعہ ہے لیکن ابتداءً وہ بہمن سنہ ۱۳۲۶ف میں رجوع ہوا تھا اور دوسرا مقدمہ بہ لحاظ نمبر حالیہ اسفندار سنہ ۱۳۲۹فصلی کا مرجوعہ ہے۔

لیکن مرجوعہ ابتدائی اُس کا دے سنہ ۱۳۲۴ف ہے تو موخر الذکر مقدمہ کے اندراجات پہلے اور اول الذکر کے اندراجات اُس کے بعد ہوں گے۔

نمونہ فہرست اشغال عملہ عدالت

سلسلہ نشان	نام اہلکار	نام عہدہ	کار مفوضہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵

گشتی مجلس عالیہ عدالت العالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۹) دیوانی (۷) مورخہ ۹ فروردی ۱۳۳۰ ف

مطبوعہ (۳۳۵) امور تنقیح ششماہی | قبل ازیں ذریعہ گشتی نشان فوجداری (۸) دیوانی (۵) ۱۳۰۳ ف حکم دیا گیا تھا کہ حکام عدالت اپنے دفتر کی تنقیح ہر سہ ماہی پر کیا کریں و نیز تنقیح کی رپورٹ ایک نقشہ کی صورت میں ہوتی تھی جبکہ ۱۳۲۲ ف میں ذریعہ گشتی ۲۱/۱۲ رجسٹرات اور نقشہ جات کی جدید ترتیب عمل میں آئی تو اس نقشہ کا نمونہ باقی نہیں رکھا گیا تھا جس کی خاص وجہ یہ تھی کہ آیندہ سے یہ تنقیح بھی ایک نقشہ کی صورت میں ہونے کے بجائے کسی قدر تفصیل سے ہوا کرے تاکہ حکام عدالت کا حقہٗ اپنے محکمہ کے حالت سے بخوبی واقف ہو کر جو جو نقائص دفتری کارروائی میں برآمد ہوں ان پر اہلکاران متعلقہ کو متنبہ کیا کریں۔

گشتی ۸ ۱۳۰۳ ف کے لحاظ سے ہر سہ ماہی پر تنقیح لازم قرار دی گئی ہے مگر تجربہ سے ثابت ہو چکا تھا کہ بوجہ کثرت کار بعض عدالتوں میں اس تنقیح کی پابندی غیر ممکن تھی اس لئے اب بذریعہ گشتی ہذا حکام عدالت پر لازم قرار دیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ نفاذ گشتی ہذا سے اپنے دفتر کی تنقیح ہر ششماہی کے اول روز افتتاح عدالت پر کیا کریں۔ تنقیح حسب ذیل امور کی نسبت ہوگی:۔

(۱) چند امثلہ دیکھ کر لکھا جائے کیا کاغذات حسب قاعدہ مثل میں شامل ہیں اور کیا دیوانی امثلہ کی ترتیب و تہذیب حسب گشتی نشان (۱۰) بابتہ ۱۳۲۸ ف کیگئی ہے اور دستاویز پر اگر ٹکٹ نمبر ڈالا گیا ہے۔

(۲) خرچہ تاریخ حکم سے تین دن کے اندر لیا جاتا ہے اور اگر تین دن کے بعد داخل ہوتا ہو تو جدید درخواست کے ذریعہ پیش کیا جاتا ہے یا نہیں۔ کیا اجرائی احکام میں تاریخ حکم سے سہ یوم سے زیادہ تعویق ہوتی ہے اور کیا اجرت مقابلہ و طلبانہ صحیح تعداد میں لیا جاتا ہے اور کیا مقدمات میں نمونہ جات محکومہ نافذہ مستعمل ہوتے ہیں۔

(۳) کیا ڈگری صحیح مرتب ہوتی ہے۔

(۴) جملہ رجسٹرات کو چند متعلقہ امثلہ سے مطابق کرکے دیکھا جائے کہ آیا عمل صحیح ہے یا نہیں۔

نمونہ تنخواہ وصولیابی زر ڈگری مرتبہ عدالت من ابتداء لغایتہ

درخواست ہائے اجرائی ڈگری زرنقد کے بحساب ڈگری کی مجموعی مقدار	مجملہ رقم مندرجہ خانہ (۱) اسکے کس قدر رقم ڈگریدار کو دی گئی	کس قدر ڈگریاں بغرض تعمیل سررشتہ مال میں منتقل کی گئی	تعداد جس میں سررشتہ مال سے تعمیلی اطلاع وصول ہوئی	تعداد جن میں تعمیلی اطلاع وصول نہیں ہوئی	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶

نمونہ فہرست ملزمین زیرحوالات

نام ملزم	نمبر مقدمہ	تاریخ حوالگی	[illegible]	[illegible]	تاریخ آمد از حوالات	[illegible]
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷

نمونہ برائے اشلہ انتظامی عدالت

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

نرخ اجرت نقل میں بہ لحاظ حالات زمانہ ترمیم کی ضرورت ہے لہذا بہ منظوری سرکار مدرجۂ مراسلۂ محکمۂ سرکار نشان (۹۱۱) مورخہ ۱۴ فروردی ۱۳۴۳ف بہ ترمیم گشتی محولۂ بالا آیندہ سے بحذف مدات ۱ و ۲ و ۳ گشتی مذکور شرح اجرت کا تعین حسب ذیل کیا جاتا ہے:-

"فیس نقل زبان اردو یا فارسی یا عربی یا انگریزی یا سنسکرت یا مرہٹی یا تلنگی یا کنٹری وغیرہ معہ مقابلہ وتصحیح یکصد یا جزو یکصد الفاظ کے لئے ۵ زاید از یکصد یا اسکے جز کیلئے ۴
گشتی مذکورہ بالا کے بقیہ احکام علے حالہ باقی رہیں گے اس بارہ میں عدالت پر حسب ذیل امور کی پابندی ضروری ہے۔

(۱) اس گشتی کے نفاذ کے بعد سے ہر نقل نویس کی ماہانہ یافت کم از کم (عہ) ہونی چاہیئے اسلئے ہر حاکم عدالت کو اس امر کا خیال رکھنا چاہیئے کہ نقلنویسوں کی تعداد ضرورت سے ایسی زیادہ نہ ہو کہ نقل نویسوں کی ماہانہ یافت (عہ) سے کم ہو جائے۔

(۲) چونکہ آمدنی نقل میں اضافہ ہو گیا ہے اس لئے امید ہے کہ نقلنویسی کے لئے خوشخط اور کام کے قابل امیدوار مل سکیں گے لہذا آیندہ ایسے اشخاص مقرر کئے جائیں جو کام کے اہل ہوں۔

(۳) بعض اوقات فریقین یا ان کے مختار معائنہ مثل یا کسی اور طریقہ سے بے قاعدہ نقول حاصل کر لیتے ہیں جس کی وجہ سے آمدنی نقل پر مضر اثر پڑتا ہے اس لئے آیندہ سے جب دوران کارروائی میں کسی نقل سے استدلال کیا جائے تو حاکم عدالت کو اس امر کا اطمینان کر لینا چاہیئے کہ وہ نقل جس سے استدلال کیا جا رہا ہے ایسی تو نہیں ہے جو بے قاعدہ طور پر حاصل کی گئی ہے بہرحال بے قاعدہ نقول کے حاصل کرنے کے طریقوں کا انسداد حتی الامکان کیا جائے۔

(۴) اس کا بھی انتظام رکھا جائے کہ نقول عمدہ سفید کاغذ پر دئے جایا کریں اور دونوں جانب وسیع حاشیہ چھوڑا جائے۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت عالیہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری ۸ دیوانی ۹ مورخہ ۱۵ فروردی ۱۳۴۳ف

(۲۳۷) مضمون گشتی شان عشرہ ۱۳۱۹ف کے اثر سے ارکان عدالت العالیہ مستثنی ہیں	بذریعہ گشتی فوجداری (۳۰)

دیوانی (۱۷) بابتہ ۱۳۱۹ف یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ وکلا جو حکام عدالت سے قرابت قریبہ (جس کی تفصیل گشتی مذکور میں ہے) رکھتے ہیں بغیر منظوری سرکار ایسے حکام کے اجلاسوں پر پیروی مقدمات نہ

(۵) معائنہ رجسٹرات مال خانہ کے علاوہ مال خانہ کی جانچ اس طرح پر کیجائے کہ کیا مال موجودہ عدالت بعد تنقیح مال خانہ میں حسب اندراج رجسٹرات موجود ہے اور کیا سوائے مال متعلقہ مقدمات زیر دریافت کے کوئی دوسرا منفصلہ مال بغیر مدعوہ بے وجہ زاید عرصہ سے بلا کارروائی پڑا ہوا ہے۔

(۶) کیا اعلیٰ اہلکار عدالت روزانہ جمع وخرچ کو بذات خود تنقیح کرنے کے بعد حاکم عدالت کے روبرو ولغرض دستخط پیش کیا کرتا ہے اور کیا اس پر حاکم عدالت کی دستخط بعد تنقیح روزانہ ہوا کرتی ہے اور کس قدر روپیہ بروز معائنہ جمع ہے بتصریح الواب ظاہر کیا جائے۔

(۷) کیا اشلہ بعد فیصلہ ایک مہینہ کے اندر داخل محافظ خانہ ہوتے ہیں۔

(۸) ملتویہ مقدمات دیوانی زاید از شش ماہ فوجداری زاید از سہ ماہ کے وجوہ التوا کی نسبت حاکم عدالت کی کیا رائے ہے اور اس امر کی تصریح کہ ان میں قریب قریب کی پیشیاں مقرر کرکے جلد ختم کرنے میں کوئی امر مانع تو نہیں ہے۔

(۹) سابقہ تنقیح میں جو اسقام برآمد ہوئے تھے ان کی اصلاح ہوئی ہے یا نہیں۔

(۱۰) عام حالات کے متعلق تنقیح۔

اس گشتی کا تعلق مجلس عالیہ عدالت سے اس طرح پر ہوگا کہ جو فرائض اس گشتی کے لحاظ سے حکام ماتحت کے متعلق کئے گئے ہیں وہ معتمد مجلس عالیہ عدالت سے متعلق ہوں گے اور جو اعلیٰ اہلکاران عدالت کے متعلق ہیں وہ سررشتہ داران عدالت العالیہ و ناظر عدالت العالیہ کے متعلق ہونگے رپورٹ تنقیح ششماہی تاریخ تنقیح سے دو ہفتہ کے اندر عدالت ہائے بلدہ و اسمات صدر است عدالت العالیہ میں اور عدالتہائے اضلاع و حصۂ ضلع و تعلقات وغیرہ سے بہدایت معتمدہ اسمات میں بھیجے جایا کریں۔

نوٹ۔ بہ موجب سوالات نصف صفحہ پر جوابات تحریر ہوں اور باقی نصف حصہ پر ہدایات درج ہوں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۷) / دیوانی (۸) مورخہ ۱۸ فروردی ۱۳۳۰ف

مضمون (۳۳۶) اصلاح شرح اجرت نقل | گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۴۲) دیوانی ۲۰ مورخہ ۱۹ مہر ۱۳۲۱ف جو دربارہ تعین اجرت نقل و تطبیق کاغذات وغیرہ نافذ ہے اس کے مدات (۲ و ۹) متعلقہ

(۶) جب کوئی ملزم عدالت میں اپنا اقبال قلم بند کرانے تاکہ ایسا بیان لکھوائے جو کوتوالی کے اغراض کے خلاف ہو یا وہ بیان قلم بند کرانے سے انکار کرے تو اس کو کسی حالت میں مکرر تحویل کوتوالی میں نہ دینا چاہیئے (۷) ملزم کا بیان اقبالی ہر قریب ترین ناظم قلمبند کر سکتے ہیں لیکن مسافت تقریباً مساوی ہونے کی صورت میں ہمیشہ ایسے مجسٹریٹ کے پاس ملزم کو پیش کرنا چاہیئے جو لیشتازاید اختیار رکھتا ہو۔

(۸) جہاں تک ممکن ہو ملزم کا بیان اقبالی اس وقت قلم بند نہ کیا جائے جب وہ کوتوالی کی جانب سے پیش ہو بلکہ اس کو کچھ مہلت واقعات کے سمجھنے اور اپنے حالات پر غور کرنے کے لئے ملنی چاہیئے۔

(۹) بوقت قلم بندی اقبال کوتوالی کو ہرگز اس مقام پر ٹھیرنے کی اجازت نہ دی جائے جہاں اقبال قلم بند کیا جا رہا ہو۔

(۱۰) حتی الوسع اقبال ملزمین اجلاس عدالت پر قلمبند ہونا چاہیئے۔

(۱۱) قلمبند کنندہ اقبال کو ہر طرح اطمینان کر لینا چاہیئے کہ ملزم بلا جبر و اکراہ اپنا بیان لکھوا رہا ہے اور اسے لازم ہے کہ ملزم کو اچھی طرح ذہن نشین کرا دے کہ اقبال کرنا یا نہ کرنا قطعاً اسکی مرضی پر منحصر ہے۔ اگر ملزم کوتوالی کی جبر و زیادتی کی شکایت کرے تو اس کا اندراج اس کے بیان میں ضرور کیا جائے اور اگر کسی جبر کے اثرات اس وقت معلوم ہوں تو فوراً اس کی تحقیقات کیجائے۔

(۱۲) حتی المقدور قلم بندی اقبال میں اختصار کو کام میں نہ لایا جائے جس تفصیل سے ملزم اپنا بیان لکھوائے وہ تمام و کمال اسکو الفاظ میں ضبط تحریر میں لائی جائے تاکہ اس بیان سے یہ پتہ چل سکے کہ اقبال مصنوعی تو نہیں ہے یا صرف کوتوالی کے دباؤ اور تعلیم سے تو نہیں کیا جا رہا ہے یہ بھی مناسب ہے کہ حسب دفعہ (۱۶۹) ضابطہ فوجداری سرکار عالی جو تصدیق کیجاتی ہے اسمیں ہر ناظم یہ بھی اضافہ کر دیا کرے کہ اسکی رائے میں وہ اقبال تعلیمی یا خود اس کی آزاد مرضی کے مطابق معلوم ہوتا ہے اور یہ کہ اس نے ملزم کے دل سے کوتوالی کا دباؤ رفع کرنے کے لئے کیا طریقہ استعمال کئے ہیں اور ملزم کو اپنے حالات پر غور کرنے کے لئے کتنا عرصہ دیا ہے۔

(۱۳) قلمبندی اقبال سے پہلے ہر ناظم کو چاہیئے مناسب الفاظ میں ملزم پر ظاہر کرے کہ جو کچھ وہ اس وقت بیان قلم بند کرائیگا وہ بعد ازاں اس کے خلاف استعمال ہو سکے گا

(۱۴) اگر ملزم کسی ایسی زبان میں اقبال کرے جسکو قلمبند کنندہ اقبال نہ سمجھتا ہو تو لازم ہے کہ بذریعۂ

کیا کریں۔ لیکن اب مجلس عالیہ عدالت کی تحریک پر بہ لحاظ حالات موجودہ سرکار سے ذریعہ مراسلہ نشان (۱۸۴۴) واقع ۲۶ آذر ۱۳۳۲ف یہ منظوری صادر ہوی ہے کہ صرف عدالت العالیہ کے حکام جلسہ اجلاس ملتے متعقدہ گشتی مذکور کے اثر سے مستثنےٰ ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۹) مورخہ ۱۰ خورداد ۱۳۳۰ف

مضمون نفاذ قواعد قلم بندی اقبال ملزمین | قواعد قلم بندی اقبال ملزمین مرتبہ مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی (۳۲۸) بحسب ذیل منظوری حکمہ سرکار مندرجہ مراسلہ نشان (۸۴۴) واقع ۳۰ اسفندار ۱۳۳۲ف نافذ و شایع کئے جاتے ہیں پس آیندہ سے حسبہ عمل ہوا کرے۔

قواعد قلمبندی اقبال ملزمین

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ قلم بندی اقبال ملزمین کے متعلق قواعد جدید مرتب و ترمیم اور جمع کئے جائیں لہذا بمنظوری سرکار عالی مندرجہ مراسلہ نشان (۸۴۴) مورخہ ۳۰ اسفندار ۱۳۳۲ف حسب ذیل حکم ہوتا ہے قواعد ہذا کا نفاذ جریدۂ اعلامیہ میں شایع ہونے کی تاریخ سے ہوگا۔ اور اس تاریخ سے

(۱) قلم بندی اقبال ملزمین کے متعلق وہ تمام احکام و گشتیات جو گشتی ہذا کے نقیض ہوں یا جنمیں محض اعادہ مضمون ہو منسوخ متصور ہونگے۔

(۲) جب کوئی ملزم عدالت میں پیش اور اس کی تحویل میں لیا جا چکا ہو اور کوتوالی اس کو مکرر اپنی تحویل میں لینا چاہے تو لازم ہے کہ ایسی استدعاء بذریعۂ درخواست کیجائے اور اس میں معقول وجوہ درج کئے جائیں جنکی بنا پر ملزم کو مکرر تحویل میں لینے کی ضرورت ہے صرف اس قدر ظاہر کرنا کافی نہ ہوگا کہ ملزم کا بغرض انکشاف حالات مزید کو توالی میں لیا جانا ضرور ہے۔

(۳) ملزم کو مکرر تحویل کوتوالی میں ہر نظامت فوجداری دیسکتے ہیں لیکن کوئی ناظم اعزازی مجاز نہ ہوگا کہ کوئی ایسا حکم صادر کرے۔

(۴) اگر ملزم کو مکرر تحویل کوتوالی میں لینے کی غرض صرف اس قدر ہے کہ اس کے بیان کی تصدیق کرائی جائے تو بجائے کوتوالی کی تحویل میں ایسے ملزم کو کسی مجسٹریٹ کی تحویل میں دینا چاہیے۔

(۵) ملزم کو تحویل کوتوالی میں دینے کی مدت حتی الامکان بہت ہی کم ہونی چاہیے۔

مستفید ہونے کا پورا موقعہ دیا جایا کرے۔ اگر اس کے بعد یہ معلوم ہوا کہ کسی ملازم سرکاری کو بلا وجوہ معقول مقدمات مذکور میں بلا اخذ ضمانت زیر حراست کر لیا گیا ہے تو بہ صیغۂ انتظامی اس سے باز پرس کیجائیگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت و محکمۂ ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری (۱۱)}}{\text{دیوانی (۱۲)}}$ مورخہ ۲۷ امرداد سنہ ۱۳۳۰ف

مضمون (۴۴۰) آمدنی تقابلہ وغیرہ سے جو حق اہلکاروں کو ملتا ہے اسکی تقسیم مناسب طور پر نہیں ہوتی ہے بلکہ وہ اشخاص بھی اس سے مستفید ہوتے ہیں جو اس کام کو انجام نہیں دیتے اس لئے حکم دیا جاتا ہے کہ مستحق اشخاص کو فیس دی جائے

ذریعہ گشتی نشان $\frac{۴}{۳}$ بابتہ سنہ ۱۳۱۴ف منجملہ آمدنی مقابلہ وغیرہ حق سرکار و اہلکاران کا قرار داد ہو چکا ہے بعض عدالت ہائے تحت کے طریق عمل سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حق اہلکاروں کو تقسیم مناسب طور پر نہیں ہوتی ہے بعض عدالتوں میں اس آمدنی سے ایسے اشخاص بھی مستفید ہوتے ہیں جو اس کام کو انجام نہیں دیتے یا اس قدر کم کہ وہ کام معاوضہ کے مقابلہ میں بہت کم ہوتا ہے اس لئے ذریعہ ہذا ہدایت کیجاتی ہے کہ جو لوگ عملہ میں سے فی الحقیقت اس کام کو انجام دیں صرف وہی اس فیس کے مستحق قرار دئے جائیں عملہ میں سے یہ کام کس سے اور کس طریقہ سے لیا جائے حاکم عدالت کے اختیار تمیزی پر منحصر رہیگا

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان $\frac{\text{فوجداری (۱۲)}}{\text{دیوانی (۱۳)}}$ مورخہ ۱۷ اسفندار (؟) سنہ ۱۳۳۱ف

مضمون (۴۴۱) مولوی سید یوسف حسینی صاحب کی منظوری حضرت اقدس و اعلیٰ ناصر عدالت دیوانی نہیں ہو سکی

بتسلسل گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۴) فوجداری (۴) دیوانی بابتہ سنہ ۱۳۳۱ف ذریعہ ہذا حکم دیا جاتا ہے کہ گشتی مذکور کے ذریعہ جو فہرست شایع کی گئی ہے اس کے سلسلہ میں مولوی سید یوسف حسینی صاحب کا نام حسب صراحت ذیل بہ ترمیم درج کر لیا جائے۔

(فہرست عہدہ داران صرف خاص مبارک محکوم گشتی نشان $\frac{۴}{۴}$ بابتہ سنہ ۱۳۳۱ف)

(۱) ناظم صاحب مصارف حرمین شریفین	مولوی سید یوسف حسینی صاحب
(۲) مہتمم صاحب نیازات سلامتی مبارک	״ ״ ״
(۳) ״ ״ اعراس و رسائے کہ مسجد	״ ״ ״

ترجمان وہ اقبال حسب ضابطہ قلمبند کیا جائے اور جن الفاظ میں وہ اقبال قلمبند کیا گیا ہو ملزم کو سمجھا دیا جائے اور اس کے متعلق عبارت تصدیقی ہمیشہ لکھی جائے۔

(۱۵) جو بیان ملزم کا حسب دفعہ ۲۱۱ ضابطہ فوجداری سرکار عالی قلم بند کیا جائے اسمیں صرف واقعات متضمنہ چالان یا استغاثہ ملزم کو سمجھا کر جرم منسوبہ کی نسبت جواب لے لینا چاہئے اس سے زیادہ سوالات سے اجتناب کرنا چاہئے البتہ جو بیان حسب دفعہ (۲۷۳) ضابطہ مذکور لیا جائے اسمیں اس حد تک جس حد تک کہ جو شہادت پیش شدہ سے ملزم کے خلاف واقعات کا اظہار ہوتا ہو سوالات کرنا چاہئے اور ہمیشہ ہر ایسے واقعہ کی نسبت صاف الفاظ میں علیحدہ علیحدہ سوالات قلمبند کر کے ملزم کو سمجھا دینا چاہئے اور جو کچھ کہ وہ اس کا جواب دے قلمبند کر لینا چاہئے مگر اس امر کا سختی سے لحاظ رکھنا چاہئے کہ سوالات ایسے نہ ہوں جو جرح کے اغراض کے لئے ضروری ہیں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۰) مورخہ ۲۰ امرداد سنہ ۱۳۳۰ف

مضمون (۳۳۹) ملازمین سرکاری کے مقابلہ میں بہ صیغہ فوجداری کارروائی ہو تو احکام (۲۰۱) ضابطہ فوجداری کی ہمیشہ پابندی کرنی چاہئے	بعض اوقات ناظمان عدالت ہائے فوجداری کو سرکاری ملازمین کے مقابلہ میں کارروائی

بہ صیغہ فوجداری کرنی پڑتی ہے اور چونکہ پولس کا تعلق عدالت سے بہت زیادہ ہے لہذا ملازمین سررشتہ کوتوالی کے مقابلہ میں بھی ایسی کارروائیوں کے مواقع پڑتے ہیں تمام ملازمین سرکاری وغیر ملازمین سررشتہ پولس کے مقابلہ میں کارروائی کرتے وقت ناظمان فوجداری کو چاہئے کہ احکام دفعہ (۲۰۱) ضابطہ فوجداری کو ہمیشہ مدنظر رکھیں اور اس کی پابندی کریں یعنے یہ کہ جب کسی سرکاری ملازم پر ملازمت سرکاری کی حیثیت سے کسی جرم کے ارتکاب کا الزام لگایا جائے تو کسی عدالت کو اس کی سماعت کا اختیار نہ ہوگا بجز اس کے کہ مقدمہ سرکار کی یا کسی ایسے عہدہ دار کی منظوری کے بعد جو اس کی موقوفی کا اختیار رکھتا ہو دائر کیا جائے یا کسی عدالت یا اس عہدہ دار کی منظوری کے بعد جس کا وہ ماتحت ہو اور ایسی منظوری دینے کی نسبت سرکار نے اس کا اختیار محدود نہ کیا ہو اس امر کے طے کرنے میں کہ جرم ملازم سرکاری کی حیثیت سے سرزد ہوا ہے یا نہیں عدالت کو خاص طور سے توجہ کرنا چاہئے۔ یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ اگر الزام منسوبہ قابل ضمانت ہے تو بجز قوی وجوہ کے (جنکا قلم بند کرنا لازمی ہوگا) ملازم سرکاری کو حراست میں نہ لینا چاہئے بلکہ دفعہ (۴۹۷) ضابطہ فوجداری کے احکام سے اسکو

[illegible] ملازم آیا ہو تو بیا [illegible] لسان [illegible] ۲۳ شہریور [illegible] [illegible] ان کا [illegible]

[illegible] عہدہ داران عدالت کو بہ منظوری باب حکومت [illegible] سرکار [illegible] ۱۹۴۲

[illegible] ۱۲ شہریور [illegible] [illegible] سے [illegible] ہوا کرے۔

(۱) [illegible] (ممالک محروسہ)	[illegible]	(۷) [illegible] مجسٹریٹ اضلاع	[illegible]
(۲) دیوانی	[illegible]	(۸) ناظم اول فوجداری بلدہ	[illegible]
(۳) [illegible] اول دوم و سوم (متعلقہ اداران)	[illegible]	(۹) ناظم دیوانی	[illegible]
(۴) [illegible]	[illegible]	(۱۰) ناظم عدالت دارالقضا بلدہ	[illegible]
(۵) ناظمان عدالتہائے دیوانی اضلاع	[illegible]	(۱۱) ناظمان عدالتہائے [illegible]	[illegible]
(۶) [illegible] فوجداری	[illegible]	(۱۲) مجلس عالیہ عدالت بالتعین [illegible]	[illegible]

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان جاری ۱۵ مورخہ ۲۹ امرداد ۱۳۵۲ف

[illegible] ملازمین سرکاری کی تعمیل [illegible] یہ امر دیکھا گیا ہے کہ جب کسی امر کی تحقیقات میں [illegible] ملازمین سرکاری کے سوالات کی تحقیقات عدالت سے ہوگی ملازمین سرکاری کی طلبی عدالتوں سے کیجاتی ہے آیا الزام مسوبہ بحیثیت ملازم سرکاری کیا گیا ہے یا بلا تعلق ملازمت تو عہدہ داران متعلقہ عموماً سمن کی تعمیل میں [illegible] [illegible] مجموعہ ضابطہ فوجداری کی غلط تعبیر میں مختلف قسم کے عذرات پیش کرتے رہتے ہیں جسکی وجہ سے اس قسم کے مقدمات [illegible] تصفیہ میں دشواری کے علاوہ [illegible] ہوتی ہے۔ لہٰذا اس مسئلہ کو واضح کرکے عام ہدایت کا اجرا مناسب معلوم ہوتا ہے حسب قاعدہ [illegible] منظوری سرکار عالی اس امر کا طے کرنا کہ ملزم کا ارتکاب بحیثیت ملازم سرکاری کیا گیا ہے یا بلا تعلق ملازمت" ملازم سرکاری کے افسر بالادست کا اختیاری نہیں بلکہ عدالت کا اختیاری ہے اس لئے جب کسی الزام کی تحقیقات کے لئے کسی ملازم سرکاری کے نام عدالت سے سمن جاری ہو تو افسران سررشتہ پر اس کی تعمیل کرادینی لازم اور مزاحمت نامناسب ہے البتہ ملزم کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ حاضر عدالت ہوکر اپنے عذرات پیش کرے۔ عدالت میں ایسے عذرات کا تصفیہ حسب قاعدہ کیا جائے گا عدالتوں کو چاہئے کہ دریافت عدالتی میں جب یہ معلوم ہو کہ کسی سرکاری ملازم پر ملازمت سرکاری کی حیثیت سے کسی جرم کے ارتکاب کا الزام لگایا گیا ہے تو اس صورت میں ہدایت مندرجہ دفعہ (۲۰۱) ضابطہ فوجداری سرکار عالی کی پوری پابندی ملحوظ رکھیں۔ فقط

(۴) مہتمم صاحب مسجد افضل گنج — مولوی سید یوسف حسینی صاحب
(۵) " " دفتر زیارات " " "
(۶) " " اعراس درگاہ ہات " " "
(۷) " " اعراس اقربائے خاص " " "

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۳) مورخہ ۵ آبان ۱۳۳۲ف

مضمون (۲۲۲) بجز ایسے ملزمین کے جنکے وارنٹ پر مہتمان محبس سرخی سے شرح کردیں کہ وہ دیگر مقدمات میں ماخوذ ہیں دیگر ملزمین آیندہ سے بلا لحاظ استثناء مذکور اس اطمینان کے بعد کہ ان پر کوئی دوسرا مقدمہ تو دائر نہیں ہے بعد رہائی یا برات عدالت سے فوراً آزاد کردیئے جائیں۔

بذریعہ گشتی مجلس عالیہ عدالت نشان (۹) بابتہ ۱۳۲۷ف حکم دیا گیا ہے کہ بجز ایسے ملزمین کے جو عدالتہائے مستقر اضلاع میں زیر دریافت ہوں دیگر ملزمین مصرحۂ بالا کی رہائی راست عدالتوں سے ہوا کرے لیکن اس استثناء کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ عدالت کے حکم رہائی یا برات کے بعد ملزم کا زیر حراست رکھا جانا کسی طرح جائز نہیں ہوسکتا اس لئے اب بعد مشورہ ناظم صاحب محابس حسب منظوری محکمہ سرکار مندرجہ مراسلہ نشان ۲۲۶۲ واقع ۲۸ مہر بابتہ ۱۳۳۲ف حکم دیا جاتا ہے کہ بجز ایسے ملزمین کے جنکے وارنٹ پر مہتمان محابس سرخی سے شرح کردیں کہ وہ دیگر مقدمات میں ماخوذ ہیں۔ دیگر ملزمین آیندہ سے بلا لحاظ استثناء مذکور اس اطمینان کے بعد کہ انپر کوئی دوسرا مقدمہ تو دائر نہیں ہے وارنٹ پر رہائی یا برات کی تجویز کردینے کے بعد حراست سے فوراً آزاد کردیئے جایا کریں اور انکو تفہیم کردی جایا کرے کہ اپنا ذاتی مال محبس میں حاضر ہوکر حاصل کرلیا کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسۂ سرکار عالی نشان فوجداری (۱۴) / دیوانی (۱۴) مورخہ ۲۹ شہریور ۱۳۳۲ف

مضمون (۳۴۳) جو رقوم غلطی یا غفلت یا مرور مدت وغیرہ کی وجہ جمع ہوگئے ہوں۔ بابندی گشتی دیوانی نشان (۵) بابتہ ۱۳۲۸ف اندرون دہ سال ان کے استرداد کا اختیار عہدہ داران مندرجہ گشتی کو عطا کیا گیا ہے۔

ایسی رقوم جو غلطی یا عہدہ داران متعلقہ کی خطاء اجتہادی یا کسی کی غفلت یا مرور عرصہ مقررہ کی وجہ سے حسابات سرکاری میں بمد بچتہ جمع ہوگئی ہوں اور ان کا استرداد قاعدہ منظورہ سرکار عالی کے

نقشہ نمبر (۱۸) سہ ماہی فہرست ملازمین عدالت تعلقہ ضلع صوبہ بابتہ سہ ماہی سنہ ۱۳ ف

محکمہ گشتی عدالت العالیہ نشان ... مورخہ ۹ جمادی ... دیوانی ۵ ...

نشان شمار	نام عہدہ دار و عہدہ ملازمت	نام عہدہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اصل تنخواہ	تنخواہ شخصی	مجموعہ دوامی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷

ہدایت

نقشہ ہر سہ ماہی کے ختم پر مرتب ہوگا۔ فہرست ملازمین نمبر ۵ جو سالانہ مرتب ہوتی تھی وہ فہرست بھی اسی نمونہ کے مطابق ختم سہ ماہی چہارم پر روانہ ہوگی۔ علیحدہ فہرست سہ ماہی و سالانہ ایک ہی نمونہ کے مطابق روانہ ہوگی۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۵ فوجداری مورخہ ۲۹ بہمن ۱۳۱۹ف

قلم بندی اقبال ملزمین

ناظم صاحب کوتوالی اصلاع کو یہ شکایت ہے کہ جب حسب منشاء دفعہ ۱۶۴ ضابطہ فوجداری سرکار عالی ملزمین مقدمات قتل وڈاکہ و سرقہ وغیرہ بغرض قلم بندی اقبال کسی مجسٹریٹ درجہ اول یا دوم کے اجلاس پر پیش کیے جاتے ہیں تو یہ عذر کیا جاتا ہے کہ بموجب ضابطہ مذکور ہر درجہ کا مجسٹریٹ اقبال قلم بند کر سکتا ہے اور اس لئے مجسٹریٹ درجہ سوم کے اجلاس پر اقبال قلم بند کرائے جائیں اگرچہ ضابطہ کے بموجب ہر درجہ کا مجسٹریٹ قلم بندی اقبال ملزمین کا مجاز ہے لیکن اقبالات کو مجسٹریٹ درجہ اعلیٰ کا قلم بند کرنا اولیٰ ہے لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے ہدایت کیجاتی ہے کہ مجسٹریٹان درجہ اول و دوم محض مذکورہ بالا بناؤں پر قلم بندی اقبالات ملزمین کے متعلق عذر نہ کریں۔

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۶ فوجداری مورخہ ۲ سفندار ۱۳۱۹ف

مقدمات فوجداری کی سپردگی تحریری ہونی چاہئے

جو اختیارات ناظماء فوجداری و جائنٹ مجسٹریٹوں کو بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان فوجداری (۱۱) مورخہ یکم تیر ۱۳۱۵ف عطا کئے گئے ہیں اُن کے طریقہ استعمال میں یہ ہو رہا ہے کہ ناظماء ضلع جب کوئی مقدمہ جائنٹ مجسٹریٹ کے سپرد کرتے ہیں تو اُس کے متعلق حکم تحریری صادر نہیں کرتے اور نیز جائنٹ مجسٹریٹ جب بعیاب ناظم ضلع مقدمات فوجداری میں ناظم ضلع کے اختیارات استعمال کرتے ہیں تو اس کا کوئی تحریری داخلہ مشاہ متعلقہ میں نہیں رہتا جس کی وجہ سے بروقت سماعت اپیل ہائیکورٹ میں وکلا کو اقتدار جائنٹ مجسٹریٹ کی نسبت عذرات کرنے کا موقع ملتا ہے۔ لہذا اجلاس انتظامی عدالت العالیہ سے حکم دیا جاتا ہے کہ ناظم ضلع جب کوئی مقدمہ جائنٹ مجسٹریٹ کے سپرد کریں تو بذریعہ تحریر سپرد کیا کریں۔ اور حکم سپردگی مقدمہ مثل میں شامل کیا جائے۔ اور ناظم ضلع کے دورہ یا عدم موجودگی مستقر کے زمانہ میں جو مقدمات جائنٹ مجسٹریٹ کے اجلاس پر پیش ہوں تو اُن اشلہ میں جائنٹ مجسٹریٹ کیفیت مذکورہ تحریر کر دیا کریں اور ایسی تحریر شامل مثل رہا کرے۔

ف آیندہ سے حسب ہدایت بالا تعمیل پابندی کے ساتھ کیجائے۔

طریقہ امتحان صحت تختہ جات فوجداری

(۱) تختہ نمبر ۱ فوجداری کے خانہ ۱۱ و ۱۹ [illegible] مساوی ہونا چاہیے تختہ نمبر ۱ دیوانی کے خانہ ۱۱ [illegible] کیونکہ اگر کسی ضلع یا صوبہ میں عہدہ داراں مال کو صرف فوجداری اختیارات [illegible] عہدہ داران کو فوجداری اختیارات حاصل ہونگے اسی ہی تعداد تختہ نمبر ۱ فوجداری [illegible] تختہ نمبر ۱ دیوانی [illegible] زیادہ ہو گی۔
[illegible] اضلاع وصوبہ جات میں بہت کم آتی ہیں جیسے تحت صرف خاص مبارک کے [illegible]۔

(۲) تختہ نمبر ۱ فوجداری کے [illegible] ۱۲ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۳۱ کے۔ اور تختہ نمبر ۸ فوجداری کے خانہ [illegible] اور ۱۲ کے مجموعہ کے

(۳) تختہ نمبر ۱ فوجداری کے خانہ ۱۳ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۵ فوجداری کے خانہ ۸ کے اندراج کے۔

(۴) تختہ نمبر ۱ فوجداری کے خانہ ۱۴ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۶ فوجداری کے خانہ ۱۲ کے اندراج کے

(۵) تختہ نمبر ۱ فوجداری کے خانہ ۱۵ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۷ فوجداری کے خانہ ۱۸ کے اندراج کے

(۶) تختہ نمبر ۱ فوجداری کے خانہ ہائے ۱۶ اور ۱۷ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۱۳ فوجداری کے خانہ ہائے ۱۱ و ۲۶ کے اندراج علی الترتیب

(۷) تختہ نمبر (۲) فوجداری کے خانہ ۹ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۱۰ کے اندراج کے

(۸) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ۱۰ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ۱۱ کے اندراج کے۔

(۹) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ۱۱ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۱۳ کے اندراج کے

(۱۰) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ۱۲ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۱۲ کے اندراج کے

(۱۱) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ہائے ۱۳ و ۱۴ کا مجموعہ مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۱۴ کے اندراج کے

(۱۲) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ہائے ۱۵ و ۱۶ کا مجموعہ مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۱۵ کے [illegible]

(۱۳) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ہائے ۱۷ و ۱۸ کا مجموعہ مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ہائے ۱۷ و ۱۹ کے مجموعہ کے

(۱۴) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ہائے ۱۹ و ۲۰ کا مجموعہ مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ہائے

نمبر سلسل ۲۰ تحختہ تقررات جدید مرتبہ عدالت — صلع — صوبہ — بابتہ ششماہی — ستمبر [illegible]

نمبر	نام دفتر	نوعیت	نام ملازم مع اس کی جائداد و ولدیت	ماہوار	نام اس سابق ملازم کا جس کی جگہ [illegible]	ماہوار	وطن	لیاقت	افسر محکمہ کے اعداد [illegible] تقرر ہوا	با منظوری حاکم اعلیٰ [illegible]	[illegible] تخفیف [illegible]	[illegible] تخفیف [illegible]	مدت ملازمت تخفیف [illegible]	مقدار ماہوار [illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

ہدایات

(۱) یہ تختہ بدریعہ گشتی عدالت العالیہ [illegible] فوجداری (۱) دیوانی (۱) [illegible] اردے [illegible] جاری ہوا ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی صرف نمبر مسلسل [illegible] گیا ہے۔

(۲) یہ تختہ ان [illegible] سے متعلق ہے جنکا تقرر جدید طور پر ہوا ہو اور جن خدمت کی تنخواہ دس روپیہ سے زاید ہو۔

(۳) یہ تختہ ہر عدالت سے ہر ششماہی کے اختتام پر مرتب ہوگا۔ تفصیلی ہدایت کیلئے دیکھو گشتی مذکورہ فقرہ (۱) ہدایت

(۴) اس تختہ میں [illegible] اشخاص کا نام بتلانا چاہئے جن کا تقرر جدید طور پر ہوا ہو اگر عہدہ میں قدیم کو ترقی دی گئی ہو تو ان کے نام درج کرنے کی ضرورت [illegible]

(۵) گو یہ تختہ ششماہی ہوگا۔ لیکن اس کو [illegible] عدالتوں کے سلسلہ میں لیا گیا ہے [illegible] دیا گیا ہے اس کو وقت مقررہ پر یعنے ہر ششماہی کے ختم [illegible] کر دینا چاہئے۔

۳) تختہ نمبر ۱ دیوانی کا خانہ ۱۲ مساوی ہوگا تختہ نمبر ۵ دیوانی کے خانہ جات ۵ تا ۱۵ کے مجموعہ کے

۴) تختہ نمبر ۱ دیوانی کا خانہ ۱۳ مساوی ہوگا تختہ نمبر ۶ دیوانی کے خانہ جات ۷ تا ۱۱ کے مجموعہ کے۔

۵) تختہ نمبر ۱ دیوانی کا خانہ ۱۴ مساوی ہوگا تختہ نمبر ۷ دیوانی کے خانہ ۸ کے۔

۶) تختہ نمبر ۱ دیوانی کا خانہ ۱۵ مساوی ہوگا۔ تختہ نمبر ۸ دیوانی کے خانہ جات ۳ تا ۸ کے مجموعہ کے

۷) تختہ نمبر ۱ دیوانی کے خانہ جات ۱۶ و ۱۷ مساوی ہوں گے تختہ نمبر ۱۱ دیوانی کے خانہ جات ۳ و ۴ کے علی الترتیب

۸) تختہ نمبر ۳ دیوانی کا خانہ ۱۲ مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ دیوانی کے خانہ جات ۲، ۱۰ کے مجموعہ کے
اور تختہ نمبر ۴ دیوانی کے خانہ ۴ کے۔

۹) تختہ نمبر ۴ دیوانی کا خانہ ۲۲ مساوی ہوگا۔ تختہ نمبر ۹ دیوانی کے خانہ ۲۱ کے۔

۱۰) تختہ نمبر ۹ دیوانی میں خانہ جات ۱۲ تا ۱۶ کی میزان اسی تختہ کے خانہ ۱۲ کے [illegible]

(۱۴) ... کے مجموعہ کے۔ اور تختہ نمبر ۴ فوجداری کے خانہ ۲ تا ۱۲ و ۱۸ تا ۲۱ و ۳۶ کے مجموعہ کے

(۱۵) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ۲۱ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۴ فوجداری کے خانہائے ۲ و ۲۱ کے مجموعہ کے

(۱۶) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ۲۲ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۲۲ کے مجموعہ کے

(۱۷) تختہ نمبر ۲ فوجداری کے خانہ ۲۳ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۲۳ کے مجموعہ کے

(۱۸) تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۲۴ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۸ فوجداری کے خانہائے ۲ و ۱۴ کے مجموعہ کے

(۱۹) تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۲۵ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۸ فوجداری کے خانہائے ۳ و ۱۵ کے مجموعہ کے

(۲۰) تختہ نمبر (۳) فوجداری کے خانہ ۲۶ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۸ فوجداری کے خانہائے ۴ و ۱۶ کے مجموعہ کے

(۲۱) تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۲۷ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۸ فوجداری کے خانہائے ۵ و ۱۷ کے مجموعہ کے

(۲۲) تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۳۲ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۸ فوجداری کے خانہائے ۱۰ و ۲۱ کے مجموعہ کے

(۲۳) تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۳۳ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۸ فوجداری کے خانہائے ۱۱ و ۲۲ کے مجموعہ کے

(۲۴) تختہ نمبر ۳ فوجداری کے خانہ ۳۴ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۸ فوجداری کے خانہائے ۱۲ و ۲۳ کے مجموعہ کے

(۲۵) تختہ نمبر ۴ فوجداری کے خانہائے ۳ تا ۸ کا مجموعہ مساوی ہوگا اسی تختہ کے خانہائے ۲۸ تا ۳۲ کے مجموعہ کے

(۲۶) تختہ نمبر ۴ فوجداری کے خانہائے ۸ و ۹ کا مجموعہ مساوی ہوگا اسی تختہ کے خانہائے ۲۲ تا ۲۷ کے مجموعہ کے

(۲۷) تختہ نمبر (۴) فوجداری کے خانہائے ۱۰ تا ۱۲ کا مجموعہ مساوی ہوگا اسی تختہ کے خانہائے ۳۳ تا ۳۵ کے مجموعہ کے

اور ہر سہ تختہ جات فوجداری نمبر ۱۲ الف و ب و ج کے خانہائے ۲ تا ۴ کے میزانات کے علی الترتیب

(۲۸) تختہ نمبر ۹ فوجداری کے خانہ ۸ کا اندراج مساوی ہوگا۔ تختہ نمبر ۱۳ فوجداری کے خانہ ۲ کے اندراج کے

(۲۹) تختہ نمبر ۱۱ فوجداری کے خانہ ۵ کا اندراج مساوی ہوگا تختہ نمبر ۱۳ فوجداری کے خانہ ۷ کے اندراج کے

طریقہ امتحان صحت تختہ جات سالانہ دیوانی

(۱) تختہ نمبر ۱ دیوانی کے خانہائے ۱ تا ۱۰ کے اندراجات مساوی ہونا چاہئیں تختہ نمبر ۱ فوجداری کے خانہائے ۱ تا ۹ و ۱۱ کے اندراجات کے۔ اگر کسی ضلع یا صوبہ میں عہدہ داران مال کو صرف فوجداری اختیارات ہوں تو ایسے جتنے عہدہ داروں کو فوجداری اختیارات ہونگے اتنی ہی تعداد تختہ نمبر ۱ دیوانی کے خانہائے ۲ و ۹ میں بہ مقابلہ خانہ ہائے ۲ و ۹ تختہ نمبر ۱ فوجداری کے کم ہوگی۔

(۲) تختہ نمبر (۱) دیوانی کا خانہ ۱۱ مساوی ہوگا تختہ نمبر ۴ دیوانی کے خانہ ۲۳ کے۔

مجموعہ نمونہ جات رجسٹر و تختہ جات مع ہدایات

منسلکہ گشتی عدالت العالیہ ۲۱ف/۱۴د بابت ۱۳۲۸ف

مرتبہ

جناب ابو القاسم غلام رسول صیغہ انتظامی عدالت صدر صوبہ گلشن آباد میدک

حسب الحکم

عالیجناب ڈاکٹر محمد ناظر الدین حسن صاحب

ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ ڈی۔ ناظم صدر عدالت صوبہ میدک

باہتمام

گنگارام مالک نظام دکن پریس

(واقع بازار حسینی میاں چھپکر شایع ہوا)

کے بعد داخل دفتر کردیجائے۔

۲۔ رجسٹر ضمانت نامجات منسوخ کردیا گیا ہے اس لئے جو عدالت کوئی ضمانت نامہ جیل
میں داخل کرے اُس کو لازم ہے کہ ضمانت اور مسل کی نقل شامل متعلقہ میں شریک کرلے تاکہ ضمانت نامہ
کے گم ہونے کی صورت میں نقل مصدقہ سے اندراجات کا پتہ چل سکے۔

۳۔ رجسٹرات حکم نامجات قید دیوانی اور فوجداری دونوں باقی نہیں رہے ہیں ایسی
صورتوں میں جہاں حکم قید دیا جائے یہ کارروائی کرنی چاہئے کہ قیدی کو بذریعہ حکم نامہ محبس
روانہ کیا جائے اور اس کی ذاتی مال کی فہرست جو محبس میں داخل ہونے والا ہے اس حکم نامہ میں درج
کردی جائے حکم نامہ کے دو پرت ہونگے ایک پرت محبس کی شامل میں رہیگا اور دوسرا بعد دستخط
داروغہ یا مہتمم محبس واپس ہوکر شریک مثل عدالت کیا جائیگا۔

۴۔ ہر خورداد اور آذر کے شروع میں وہ تمام ٹکٹ جو چھ ماہ سے زیر تنقیح ہوں الزاماً
بغرض تلف محکمہ اسٹامپ میں روانہ کئے جائیں۔

۵۔ عدالتوں کو لازم ہے کہ منتخب فیصلہ میں وہ نشان شامل مسل بھی درج کردیا کریں
جسمیں اصل عرضی دعوی شریک ہے کیونکہ بعض اندراجات کے لئے اس نشان کا معلوم ہونا
صیغہ تعمیل کو ضرور ہے۔

۶۔ وصولیابی خرچہ ناداری اور ان ڈگریات کی کارروائی تعمیل جن سے اراضی کا تعلق
ہو حسب قوانین نافذہ محکمہ مال میں منتقل ہوتی ہیں (عدالت دیوانی بلدہ میں کارروائی ثانیہ
اول الذکر کا تعلق محکمہ کوتوالی سے ہے) ان کارروائیوں کے محکمہ مال یا کوتوالی (جیسی صورت
ہو) میں روانہ کرنے کے بعد کسی مراسلت کی ضرورت نہیں مثل داخل دفتر کردی جائے۔
محکمہ جات مذکورہ کو ہدایت کردی گئی ہے کہ ختم سال کے بعد ہی رقم وصول شدہ کا تختہ عدالتہائے
متعلقہ کو روانہ کیا کریں۔ تختہ آنے پر اس کا اندراج مسلہ متعلقہ اور تختہ جات سالانہ میں
کرکے مسلہ کو پھر داخل دفتر کردیا جائے۔ عدالت العالیہ کو امید ہے کہ ان رجسٹرات اور تختہ جات کی
وجہ سے عدالتہائے ماتحت کے کام میں معتد بہ کمی واقع ہوگی اور جو شکایت زیادتی کار کی
اس وقت ہورہی ہے وہ بہت کچھ رفع ہوجائیگی۔ جاگیرات میں بھی رجسٹرات و تختہ جات
کے وہی نمونہ رہیں گے جو عدالت ہائے خالصہ کے لئے قائم ہوسکتے ہیں جن جاگیرات میں صدر

گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

متعلقہ تختہ جات و رجسٹرات

نشان فوجداری (۲۱)

دیوانی (۱۷)

مورخہ ۷ مہر ۱۳۲۸ف

در تسلسل گشتی مجلس عالیہ نشان ۹ مورخہ ۲۴ اسفندار ۱۳۱۹ف دربارۂ جدید رجسٹرات و تختہ جات متعلقہ
بذریعہ گشتی عدالت العالیہ نشان ۹ مورخہ ۲۴ اسفندار ۱۳۱۹ف و بہ منظوری سرکار مصدرہ حکم سرکار سلسلہ
نشان (۱۵۰۹) مورخہ ۷ مہر ۱۳۲۸ف جو رجسٹرات و تختہ جات کے جدید نمونے بذریعہ گشتی ہذا نافذ
کئے جاتے ہیں ان تختہ جات پر جو بطور خاص طلب کئے گئے ہوں (مثلاً تختہ فرد کارروائی مقدمات
فوجداری زائد از ششماہ و فہرست ملازمین سرکاری) یہ گشتی موثر نہ ہوگی اور ایسے خاص تختہ جات
حسب ہدایت عدالت طلب کنندہ بین تا حکم ثانی آتے رہیں گے ان جدید نمونہ جات پر یکم آذر
۱۳۲۹ف سے عمل ہوگا لیکن ۱۳۲۸ف کے تختہ جات سالانہ سابقہ نمونہ جات پر روانہ ہونگے
جدید رجسٹرات و تختہ جات کی تکمیل و خانہ پری کے متعلق مکمل ہدایات شریک گشتی کی گئی ہیں اسکے
بعد بھی اگر کسی صراحت کی ضرورت ہو تو اسکے متعلق عدالت العالیہ کے صیغہ تختہ جات سے
کارروائی کیجائے بعض امور ایسے ہیں کہ اُن کے متعلق عام ہدایتیں دینی ضرور معلوم ہوتی ہیں
اس لئے وہ بھی اس گشتی کے ضمن میں درج کیجاتی ہیں۔
۱۔ جو قسم مبادلۂ لیجائے اسکی انتظامی مثل مرتب ہونی چاہئے اور وہ رقم کے رد و بدل

رجسٹرات فوجداری

نوٹ۔ عدالت سشن میں عدالت العالیہ کا صیغہ ابتدائی بھی شامل ہے عدالت ہائے ماتحت سے مراد وہ کل عدالتیں ہیں جو عدالت ضلع کے ماتحت ہوں بہ لحاظ اختیارات عدالت فوجداری بلدہ کی اجلاس اول نظامت ضلع اور بقیہ اجلاس عدالت ہائے ماتحت سمجھے جائیں گے۔

نمبر رجسٹر	نام رجسٹر	[illegible]	[illegible]	رجسٹر کی تکمیل کے متعلق ہدایات
۱	۲	۳	۴	۵
۱	رجسٹر جرائم	عدالت ہائے ماتحت و اجلاس اول نظامت ضلع	[illegible]	اس رجسٹر کا مقصد اصلی یہ ہے کہ اس کے اندراجات سے ان تمام جرایم رپورٹ شدہ کی تعداد معلوم ہوسکے جو کسی عدالت کے حدود میں واقع ہوے ہوں کیونکہ ممکن ہے کہ بعض جرایم کی اطلاع دی گئی ہو لیکن اس کا چالان بوجہ عدم سراغرسانی نہ ہوسکے یا استغاثہ پیش ہوکر نمبر متفرق ہی سے خارج ہوجائے جو پرچہ واردات کوتوالی سے وصول ہو اس کی مثل اسی رجسٹر کے سلسلہ نشان سے مرتب ہوگی رجسٹر متفرق پر یہ مثل بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔ خانہ نمبر (۱) سلسلہ کا ہے جب کوئی رپورٹ عدالت میں کسی جرم کے متعلق پیش ہوخواہ بذریعہ پرچہ واردات ہو یا بذریعۂ استغاثہ تو اس کا اندراج سلسلہ وار کیا جائیگا۔ خانہ نمبر (۲) میں صرف یہ دکھانا ہے کہ جرم رپورٹ شدہ قابل دست اندازی پولس ہے یا ناقابل دست اندازی۔ اور اس کی صراحت کیلئے اس خانہ میں لفظ "قابل" یا "ناقابل" (جیسی صورت ہو) لکھا جائیگا اگر کئی جرایم ایسے ہوں جن کے سلسلہ سے کوئی دوسرا جرم بنتا ہو تو اہم ترین جرم کے لحاظ سے اس خانہ کی تکمیل ہوگی اگر کسی استغاثہ سے معلوم ہو کہ جرم ناقابل دست اندازی پولس ہے اور بعد ازاں پولس کی رپورٹ سے قابل دست اندازی پایا جائے تو خانہ (۲) میں لفظ

عدالتیں قایم ہوئی ہیں ان کے تنقیحات اسی طریق پر عدالت العالیہ میں آیا کرینگے جس طرح عدالتہائے خالصہ کے تنقیحات کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے۔ لیکن جن جاگیروں میں عدالت ہائے اضلاع ہیں ان کے تنقیحات و مرافعات عدالتہائے خالصہ متعلقہ کے ذریعہ سے اور جنمیں صرف عدالتہائے ماتحت قایم ہوئے ہیں ان کے تنقیحات عدالت ہائے خالصہ اضلاع متعلقہ کے ذریعہ سے عدالت العالیہ میں آئینگے۔ جاگیرکے عدالتوں کا کام عدالت ہائے خالصہ کے تحتوں کے تحت میں جاگیرداری رکھا جائیگا اور اس کو عدالت ہائے خالصہ کے کام سے مخلوط نہ کیا جائیگا۔

(ضمیمہ نمبر (۲) متعلقہ مجموعہ گشتیات دیوانی عثمانیہ مجریہ عدالت العالیہ حصہ دوم)

حصہ اول

رجسٹرات

(۱) رجسٹرات فوجداری	از نمبر (۱) تا نمبر (۱۸)
(۲) رجسٹرات دیوانی	از نمبر (۱) تا نمبر (۱۳)
(۳) رجسٹرات مشترکہ دیوانی و فوجداری	از نمبر (۱) تا (۴۴)
(۴) رجسٹرات مختص بعدالت العالیہ	از نمبر (۱) تا (۱۵)

جملہ

(۹۰) رجسٹرات

منسلکہ

گشتی مجلس فوجداری (۲۱) و دیوانی (۱۴)

مورخہ ۷ مہر ۱۳۲۵ ف

۲

ابتدائی فوجداری

عدالتہائے اضلاع عدالت ہائیکورٹ

ضمیمہ ابتدائی فوجداری

خانہ (۱۲) میں خلاصہ حکم اور تاریخ درج کیجائیگی اس کا خیال رہے کہ یہ حکم آخری مقدمہ نہیں ہے اس سے صرف یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جو رپورٹ آئی تھی آخر اس کے متعلق تحقیقات ہو ئی یا خارج کر دی گئی مثلاً اگر کوئی مقدمہ حسب دفعہ (۲۰۸) ضابطہ فوجداری خارج ہوا ہو تو اس خانہ میں صرف اس قدر لکھدیا جائے کہ بتاریخ زیر دفعہ (۲۰۸) ضابطہ فوجداری خارج اگر جرم رپورٹ شدہ کے متعلق چالان پیش ہو جائے تو لکھا جائیگا کہ بتاریخ چالان پیش کیا گیا اگر زیر دفعہ (۱۶۰) ضابطہ فوجداری پرچہ واردات ایک عدالت میں روانہ کیا گیا ہو اور چالان مقدمہ دوسری عدالت میں کیا جائے تو مقدمہ کا اندراج اس عدالت کے رجسٹر نمبر (۱) میں نہ کیا جائیگا جہاں مقدمہ چالان ہوا پولس سے اس بارہ میں چالان پیش ہونے کے بعد اس عدالت میں باقاعدہ رپورٹ وصول ہوا کریگی جہاں ابتدا میں پرچہ واردات روانہ کیا گیا تھا خانہ ہائے ۳ اور ۴ کسی صراحت کے محتاج نہیں ہیں

اس رجسٹر میں صرف ان مقدمات کا اندراج ہوگا جو تعزیرات سرکار کے تحت میں رجوع ہوئے ہوں

خانہ ہائے ۵ تا ۷ کے متعلق کسی ہدایت کی ضرورت نہیں ہے خانہ ہائے ۸ تا ۱۴ میں طریقہ حاضری ملزم اس طرح دکھایا جائے گا کہ اگر وہ سمن کی بنا پر پہلی مرتبہ عدالت میں حاضر ہوا ہو تو خانہ ۱۰ میں (۱) کا ہندسہ لکھا جائے گا اور اگر بذریعہ وارنٹ آیا ہے تو خانہ (۹) میں (۱) کا ہندسہ جن ملزمین کو پولس عدالت میں لائے ان کا اندراج خانہ (۸) میں کیا جائیگا جو ملزم بلا طلبی عدالت خود حاضر عدالت ہو جائے اس کا اندراج خانہ (۱۱) میں ہوگا۔ یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ ان خانوں میں صرف ملزم کی پہلی مرتبہ حاضری عدالت کی حالت درج ہوگی۔ خواہ بعد میں ان کی حاضری کے طریقوں میں اختلاف ہوا ہو ان خانوں کی

"ناقابل" کا "نا" قلمزد کرکے دستخط کر دیئے جائیں۔
خانہ (۳) میں اس امر کا اندراج ہوگا کہ مقدمہ بربنائے الف استغاثہ یا تحریک مجسٹریٹ رجوع ہوا یا (ب) بربنائے رپورٹ پولس اس کیلئے صرف صورت اول الذکر میں لفظ الف اور صورت ثانی الذکر میں (ب) لکھدیا جائیگا اگر پہلے استغاثہ کی بنا پر مقدمہ رجوع ہوا اور بعد میں پولس سے پرچہ واردات بھی آگیا تو اس خانہ میں حروف (الف و ب) دونوں لکھدیئے جاینگے پرچہ واردات کا علیحدہ اندراج نہ کیا جائیگا کیونکہ اگر علیحدہ اندراج کیا جائے تو ایک ہی جرم کے دو داخلے ہو جاینگے۔
خانہ ہائے ۴-۵-۶-۷-۸-۹ اور ۱۰ اکے لئے کسی صراحت کی ضرورت نہیں ہے البتہ یہ بتا دینا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ خانہ (۷) میں بصورت استغاثہ اُس پولس اسٹیشن کا نام لکھا جائے گا جسکے تحت میں موقعہ واردات واقع ہے اور تختہ واردات منجانب پولس وصول ہونے کی صورت میں اُس پولس اسٹیشن کا نام لکھا جائیگا جس نے رپورٹ کی ہے اگر ملزم کا نام پرچہ واردات یا استغاثہ سے نہ معلوم ہوسکے تو خانہ (۹) میں صفر دیا جائے گا اگر ایک ہی مقدمہ میں کئی جرایم سرزد ہوئے ہیں تو ان سب کا اندراج خانہ (۱۰) میں کیا جائیگا تاکہ کل تعداد جرائم ظاہر ہو جائے۔
خانہ (۱۱) کا یہ مقصد ہے کہ ملزم کی گرفتاری بوقت رپورٹ کا حال معلوم ہوسکے اگر وہ بوقت رپورٹ گرفتار نہ ہو تو خانہ میں لفظ "نہیں" لکھا جائے۔ گرفتاری کی حالت میں نام ملزم (اگر معلوم ہو) اور تاریخ گرفتاری (اگر معلوم ہو) درج کیجائے اگر رپورٹ کے وقت ملزم گرفتار نہ ہو اور اس خانہ کی تکمیل حسب صراحت بالا ہو چکی ہو تو بعد از ان ملزم کی گرفتار ہو جانے کی صورت میں اس اندراج میں کوئی ردوبدل نہ ہوگا

۴

[illegible]

وغیرہ اور چونکہ باب ۳ ضابطہ فوجداری سرکار عالی کے دفعات ۴۰ تا ۷۰ اکی شکل بھی قانون مختص الامر کی ہے اس لئے ان دفعات کے تحت میں جو کارروائیاں ہوں گی ان کا اندراج بھی اسی رجسٹر میں ہوگا۔

تکمیل خانہ جات کے متعلق جو ہدایات رجسٹر نمبر (۲) میں دی گئی ہیں وہ سب اس رجسٹر سے بھی متعلق ہیں ان ہی کا لحاظ رکھ کر اس رجسٹر کی خانہ پری کیجائے۔

